UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222110

UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. [illegible] Accession No. [illegible]

Author [illegible]

Title [illegible]

This book should be returned on or before the date last marked below.

فسانۂ آزاد

تاریخ تصنیف

جلد دوم

رتن ناتھ سرشار کی تین ناولوں سے ناظرین کو مذہب ظرافت کے پیرایہ میں
مُرقع عمدہ اخلاقی سبق حاصل ہوتے ہیں
حسب الارشاد منشی نول کشور صاحب سی۔ آئی۔ ای۔ پریذیڈنٹ انجمن مشاعرہ لکھنؤ
تالیف شیخ پنڈت رتن ناتھ صاحب سرشار کاشمیری لکھنوی نے تصنیف فرمایا تھا
جو نہ
اب بعد نظر ثانی و صحت تمام و کمال
بار چہارم
باہتمام بابو منوہر لال بھارگو پرنٹنڈنٹ
مطبع نامی منشی نول کشور لکھنؤ میں چھپا
ماہ نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

اعلان = میری تالیف اس کتاب کا جملہ حقوق محفوظ ہے

اطلاع اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقین اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکینگے من قیمت بھی ارزاں ہے اس کتاب کے تین صفحہ جو سادے ہین اُن مین بعض کتب ناول اُردو کے درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

نام کتاب	قیمت
کتب ناول مرغوب دل اُردو	
تسخیر - انگریزی کے ایک مشہور ڈرامے کا ترجمہ	۸ر
عیار و نکا عیار - سراغرسانون کے کارآمد -	۶ر
مارگیرٹ - اندرون حرمسرائے سلطنتیہ کے حالات وغیرہ	۴ر
خواب کلکتہ - سچے حسن و عشق کا فوٹو - دو حصہ -	۸ر
خوش نصیب - ولیجسپ ناول ہے -	عہ
لال کپتان - ایک تواریخی واقعہ	۱۲ر
ناشاد - تواریخی ناول ہے مصنفہ جناب پاس گوکھلے	عہ
ہم خرما و ہم ثواب ظرافت کے رنگ مین نگاہوا ہے	۱۴ر
نئی نویلی - ایک پوہڑ بیگم کا قصہ -	۶ر
حرمان خانم - دردآمیز عاشقانہ قصہ	۶ر
طوطیہ کی بلا بندر کے سر - ظرافت آمیز ڈراما -	۶ر
فریب نیرنگ - ایک انگریزی ناول کا ترجمہ	۱۰ر
طلسم نارنج - ایک پرلطف ناول -	۲ر
کارزار صلیبیہ - تاریخی واقعہ ہے -	عہ
ملک العزیز ورجنا - تاریخی ناول مصنفہ حضرت شرر لکھنوی	عہ
غلط فہمی نتیجہ خیز اور بیحد دلچسپ	عہ
شام جوانی - ہر دو حصہ - ایک انگریزی ناول کا ترجمہ	عہ
شمس و قمر - عشقیہ قصہ دردآمیز بیان	۴ر

نام کتاب	قیمت
التمش - بدگمانی کے بُرے نتایج دکھائے گئے ہیں	عہ
دربار اودھ - کامل - تاریخی ناول ہے -	للعہ
احمق الذین - ظریفانہ عبارت ہے -	۸ر
نئی دلھن - دلچسپ اور مہذب ناول	۸ر
دلدوز - ایک دردانگیز قصہ -	۱۲ر
ناول زن مرید - ایک ظریفانہ انگریزی ناول کا ترجمہ	۱۲ر
فسانۂ دوجہان - اخلاقی اور ناصحانہ رنگ کا ناول ہے	للعہ
بنگالی دلھن - ناول دیوی چودھرانی بابو بیگم چندرا کا	
ترجمہ مترجمہ منشی جوالا پرشاد صاحب برق بی اے مرحوم	۱۲ر
معشوقۂ فرنگ - مولفہ بابو جوالا پرشاد صاحب	۸ر
فسانہ مفقود الخبر - ایک انگریزی ناول کا ترجمہ	۶
مار آستین - مترجمہ بابو جوالا پرشاد صاحب	۸ر
پرتاب - مولفہ بابو جوالا پرشاد صاحب ترقی	
بی - اے مرحوم سابق سب جج -	۱۱ر
خدائی فوجدار - ترجمہ کتاب اُن کو نکسات ڈی ہالان	
جلد اول و دوم کیجائی مترجمہ پنڈت رتن ناتھ صاحب	عہ
ناول زیب النسا مصنفہ بابو رام جی داس	عہ
فسانہ الہ دین ویلی - ترجمہ اسٹار آف منگر پلیس	
شاہد طرار - مترجمہ پنڈت دھرم نرائن -	

۲۸۱۷
Red 1974
1952

فسانۂ آزاد

جلد دوم

منم آن سحر بیان کز بدو طبع سلیم
منم آن بحر لبالب ز معانی کہ بود
فوج فوج است معانی بدلم در پرواز
غنچہ از نسبت سحبان سخن عار کند
آن خرد مند حکیمم کہ بسبابہ عقل
گر بیاد سخنم عود بر آتش مانند

بنر د ناطقہ نام سخنم بے تعظیم
قطرۂ آب ز شرم سخنم در تیم
ہیچو مرغان دلی خجہ در باغ نعیم
گر کنم طرز سخن باد صبا را تعلیم
گیرم اندر رحم جوہر کل نفس نقیم
حشر اموات شود ہر طرف از نشر شمیم

طمع گوشۂ چشمے ست ز ارباب خرد
ورنہ مستغنیم از مال و منال دو جہاں

بلبل شاخسار معجز طرازی عندلیب گلزار نکتہ پردازی حضرت شیخ جلال الدین عرفی شیرازی طاب ثراہ و جعل الجنۃ مثواہ کا یہ کلام فصاحت و ندرت التیام اگر میرے حسب حال ہوتا تو میرا جیب و دامن گوہر مقصود سے مالا مال ہوتا۔ مگر افسوس ؎

جہاں بگشتم و درد ہیچ شہر و دیار
نیافتم کہ فروشند بخت در بازار

خیر ؎ حافظ از مشرب قسمت گلہ بے انصافی ست
طبع چون آب غزلہای روان مارا بس

آغاز داستان

یہ تو اپنی ہیجدانی کا ایک مجنونانہ بیان ہی۔ اب یہاں سے آغاز داستان ہی۔

بحر زخار ناپیدا کنار مین ایک جہاز مثل محبوبان طناز ٹھکھیلیان کرتا چلا آتا ہی باد خنک طرب انگیز کا جھونکا جگر تک کو سردی پہونچاتا ہی سوائے لاجوردی آسمان و نیلی چادر آب کے کالے کوسون تک کچھ اور نظر ہی نہین آتا ہی۔ کاروان سالار عشاق زار و سر قافلہ دلدادگان حسن و جمال خوبان فرخار ہیمان آزاد عالی نژاد کو کبھی یاد صنم نازفروش کبھی خیال دلال بت سیمین دل و تسکین کوش گولاکھ ضبط کیا مگر آنسو چشم خونچکان سے نکل ہی آئے کف افسوس ملکر حسرت بار شعر زبان پر لائے ؎

چہ بے پروا کسی بودم کہ خود را
بہ بے پروا ترے از خویش دادم

شب کا سہانا سماں۔ اختر و انجم نور افشان۔ ضیاے قمر آرائش نور نظر سمک سے سماتک صفا پرور۔ باد مست انگیز مہوشون کے طرۂ تابدار کے طفیل مین غالیہ ریز تھی۔ عنبر بیز لخلخہ آمیز تھی۔ جو لپٹ آتی تھی رضوان کی خبر لاتی تھی حیرت تھی کہ یا الٰہی جہاز پر ناخدا نے خلق تاتار بسایا ہی۔ یا خدا نے اپنی قدرت کاملہ سے سمندر مین عطر انڈھایا ہی۔ یا باد صبا کی کارگزاری ہی یا کسی مرغولہ مو کے گیسوے عنبرین کی مشکباری ہی۔ یہ زلف چلیپا ہی یا عود تماری ہی۔ آسمان بھی میرے ہی ماتم مین نیلی پوش ہی۔ بر کف بر لب کبھی مجھی شور نخت کے غم مین یہ جوش و خروش ہی۔ ہاے یہ عشق خرد سوز ہی۔ یا تیر جگر دوز ہی۔ کشتی دل لبریز آب ہی یہ مے جوش

چار موجہ طوفان الم ہی اور دل ہی۔ بحر غم سے عبور مشکل ہی ناخدا کی عقل عاری ہی۔ باد مخالف کی گرم بازاری ہی ؎

کشتی شستہ گانیم اے باد صرصر برخیز | باشد کہ باز بینیم آن یار آشنا را

پیاری حسن آرا اسوقت فرش گل پر خواب ناز مین ہونگی مگر ؎

بت من سخت میترسم کہ از اہل جفا باشی | کہ گل بسیاری ای مبادا بیوفا باشی

ہائے گھر بار چھوڑا دلبر دلدار چھوڑا۔ آرام تن چھوڑا۔ پیارا وطن چھوڑا۔ مگر ؎

بر نگذرم ز دست آموزا بمن حنتی ز دلدار | الصبر میکند ارم باز در کوی می آید

طاقت گویائی نہ یارائے تقریر ہی۔ طائر دل تیر سخن کا نخچیر ہی ہائے آہ بھی بے تاثیر ہی ؎

نالہ نوا ہم کہ بطرز دگر ایجاد کنم | دست دل گیرم در کوی تو فریاد کنم

دل دردمند ہی۔ لبے کباب جگر بلند ہی ؎

گلہ آہ از تو دارم کہ چہ کردہ تو یکمن | لفلک رسا ندم کہ اثر کنی نہ کردی

عین حالت جنون مین دیوانہ وار گھومتے تھے کہ ایک بت زرین کمر پری پیکر نازک بدن غنچہ دہن نے آہ سرد بھر کر جو نظر ڈالی۔ کنکھیون سے دیکھا دیدہ و دانستہ بات ٹالی۔ یہ پوربین لیڈی صاحب حسن و جمال تھی۔ زیبرو خصال مشتری خصال تھی۔ از سر تا پا سیاہ ریشمی لباس زیب تن اور وہ جوبن وہ پھبن کہ خدا کی قدرت مجسم نظر آتی تھی۔ صباحت و وجاہت صدقے ہوئی جاتی تھی۔

میان آزاد باول اٹا شاد جہاز پر اپنی پیاری حسن آرا کی یاد مین سرد ٹھنڈے بھرے چپکے چپکے ٹھنڈی سانسین بھرتے تھے کسی سے کچھ کہتے تھے نہ سنتے تھے۔ مگر اُس بت جادو جمال نے جو کنکھیون سے انپر نظر ڈالی تو دیکھا کہ رنگ رو باختہ ہین بھانپ گئی کہ خضرت ہوش و حواس باختہ ہین۔ تھوڑی دیر تک انکی کیفیت بغور دیکھا کی بعد ازان اپنے شوہر سے یون ہمکلام ہوئی۔

مسس (م) (یعنے مسز وینیشیا) چارلی پیارے دیکھو وہ ہندوستانی جنٹلمین جو سامنے ٹہل رہا ہی دیکھا؟ وہ وہ۔

صاحب (ص) یعنے لفٹنٹ (پیلٹن صاحب۔ ہان ہان دیکھا۔ پھر؟ —

م۔ اسکے بشرے سے کیا پایا جاتا ہی غور کرکے دیکھو۔

ص۔ (عینک صاف کرکے) ٹھہر جاؤ (تھوڑی دیر کے بعد) ہکو معلوم ہوتا ہی کہ کسی کی جدائی کا اسکو اسقدر رنج ہی کہ دیوانہ ہو رہا ہی جب مین انگلستان سے ہکو چھوڑ کر جہاز پر جا رہا تھا تو میرا بھی یہی حال تھا وہ وقت مجھے نہین بھولتا پہلے دن سے دوسرے روز میری بیقراری کو چوگنی ترقی ہوئی اور تیسرے روز دوسرے دن سے بھی زیادہ۔

جسقدر دور جاتا تھا اسیقدر رنج و ملال بھی ترقی پاتا تھا۔

م۔ (آہ سرد بھر کر) اسکا باعث مین سمجھ گئی میری بھی یہی کیفیت تھی۔

راوی۔ ان دونون کی شادی ہندوستان مین ہوئی تھی مگر اقرار انگلستان سے ہو چکا تھا بے تکلف مہینون یہ دونون ساتھ گھومتے کھاتے ہکو کھانے بھی ساتھ جاتے تھے شکار کو جائین یا سیر گلزار کو جائین ساتھ نہ چھوٹتا۔ ایکدن شب ماہ مین دونون عاشق و معشوق شہر کے ایک نامی باغ مین بیٹھے تھے درخت بھرے بھرے پھلے پھولے سرسبز و شاداب تھے نسیم عدیم المثیم دلا جواب جنت تھی کہ یہ باغبان کی خیابان پروازی ہی۔ یا کسی ساحر کی جادو طرازی ہی۔ گل بوٹون پر جوبن تھا نور کا ہر گلبن تھا۔ یہ بلبل شاخسار رعنائی بھی اپنے منہ پر ملتے اقبال یعنی عاشق خجستہ خصال کے ساتھ ایک روش مین

لہ ایک مقام کا نام ہی (صاحب) بھی خالب ہوتے ہین اور بیوی بھی خالب ہوتی ہی (مسس)

لہریا بانہ چھک رہی تھی - پھولون کی بو باس سے ہوا زلف
مہوشان فرخار کیطرح مہک رہی تھی - دونون عاشق و
معشوق مست تھے اسوقت جنون کے بندے عشق پرست
تھے اور کیونکر نہوتے شباب کی اُمنگ تھی - جوانی کی
ترنگ تھی - باغ پر فضا بہار، روح افزا - چوطرفہ ہو کا
عالم - جانور نہ آدم - گل اپنے اپنے جوبن پر - بوے گل
صبا کے توسن پر - اور طرّہ یہ کہ چاندنی نے کھیت کیا
آتشی مستی کو اور بھی بھڑکا دیا - ٹہلتے ٹہلتے دونون ایک
روش مین کرسیون پر بیٹھے میٹھی میٹھی باتین کرنے لگے -

م - اہا ہا ہا کیا سہانا سمان ہی -

ص - دل کی کلی کھلی جاتی ہی -

م - ہمارا دماغ اسوقت عرش پر ہی -

ص - خصوصاً ہمارا -

م - یہ خصوصیت کیسی -

ص - ہمارا دماغ اسوجہ سے عرش پر ہی کہ ہم اسوقت
ایک سرو سیمین بر کے ساتھ باغ مین بہار کے مزے
اُٹھا رہے ہین -

م - (مسکرائین اور شرمائین) -

ص - کون سرو سیمین بر جو مصروفِ خرام ناز ہی -

م - تمنے اورنٹیل (مشرقی) زبانون کی کتابین اس
کثرت سے پڑھی ہین کہ اکثر جملے اُنھین کے خیالات کی
طرح بولتے ہو - اسوقت ہوا خوب مُعنڈی ہی شاید
کہین مینھ برسا ہی -

ص - اب بات نہ ٹالو -

م - اسکی سین ٹفک وجہ کیا ہی کہ ستارے سب کے سب
گول ہین -

ص - مین ہاتھ جوڑتا ہون - بات نہ ٹالو - واسطے خدا کے
ایسی گفتگو کرو کہ ہمین اپنا مافی الضمیر کہنے کی جرأت ہو -
ستارون کے مدور ہونے کا سبب کسی پروفیسر سے پوچھو -

م - (ہنسکر) اچھا -

ص - چلو اُس کنج مین ٹہلین -

م - کس اعتبار پر -

ص - اتنے دنون کی محبت کے اعتبار پر - ہماری عزت
اور بات کے اعتبار پر اور کس اعتبار پر -

م - اچھا چلو -

دونون عاشق و معشوق ہاتھ مین ہاتھ دیے ہوے
اور ایک دوسرے کو ساتھ لیے ہوے آہستہ آہستہ چلے -
سایہ تک کا بار اس رشکِ خوبان فرخار کی کمر نازک کو گران
گذرتا تھا - کمر بہتیر جگہ سے بل کھاتی تھی قدم قدم پر لچکی جاتی تھی
دونون اور بھی مست ہوے - چاندنی رات اور جوردوار نقشہ
ساتھ جسکے مقابل مین پرستان کی پریان مات مستی کیا جنون
کی کیفیت تھی - ؎

گشیدہ ام زجنون سازغے کہ ہوش نماند	دگر معاملہ با پیر مے فروش نماند

معشوق مثل نرگس حیران - عاشق گل کیطرح چاک گریبان
بس یہ نقشہ تھا کہ - ؎

گر جنون آید بسویم رہ دہد بیگانہ نیست	ور خرد پرسد سراغ من بگو در خانہ نیست

پھر ایک صاف و شفاف روش مین بیچ پر جا بیٹھے -

ص - اسوقت دو چاند ہین -

م - (تالیان بجاکر) ہائین - ایک ایک کے دو دو

سوجھنے لگے آپ۔

ص۔ ہان جنون اور عشق نے تو ایسا ہی چوندھیا دیا ہی۔

م۔ پھر وہی !!!۔

ص۔ ایک چاند آسمان پر ہی وہ (اُنگلی کے اشارے سے قمر کو بتاکر) اور دوسرا چاند یہ ہی۔

مسکے لجاکر گوری گوری گردن دوسرے رُخ پھیرلی۔

ص۔ کیون مزاج کیسا ہی اسوقت۔

م۔ اسوقت مزاج کا حال کیا پوچھتے ہو۔ بیمار بھی ہو تو اچھا ہو جائے۔

ص۔ ہمکو بھی ایک مرض ہے ہم تو اتنی دیر بیٹھے رہے مگر اچھے نہ ہوے۔

م۔ کیا مرض ہے۔

ص۔ مرض عشق۔

راوی۔ ہر مرض کی دوا مقرر ہی | مرض عشق لادوا دیکھا

م۔ خیر کوئی مرض ہو ڈاکٹر کے پاس جاؤ۔

ص۔ اس مرض کی ڈاکٹر تم ہو۔

م۔ کتنے دن کی رخصت لیکر ہندوستان سے آئے ہو۔

ص۔ اٹھارہ مہینے کی۔

م۔ کتنے دن باقی ہین۔

ص۔ (مسکراکر) جتنے دن ہین ایک لڑکا پیدا ہوتا ہی۔

م۔ (شراکر) نو مہینے ؟ (کھلکھلاکر ہنس پڑین)۔

ص۔ ہان نو مہینے۔

م۔ فوج مین بھی لفٹنٹ ہو اور سول مین بھی کام کرتے ہو۔

ص۔ فوج مین لفٹنٹ ہون اور سول مین اسسٹنٹ کمشنر۔

م۔ ہندوستان کیسا ملک ہی۔

ص۔ واہ کیا پوچھنا۔ اول تو امنرانی۔ بہت خرچ نہین ہوتا دوسرے کوٹھان اور بنگلے سستے کرایہ پر ملتے ہین تیسرے نوکر چاکر چار چار پانچ پانچ روپیہ ماہواری کے جتنے چاہو نوکر رکھ لو۔ پھر حکومت ان سب پر طرّہ ہی۔ وہان ہم لوگ شاہی کرتے ہین۔ جس گلی کوچے مین نکل گئے سب ڈرتے ہین۔

م۔ اُنکا ڈر بُرا۔

ص۔ اور کیا ہم ڈرین۔

م۔ اسطرح پر رہو کہ وہ تم سے ڈرین نہین بلکہ تمکو دیکھکر خوش ہون ڈرنا کیا معنے۔

ص۔ ڈرین نہین تو ہمارا رعب کیونکر جمے بھلا۔

م۔ واہ ڈرنے سے کہین رعب جمتا ہی۔ تم اُنکو مثل اپنے وطن والون کے سمجھو۔ پھر دیکھو کس طور پر پیش آتے ہین۔ روزنڈ (پادری) کرسٹوفر ہندوستان مین بیس برس رہ آئے ہین۔ وہ پتا (ایا) سے بیان کرتے تھے کہ وہان عموماً انگلشمین ہندوستانیون کو نگرز کہتے ہین۔ یہ بڑی بُری بات ہی۔

ص۔ غلط ہی۔ کہتے ہین۔ مگر سب نہین۔

م۔ ہم اگر ہندوستان مین ہون تو سب سے مل جل کے رہین۔ بھلے مانسون اور امیرون کی لیڈیون مین اس ملک کی لیڈیان آنے جانے پاتی ہین ؟۔

ص۔ ہان جاسکتی ہین۔ مگر رواج نہین اور وہانکی عورتین یہان کی لیڈیون سے ملین تو کہین کیا۔ وہ تو بالکل اَن پڑھ ہوتی ہین اور اُنکا طرز معاشرت بھی مختلف ہی۔

م۔ ہم اگر وہان ہون تو ہندوستان کی لیڈیون سے ملا کرین۔

ص - (مسکرا کر) یہ تم گھڑی گھڑی کیا کہتی ہو کہ ہم ہندوستان مین ہون - ہم ہندوستان مین ہون ہندوستان تو تم کو چلنا ہی پڑیگا ہمارے ساتھ -

مس کے چہرے کا رنگ متغیر ہوگیا سفیدی سرخی اور سرخی سفیدی سے کئی بار مبدل ہوئی - اور کسی قدر تیکھی ہوکر پوچھا کہ کیا کہا آخر مین یہ کون لفظ کہا -

ص - اب تو کہا سو کہا - پیاری کہا -

م - خاموش -

ص - (گلے مین ہاتھ ڈال کر) پیاری -

م - (چھوڑا کر) ہائین ! -

ص - (قدمون پر ٹوپی رکھکر) پیاری وینیشیا مین تمپر عاشق ہون -

اُس پری نے ایک ادائے ہوش ربا سے اُن پر نظر ڈالی اور بیٹھ گئی اتنی شہ جو پائی تو عاشق زار کے تن پر مردہ مین از سر نو جان آئی - اور اُس نے آہستہ سے رخسار نازنین کا بوسہ لیا اسکے جواب مین معشوق حور وش نے اِنکے لبون کو چوس لیا مگر آنکھین نیچی کرکے اور گردن نہوڑا کر تاکہ پیارے تمنے میرے دل پر فتح پائی اور کچھ اُسی وقت نہین پائی برسون سے مگر مین نے عہد کر لیا تھا اب تک تمھاری خو بو چال ڈھال وضع قطع سے اچھی طرح واقف نہ ہونگی ہرگز شادی نہ کرونگی اب مین نے تمھان لی ہی کہ اگر اب شادی ہوگی تو تمھارے ہی ساتھ ہوگی - عاشق صادق نے فرط طرب سے پیشانی نورانی اور رخ زیبا اور بناگوش صفا کوش کے کئی بار بے جھجک بوسے لیے اور کبھی کبھی بوسون کا جواب بھی پایا -

مس کے رخسار گلگون سے اشک لڑھکتے ہوئے دامن کی خبر لانے لگے عاشق صادق نے اپنے معشوق گلفام و نازک اندام کو زور سے گلے لگایا اور دونون ملکر خوب روئے اسکے بعد تالاب پر جاکر منھ اور ہاتھ دھوئے اور پھر بدستور ٹہلنے لگے -

م - میری زندگی مین آج کا مبارک دن سب سے زیادہ قابل یادگار ہی -

ص - میری نہ کہو ہماری کہو -

م - ہان دونون کی زندگی مین - بیشک -

ص - چلو ہندوستان کی بھی ہوا کھاؤ -

م - وہان ولیم سے ہونگی اور کین ٹو فر سے ملاقات ہوگی - کرنل گرگ سے ملاکر رینگے -

ص - کرنل گرگ تو مین سیتاپور مین - بنگال پریسیڈنسی اودھ نیپال کی ترائی کے پاس - اور کین ٹو فر ہی مدراس سے دو منزل اور ولیم کرانچی مین ہین - سمجھین - پھر بھلا سب سے ملنے کی کون صورت ہی - کیونکہ ہمارے مقام سے ان سب شہرون کا بہت فاصلہ ہی -

م - ایک آدھ دفعہ تو مل سکینگے -

ص - ہان یہ مانا -

م - جہان تم ہو وہ مقام کیسا ہی -

ص - بہت اچھا شکار خوب کھیلنے مین آتا ہی -

م - چلو اب گھر چلین -

ص - (بوسہ لیکر) اچھا ایک بوسہ لو تو پھر چلین -

نگار مرغوب اور دلدار مطلوب نے عاشق شاد و بامراد کی گردن سیمین مین دست رنگین ڈال کر چاہا کہ عین مستی اور غایت جوش حسن پرستی مین رخسار جانان کو چوم لے لیکن

ہنوز روے تابان تک لب بھی نہ جانے پائے تھے کہ تیز رو گھوڑے کی ٹاپون کی آواز آئی مس ونیشیا کے دل پر ایک قسم کی ہیبت چھائی وہ آواز رفتہ رفتہ قریب اور بلند ہوئی دہشت وہ چند ہوئی دونون حیران و ششدر کہ یا الٰہی یہ کیا اسرار ہی۔ اس گھوڑے پر کون سوار ہی۔ شدہ شدہ اسپ تیز گام باغ کیطرف آیا اور عین پھاٹک پر ٹھہر کر ہنہنایا۔ معلوم ہوا کہ ایک سوار اسپر سے اُترا اور اُتر کر پھاٹک کو کھلوایا۔

سوار (س) یعنے کرنل میکفرسن صاحب) پھاٹک کھولو پھاٹک کھولو۔

م۔ پیے ہوے ہی۔

ص۔ آواز ہی کہے دیتی ہی۔

م۔ یہ ہی کون ؟۔

ص۔ خدا جانے۔

م۔ یہ شرابی اسوقت کہانسے آگیا کمبخت نے مزا کرکرا کردیا۔

ص۔ آنے بھی دو۔

م۔ ناحق کچھ بکے دکے۔

ص۔ واہ ! بکے تو تماشا بھی دکھادون۔

م۔ تم کچھ پیے ہوے تھوڑی ہو۔

ص۔ واہ یہان ہر دم چڑھی رہتی ہی۔

م۔ ناحق لڑائی ڈرائی ہو۔

ص۔ اِسکی یہان کچھ پروا نہین وہ ڈگ لگائے ہون گی یاد کرے

م۔ آؤ چھپ رہین۔

ص۔ اَین ! لفٹنٹ ! فوجی افسر ! جوان آدمی مین چھپ رہون تو ہنسی نہ ہو۔

م۔ مگر تم اکیلے تو اسوقت نہین ہو۔

ص۔ اُف۔ توبہ توبہ۔ تمھاری طرف اگر آنکھ اُٹھا کر بھی دیکھے تو خون ہی پی لون اُسکا۔

یہ کہکر لفٹنٹ نہایت جوش مین آیا۔ اتنے مین پھاٹک کھلا اور وہ ناخوش آیند مہمان گھوڑے پر سوار ہوکر باغ مین داخل بیچون بیچ مین پہونچکر پوچھا کہ

Is Lt. Appleton here

یعنی لفٹنٹ اپلٹن یہان ہین۔

صاحب اور مس دونون کا رنگ فق ہوگیا۔ آدھی رات کا وقت۔ شہر سے تین چار میل پر باغ۔ ہر سمت جنگل۔ کسی کو کانون کان خبر بھی نہین کہ کہان گئے ہین چوطرفہ سناٹا یہ کون اِسوقت آیا۔ اِسکو معلوم کہان سے ہوا کہ لفٹنٹ اپلٹن یہان ہین

م۔ کسی مصیبت سے اسوقت دوچار ہونا ہی۔ صید بلا دادبار ہونا ہی

ص۔ معلوم تو ایسا ہی ہوتا ہی۔ مگر گھبرانا بیکار ہی غور کرکے دیکھو تو کہ اسپر کون سوار ہی۔

م۔ میرا کلیجہ اسوقت دھڑ دھڑ کرتا ہی۔

ص۔ (آہستہ سے بوسہ لیکر) استقلال ! استقلال !۔

Love making is going on here

(ہاہا یہان تو بوسہ بازی ہو رہی ہی۔

چرٹ جلانے کے لیے دیا سلائی روشن کی اور کہا کہ عاشق و معشوق دونون سے معافی چاہتا ہون کہ میرے چرٹ پینے سے بد دماغ نہون اِسکے بعد سوار نے بآواز بلند کہا کہ۔

Is there any man by the name of Lt. Appleton

یہان لفٹنٹ اپلٹن کے نام کا کوئی آدمی ہی۔ اس سوال کا کسی نے جواب نہ دیا بولنے کا نام تک نہ لیا۔ عاشق و معشوق مثل مُردہ

خاموش) پنبہ در گوش - مگر از بس متحیر کہ اپلیٹن کا نام لیا ہو یا الٰہی یہ کیا ماجرا ہو - سوار نے گھوڑا پھیرا اور دوسری روش مین جا کر پھر یہی سوال کیا - اتنے مین اتفاق سے چرٹ گر پڑا - اور سوار نے پکار کر کہا کہ اگر کسی انسان کے کان مین اسوقت میری آواز پہونچے تو وہ مہربانی کر کے مجھے یہ چرٹ اٹھا دے - اسپر ایک خوشرو جوان بہت اکڑتا ہوا اٹھا اور یون ہمکلام ہوا -

جوان (جو) مین اٹھا دونگا -

س - مشکور ہوا - مین اگر اسوقت گھوڑے پر سے اترتا تو گھوڑا مجھے بہت دق کرتا - پھاٹک کے پاس مین ذرا اتر پڑا تھا تو اسنے نہایت پریشان کر دیا تھا - پکا نام کیا

جو - لفٹنٹ اپلیٹن مین ہی ہون -

س - ! پیارے دوست تمھین کو تو مین ڈھونڈھتا تھا -

جو - کیون ! -

س - بھائی مجھے افسوس ہو کہ میرا مشن (پیغام) تمکو اسوقت کہ اپنے معشوق زہرہ تمثال وجاد وجمال سے اس باد خنک اور میدان وسیع فصحت آباد اور گلزار مینو سواد اور چاندنی رات اور تنہائی مین مصروف بوس و کنار تھے - عیش و طرب سے دوچار تھے ہرگز پسند نہ آئیگا اور تمھارا بے اختیار جی چاہیگا کہ مجھے گولی مار دو - مگر مین مجبور ہون - اور بے تصور ہون سوار یہ تقریر وحشت تحریر کر کے چرٹ پینے لگا مگر لفٹنٹ اپلیٹن کی یہ کیفیت تھی کہ اگر بجلی بھی گرتی تو اسکو خبر نہوتی - بالکل از خود رفتہ تھوڑی دیر تک سکتے کا عالم رہا آنکھون کے اندھیرا چھا گیا - بلا مبالغہ اپنے آپے مین نہ تھے اگر کوئی انکے عضو عضو کو کند چھری سے ریتتا تو بھی خبر نہ ہوتی - دم گیسا مگر اسی حالت مین ایک ایسی آواز انکے کان مین آئی کہ وہ انکو ہوش مین لائی - وہ انکی معشوقۂ نازنین اور ناظورۂ حسین کی آواز تھی - اس بت رنگین ادا نے نہ انکو پکارا نہ غل مچایا مگر سوار کی ناخوش آیند باتین سنکر اسکا دل بھر آیا اور ایک تاریک اور بھیانک نقشہ مجسم نظر آیا - الغرض واہمے نے ایسا ڈرایا کہ بے اختیار رونے اور سسکیان بھرنے لگی - چپکے چپکے گریہ زاری کرنے لگی بیشک اگر انشی نبی تو بے بھی دختی تو اپلیٹن کے کانون بھنک پڑتی لیکن یہ وازدہ بھی جنے اپلیٹن کے زخم جگر پر نمک کا کام کیا - آواز سنتے ہی سوار کو چھوڑ کر یہ اپنی پیاری و نیشیا کیطرف گئے اور جاتے ہی خوب محبت سے بغل مین لے کر انھون نے پیار سے گلے لگایا - وہ پری بھی بصد ناز دلبری انسے پیش آئی اور دونون کوئی دس منٹ تک خوب روئے سوار کے دل پر اسکا بڑا اثر ہوا فوراً گھوڑے سے اترا اور ہزار خرابی ایک شجر رفیع کے تنے سے سمند وغا پسند کو باندھ کر عاشق کیطرف چلا - ✓

س - اپلیٹن میرا جی چاہتا ہو کہ اسوقت زمین دھنس جائے اور مین زمین کے اندر چلا جاؤن - اف ! تم دونون کے رونے سے اسوقت کلیجہ پاش پاش ہو گیا -

ص - ہمارے قریب آنکھ بیٹھیے ذرا -

س - (بنچ پر انکے پاس بیٹھکر) پیاری لڑکی مین ایک بوڑھا آدمی ہون اور لڑکے بالے رکھتا ہون سچ کہتا ہون کہ اسوقت میرے دل کا عجب حال ہو - گو مین نے تمھین کبھی پیشتر نہین دیکھا تھا اور نہ اسوقت اچھی طرح دیکھ سکتا ہون کیونکہ ساٹھ برس کا میرا سن ہو اور ضعف بصر ہو اور اسوقت مین نے برانڈی بھی بہت پی ہو تاہم تمھاری حالت زار پر جسکے عشر عشیر سے بھی مین ابھی واقف نہین مجھے افسوس آتا ہو کہ ایسا مشن کیون گوارا

اس فقرۂ ہوش ربا اور جان گزا نے وینشیا بیچاری کی آتش غم کو اور بھی بھڑکایا اور اپیلیٹن کو انتہا سے زیادہ تڑپایا دونون اپنے اپنے دل مین سوچنے لگے کہ یا الٰہی کون ایسی بات ہی جسکو یہ خود ہماری تباہی کا باعث سمجھتا ہی۔ مگر ان دونون مین سے ایک کو بھی جرأت نہ ہوئی کہ اس خبر وحشت اثر کو جسنے انکے خرمن عیش و عشرت پر بجلی گرائی تھی دریافت کرین۔ یا اپنے ناخوش آیند بڈھے مہمان سے پوچھین کہ وہ خبر ہم کو سنا دے توقف عمل مین نہ لاؤ۔ جلد بتاؤ پیر مرد نے لاکھ چاہا کہ اصل حال بتائے اور جو پیغام لایا ہی وہ کہ سنائے مگر زبان گویا بالکل بند ہوگئی اور پریشانی و حیرانی وہ چند ہوگئی۔ ؎

عجب در وے ست جانم را اگر گویم زبان سوزد
وگر دم در کشم ترسم کہ مغز استخوان سوزد

س۔ دل کی لگی بری ہوتی ہی۔

ص۔ کیسی کچھ۔ خدا دشمن کو بھی اپنے یار آشنا سے جدا نکرے

س۔ ہم بھی یہ سب پاپڑ بیل چکے ہین۔ صدہا مصیبتین جھیل چکے ہین۔ ہائے میری! میری! میری!!!

یہ کہکہ سوار کی آنکھون سے بھی آنسو جاری ہوے حضرت پیر مرد بے اختیار مصروف گریہ وزاری ہوے عاشق و معشوق متحیر کہ یا خدا یہ ہو کیا رہا ہی۔ معلوم ہوتا ہی اسنے بھی کوئی صدمۂ عظیم سہا ہی۔ پیر مرد یعنی سوار خاموش تھا۔ از خود رفتہ و بیہوش تھا۔ ✓

س۔ (زبان حال سے) ؎

ولین اک دم اٹھا آنکھون مین آنسو بھر آئے | بیٹھے بیٹھے ہمین کیا جانے کیا یاد آیا

ص۔ ؎

دم آغاز جنون طوق گلوگیر ہوا | اہل محفل بھی نہ پائے تھے کہ حد ہو آیا

ہم۔ (زبان حال سے) ع آنکھ کھلنے بھی نہ پائی تھی کہ صیاد آیا۔

عاشق کی آنکھون کے نیچے تصویر غم پھر گئی آزردہ کا خون ہوگیا۔ معشوق کو اس درجہ صدمہ پہونچا کہ جنون ہوگیا تیر الم کلیجے کے وار پار ہوا۔ طائر دل شہباز محن کا شکار ہوا۔ ہاے ؎

ہاتھ اُس بت کی نہ گردن مین حمائل دیکھا | جو صلہ تنگ ترا ے کشش دل دیکھا

س۔ (دوسرا چٹ جلاکر) ہاے اگر مین اسوقت پیک فرخندہ فال ہوتا تو دونون عاشق و معشوق کا دامن گوہر مقصود سے مالا مال ہوتا ہاے اگر مین کوئی مژدہ طرب انگیز لاتا تو عاشق کا چہرہ بشاش ہوجاتا فرط شادی سے معشوق گلبدن جامے مین پھولے نہ سماتا۔ مگر افسوس صد افسوس کہ میرا پیام باعث تفرقہ پردازی عاشق کے لیے وقت جانبازی ہی۔

ص | کنار دریا پہونچکے پانی پیا نہین ایک بوند اسپر
چڑھی ہی موجونکی ہمسے تیوری جباب انکھین دکھا رہے ہین

وینشیا کلیجے کو دونون ہاتھون سے تھام کر اور ایک آہ سرد بھر کر تین چار بار اٹھی مگر اٹھ اٹھ کے بیٹھ بیٹھ گئی سچ ہی تجمل

بہکے یار سے اٹھنے کو تو اٹھے لیکن | درد کیطرح اٹھے گرپڑے آنسو کیطرح

اپیلیٹن نے آہستہ سے اس نگار رنگین ادا مہ لقا کے پیارے پیارے ہاتھون کو چوم کر اور جنون کی حالت مین جھوم جھوم کر زبان حال سے یون کہا۔ ؎

نرغہ عینون مے مرا لین نہ اُکھیے صدقے | آپ کیوقت مین بندے کو دعا دیتے ہین

س۔ اب استقلال کو کام مین لاؤ۔ واسطے خدا کے استقدر نہ گھبراؤ معشوق کم سن ہی اسے دلاسا دو سمجھاؤ۔ نیک و بد کا خلاف زمانہ ہی کبھی وصل کبھی مفارقت جانانہ ہی۔ دنیا کا یہی کارخانہ ہی

ص۔ (زبان حال سے) ؎

کون منتا ہی تری خوش جثون مین ناصح | خضر بھی اُنمین تو ہم راہ بتا دیتے ہین

ہاے ابھی تھوڑی دیر ہوئی کہ بزم طرب بھی اور معشوق زہرہ تمثال تھا اور حضرت صبا کا یہ شعر حسب حال تھا ؎

جناب یوسف اگر بزم بوستان دیکھین | جو خوابھین بھی دیکھا ہوہ سماں دیکھین

عاشق و معشوق اپنے اپنے طالع فرخ پر اتراتے تھے۔ بوس و کنار سے لطف و صحبت بڑھاتے تھے اور گویا کا یہ شعر زبان سے لاتے تھے ؎

وہ ہم نہین جنمیں پشان کی جو خزان دیکھین | دکھائیگا ہمین کیا رنگ آسمان دیکھین

لیکن جہان گل ہی وہان خار ہی۔ جہان خزانہ ہی وہان مار ہی ابھی تھوڑی دیر ہوئی کہ بات بنگئی تھی شادی کی دلون مین ٹھن گئی تھی۔ نظم

بندے کے لیے جو آفتین ہین | اے عشق تری کرامتین ہین

دو دن کی حیات پر فلک سے | کیا کیا شکوے شکایتین ہین

درد و غم و یاس و داغ حرمان | اک دل ہی ہزار آفتین ہین

س۔ پیاری لڑکی اسوقت آفت و پریشانی کا بازار گرم ہی لیکن کہنا مانو اس بات کو بھلا دو میرا دل گواہی دیتا ہی کہ تمھارا اپیلٹن تم سے جلد ملیگا۔

وینیشیا دل ہی دل مین سوچنے لگی کہ اللہ اللہ اب اسوقت کی جدائی قضا ہوگئی کہ ٹالے نہ ٹلیگی۔ کیا اپیلٹن ہمکو چھوڑ کر اور ہماری محبت سے منھ موڑ کر چل دینگے۔ سوچی کہ یہ بات محال ہی۔ اپیلٹن کی جدائی خواب و خیال ہی۔ ہماری جدائی کا صدمہ اسکو ایک پل نہ بھائیگا۔ وینیشیا کے بغیر دم بھر چین نہ آئیگا۔ مگر پھر خیال آیا کہ مصیبت سے ضرور دو چار ہونا ہی۔ اپیلٹن کے وصل سے جلد ہاتھ دھونا ہی۔ فراق یار میں عمر بھر رونا ہی۔ بیٹھے بٹھائے مفت مین دیدے کھونا ہی۔

س۔ اپیلٹن۔ اب صرف چھ گھنٹے باقی ہین۔

وینیشیا نے زور سے ایک نعرہ (ہاے) بلند کیا اور غش کی حالت طاری ہوئی۔

سوار سوچا کہ ہاے اس کم سن اور بھولی اور ناتجربہ کار مس کے ننھے سے کلیجے پر اسوقت کیا جانے کیا گذری ہوگی۔ اپیلٹن نے چاہا کہ اپنی پیاری وینیشیا کو مدد دے نخلخہ سونگھائے ہوش مین لائے مگر وہ خود بیہوش دین و دنیا فراموش تھا ع

/ | خفتہ را خفتہ کے کند بیدار

جب سوار تجربہ کار نے یہ کیفیت معشوق و حالت عاشق زار کی دیکھی تو تالاب سے اپنی لمبی ٹوپی مین پانی بھر لایا اور وینیشیا کے منھ اور سر پر آب سرد ٹپکایا۔ پھر دو تین بار گیا اور اسیطرح پانی لایا۔ اسکے بعد باغ کے دو تین درختون کی پتیون کو کہ بو باس مین عطر و گلاب سے بھی گوے سبقت لیگئی تھین توڑا اور خوب زور سے ہتھیلی پر نچوڑا اسی کا نخلخہ بنایا اور اُس نوش لب کو سونگھایا تو تھوڑی دیر مین ہوش آیا آنکھین کھولتے ہی تین بار اپنے محبوب سنا کا نام لیا۔ اپیلٹن۔ اپیلٹن۔ اپیلٹن۔ اپیلٹن نے اسکا جواب آنکھون ہی آنکھون مین دیا بولنے کا نام ہی نہ لیا گویا کے یہ اشعار حسب حال تھے ؎

وہ دن کے جو ہم ہمکنار رہتے تھے | مدام اب تو ہی پہلو مین درد فرقت یار

جدھر دیکھا ہون تجھے دیکھکر کہتی ہی خلق | ہر آمد آمد غم اور وداع صبر و قرار

س۔ (وینیشیا کے قدم پر ٹوپی رکھکر) دیر مت۔

م۔ پیر مرد مجھے اسوقت معاف کرنا تمھاری آواز میرے دل پر تیر اور میرے زخم جگر پر نمک اور میرے کلیجے پر نشتر کا کام کرتی ہی۔ مگر اتنا مین ضرور جانتی ہون کہ تم بے قصور ہو۔ تم مجبور ہو۔ ہاے بیکسی و اے بیکسی ؎

پوچھتا ہی کیا ہمدم حال زندگانی کا | جب جدا ہوا جانان خاک زندگانی ہے

س۔ اپلیٹن۔ اب صرف پونے چھ گھنٹے باقی ہین۔ ڈیر مس جو کچھ کہنا سننا ہو کہ لو ہنسنا بولنا ہو ہنس بول لو ؎

آخر تو کھڑا ہے سر پہ صیاد خزان | دل کھول کے خوب چہچہائے بلبل

ص۔ جدائی کی گھڑی تو اب ٹل نہین سکتی۔ لیکن مین نے اپنے دل کو خوب مضبوط کر لیا ہے۔ اب تم صاف صاف بتاؤ کہ ماجرا کیا ہے پیاری وینشیا ذرا دل کو تم بھی مضبوط رکھو۔

وینشیا نے کہا ہائے میرا دل خوگر راحت ہے۔ رنج آشنا نہین غم کا قصہ مشکل ہے۔ کبھی سنا نہین۔ یہ کہکر وینشیا کا دل بھر آیا سے جاتا رہا آنسو گلون کا تار بندھ گیا ؎

دل پریشانی جاوید تمنا میکرد | با سر زلف پریشان تو سودا کردم

ص۔ (گلے مین ہاتھ ڈال کر) پیاری ذرا رونا موقوف کرو۔

م۔ (زبان حال سے) ؎

گھنے گھنے گھنگے آنسو | رونا ہے یہ کچھ ہنسی نہین ہے
؎ رخصت آہ دہم گر دل خیبر بگداز | آتشے در نیم این گنبد مینائی را

س۔ اپلیٹن۔ اب صرف ساڑھے پانچ ہی گھنٹے رہ گئے۔

م۔ (چیخ کر) ہائے۔

کردم ستم از روز ازل داغ جدائی را | کیمکردم بدل روشن چراغ آشنائی را

س۔ پیر مرد اب تمکو جو کچھ کہنا ہو کہ چلو۔

ص۔ ہارس کارڈز مین آج مین پونا گیا تھا۔ برطن کی نو آبادی سے بڑی سخت جنگ چھڑنے والی ہے۔ گو مین بھی رخصت پر ہون۔ لیکن مجھے حکم ہوا ہے کہ فوراً اس آبادی کیطرف کوچ کرون۔ نشے کے باعث سے نے تمھین اب تک نہین پہچانا تھا اور حیرت و رت کے سبب سے تم مجھے نہ پہچان سکے۔ لیکن اب مین تم کو بتاتا ہون کہ مین کرنل میکفرسن ہون تمھاری رجمنٹ کا کرنل۔

ص۔ اخاہ۔ کرنل میکفرسن! اب پہچانا۔

س۔ مجھے حکم ہوا ہے کہ تمکو بھی ساتھ لیتا جاؤن۔

ص۔ کب۔

س۔ اسی دم۔

ص۔ آف ابھی ابھی؟

س۔ ہان اور کیا۔ صبح تڑکے گجر دم جہاز روانہ ہوگا۔ اب کوئی ایک کا عمل ہے۔

ص۔ وائے ناکامی پانچ ہی گھنٹے باقی ہین۔

س۔ انھین پانچ گھنٹے مین جو کچھ تیاری کرنی ہو کر لو۔

ص۔ این! بس!! افسوس!!!

م۔ ہائے کیا ناکامی و نامرادی ہے۔

کرنل نے پھر کہا کہ اپلیٹن جو کچھ تیاری کرنی ہو انھین پانچ گھنٹون مین کر لو مگر مردانہ وار کارروائی کرو۔ اپلیٹن کی گردن مین وینشیا کا دست رنگین تھا۔ اور سینہ پاش پاش نہایت ہی حزین تھا نہ جاے ماندن پاے رفتن۔ آخر کار جی کڑا کر کے اپلیٹن نے کہا کہ مین اسی دم مستعد ہون ابھی ابھی چلیے۔

م۔ ہا۔ آف۔ س۔ ہمین۔ یہ چھو۔ کے۔

راوی۔ حضرات ناظرین ستم کا سامنا ہے۔ وینشیا نے لاکھ کلیجے پر پتھر رکھ لیا مگر اشکون کا دریا اُمنڈ اُمنڈ کر آتا تھا۔

جب اسکے معشوق رعنا جوان بلند بالا نے کہا کہ مین مستعد ہون ابھی چلیے تو وینشیا نے بڑی جرأت کر کے روتے

روتے کچھ کہا جو پیر مرد اور اپلیٹن دونون کی سمجھ مین خاک نہ آیا۔ وجہ یہ کہ ہچکیان بندھی اور سسکیان بھرتی جاتی تھی پوری بات منہ سے نہین نکلتی تھی۔ ہا۔ اُف۔ س۔ ہمین۔ یہ چھوہ۔ کے۔

اتنا تو سنائی دیا باقی غت ربود مطلب دنیشا کا یہ تھا۔ ہاے افسوس ہمین نہین چھوڑ کے) بیٹھے تم جو کہتے ہو کہ چلو ہم چلنے کے لیے ابھی مستعد ہین۔ تو کیا ہمین نہین چھوڑ سکتے چل دو گے ہاے ستم ؎

غنیمت جان لو مل بیٹھنے کو	جدائی کی گھڑی سر پر کھڑی ہی

ص۔ (گلے لگاکر) ایسی باتین نہ کرو کہ ہماری سپہ گری مین فرق آجائے۔ (بوسہ لیکر) پیاری دنیشا۔

دنیشا نے فرط بیقراری اور گریہ وزاری کی حالت مین اپنے محبوب سمن بر کے زانو پر سر رکھدیا اور خوب پھوٹ پھوٹ کر ایسا زار زار روئی کہ اپلیٹن کی آستین تر کردی ؎

فلک بہ گریہ درآید ز اشکباری من	
زمین بہ لرزہ درآید ز بیقراری من	

دنیشا نے معشوق زہرہ تمثال کے زانو سے سر ہٹایا اور آنسوون کو رومال سے پوچھ کر جبین مبین کے آہستہ آہستہ بوسے لیے پیر مرد ایک درخت کے سایہ مین چرٹ پی رہے تھے اٹھون نے اپکی بہ آواز بلند کہا کہ اپلیٹن اب کوچ کا وقت آگیا۔ بس جو کہنا سننا ہو کہ سن لو۔ اور چلو اپلیٹن نے بت رنگین ادا کو بدقت تمام ساتھ لیا اور چل کھڑا ہوا۔ کرنل صاحب پیچھے پیچھے۔

م۔ اب خدا جانے ملنا ہو یا نہو۔

ص۔ خدا بڑا مسبب الاسباب ہی۔

م۔ ہی ہی تم جنگ پر جاتے ہو۔ یا ہمین قتل کیے جاتے ہو۔

ص۔ (بوسہ لیکر) صبر۔ صبر۔ صبر۔

م۔ ہاے صبر نہ کرتی تو اسوقت چل بھی سکتی۔ مگر ایک ایک قدم ایک ایک منزل ہی۔

ص۔ آہ۔ آہ۔ آہ۔ اُف۔

م۔ (رخسار تابان چوم کر) نہ جاؤ تو کیسا۔

ص۔ ارے غضب! انگلشمین نہین اگر نہ جاؤن۔

م۔ ہان ہی تو ایسا ہی مگر مین اسوقت جو کہون میری خطا معاف کرنا۔

ص۔ اُف کیا غضب کی بات کہی۔ خطا! ٹھنڈی سانسین بھر کے خطا!!!۔

م۔ دیکھو اپلیٹن ڈیر نوکری انسان اسی لیے کرتا ہی کہ بھوکون نہ مرے۔ اسکی تمھین پروا نہین۔ تم خود امیر کے لڑکے نہ سہی مگر میری دولت کسکے لیے ہی۔ تم سے بڑھکر کوئی ہی اور اگر تمکو ایسا ہی خیال ہی تو لائق فائق تربیت یافتہ آدمی ہو اخبارون کے لیے مضمون لکھکر تنخواہ سے زیادہ پا سکتے ہو پھر کیون جاؤ۔

ص۔ نہین نہین قضا چاہے ٹل بھی جائے مگر جانا نہین ٹل سکتا انگلشمین اور لفٹنٹ ہوکر جنگ کے نام سے بھاگون کیا مجال۔ اور پیاری صیغہ ملیٹری کے قواعد اور قوانین بھی تو سخت ہین نہ جاؤن تو گرفتار ہو جاؤن کورٹ مارشل ہو۔ جس اخبار کو تمکو جس میگزین کو پر صو میری نثر دلی اور جنبیت کا حال ضرور دیکھو نامہ نگار مضمونون کا تار باندھ دین اور پھر مین اس لائق نہ رہون کہ کسی کو انگلستان مین صورت دکھاؤن۔

م۔ اب اس کمر کا بالکل ٹوٹ گئی۔ ؎

لگائے ٹھٹ کھڑی ہی نامرادی	تمنائے دلی نکلے کدھر سے

جسوقت باغ سے باہر ہوے اندھیرا سا آنکھون کے تلے چھایا۔ قدم قدم پر ہجوم یاس و نومیدی کو ساتھ پایا شاعر غزا

وسخندان بے ہمتا رسالدار فقیر محمد خان گویا کی یہ غزل بالکل حسب حال ہے - لہذا حوالۂ قلم تردد باآل ہے ؎

ہر ایک گلشن عالم مین مو پریشان ہے | چمن مین سنبل تر زلف سوگواران ہے
ہر ایک شاخ اٹھائے ہے ہاتھ ماتم مین | ہر ایک نخل پہ بلبل بھی مرثیہ خوان ہے
کلی جو چٹکی تو آواز آئی ناون کی | چمن تمام یہ ہر تیر سوزدر افغان ہے
اڑا رہی ہے صبا خاک صحن گلشن مین | گلون کا چاک گریبان ہو کر دامان ہے
چمن مین پہنے ہے سوسن بھی ناتی و پاتک | برنگ دیدۂ تر نرگس آج گریان ہے

جسطرح جان تن سے نکلتی ہے اسیطرح یہ دونون چمن سے نکلے -

ص - انکو کوٹھی پر پہونچاتا ہون اور مین اپنے گھر سے ابھی ابھی تیار ہو کر آتا ہون -

س - اتنی دیر -

م - اتنے تھوڑے عرصے مین بھی تم مجھ سے جدا ہونا چاہتے ہو -

ص - گھر پہ آجکل کوئی نہین ہے سب دیہات گئے ہین یارون دوستون سے ملنے کا وقت نہین - بس اسباب لیا اور ابھی ابھی آیا اسی دم -

م - آف کیا از غیب کا پھیرا آیا - کیسے ہنس بول رہے تھے کہان وہ تیاریان تھین کہان اب جدائی کی گھڑی ہے -

راوی - ؎

دیر زد بے گلاب میگردیدم | فرخندہ گلے بر سر آتش دیدم
گفتم کہ چہ کردی کہ ترا می سوزند | گفتا کہ درین باغ دمی خندیدم

س - آف اوہ اب تو ٹرکا ہو چلا -

م - (آہستہ سے) اس بڈھے نے تو اور بھی ہاتھ پانون پھلا دیے -

ص - اپیلٹن - قدم تیز اٹھاؤ -

ص - جہاز کس وقت روانہ ہوگا -

س - ٹرٹے کے گجردم -

ص - اوہ تو ابھی عرصہ ہے - مین گھوڑے پر سوار ہوا اور چلا -

عاشق خستہ حال و جگر فگار نے اپنی معشوقۂ طرحدار اور پیر مرد سلیقہ شعار کو مس ونیشیا کی کوٹھی سبز رنگ غیرت نگار خانۂ ارژنگ پر چھوڑا - رنج والم سے بمقتضائے مجبوری و مصلحت تھوڑی دیر کے لیے منھ موڑا - طرارے بھرتا تیز قدم دھرتا گھر مین داخل ہو کر آدمی کو آواز دی - اندر سے خادمہ آئی - اسکو حکم حاکم مرگ مفاجات کی خبر سنائی - سنتے ہی خادمہ بامیز دہ دل غمزیز آنکھون مین آنسو بھر لائی - مگر اقا کے حکم سے طاقت انکار کجا - گنجایش اصرار کجا آبدیدہ ہو کر خدمتگار کو جگایا - اسباب بندھوایا - فرس تند خو پر کاٹھی کس بیگ گلے مین ڈال آدمیون سے رخصت ہو کر اور رو رو کر روانہ ہوا - عازم کوے جانانہ ہوا - اثنائے راہ مین رہوار صبا رفتار کو خیز کیا - عجلت کے سبب سے قدم قدم پر تیز کیا - کبھی مہمیز کا اشارہ بتایا کبھی کوڑا جمایا گھوڑا نازک مزاج تاب کہان کہ کوڑا کھائے ؏

تپا ہوا اور پتے پہ آیا

جب دور سے ٹاپون کی آواز آئی تو پیر مرد یعنے کرنل میکفرسن نے بادیدۂ پرنم کہا تو ونیشیا افسوس جدائی کی گھڑی نے مجسم صورت دکھائی - ونیشیا بیچاری فلک کی ستائی عین حالت آشفتگی و بیتوانی مین پھاٹک پر بیٹھی تھی جنون کے مارے تنکے چنتی تھی تمام عالم اسکی نظر مین تیرہ و تار تھا - طائر دل صید شرادبار تھا - انشا -

دل ستم زدہ بیتاب ہوئے لوٹ لیا | ہمارے قبلہ کو دو بیوں نے لوٹ لیا

اپیلٹن

اپلیٹن کی جنگی وردی اسوقت چاندنی رات مین جگمگاتی تھی جرأت بلا مین لیتی تھی - بسالت صدقے ہوتی جاتی تھی - سمند دغا پسند سے اُتر کر اُس بیکس و بے بس نے اپنی پیاری وینشیا کو بیتابانہ گلے لگایا - اور دلاسا دے دیکر سمجھایا - اِدھر صبر و استقلال کی نمایش تھی اُدھر حزن و ملال کی افزایش تھی - عاشق بحر حسرت مین غوطہ زن معشوق نخچیر تیر حزن و محن اِدھر چشم خونچکان - اُدھر سینہ بریان اِدھر دیدۂ مطروح - اُدھر سینہ مجروح - صبا -

	ہمکو تو مل کے حسینون سے بڑے رنج ہوے خوش رہا کرتے تھے پر یونمین سلیمان کیونکر

ہاے اگر ایک گلبدن سے آنکھ نہ لڑتی تو عین سیر چمن مین اوس کیون پڑتی -

س - بھائی اپلیٹن یہ فقط تمھاری ناتجربہ کاری اور جھوٹا وہم و گمان ہی کہ جدائی کے نام سے اِس درجہ خفقان ہی اگر خواستہ خدا ہی تو گل و بلبل کا پھر وصال ہوگا عاشق و معشوق کا دامن گوہر آرزو سے پھر مالا مال ہوگا - صبا -

بہار آئے الٰہی وہی سمان پھر ہو	پھر ایک جا گل و بلبل کو باغبان دیکھین

ص - میری جان سے زیادہ پیاری وینشیا - خدارا اسوقت لب لعل شکر فاسے ایک بوسہ تو دے لو - وینشیا - اسوقت دل پھٹا جاتا ہی - وینشیا پیاری وینشیا ہاے کلیجا منھ کو آتا ہی - خدا کے لیے رخصت کیوقت ذرا تو بول لو - اُف جان جان -

وینشیا بیچاری بڑی دقت سے کچھ کہنے کو تھی کہ اتنے مین کرنل نے غل مچا کر کہا کہ - اپلیٹن - تم اپنی ڈیوٹی (فرض) کو ذرا عزیز نہین رکھتے - اور اگر اب تمنے چلنے مین توقف کیا تو تمھاری وہی سزا ہوگی جو مورچے سے بھاگ جانے اور دشمن کو پیٹھ دکھانے والے سپاہی کی سزا ہونی ہی مین بحیثیت کرنل میکنزسن حکم دیتا ہون کہ گھوڑے کی پیٹھ پر آؤ اور بگٹٹ دوڑاؤ اپلیٹن نے وینشیا کو آخری مرتبہ پھر پیار کیا اور رو رو کر کہا کہ پیاری اگر ہنگام رخصت مجھپر احسان کرنا ہی تو ایک بوسے لو اُس خستہ و حزین ستم رسیدہ و غمگین نے بمجبوری بوسہ لیا - ہنوز رخسار عاشق زار پر معشوق جگر فگار کے لب شیرین کی تری بدستور تھی کہ اپلیٹن پھرتی کے ساتھ پشت توسن آہو شکار پر اُچک گئے - اور (الوداع دنی) کی آواز وینشیا کے کان مین آئی تھی کہ گلگون خوش خرام و تیز گام ہوا ہوگیا - اپلیٹن نے چلتے وقت غل مچا کر کہا کہ الوداع وینشیا - مگر گھوڑا اِس چستی و چالاکی سے بگٹٹ بھاگا کہ صرف (الوداع دنی) تو اس غمزدہ دختہ نے سنا مگر اپنا پورا نام دنی شیا اپنے عاشق کی زبان سے نہ سن سکی حسرت ہی رہ گئی کہ (دنی) کے بعد (شیا) کا لفظ بھی سن لیتی - مگر دلکی دل ہی مین رہی جبتک گھوڑے کی ٹاپونکی آواز کان مین آئی تب تک وہ دل شکستہ خوب روئی اور چلائی مگر جب آواز غائب ہوگئی تو وینشیا کو ہر سمت بھیانک بھیانک کالی کالی صورتین نظر آنے لگین - اور واہمے نے وہ رنگ جمایا کہ وہ کل فرضی صورتین اس کم سن اور ناتجربہ کار دلفگار کو ڈرانے لگین کبھی واہمے نے بے سر اور بے دُم کا گھوڑا چلتا پھرتا دکھایا کبھی انسان کے دھڑ پر گدھے کا سر نظر آیا ایک دفعہ دیکھا کہ ہاتھی درخت پر بیٹھا ہی - پتا کھڑکا اور بندہ سرکا - یہ مثل حسب حال تھی زندگی وبال تھی - ایک تو یار آشنا کی مفارقت کا غم دوسرے سترہ اٹھارہ برس کا سن تجربہ بھی کم تیسرے تنہائی اور شب تیرہ و تار چاندنی غائب - اندھیرا نمودار - امیر کی ھاجزادی خوگر راحت و شادی

نازونعم کی پروردہ صدہا آدمیون مین رہنے سہنے کی عادی
عشق کی پہلی ہی منزل - ننھا سا کلیجا - دل صید آفات
مشکل - ؎

الا ایہا الساقی ادر کاساً و ناولہا
کہ عشق آسان نمود اول ولے افتاد مشکلہا

رنج جدائی اور خوف تنہائی اور شب دیجور اور
قلق موفور سے غشی کی حالت طاری ہوئی - بیخودی و
ازخود رفتگی کی گرم بازاری ہوئی - مثل تصویر خاموش
قوت سامعہ سے کچھ دیر کے لیے بے بہرہ پنبہ در گوش -
اتنے مین حسن اتفاق سے ایک بادرچی جو حسب ضرورت
کسی گانون کو گیا تھا کھٹ پٹ کرتا ایک ٹٹو پر آتا تھا
احاطہ کوٹھی کے پاس آیا تو دیکھا کہ درخت کے سایے
مین کوئی کھڑا ہوا ہی عین پھاٹک پر ڈھیری دیے اڑا
ہوا ہی - پہلے شک ہوا کہ صرف مغالطۂ نظر ہی - انسان
نہین فقط واہمے کا اثر ہے - لیکن قریب آیا تو شک کافور
اور مغالطۂ نظر کا احتمال دور ہوگیا - خوب غور کرکے دیکھا تو خوف
نے ٹیٹوا یا - ڈرتے ڈرتے ایک مرتبہ جلا اٹھا کہ تو کون ہی -
اس آواز نے بیچاری وینیشا کو چونکا دیا بھیانک بھیانک
صورتین تو آنکھون کے تلے پھر ہی رہی تھین - سمجھی کہ کسی
بھوت پریت نے مجسم صورت دکھائی - غضب ہوگیا
شامت آئی - زور سے چیخ کر گری تو بیہوش - دین و دنیا
فراموش - چیخنے کی آواز سے بادرچی نے بھانپ لیا
کہ مس وینیشا ہی - اتنے مین کوٹھی کے حوالی موالی نے
باہم کہا کہ یہ عجب سانحہ ہوش ربا ہی - کہ پھاٹک کے قریب
کسی نے اسوقت غل مچایا اور اس زور سے چلایا کہ
سامعین کے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوگئے دس پانچ
آدمی تبیان روشن کرکے چلے کہ دیکھین کیا ماجرا ہے -
انسان ہی یا چھلاوا ہی بادرچی نے آوازدی کہ جلد آؤ خدا کے
لیے دیر نہ لگاؤ ورنہ ناکامی ہوگی - اور صبح کو انتہا کی بدنامی
ہوگی - لوگون نے لمبے لمبے ڈگ بڑھائے اور قریب آئے
تو دیکھا کہ ایک لاش پڑی ہی اور سامنے ٹٹوی کھڑی ہی -
باورچی - غور کرکے دیکھو کہ یہ کون ہی - آواز تو مس وینیشا کی سی تھی
ایک آدمی - (روشنی قریب لیجاکر) ارے -
دوسرا آدمی - این ! ارے یہ ماجرا کیا ہی - یہ تو ہماری
آقازادی مس وینیشا ہی -
تیسرا آدمی - دیکھئے کیا ہوا ٹھاؤ غش مین ہی تعلقہ سونگھاؤ -
چوتھا آدمی - (سردرکر) کیسا غش اور کسکی بیہوشی میان
یہان کام ہی تمام ہی - اس خاندان کی بقا کا پیمانہ لبریز ہوگیا
مس وینیشا آفتاب لب بام ہی نبض چھوٹ گئی - ہماری آرزو
کی کمر ٹوٹ گئی -

سب نے ملکر دیکھا تو ہاتھ پانون مثل یخ سرد تھے سب
اعضا و جوارح آلودہ خاک و گرد تھے - سمجھے کہ سانحہ غمگین ہی
ہاے دم واپسین ہی - نوکرون چاکرون نے ایسا کہرام مچایا کہ
مس وینیشا کی چچی کو خواب ناز سے جگایا - آنکھ کھلتے ہی ماتم
کی آواز کان مین آئی تو خود بھی بے سمجھے بوجھے خوب روئی
پیٹی - پیش خدمتون نے روتے روتے کہا کہ حضور ادھر تشریف
جلد جلد قدم اٹھائین مس وینیشا کو دم واپسین چھاتی سے لگائین
اس فقرۂ ہوش ربا کا سننا تھا کہ اس خاتون عصمت مآب نے
نعرہ بلند کیا پیش خدمتون نے ہاتھ مین ہاتھ دیا -

خاتون - (خفا) یعنی مس وینیشا کی چچی - ارے لوگو

بتاؤ تو ماجرا کیا ہی۔ پیاری ونیشیا کس مصیبت مین مبتلا ہی۔
پیشخدمت ۔ حضور ابھی ابھی اس مہری پر سب نے مل کر لٹایا ہی۔ جانے کیا غیب کا تھپیڑا کھایا ہی۔ ہوش ہی نہ حواس ہی بس اب تو ہجوم نومیدی و یاس ہی۔

خاتون ثریا جاہ و خردآگاہ نے بکمال استقلال ونیشیا کی پیشانی اور سینۂ نورانی اور نبض پر ہاتھ رکھکر کہا کہ گھبرانے کی بات نہین صبر کو ہاتھ سے نہ دو لخلخہ سونگھاؤ اور معاً ڈاکٹر کو بلاؤ

خدام باادب حکم پاتے ہی بتا ہوے ڈاکٹر کو جگایا۔ سارا حال کہ سنایا۔ تھوڑی دیر کے بعد کوٹھی کے احاطے مین ایک فٹن گھڑگھڑاتی ہوئی آئی۔ لوگون نے غل مچایا کہ ڈاکٹر کی وہ سواری آئی۔ خاتون بالغ خرد نے بکشادہ پیشانی ڈاکٹر سے ہاتھ ملایا۔ اور ونیشیا کے قریب لیجاکر بٹھایا۔ ڈاکٹر نے کل کیفیت معاینہ کرکے کہا کہ مفصل حال بتاؤ۔ اور راحۂ روح افزا برابر سونگھاتے جاؤ۔

خا۔ (علحدہ لیجاکر) مفصل کیفیت تو مجھے خود بھی نہین معلوم لیکن اسقدر جانتی ہون کہ لفٹنٹ اپلیٹن نامے ایک خوبرو اور عنبرین موجوان رعنا ہی۔ کشیدہ قامت قمر طلعت اور بلند بالا ہی۔ ام اے اور رنیگلر ہے۔ مجمع علم و ہنر ہی۔ شاعری اور نکتہ پردازی مین طاق ستاری اور جادو طرازی مین شہرۂ آفاق۔ سائنس مین بھی پایگاہ حاصل ہی عالم و فاضل اور مرد کامل ہی۔ وہ ونیشیا کے پاس اکثر آیا جایا کرتا ہی اور قیاس سے کہتی ہون کہ اسکے عشق کا دم بھرتا ہی۔ اسکا بھی اسپر دل آیا ہی اور کیون نہ آئے ایک جری اور ذی لیاقت جوان فوجی افسر پایا ہی۔ میری بھی خواہش ہی کہ ونیشیا کا اسی کے ساتھ بیاہ ہوا

اسکے والدین بھی تہ دل سے چاہتے ہین کہ ان دونون مین نکاح ہو۔ آج حسب معمول سرشام ہوا کھانے گئی مگر خلاف معمول دیر کرکے آئی ہین سوتی تھی کہ لوگون نے جگایا اور ونیشیا کا حال بتایا۔ دیکھا تو ہاتھ پاؤن سرد اور آغشتہ خاک و گرد ہین۔ خدا جانے یہ کیا ماجرا ہی۔ مگر کوئی نیا گل ضرور کھلا ہی

ڈاکٹر نے مس ونیشیا کا سارا حال بغور سنا۔ اور خاتون عفت مآب سے کہا کہ آپکے استقلال سے مین خوش ہوا۔

ڈاکٹر۔ خدام سے پوچھیے کہ کس حیثیت مین سب سے پہلے دیکھا تھا۔

خا۔ پھاٹک کے پاس چپ چاپ کھڑی تھی باورچی گنوار آدمی سمجھا کہ بھوت پریت ہی۔ غل مچایا۔ تو ونیشیا زور سے چیخی اور بیہوش ہوگئی۔

ڈاکٹر۔ لفٹنٹ اپلیٹن کو بلاؤ۔

خاتون معمر نے کہ از بس مستقل مزاج و زن پاک و پارسا تھی آدمیون کو حکم دیا کہ ڈاکٹر صاحب کی فٹن پر اپلیٹن کو بلالاؤ اور ابھی ابھی لاؤ۔ کہنا کہ گاڑی دروازے پر کھڑی ہی چلو تمھاری ونیشیا بیہوش پڑی ہے۔

فٹن واپس آئی تو اپلیٹن ندارد۔ ایک خادمہ اتری اور جھک کر اشارے سے آداب بجالائی۔

خا۔ تمھارے آقا کہان ہین۔

خادمہ۔ میم صاحب وہ ابھی تھوڑی دیر ہوئی آئے تھے اور دم کے دم ٹھہر کر گھوڑے پر سوار ہوے اور کچھ اسباب لے کر چلے گئے۔ ہم سے کہ گئے ہین کہ کہین جنگ ہونیوالی ہی۔ اُن کے نام حکم آیا تھا کہ معاً فوج مین شریک ہوکر میدان جنگ مین جائین جہاز اب تھوڑی دیر مین

ڈاکٹر - بس وجہ معلوم ہوگئی - گھبرانے کا مقام نہیں -
ڈاکٹر نے خاتون عفت مآب کو دلاسا دیا اور ایک آدمی کو بھیجکر ڈاکٹر خانے سے دوا منگائی - دنیشا کو پلائی اور کچھ پیشانی اور سر پر لگائی دس منٹ مین دنیشا نے آنکھ کھولی تو چچی بولی کہ پیاری دنیشا طبیعت کا کیا حال ہے - اُس نوعروس خستہ جگر نے بصد نزاکت چچی کا ہاتھ اپنے پیارے ہاتھون مین لے کر کہا کہ چچی جان انتہا کا حزن و ملال ہے - حتی کہ جینے سے بیزار ہون زندگی وبال ہے - رنج و غم نے مجھے بھیانک بھیانک صورتین دکھائین کبھی پریت سوجھے - کبھی چڑیلین نظر آئین - ایک رنج تنہائی کا کیا کم تھا کہ اُسپر یہ اور طرّہ ہوا ؎

سانس دیکھی تن بسمل مین جو آتے جاتے
اور چرکا دیا جلاد نے جاتے جاتے

قلب بے اختیار ہے - دل سخت مصیبت سے دوچار ہے ؎

ایک آفت سے تو مر مر کے ہوا تھا جینا
پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی

ادھر کا قصہ تو یہان چھوڑا - اب اپیلٹن کا حال سنیے معشوقہ زرین کمر اور دلدار دلبر کے لعل نوشین کا بوسہ پاکر اور شدید رشک خیز کی باگ اُٹھاکر چلے تو ایک ایک قدم پر یہ تھے اور شور و شیون دل تھا اور رنج و محن - کبھی سوچتے تھے کہ ہائے وقت رخصت اپنی کہی نہ اُسکی سنی پیاری دنیشا نے ایسے ہجوم یاس و نا امیدی کیوقت بھی ہمارا کہنا مانا ہمارے التماس عجز اساس کو قبول فرمایا اور لب لعل شکر خاسے بوسہ لیا اور ہنسنے اشد درجہ ملوطا چشمی کی کہ پشت توسن پر بلا اجازت آئے اور گھوڑے کو کرکرا دیا -

دائین جانب کرنیل میکفرسن صاحب کا کمیت خوش خرام دتیز گام طرارے بھرتا جاتا تھا - بائین طرف عاشق زار فسردہ دل و جگر فگار لفٹنٹ اپلٹن کا شدید رسبک خیز اُٹھکھیلیان کرتا جاتا تھا - دونون تند خو گھوڑونکی ٹاپونسے جنگل گونجنے لگا اور آواز بازگشت نے گویا تازیانہ کا کام کیا - جسقدر ٹاپونکی آواز بلند ہوتی تھی اُسیقدر اُنکی سرعت و تیزی دہ چند ہوتی تھی - کرنل برانڈی کے نشہ مین چور سیہ مست و مخمور تھا - مگر اپیلٹن بیچارہ مصیبت کا مارا دلخور و رنجور تھا لیکن بندگی بیچارگی فوج کا لفٹنٹ اگر کسی زن جادو نگاہ غیرت مہ و ماہ کے عشق کا اسدرجہ دم بھرے کہ مورچے پر جانے سے انکار کرے تو لوگ تا ایمان بجائین - وقائع نگار خاکہ اُڑائین ناچار قہر درویش برجان درویش معشوق سے اجازت بھی نہ پائی مگر گھوڑے کی باگ اُٹھائی گو فرس آہو شکار پر سوار تھا مگر دل دل مصروف طرف کوے یار تھا - صبا ؎

آدم سے باغ خلد چھٹا ہم سے کوے یار
وہ ابتداے رنج تھی یہ انتہاے رنج

دو کوس تک دونون سوار چپ چاپ گھوڑے کڑکڑاتے چلے جاتے تھے اور گلگون شیر طبیعت مرد کو شرماتے تھے - اُسکے بعد کرنل میکفرسن قدم قدم جانے لگے اور اپنے ساتھی سے یون اظہار ہمدردی فرمانے لگے -

س - اپیلٹن - اب وقت پر پہونچ جائینگے -

ص - ہان! -

س - انگلستان کے ساتھ ہمدردی کا یہی موقع ہے چاہے جان جائے مگر بات نہ جائے - عزت و عظمت مین ذرا فرق نہ آنے پائے - آتش ؎

حاضر ہین ہم جو معرکۂ کارزار ہو | مرنے قبل مست کے اوپر سوار ہو

انگلستان کے اقبال کی یہی کافی دلیل ہی کہ ہم لوگ پیادے سے لیکر تا بہ جنرل جنگ پر جانا اور اپنے وطن کے نام پر سر کٹانا بڑی معراج سمجھتے ہین۔ جب تو ہمنے نپولین کو نیچا دکھایا اور جنگ بحری مین ہسپانیہ کے مشہور مشہور جنرلون نے اپنے ملک کا نام ڈبایا ؎

آن نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پشت من | آن منم کاندر میان خاک و خون بینی سرے

انگلستان!۔ پیارا انگلستان!!

ص۔ صحیح۔

س۔ تم مورچے پر چلنے سے اسوقت خوش ہوا نہین

ص۔ ہان۔

س۔ تلوار کے منھ مرنے اور توپ کا گولا کھاکر جان دینے اور میدان کارزار مین زمین پر ٹھنڈے ہوجانے سے بڑھکر سپاہی کو کوئی خوشی نہین ہی۔

ص۔ بجا۔

س۔ تم اسوقت خوش نہین نظر آنے اسکا کیا باعث ہی۔ یہ تو وہ وقت ہی کہ سپاہی اور پیادہ اور کرنل اور جنرل سب کے سب خوش خوش مورچے پر جاتے ہین اور مناتے ہین کہ یا الٰہی فتح ہو۔

ص۔ اسوقت میرا دل بھر آیا۔ اور آنکھین پرنم ہوگئین

س۔ سنو ابھی تم صاحبزادے ہو۔ اتفاقات کی اور بات ہی ورنہ تمھین ابھی ظاہرا اسباب بہت دن جینا ہی اگر فوج مین عزت اور نام نیک چاہتے ہو تو ان خیالات کو دل سے نکالو۔ بات مانو۔ اب جنگ کا خیال کرو عشق و حسن کا جھگڑا بس ختم ہوگیا۔ اور فوجی آدمیون کو تو غم اپنے قریب آنے ہی نہ دینا چاہیے۔ ایک ذرا سی گولی مین دار انیا رہی۔ آج مرے کل دوسرا دن۔ گویا پیدا ہی نہین ہوے تھے صرف میدان جنگ اور رن کی زمین سے انھین سرد کار ہی۔

ص۔ کرنل مجھے صرف یہ خیال ہی کہ مین نے مس وینشیا کو چلتے وقت کیون مجبور کیا کہ بوسہ لے۔ اُسنے تو ایسی حالت حزن و ملال مین میرا کہنا مانا اور مین نے اسدرجہ بے جا منی کی کہ اجازت تک نہ لی اور روانہ ہوگیا اُف۔ کرنل یہ خیال میرے دل کے ساتھ وہ کرتا ہی جو کفر ایمان کے ساتھ اور موت جان کے ساتھ ہاے اس دل کو کون سمجھا دے۔ صبا ؎

تو نہ ہوتا تو نہ دنیا مین کوئی غم ہوتا | کیون عدم سے تجھے ساتھ اے دل شیدا لائے

س۔ اگر دل کو مضبوط نہ رکھو گے تو ہم سمجھینگے تم فوج کے قابل نہین ہو یہان وینشیا کہان وہ جہان تھی وہان تھی۔ یہان تو ہر دم کانون مین کوے کی آواز آنی چاہیے اور زبان سے بزن بزن نکلنا چاہیے۔

ص۔ ہمین تو وینشیا کی صورت ہر برگ و بار اور در و دیوار سے نظر آتی ہی۔ بقول شاعر ؎

اتنی تو دید عشق کی تاثیر دیکھئے | جس سمت دیکھتے تری تصویر دیکھئے

س۔ اسوقت کارزار کا خیال ضرور چاہیے۔ اب ملال کیے سے کیا ہوتا ہی زندگی ہی تو مس وینشیا مسٹر اپلٹن ضرور کہلائینگی

الغرض ادھر وینشیا اُدھر عاشق شیدا کا عجب حال تھا جینا وبال تھا لفٹنٹ اپلٹن میدان جنگ سے بخیر و عافیت واپس آئے تو بنا مس وینشیا اپنے باپ کے ساتھ ہندوستان گئی اور غنچۂ دل اسکا طرب کے اہتزاز سے کھل گیا ایسے خوش ہوے

کہ گویا قارون کا خزانہ ملگیا۔ عاشق کی آرزوے دلی بر آئی معشوق نے منہ مانگی مراد پائی۔ ہندوستان مین آئے تو خوشی کے شادیانے بجائے مس وینیشا واقعی مسز اپلٹن ہوئین ؎

جس طرح اکھین بہم ملایا | بچھڑے ہوے سب ملین خدایا

راوی نے یہ روایت عمداً اندر ناظرین کی تاکہ مس وینیشا کا حال سمجھ مین آئے اور اپلٹن کے نام سے اجنبیت نہ پائی جائے۔

اُس بت شیرین حرکات مجموعۂ صفات کائنات یعنی مس وینیشا نے جو میان آزاد کو ناکام و نامراد پایا۔ تو اپنے پیارے شوہر سے بصد ناز یون فرمایا۔

م۔ چارلی۔ پیارے اِس جنٹلمین سے کیونکر پوچھین کہ آہ سرد اور دل پُر درد کا سبب کیا ہی۔ بتاؤ۔

ص۔ پیاری تم اولے ایسے آدمیون کو جنٹلمین کیون کہتی ہو یہ تو (نگر) یعنے (کالا آدمی) ہی۔

م۔ دیکھو تمنے پھر وہی چھیڑ خانی کی۔

ص۔ تو پھر تم ہمارے چڑھانے کے لیے کالے آدمیون کو جنٹلمین کیون کہتی ہو۔

م۔ کالا آدمی تو ہم حبشی کو کہتے ہین یہ تو گورا چٹا خوبصورت آدمی ہی۔

ص۔ تو خوبصورت ہونے سے جنٹلمین بن جاتا ہی۔ واہ جنٹلمین کی اچھی تعریف کی۔ انگلستان کے سپاہی سب سرخ و سفید ہوتے ہین تو کیا اس سے وہ سب کے سب جنٹلمین ہو گئے

م۔ تم تو اپنی دلیل سے آپ قائل ہو گئے۔ تمھارے کلام سے یہی ثابت ہوا نہ کہ جنٹلمین گورے چمڑے سے انسان نہین ہوتا۔ پھر یہ کیا فرض ہی کہ تم سب تو جنٹلمین ہو اور اُس ملک کے

باشندے نگر ہی کہلائین۔ واہ اچھا انصاف ہی نگر نگر!! مگر کیا منصف

میان آزاد و نیشیا اور اپلٹن کی ملاقات

اتنے مین جہاز کے ایک کونے سے آواز آئی کہ (او گیدی نہوئی قردلی۔ نہو آ پہنچے۔ ورنہ لاش پھڑکتی ہوتی اسوقت) میان آزاد سمجھ گئے کہ حضرت خواجہ بدیع صاحب کو دور سے شیطان نے انگلی دکھائی۔ وحشت سر پر سوار ہوئی قردلی یاد آئی ڈرے کہ ایسا نہو کسی یورپین سے لڑ پڑین۔ فہیم کی ترنگ مین ہو جو جھگڑ پڑین۔ قریب جاکر پوچھا کہ کس پر بگڑے کیون چلایا۔ کون یاد آیا۔ کس پر غل مچایا۔

خوجی۔ (خو) یعنی خواجہ بدیع الزمان بدیع۔ اجی جاؤ بھی یہان شکار ہاتھ سے جاتا رہا واللہ گرفتار ہی کر لیا تھا گیدی کو پاتا تو اتنی قردلیان لگاتا کہ چھٹی کا دودھ یاد آتا۔ مگر میرا پانون پھسل گیا اور وہ نکلگیا۔

آزاد۔ (مسکراکر) یار ایک آنچ کی ہمیشہ کسر رہجاتی ہی خیر ابکی چپر غٹو کرنا گیدی کو۔ یہ تھا کون۔

خو۔ تھا کون؟ تھا کون؟ ہوتا کون؟ وہی بہروپیا مردود اور کس کو پڑی تھی بھلا۔

آزاد۔ بہروپیا؟۔

خو۔ جی ہان بہروپیا بڑا تعجب ہوا آپ کو۔

آزاد۔ بھئی ہان تعجب کیون نہ جانا ہی۔ کیا بہروپیا بھی جہاز پر سوار ہو لیا ہی۔ بڑا لاگو ہی بھئی۔

خو۔ سوار نہین ہوا تو آیا کہان سے۔ ٹھہر جا گیدی تو خواجہ بدیع قردلیان ہی نہ بھونکی ہون (مونچھون پر تاؤ دیکر انشاء اللہ)

آزاد۔ کیا سوتے تھے خوجی یا پینک مین تھے۔

خو۔ خوجی کی ایسی تیسی مردود کی۔ پھر تمنے خوجی کہا ہم کو کیون جی ؟ ۔

آزاد۔ معاف کرنا بھئی۔ قصور ہوا۔

خو۔ واہ اچھا قصور ہوا۔ کسی کو دو جوتے لگا ئیے اور کہیے قصور ہوا۔ خواجہ بدیع صریح مجھ کمبخت کا نام تھا۔

آزاد۔ نام تھا۔ کیا اب نہین ہی۔

خو۔ جب دیکھو خوجی خوجی خوجی۔ خوجی کی ایسی تیسی مردک کی

آزاد۔ جناب خواجہ بدیع صاحب یہ بہروپیا کمبخت کہان سے آگیا۔

خو۔ ارے صاحب اب تو خواب مین بھی آنے لگا۔ ابھی ابھی مین سوتا تھا آپ موجود۔ میرے ہاتھ مین اسوقت انیم کی ڈبیا تھی پھینک کے ڈبیا اور لیکے کنارا جو پیچھے جھپٹا تو دو کوس نکلگیا مگر شامت اعمال سے ایک مقام پر ذرا سا پانی پڑا تھا۔ روح فنا ہوگئی پھسلا تو ارا را دھوں۔

آزاد۔ کیا گر پڑے ؟ ارے توبہ !۔

خو۔ بس کچھ نہ پوچھیے۔ پھر آپ جانیے میرا گرنا یہ معلوم ہوا جیسے ہاتھی پہاڑ سے گرا دھڑام۔ دھڑام۔

آزاد۔ اسمین کیا شک ہی۔ آپکے ہاتھ پانون ہی کہے دیتے ہین۔ وہ تو کہیے بڑی خیریت گذری۔

خو۔ اور کیا۔ اللہ نے بچایا۔

آزاد۔ تو یہ کہیے ہتھے پر سے اُکھڑ گیا۔

خو۔ اوہ جانا کہان ہی گیدی رگید کے ماردن فردلیان تو خواجہ بدیع۔ یہان کیدانی کر چکے ہین۔

لفٹنٹ اپلٹن اور دنیشیا دونون میان آزاد اور خوجی کی تقریر سنتے تھے۔ اپلٹن تو اردو خوب سمجھتے تھے مگر دنیشیا ناواقف تھین۔ اپلٹن نے ترجمہ کر کے بتایا تو دنیشیا نے قہقہہ لگایا کہ معقول یہ تمخ۔ اچھا بھرکا آدمی۔ ایک ایک ماشہ کے ہاتھ پانون اور اُس کے گرنے سے اتنی بڑی آواز ہوئی کہ جیسے ہاتھی گرے۔

ص۔ سڑی ہی کوئی۔

م۔ پکا سودائی معلوم ہوتا ہی۔

ص۔ خدا جانے کیا واہی تباہی بکتا تھا قردلی بات بات پر بھونکتے ہین آپ۔

م۔ اہاہا۔ تم چپ رہو ہم اس جنٹلمین سے پوچھتے ہین کہ یہ کون پاگل ہی۔ بس انھین باتون باتون مین ہم اسکا بھی حال پوچھ لینگے۔ ہی نہ۔

ص۔ اچھا۔ مگر ہندوستانی بدتمیز ہوتے ہین۔ تم گفتگو نہ کرو اس سے۔

م۔ اب تو اتنے دن ہم بھی ہندوستان مین رہ آئے ہین ہم سے یہ باتین نکرو اچھا انھین پوچھو۔

ص۔ (انگلی کے اشارے سے میان آزاد کو بلایا)۔

میان آزاد ایسی بھلا کب سننے والے تھے۔ ٹک ٹک دیدم دم نکشیدم۔ اپلٹن پلٹنی آدمی چہرہ مارے غصے کے لال ہوا غیظ و غضب سے عجب حال ہوا خیال ہوا کہ دنیشیا پھنکنے لگائیگی تا ایان بجائیگی کہ ایک نگر تک مخاطب نہوا بات کا جواب تک نہ دیا۔ دنیشیا نے جو یہ کیفیت دیکھی تو اٹھلاتی اور مسکراتی ہوئی میان آزاد کیطرف گئی۔ میان آزاد لیڈیون سے بولنے چالنے اور جنٹلمینون مین ہنسنے کے عادی تو تھے ہی انھون نے ایک معزز اور خوبرو اور کم سن لیڈی کو جو مخاطب پایا تو بصد ادب ٹوپی اتار لی اور تسلیم بجالائے۔ مسکرائے اور پوچھا کہ آپ کہان تشریف لیجائینگی۔

م - انگلستان -
آزاد - ہان - ہندوستان مین کس قدر عرصہ تک رہنے کا اتفاق ہوا -
م - بہت کم - یہی کوئی برس سوا برس -
آزاد - درست -
م - یہ پستہ قد آدمی کون ہی -
آزاد - جی ایک مسخرہ ہی -
م - خوب باتین کرتا ہی - ہنستے ہنستے اسوقت پیٹ مین بل پڑ پڑ گئے -
آزاد - جی ہان بڑا مسخرہ ہی -
م - (اپنے شوہر کیطرف مخاطب ہوکر) چارلی یہ جنٹلمین کہتے ہین کہ وہ بونا مسخرہ ہی (آزاد سے) یہ لفٹنٹ اپلٹن ہین میرے شوہر - آیئے آپ سے انکی ملاقات کرادون -
آزاد - (ہاتھ بڑھاکر) گڈ مارننگ سر -
ص - (مصافحہ کرکے) گڈ مارننگ - آپ کہان جائینگے -
آزاد - ٹرکی -
م - ہان! کیون ؟ کوئی خاص کام ہی یا صرف بہ طریق سیر و سیاحت -
آزاد - ایک ضروری کام ہی -
ص - وہان تو آجکل جنگ چھڑی ہی -
آزاد - جی ہان مین بھی اسی لیے جاتا ہون -
ص - اوہ! جنگ کے واسطے -
آزاد - ہان ایک سبب حائل ہی -
م - آپ تو ٹرکی کا ہانھ بٹائینگے -
آزاد - جی اسمین کیا شک ہی -

ص - اگر آپ مجھے معاف کرین تو ایک بات دریافت کرون اسوقت آپ آہ سرد کیون بھرتے تھے - آپ کی ٹھنڈی سانسون کیطرف میری بیوی نے مجھے متوجہ کیا اسکا کوئی سبب خاص ضرور ہی -
آزاد - کیا عرض کرون کسی ایسے نے مجھے ٹرکی جانے کا حکم دیا ہی کہ اسکی تصویر ہر وقت نظر کے سامنے رہتی ہی -
م - ہم پہلے ہی سمجھ گئے تھے - آپکی شادی ہوئی ہی -
آزاد - جی نہین مین ناکتخدا ہون - مگر ٹرکی سے سرخرو واپس آنے پر میری شادی منحصر ہی -
م - مین سمجھ گئی -
ص - اخاہ میان آزاد تو آپ کا نام نہین ہی -
آزاد - (متحیر ہوکر) ہان ہی تو یہی نام - آپکو کیونکر معلوم ہوا
ص - ایک اخبار مین ہمنے آپکا ذکر خیر دیکھا تھا آپ تو بڑے لائق فائق اور مشہور و معروف جنٹلمین ہین -
جنٹلمین کے لفظ پر دنیشا نے بصد شوخی اپنے شوہر کو چپکے سے ایک ٹھوکا دیا -
م - خدا کرے میان آزاد سرخرو آئین -
ص - میان آزاد ٹھیک ٹھیک حال بتاؤ کہ کس زن ماہرو کی دلفریبیون نے ٹرکی جانے پر مجبور کردیا -
آزاد - دل چوٹ کھاگیا اور کیا بتائین -
م - نام معشوق سمن بر کیا ہی -
آزاد - حسن آرا بیگم -
م - کیا پیارا نام ہی - (بھولے پن کے ساتھ) جی چاہتا ہی اس نام کو چوم لون -
ص - (مسکراکر) این واہ! بہت بھلا معلوم ہوا

م۔ مس حسن آرا بیگم پڑھ لکھ تو ضرور لیتی ہونگی۔

آزاد۔ نہایت تربیت یافتہ لیڈی ہین ذکی الطبع حلیم المزاج خوش فکر۔ ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔

م۔ حسین تو ضرور ہی ہونگی۔

ص حسین تو ایسی ہین کہ ہندوستان سے ٹرکی بھیجا اور جاتے ہین یہی ثبوت حسن مکمل سند کافی ہی قیامت کی پری چہرہ ہونگی

اپیلٹن کسی ضرورت سے ذرا نا خدا کے پاس گئے تو مس ونیشا نے بڑی بے تکلفی سے پوچھا کہ حسن آرا بیگم کی صورت قطع وضع چال ڈھال خوبو کیسی ہی میان آزاد رسیا آدمی تو تھے ہی انکو دل لگی جو سوجھی تو انھون نے دبے دانتون کہا کہ بس بعینہ آپ ہی کا سانکھڑا ہی۔ ایسی ہی گوری گوری گردن۔ ایسی ہی سیم تن۔ ایسی ہی عنبرین بو۔ ایسی ہی تو سن اور ایسا ہی بوٹا سا قد۔

م۔ (شرما کر) تو مس حسن آرا میری چھوٹی بہن معلوم ہوتی ہین کیون صاحب ہمارے گورے پن کی درپردہ خوب تعریف کی۔

آزاد۔ (ہاتھ جوڑ کر) معاف کیجیے گا۔ آپکو اپنے معشوق پر بیچہرہ کا ہمشکل پایا تو اسقدر مکالمے کی جرأت ہوئی۔ ورنہ ہم تھے اور آہ سرد۔ ہم تھے اور دل پر درد بیدرد بے چین۔

لب پر فغان زبان پر بین۔ ۵

کسدن شب غم جانکاہ آفت نہین ہوتی	کب شام سے بان صبح قیامت نہین ہوتی
اسمین عشق کے پھندے سے نکالے	دم توڑتے ہین قطع محبت نہین ہوتی
اٹی ہی تجھے سوجھتی ہی فلک دون	سیدھی کبھی تجھسے مری قسمت نہین ہوتی

م۔ سنو جو چاہتے ہو کہ آرزو بر آئے تو استقلال سے کام لو اور مس حسن آرا کو دل سے بالکل بھلا دو۔ ورنہ مشکل ہی۔ مقدم تو یہ بات ہی کہ دل قابو مین ہو جب وطن چھوڑا احباب چھوڑے پھر اب بھی مستقل مزاج نہو گے تو کب ہو گے۔

آزاد۔ دل پر قابو نہین ہان اتنا قابو تھا کہ اُس ضم ستم کوش و ناز فروش کا کہنا مان لیا۔ روم کا جانا دل مین ٹھان لیا اب اُف بھی نکرون۔ ٹھنڈی سانس بھی نہ بھرون۔

م۔ اسمین کچھ ہرج نہین۔ اگر رونا آئے تو ضبط نکرو۔ ٹھنڈی سانسین ضرور بھرو۔ لیکن دل کو ہاتھ سے نہ دو۔ دن رات مس حسن آرا ہی کے خیال مین نہ رہو۔

آزاد۔ ۵	ناصحا پند مجھ سے وحشی کو اسکو سمجھا جو کچھ سمجھتا ہو

م۔ مس حسن آرا مین سنگدلی ذرا کیون ؟

راوی۔ بت تو سنگدل ہوا ہی کرتے ہین۔

ص۔ مس حسن آرا کی باتین ہو رہی ہین۔ کیا سن ہوگا اُنکا

آزاد۔ یہی کوئی چودہ پندرہ سال۔

م۔ ہین! ہین! ذرا سی لڑکی ہی۔ چودہ پندرہ سال ؟۔

ص۔ نہین نہین ذرا سی نہین ہی۔ ہندوستان کی پانزدہ سالہ لڑکی ہی۔

م۔ (مسکرا کر) ہان سچ کہا۔

اتنے مین جہاز پر ایک دل لگی باز کو سوجھی کہ آؤ خوجہ [illegible] بنائین۔ اور خوب قہقہے لگائین۔ دو چار [illegible] شریک حال ہو گئے جب دیکھا کہ میان خوجی پینک مین سو گئے تو ایک شخص نے دو تیا مرچین اُنکی ناک مین ڈال دین اور ذرا دیر بھر کے بیس قدم پر ہو رہا خوجی نے جو آنکھ کھولی تو آچھین آچھین آچھین۔ چھین۔ چھین۔ یاد لے گئے کیطرح۔ ادھر اُدھر پھرنے لگے مس ونیشا اور لفٹنٹ اپیلٹن اور میان آزاد اور جہاز کے مسافر ہنستے ہنستے لوٹ لوٹ گئے

حضرت خواجہ بدیع صاحب بہت ہی جھلائے اور خوب ہی گرمائے - اب آپ ہی آپ بے نقط سُنا رہے ہین -

آزاد - بھائی خواجہ بدیع صاحب -

خو - بس الگ رہیے گا - (آچھین) -

آزاد - آخر یہ ہوا کیا - کچھ بتاؤ تو -

خو - چلیے آپکو کیا وہ چاہیے جو کچھ ہوا (آچھین) -

آزاد - یار یہ اُسی بہروپیے کا سارا فساد ہی - آپ نے اچھے گھر بیعانہ دیا -

خو - (دیکھیے تو کتنی (ہاچین) قرولیان بھونکی ہون مردُو کو (ہاچین) یاد ہی تو کرے - (چھین) -

آزاد - مگر تم گر گر پڑتے ہو - بہان ایک دفعہ جی کڑا کر کے گرفتار ہی کر لو -

خو - ہونھ ! کیا ہنسی ٹھٹھا ہی گرفتار کر لینا (آچھین)

م - اُسوقت اُسنے کیا کیا -

خو - ناک مین مرچین ڈال دین گیدی نے -

اسپر اور بھی قہقہہ پڑا اور قہقہے کی آواز نے میان خوجی کو اور بھی چونددھیا دیا پاتے تو سب کو کچا ہی کھا جاتے اور بہروپیے کی تو ٹہڈی نک نہ باقی رہتی - مگر خدا انکے کو نہین اٹھایا -

آزاد - ابکی آپ ناک مین بیٹھے رہیے - بس آتے ہی گرفتار کر لیجیے - مگر ہی بڑا شریر - سچ مچ ناک مین دم کر دیا -

خو - اُف اوہ ! کچھ ٹھکانا ہی - یہ ناک مین مرچین جھونکنا کیا معنی یہ ناک کان کی دل لگی کیسی -

آزاد - اور کیا صاحب یہ بڑی بیجا بات ہی -

خو - بیجا اور بجا کے بھروسے نہ رہیے گا مین ایک آدھ دن ہاتھ پانون ڈھیلے کر کے دھر دونگا - کہانکے بڑے خان ہین آپ کوئی نرما سمجھے ہو مجھے بھی لکیدانی کی ہی -

م - (میان آزاد سے) کیا کہتا ہی -

آزاد - (ترجمہ کر کے) کہتا ہی کہ مین فوج مین کپتان رہ چکا ہون -

م - دل - کپتان صاحب -

خو - واہ وا واہ -

آزاد - اور کیون بندہ پرور یہ خاکسار نے کیا کیا تھا جو حضور نے لے ڈالا اسوقت کہ ہاتھ پانون ڈھیلے کر دونگا اور چنین وچنان -

خو - (آنکھین کھولکر) ارے یہ آپ تھے -

آزاد - اور نہین تو کیا آپ کے باپ تھے -

خو - بھائی معاف کرنا -

آزاد - یار کوئی تدبیر ایسی کرو کہ بہروپیا پکڑ لیا جاے -

خو - تم بولو نہین - بس دیکھتے جاؤ صبح شام مین گرفتار ہی کیا چاہتا ہون گیدی کو -

آزاد - لیکن اب ذرا ہوشیار سوئیے گا - بہروپیا گیا جہنم مین ایسا نہو کوئی حریف روپے دو پے غائب کر دے بیوقوف کہین کا اب گدھے بہان بہروپیا کہان -

خو - بس خودی بزرگی ہو چکی - ہمین جو کہیگا سنے گا بھی بس رخصت (بوریا بدھنا اُٹھا کر) بندہ چلتا ہی - یار انہو ہو چکا - اور سنیے ہم گدھے ہین - کیا جانے کتنے گدھے ہنے بنا دیے

آزاد - چلیے گدھے نہین گدھے گر سہی - لیکن جائیے گا کہان یہ بھی خشکی ہی کچھ معقول ! -

خو - او جہاز کے کپتان - او ناخدا - جہاز روک لے -

آزاد - این !!! جہاز روک لے !!! کیا خوب !!! -

راوی - واللہ پھر کا دیا - واہ میاں خوجی - کیون نہو اپنے حساب کو باچھ کھلے پر لدے ہین جب چاہا روک لیا

م - (زور سے قہقہہ لگاکر) کیا جہاز کو روکنے کا حکم دیتا ہی

ص - (ہنسکر) ہان بہت بگڑے ہین -

خو - ارے جہاز روک لے - او ناخدا -

ص - وہ یون نہ سنے گا دو چار ہاتھ توڑلی کے لگائے تو پھر سُنے ؛

یہ گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ خدمتگار نے آکر صاحب سے کہا حضور (حاضری) چنی گئی -

م - میان آزاد سے بھی کہو کہ ہمارے ہی ساتھ کھانا کھائین

ص - مسٹر آزاد - میری بیوی کی خواہش ہی کہ اسوقت ہم آپ کے ساتھ کھانا کھائین - ہم اپنی کیبن مین کھاتے ہین -

آزاد - کیا مضائقہ -

م - ہم چاہتے ہین کہ آپ ہمارے ساتھ بیٹھا اُٹھا کیجیے دو گھڑی غم ہی غلط ہوگا -

آزاد - مین کمال مشکور ہوا -

م - مسٹر آزاد - ہم دونون کو تمھارے ساتھ ایک قسم کی ہمدردی ہی

آزاد - مین تہ دل سے ممنون ہون - شکریہ ادا کرنا چاہتا ہون مگر اسقدر مشکور ہون کہ زبان سے ادا نہین ہوتا -

ص - جو اسوقت تمھاری کیفیت ہی وہی میری کیفیت تھی

م - وہ وقت خدا دشمن کو بھی نہ دکھائے مین اور پیارے چارلی ایک دن باغ مین ٹہل رہے تھے - رات کا وقت تھا ہوا - اودی گھٹا عجب سہانا سمان تھا - چارلی اُسوقت ایسے خود رفتہ ہوے کہ میرے قدمونپر ٹوپی رکھکر انھون نے کہا کہ وینیشا مین تمھین پیار کرتا ہون - تم پر عاشق ہون مین نے شرم کے مارے کچھ جواب نہ دیا مگر میری بھی آنکھ دبھی کہ تمھین کے ساتھ شادی ہو - خیر بڑی دیر کے بعد مین نے اُن سے زبان ہاری بس پھر ایک ایسا سانحہ ہوا کہ حسینون روئی -

ص - مزے مزے کی باتین ہو رہی تھین کہ ایک سوار گھوڑے کو گرگرا تا ہوا آیا اور اُسنے میرا نام لے کر کہا کہ لفٹنٹ اپلیٹن یہان ہی -

م - اُف جب مجھے وہ وقت یاد آتا ہی تو کانپ اُٹھتی ہون -

ص - بس - ع

	کا ٹو تو لہو نہین بدن مین

اسنے پھر میرا نام لیا - آخر کار معلوم ہوا کہ میری کمبنٹ کا کرنل ہی - کہا کہ ہارس گارڈ سے مجھے حکم ہوا ہی کہ تمکو لے کر صبح کو جہاز پر سوار ہو جاؤن - انگلستان کی ایک نوآبادی سے جنگ عظیم کسی فہیم نے چھیڑی ہی -

آزاد - ارے غضب ! اوہ استم ! استم ! صبح کو جہاز پر جانا ہی - اور شب کو شادی کی باتین ہو رہی ہین - ہائے اُسوقت کیا حال ہوا ہوگا - معاذ اللہ معاذ اللہ -

م - حال ! اپنے آپے مین کون تھا -

ص - پیاری وینیشا کی یہ کیفیت کہ آنسو جاری اور بولا نہین جاتا فرط غم سے اظہار حال محال ہی - اب فرمائیے مین اس پیامبر کو سمجھاؤن یا اپنے دل کو سمجھاؤن یا وینیشا کو سمجھاؤن اُنکی گریہ وزاری اور بیقراری ناگفتہ بہ اور کرنل مجھ سے بار بار کہے کہ اپلیٹن اب پانچ ہی گھنٹے باقی ہین اپلیٹن اب چار ہی گھنٹے باقی ہین - آخر کار مین مجبور ہوکر

انسے رخصت ہوا۔ آف رونا آتا ہی۔

آزاد۔ کیا نیامت کا سامنا تھا۔

ص۔ کرنل نے اسقدر جلدی کی کہ انسے اچھی طرح رخصت بھی نہو سکا۔ مگر جہاز پر جب کبھی وینیشیا یاد آتی تھی غسم کی تصویر آنکھون کے سامنے پھر جاتی تھی۔ وینیشیا کی بھولی بھولی تقریر سستم دھاتی تھی۔

آزاد۔

ہمین قید الم سے رہائی ہوتی	شب ہجر ان کے عوض ہوتی آئی ہوتی
وعدہ دیدار کا ہر مسئل دکھائی ہوتی	کل جوانی تھی پیامت بھی آئی ہوتی
دشت غربت مین جو وہ مجھے لائی ہوتی	یکسی ساتھ مرے دو رنک آئی ہوتی
وصل کی رات ہی دن جلد نہ آئی ہوتی	اے سحر اور ذرا دیر لگائی ہوتی

م۔ انکے خطون پر جو میدان جنگ سے میرے نام آتے تھے میری زندگی کا دارومدار تھا۔ دن رات رونے ہی سے سروکار تھا اُف میری زندگی کے وہ دن بڑے سخت تھے۔

ص۔ مگر خدا نے ہماری سُن لی۔

م۔ کوئی دس گیارہ مہینے کے بعد بچھڑے ہوے باہم ملے۔ میان آزاد آبدیدہ ہوگئے تو اُس سمن برپری پیکر نے اپنے اودے ریشمی رومال دستی سے انکے آنسو پونچھے۔

ص۔ مسٹر آزاد ہم بھی ایک وقت مین ایسے ہی مایوس تھے مگر خدا نے ہمکو ہماری پیاری وینیشیا سے ملایا۔ اسیطرح تم بھی مس حسن آرا سے ملوگے ایک دن۔ خدا کے لیے غم کو دور کرو۔

م۔ آمین۔

آزاد۔ ہمت مردان مدد خدا۔

م مس حسن آرا کو اپنی خیر وعافیت کے خطوط تو بھیجتے ہونگے۔

آزاد۔ برابر۔

حاضری نوش جان کرکے وینیشیا اور اپیلین اور میان آزاد بے تکلفی کے ساتھ ہاتھ مین ہاتھ دیے ہوے ادھر اُدھر یہ دونون بیچ مین اُس صنم رعنا کو لیے ہوے ٹہلنے لگے آزاد کو وینیشیا کی ایک ایک چھیڑ بھاتی تھی اور وہ زن جمیلہ کبھی بصد شوخی اٹھلاتی تھی کبھی نازوادا کے ساتھ مسکراتی تھی۔ واہ رے آزاد واللہ خوش قسمت ہو تو ایسا ہو۔ بلاتشبیہ اپنے وقت کے کنھیا تھے۔ جہان رہے منظور نظر گلرخان پری وش ہی رہے جس سے ایک مرتبہ بات کی وہ ہزار جان سے عاشق و شیدا ہوگئی۔ عجب جادو بیان آدمی تھا۔ ؎

اثر لبھانے کا پیارے ترے بیان مین ہی	
کسی کی آنکھ مین جادو تری زبان مین ہی	

آدمی خوبرو اور عنبرین موجون رعنا بلند بالا تو تھے ہی۔ اور طرہ اسپر یہ کہ بذلہ سنج و شیرین مقال خوش تقریر و نازکخیال وینیشیا کو بھی اُن سے ایک پاک محبت ہوگئی۔ ہر دم انھین کے ساتھ رہتی تھی۔ ہنس ہنس کر چہل کرتی تھی اور انکی محبت کا دم بھرتی تھی۔ اعلیٰ درجے کا عشق صادق تھا اگر جہاز پر وینیشیا کا ساتھ نہوتا تو میان آزاد بڑی مصیبت مین بسر کرتے۔ ایک تو تنہائی دوسرے درد جدائی۔ تیسرے سفر بصورت سقر۔ مگر خدا صبب الاسباب ہی میان آزاد اس صفائی اور شرافت سے پیش آئے کہ اپیلین کو وینیشیا کا اُنکے ساتھ رہنا بیحجاب بے تکلف انسے ہنسنا بولنا ذرا بھی شاق نہ گذرا۔ آزاد نے جو ایک جوان اور پری چہرہ معشوق کو اپنا ہمدرد پایا تو خدا کا شکر بجالائے کہ خیر دو گھڑی غم تو غلط ہوا جہاز کا سفر دراز نہ کھلا۔

خوجی۔ (لہرا لہرا کر) ؎

گر تم نہین تو اور بت مہ جبین سہی	ہمکو تو دل لگی سے غرض ہی کہین سہی

آزاد نے جو یہ شعر سنا تو کسی بہانے سے وہنیشا سے ذرا دیر کے لیے رخصت ہو کر خوجی کو جا کر سمجھایا۔

آزاد۔ ہائین! ہائین یہ کیا غضب کرتے ہو اسکا شوہر اشعار خوب سمجھ لیتا ہے۔ فارسی خوان ہے۔

خو۔ وہ گیدی اس رمز و کنایہ کو کیا جانے۔

آزاد۔ تم بڑے بد ہو۔ لاحول ولا۔

خو۔ (ہنسکر) ہونھ! کیا اڑان گھائیاں بتاتے ہین استاد شہید مردون سے بھی دل لگی! کیون؟

آزاد۔ خدا را ایسی باتین نہ کرو۔

خو۔ واللہ ہے حسن آرا کے لگ بھگ ہین یا نہین سچ کہنا استاد وہ بمبئی والی بیگم بھی ایسی ہی شوخ تھی۔

اتنے مین میان خوجی کو بہت رنگین ادا وہنیشا نے ایک ادا سے دلربا کے ساتھ انگلی کے اشارے سے بلایا خواجہ بدیع نے جو دیکھا کہ ایک غنچہ دہن گلبدن کی انکے حال پر کمال عنایت ہے تو ریشہ خطمی ہو گئے اور بہت اکڑتے اور اینڈتے ہوے چلے۔ اہو ہو ہو۔ ذرا حضرات کے قد و قامت کو دیکھیے اور اس بوکھلاہٹ کو دیکھیے کہ پتا ہوے جاتے ہین اپنے نزدیک لند صور پہلوان کے بھی چچا ہین۔ ای شاباش ہے واہ کیون نہو اسوقت ذرا پاؤن پھسلے تو دل لگی ہو مگر مصیبت تو یہ ہے کہ اتنا بڑا ڈوہ کا ڈوہ جب گریگا تو جہاز سطح آب سے تہ آب کی خبر لائیگا۔ ادھر سے تری پہلوانی! خیر کندے تو تتے ہوے آپ بیم صاحب کے پاس پہنچے

آزاد۔ ٹوپی اتار کر سلام کرو۔ ٹوپی اتارو خوجی۔

خوجی کا لفظ کہنا تھا کہ خواجہ بدیع صاحب کے غصے کے تھرمیٹر کا پارہ ایک سو بیس درجے پر پہونچا۔ بس پلٹ پڑے اور پلٹتے ہی الٹے پانون بھاگنے لگے۔

آزاد۔ او گیدی (شکر اکر) او گیدی۔ جو پلٹ گیا تو تو اتنی قرولیان بھونکی ہونگی کہ چھٹی کا دودھ یاد آجائیگا۔

م۔ (ہنسکر) کیا ہمسے خفا ہو گئے۔ حضور۔ ای یہ آکے پھر پلٹنا کیا معنے۔ ادھر آیئے حضرت۔

آزاد۔ (خوجی کو روک کر) کیون بھئی کیا شیطان نے پھر انگلی دکھادی میان خوجی۔

خو۔ خوجی مردک پر خدا کی مار۔ خوجی گیدی پر شیطان کی پھٹکار۔ ایک دفعہ خوجی کہا مین خون پی کے رہ گیا اب پھر دیکھیے کیا خدا جانے کب کا دیا اس گاڑھے وقت آڑے آتا ہے ورنہ واللہ مارے قرولیون کے بھٹسا سا اڑا دیتا لاکھ گیا گذرا ہون تو کیا ہوا۔ عمر بھر رسالداری اور کمیدانی ہی کیا کیے ہین گھانس نہین کھودی ہے۔ جی ہان۔

م۔ اخاہ یہ خوجی کی نقطہ پر بگڑے ہم سمجھے ہم سے روٹھ گئے

خو۔ (ریشہ خطمی ہو کر) نہین میم صاحب ایسی بات آپ فرماتی ہین۔

آزاد۔ ذرا انسے انکی زوجۂ مکرمہ کا حال پوچھیے۔

م۔ کیا آپکی بیوی کے بھی آپ کے سے لمبے چوڑے ہاتھ پانون ہین۔

آزاد۔ انکی بیوی کا نام بوا زعفران ہے۔ دیونی ہے دیونی۔

خوجی نے جو بوا زعفران کا نام سنا تو چہرہ زرد دل سرد رنگ فق۔ کلیجا شق ہو گیا۔ اور یاد جو آیا کہ خوب بے بھاؤ کی پڑی تھین تو سہم گئے ایک دفعہ ہی آنکھین بند کر لین دنیا سمجھی نہین کہ کیا ماجرا ہے مگر میان آزاد تو دو فقار تھے سمجھایا تو خوب کھلکھلائین۔

چوری

ایک ایوان سپہر نما امان کے بام فلک احتشام پر چار کم سن نوخیز شوخ و تیز خاتونان معالی و دودمان خواب ناز مین ہین اور ایک عاشق زار و اریش و سینہ فگار نوبان حال و قال سے کہہ رہا ہی کہ ؎

گر نمی پرسد گفتی وقت خواب است	نہ خواب است این حریفان را جواب است

چارون ہمجولیان سچی نیند سوتی ہین - ایک سرو سیمین بر دوسری ترک زرین کمر تیسری افشان جبین نازنینی - چوتھی غیرت بتستان چینی - یہی معلوم ہوتا تھا کہ مصور کا مل فن مسلم الثبوت استاد رشک مانی غیرت بہزاد نے ناز و ادا و شرم و حیا کی تصویر کھینچی ہی - بہار انتساء بیگم کی زیب عنبر سے بہشت کی پشمین آتی تھین روح افزا کے گلونکھرو ے بال نوجوانون کے مزاج کی طرح بل کھاتے تھے - سپہر آرا کا دست حنائی سینہ صافی پر عجب لطف دکھاتا تھا - اور خاتون مہ لقا عروس شبستان آرا بی حسن آرا بیگم کے گورے گورے پیارے پیارے کھرے کے گرد اگرد چمچماتے مشک تنگ دیکھکر دھوکا ہوتا تھا کہ مہ انور گہ کر چھوٹا ہی - ادھر یہ چارون پربان جہیز آرام مین ہین ادھر نگاہ شوق اپنا کام کر رہی ہی یعنی خدام عالی مقام شہزادۂ سلیمان قدر میرزا ہمایون بہادر کے پاس ان تہان ملک نظر فریب عدوے صبر و شکیب کے بام پر سونے کی خبر لائے - اور خود بدولت سنتے ہی صبا بی پر بے تابانہ دوڑے آئے سچ ہی ؎

کمند جلوۂ ناز تو جذبہ دارد	کز آسمان بزمین آورد سیحارا

جب لیلاے شب کی زلف چلیپا تا بہ کمر پہونچی تو چاندنی کا عمل اٹھ گیا اور کالے کوسون تک گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا - اب وہ چارون پری پیکر رشک قمر نظر سے اوجھل ہوئین تو شہزادۂ بلند ارادہ کے حواس خمسہ بلا اجازت فقرد ہو گئے اپنے معشوق شمع رو کو نہ پایا تو آنکھون تلے اندھیرا چھایا - تاریکی مین بھلا کہین چاند نظر آیا ہی ؎

ہمی یہ وہ درد کہ جس درد کا چارہ ہی نہین	
وان لڑی آنکھ جہان اپنا گذارہ ہی نہین	

پلنگ پر لیٹے مگر سونا کیا معنی پلک کا جھپکنا تک محال تھا جینا وبال تھا - کبھی حالت بیہوشی کبھی خود فراموشی - افسوس ؎

غلط ست آنکہ گویند کہ بدل رہیست دل را	
دل من ز غصہ خون شد دل تو خبر ندارد	

طرح طرح کے خیالات میرزا ہمایون فر کے دل مین جاگتے تھے اور دل کی دھڑکن کے مارے اور بھی گھبراتے تھے تھوڑی دیر کے بعد کیا سنتے ہین کہ کوئی دل جلا یہ حقانی اشعار باواز بلند پڑھتا ہوا راہ جاتا ہی اور سامعین ذی ہوش بادۂ عرفان کے جرعہ نوش کو بے اختیار وجد مین لاتا ہی ؎

اے زدست بیدلان بردہ دلان مژدہ	یاد تو مرعا شقان را مونس جان آمدہ
صد ہزاران ہمچو موسی در سر گوشہ	ربانی گو بدو بردار چو یان آمدہ

یہ پر درد اور معرفت کی ڈوبی ہوئی غزل سنکر شہزادۂ ہمایون فر کے دلکی عجب کیفیت ہوئی ایسے مست ہوگئے کہ آنکھ لگ گئی - ایک خدمتگار نے بصد ادب آہستہ سے جگایا - اور پانون دبا کر یون بیان کیا -

خادم - (خ) حضور حضور -

شہزہ - ہون -

خ - حضور میر تصدق حسین صاحب باندہ سے آئے ہین -

شہزہ - کون -

خ - حضور باندہ سے میر صاحب آئے ہین -

شہر - (خراٹے لینے لگے)

میر صاحب (میر) جی حضور کو رنش عرض ہی اُٹھیے اُٹھیے بس اب یہ نخرے رہنے دیجیے دیکھیے تو کون آیا ہی -

شہر - (آنکھ کھولکر) کون صاحب ہین -

میر - پہچانیے -

شہر - (غور سے دیکھ کر) اسم مبارک -

میر - میرزا ہمایون فر -

شہر - اخاہ - تصدق حسین ہین - (اُٹھکر بغلگیر ہوے) آؤ یار بھئی خوب آئے -

میر - کیسے کچھ اڑوسی پڑوسیون کا حال تو کہیے مہتابی پر وہ دونون مہ پارہ نظر آتی ہین یا نہین -

شہر - ارے میان اب تو چوکڑی ہی - ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر سب مست ہین مگر چشم شرم آلود باس ناموس دنگ حیا قدم قدم پر ساتھ - ادب کا ہر دم خیال بقبول شاعر ؎

حیا بہ پیش رخت چشم بستہ می آید	ادب بہ بزم تو صد جا نشستہ می باید

میر - یہ کیسے گھرے ہین اُستاد -

شہر - ہان خوب یاد آیا - مین ابھی یہی تو خواب دیکھ رہا تھا خواب مین مین نے دیکھا کہ ایک طرار اور نمکین مہری حسن آرا بیگم کا خط لائی ہی - خط پڑہی چکا تھا کہ آپ بلا کیطرح نادل ہوے جی چاہتا ہی کہ گولی مار دون -

میر - اور کیون صاحب یہ آپ نے توبہ جو کی تھی -

شہر ؎

بعہد گل شدم از توبۂ شراب خجل	کہ کس مباد ز کردار ناصواب خجل

اور بھئی حق یون ہی کہ ؎

بغرم توبہ سحر گفتم استخارہ کنم	بہار توبہ شکن می رسد چہ چارہ کنم

میر - ناحق مفت مین ذلیل ہوگے - کلنک کا ٹیکا لگاؤگے - خدا کے لیے پھر توبہ کرو -

شہر - ابھی ابھی اسی دم - بگ ؎

توبہ ما چو زلف خوبان ست	چون شکستیم خوشتر ما ترشد

میر - آخر ان چارون چھوکریون مین سے آپ ریجھے کس پر ہین - یا چارون پر دل آیا ہی -

شہر - چار نکاح جائز ہین یا ناجائز -

میر - ہان شرعاً تو جائز ہین مگر جب چارون کو ایک نظر سے دیکھے -

شہر - یعنے کانا ہو جائے - ایک آنکھ بھوانی کے بھینٹ کر دے ؟ -

میر - اُن چارون مین کوئی نہ کوئی کا فر ادا سب سے حسن و جمال اور رعنائی و دلربائی مین بڑھ چڑھ کر ضرور ہوگی - اُسی پر آپ سب سے زیادہ لٹو ہونگے وہی مطبوع طبع ہوگی - اُسی کا لقب خاص محل ہوگا - پھر عدل کہان رہا - اور سالیون کے ساتھ شادی کرنے کو آپ شرعاً جائز سمجھتے ہین ؟ - معقول ہو لیے حضرت

شہر - آپ بھی طرفہ معجون ہین ایسے سب سالیان اور سب جوردین سالی کی سالی جورد کی جوردین ہی چین لکھتا ہی

میر - تو واقع مین چارون پر دانت ہین -

شہر - نہین میان ہنستا ہون - دوہی تو ناکتخدا ہین -

میر - اچھا تو پھر امیدوار ہم بھی ہین -

شہر - اب رنگ لائی گلہری -

یہ باتین ہو ہی رہی تھین کہ محلے مین دفعتہً غل ہوا

چور چور لینا جانے نہ پائے - گانس لو - پھانس لو - لینا گانس لیا ہی - جسے دیکھو چونک پڑتا ہی ہائین ہائین کہان ہی کہان ہی - کوئی چراغ روشن کرتا ہی - کوئی بیوی کا زیور ٹٹولتا ہی - چوطرفہ کھلبلی مچ گئی - محلے والے باہم یون چہ میگوئیان کر رہے ہین -

۱ - پکڑا گیا - ؟ پکڑا گیا -

۲ - ہان ہان گرفتار ہوگیا -

۳ - ارے کہان کو دا - پکڑا گیا چور کہ نہین پکڑا گیا -

۴ - ڈھیلے آج شام کو ہمارے یہان بھی آئے تھے -

۵ - بھیا اندھیاری رات بڑی گھٹن ہی - اور ان ساڑن کی اندھیاری مان چڑھ نبت ہی -

۶ - مین نے کئی بار غور سے دیکھا کہ کالا کالا آدمی مہتابی پر کھڑا ہی جب مین اٹھا تو غائب ہوگیا -

۷ - ارے میان کسکے گھر مین چور آئے تھے -

۸ - اجی وہی سامنے والے محل مین -

۹ - سامنے والے محل مین ؟ بیگم صاحب کے ہان ؟ -

۱۰ - ہان ہان ہارے بخیر گذشت -

شہر - ارے یار کچھ سنا -

میر - ہان چور کہین گھسا تھا -

شہر - کمبخت کہین نہین - دہین دہین -

میر - دہین کہان ؟ -

شہر - تمھارے سر مین - اجی حسن آرا کے ہان اور کہان کیون بھئی موقع تو اچھا ہی چلتے ہو اسوقت چلو ہوا مین - اسی بہانے احسان جتائین مفت کرم داشتن -

میر - سوچ لو - ایسا نہو پیچھے میرے مانجھے جائے - تم تو شہزادے بن کے چھوٹ جاؤگے - آؤ مین بنونگا -

شہر - (خدمتگار سے) پانی لاؤ منھ دھوئین اور بارنش کا بوٹ لاؤ -

میر - چل کر کیا کہوگے -

شہر - مبارکباد -

میر - این ! بخوبی انتظام کرتے چلتے ہو کہ گردن ناپی جاے -

شہر - اجی کہینگے کیا - بس افسوس کرینگے -

میر - تو افسوس کرنے جاتے ہین آپ - لاحول ولا قوۃ -

شہر - مطلب سعدی دیگرست - افسوس اظہار ہمدردی ہی شاید اسی پھیر مین نظرے خوش گذرے کی ٹھہرے - اور نہین تو نہ سہی - آواز ہی سن لینگے حالانکہ ؎

قانع بہ تجلی نشود طالب دیدار | پروانہ بہ مہتاب تجلی تو انکرد

مگر ؎

چھیڑ خوباں سے چلی جائے اسد | گر نہین وصل تو حسرت ہی سہی

دونون خوش کلیان کرتے ہوے چلے -

حسن آرا بیگم کا محل عشرت منزل کچھ کالے کوسون تو تھا ہی نہین کہ سواری پر جاتے - گھر سے دو قدم چلے اور دن سے داخل -

کیا دیکھتے ہین کہ چالیس پچاس آدمیون کے غول مین ایک شخص چور کو لیے کھڑا ہی - اور چوطرفہ سے بے بھاؤ کی پڑ رہی ہین - ایک نے تڑ سے چپت جمائی - دوسرے نے تھپ رسید کی اور بغلی ڈوب کر وہ ہو رہا - تیسرے نے آتے ہی زناٹے سے دھپ دی - چوتھے نے عین کھوپڑی پر چٹاخ سے دھول لگائی - الغرض چور پر اتنی پڑین کہ بلبلا گیا

مگر قہر درویش بر جان درویش کرتا کیا۔ جاے ماندن نہ پاے رفتن۔ جھلا جھلا کر روتا جاتا تھا مگر اس کراے پن کے صدقے کہ اُف تک نہ کی۔ چیت پڑی اور گھورنے لگا دو تین رحم دل رقیق القلب آدمی تو البتہ بچاتے تھے اور لوگوں کو سمجھاتے تھے کہ بس اب تو کھوپڑی پلپلی کردی بانی اور تڑاتڑ جاتے جاتے تھے۔ ایک نے کہا خوب ہاتھ گرمائے۔ دوسرے نے کہا وہ زناٹے کی چیت رسید کی واللہ کہ چھٹی کا دودھ ہی تو یاد کرتے ہونگے۔ تیسرے بولے ہین بھی کڑی آمد کی آگیا چوتھا بولا ہم تو پورے ہاتھ سے لگاتے تھے جسمین چوٹ بہت کم آئے مگر اندازہ ہو کہ چوتھے آسمان کی خبر لائے پانچوین ارے یار ہاتھ درد کرنے لگا۔ مگر خدا جانے ربڑ کی کھوپڑی بنی ہے مردود کی یا اینٹ کی ہے۔ چھٹا۔ جی ہان جانو کھائی تو جائیگا۔ پھوڑ دون دونون۔

چور۔ چھوٹونگا تو چچا ہی بنا کر چھوڑونگا بچہ دیکھو تو سہی۔

شہر۔ بڑے شاہین چور معلوم ہوتے ہین حضرت۔

چور۔ حضور پر سون غلام در دولت پر بھی ہو آیا ہے۔

شہر۔ مجھے کسی نے اطلاع نہ دی ورنہ مین آپکی شان کے موافق آپکی خوب خدمت کر دیتا۔

مصاحب۔ اجی حضور یہ گلباز ہے۔ دور دور کے چور اسکا نام سنکر تو کان پکڑین۔

چور۔ ابے تیرا باپ بھی ہماری ہی ٹکڑی مین بیٹھتا تھا۔

مصاحب۔ چپ نہین دونگا ایک چوٹا تیسی حلق مین ہو رہے گی۔

چور۔ چھٹ جاؤن تو چوٹے اور پوٹے کا حال بتا دون۔

کیا کردن بے بس ہون ورنہ تم سب کو پیس کے دھر دیتا۔ سُرمہ بناڈالتا۔ سُرمہ۔

نواب صاحب۔ (ن) (بہار النسا بیگم کے میان) اسدری زبان کیا طرار آدمی ہے۔

شہر۔ اجی حضرت اسکی پور پور مین پیچ ہین۔ واللہ اور آدمی شہ زور بھی ہے۔

میر۔ بجا ارشاد ہوا مگر تبل بدن مین ضرور ملے ہے۔

ن۔ جی ہان یہ اکثر چورون کا قاعدہ ہے۔

شہر۔ (گستاخی معاف) چورون کے قاعدے سے حضور خوب واقف نکلے۔ سچ ہے۔ (دلی را دلی می شناسد)۔

ن۔ بجا ہے۔ دلی را دلی می شناسد کی اچھی پھبتی کہی۔

میر۔ حضرت یہ آخر آیا کدھر سے اور پکڑا کیونکر گیا۔

ن۔ مین پھر پھرا کر کوئی دس بجے کے وقت شہر سے آیا تو پھاٹک کے پاس سُرنگ گھوڑے نے ٹھوکر لی۔ لوگ بیس منٹ تک مشعل روشن کرا کے مین نے گھوڑے کو دیکھا اور ایک آدھ گھنٹے تک باغ مین ٹہلا کیا۔ گیارہ بجے اندر گیا دسترخوان بچھا کھانا کھایا۔ لوٹتے پوٹتے بارہ بج گئے۔ مگر ایک بجے پھر آنکھ کھل گئی ٹہلا کیا۔ دو کے عمل مین خوب بیٹھی نیند آئی بس ایک دفعہ ہی حضرت سلامت غل کی آواز سنی۔ تو چونک اُٹھا معلوم ہوا کہ چور آیا ہے۔ تلوار لیکر دوڑ پڑا۔ اب سُنیے چور جو گھبرایا تو زینے پر چڑھنے لگا۔ مین تو اوسر سے آرہا ہون اور وہ نیچے سے زینون پر چڑھتا ہے بیچون بیچ مین مڈبھیڑ ہوئی اُسنے چھری نکالی مگر مین نے ایک ہاتھ پھوڑا۔ ولایتی چھچھلتی ہوئی پڑی ذرا ہاتھ اوچھا نہ پڑے تو بھنڈا کھل جائے مگر اُسکی بدی تو تھی ہی نہین بچ نکلا۔ پھر قبلہ تلوار کی جھپٹ کے آگے کون ٹھہر سکتا ہے۔ بھلا۔ ایسا سہما کہ ہوش پتیرا حواس فغرہ

ہوگئے بھاگتے راہ نہ ملی پانوں کہین رکھتا ہی قدم کہین پڑتا ہی زینہ اُترتے اُترتے دو بار ٹھوکر کھائی۔ اب چھت پر پہونچے وہان مستورات کھڑی غل مچا رہی تھین جھپٹ کے چاہا کہ نیچے کو دپڑے مگر جتبک مین پہونچون پہونچون میری چھوٹی سالی نے اس پھرتی سے رسّی کا پھندا بنا کر پھینکا کہ اُلجھ کر ارارا کے گرا۔ اُٹھ کر بھاگنے ہی کو تھا کہ بندۂ درگاہ گلے پر تڑاق سے موجود۔ جانے ہی چھاپ بیٹھا عورتون نے دہائی دینا شروع کی اب ہزاردن تھین دیر ہی ہین کہ نہ چھوڑے تو ہمارا ہی مردہ دیکھے۔ نہ چھوڑے تو ہمارے ہی بھتی کھائے۔ نہ چھوڑے تو ہمین کو روئے ہمین کو ہی ہر کرے۔ مگر مین کچھ سڑی تو تھا ہی نہین کہ چھوڑ دیتا چوطرفہ سے خوب گانسے رہا۔ اتنے مین خدمتگار سپاہی نوکر چاکر سب آن موجود ہوے۔ مشکین کسی گئین حضرت کی اور کشان کشان لوگ انکو یہان لائے تب سے بے بھاؤ کی پڑ رہی ہین اپنے مجکو دھمکاتا ہی مردک کہ جب چھوٹونگا تو حلال ہی کر دُالونگا۔ مگر یہ ان بھروں مین کب آتے ہین۔

شہز۔ اجی بکنے دیجیے تا معقول کو۔ ذرا کسی آدمی کو حکم دیجیے کہ دیکھے بید کے نشان تو نہین ہین۔ ابھی تو سارا آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے۔

ن۔ بہت خوب۔ حسین علی۔ دیکھ تو لو۔

حسین علی۔ ارے صاحبدار کے بید ہی کے نشان ہین گرد دھاری کرمی۔ ہمسے پیشے پارسال ہمارے کھیت مین بیٹھا تھا۔ مولی چرائی۔ گگڑی چرائی۔ کدال چرائی۔ پکڑا گیا تو پندرہ جرب (ضرب) بید کا حکم ہوا۔

شہز۔ ہان تو سزا یافتہ ہین حضور یہ کہیے۔

میر۔ ابکی پھر بُرا گھر دیکھا میان نے۔

چور۔ ہونہہ وہ تو ننہال ہی۔

میر۔ شاباش بھیا کے بیسون بسوے۔

ن۔ (شہزادے سے) یہ آپ نے کہان اسوقت تکلیف فرمائی پڑوسیون پر اس درجہ ہمدردی۔

شہز۔ حضرت ہمسایہ گھر کا جایہ۔ مین نے کہا چلکر دیکھون تو کیا واردات خدانخواستہ ہوئی بارے شکر ہی کہ بخیر گذشت آپ اسقدر قریب ہین مگر خدا آپکو توفیق ہی نہین دیتا کہ کبھی غریب خانہ تک تشریف لائیے سچ ہی ع

شاہان کم التفات بحال گدا کنند

ن۔ پیر و مرشد کیا عرض کرون۔ بوجوہ چند درچند حاضر ہو سکا معاف فرمائیے گا۔ ذرا دم کے دم تشریف رکھیے حقہ نوش جان فرمائیے

شہز۔ بہت اچھا۔ حضرت ہم تو بے تکلف آدمی ہین۔

ن۔ چلیے کوٹھی مین بیٹھین۔ یہان اوس مفر ہی۔

شہز۔ اجی حضرت اسوقت جس مین تو کچھ بیٹھنا نہین اچھا معلوم ہوتا کہ

ن۔ کیا مضائقہ۔ کرسیان لاؤ جی۔ مونڈھے نکالو۔

نواب صاحب اور شہزادۂ میرزا ہمایون فر اور میر صاحب کرسیون پر دروازے کے قریب متمکن ہوے۔ تیون باہم چہ میگوئیان ہونے لگین۔

ن۔ ان ذات شریف کو اب کوتوالی چبوترہ دکھاؤ۔

شہز۔ حضرت آپ کی سالی تو واقعہ بڑی شیر دل نکلین۔ دوسری کم سن عورت ہو تو ڈر جائے اجی ہر بوٹی بوٹی کانپنے لگے واقعہ۔

ن۔ جی ہان۔

شہر- چھوٹی ہین نہ آپ کے گھر کے لوگون سے -

ن- جی ہان -

مکان کے اندر اُن مہوشان زہرہ تمثال اور گلرخان جادو جمال کے فرشتہ خان کو بھی خبر نہین کہ باہر میرزا ہمایون تشریف رکھتے ہین آپس مین ہنس ہنس کر یون باتین کر رہی تھین - ع -

مچھلی کو کیا خبر تھی کہ پانی مین تشنگی ہے	

سپہر آرا- (سپہر) ہی ہی باجی مین نے جب اُس کالے کالے سنڈے کو دیکھا تو سن سے جان نکل گئی -

روح افزا- (روح) موا تمباکو کا پنڈا تھا موٹے موٹے ہاتھ پانون -

سپہر- جنازہ نکلے مونڈی کاٹے کا - علم بردار کا علم ٹوٹ پڑے -

حسن آرا- (حسن) وہ تو خیر گذری کہ صندوق ہاتھ سے گر پڑا نہین تو سب موس لیجاتا -

سپہر- بہار النسا بہن کی چڑچڑی ساس لاکھون ہی سُناتی کہ میری بہو کا گہنا سب بیچ کھایا جائے کیا باندھو باندھو عقلین -

بہار النسا- (بہار) چور چور کی بھنک کان مین پڑی تو مین کلبلا کر چونک اُٹھی بھاگی تو چونڈا بھی کھل گیا - اللہ جانتا ہی بڑی محنت سے باندھا تھا - چلو خیر -

روح- (قہقہہ لگاکر) بس ہماری باجی کو دن رات چوٹی گندھی بناؤ چناؤ ہی کی فکر رہتی ہی - خواب مین بھی نکھرتی ہی ہونگی -

حسن- بھئی خاتون جنت کی قسم جتنا اِنکو اس بات کا خیال ہی اور جسقدر یہ بنتی ٹھنتی رہتی ہین اسقدر ہمارے خاندان بھر مین تو کسی کو نہین ہی جبھی تو دولھا بھائی اِنپر ریجھے ہوے ہین کیون بہن -

بہار- چلو بیٹھی رہو - چھوٹا منھ بڑی بات -

سپہر- بگڑ گئین بگڑ گئین جیسے کوئی اِنکی دھمکی مین آجائیگا -

روح- باجی ذرا تمھین اپنے دل مین سوچو کہ کہان تو چوٹی کی بات چیت ہو رہی تھی اور کہان تمنے اپنے جوڑے کا ذکر چھیڑ دیا - اور کہے سے پڑتی ہو -

حسن- اماجان روز کہا کرتی ہین کہ خورشید دولھا کو بہار النسا کے ساتھ عشق ہی -

بہار- ہان سنا ہی - ہونہہ عشق ہی - کالے سر کی ایک تو اُسسے بچنے نہین پاتی ہی عشق ہی! آئین دہان سے بڑی وہ بنکے - عشق نہین وہ ہی -

سپہر- کیا دولھا بھائی سے کچھ اچھی ہین آپ -

بہار- جائیے بڑے ہی سہی - پھر آپکو کیا - اہی ہان سڑ لگائی ہی ناحق بن ناحق - کون اچھا ہی - کون بُرا ہی - پھر -

اب لطیفہ سنیئے کہ میرزا ہمایون فر باہر بیٹھے چپکے چپکے ساری گفتگو سُن رہے تھے بعض بعض پیاری پیاری بھولی بھولی باتون پر ہنسی بڑی دقتون سے ضبط کر سکے - نواب بیچارے کٹ کٹ گئے مگر چپ بجبور اندر جا کر سمجھائین تو بھی خلاف ادب ہی - چپکے بیٹھے رہین تو بھی رہا نہین جاتا جان عذاب مین بھی جھٹ پٹکر شہزادہ بلند ارادہ نے کہا کہ سیری تو نہین ہوتی مگر اب تخفیف تصدیع - یار زندہ صحبت باقی -

ن- تشریف لیجائیے گا - اسوقت آپ نے کمال ممنون فرمایا - ۵

زقدر و شوکت سلطان چہ زند کم کلاہ گوشہ دہقان بآفتاب رسید	ز التفات بہمنسرے دہقانے کہ سایہ بر سرش انداخت چوتو سلطانے

شہز - حضرت بندہ تو آپ سب صاحبونکا خاک پا ہی - ایک ذرۂ بمقدار - ناچیز آدمی شاہی اور شہزادگی اور سلطانی اور خسروی کسکی -

ن - یہ آپکی بزرگی ہی - اس درجہ کسر نفسی عین دلیل کمال ہی -

میر - آپ ہمارے ملک کے شہزادے ہین -

ن - اسمین کیا شک ہی -

شہز - اجی حضرت آپ نے سنا نہین ع

کہ دربن راہ فلان ابن فلان چیزی نیست

اب رخصت ہوتا ہون -

ن - فی امان اللہ -

ادھر شاہزادۂ والانژاد فرخ نہاد بادل شاد اپنے دولتخانۂ عظمت کاشانہ کیطرف بصد زیب وجمل میر صاحب سے باتین کرتے اور قرط طرب سے مستانہ وار قدم دھرتے روانہ ہوے اُدھر نوابصاحب نے مجلس مین تشریف ارزانی فرمائی اور یون باتین کرنے لگے -

ن - تم لوگون کی بھی عجب عادت ہی - جب دیکھو گی کہ کوئی غیر آدمی آن کر بیٹھا ہی - بس تب ہی خواہ نخواہ غُل مچاؤ گی اس وقت ایک بھلے مانس بیٹھے تھے اور یہان چہل ہو رہی تھی - ایک بولی دودھا بھائی انپر بھیجے ہین - دوسری بولین تمکو سوا ے بناؤ چناؤ اور سنگار نکھار کے اور بھی کچھ آتا ہی - گھر بھر کا کچا چٹھا آپ سنایا اور مین دل ہی دل مین کٹ کٹ کے رہ گیا -

بہار - وہ بھلے مانس نگوڑا کون سڑی سودائی تھا جو اتنے وقت پنچایت کرنے آ بیٹھا -

روح - اوہ تو اب کوئی انکے مارے اپنے گھر مین بات نکرے گھونٹ کر مار نہ ڈالے - ہاے یا تو دودھا بھائی آنی انگریزنٹ برتتے ہین کہ ڈاکٹر کو منھ دکھاؤ - یا اتنا پردہ کہ کوئی اپنی چار دیواری مین بھی نہ بولے -

حسن - ہم بھی تو سنین دودھا بھائی وہ بھلے مانس کون تھے ؟

ن - اجی یہی جو سامنے رہتے ہین - شہزادے -

بہار - ہمایون فر -

ن - ہان ہان -

حسن - ارے تو آپ نے آن کر ہمسے کہ کیون نہ دیا -

روح - اے ہان پھر ہم کاہے کو بولتے -

بہار - اپنی خطا نہ کہین گے - دوسرون کو مفت مفت للکارینگے -

ن - اُسوقت وہان سے آنیکا موقع نہ تھا - حسن آرا - تمھاری بڑی تعریف کرتے تھے -

حسن - (رنگ فق)

سپہر - کلیجا دھک دھک کرنے لگا -

روح افزا نے حسن آرا کے چہکے سے چٹکی لی حسن آرا کا خون خشک ہو گیا کہ بار خدا کہین کسی موذی نے اپنی طرف سے نمک مرچ لگا کر تو نہین کچھ پٹی پڑھا دی ہی - بہار النسا تو راز دان تھی ہی بات ٹال دی -

بہار - اب وہ چور کہان بھیجا گیا -

ن - مجھ سے ہمایون فر نے پوچھا کہ چور کو کس نے گرفتار کیا مین نے کہا میری چھوٹی سالی نے بہت ہی ہنسے اور کہنے لگے کہ بڑی عقلمند معلوم ہوتی ہین -

بہار - ارے ! ابھی تعریف کرتے تھے حسن آرا کی -

ن - ہان بہت خوش ہوے -

یہ بات جو سنی تو حسن آرا کی جان مین جان آئی نو اب باہر گئے کہ باغ مین مسہری پر مزے سے آرام کرین - تو ان بہنون کو باہم مکالمہ کرنے کا اچھا موقع ملا بے تکلفی سے باتین کرنے لگین -

حسن - اُف اللہ جانتا ہی مین تو دھک سے رہ گئی - ہی ہی تھر تھر کانپتی تھی کہ یا اللہ دیکھیے کیا ہوتا ہی - میرا ماتھا ٹھنکا کہ انکا عورت کے بھیس مین یہان آنا اور بیٹھنا اور گلوریان کھانا اور بید مُشک ہمکو بے حجاب دیکھ جانا اور تینگ ڈھانا اور خط بھجوانا - سارا کچا چٹھا کسی گھر کے بھیدی نے دولھا بھائی سے کہدیا -

روح - اور مین کیا سمجھی؟ مین بھی یہی سمجھی بہن جبھی تو مین نے چٹکی لی کہ ہی ہی غضب ہی ہوگیا -

بہار - میری بُری گت تھی اُسوقت اِسی سے مین نے بات کاٹ دی کہ کسی وقت اکیلے مین باتون باتون مین تو وہ لونگی کہ آخرش یہ ماجرا کیا ہے - کچھ سُنین تو سہی -

سپہر - سچ کہون مین تو بھاگ جانے کو تھی - جی چاہتا تھا جاکے کنوئین مین کود پڑون -

حسن - ہان صورت دکھانے کے لائق تو نہ رہتی پھر -

سپہر - اور اُس موے کی بدذاتی اور ڈھٹائی تو دیکھو کہ چور کا نام سنتے ہی آڈٹا - بھلا کیا وجہ تھی اِسکی - ایسا کہان کا بڑا رستم تھا خاصہ بدذات ہی چھنٹا ہوا -

حسن - تین بجے ساڑھے تین بجے کے وقت آپ جو آئے تو کیون آئے -

روح - مین بتاؤن اُسکو یہ خبر نہوگی کہ دولھا بھائی گھر پر ہین - نہین تو نہ آتا اور جو یہ نہوتے تو چوری کے پھیر مین وہ تو گھر مین گھس پڑتا -

بہار - نہین واہ - شہزادہ ہی - کوئی ایسا ویسا ہی -

سپہر - کام تو شہدون کے ایسے ہین -

اب ایک اور لطیفہ سنیے - چور آیا - غل غپاڑا ہوا - پکڑا گیا زمانے بھر مین ہلڑ مچا محلہ بھر جاگ اُٹھا - چور تھانے پر پہونچا - مگر بڑی بیگم صاحب ابھی تک خرّاٹے ہی لے رہی ہین جب بیدار ہوئین تو بی مغلانی کو آواز دی -

بڑی بیگم - (ب) مغلانی - اے مغلانی - کیا مر گئی -

مغلانی - اجی کہیے -

ب - کچھ غل سا مچا تھا ابھی -

راوی - سبحان اللہ - بہت جلد چیتین -

مغلانی - ہان بیگم صاحب کچھ آواز تو آئی تھی -

راوی - معقول بڑی بی تو بڑی بی چھوٹی بی سبحان اللہ -

ب - ذری کسی سے پوچھو تو -

مغلانی - اے بیوی پوچھنا اسمین کیا ہی - بھیڑیا ویڑیا آیا ہوگا -

ب - مین نے آج ہاتھی کو خواب مین دیکھا ہی اللہ بچائے -

پیاری کی ماں - (پیا) بیگم صاحب - رات چور آیا تھا -

ب - کیا؟ کس کے ہان -

پیا - آپ کے ہان اور کسکے ہان -

ب - اُف اللہ بچائے - مغلانی جاکے پوچھو تو - دیکھو سب خیریت ہی نہ - بس تم اتنا پوچھنا روح افزا سے کہ بڑی بیگم صاحب پوچھتی ہین یہ غل کیسا مچا تھا؟ -

حسن آرا اور سپہر آرا اور روح افزا تینون کی تینون کھلکھلا کر

ہنس پڑین کوئی دس منٹ تک تمہید رہا۔ شاید ہمارے ناظرین پوچھین کہ بہار النسا بیگم کہان تھین۔ بس ناگفتہ بہ۔ نواب صاحب جانین اور وہ جانین۔

حسن۔ امان جان بہت جلد جاگین۔ بی مغلانی کیا تم بھی گھوڑے بیچکر سوئی تھین۔ اندری نیند۔

مغلانی۔ ذری آنکھ لگ گئی تھی۔ مگر کچھ غل کی آواز ضرور آئی تھی۔

حسن۔ کچھ کچھ! محلہ بھر جاگ اٹھا تھا رے نزدیک کچھ ہی کچھ غل تھا۔ ٹھیک۔

روح۔ دونون اچھی رہین۔ چور آیا۔ غل مچایا۔ کوٹھون کوٹھون دوڑا۔ پکڑا گیا۔ تھانے بھیجا۔ اب جب سب کے سب سونے لگے تو تم آن کے پوچھتی ہو کہ کیا غل مچا تھا۔

سپہر۔ ای کاہیکے واسطے بہکاتی ہو۔ بی مغلانی تم جاکے سو رہو۔ غل تھا نہ دل تھا کوئی سوتے سوتے بڑا اٹھا ہوگا تم جاؤ سو رہو۔

حسن۔ جاکے بڑی بیگم صاحب سے کہدو کہ چور آیا تھا مگر جاگ ہوگئی۔

مغلانی۔ ای خدا نہ کرے۔ بری فال منھ سے نہ نکالو۔ تینون بہنین مغلانی کی سادگی پر بے اختیار ہنس پڑین۔

حسن۔ اف بہن پیٹ مین بل پڑ گئے۔

روح۔ میرا تو برا حال ہمارے ہنسی کے۔ اف۔

سپہر۔ بی مغلانی تمنے تو دھوپ مین بال سفید کیے ہین۔ کہتے جاتے ہین کہ چور تھا نہ دور تھا۔ یہ دونون بہنین ملکے تمکو بیوقوف بناتی ہین تم مانتی ہی نہین۔

مغلانی۔ ای گیا چولھے مین نگوڑا چور۔ ادھر آنیکا نہ کرے تو آنکھین ہی پھوٹ جائین موے کی۔ کیا ہنسی ٹھٹھا ہی اندر سے باہر تک اسد کی عنایت سے پچاس آدمی۔ چور مونڈی کاٹا آئیگا کدھر سے۔

سپہر۔ دیکھو تو سہی بھلا۔ اور پھر بری فال منھ سے نکالنا

مغلانی۔ ابھی بڑی بیگم سن لین تو غل مچائین۔

سپہر۔ اور نہین تو کیا انکو ایسی باتون سے بڑی چڑ ہی۔ بی مغلانی کو نیند کے جھونک مین آٹھنا بڑا خار گذرا تھا یہان آئین تو ان سب نے ملکر بناڈالا۔ جھنجھلائی ہوئی گئین اور بڑی بیگم سے یون کہنے لگین۔

مغلانی۔ ای حضور نہ کچھ ہی نہ وی۔ بیکار دیکار کو جگایا۔

ب۔ آخر کچھ کہو گی بھی یا بڑبڑایا کروگی۔

مغلانی۔ (لیٹ کر) کہون کیا بیوی۔

ب۔ آخر کہین گئی تھین۔ کچھ پیغام کہا۔ غل کیسا تھا۔ چور آئے تھے۔ بھیڑیا تھا۔ کیا تھا۔

مغلانی۔ نہ بھیڑیا تھا نہ چور تھا نہ کہین غل تھا نہ شور تھا کوئی سوتے سوتے برا اٹھا بس اور تھا کیا۔

ب۔ پیاری کی مان۔

پیا۔ آئی حضور آئی کہیے۔

ب۔ تم باہر جاکر آدمیون سے ابھی پوچھو کہ یہ غل کیسا تھا۔

پیا۔ بیوی مین ابھی گھڑی ڈیڑھ گھڑی ہوئی کہ باہر سے آئی ہون۔ کوٹھے پر کل منھا آیا تھا۔ کوٹھری کا قلف (قفل) توڑ کر جمع جتھا ٹوٹتا تھا ئل (لگر) صندوق جب اٹھا یا تو بھڑ بھڑا کے گر پڑا ہاتھ سے بس جاگ ہوگئی اتنے مین نوابصاحب کوٹھے پر سے ننگی تلوار لے کر دوڑ آئے۔

(پیاری کی ماں کھانسنے لگی)۔

ب - ہان ہان پھر۔ کھانسی بھی نگوڑی اسیوقت آتی ہے

پیا - پھر چور کو پکڑ لیا بس نیچے لے گیا وہ سیس پکڑ کے مین آتو آ محلہ بھر جاگ اٹھا۔ سب دوڑ آئے بیوی مین کیا کہون۔ کئی گھونسے پڑے۔ دے مکی۔ کچو مر نکالڈالا۔

ب - خورشید دولھا کے دشمنون کو تو کہین چوٹ دوٹ نہین آئی۔

پیا - نا بیوی ایک پھانس تک تو چبھی نہین۔

ب - چور کچھ لے تو نہین گیا۔

پیا - ایک جھنجھی تک نہین۔ لیجا تا مگر ورمل جاگ جو ہو گئی۔

ب - چور اب ہو کہان۔

پیا - نواب صاحب نے اسکو خادم حسین کے سپرد کر کے تھانے پر بھیجا ہو۔

ب - گیا ہوا جیل خانے۔ (جیلخانہ)

مغلانی - اب چکی پیسنی پڑیگی۔

ب - تو تو کہتی تھی کہ کوئی سوتے سوتے بڑا اٹھا تھا۔ جھوٹی زمانے بھر کی۔ ذرا صاف صاف نہ پوچھا گیا چل جا ہٹ۔

مغلانی - اجی بیوی حسن آرا بیگم۔

ب - بس چلو اب بہت باتین نہ بناؤ۔ شرمائے نہ شرمانے دے۔

روح - (حسن آرا سے) اب نہ سوؤ نہین تو نماز قضا ہو جائیگی۔

سپہر - اجی نہین ابھی کوئی چار کا عمل ہوگا۔

حسن - چار بج گئے۔ ہماری بھی آنکھین جھکی پڑتی ہین ابھی دو گھنٹے رات ہے۔

بہار النسا بھی تشریف لائین۔

بہار - اب دو گھنٹے رات کہان ہو چار بج گئے۔ ساڑھے پانچ پر تڑکا ہوتا ہو۔

حسن - ہان جب ہی - ؎

مرغان سحر چہک رہے ہین	گلہائے چمن مہک رہے ہین

بہار - چشم بد دور ہماری بہن کیا جلد شعر کہ لیتی ہین۔ کسی روز اپنے دولھا بھائی کو شعر سناؤ۔

حسن - واہ ہم کیا اور ہمارے شعر کیا۔ کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا۔

بہار - اجی تم سب نے ملکر قہقہہ لگایا تھا۔ نواب سمجھے کہ انکو تم کسی بات پر ہنس رہی ہو ہمسے کہا کہ تمھاری بہنین ہمکو ہنس رہی ہین۔ چھیڑ خانی بری۔ پھر ہم بھی چھیڑینگے تو اپنی داؤن بر نہ لگے۔

روح - اونھ - اونھ - چھیڑینگے۔

سپہر - کیجے شوق سے چھیڑین۔

حسن - بڑی بہن کے پیارے دولھا ہین نہین تو ہم سب ملکر انکو بنا لیتے۔

خیر اس حیص بیص اور چہ میگوئی مین پو پھٹنے لگی۔

اب تھانے کا حال سنیے کہ کوئی ساڑھے تین بجے کے وقت نواب صاحب کے نوکر چور کو لے کر تھانہ پر پہونچے۔ تھانہ دار صاحب ندارد جمعدار شراب پیے مست پڑے ہین محرر چوک کے کسی کمرے پر ہین کانسٹبل اپنی اپنی ڈیوٹی پر صرف ایک برق انداز تپائی پر بیٹھا اونگھ رہا ہو۔

خادم حسین۔ (خا) (ملازم نواب صاحب) صوبہ دار صاحب ہین۔

کانسٹبل۔ اونگھ رہا ہو۔

خا۔ ارے یہان کوئی ہو۔

کانسٹبل۔ (پینک مین)

خا۔ ارے یہان کوئی ہو یا سب کو سانپ سونگھ گیا۔

خدمتگار۔ (خد) اچھا سنّاٹا ہو۔

خا۔ (آگے بڑھکر) ارے کوئی ہو۔؟

کانسٹبل۔ حکم در۔

خا۔ ذرا سامنے آؤ۔

کانسٹبل۔ کون؟۔

خا۔ خادم حسین۔

کانسٹبل۔ کہان سے آئے ہو۔

خا۔ اب یہانتک آؤگے بھی کہ وہین سے باتین بناؤگے

خد۔ کب سے حیران ہین کچھ ٹھکانا ہو۔

کانسٹبل۔ (اُٹھکر) کہان سے آئے ہو۔ کیا کوئی واردات ہوگئی۔

خا۔ ہان اِنکو پہچانو۔ رات کو کوئی تین بجے چوری کرتے ہوے یہ پکڑے گئے۔

کانسٹبل۔ اُف۔ وہی جھگڑے کی سنائی۔ کتنے کی چوری ہوئی۔

خا۔ چوری ہونے نہین پائی تھی کہ جاگ ہوگئی۔

کانسٹبل۔ پھر۔

خا۔ پھر یہ پکڑے گئے مشکین کسی گئین ذلیل ہوے۔

کانسٹبل۔ محلہ کا کانسٹبل تو ساتھ آیا ہی نہین۔

خا۔ کانسٹبل کسی حلوائی کی بھٹی مین سو رہا ہوگا۔ برق انداز کا کہین پتا ہی نہ تھا۔

خد۔ سارا محلہ بھر آمنڈا یا مگر سپاہی کا پتا نہ تھا۔

کانسٹبل۔ جب مال کچھ چوری ہی نہین گیا تو اُسکو پکڑ کیون لائے بیچارے کو۔

چور۔ (مارے خوشامد کے) ہان صوبہ دار صاحب دیکھو تو بھلا۔

کانسٹبل۔ بیکار جھگڑا بڑھایا۔

خا۔ اب کچھ رپٹ وپٹ لکھوگے یا نہین۔

کانسٹبل۔ اجی کیسی رپٹ۔ آئے وہان سے رپٹ لکھو۔ چھوڑ دو چور کو۔

خا۔ واہ چھوڑ دینے کی ایک ہی کہی۔ لکھیم پور کے تھانے پر مین بھی چار مہینے محرر رہ چکا ہون۔ اور سنیے کہنے لگے چھوڑ دو۔ واہ واہ واہ۔

کانسٹبل۔ نہ چھوڑوگے تم۔

خا۔ ہوش کی دوا کر دیمان۔ کسی اور بھرد سے نہ بھولنا مین کسی ایسے ویسے کا نوکر نہین ہون۔ میان بڑے نامی وکیل ہین اور گھر کے رئیس۔ چھوڑ دینے کی ایک ہی کہی۔ اِسکے ساتھ تمکو بھی پھنسوا دون تو سہی۔ محلے کے برق انداز کی تو نوکری مین فرق آگیا سمجھو۔ وہ تو بچتا نہین نظر آتا۔

کانسٹبل۔ (چور سے) ابے تجھے انھون نے کتنے گھنٹے اپنے ہان رکھا تھا۔

چور۔ صاحب پکڑکے بس یہان لے آئے۔

کانسٹبل۔ ڈٹ گو کھے۔ ابے تو کہتا کہ مین راہ راہ چلا جاتا تھا اُسے بجھ سے لاگ ڈانٹ تھی اُنھون نے گھات پاکر تجھے پکڑ لیا اور خوب پیٹا اور چار گھنٹے تک اصطبل کی کوٹھری مین

بند رکھا۔

چور۔ لاگ ڈانٹ کیا بتاؤن۔

کانسٹبل۔ کہدینا کہ اُس شخص کی جو رو پر یہ بُری نگاہ ڈالتے تھے تو مین نے کئی دفعہ اِنکو ٹوکا۔ یہ زبردست مین غریب آدمی۔ بس لاگ ڈانٹ ہوگئی۔

چور۔ مگر میری جورو تو چار برس ہوے ایک کے ساتھ نکل گئی۔

کانسٹبل۔ بس تو بات بن گئی۔ کہدینا کہ انھین کی سازش سے نکلی تھی۔

چور۔ مین گانون پر تھا جب وہ ایک کے ساتھ چل دی۔

کانسٹبل۔ اچھا تیرے گھر مین کوئی اور جوان ہی۔

چور۔ ہان۔ بہن ہی۔

کانسٹبل۔ کیا سن ہوگا۔

چور۔ لڑکوری ہی۔ کوئی بیس بائیس برس کی ہوگی۔

کانسٹبل۔ کیسی ہی؟

چور۔ آپ سے رنگ کھلتا ہی۔

کانسٹبل۔ بس اُسی کا نام لینا۔ تو انپر دو جرم قائم ہونگے۔ ایک یہ کہ جھوٹ موٹ بھلو پھانس لیا۔ دوسرے جبس بیجا۔

چور۔ اچھا۔

خد۔ اسوقت کچھ ہنسی آتی ہی اور کچھ غصہ آتا ہی۔

کانسٹبل۔ جب بڑا گھر دیکھوگے تب ہنسی کا حال کھل جائیگا۔

خد۔ ہمارے ہی گھر مین چوری ہو اور ہمین پھنسین۔

کانسٹبل۔ رات کو میٹھی نیند مین سنے جگایا ہی۔ دیکھو تو ہوتا کیا ہی چلّا گلگیرو۔ چلو روزنامچہ لکھادو۔

خا۔ تین بجے کے وقت کوٹھے کی کوٹھری مین دھماکے کی آواز آئی بیگم صاحبہ کی بڑی صاحبزادی جاگ اُٹھین تو دیکھا کہ کوٹھری مین روشنی ہی۔ روشنی دیکھتے ہی آنکھونکے تلے اندھیرا چھا گیا۔ تھوڑی دیر مارے ڈر کے نہ بولین پھر جلدی سے اپنی بہنون کو جگایا۔ اُنھون نے خوب غل مچایا نواب صاحب سہ منزلہ پر سو رہے تھے فوراً اُٹھے اور تلوار جو اُنکے سرھانے پر رکھی تھی لیکر جھپٹ پڑے۔

کانسٹبل۔ ذرا ٹھہرو تلوار کا لائسنس اُنکے پاس ہی جو لائسنس نہو تو چودہ ہی برس کو بھیجون۔

خا۔ پورے بیس برس کو؟ بھائی کچھ تو میعاد کم کر۔

کانسٹبل۔ دیکھو معلوم ہوگی۔

خا۔ ایک تلوار کا لائسنس! اُنکے ساتھ بیس تو سپاہی تلوار باندھے نکلتے ہین۔ یہ ایک ہی تلوار لیے پھرتے ہین ہوشیار

کانسٹبل۔ اچھا خیر کہو کہو۔

خا۔ زینے پر دونون کی مڈھ بھیڑ ہوئی۔ چور نے چھری نکالی اُنھون نے تلوار کا بھرپور ہاتھ چھوڑا تو چور ٹھہرا کہ پیچھے ہٹا اور زینے پر سے نیچے بھاگا۔ اور ایسا گھبرایا کہ گرپڑا گرتا تھا کہ نواب صاحب چھاپ بیٹھے پھر ہم لوگ پہونچے پکڑا چور کو نیچے لائے۔ پھر تو صدہا آدمی جمع ہو گئے۔

کانسٹبل نے لکھنا شروع کیا مگر خیر سے لکھے پڑھے واجبی ہی واجبی تھے ذرا عبارت اور املا ملاحظہ فرمائیے۔

	وہ ہوندا

آیا چور وقت رات کے تین بج کے۔ اوپر مکان کے

مالک مکان بیگم ماشور (مشہور) بڑی بیگم تین بجے رات آیا اور دھم لکھا تو ساہب جادین (صاحبزادی کی خرابی) بیگم کی ڈر کے اپنی بہنون کو جگ آیا (جگایا) بہنون کو جگ جگا تو غول (غل) مچائین۔ چور بھاگ کے جینے (زینے) پر اور نواب بھی تلوار لگائی۔ نہ لگ ی (لگی) چور بھاگا نواب نے پکڑ لیا جب چور گر پڑا تو نوکر لوگ آئے چور کو پکڑ لائے۔

رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت

میان آزاد فرخ نہاد نے جو ایک پری رخ مہ پارہ تربیت یافتہ خاتون نیک سیرت کو اسدر جہمدر دیا تھا تو وحشت دل کیسقدر دور ہوئی تھی جب کبھی حسن آرا کا چاند سا مکھڑا اور بھولی بھولی پیاری پیاری باتین یاد آتی تھین تو دو گھڑی غم غلط کرنے کے لیے وینیشا کے پاس جا بیٹھتے تھے۔ اس شایستہ لیڈی کی قدر تی دلربا گھاتین اور سچی ہمدردی کی باتین میان آزاد کے ساتھ وہ کرتی تھین جو کتے کے ساتھ اور مارگزیدہ کے ساتھ تریاق اور عاشق زار کے ساتھ بوسہ لعل نگار گلعذار کرتا ہی۔ ایک روز شام کے وقت وینیشا نکھر کر اٹھلا رہی تھی میان آزاد نے مسکرا کر کہا کہ آج ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے عجب لطف دکھاتے ہین۔ وینیشا بولی کوئی ہمارے دل سے پوچھے کہ ہم کیسے بشاش ہین۔ یہ کہکر میان آزاد کے ہاتھ مین ہاتھ دے کر اور بھی ناز و ادا سے اٹھلانے لگین نیلگون فرانسیسی گون پر عالم تھا اور ایک نئے فشن کی پیرشین ٹوپی زیب سر تھی جس سے بانکپن بھی بانکپن کا سبق لیتا۔ نازک کمری اسپر طرہ تھی۔ اوڈی کلون یعنے عرق گلاب خالص کی بو باس اور زلف چلیپا سے وہ

لپٹین آتی تھین کہ مست کیے دیتی تھین۔ اگر میان آزاد ایک ایک پیاری ادا کی قیمت ہفت اقلیم کی بادشاہی بھی لگاتے تو بھی کم تھی۔

ہر دو عالم قیمت خود گفتہ	✓
نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز	

جسطرح بہن کو بھائی کا پیار ہوتا ہی اسیطرح یہ آزاد کو دل سے چاہتی تھین اور اُنکے میان بھی آزاد کو مثل اپنے حقیقی بھائی کے سمجھتے تھے اور چونکہ اپیلٹن کی جان آزاد نے بچائی تھی اس سبب سے دونون میان بی بی کو اِنسے ایک قسم کا عشق ہوگیا تھا۔ وینیشا کا فرط محبت سے میان آزاد کے ہاتھ مین دست سیمین دیکر اٹھکیلیان کرنا اور گیسوے عنبر بن سے دماغ جان آزاد کو رشک خطا و ختن بنانا اور اس گلبدن کا بار بار مسکرانا عجب کیفیت دکھلاتا تھا۔ ؎

اے خوشا صبح کہ عاشق زشکر خواب وصال	
دست در گردن معشوق حمائل برخاست	

اتنے مین اُنکے کھانے کا وقت آیا۔ میان آزاد اور لفٹنٹ اپیلٹن اور وینیشا اور ایک بندہ سنیچ بیٹھ کر ڈنر کھانے لگے۔

م۔ بس بنا لیا۔

بند۔ اجی ایک دن بڑی دل لگی ہوئی۔ ہم ڈبلن سے کوئی دس میل کے فاصلے پر ایک دوست کے مہمان فروکش ہوے۔ شب کو دوست کے خدمتگار کی جورو دس انڈے آفا کی چوری سے چٹ کر گئی جب اُنکی بیوی نے پوچھا کہ یہ انڈے کہان گئے تو خدمتگار نے بگڑتی ہوئی بات بنا کر کہا کہ بلی کھا گئی خیر۔ مگر بندۂ درگاہ نے

دیکھ لیا تھا کہ بڑی بلی چکھ چکی ہین تھوڑی دیر کے بعد بلی آئی تو جھلا کر خدمتگار کی جورو نے اپنے میان سے کہا کہ خدا کے لیے اس بلی کا کچھ علاج کر وتب تو ہم سے نہ رہا گیا۔ ہنسنے بہ آواز بلند کہا کہ بڑی بی کہین ایسا نہ کرنا کہ بلی کو مار ڈالو۔ پھر انڈے ہضم نہ ہونگے۔ انوہ۔ مصرع

کا تو تو لہو نہین بدن مین

عورت نے تو سانس تک نہ لی۔ مگر خدمتگار بے اختیار ہنس پڑا

آزاد۔ واللہ ہر تو بون ہی کوئی برتن ٹوٹ جائے بلی کا نام بد۔

بند۔ ایک مرتبہ ہمارے ایک لڑکے کے چیچک نکلی۔ دوسرا بھی مبتلا ہوا رفتہ رفتہ محلے بھر کے بچے اسی مرض مین گرفتار ہوے۔ خیر ڈاکٹر صاحب نے جب بل بھیجا تو فیصدی بیس پونڈ کے حساب سے کم کر کے فیس بھیجدی اُنھون نے بڑی شد ومد سے خط لکھا کہ فیس خلاف ضابطہ کم کیون بھیجی۔ مین نے جواب لکھا کہ کمیشن مجرا کر لیا۔ پوچھا کمیشن کیسا مین نے کہا حضرت ابتدا چیچک کی ہمارے ہی گھر سے ہوئی۔ اگر ہمارے بچون کو چیچک نہ نکلتی تو اتنے لڑکے کیون مبتلاے مرض ہوتے لہذا ہمارا کمیشن واجبی ہر۔

ص۔ پرسون تمھاری سالگرہ ہی۔

بند۔ چھوٹی چھوٹی لڑکیون کو خواہش ہوتی ہر کہ سال مین بارہ مرتبہ سالگرہ ہو۔ مگر جب ذرا سیانی ہوئین پھر البتہ سالگرہ کے نام سے چڑ جاتی ہین تو وجہ کیا۔ بات یہ ہر کہ کم سن لڑکیون کو تمیز کجا کہ سن وسال اور جوبن کیا چیز ہر۔ مگر جہان بیس بائیس کی ہوئین اور جوانی اور جوبن نے رنگ دکھایا بس پھر تو منائی ہین کہ یا اللہ دس برس کے بعد سالگرہ آئے ایسا نہو کہ جوانی جواب دیکر چلدے۔

اتنے مین لفٹنٹ اپلٹن نے پوچھا کہ اس گلاس مین برانڈی لبالب بھری ہر نہ۔ تو حضرت بندہ نے سنج کیا فرماتے ہین کہ ہان گلاس کے نیچے حصے مین تو لبالب بھری ہر مگر اوپر کے حصے مین نہین نظر آتی۔

آزاد۔ آپ شادی کیون نہین کرتے حضرت۔

بند۔ بیوی چل بسین۔

آزاد۔ دوسری شادی کیجیے۔

بند۔ بھئی پہلی شادی سے ہم سیکھ گئے کہ جورو کا ملنا تو آسان ہر مگر شادی کے بعد اسباب کا دستیاب ہونا البتہ ٹیڑھی کھیر ہر۔

آزاد۔ کیا خوب یہ تو وہی مثل ہوئی کہ ایک صاحب نخاس مین کوڑا خریدنے گئے لوگون نے پوچھا حضرت کوڑا کیا کیجیے گا۔ گھوڑا تو آپ کے پاس ہر ہی نہین مسکرا کر فرمایا کہ بس ذرا سی بات تک نہ سمجھ مین آئی۔ اجی پہلے کوڑا سستا سا خرید لین پھر تو گھوڑے کی ضرورت ہوگی مقدم تو کوڑا خریدنا ہر۔ گھوڑا تو رفتہ رفتہ مل ہی جائیگا۔

بند۔ ہم یک شرط کے ساتھ شادی کرینگے۔

آزاد۔ پھر نکاح کی شرطین تو سخت ہوا ہی کرتی ہین۔

م۔ وہ شرط کیا ہر۔

بند۔ بیوی بیوہ ہو۔ مگر دو شوہرون کو چٹ کر چکی ہو۔

آزاد۔ معقول!۔

بند۔ اور دس بچے ہون۔

م۔ انوہ۔ یہ بچون کی قید کیون کی۔

بند۔ این! یہ آپ نہین سمجھین۔ اگر جوان بیوی آئی تو وہ ہمکو ٹھیک بنائیگی ناز برداری کرتے کرتے ناک مین دم آجائیگا مسن بیوی اسی کو غنیمت سمجھیگی کہ شادی تو ہوئی نخرے بھی کم کریگی اور بچے بڑے کام آئینگے۔

آزاد۔ وہ کیا۔

بند۔ قحط کے دنون مین کوڑے کرڈالینگے۔

بند۔ دنیا مین بعض اوقات اچھی باتون کو بھی لوگ بُرا سمجھنے لگتے ہین لوگون کا قاعدہ ہی کہ اگر کسی جوان لیڈی کو ذکورسے کم ملتے جلتے دیکھا تو کہا کہ فلان لیڈی کو کم سن ہی مگر مردون کی صورت سے اُسکی طبیعت نفور ہی ہائے طبیعت جوان نہین بوڑھی عورتون کی سی باتین اور خو بو ہی۔ اگر نوجوان خاتون کفایت شعار ہوئی تو بھی یہ مشہور ہوگا کہ ابھی کم سن ہوتی تو فضول خرچی کی طرف ضرور مائل ہوتی۔ یہ کنجوس ہی جیسے بوڑھی عورتین ہوا کرتی ہین اگر نوجوان لیڈی گرہستی کے کاروبار مین طاق ہو اور تدبیر منزل اور امور خانہ داری کا تہ دل سے خیال رکھنے لگے تو بھی مالک دیرینہ روز کی پھبتی حضرات اُسپر چسپت کرینگے۔ اگر نوجوان لیڈی نے جانوردن پر رحم ظاہر کیا اور اُن بے زبانون پر سختی نکی تو بھی ظاہر ہین آدمی یہی رائے اُسکی نسبت قائم کرینگے کہ وہ مسن عورتون کی خو بو کیطرف زیادہ متوجہ ہی۔ جوانی کی اُمنگ جیسی چاہیے وہ بات نہین۔ لاحول ولاقوۃ اب فرمائیے۔ کفایت شعاری انتظام خانہ داری مردون سے کم ملنا جلنا بیزبان جانوردن سے برحم پیش آنا ان مین کیا گناہ ہی۔ مگر واللہ کیا بھیڑیا دھسان خلقت ہی۔

ص۔ مشہور تو ایسا ہی ہی جیسا آپ نے کہا۔

آزاد۔ ہان واقعی یہی حال ہی کہ کم سن عورت کفایت شعار ہوئی اور نوجوانونکے زمرے سے گویا خارج کی گئی واہ اچھا انصاف ہی۔

بند۔ لیڈی کو اور چاہے جو کچھ کہو مگر ایک بات نہ کہو۔

آزاد۔ وہ کیا۔

ص۔ وہ کون بات ہی۔ بھئی ہم بھی سنین بھلا۔

بند۔ دو برس گھٹا کر عمر بتاؤ۔ دو دن بڑھا کر عمر بتلاؤ اگر پچیس برس کی عورت ہو تو اُس کو بائیس برس کی کہو۔ خوش ہو جاے اور جو پچاس برس کی ہو اور سوا پچاس کہو تین مہینے بڑھا کر تو معاذ اللہ سقدر بگڑے کہ توبہ ہی بھلی۔

ص۔ ہان بس جتنے عیب ہین سب عورتون ہی مین ہین تم لوگ بالکل بے عیب ہو اور کفایت شعاری نوجوان سے منزلون دور رہتی ہی۔

آزاد۔ آپ دن کے وقت پیدا ہوے تھے۔ یا شب کو۔

بند۔ اماکہتی تھین کہ کچھ رات باقی تھی جب ہم دنیا مین نازل ہوے۔

ص۔ کتنی رات باقی تھی۔

بند۔ اوہی کوئی منٹ سوا منٹ رات ہوگی بس۔

دنیشیا اور اپیلٹن منٹ بھر رات کا فقرہ سُنکر بے اختیار ہنس پڑے اور میان آزاد نے بیٹھ ٹھوکی کہ اُستاد اس فن کے بانی کار ہو کوئی دو گھنٹے تک یہی دل لگی رہی۔

اتنے مین کیا دیکھتے ہین۔ کہ میان خوجی لڑھکتے ہوے چلے آتے ہین ایک سوکھا کنارا ہاتھ مین ہی بندہ سنبھ نے

کہا آیئے آیئے بس آپ ہی کی کسر تھی۔
خ۔ مجھے بیٹھے بیٹھے خیال آیا کہ کسی سے پوچھوں تو یہ سمندر ہے کیا شے۔
م۔ ہاں ضرور پوچھیے۔ (بندہ سنج کو دکھا کر) ان سے پوچھیے یہ ایسے معاملات سے خوب واقف ہین۔
خ۔ کیون حضرت یہ سمندر کیا شے ہی اور کس فقیر کی دعا سے بنا۔
بند۔ تاریخ الحقا مین اسکا کل حال درج ہی۔
خ۔ کچھ تو فرمایئے۔
بند۔ اگلے وقتون مین جب لوگ کپڑون کے عوض کھال پہنتے تھے اور جانوران صحرائی کے کچے گوشت پر بسر کرتے تھے۔ ایک ملک تھا گھاٹمرنگ۔
خ۔ ذری ٹھہر جایئے گا۔ وہان افیم بھی بکتی تھی۔
بند۔ اس ملک کے باشندے بڑے جری اور سپاہی آدمی تھے۔ مگر پستہ قد۔
خ۔ (مونچھون پر تاؤ دیکر) ہون ہون۔ پستہ قد تو جری ہوتے ہی ہین۔
بند۔ لیکن کوئی باشندہ بغیر قرولی باندھے گھر سے نہین نکلتا تھا۔ قرولی تو قد بینچہ سہی۔
خ۔ (اکڑ کر) کیون میان آزاد۔ وہی بات آگے آئی نہ۔
بند۔ ایک اُن لوگون مین سخت عیب تھا۔
خ۔ ارے! وہ کیا! بتاؤ تو جی۔
بند۔ سب مرد و افیم پیتے تھے۔
خ۔ (تیور چڑھا کر) اوگیدی۔
آزاد۔ ہائین ہائین! شریف یوروپین جنٹلمین سے یہ سخت کلامی۔
خ۔ ہم تو سر سے پانون اور پانون سے سر تک پھنک گئے۔ آپ شریف لیے پھرتے ہین۔ نہ ہوئی قرولی ورنہ ڈھیر کر دیتا۔ اوگیدی۔
بند۔ غرض کہ کوئی افیم کا شائق نہ تھا۔
خ۔ ایین! کیا! شائق نہ تھا۔
بند۔ کوئی گھر ایسا نہ تھا کہ جہان افیمی نہو۔ دن رات افیم ہی گھلا کرتی تھی۔
خ۔ (ہنسکر) ہان۔ یہ مانا۔ واہ کون ملک تھا۔ ہائے ہم نہ ہوے۔
بند۔ مرد تو وہانکے تھے پست قد مگر عورتین گران ڈیل۔
خ۔ یہ بڑی سنائی۔ زعفران وہین کی ہوگی۔
آزاد۔ (ہنسکر) ہان واقعہ کیا کہی ہی۔
بند۔ جہان میان ذرا بگڑے اور بیوی نے بغل مین داب کر دو تین جھٹکے دیے یا دبایا اور بازار بھر مین ہنڈوایا۔
خ۔ (اُچک کر) اہاہا۔ یار سنتے ہو۔ وہ بہروپیا وہین کا تھا۔ کیون اب تو اس گیدی کا مکان بھی مل گیا۔ اچھا ٹھہر جاؤ چچا بنا چھوڑون تو سہی۔
بند۔ وہان کے باشندے کیدا نیان کرتے تھے۔
خ۔ جھک مارتا تھا ہمارا باپ۔
آزاد۔ ایین! یا وحشت خبر ہی میان۔
خ۔ واقعہ جھک مارتا تھا گیدی۔
آزاد۔ کون جھک مارتا تھا۔
خ۔ ہمارا باپ۔

آزاد - شاباش - خلف الرشید پیدا ہوے کہ باپ کو بھی گالی سے نہ چھوڑا -

خ - اجی وہ ہمارا باپ ہی نہ تھا - جھوٹا تھا گیدی -

آزاد - آخر اب کیونکر جانین -

خ - قرولیان بھونکنے کا مردک نے کام کیا - جھک مارتا تھا -

م - (کھلکھلا کر ہنس پڑین) شاید سچ کہتا ہو -

خ - قسم قرآن کی جھک مارتا تھا مردک -

آزاد معقول ایسے بگڑ گئے -

خ - قسم امام حسینؑ کی جھک مارتا تھا پاجی بلکہ اور اپج - بیش باد -

اس بیش باد پر میان آزاد آدھ گھنٹے تک ہنسا کیے -

خ - آزاد کے نمک کی قسم جھک مارتا تھا -

آزاد - آپ کے والد بھی تو پستہ قد تھے -

خ - نہین وہ لمبا بوتوف تھا - مگر امان البتہ گراں ڈیل تھین چشم بد دور وہ اُسی ملک کی تھین جسکا یہ ذکر کر رہے ہین -

آزاد - لیکن پھر شادی آپکے باپ کے ساتھ کیونکر ہوئی -

خ - اجی بھگا لایا ہوگا بدمعاش - امان سیدھی عورت تو چشم بد دور تھی - ہین آگئین دم مین -

آزاد - کیا زندہ ہین -

خ - اُف کوئی بیس برس ہوے اُنھین دفنائے ہوئے کو -

آزاد - پھر یہ چشم بد دور کیون بار بار کہتے ہو -

خ - الفت کی وجہ سے -

م - تو وہ کسکے ساتھ بھاگ آئی تھین -

خ - اجی اُسی باپ کے ساتھ -

م - اپنے باپ کے ساتھ یا آپکے باپ کے ساتھ -

خ - میرا باپ کاہے کو ہوا - جھک مارتا ہے کہ ہمارا باپ بنتا ہے ہم بھی اُسی ملک کے ہین -

آزاد - تو مصنوعی باپ تھا -

خ - بیشک کیا مزے سے باپ بن بیٹھے گیدی - ایسی ہی باتون پر تو ہم قرولی بھونکتے ہین -

بد - آپ کسی امیر کی گود کیون نہین بیٹھ جاتے -

خ - ہان - کیا مضائقہ ہے - مگر فہمی ہو ورنہ ہم اُسکو آدمی ہی نہین سمجھتے جو فہم نہ پیے -

م - چین مین جاؤ -

خ - ہان صاحب اُس ملک مین اور کیا کیا ہوتا تھا بھلا اِس ملک کے آدمیون کی تصویر مین بھی تمھارے پاس ہین -

بد - نہین تو مگر دے دین - بس بالکل تمھارے ہی سے ہاتھ پانون تھے کرارے جوان مگر پاس قرولیان اور پونڈا بہت کھاتے تھے -

خ - اہو ہو ہو وہ ہمارے آبا و اجداد تھے سب -

م - مگر آپکی والدہ شریفہ نے جُل دیا -

خ - میان آزاد دیکھو بس اُنھین باتون مین تم سے ہم سے نہین بنتی - مرد خدا وہان سے تو لمبے چوڑے اقرار کر کے لائے تھے کہ قرولی فرور لے دینگے اور یہان صاف مکر گئے اب ہمین قرولی منگا دو تو خیریت ہے - ورنہ ہم بگڑ ہی جائینگے - واللہ کون گیدی دم بھر ٹھہرے یہان -

آزاد - اور یہان سے آپ جائینگے آخر کہان - جہنم - جائیے - جائیے نہ بسم اللہ -

ہم - اِنکے پاس کچھ روپیہ دو روپیہ بھی ہو یا مفلس ہی ہین -
آزاد - جی ہین اُنکا خزانچی ہون - چاہے جسقدر روپیہ کی ضرورت ہو چکیلون مین حاضر کرتا ہون -
بند - اِس خزانچی کے لفظ پر ہمین ایک لطیفہ یاد آیا -
آزاد - آپکے پاس بھی تو لطائف وظرائف کا خزانہ بھرا ہی چشم بددو - فرمایئے -
بند - شادی کے قبل نوجوان دوشیزگان لیڈیان اپنے مطبوع شوہر کو اپنا خزانہ کہتی اور سمجھتی ہین - شادی ہونیکے بعد خزانے سے خزانچی اُسکا نام بدل دیتے ہین صبح - شام فرمائیشون کی گرم بازاری ہوا کرتی ہی - آج اخبار مین نئی فشن کی بیس کا اشتہار پڑھا اسی پر لٹو ہو گئین کل پڑھا کہ پیرس مین لیڈیون کی نازک نازک طلائی گھڑیان بکتی ہین - وہ فوراً منگوالین میان کی تنخواہ مین چاہے ٹکا نہ بچے - اُنکو اس سے کچھ سروکار نہین خزانچی کے خزانچی میان کے میان -
ہم - اچھا ہوا تمھاری بیوی بیچاری چل بسین ورنہ تم تو اُنکو گھونٹ گھونٹ کے مار ڈالتے -
بند - شادی کے بعد وہ ایسی رونی صورت بنائے رکھتی تھین کہ معلوم ہوتا تھا آج باپ کے مرنے کی خبر آئی ہی - دو برس کے بعد بوجوہ چند در چند ہمسے چھ مہینے کے لیے جدائی ہوئی چھ مہینے کے بعد جو دیکھتا ہون اللہ ہی اللہ - بات بات پر مسکرانا اور بات بات پر قہقہے لگانا - بات ہوئی اور کھل گئین مین نے ایک دن پوچھا کہ کیا تم وہی ہو جو ناک بھون چڑھائے رہا کرتی تھین - مسکرا کر کہا ہان ہون تو وہی کیون مین نے کہا شکر ہی کہ کایا پلٹ تو ہوئی یا تو بوتی ہی نہ تھین بات کا جواب دینا بھی گران گذرتا تھا اب بات بات پر قہقہے لگاتی ہو - اِسکا کیا خوب جواب دیا ہی ہنس کے بولین کہ واہ اِسمین تعجب ہی کی کون بات ہی بھلا - ایک دن مجھے خیال آگیا بس تب سے اب ہر وقت ہنستی رہتی ہون - تب تو مین نے اپنا مُنھ پیٹ لیا - پوچھا مُنھ کیون پیٹتے ہو - مین نے رونی صورت بنا کر کہا کہ بیوی ہم تو خوش ہوئے تھے کہ تم ہنس مکھ خندہ پیشانی ہو گئین اب ہمسے تم سے خوب بنے گی - مگر معلوم ہو گیا کہ تمھارے ہنسی اور رونے دونون کا اعتبار نہین - اگر تمھین اسیطرح بیٹھے بیٹھے کسی دن خیال آگیا کہ رونا اچھا - اور رو دین - چلو پھر رونا ہی شروع کر دو گی بس بس معلوم ہو گیا - رو تو رہی ہنسو تو خوشی نہین - اور مصیبت تو تب ہی ہوتی ہی کہ جب تیز طبع جوان عورت کی کسی افسردہ دل اور سبک مغز مرد کے ساتھ شادی ہو اہی ہی طوطی را با زاغ در قفس کردند - بیوی کے نکھا سنگا چہل مذاق کے دن میان کا اسّی برس کا سن آج مرے کل دوسرا دن - منھ مین دانت نہ پیٹ مین آنت فرانسیس مین ایک بڑی طباع اور خردآگاہ لیڈی تھی جسکے دلکش اور دلچسپ ناول مشہور دیار و امصار ہین اس بیچاری پر بھی ایسی ہی مصیبت پڑی تھی - ایک ناول مین اس مصنفۂ نامی نے اپنے کھوسٹ میان کا بیان بھی ایک پیرائے مین درج کیا ہی - ستر برس کے سن مین جو مرا دون کے دن تھے اور جوانی پھٹی پڑتی تھی اور ہر عضو بدن کان حسن اور جان حسن تھا - اتفاق سے ایک بوڑھے کے ساتھ اُس خاتون نوخیز کی شادی ہوئی بوڑھے کھوسٹ کو دن رات سوا اِسکے اور کوئی کام نہ تھا کہ بھیڑ - بکری اور بیل گائے بھینس خریدے

اور بیچے بہ عالی گوہر یا کیزہ مشرب چمن طبع شگفتہ جبین تربیت یافتہ خاتون اور ابھی عنفوان شباب اور جوانی کی ترنگ - شوہر ملے سر کہ جبین گھوسٹ - اپنے نادل مین اپنے شوہر کا حال یون بیان کیا ہی - (موچھین سفید آنکھ قہر آلود) جسکے دیکھنے سے ڈر معلوم ہو - بات بات پر زبان گتی تھی - نوکر چاکر اردسی پروسی گھوڑے گتے تک کی جان نکلتی تھی - دیکھا اور دم فنا اور بیوی بھی تھرانی تھی چند سال تک بیچاری نے طوعاً وکرہاً بسر کی ایک دن خبر مشہور ہوئی کہ پیرسن ڈیوڈونٹ کہین چل دین - اُن کا پتا ہی نہین ملتا - خدا جانے کہان چلی گئین (پیرسن ڈیوڈونٹ اُس خاتون جمیلہ کا نام تھا) بھاگ کر پیرس کے ایک محلے مین اسنے بود باش شروع کی اور نا دل تصنیف کر کے بھیجے یہ خاتون حسینہ اپنے نادر ناولون کے سبب سے بہت مشہور تھی مگر میان ایسا کمبخت ملا تھا کہ چھوڑتے ہی بن پڑی -

آزاد - حضرت مجھے بھی ایک بات اسوقت یاد آئی - ہمارے محلے مین ایک خواجہ صاحب رہتے تھے - بڑے باوضع اور خوش مذاق شریف زادے اُنکے ایک لڑکی تھی چودھوین برس لڑکی کا نکاح ہوا وہ چھوکری اسدرجہ حسین تھی کہ واہ سچ کس بدبخت نے ایسی کافر صورت آجتک دیکھی تھی ہو - اہو ہو جوبن پھٹا پڑتا تھا اور وہ سادگی کہ کروربناؤ بھی گرد - نور کا عالم تھا چال وہ مستانہ ادا وہ معشوقانہ کہ واہ جی واہ عطر پر عاشق تھی - اور نفیس طبع اتنی بڑی کہ دن بھر مین تین بار پوشاک بدلتی تھی تقریر کے وقت بس یہی معلوم ہوتا تھا کہ منہ سے پھول جھڑتے ہین لعل نگارین اور چشم شرمگین پر وہ جوبن تھا کہ انسان پہرون گھور اکرتا - شوخی ایک ایک رگ مین کوٹ کوٹ کر بھری تھی - اس ملک فریب کنواری کو اُسکے بیوقوف اور بدبخت والدین نے ایک گنوار جاہل بدشعور بدصورت کے ساتھ بیاہا جسکے حیحک کے دانغ اور کالا کوئلہ چہرہ اور چھوٹی چھوٹی دھنسی ہوئی تین آنکھین دیکھکر آدمی کا جی چاہتا کہ اس سے بات نہ کرے - ان سب پر طرہ یہ کہ تپ دق کے مرض مہلک سے اُسی سال نجات پائی تھی - مگر ڈاکٹر نے کہہ دیا تھا کہ جان ابھی معرض خطر مین ہی - خدا کی قسم اسطرح کا رنج ہوا ہی کہ بیان سے باہر ہاے وہ عندلیب گلشن ناز و ادا اس زاغ راغ نفرت کے لائق نہ تھی ہی ہی شاخ صندل پر مارسیہ نے قبضہ کر لیا - ہی ہی چاند کو گہن لگ گیا - اس مہ انور کے دل پر کیا گذرتی ہوگی - واحسرتا اپنے بدقطع وبدوضع بدشکل شوہر پر نظر ڈالتی ہوگی - ضرور رودیتی ہوگی کہ ہاے قسمت پھوٹ گئی کہین کی نہ رہی - ماں باپ نے لیکے اندھے کنوئین مین ڈھکیل دیا -

م - کیا بڑی حسین عورت ہی -

آزاد - کیا کہون - بس قابل تعریف ہی - مین نے ایکدفعہ دور سے گوری گردن دیکھ لی تھی بس دل ہاتھ سے جاتا رہا - خدا گواہ ہی دو مہینے کامل تین تین گھنٹے اور چار چار گھنٹے کوٹھے پر کھڑا رہا ہون کہ شاید ایک نظر بھر کر اُس بت پندار کو دیکھ پاؤن تو تن مردہ مین از سر نو جان آجائے -

ص - (یعنی اپیلٹن) افسوس - کیا میان بالکل سیاہ فام اور چیچک رو ہی -

آزاد - اجی صورت دیکھیے تو بات کرنے کو جی نہ چاہے -

م۔ ہائے ستم۔ ایسی مہ جبین اور ایسے بدشکل کے ساتھ بیاہی جائے
آزاد۔ ہائے ستم در ائے ستم۔ کمال افسوس کی بات ہی۔
خ۔ (چونک کر) باپ بنے تھے۔ گیدی نامعقول کو کیا کہون
آزاد۔ پھر گر مائے بھی واقعی تمھارا باپ پاگل تھا کہ
تم ایسے اُسکے پاگل لڑکے ہوے۔
خ۔ اجی خدا خدا کیجیے باپ کسکا تھا۔ کیسکا باپ تھا کیسکا۔
ص۔ کوئی اپکا باپ تھا یا کوئی تھا ہی نہین۔ یون ہی پیدا ہو گئے
خ۔ ہو گا کوئی۔ وہ تو نہ تھا۔ ہم بس اُسی ملک کے ہین
اور وہین کوئی ہمارا باپ بھی ہو گا۔

یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ جہاز کے کپتان نے سب کو اطلاع دی کہ ایک گھنٹے مین بڑی سخت آندھی آنیوالی ہی مستعد ہو رہو۔ یہ خبر وحشت اثر سنتے ہی سب کے ہوش وحواس غائب ہو گئے۔ اور جہاز پر کھلبلی مچ گئی۔

م۔ آندھی ہی کہان۔ ہمین تو آندھی واندھی کچھ بھی نظر نہین آتی۔
آزاد۔ ہماری سمجھ ہی مین نہین آیا کہ کہا کیا۔ خاصہ صاف مطلع ہی یہ اُنھون نے بیٹھے بٹھائے اچھا شگوفہ چھوڑا کہنے لگے آندھی آئی۔ مفت مین بیٹھے بٹھائے لوگون کو حیران کر دیا۔

آج تو اپریل کی پہلی تاریخ بھی نہین ہی کہ ہم سمجھین سب کو اپریل فول بنایا۔
ص۔ اِسکی کچھ نہ کچھ اصلیت ضرور ہو گی۔ بیوجہ کبھی کپتان آندھی کا نام زبان پر نہ لاتا مگر بظاہر آندھی کے ذرا بھی آثار نہین پائے جاتے۔

اتنے مین چوطرفہ سے یاس دبیم کی صدائین آنے لگین۔ ایک پیر فرتوت جو طفلی سے صدہا بار جہاز پر سوار ہوے تھے کف افسوس مل ملکر کہنے لگے کہ یہ آندھی نہین پیام اجل ہی۔ شاید دس پانچ آدمی کسی طرح بچ نکلین ورنہ اب ڈوبے اور اب ڈوبے۔ ایک معمر لیڈی نے کہا کہ اب جہاز کی خیریت نظر نہین آتی۔ آندھی بہت ہی سخت آنیوالی ہی۔ ایک نوجوان فرانسیسی نے جو قریب کھڑا ہوا تھا پوچھا کہ پھر آخر اب کیا تدبیر کیجائے مفر کسی طرح ممکن ہی یا نہین۔ لیڈی نے آہ سرد بھر کر کہا کہ بیٹا اب زیست سے ہاتھ دھو رکھو اور دنیا سے کوچ کرنے کی تیاریان کرو۔

یہ ہوش ربا فقرہ سنکر نوجوان نے بصد حسرت ایک نوخیز لیڈی کیطرف دیکھا اور دونون کی آنکھین پُرنم ہو گئین یہان آزاد کے قریب دو بھائی کھڑے باہم باتین کرتے تھے ایک نے کہا ہائے اب ہم اپنے بوڑھے باپ کو کیونکر دیکھینگے اور جب وہ ہمارے ڈوبنے کی خبر سُنین گے تو اُنکا کیا حال ہو گا چھوٹا بھائی آبدیدہ ہو کر بولا ہم ہی حاصل عمر ہین۔ اور دونون کے دونون یہان اور دونون ڈوبینگے ساری خدائی مین اور نہ کوئی رشتہ دار ہی نہ دوست ہی نہ یار ہی۔ اُنھین تسکین دینے والا بھی تو کوئی نہین ہی۔ ہائے اُنکے دل پر کیسی گذرے گی۔ اہ کاش ہم دونون مین سے ایک ہی یہان ہوتا دوسرا اُن کی دلجوئی کے لیے اُنھین کے پاس رہتا اب وہ سر پٹکر ٹکرا کر جان دینگے روتے روتے اندھے ہو جائینگے مگر ہم دونون مین سے ایک کو بھی نہ پائینگے۔ دیکھنے کو ترس جائینگے۔

اتنے مین کپتان نے پھر سب کو اطلاع دی کہ خبردار ہو شیار آندھی آن پہونچی۔ جہاز کا خدا حافظ ہی۔ امید زیست منقطع

ہو گئی ہے سب دست بدعا ہو کہ خدا اس مصیبت سے بچائے یہ فقرہ سنکر ایک شخص بولا کہ دعا مانگنا محض فضول ہے دعا سے کہین آندھی کو کوئی روک سکتا ہے۔ اپلٹین نے کہا ہان ہے تو ایسا ہی مگر انسان کے دل کو ایک قسم کی تسکین تو ہوتی ہے کہ شاید خدا ہماری اس مصیبت کے وقت سن لے۔

خ۔ (چونک کر) ہائین یہ غل کیسا ہے۔ بھئی۔ کیا ٹرکی کی آن پہونچے چلو سفر تو ختم ہوا۔ بھائی آزاد یہان اوترتے ہی پوچھنا کہ انیم کہان ملتی ہے۔ یار اب تین ہی چار دن کی رہگئی ہے۔

آزاد۔ انیم گئی جہنم مین کچھ بسنت کی بھی خبر ہے۔ انھین انیم ہی کی پڑی ہے۔

خ۔ (آنکھین کھولکر) کیون کیون۔ یہ کیا بات۔ آخر یہ سب کے سب چلاتے کیون ہین۔

آزاد۔ ناخدا نے کہا کہ بہت بڑا طوفان آنے والا ہے جہاز اب کسی صورت بچ نہین سکتا۔ لوگونکے جی چھوٹ گئے آپ کو انیم کی تلاش ہے۔

خ۔ مبرہی سائی۔ کہتے تھے ٹرکی در کی جانیکا قصد کرو تمانا تمانا اب بھگتو۔ خیر خدا کرے جہاز تباہ ہو تو چین مین پہونچے کہ انیم تو ملے بہت سی۔ اور حسن آرا بھی وہان سے قریب ہونگی۔

آزاد۔ ہائے کمبخت پھر یاد دلائی۔ ہائے حسن آرا بیچاری جب ہمارا ڈوبنے کا حال سینگی تو کڑھ کڑھ مریگی گھٹ گھٹ کے مریگی۔

خ۔ صبر کرو بھائی آزاد صبر کرو لیکن ہمین تو آسمان انیمونکے دل کیطرح صاف نظر آتا ہے۔ یہ آندھی کی خبر کس نے اڑادی۔

جہاز پر ایک عجب طرح کی کھلبلی مچی ہوئی ہے کہ اتنے مین ہوا کا زور کم ہو گیا اور رخ بدل گیا۔ ناخدا نے اب ان سب کو یہ مژدہ سنایا کہ اگر خدا نے چاہا تو آندھی زیادہ نہ ستائیگی اور تھوڑی دیر مین ہو جائیگی آدھ گھنٹے مین وہ طوفان فرو ہوا۔ ناخدا نے خدا کا شکر ادا کیا اور کہا اسطرح کی تیز ہوا آنیوالی تھی کہ ہمین شک کی جگہ یقین ہو گیا تھا کہ کسیطرح جہاز نہ بچے گا اور بہت ہی جلد ڈوب جائیگا مگر

صد شکر اس بندہ نوازی کے ترے ہم جائین
باپ ماں ہوتے ہین کب ایسے شفیق و مشفق

دفعتہ ہوا از سر نو فرو ہو گئی اور وہ تیزی اور وہ تندی سب جاتی رہی معلوم ہوتا ہے کوئی اندیشہ ہی نہ تھا۔ یہ خدا کی شان ہے ورنہ تمنا خدا جانے جہاز کہان کا کہان پہونچا ہوتا۔ بارے الحمد للہ کہ بخیر گزشت سب کی جان مین جان آئی مگر خوجی بیچارے البتہ پریشان تھے کہ اچھے گھر بیعانہ نہین دیا۔ ایک ایکدن غرقاب ضرور ہونگے انکی رائے ہے کہ چاہے بھونک بھونک کے انسان مرے مگر پانی مین ڈبکر نہ مرے

پریون کی چہل

خیر ادھر کا قصہ تو ادھر چھوڑا۔ اب سنیے کہ شام کیوقت جبکہ باد مسرور و طرب انگیز سے جگر تک کو خنکی پہونچتی تھی اور پھولون کی بو باس سے مشام معنبر ہوا جاتا تھا۔ اور بادل کھیلیون پر تھے حسن آرا بیگم اپنی پیاری بہنون کو ساتھ لیے ہاتھ مین ہاتھ دیے مصروف گلگشت چمن و تماشاے نسرین و نسترن تھین۔ اُدھر بادل کا جھومنا اور ادھر ان بتان طناز کا جوانی کی ترنگ مین مستانہ وار باغ سراپا بہار مین چمک چمک کر گھومنا عجب لطف دکھاتا تھا۔ غنچۂ دل کھلا جاتا تھا روح افزا کے دو چمچے پر وہ عالم تھا کہ اہو ہو ہو۔ حسن آرا کا ہلکا صندلی دوپٹا اور اودا پاجامہ بدلی مین عجب جوبن دکھاتا تھا مگر بہار النسا بیگم اُس وقت سفید سادہ باریک ڈوپٹا خلاف معمول اوڑھے

تھین - ہان سپہر آرا البتہ متوالی تھی - وضع دنیا سے نرالی تھی - وہ بانکی سجیلی چھبیلی کہ زاہد صد سالہ بھی دیکھے تو گھنٹون گھورا ہی کرے - زلف پریشان شادان و فرحان مست و خندان اٹھلا اٹھلا کر روشون مین آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی تھی اور گلہائے معنبر کی بھینی بھینی مہک سے اور بھی مست ہوئی جاتی تھی - ۵

باغ مین آج جو اُس گل کی سواری آئی
شور بلبل نے کیا بار بہاری آئی

روح افزا نے گلاب کا ایک پھول توڑا تو سپہر آرا سنگم مچل گئین کہ بہن یہ ہمکو دے ڈالو ہم اپنے جوڑے مین لگائینگے -

روح - بس باغ بھر مین اب یہی نگوڑا پھول رہ گیا ہی -

سپہر - (بھولے پن کے ساتھ) اور تو سب چھوٹے چھوٹے ہین

روح - تمھین بڑی شوقین ہو -

بہار - ہونھ اپنی بڑی ہوکر چھوٹی بہن سے لڑتی ہین - ہوا پھول بھی کوئی بڑی کائنات ہی جیسے -

روح - اچھا آپ رہنے دین -

حسن - سپہر آرا جانین روح افزا جانین - تم بیچ مین کیون بولتی ہو بہن -

روح - اِنکی عادت ہی - یہ اپنی عادت سے ناچار ہین بیچ بیچ بہار - ٹانگ کی برابر لڑکی اُس سے ذرا سے پھول پر لڑتی ہین -

روح - پھر -

سپہر - اچھی بہن دے ڈالو - ہم اپنے جوڑے مین لگائینگے (آبدیدہ ہوکر) اچھا نہ دو -

روح - لو بس اتنے ہی مین رو دین (سپہر آرا کو گلے لگاکر) ہم تو ہنستے تھے تم ہنسی ہنسی مین رو دین -

سپہر آرا پھول لے کر مسکرائی -

سپہر - واہ کہین روئی نہ ہون - روئین میرے دشمن جو میری طرف دیکھ نہ سکین مین نے جان بوجھ کر رواسا مُنھ بنایا تھا جس مین پھول دے دو -

حسن - بھری ذری اس کوے کو تو مار کے ہکا دے موا کب سے قاؤن قاؤن کر رہا ہی -

بہار - ہان مجھے بھی اِسکی بولی سے نفرت ہی - جب دیکھو ٹاؤن ٹاؤن - ٹاؤن ٹاؤن -

سپہر - ٹاؤن ٹاؤن کہنا چاہیے کہ قاؤن قاؤن - وہ بولین قاؤن قاؤن یہ بولین ٹاؤن ٹاؤن -

روح - یہ خوب ہوئی - ایک ہی ہوئی - ٹاؤن ٹاؤن ایا قاؤن قاؤن جو کچھ ہو یہ کوّا بولتا ہی کہ حسن آرا اور بہار النسار

حسن - ہمنے تو قاؤن قاؤن ہی سنا ہی -

بہار - اور ہمنے ٹاؤن ٹاؤن ٹاؤن سنا ہی -

حسن - بدتی ہو کچھ کچھ - ؟ -

بہار - ہان بدتے ہین - آؤ - آؤ کیا کیا بدتی ہو -

حسن - پانچ پانچ روپے بدتے ہین آؤ ہاتھ مارو - ہاتھ پر ہاتھ مارو -

بہار - پانچ پانچ کوئی اور بدتے ہونگے ہم دو دو اشرفی بدتے ہین -

روح - ہم حسن آرا کے ہاتھ پر بدتے ہین - ایک ایک اشرفی جسکا جی چاہے بدلے -

بھری - (ہنستی ہوئی) سرکار ہمارے پاس تو ایک اٹھنی ہی ہمکو بڑے حضور نے انعام مین دی ہی - لونڈی اٹھنی لگاتی ہی کوئی ہمارے برابر کی ہو تو ہم اٹھ اٹھ آنے

بدلین - جو تو ہو ہی یا اِدھر یا اُدھر -

حسن - اچھا تو دو اشرفیان ہوگئین - مکرنے کی سند نہین - جی ہان - کوئی ضامن دو - ہم یون نہ مانینگے بُدبُد کے آدمی مکر جاتے ہین -

بہار - اچھا ہم سپہر آرا کے پاس رکھواتے ہین تم بھی دو اشرفیان بساد و کسی کے پاس -

حسن - کیا کچھ جورون بہوار تھوڑا ہی ہو بھلے مانس کی بات کافی ہو - قول جان کے ساتھ ہو -

دونون بہنون نے جاکے بڑی بیگم سے پوچھا اور جنھون نے شرط نہین بدی تھی وہ بھی ساتھ گئین - بڑی بیگم نے کہا ہم نے تو وہ سنا ہو جو حسن آرا کہتی ہین - قاون قاون سنا ہو - بہار النسا بولی یہی تو ہم بھی کہتے ہین - قاون قاون - سب ہمجولیون نے ملکے ان سے لڑنا شروع کیا کہ واہ پانچ روپیے کے لیے جھوٹ بولتی ہو تم نے تو ٹاون ٹاون کہا تھا - حسن آرا بولی اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ اب کوئی انکی بات کا اعتبار نہ کریگا یہ کہتی ہین اور مکر جاتی ہین - آدمی کی بات جہان گئی بس گئی اور اعتبار ہی پر سارے زمانے کا دارومدار ہو - بہار النسا نے کہا ہم بد کے پاس نہین کھڑے ہوتے -

سپہر - بہن روپے دیدو - تین روپے تم دو دو روپے ہم دین -

حسن - ہان ہین تو ایسی ہی خسیس کہ ٹانگ کی برابر لڑکی اور اس سے لینے بیٹھین -

بہار - چلیے آپ کی بلا سے - اچھا آؤ دے بھی دین کہان کی جھنجھٹ - آئے دن طعنے ہی دیا کرتی ہین -

بہار النسا نے بی مغلانی سے صندوقچہ منگوایا اور کھولکر پانچ روپے کا ایک نوٹ روح افزا کو دیا - روح افزا نے کہا بہن یہ کہان کا ہو جو بمبئی کا ہوا تو ہرگز مین نہ لینے کی چونی بٹے کی کون دے -

بہار - ہم نہین جانتے تم اُنسے پڑھوا منگواؤ -

روح - بی مغلانی ذری یہ نوٹ خورشید دولھا سے پڑھوا منگوانا کہ کہان کا ہو -

مغلانی نے باہر جاکر نواب صاحب سے کہا کہ حضور ذری اس نوٹ کو پڑھ دیجیے کہ اسکا نمبر کیا ہو نواب صاحب نے پڑھکر کہا ۱۱۲۰۰ - گیارہ ہزار دو سو -

مغلانی - (اندر آکر) بیوی گیارہ ہزار دو سو -

حسن - کیا ! گیارہ ہزار دو سو کا بھی ایک نوٹ ہوا ہو کہین -

مغلانی - نہین بیوی یہ نمبر ہو اس نوٹ کا -

روح - جاؤ ٹرن ہی رہین بس -

سپہر - نمبر کس نے پڑھوانے کو کہے تھے تم سے - پوچھو کہ ہے کہان کا نوٹ -

مغلانی - (نوٹ لیکر) ای مین کیا جانون موا لوٹھ کیا ہوتا ہو ہمارے وخت (وقت) مین لوٹھ دوٹھ تھا کہان - یہ کاغذ کے گھوڑے آج کل دوڑائے جاتے ہین (باہر جاکر) حضور نمبر نہین پوچھتی ہین - آیا کہان سے ہو وہ تو بہ - ہو کہان کا -

ن - دیکھون ناگپور کا ہو -

حسن - نہ لینا - ای روح افزا بہن لینا نہین -

روح - یہ ہم نہ لینگے - ہمین الہ آباد یا کلکتے کا دیجیے -

بہار - یہ السیٹھ یہان کسو کو نہین بھاتی - لاؤ لاؤ

بدل دو ن لو یہ لو - اچھا جانے دو تم نقد روپے لے لو گنو ایک دو تین چار پانچ -

سپہر - کہو پائے -

روح - نہین پائے -

سپہر - نہ پاتین تو مہنامت نہ مچاتین -

حسن - بی مغلانی کسی سے کہو کہ پانچ روپیہ نقد کی مٹھائی لائے -

بہار - بہن نقد کس مزے سے کہتی ہین -

سپہر - تازی پچ میل مٹھائی ہو باسی نہ اٹھالائے

بہار - بھلا ہم کو بھی ملیگی - ؟

حسن - مل چکی -

تھوڑی دیر مین باہر سے مٹھائی کی چنگیر آئی - صرف دو روپیہ کی مٹھائی -

حسن - این یہ پانچ روپیہ کی مٹھائی ہی اتنی سی -

لونڈی - نہین تو باہر نوابصاحب نے تین روپے لے لیے اور سپاہی سے کہا دو ہی روپے کی لاؤ -

بہار - یہ کیون زدی بلاؤ تو -

حسن - واہ یہ اچھی ہوئی -

ن - (اندر آکر) اب کیون بلایا - اخاہ مٹھائی کھلانے کے لیے بلایا ہوگا -

بہار - ہان - (چپکے سے) منھ دھو رکھیے - یہ تین روپے آپ نے کیون اڑائے -

ن - این خواب دیکھتی ہو کیا -

بہار - جی ہم علم غیب پڑھے ہین -

ن - کچھ خبر ہی - بھلا دو روپے کی اتنی مٹھائی ملتی -

بہار - شان خدا - ہمین آپ چٹکیون پر اڑاتے ہین لے اب یہ دھاندلی تہ کر رکھو - روپے لاؤ -

ن - اب کھین یقین کیونکر آئے اچھا دو روپیہ اور دو تو دیکھین اتنی مٹھائی آتی ہی یا کم آتی ہی -

بہار - (ٹنک کر) لاؤ لاؤ -

ن - یہ یہان آکر کس نے پرچہ جڑا - لو صاحب تو ہنسنے لگا تھا دو کی آج آئے باقی کی پھر منگوائینگے -

بہار النسا بیگم نے روپے لیکر رکھ لیے اور نوابصاحب باہر چلے گئے -

حسن - اے واہ آسمان سے گرا کھجور مین اٹکا - انسے روپے ملے تو آپ نے صندوقچہ مین رکھ لیے -

روح - اُف رے بے ایمانی ! -

سپہر - کچھ ٹھکانا ہی -

بہار - کچھ ٹھکانا ہی ! کچھ ٹھکانا ہی ! کہتے ہوے شرم نہین آتی - انھین کی وجہ سے شرط بدی اور اب یہی ہمکو بناتی ہین (منھ چڑھاکر) کچھ ٹھکانا ہی - ! کچھ ٹھکانا ہی -

سپہر - (قہقہہ لگاکر) اے لو ہمسے کیون خفا ہوتی ہو بہن ہمنے کیا ہاتھ جوڑے تھے کہ تم ضرور ہی شرط بدو -

بہار - (مسکراکر) چلو بس کھس مین چنگی ڈال جاؤ بھاگ کھڑی خیر مٹھائی تقسیم ہوئی - بڑی بیگم کے پاس بھیجی - نوابصاحب کو دی لونڈیون باندیون نے چکھی اور چارون بہنین ملکر کھانے لگین باہم بھولے پن کے ساتھ ہنسی دل لگی ہوتی جاتی تھی سپہر آرا چھین چھین کے کھاتی تھی - ادھر تو بھولیون مین چہل ہوتی تھی اُدھر ایک نیا شگوفہ کھلا -

دروازے پر ایک ڈولی آئی دو کہار ایک خدمتگار نیلا پردہ

ایک عورت ڈولی سے اُتری اور کہارون اور خدمتگارنے اُسکے اُترتے ہی کہا بسم اللہ اسّی برس کا سن چہرے پر جھریان - مگر ابھی تک رخسار تابان پر سرخی باقی ہی - سر تا پا سیاہ پوش - کمر باوجود سن ہونے کے جھکی نہ تھی عمر بھر کبھی جریب ہاتھ مین نہ لی - عینک البتہ لگاتی تھین آہستہ آہستہ قدم دھرتی ہوئی اندر داخل ہوئین -

مغلانی - (بڑی بیگم سے) لیجیے وہ آئی ہین -

بڑی بیگم - کون - اخاہ - آیئے آیئے - آپ نے کاہے کو تکلیف کی مجھی کو کیون نہ یاد کر لیا -

ضعیفہ - (ض) ایک ہی بات ہی -

ب - اچھی رہین -

ض - شکر ہی - صاحبزادیان کہان ہین -

ب - اُس طرف ہین امام باڑے مین - بلواؤن -

ض - ابھی نہین -

ب - ارے کوئی پنکھا جھلو -

ض - نہین ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی ہی - کچھ تم سے نخلیے مین کہنا ہی -

ب - خیریت تو ہی -

ض - (دبے دانتون) ہان -

ب - ہی ہی اللہ خیر کرے جیسے پانون تلے سے مٹی نکلگئی (نوکرون سے) تم سب ذری ہٹ جانا - اب کہیے -

ض - اپنی لڑکیون کی ذرا خبرداری رکھو -

ب - (متحیر ہوکر خاموش)

ض - دیکھو کنواری لڑکیان اور پھر جوان اور اُس پر طرّہ یہ کہ نام خدا حسن کی کان ہین - اور امیرزادیان ہین اس سن مین سب کی نظر پڑتی ہی اور لڑکیان اکثر بگڑ بھی جایا کرتی ہین -

ب - (ٹھنڈی سانس بھر کر خاموش -)

ض - بڑا نازک مقام ہی -

ب - (گردن نیچی کرکے) ایک بات مجھ سے سچ سچ کہدو بولو - کہو گی سچ سچ -

ض - اور جھوٹ مین کب بولی -

ب - دیکھو تمکو مین ماں اور اپنی بڑی بہن کی جگہ سمجھتی ہون لڑکیان جیسے میری ویسی تمھاری - ہی کہ نہین ؟ -

ض - بیشک اسمین کہنا کیا ہی -

ب - تو پھر اس ماملے (معاملے) مین بھی راست راست بولنا -

ض - بلا کم و کاست -

بڑی بیگم رونے لگین تو ضعیفہ نے سمجھایا کہ ہائین رونا کیا معنے -

ب - بھلا بہن سچ کہو کوئی ایسی بات تو -

(ایسی بات تو) یہانتک بڑی بیگم کہہ چکی تھین کہ آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگے - اور پھر ضعیفہ نے تسلی دی -

ب - کوئی ایسی بات تو نہین سنی جس سے مجھے سنکھیا کھاکے سو رہنا پڑے جو ٹھیک جواب نہ دیا تو حشر کے روز دامن پکڑونگی -

ض - ایسی کوئی بات ابھی تک نہین ہوئی -

ب - کیا خدانا کردہ ہونے کو ہی -

ض - نہ مگر لوگ تاک مین ہین -

ب - اللہ کرے جنازہ نکلے مودن کا جو میری بچیون کو

بُری نظر سے دیکھین -

ض - بس اب ہوشیار رہو -

ب - کیا ہوشیاری کرون - اندر سے باہر تک پچاسون آدمی نوکر چاکر لونڈیان غلامانیان ہین - پھر سچ کہون مجھ کو تو دونون نیک معلوم ہوتی ہین -

ض - کوئی ماں کے پیٹ سے بدھی پیدا ہوا ہے یہ موے شہدے خراب کرڈالتے ہین بھلی مانس کو -

ب - گھر بھر مین کوئی جوان عورت ہی نہین نوکر رکھی کہ کسی کے بہکانے سے لڑکیون کو ورغلائے کوئی ایک جوان ہے مگر معتبر -

ض - مین سب کہونگی -

ب - لو گلوریان بنی رکھی ہین کھاؤ -

ض - تم تو بھول بھول جاتی ہو -

ب - بیگم - کیا ؟ -

ض - مین پان کہان کھاتی ہون -

ب - ہان ہان - سچ کہا - اب میرے حواس بھی ٹھکانے نہین ہین -

ض - تم گھبراؤ نہین لڑکیان ماشاء اللہ سب نیک ہین -

ب - ہان بدی تو کسی کے مزاج مین بھی نہین ہے -

ض - دونون پڑھ لیتی ہین یا ایک -

ب - دونون -

ض - اچھا یہ مین لکھ لائی ہون - اُنسے کہنا کہ صبح کو روز پڑھ لیا کرین - سب بلا چٹ -

یہ کہکر ایک کاغذ دیا جسمین یہ لکھا تھا -

الٰہی یکتائی بے ہمتائی وقیوم توانائی وبہمہ چیز دانائے وبہمہ حال بینائی ازعیب مصفائی وازشرک مبرائی - اصل ہر دوائی - شہنشاہ فرمروائی - مسند نشین استغنائی - الٰہی محتاج جانی ونہ آرزومند مکانے - پیدا است کہ درمیان جانی بلکہ جان زندہ بچیزی ست کہ تو آنی - الٰہی عذر ما بپذیر کہ تو غنی ومانفیر - عیبہائے ما را بگیر کہ تو قوی ومانفیر - الٰہی دلی دہ کہ در کار تو جان بازیم وجانے دہ کہ کار آن جہان سازیم الٰہی ہمتے دہ کہ از دنیا بیزار شویم وتو نیفتے دہ کہ استوار شویم - الٰہی نگہدار کہ پریشان نشویم وبراہ آز ما سرگردان نشویم - الٰہی تو آن ساز کہ دیگران نسازند - تو آن نواز کہ دیگران ننوازند - الٰہی چون تو بگرم بادشاہم تاج برسر - چون نخوردی مگرم خاکم از خاک کمتر ؎

پیوستہ دلم دم از رضای تو زند	جان در تن من نفس نمی تو زند
گر بر سر خاک من گیاہی روید	ہر برگ زبان بوی وفای تو زند

ض - اگر صبح کو اُٹھ کر اسکو پڑھ لے تو جو آرزو ہو معاً پوری ہو جائے -

ب - اچھا ضرور پڑھینگی -

ض - ذری صاحبزادیون کو تو بلواؤ -

ب - پیاری کی ماں - او پیاری کی ماں - ذری جاکے حسن آرا سپہر آرا کو بلاؤ - کہو چلیے اُستانی جی آئی ہین -

ض - ہان ذری جلدی بھیجنا بٹیا -

پیاری کی ماں دوڑ گئین کہ حسن آرا اور سپہر آرا کو بلائین - اب سنیے کہ وہان چارون بہنین بیٹھی شطرنج کھیل رہی تھین حسن آرا اور روح افزا ایک طرف - سپہر آرا اور بہار النسا دوسری جانب حسن آرا کی بازی مین رُخ - فرزین - ایک پیل اور چھ پیادے - اور دوسری بازی مین فرزین اور

دو رخ اور ایک پیادہ - مگر بہار النسا کی بازی دبی ہوئی تھی - یون باتین ہو رہی تھین -

سپہر - بہار النسا بہن تو کہنا نہین باتین - کہدیا کہ پیادہ نہ بڑھو پیادہ نہ بڑھو لے کے بڑھ دیا اسپ کا اسپ پٹ گیا - اور بازی کی بازی دب گئی -

بہار - اچھا پھر کیا کرتے - یہ -

سپہر - اسپ اس گھر کیون نہ آئین -

بہار - تمکو تو بس ایک چال سوجھتی ہے - اور یہان دس بیس چالین ذہن مین رہتی ہین دیکھو تم اسپ کو اس گھر مین آنین - وہ اس رخ کو مار کے کشت دتین تم کہان جاتین بتا چلو تو ابھی ابھی معقول کر دون -

سپہر - ہم! کیون یہ گھر نہ تھا بادشاہ کو -

بہار - اچھا - تو رخ تو گیا جہنم مین یا نہین گیا - بولو -

سپہر - ہان رخ پٹ جاتا تھا -

بہار - (پیار کرکے) رخ ہی نہین کٹتا - بازی گئی گذری تھی بادشاہ کو تو ایک ہی گھر تھا - وہ پیل کی کشت دیکر وزیر کو بھی ٹھک لیجاتین - پس یہ پھندے ہی تو نہین نہین سوجھتے یہی تو ساری کرامات ہے شطرنج مین - دیکھ لیا -

سپہر - اُف بازی ہی ستیاناس ہو گئی تھی - حسن آرا بہن خوب کھیلتی ہین اور تم بھی اچھا کھیلتی ہو -

روح - اور ہم؟ ہمارا نام ہی نہین -

سپہر - بہن تم ان دونون کو نہین پاتین - چاہے جو کہو ہم ایک نہ مانینگے -

روح - اچھا اکیلے اکیلے کھلوا لو -

حسن - مین تو رخ اٹھا کے اُنسے کھیلتی ہون -

بہار - مین بھی ابھی ابھی سہی -

روح - مگر کوئی بیچ مین بول نہ اُٹھے -

بہار - کوئی نہین - بس ہم اور تم -

یہ میٹھی میٹھی باتین چارون بہنون مین بھولے پن کے ساتھ ہو ہی رہی تھین کہ پیاری کی ماں تشریف لائین - اس بڈھی عورت کی عادت تھی کہ جب کبھی بڑی بیگم کسی کو بلواتین تو یہ ڈپٹی ہوئی جاتی اور خوب غل مچاتی تھی کہ چلو ابھی ابھی چلو - اب بھی حسب معمول ایسا ہی کیا - چلیے صاحب چلیے - جلدی سے اُٹھیے حکم ہے کہ ابھی ابھی لاؤ سپہر آرا کو یہ تقریر بڑی بُری معلوم ہوئی - تنک کر بولی کہ جاؤ یہان سے کہدو نہین آتے واہ بوڑھی ہو گئی ابھی تک عقل شعور آئی وہان سے چودھرائن بن کے - سیدھی طرح بات نہین کیجاتی - پیاری کی ماں بہت ہی خفیف ہوئی چپ چاپ سناٹی - اتنے مین مغلانی نے آکر کہا کہ بیگم صاحب اُستانی جی آئی ہین - آپ سب کے دیکھنے کو بہت جی چاہتا ہے - ذری دم کے دم چلی چلیے - بازی بچھی رہنے دیجیے اُستانی جی کو آپ سب سے بڑی الفت ہے - حسن آرا اور سپہر آرا اور بہار النسا اور روح افزا ملکر گئین - اور دوپٹے کو سنبھال سنبھال کر چارون تسلیم کے ساتھ آداب بجا لائین - اُستانی جی نے سپہر آرا کو گلے لگایا اور سب بہنون سے بزرگانہ گفتگو کرنا شروع کی -

اُستا - ان دونون کو ہمنے آج پہلے ہی مرتبہ دیکھا (روح افزا اور بہار النسا کو) تمھارا کیا نام ہے بیٹی -

بہار - بہار النسا -

اُستا - بہار النسا بیگم واہ وا یہ تو خوب نام ہے - اور تمھارا؟

روح - روح افزا -

بی آستانی جی نے انکو دعاے خیر دی کہ اللہ کرے یہ شاد اور بامراد رہین دودھون نہائین پوتون پھلین اور بڑی بیگم سے رخصت ہوکر ڈولی پر سوار ہوئین اور وعدہ کر گئین کہ ایکی جمعرات کو پھر آؤنگی۔

تباہی! تباہی! تباہی!!!

این نکتۂ سربستہ بیادم زحباب ست
کاین عمر بیک چشم زدن نقش برآب ست

وہ قطرۂ بارش جدائی۔ وہ غرقۂ بحر آشنائی یعنی آزاد فرخ نہاد بادل شاد خاتون پریزاد دماہ سیما ونیشا اور اُسکے پیارے شوہر جوان رعنا مین تن نقشنٹ اپلٹین سے گیمین اُڑاتا بذریعہ سنیچ کی لطیفہ گوئی کے لطف اُٹھاتا اپنے سنیچے ہمدرد دون کی محبت کا دم بھرتا غم غلط کرتا سمندر کی لغبانی اور جہاز کی روانی دیکھتا طرح طرح سے اپنا دل بہلاتا تھا جسوقت ناظورۂ جادو جمال پری تمثال کا چاہ زنخدان یاد آتا تھا جی ڈوبا جاتا تھا مگر دل کو سمجھاتا تھا کہ ؎

یا ہاتھ توڑے جائینگے یا کھو لینگے نقاب
سلطان عشق کی یہی فتح و شکست ہی

ایک روز جہاز کے ناخدا نے سب کو اطلاع دی کہ ایک گھنٹے مین بڑی سخت آندھی آنیوالی ہی مستعد ہو رہو۔ یہ خبر وحشت اثر سنتے ہی سب کے ہوش و حواس غائب ہوگئے۔ جہاز کے ناخدا نے آلہ پیرومیٹر کے ذریعے سے جہاز والون کو بعد حزن و ملال آگاہ کردیا کہ بہت جلد طوفان عظیم آنیوالا ہی اس ناگہانی کے وقعہ کا انسان ضعیف البنیان مین یارا نہین مشیت ایزدی مین چارا نہین۔ لوگ اس خبر وحشت اثر کو سنکر از بس ہراسیمہ و حیران ہوئے۔ انتہا کے سرگردان و پریشان ہوے جسکو دیکھیے جگر خون جیب نظر ڈالے دریش و مخزون ہوش و حواس نے ہوا بتائی۔ آنکھون مین تاریکی چھائی سارا عالم تیرہ و تار نظر آتا تھا۔ اجل کا نقشہ آنکھون کے سامنے پھرا جاتا تھا۔ کوئی مثل سنبل پریشان۔ کوئی مثل گل چاک گریبان لبون پر آہ شعلہ فشان زبان پر الامان۔ ؎

اگر ہو آنکھو نمین آنسو تو دل ہو غم سے بھرا
جگر مین درد ہو تو ہو زبان پہ واویلا

آسمان حق پرستون کے دل کی طرح صاف۔ چاندنی خوب نکھری ہوئی۔ ماہ منیر مثل محبوب چاردہ سالہ جلوہ کنان بحر و بر سے تجلی صبح اقبال عیان۔ اجرام نورانی فلک سے قدرت ربانی نمودار۔ انا زینا السماء الدنیا بزینۃ الکواکب کا مفہوم آشکار۔

سیان آزاد کا جہاز جسکا پیارا نام جنی ڈینس Jennie Deans تھا معشوقان طناز کیطرح اٹھکھیلیان کرتا جاتا تھا ناخدا نے پھر اطلاع دی کہ طوفان آتا ہی بیرومیٹر سے طوفان عظیم کی آمد صاف ظاہر ہی۔ لوگو خبردار ہوشیار طرفۃ العین مین مصیبت سے دوچار ہونا ہی زندگی سے ہاتھ دھونا ہی۔ بدن کے رونگٹے کھڑے ہوگئے جان کے لالے پڑے حیرت تھی کہ یا الٰہی جائین تو کہان جائین۔ اس بحر ناپیدا کنار اور طوفان حسرت بار سے نجات کیونکر پائین۔ دل بیقرار و بیتاب تھا۔ زہرہ آب آب تھا۔ دیکھا کہ کپتان کے بھی ہاتھ پانون پھول گئے اور اُسکے لفٹنٹ بھی سب سٹی پٹی بھول گئے ہیجوے یعنی سٹیرمیون سے تختے پر آتے تھے اور گھبرا کر پھر اوپر چڑھ جاتے تھے۔ اِس سبب سے آتش غم اور بھی تیز ہوئی

ہر گوشے سے بلند صدائے بریز بریز ہوئی۔ ناخدا نے لاکھ سمجھایا۔ مگر کسی کو اُسکی فہمایش سے جان بچنے کا یقین نہ آیا۔ کھُب گئی کہ اب ہم ہین اور گرداب بلا۔ ہم ہین اور چار موجۂ فنا۔ ۵

کسی طرح سے سمجھتا نہین دل ناشاد وہی بکا ہے وہی زاری اور وہی فریاد	

اتنے مین ہوا نے وہ زور باندھا کہ الامان۔ الامان ناخدا نے صرف ایک مین سیل main sail تو بدستور رہنے دیا باقی اور سب اُتار لیے۔ اب جہاز راہ خدا پر چھوڑ دیا گیا۔ موجون کی یہ کیفیت کہ آسمان سے باتین کرتی تھین۔ جہاز تھپیڑے کھاکر گیند کیطرح اُدھر سے اِدھر آتا تھا۔ اور اِدھر سے اُدھر جاتا تھا۔ سمندر اس درجہ جوش و خروش پر تھا کہ الحذر الحذر۔ جہاز والے زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ جان و مال کو رو بیٹھے۔ سمندر کی دراؤنی صورت دیکھکر بدن کانپ اُٹھتا تھا۔ مرد و زن یا علی مدد ے یا خدا بچائیو کا غل مچاتے تھے۔ بچے سہکر اپنی ماؤن سے چمٹے جاتے تھے۔ کوئی عورت مُنہ ڈھانپ کے رو رہی تھی کہ ہاے عمر بھر کی کمائی اس سمندر مین گنوائی۔ کوئی اپنے پیارے معصوم بچے کو چھاتی سے لگاکر کہتی کہ اما کا کلیجا پھٹا جاتا ہے۔ بیٹا ہم سے اور تم ہمسے رخصت ہوتے ہو۔ وہ نادان مسکراتا تھا اور اس بھولے پن سے اپنی ماں کے دل پر بجلیان گراتا تھا ۵

مطلبے گر بود از ہستی ہمین آزار بود ورنہ در گنج عدم آسودگی بسیار بود	

کسی کو ہجوم یاس و حرمان سے چپ لگ گئی تھی کسی بیچارے کے ہاتھ پانون مین کپکپی تھی۔ کوئی بمقتضاے اضطراب و اضطرار سمندر مین کود پڑنے کا ارادہ کرکے رہ رہ جاتا تھا۔ کوئی مارے ہول کے ناخداؤن خلاصیون سے لپٹا جاتا تھا کوئی مصروف مناجات تھا کسی کے لب پر یا دافع البلیات تھا غرض فرط خوف سے کیا بوڑھے کیا جوان کیا عقلمند کیا نادان سب کی عقل گم حواس باختہ ہوگئے تھے۔

خاتون ماہ لقا وینیشا کے چہرے سے رنگ کافور ہوگیا۔ بندلہ سنیچ کے دل سے خیال لطیفہ گوئی منزلون دور ہوگیا۔ میان آزاد کا چہرہ زرد اپیلٹین کے لب پر نالۂ پر درد۔ وینیشا کے دست رنگین مین اپیلٹین کا ہاتھ ادھر آزاد اُدھر بندلہ سنیچ سا تمام جہاز سراسر آہ و فغان تھا۔ رونگٹا رونگٹا مرثیہ خوان تھا اس طوفان نے جہاز کو ماتم کدہ کردیا۔ رگہاے تن مین غم والم کوٹ کوٹ کر بھر دیا۔ ۵

دل ستم زدہ و یاس و حسرت و حرمان انیس تھے یہی دو تین چار پہلو مین	

میان آزاد نامراد با دل ناشاد سوچنے لگے کہ بارخدایا یہ کس مصیبت سے دوچار کیا۔ معشوق زہرہ تمثال کے عوض صنم اجل سے ہمکنار کیا۔ جی لگانے کی خوب سزا پائی وصال محبوب کی دھن مین جان ہی گنوائی۔ ہماری ہڈیان تک گل جائینگی۔ مگر حسن آرا بیگم اس سانحہ جگر دوز کی خبر بھی نہ پائینگی۔ وہ بیچاری برسون ہماری خبر سے بیخبر رہے گی نصیب اعدا انواع و اقسام کے صدمے سہے گی۔ اور وہ غم سے تڑپ تڑپ کر مرے گی۔ ۵

اے باد شبہ خوبان داد از غم تنہائی دل بے تو بجان آمد وقت ست کہ باز	
اے دردِ تو ام درمان بستر ناکامی وی یاد تو ام مونس گوشۂ تنہائی	
تنہائی و مہجوری راز تو چنانم کرد کز دست بجوشد دامان شکیبائی	

مین غرق گجۂ فنا اُس بحر صدق وصفا کو درد دل سے کیونکر آگاہ کردن مُحان لی تھی کہ چاہے اپنے کو برباد و تباہ کردن مگر معشوق زرین کمر کا حکم بجالاؤن - ٹرکی جاؤن اور پھر جاؤن اسمین مردن یا زندہ آؤن لیکن - ؎

مچھلی کو کیا خبر کبھی کہ پانی مین شست ہی

پیاری سپہر آرا بار بار فال دیکھینگی - کہ آزاد کب تک مجیدی تمغے لٹکا ئینگے - میدان کارزار سے سرخرو ہو کر واپس آئینگے نتیجہ مانگینگی کہ آزاد آئین تو ہم مسجد مین گھی کے چراغ جلائین - آزاد صورت دکھائین تو ہم گلگلے چڑھائین مگر آزاد اب دو گھڑی کے مہمان آفتاب لب بام ہین - نامراد و ناکام ہین - آزاد کی کشتی زندگی بحر ہستی مین غوطے کھاتی ہی کوئی دم کے دم مین تہ کی خبر لاتی ہی - کوہ فنا سے ٹکرائی یہ ڈگمگائی وہ ڈگمگائی - ؎

کشتی شستگانیم ای باد شرط بر خیز باشد کہ باز بینیم آن یار آشنا را

مگر دنیا بامید قائم ہی - دل کو اس حالت مین بھی سہارس دیتے تھے کہ سائین کے سو کھیل ہین - ؎

روزے برسی بوصل حافظ گر طاقت انتظار داری

اب سنیے کہ جہاز بھر مین تو کہرام مچا تھا مگر خوجی اپنی لمبی تانے سو ہی رہے تھے - اِس نیند پر خدا کی مار اس پینک پر شیطان کی پھٹکار - میان آزاد نے جگایا کہ خواجہ صاحب آگے طوفان آیا ہی - حضرت نے لیٹے ہی لیٹے بھنبھنا کر فرمایا کہ چپ گیدی ہمنے خواب مین بہو پایا ہی پایا ہی - تب تو میان آزاد جھلائے اور کسکر ایک لات لگائی خوجی کلبلا کر اُٹھ بیٹھے تو تلاطم کا عالم دیکھا ہاتھ پانون سرد ہو گئے سمندر کی بھیانک صورت دیکھی تو کانپ اُٹھے دیکھا زن و مرد مبتلاے بلا ہی ہر سمت آہ و بکا ہی - پانی بلیون اُچھلتا ہی - مفر کی کوئی صورت نہین دیوان حافظ اُٹھا لیا اور صدق دل سے فال دیکھی آزاد کو پڑھ کر غزل سنائی - غزل

رقتم بباغ تا کہ بچینم سحر گلے	آمد بگوش ناگہم آواز بلبلے
مسکین چو من بعشق گلی گشتہ مبتلا	واندر چمن فگندہ بفریاد غلغلے
میگشتم اندران چمن باغ دمبدم	میکردم اندران گل و بلبل تاملے
چون کردہ دولم اثر آواز عندلیب	گشتم چنانچہ ہیچ نماندم تحملے
پس گل شگفتہ یشود این باغ را و لے	کس بے جفاے خار نچیدہ است از و گلے

ناخدا خوب سمجھتا تھا کہ حالت ہر گھڑی نازک ہوتی جاتی ہی طوفان ہی کہ اُمنڈا چلا آتا ہی - موج کے تھپیڑے اسقدر بلند ہوتے تھے کہ کلیجہ بانسون اُچھلتا تھا لیکن آزمودہ کار تھا اِسکی پھرتی اور استقلال سے لوگون کو کچھ یون ہی سی تشفی و تسلی ہوئی تھی کہ شاید جان بچ نکلے - اپنے اپنے مذہب اور عقیدے کے بموجب اہل جہاز جناب باری سے دعا مانگتے تھے اب سنیے کہ جس مقام پر جہاز غرق ہوتا تھا اُسکے سامنے ایک چھوٹا اور پرفضا ٹاپو تھا - جزیرۂ پیرم - یہ جزیرہ ساحل یمن سے چار میل کے فاصلے پر ہی طول ساڑھے چار میل عرض دو میل سطح بحر سے ۱۳۰۰ میل بلند اِسکے گوشہ جنوب و مغرب مین ایک نہایت دلکش نہد رگاہ ہی - وہ چار آدمیون نے اِس جزیرہ کو بصد حسرت دیکھ کر کہا کہ ہاے خدا جانے یہ کون ٹاپو ہی - آزاد خوب واقف تھے کہ یہ جزیرہ پیرم ہی انھون نے کئی یورپین سیاحون سے کہا تھا کہ اگر اس جزیرے مین کوئی کا بند و بست ہو تو خوب بات ہی - مگر ملکیون نے

جواب دیا کہ جزیرۂ مذکور مین پانی کی عنقائیت ہی۔ یہ جزیرہ جہاز والون کو ترساتا تھا اور سب کے سب دست بدعا تھے کہ یا الٰہی کسی طرح اِس ٹاپو تک جہاز بہو نچ جائے تیری بندہ نوازی کے صدقے ہمین جزیرہ تک پہونچادے ہاے اِس ٹاپو کے پاس ہی آندھی آتی تو اتنے بندگان خدا کی جان کیون جاتی مگر افسوس۔ ؎

قسمت تو دیکھنا کہ کہان ٹوٹی جا کمند
دو چار ہاتھ جب کہ لب بام رہ گیا

اتنے مین ناخدا نے حکم دیا کہ

Ahk hando ahoy

اِس جگر خراش فقرے سے جہاز مین کہرام مچ گیا۔ صدائے ماتم ہر گوشہ سے بلند ہوئی جہاز کے مسافرون کی پریشانی اور مایوسی دہ چند ہوئی۔ پاؤن خواب آلود ہوے۔ جسم شعلے کیطرح تھرانے لگا۔

ناخدا نے پھر پکار کر کہا۔

Ahk hando ahoy

یعنی جتنے آدمی جہاز مین ہین سب معاً عرشے پر آجائین اہل جہاز نے شور الامان بلند کیا تو یہی معلوم ہوا کہ اُدھر عالمان عرش اور ثور فلک اور ادھر خفتگان تہ خاک اور گاؤ زمین کانپ اُٹھے۔ ہر فرد بشر کے چہرے پر یکسی پرستی تھی۔ ؎

فلک بگریہ درآمد ز اشکباری شان
زمین بلرزہ درآمد ز بیقراری شان

آزاد نے اس حالت نومیدی مین ہاتھ ملکر کہا۔ ؎

ہزار حیف کھلا کب شہ دھوکا تھا
وہ بط اور وہ محیت تھی مثل موج سراب
روان ہی تنکھون سے دریا لگی ہی مدد کو ملنے
ہوا نہ بیمن تری فرقمین صرف تلاش آب

امید وصل نہین تا بزیست یا قسمت
دکھائے دیکھیے کیا کیا یہ ہجر خانہ خراب

مرنے کی تیاریان ہو رہی تھین مگر جب وحشت اور نومیدی اور انتہا کی پریشانی مین خیال آتا تھا کہ شاید بعد مرگ وصال ہو تو گویا جی اُٹھتے تھے کبھی کان مین حسن آرا بیگم کی آواز آتی تھی کہ کیون آزاد داغ مفارقت دے چلے کبھی چونک پڑتے تھے کہ این! سپہر آرا کے رونے کی آواز کہان سے آئی۔ مگر حسن آرا اور سپہر آرا دونون کو اُنکے درد دل کی خبر نہ تھی۔ بس اتنے مین کیا دیکھتے ہین کہ اپیلٹن اپنی جاتی بیوی کا پیارا پیارا ہاتھ پکڑ کر بدحواسی کے ساتھ تختے پر کھڑے رو رہے ہین۔ اور بندلہ سنیچ کی آنکھین روتے روتے مثل خون کبوتر سُرخ ہین۔ میان آزاد کو دیکھکر ونیشیا نے بصد حسرت کہا۔ مسٹر آزاد۔ الاس! الاس!!۔

آزاد۔ رخصت۔

ونیشیا۔ دائمی۔

آزاد۔ جہاز اب گرداب تلاطم مین ہی۔

ونیشیا۔ چاہے جو ہو۔

آزاد۔ (روکر) ہاے ستم واے ستم۔

مس۔ مسٹر آزاد۔

آزاد۔ اب کیا۔ صبر۔ اب کیا۔ صبر۔ اب کیا۔ صبر۔

مس سمجھ گئی کہ غم اور الم نے اس بیچارے کو دیوانہ بنا دیا۔

بندلہ سنیچ۔ ارے! ہی ہی۔ لو اب بھنور مین جہاز آگیا۔

اسوقت عورتون نے اس زور شور سے آواز بکا بلند کی کہ کل جہاز والون کے کلیجے دہل گئے۔

مس۔ !!! alaark! alaark! alaark!

ص۔ بس اتنی ہی دیر تھی۔

آزاد۔ ہاں اتنی ہی دنیا تھی۔

خوجی۔ بھائی۔ پیارے۔ ہائے آزاد۔ خدا گواہ ہے کہ مین اسوقت افیم کے نشے مین نہین مگر حیف صد حیف کہ تمھاری جان جاتی ہے ہائے حسن آرا سمجھین گی کہ آزاد نے دھوکا دیا۔ پردہ نشین بیگم اُس عصمت سمات کو کیا معلوم ہوگا کہ جہاز ڈوب گیا۔ اور آزاد کی جان گئی۔ ہائے افسوس وائے افسوس ؎

زجوش آتش غم شعلہ افشاں شد چراغ من
خدایا بر دلم رحمے کہ خون گردید داغ من

ارے آزاد۔ ہائے تیری جوانی مفت گئی۔ حسن آرا کے عشق نے تجکو کہین کا نہ رکھا۔ حیف۔ صد حیف۔

جہاز پر جتنے مرد اور عورتین اور بچے تھے سب مصیبت زدہ تھے بچے اپنی اپنی ماؤن سے چھٹے ہوے زار زار روتے تھے عورتون نے شور محشر بپا کیا تھا مرد گریہ کنان اور انتہا کے پریشان۔ جو لوگ تھوڑی ہی دیر ہوئی خوش و خرم تھے اُنکو اسوقت گریہ کنان پایا۔ خود اپنی قضا کا نوحہ خوان پایا ؎

مدت شادی و غم نیست برابر بہ جہان
گریۂ شمع شبے خندۂ صبح ست دمے

جہاز تین بار گھوما اور ہوائے تند اُسکو کئی گز کے فاصلے پر لے گئی۔

میم۔ پیارے ڈارلنگ۔ اپلٹن۔ رخصت۔

اپلٹن۔ (ص) پیاری۔ رُخ۔

ہائے رخصت کہنے کو تھا۔ مگر رُخ کہتے ہی جہاز نے چوتھے بار چکر کھایا اور (صت) زبان سے نہ نکل سکا۔ نیشا کی اسوقت عجیب کیفیت تھی۔

آزاد فرخ نہاد تو ایک جری اور دلیر آدمی تھے کوشش بلیغ کی کہ بنی نوع انسان کی جان بچائین۔ کپتان اور اُسکے لفٹنٹ اور اہل جہاز سب آزاد کے عاشق تھے۔ ایک قسم کی دلی محبت ہوگئی تھی۔ آزاد نے سعی مشکور کی کہ جہاز ڈوبنے سے بچ جائین۔ مگر یہ خیال محال تھا۔ کپتان نے اسوقت بڑی مایوسی سے کہا کہ کیا اسوقت یہان کوئی آدمی بھی ایسا نہین جو میرے اسسٹنٹون کی مدد دے اور زندگان خدا کی جان بچانے مین قوی کر اکر کے جان بچانے مین کوشش موفور کرے۔ ہامون۔ لِسَعْیِ مَبْنِی والانام من اللہ تعالےٰ پھر کپتان نے غل مچاکر کہا کہ۔

Lower the Life Boats

واضح ہو کہ ہر جہاز کے ساتھ چند لائیف بوٹ رہتے ہین۔ رسیون اور زنجیرون سے جکڑے ہوے۔ اتنے وقت آگیا تھا کہ لائیف بوٹ سے مدد لیجائے۔ لائیف بوٹ جہاز کے غرقاب ہونے کے وقت کام آتے ہین۔ ناخدا نے کہا کہ لائیف بوٹ جو اس جہاز کے ساتھ ہین۔ اُنکو نیچا کرو آزاد نے اُسمین بڑی مدد دی۔

اب جہاز ڈوبنے ہی کو تھا۔ دس فٹ سے زیادہ پانی جہاز کے ہولڈ مین آگیا تھا۔ آزاد نے کپتان سے کہا کہ پانی کو پمپ کے ذریعہ سے نکالو ورنہ غضب ہی ہو جائیگا کپتان نے کہا کہ پمپ کے ذریعہ سے پانی نکالنا بیکار ہے۔

آزاد۔ کیون ؟

کپتان۔ پہلے تو آندھی کا ذرا بھی گمان نہ تھا۔ دفعتہً طوفان جو آیا تو امواج بحر پہاڑ کی بلندی کے برابر اونچی ہونے لگین جو شی تختے پر تھی سب کو بہائے گئین۔

آزاد نے کپتان کی بڑی تعریف کی اور لائیف بوٹ

کو نیچا کیا اُسوقت آزاد کی پھرتی اور ہمدردی اور سچی شجاعت کے اہل جہاز تہ دل سے مداح تھے اور وینشیا اس جری نوجوان کو حسرت کی نظر سے دیکھتی تھی۔ آزاد نے بہت سے لڑکون اور عورتون کو لائیف بوٹ مین جگہ دی۔ اس کام مین جو اُسکی سچی ہمدردی اور بسالت پر دال تھا اُسکی جان خود معرض خطر مین تھی۔ مگر آزاد کی جرأت اور شجاعت اعلیٰ درجہ کی تھی۔

آزاد اُسوقت عورتون اور بچون کو مدد دے رہے تھے کہ وہ جہاز سے لائیف بوٹ مین کود آوین۔ اُنھون نے کسی کی ایک نہ سُنی پھر وینشیا نے بصد حسرت اُنکو باواز بلند پکارا آزاد اور سب کو چھوڑ کر وینشیا کیطرف آئے اور اُنکو گود مین اُٹھا کر لائیف بوٹ کیطرف لیگئے۔ وینشیا نے کہا پیارے آزاد میری جان سے زیادہ پیارے اپیلٹن کو تو لاؤ۔ اتنے مین اپیلٹن بھی آیا وینشیا اور اپیلٹن دونون لائیف بوٹ مین کودے اور آزاد نے فرط طرب سے تین بار کہا۔

Hip Hip Hurrah
Hip Hip Hurrah
Hip Hip Hurrah

آزاد کی بسالت اُسوقت قابل دید تھی۔ بلکہ دیدھی نہ شنید تھی۔ لوگونکو شک کی جگہ یقین ہوگیا کہ یہ انسان نہین فرشتہ آسمان سے آیا ہی کہ گنہگارونکو غرق ہونے دے اور مکتا ہو ان کی جان بچائے دوسرے لائیف بوٹ مین بھی آزاد کی کوشش سے کئی آدمی کودے جہاز کے کپتان نے جہاز کو اُسوقت چھوڑا جب تین بار چکر کھا کر وہ غرقاب ہونیکو تھا ناخدا لائیف بوٹ مین کو دا تو میان آزاد نے باواز بلند کہا۔

Save the compaoo to enable you to steer for the land

یعنی کمپاس اپنے ساتھ لیتے آؤ تاکہ اُسکے ذریعہ سے لائیف بوٹ خشکی کیطرف جا سکین۔ ناخدا نے کمپاس لیا جزیرہ پیرم سامنے نظر آتا تھا مگر فرط یاس سے کسی کو امید نہ تھی کہ وہانتک پہونچ سکینگے۔

پیرم کے باشندے بمقتضائے ہمدردی انسانی نہایت حسرت اور غایت ملال کے ساتھ دیکھتے تھے کہ ایک جہاز ڈوب رہا ہی ان لوگون نے جزیرے کے ساحل پر خوب تیز روشنی کی اور کئی من تیل برابر ڈالتے گئے تاکہ شعلے بلند ہون اور اہل جہاز نے اگر یاس اور غم اور پریشانی کے سبب سے اس جزیرے کو نہ دیکھا ہو تو روشنی سے سمجھ جائین کہ زمین قریب ہی۔ تین مختلف مقامات پر آگ جلائی گئی۔ صدہا آدمی اس واقعۂ پرخوش ربا کے دیکھنے کے لیے اپنے اپنے مکان چھوڑ کر ساحل بحر پر آن کھڑے ہوے تھے اور غل مچا رہے تھے اکثر رقیق القلب آدمی پھوٹ پھوٹ کر روتے تھے اور تہ دل سے آرزومند تھے کہ جہاز ڈوبنے سے بچ جائے۔ مگر بعض ذات شریف اس مصیبت کو دیکھ دیکھ کر کھلے جاتے تھے کہ سویرے گھپ اندھیرے گھر مین خوب مین چینگے پیشقی انقلب بدکردار ناہنجار ناخدا ترس مارے خوشی کے تالیان بجاتے تھے جامے مین پھولے نہین سماتے تھے اور باہم خوش خوش یون گپین اُڑاتے تھے۔

ایک۔ بس اب جہاز کے ڈوبنے مین باقی کیا ہی۔

دوسرا۔ اجی پوبارہ ہین۔

تیسرا۔ تڑکے ہی سے لیس ہوکر آڈونگا۔

چوتھا - دس بارہ برس ہوے کہ ایک فرانسیسی جہاز اسی مقام پر غرق ہوا تھا - کئی سو آدمیون کی جان گئی مگر یارون کی ہنڈیا چڑھی - ایک صندوق بہتا ہوا اِدھر آنکلا - اُس مین جواہرات تھے ہم تینون بھائیون نے بڑی کشش اور کوشش سے نکالا - مگر نصف تو چھن گیا - نصف ہمارے ہتے چڑھا -

یانخوان - ارے ! ہم جانتے ہین جہاز بچ جائیگا افسوس چھٹا - کیا مجال - طاقت - وہ دیکھو جکڑ کھایا -

ساتوان - (موچھون پر تاؤ دیکر) صبحکو قسمت آزمائی ہوگی

آٹھوان - اجی ہمنے اسیطرح بہت کچھ پیدا کیا - مگر دعا مانگو کہ جہاز جلد ڈوب جائے -

نوان - خدا کرے یہ تو ابھی ابھی غرقاب ہو جائے - اور دس دن تک جتنے جہاز ادھر سے آئین بس غرق ہی ہوتے جائین -

یہ سنکر دل شقی دست بدعا تھے کہ جہاز نور اً ڈوب جائے تو صبح کو مال و اسباب اِنکے ہاتھ آئے - لیکن جزیرہ پیرم مین ایسے رحم دل طیب النفس نیک مرد بھی تھے جو دل ہی دل مین دعا مانگتے تھے کہ بار خدایا اِس جہاز کا تو ناخدا ہو جا عورتین پھوٹ پھوٹ کر روتی تھین کہ خدا جانے کون کون بدبخت اسوقت نقمۂ تہنگ اجل ہو گا کسی زن نوجوان و خوبرو کا پیارا شوہر ڈوبتا ہوگا - کسی کا معصوم بچہ اِس سے ہمیشہ کے لیے جدا ہوگا جزیرہ پیرم مین اسوقت ساحل بحر کے قریب وجوار ازدحام عام تھا اُسمین ایک زن خوبرو و آئینہ زانو اس سانحہ نادیدنی اور درد انگیز اور واقعۂ ناشنیدنی و حسرت خیز سے تڑپ رہی تھی - اِسکے پیارے شوہر نے جو ایک اوسط درجے کا تاجر تھا اُسکو لکھا تھا کہ مین تین دن مین جنی ڈینس جہاز پر بمبئی سے مصر جاؤنگا خوب جانتی تھی کہ اسی جہاز پر وہ بھی سوار ہوگا - تمام عالم اُسکی نظرون مین تیرہ و تار تھا اور گو تین لائیف بوٹ پر آدمی آرہے تھے - مگر وفور غم سے اس درجہ اشکبار تھی کہ اُسکو کوئی شے نظر نہین آتی تھی - زن مذکورہ کی بیقراری اور اشکباری اور اضطراب و بیتابی کا حال ناگفتہ بہ تھا بہ ڈاڑھین مار مار کر روتی جاتی تھی کہ اتنے مین ایک ملاح نے اُسکے آنسو پوچھے اور یون تشفی کی - میری پیاری بیٹی - گو تو مجھ کو نہین جانتی کہ مین کون ہون لیکن مین تجھ کو خوب جانتا ہون - دس برس کے سن سے مین نے ملاحی کا کام کیا ہے اور اب مین پچاسی برس کا ہون پچیس برس سے مین نے جہاز رانی چھوڑ دی اب مین بوڑھا ہوا مین نے سمندر کی جو جو کیفیتین دیکھی ہین وہ اِس جزیرے مین کسی نے کم دیکھی ہونگی - یہ کچھ فرض نہین کہ جب جہاز ڈوبے تو سب کے سب غرق ہی ہو جائین - بحر پاسفک مین ایک جہاز طوفان عظیم کے سبب سے چٹکیون مین غرق ہوگیا - مگر صرف گیارہ ڈوبے باقی سب قدرت خدا سے بچ گئے تین لائیف بوٹ سامنے آرہے ہین کیا عجب کہ ان مین تیرا شوہر بھی ہو - تھوڑی دیر اور تامل کر - قبل از مرگ واویلا جناب باری کی درگاہ سے مردود ہونا ہے - اُس زن مضطرب حال کی آنکھون مین ایسا اندھیرا چھایا تھا کہ لائیف بوٹ اُسنے ابتک نہین دیکھے تھے - پیر مرد نے جو لائیف بوٹ کا نام لیا تو اُسکو دیدا یون ہی سی تشفی ہوئی کہ شاید اپنے پیارے شوہر کی صورت

دیکھ سکے اُنسون کو پوچھ کر بہت غور کے ساتھ سمندر کیطرف نظر کی تو دیکھا کہ واقعی تین لائیف بوٹ چلے آتے ہین۔ لپک کر آگ کو خوب تیز روشن کیا تاکہ روشنی کی سمت بوٹ آئین۔ ملاح نے بھی اُس فلک ستائی کو بڑی مدد دی اور برابر تسکین دیتا گیا۔

عورت (ع) - یہ روشنی دہ لوگ دیکھتے ہونگے۔

ملاح - ضرور اس سے اُنکو بڑی تقویت ہوگی۔

ع - ہاے - کیا معلوم کس کس بیچارے کی جان پر بن آئیگی۔

ملاح - افسوس۔

ع - بھلا - لائیف بوٹ تو نہ ڈوب جائینگے۔

ملاح - ہلکی پھلکی کشتیان ہین۔

ع - طوفان تو اور بھی سخت ہوتا جاتا ہے۔

ملاح - آگ روشن کرو - آگ روشن کرو۔

اس عورت بیچاری مصیبت کی ماری کو یقین واثق تھا کہ اُسکا پیارا شوہر کسی نہ کسی لائیف بوٹ پر ضرور ہوگا - سچ ہے دنیا بامید قائم - یہ اچھی طرح معلوم ہی نہین کہ بمبئی سے وہ روانہ بھی ہوا یا نہین مگر گھڑی دعا مانگ رہی ہے کہ یا الٰہی یہ لائیف بوٹ بچ جائین کہ پیارے شوہر سے ملون - ہوا نے ابر کو زور باندھا کہ الحذر - یہی معلوم ہوتا تھا کہ طوفان کو گویا اُن بیچارگان سے جانی دشمنی ہے - جو جہاز پر سوار ہین خوجی طوفان کو گالیان دیتے جاتے تھے کہ او کمبخت - او بے ایمان طوفان او بیرحم او سنگدل طوفان - او گیدی - کب کا بدلہ لیا - ہاے اسی سے تو مین پانی کی صورت سے کانپتا تھا - اِس پانی کو آگ لگے - ماہی ڈالا میان آزاد کو اُسوقت مطلق خیال نہ رہا کہ خواجہ بدیع صاحب بھی اُنکے ساتھ ہم دم و ہمساز ہین اور لوگونکو لائیف بوٹ پر آنے مین مدد دی مگر اُنکو بالکل بھول ہی گئے - یہ اسوقت ایسے چوندھیا گئے کہ ایک مقام پر کھڑے ہوے جہاز اور طوفان اور سمندر کو بے نقط سنا رہے تھے -

کپتان دوبار حکم دے چکا کہ توپ داغو -

اتنے مین ایک توپ دغی - دھننا -

ع - اِسکے کیا معنی -

ملاح - (ہاتھ ملکر) ہاے ہاے -

ع - یہ توپ کیون دغی -

ملاح - مصیبت کی علامت ہے -

ہوا اور بھی تیز ہوئی - ملاح نے کہا اتنی عمر مین مین نے ایسا طوفان عظیم نہین دیکھا - جہاز تو اب کھلونا ہو گیا جیسے تنکا ویسے جہاز - لہرین تو دیکھو کتنی بلند ہوتی جاتی ہین اُف الامان - الامان سمندر اسوقت گویا خونخوار ہو رہا ہے - کچھ ٹھکانا نہ ہے - اتنے مین چاندنی کافور ہو گئی - گھٹا توپ اندھیرا کالے کوسون تک چھایا - مگر ہوا کی تیزی کے سبب سے شعلے خوب بلند تھے اور جزیرہ پیرم کے چند خدا ترس آدمی آگ کو اور بھی تیز کرتے جاتے تھے -

ملاح - آگ روشن کرو - آگ روشن کرو -

ع - تیل - تیل - تیل -

ملاح - ان ڈوبنے والے بیچارون پر ذرا رحم کرو -

ع - ہے ہے اسوقت تو کھڑا نہین رہا جاتا - پانؤن لاکھ جماتی ہون جمتے ہی نہین -

ملاح - بیٹھ جاؤ - آگ سے دور - شعلون سے الگ -

پھر جہاز پر توپ دغی دھننا -

ملاح - (بہ آواز بلند)

مرحبا - کپتان اسمتھ - (عورت سے) اس طوفان عظیم مین ایسے چھوٹے جہاز کو اتنے عرصے تک بچا نا کپتان اسمتھ ہی کا کام ہی - ایسا ناخدا ابھی کم دیکھا - غ - یہ دوسری توپ کیون دغی -

ملاح - مصیبت کی علامت ہی - (دوربین لگاکر) اُف اہی ہی - ارے رے رے -

ایک لہر آئی - جہاز تہ و بالا ہونے لگا وہ گئی تو دوسری آئی - ہنوز جہاز سنبھلا نہ پایا تھا کہ تیسری موج کے تھپیڑون نے آفت دُھائی میان آزاد بکمال شجاعت و استقلال پھر جہاز پر سے کونے ہی کو تھے کہ ناخدائے میان خوجی کو بھی آنکے لائیف بوٹ مین ہزار خرابی پہونچایا - آتے ہی اُنھون نے غل مچایا کہ ارے یار و انھیم کی ڈبیا تو وہین رہ گئی - میان کوئی نہ دہ خدا ذری لیک کے ہماری ڈبیائے آئے آزاد کو جو پایا تو چمٹ گئے - بھائی آزاد - جب آنا پڑا جہاز نہ بچا تو یہ ننھی ننھی کشتیان بھلا کیونکر بچینگی - آزاد نے کہا - خدا مالک ہی - جب زور سے آندھی آتی ہی تو تناور درخت بھی پھٹ پڑتے ہین کبھی کسی نے یہ دیکھا ہوگا کہ آندھی چلنے سے گھانس ٹوٹ گئی -

جزیرہ پیرم مین اُس زن خوبرو نے جو بڑی دیر تک آگ روشن کی اور ایسے طوفان عظیم کے وقت اس قت دور میدان مین کھڑی رہی تو توپ آگئی - مگر وہان سے جاتی کیونکر -

ادھر تو یہ باتین ہوتی تھین اُدھر جہاز کو ایک موج بلاخیز نے اس زور کا تھپیڑا دیا کہ اُچھل گیا - ناخدا لائیف بوٹ مین آگیا تھا - دوسرا تھپیڑا دیا - تیسرا تھپیڑا دیا - ملاح نے دور ہی سے دیکھکر کہا ہاے ہاے ہاے - سب ڈوب گئے بیچارے لائیف بوٹون مین تو کوئی پچاس ساٹھ آدمیون سے زیادہ نہین آنے پائے - جہاز گھومنے لگا - جسطرح پھرکی کو بچہ گھماتا ہی - اسیطرح امواج بلاخیز کے تھپیڑون سے جہاز نے چکر کھایا اہل جہاز کا حال ناگفتہ بہ اُنکی بیکسی اور بے بسی اُن کی آشفتہ حالی اور پریشانی - اُنکی سراسیمگی اور حیرانی - عورتونکی گریہ وزاری - مردونکی اُستقامت - بچون کی بیقراری کی انتہا نہ تھی - اگر کوئی فوٹوگرافر اسوقت جہاز اور اہل جہاز کا فوٹو اُتارتا تو بڑے بڑے سنگدل اُسکو دیکھکر زار زار روتے اجل چمٹی جاتی ہی اجل کے نیچے مین مرغ حیات پھنسگیا مگر پھڑ پھڑا رہا ہی کہ شاید تڑپ کے نکل سکے - ادھر یہ مصیبت زدے جہاز پر دیوانہ وار پھرتے تھے کہ کسی طرف بھاگ جائین جان بچائین اور اُدھر اجل ٹھٹھا مار ہنس رہی تھی کہ اس وحشت کے صدمے کوئی انسے اتنا تو پوچھو کہ مجھ سے بھاگ کے جائینگے کہان -

جان بڑی پیاری چیز ہی - خوب جانتے تھے کہ ناخدا انداز کیاس کا پتا نہین - جہاز مین پانی برابر آرہا ہی طوفان ستم پر ستم ڈھا رہا ہی - سمندر جوش و خروش پر ہی - لائیف بوٹ دور نکل گئے - مگر پھر بھی کوشش کرتے جاتے تھے کہ شاید کسی جہاز پر پہنچ جائین - ہاے افسوس وا اے افسوس - ؎

لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے	
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے	

دو اجل رسیدہ بہنین اس حالت یاوسی مین یون باتین کرنے لگین -

بڑی بہن - (بڑی) کود پڑو پانی مین کود پڑو شاید بچ جائین -

چھوٹی بہن - (چھوٹی) (سر پیٹ کر) اب جو چاہے کرو - بچنا محال ہے -

بڑی - ہی ہی - اس طوفان ظالم سے خدا سمجھے -
چھوٹی - ہائے آتا جب سنینگی تو کیا کرینگی -
بڑی - اُف ہائے غضب - ارے یہ ہوا کیا -
چھوٹی - مین تو کودتی ہون -
بڑی بہن - (روکر) ہائین کیون جان دیتی ہی -

حضرات ناظرین کسقدر افسوس ناک معاملہ ہی - جہاز اب ڈوبتا ہی ایک بہن مارے گھبراہٹ کے کہتی ہی کہ مین پانی مین کودی پڑتی ہون ہائے کوئی پوچھے کہ سمندر مین کودنے سے کیا بچ جائیگی مگر پوچھے تو اُس سے جو ہوش مین ہو - دوسری بہن کہتی ہی کہ ہائین ہائین کودنا نہین کودنا نہین - جان کیون دیتی ہی - اُف ہائے کیا غضب کا فقرہ ہی - دہشت گھبراہٹ ازخود رفتگی - جوش خون آشفتگی وفرط غم والم - یہ سب اس فقرے سے پُر ظاہر ہین جوش خون اور بہن کی محبت اسکی مقتضی نہ ہوئی کہ بہن کو کودنے دے - گو خوب جانتی تھی کہ کودیگی تو اور نہ کودیگی تو جان ہر طرح جائیگی - مگر دنیا امید قائم -

ایک عورت نے جو اس سانحۂ ہوش ربا سے مجنون ہوگئی تھی اپنے پیارے بچے کو سمندر مین پھینکدیا اور کہا اے سمندر یہ لڑکا مین تیرے سپرد کرتی ہون یہ کہکر خود بھی کود پڑی اور نقمہ نہنگ اجل ہوئی تینون لائیف بوٹ موجون کے تھپیڑے کھاتے سخیتان اُٹھاتے جزیرہ پیرم کے رخ جانے لگے کل ستر آدمی اُسمین تھے تاریکی ایسی چھائی تھی اور لہرین اسقدر بلند ہو ہو جاتی تھین کہ جزیرہ مذکور اچھی طرح نظر نہین آتا تھا - مگر روشنی نے انکو بڑی مدد دی - ورنہ کپتان سے چندان مطلب برآری ممکن نہ تھی -

ملاح ساحل پر اُن بوٹون کی آمد آمد کا منتظر کھڑا تھا - اور وہ زن خوبرو کبھی کبھی دوربین ملاح سے لیکر دیکھتی تھی اُسکے دل کی اسوقت عجب کیفیت تھی - جہاز کے غرق ہونے اور صدہا بندگان خدا کی جان جانے کا ازبس ملال تھا - مگر جب سوچتی تھی کہ ایک لائیف بوٹ پر اُسکا شوہر بھی آتا ہوگا تو باچھین کھل جاتی تھین اور پھر جو خیال آتا تھا کہ مبادا بوٹ پر نہ کودسکا ہو تو اوداس ہو جاتی تھی -

اتنے مین باد مخالف جو چلی تو وہ لائیف بوٹ رخ بدل گیا -

ملاح - ارے رے رے اُف - یہ بُرا ہوا -
ع - (چونک کر) کیا ہوا -
ملاح - بوٹون کو دیکھو -
ع - (ہاتھ ملکر) ارے یہ تو دوسرے رخ جانے لگے ہائے ہائے یہ کیا ستم ہوگیا -
ملاح - گھبراؤ نہین - گھبراؤ نہین - کپتان اُنکے پاس ہی اور کپتان اسمتھ بڑا لائق اور تجربہ کار ناخدا ہی اور اُن کے لفٹنٹ بھی آزمودہ کار جہازران ہین -
ع - مگر اس سے فائدہ کیا ہوگا - باد مخالف سے کچھ بس چلتا ہی
ملاح نے دیکھا کہ ایک لائیف بوٹ بھنور مین پڑگیا اور چکر کھانے لگا - یہ بحرہند کے مختلف مقامات سے خوب واقف تھا - اب سنیے کہ جس مقام پر یہ لائیف بوٹ تھا وہان دو تین پہاڑ بھی قریب تھے - جنکی چوٹیان ہمیشہ پانی مین چھپی رہتی تھین - ان پہاڑون سے جہازران کم واقف تھے کیونکہ جہاز کے اصلی راستے پر وہ واقع نہ تھے مگر پیر مرد

چپے چپے کا حال جانتا تھا۔ سمجھ گیا کہ اگر ذرا ہوشیاری نہ کی تو کشتی کے ٹکڑے ٹکڑے اڑ جائینگے۔ زن خوبرو سے اس امر کا تذکرہ کرنا مناسب نہ سمجھا۔ وہ طرح طرح کے سوالات کرتی جاتی تھی مگر ملاح کی نظر اسی طرف تھی۔

ع۔ کشتیان اب کہاں ہین۔

ملاح۔ خاموش۔

ع۔ (خوف زدہ ہوکر) اب لائیف بوٹ کہاں پر ہین۔

ملاح۔ (جواب ندارد)

ع۔ کیا بھنور مین پڑ گئین۔

ملاح۔ پہاڑون سے ضرور ٹکرائینگی۔

ع۔ اب ہین کہاں پر۔

ملاح۔ ٹھہر جاؤ۔ ٹھہر جاؤ۔ اسوقت باتین نکرو۔

تیس چالیس شقی اس لائیف بوٹ کی حالت زار دیکھکر خوش ہو رہے تھے ایک بولا ڈوب ڈوب۔ دوسرے نے کہا۔ ارے بچگئی کشتی۔ تیسرے نے کہا بکری کی ماں کبتک خیر منائیگی۔ چوتھا بولا۔ وہ ڈوبی ارے پھر بچی۔ ہائے بچ گئی۔ ملاح کا بس چلتا تو خود جا کے تپوار ہاتھ مین لیتا اور آن اجل رسیدہ بیچارون کو بچاتا مگر یہ امر محال تھا زن خوبرو ان شقی القلب آدمیونکی گفتگو سنکر اور بھی زار زار رونے لگی۔ کہ یہ کمبخت کھڑے ہوے دعا مانگ رہے ہین کہ کشتی غرقاب ہو جاے۔

جنی ڈیس جاز چکر کھا کر غرقاب ہو گیا بچون اور عورتون اور مردونکے چیخنے چلانے کی آواز سے لائیف بوٹ الون کے کلیجے دہل گئے۔ ایک تو خود گرداب بلا مین تھا۔ باقی دونون کے بیٹھنے والون نے پیچھے پھر کر اس سانحہ ہوشربا کو نظر عبرت سے دیکھا اور اسقدر روئے چلائے کہ الامان الامان۔ دیکھتے ہی دیکھتے جہاز ڈوب گیا۔

ساحل جزیرہ پیرم پر بھی شور مچا۔ گو اکثر سنگدل جہاز کے ڈوبنے کی دعا مانگ رہے تھے۔ مگر جسوقت دیکھا کہ بچے اور زن و مرد اس بیکسی سے جان دیتے ہین بے اختیار آنسو نکل پڑے شعلے ہوا کے سبب سے خوب تیز تھے لہذا شب کی تاریکی مانع مشاہدہ نہوئی زن خوبرو سکتے کے عالم مین تھی۔ ملاح نے پیشتر ہی کہدیا تھا کہ اتنے عرصے مین جہاز غرق ہوگا چنانچہ ویسا ہی ہوا۔ کبھی زن خوبرو کشتیونکی طرف دیکھتی تھی کبھی سوچتی تھی کہ مبادا جہاز ہی مین رہ گیا ہو اور ڈوب گیا ہو۔

اب سنیئے کہ جس لائیف بوٹ پر ناظورۂ ماہ نقاد نیشیا اور لفٹنٹ اپلٹین تھے وہ باد مخالف کے زور سے جزیرۂ پیرم سے تھوڑے فاصلے پر بہتا چلا گیا اور تپوار ایک اناڑی کے ہاتھ مین ملاح تو خرانٹ جہازران تھا بھانپ گیا کہ کسی نادان نو آموز کے ہاتھ مین تپوار ہے۔ کشتی کا بچنا معلوم۔ بادیدۂ مطروح و سینۂ مجروح خدا کے آسرے پر بیٹھے سمندر کو دیکھ رہا ہے۔ اجل ہر سمت سے اپنی بھیانک صورت دکھاتی تھی۔ چوطرفہ مصیبت ہی مصیبت نظر آتی تھی۔ جہاز پر سے بوٹ مین آتے مگر یہان بھی مصیبت نے ساتھ نہ چھوڑا۔ ۵

ایک آفت سے تو مر مر کے ہوا تھا جینا	بچنا
پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی	

مس۔ آزاد کس بوٹ پر ہین۔

ص۔ وہ سامنے جاتا ہے۔

مس۔ اب ہمارا بوٹ بچ بھی سکتا ہے بھلا۔

ص۔ خدا بڑا کارساز ہے۔

مس - (آہ سرد بھر کر) یا الٰہی ہمین بچالے - (رو کر) ہاے ہم بیگناہ ہین -

ص - اُف اسوقت جیسے کوئی کلیجہ مسوس رہا ہے - توپ کا مقابلہ کرتے ذرا خوف نہین معلوم ہوتا مگر اسوقت روح تک لرز رہی ہے - خیر خدا حافظ ہے دنیشا گھبراؤ نہین خدا کی خدائی مین کسی کو دخل نہین ہے -

مس - یقین نہین آتا کہ بچینگے -

ص - صبر - صبر - استقلال - استقلال -

مس - صبر نہین تو اور یہان بس کیا چل سکتا ہے - آسمان کیطرف (دیکھکر) یا خدا بچائیو -

ص - لو آزاد کی کشتی بھی ادھر ہی آنے لگی -

مس - ہان آئی - مگر وہ بھی تو ادھر ہی چلی آتی ہے - ہاجرا کیا ہے یا خدا - یا خدا -

ص - اپنی خوشی سے تھوڑا ہی آتے ہین کچھ -

مس - کوئی نہ بچیگا - ہاے اب جان گئی - اپلٹن - رخصت یہ کہکر دنیشا رخ انور ڈھانپ کے خوب زار زار روئی یہانتک کہ ہچکی بندھ گئی - اپلٹن بھی زندگی سے ہاتھ دھو چکا تھا - مگر دنیشا کو بکمال استقلال سمجھایا کہ پیاری دنیشا ذرا مستقل مزاج رہو - یہ وقت استقلال کا ہے - اگر استقلال نہ کروگی - تو کروگی کیا - مگر تاہم مستقل رہنا چاہیے دیکھو اگر مستقل نہ رہتے تو جہاز سے یہان تک کیونکر آتے اور لوگون کی طرح ہم بھی نہ ڈوب جاتے -

مس - اب تو بچنے کی کوئی صورت ہی نہین ہے (سمندر کیطرف نظر کرکے) اُف - ہاے یہ ہمارا جانی دشمن ہے -

ص - آزاد کی کشتی کا رخ بدل گیا - افسوس -

م - ہاے ہاے -

ص - ایسا طوفان تو ہمنے آجتک دیکھا ہی نہین - یا الٰہی مدد دے یا خدا مدد دے - ۵

سراسر ہمچو مہر و ماہ گردیدیم دنیارا	
ندارد منزلی آسایشی دیدیم دنیارا	

ایک لائیف بوٹ جسپر کپتان اسمتھ تھے وہ توضع الخیر ساحل جزیرۂ پیرم تک پہونچگیا - مگر دو لائیف بوٹ ابھی سمندر ہی مین ہین - رات اور بھی تیرو تار ہوتی گئی - مگر طوفان نے نظر عنایت کی - جب طوفان کسی قدر کم ہوا تو یہ دونون بوٹ بھی جزیرۂ مذکور کی طرف چلے - کپتان اسمتھ نے لائیف بوٹ پر سے اترتے ہی لوگون سے پوچھا کہ پال نامے ایک ملاح اس ٹاپو مین کہین ساحل ہی کے قریب رہتا ہے اُس سے مین ملنا چاہتا ہون ملاح تو وہان پر کھڑا ہی تھا آگے بڑھا کپتان اُسکو دیکھکر ازبس محظوظ ہوے ملاح نے کہا کہ مین پہلے تو سمجھا تھا کہ کوئی اور جہاز ہے مگر پھر مجھے معلوم ہوا کہ ڈنی جینس ہے - افسوس صد افسوس - کتنے ٹن کا جہاز تھا - کپتان صاحب نے کہا کہ ساڑھے تین سو ٹن کا تھا - تینون لائیف بوٹ مین کوئی ستر بہتر آدمی کودے - باقی بیچارے اسی بے پیدا ہوے تھے کہ اس خونخوار سمندر مین جان گنوائین - افسوس مین نے بڑی پھرتی کی - اغلب ہے کہ دوبارہ توپ دغنے کی آواز یہان آئی ہو - بہت عرصے تک کوشش کرتا رہا کہ جہانتک ممکن ہو جہاز کو ڈوبنے سے بچاؤن مگر تم تو خود پرانے مجربہ کار ہو - ساٹھ ستر برس تک جہازرانی کیا کیے تم نے دیکھا ہی ہوگا کہ مین کتنی دیر تک جہاز پر رہا - ملاح نے کہا جی ہان مین دور مین سے بہت غور کے ساتھ کل کارروائی بصد حسرت

دیکھ رہا تھا آپ نے سوائے اعلیٰ مستول کے اور سب مستولونکو بنا کر دیا ورنہ خدا جانے کیا ہوتا یہ ساٹھ ستر آدمی بھی نہ بچتے۔ وہ کون شخص ہے جو دو بار لائیف بوٹ سے جہاز پر آیا اور لوگون کو لے لیگیا یہ بڑا جری آدمی ہے۔ مین نے ایسے جیوٹ اور بہادر کم دیکھے ہین۔ جو اورون کے لیے اپنی جان پر کھیل جائین کپتان نے کہا وہ ایک ہندوستانی ہے میان آزاد بڑا لائق آدمی ہے اس سے مجھے بڑی مدد ملی۔ اسکی بسالت اور شجاعت اور جوانمردی کا نقش میرے لوحۂ دل پر منقوش ہوگیا۔ قابل داد کام کیا ہے۔ آہا ہا ہا کس بانکپن سے لوگون کو مدد دی ہے کہ سبحان اللہ مین اسکی جوانمردی کی بڑی تعریف کرونگا اور مختلف اخبارون مین چھپوا دونگا کپتان اسی مقام پر بیٹھ گیا۔ ایک شخص نے کہا اگر مضائقہ نہو تو تھوڑی سی شراب پی لیجیے آپ اسوقت انتہا کے بدحواس ہین اور محنت بھی اسقدر جہ کی ہے کہ شاید تمام عمر نہ کی ہوگی۔ کپتان نے اسکا شکریہ ادا کیا اور بوتل لیکر دیکھا تو جمیکا رم ایک گلاس پانی مین ملا کر پیا پھر ایک گلاس لیا۔ تھوڑی ہی دیر مین چوتھائی بوتل شراب لنڈھائی۔ جب سرد گھٹے اور نشے جمے تو کھڑا ہوا اور سمندر کے اس مقام کو بحسرت و حیرت دیکھکر دردناک اور جگر دوز آواز سے یون گانے لگا۔

Three times round went my gallant ship. And three times went she. Three times went my gallant ship when she went to the bottam of the sea

میان آزاد اور خوجی ایک لائیف بوٹ پر تھے۔ دینشیا اور اپلٹن دوسرے پر اب دونون بوٹ ایک دوسرے سے تھوڑے ہی فاصلے پر جانے لگے کہ اتنے مین ایک موج نے یہ ستم ڈھایا کہ اپلٹن والا بوٹ چکر کھاکر دوسرے رخ بہتا چلا گیا اور یہانتک تہ و بالا ہونے لگا کہ تین آدمی سمندر مین گر پڑے اور حیف صد حیف کہ اُن تینون مین لفٹنٹ اپلٹن بھی تھے ادھر یہ گرے اُدھر دینشیا نے ایک چیخ ماری اور بیہوش ہوگئی۔ آزاد فوراً بوٹ پر سے کود پڑا اور انتہا کی جرأت اور شجاعت سے اپلٹن کی مدد کو چلا۔ اِدھر اپلٹن کا وفادار کتا بھی آقا کے گرتے ہی پانی مین کود پڑا اور سر کے بال دانتون سے پکڑکر اپنے آقا کو اُٹھنے ابھارا۔ میان آزاد بھی پیرتے ہوے دن سے جا پہونچے ایک تھپکی جو دیتے ہین تو اپلٹن بخوبی ابھرے۔ بوٹ قریب آیا لوگون نے مدد دیکر اپلٹن کو کھینچ لیا یہ اسوقت ایسے گھبرائے ہوے تھے کہ روح تک گویا لرز رہی تھی دینشیا کو غش کی حالت مین دیکھ قریب جا بیٹھے اور لب لعل شکر خا کا زور سے بوسہ لیا۔ منہ پر خوب چھینٹے دیے تھوڑی دیر مین ہوش آیا تو شوہر کو لائیف بوٹ مین دیکھ کر فرط طرب سے آنکھین اشکبار ہوئین۔ اس نیوفونڈ لنڈ کے رقیق بے زبان اور میان آزاد جوانمرد نے مجھے اسوقت بچالیا۔ اُدھر مین گرا اُدھر کتا کودا اور بوٹ سے میان آزاد کو دپڑے۔

میان آزاد کی مدد سے لفٹنٹ اپلٹن تو بچ گئے مگر لائیف بوٹ اس بھرتی سے گئے کہ خود بیچارے میان آزاد سوار نہو سکے بدرجۂ مجبوری اُنکو پیرتے ہوے جانا پڑا جب لائیف بوٹ ساحل کے بالکل قریب پہونچا تب کمین

اٹھکھیلیون پر بھین اور میان آزاد فرخ نہاد بادل شاد جہاز پر خواب ناز تین تھے کہ دفعتہً مسٹر اپیلٹن نے انکو آواز دی۔ مسٹر آزاد۔ مسٹر آزاد۔ اُٹھیے سویرا ہی مالٹا پہونچ گئے۔ آزاد اُٹھے تو دیکھا کہ مالٹا کے گرجا اور مساجد کے سنہرے منار اور کنگرے آفتاب کی کرن سے چمک رہے ہین اور دور سے کل شہر کے اونچے اونچے مکانات اور عمارات عجب لطافت کے ساتھ نظر آتے ہین میان آزاد اس کیفیت کو دیکھ کر ازبس محظوظ ہوے اور تھوڑی ہی دیر کے بعد ان کا جہاز مالٹا مین لنگر انداز ہوا۔ لوگ خوشی خوشی اُترے۔ خوجی اور میان آزاد مسجد مین گئے۔ اور مسٹر اپیلٹن اور کپتان اسمتھ گرجا کی طرف روانہ ہوے۔ سینٹ مائیکیل کے گرجا مین ڈیڑھ گھنٹے تک عبادت کی۔ اور وہان سے چلے تو میان آزاد کو مسجد سے ساتھ لیا۔

کپتان اسمتھ نے کہا کہ صبح کو پنسولا اینڈ اورینٹل کمپنی کا اسٹیمر یعنی دود کش جہاز (ابدی آرٹا) لندن روانہ ہوگا۔ رات بھر سب کے سب مل جل کر رہے صبح کو جدائی کا وقت تھا۔ جس وقت وینشیا اور اپیلٹن ایری آرٹا پر سوار ہونے لگے میان آزاد ڈھارین مار مار کر رونے لگے۔ وینشیا تڑپتی تھی بے اختیار جی چاہتا تھا کہ آزاد کو بھی جہاز پر بٹھانے یا خود جانیکا نام نہ لے۔

اول تو میان آزاد کی لیاقت اور قابلیت اس درجہ اعلیٰ تھی کہ تربیت یافتہ لیڈیان اور جنٹلمین بڑی خوشی کے ساتھ اُن سے ملتے تھے اور اُن سے گفتگو کرکے خوش ہوتے تھے۔ دوسرے میان آزاد پورے مین لیڈیون اور جنٹلمینون کی طرز معاشرت اور طریق گفتگو اور داب و آداب سے بھی خوب واقف تھے لہذا جب کسی لیڈی یا جنٹلمین سے ملتے تو مغائرت یا اجنبیت نہین پائی جاتی تھی وینشیا کو آزاد سے پاک اور دلی محبت تھی۔ اور کیونکر نہوتی اپیلٹن کی جان بچائی تھی۔ علاوہ برین جو سچی جوانمردی اور پکی ہمدردی میان آزاد نے جہاز ڈوبنے کے وقت ظاہر کی تھی اُسکا نقش وینشیا کے لوح دل پر بخوبی منقوش ہوگیا تھا۔ وینشیا کا دل اسقدر بھر آیا کہ جہاز پر جانا اور میان آزاد کو مالٹا مین اکیلا چھوڑ دینا ازبس شاق گذرا اور اپیلٹن سے کہنے لگی کہ اگر تمھاری راے ہو تو جب آزاد ہمارے سامنے روانہ ہوجائین تب ہم لندن جانے کا خیال دل مین لائین۔ مین کیا کرون مجبور ہون۔ دل کو لاکھ لاکھ سمجھاتی ہون بہلاتی ہون مگر دل نہین مانتا۔ کسی پہلو قرار نہین۔ میرا دل گواہی دیتا ہے کہ آزاد کی مفارقت مین جان جائیگی۔ حیرت ہے کہ اب ہم کرین تو کیا کرین۔

اپیلٹن نے آزاد سے کہا کہ اب اسوقت مجھ سے اور کچھ نہین کہا جاتا صرف اسقدر کہتا ہون کہ ضرورت کے وقت جان جوکھم کے وقت مجکو ضرور یاد کرنا۔ اپیلٹن کو اب اپنا دوم نا خریدہ غلام سمجھو۔

وینشیا۔ آزاد جیسے بہن کو اپنے بھائی کی محبت ہوتی ہے ویسی ہی مجھکو تمھاری محبت ہے۔

آزاد۔ اب اس وقت کوئی اس قدر تشفی کردے کہ مین تم کو اور تمھارے پیارے شوہر کو پھر بھی دیکھونگا تو مین جی اٹھون۔ مین سوچتا ہون کہ دو تین دن تک

مین یہان اکیلا کیونکر رہ سکونگا - ایک ایک گھنٹہ ایک ایک سال کے برابر گذریگا - طرح طرح کے خیالات دل مین جگہ پائینگے -

اسمتھ - بیشک - بیشک -

ص - آزاد -

آزاد - یار زندہ وصحبت باقی -

م - اب ہندوستان ہی مین ملینگے یا شاید یورپ مین ملاقات ہو -

آزاد - مسٹر اپلیٹن - مین ہندوستان مین رہون یا جہان رہون ملونگا ایک مرتبہ ضرور - مگر یہ دونون کسطرح کٹینگے -

م - یہ اقرار کرو اور حتمی وعدہ کرو کہ خط برابر بھیجتے جاؤگے -

آزاد - برابر ! اسمین کیا فرق پڑیگا -

ص - ہمارے نام خط اس پتے سے بھیجنا - سی اپلیٹن اسکوائر قریب کوٹھی مسیور کاکس اینڈ کمپنی آرمی ایجنٹس - پکاڈلی - لندن -

آزاد نے یہ پتہ ایک کاغذ پر لکھ لیا - اور حفاظت کے ساتھ جیب مین رکھا -

م - مسٹر اپلیٹن نے چودہ مہینے کی رخصت لی ہے چودہ مہینے کے بعد وہ اپنی رجمنٹ مین ہونگے خدا نے چاہا تو اس عرصے مین آپ بھی واپس آگئے ہونگے -

آزاد - دیکھیے -

م - خدا جانے لڑائی کب تک رہے -

آزاد - اور کیا کیا واقعے پیش آئین -

ص - جنگ طول کھینچے گی -

آزاد - اکثر افسرون کو امید ہو کہ برٹش گورنمنٹ ٹرکی کا جنبہ کریگی -

ص - وَل ہم نہین کہہ سکتے - لیکن اگر ایسا ہو تو خدا کرے ہم بھی بھیجے جائین - پھر ہمارا آپکا ساتھ ہو برٹش گورنمنٹ کی حکمت یہ ہو کہ کسی کا جنبہ نہ کرین - مگر اپنی چال سے بھی ہم غافل نہ رہین گے - ٹرکی کی حالت اچھی نہین ہو - انتظام بھی خراب ہو - اور زردار نہین - جنرل اغناٹف نے ٹرکی کا نام مریض رکھا ہو اور ہم بھی اُن سے اتفاق کرتے ہین -

آزاد - مانا کہ انگلستان کی طرح یا فرانس اور جرمنی کی طرح وہان شایستہ طور پر حکومت نہوتی ہو مگر وہان کی بدنظمی کو لوگ بہت مبالغے سے بیان کرتے ہین -

الغرض وینشیا اور اپلیٹن میان آزاد سے بہ حسرت تمام رخصت ہوے - وقت رخصت وینشیا کی آنکھین اسقدر اشکبار تھین کہ وہ بیچاری آزاد کی صورت بھی اچھی طرح نہ دیکھ سکی - اپلیٹن نے مصافحہ کیا - اور میان آزاد مالٹا مین اکیلے رہ گئے -

اُستانی جی کا آنا اور دل لگی دل لگی مین پند سودمند سُنانا

اُستانی جی حسب وعدہ بڑی بیگم کے ہان گئین ڈولی سے اُترین بیگم سے ملین - حسن آرا سپہر آرا روح افزا اور

بہار النسا کو کوٹھے پر سے بلوایا - یہ ادب کے ساتھ آئین اور سلام کر کے بیٹھیں مزاج پرسی کی ادھر اُدھر کی باتیں ہونے لگیں - شہر کی عورتوں کا ذکر ہونے لگا تو اُستانی جی نے کہا بڑی بیگم ہمکو بیوہ ہوے کوئی پچیس برسین ہوئین تب سے ہم برابر اسی ٹوہ مین رہتے ہین کہ کوئی بہو بیٹی بگڑنے نہ پائے - جہانتک ہمارے امکان مین ہے ہم کبھی اس بات مین دریغ نہ کرینگے - ہمنے آجتک کبھی نہین دیکھا کہ کوئی عورت بد راہ ہو کے پھلی پھولی ہو - چار دن کی چاندنی پھر وہی اندھیرا پاکھ - اکثر آدمی آن آن کے میرے قدمون پر ٹوپی رکھتے ہین کہ فلان عورت ہمکو ملجائے حضور دعا دیں کیونکہ یہ مشہور ہو گیا ہے کہ اُستانی جی کی دعا مین بڑا اثر ہے مین اُس سے سارا اگا چھٹا پوچھ کر اُس عورت کو اور اُسکے عزیزون اور رشتہ دارون کو اطلاع دیدیتی ہون - پھر وہ جانین اُنکا کام جانے - مجھ سے واسطہ نہین - مین کئی طرح سے جانچ لیتی ہون چودہ پندرہ برس کا میرا ایک عزیز ہے اُسکو مین زنانے کپڑے پہنا کر بٹھا دیتی ہون - جو آتا ہے پہلے اُس سے ملاقات ہوتی ہے اگر بد وضع ہوا تو اُسکو چھیڑتا ہے اور وہ عورت کے بھیس مین پھسلا پھسلا کر اُس سے کچا چٹھا شراب پلا کر پوچھ لیتا ہے یہ ترکیب مین نے نکالی ہے - ہے نہ اچھی ترکیب - اور بھلا مانس ہوا تو اُسکی طرف نظر بھی نہین کرتا بس وہ پھر مجھ سے ملتا ہے اور اگر کچھ فسی کا کوئی کام میرے ذریعے سے نکلتا ہے تو مین جان لڑا دیتی ہون اور ہزار بات کی ایک بات یہ ہے کہ عورت اگر نیک ہے تو مرد کیا کر سکتا ہے - اور اگر بد ہے تو لاکھ پردے مین رکھو وہ اپنی ہی سی کر جائیگی - مگر شریف خاندانون کی بہو بیٹیان تو آگ مین جل جائین بھاڑ مین کو ڈبرن مگر اپنی آبرو ضرور بچائین - اور یہ ہو نہین تو آخرش دنیا کیونکر قائم ہو نہین تو دنیا تہ و بالا ہو جائے - پرسون ایک جوان آدمی گورا چٹا گھوڑے پر سوار دروازے پر آیا - تین بار حسب معمول دستک دی - لونڈی باہر گئی دیکھ آئی - اور اُنکو اندر بلا لائی وہ لڑکا دُلہن بنا ہوا بیٹھا تھا - اُس سوار نے جو رئیس زادہ معلوم ہوتا تھا گفتگو شروع کیا سمجھا کہ چودہ پندرہ برس کی کوئی جوان عورت ہے اور نور حسن تو اُس کے چہرے سے برستا ہی ہے شیدا اور دلدادہ اور از خود رفتہ ہو گیا - پہلے تو اُسنے ذرا رکاوٹ کی پھر گھل گھل کے باتین کرنے لگا حضرت تو مفتون ہو ہی چکے تھے لگے عشق کی باتین کرنے جب خوب آزما لیا کہ شمع رخ انور کا پروانہ اور عاشق دیوانہ ہے تو شراب ناب پلائی اور اُسنے بھی بلا غدر چسکی پر چسکی لگائی خوب سرور گٹھے اور نشے جمے تو پوچھا کہ یہان آنیکی صاف صاف غرض بتاؤ - القصہ شراب کی ترنگ مین صاف صاف راست راست بلا کم و کاست بک اُٹھا - تھوڑی دیر کے بعد مین نے لونڈی کو اشارہ کیا اس نے زور سے دروازہ دھم دھمایا تو اُس طفل عروس نما نے کہا کہ بس اب خیر اسی مین ہے کہ دوسرے دروازے سے بھاگ جاؤ ورنہ یہ جو آیا ہے تم کو زندہ نہ چھوڑیگا - یہ سُنکر اُنکا نشہ ہرن ہو گیا اور بگ ٹٹ بھاگے تو اب تک آتے ہی ہین -

ب - تم بڑا ثواب کرتی ہو - کس کس گھر کی بہو بیٹیون کو تم نے بچایا -

اُستا - یہان سے سات کوس پر ایک گانون ہے - مانکپور اُسکے چودھری کی بہو پر ایک تھانہ دار عاشق ہوا مگر دال نہ گلی

تو میرے پاس آیا کہا کہ بس مین یہ چاہتا ہون کہ میری آرزو پوری ہو شراب کے نشے مین تھوڑی دیر کے بعد آپ ہی آپ سارا حال کہدیا۔ سانحہ یہ گذرا کہ وہ عورت ایک روز راستے مین ڈولی پر سے گر پڑی اتفاق سے اُسوقت تھانہ دار صاحب بھی سامنے سے گھوڑا کڑکڑاتے چلے آتے تھے اُنکی اور اُس نیک نوجوان بی بی کی جو چار آنکھین ہوئین تو عاشق ہو گئے عورت بہت جمیلہ وحسینہ ہے۔ تھانہ دار نے لاکھ لاکھ کوشش کی مگر ایک بھی نہ چل سکی آخر کار اُسکے خسر پر زور ڈالا اور اُس زن نیک و پارسا کے پاس پیغام بھیجا کہ ہمارا کہنا مانوگی تو ہم تمھارے خسر کو قید کرا دینگے۔ اُسنے جواب دیا کہ مونڈی کاٹے سے کہدینا کہ کسی بھروسے پر بھولے نہین ایک سسرا کیا کہنے بھر کو اگر تو قید کرا دیگا تو بھی تیرا مُنھ کالا ہی رہیگا۔ مین نے تھانہ دار کو ظاہر مین تشفی دی اور دوسرے دن اُس گانوں مین جاکر اُسکے خسر سے سب حال کہدیا اُسنے اُسی دم بہو سے پوچھا۔ جوان عورت اور پھر طرہ یہ کہ خوبرو شرمائی دلجائی مگر اصل کیفیت کہسنائی کہ موے تھانہ دار نے خدا اُسے غارت کرے مجھے فلان مقام پر اتفاق سے دیکھ لیا تھا تب سے گرد گھما ہے بیسون مرتبہ پیغام بھیج چکا ہے میرا ناک مین دم آگیا مگر مارے لحاظ کے کہ نہ سکی اب حال کھل گیا تو صاف صاف بیان کر دیا۔

چودھری ناک پر مکھی نہین بیٹھنے دیتا تھا۔ گو اب بوڑھا ہو گیا ہے مگر بڑا تیکھا بوڑھا ہے۔ شاہی مین کئی خانہ جنگیان لڑا ہے اور کئی مرتبہ گرمی فتح کر چکا ہے۔ اُسکی آنکھون سے خون ٹپکنے لگا ایک معتمد خدمتگار سے پوچھا کہ تھانہ دار کون قوم ہے معلوم ہوا کہ پاسی ہے۔ افسوس کے ساتھ کہا کہ ہاے کمینے کے مُنھ کیا لگون مگر سزا ضرور دونگا۔ ایک دن شمشیر برّان لیکر تھانہ دار کے مکان پر شب کے وقت گیا۔ سپاہی اونگھ رہا تھا۔ تلوار ٹیک کر کھپریل پر ہو رہا۔ کھپریل کی دیوار بہت پست تھی نیچے کو دا دیکھا تھانہ دار سو رہا ہے۔ جانے کے ساتھ ہی ایک کان کاٹ لیا اور نیچہ لگا کر کہا کہ سُنبے ہم وہی چودھری مین جسکی بہو پر تو بُری نظر ڈالتا تھا اور بچہ یاد رکھو ہم سپاہی زادون کے اگر مُنھ چڑھوگے تو ادر بھی بُرا ہوگا۔ خیر اسی مین ہے کہ یہان سے چل دو نہین تو اگر کسی روز حرارا آیا تو جان لے لونگا۔ اب مین تمھارا کان لیے جاتا ہون۔ بولا اور مین نے پلٹ کر ایک تُلا ہوا ہاتھ دیا لاش ابھی ابھی پھڑک رہی ہوگی یہ کہکر چودھری صاحب نے طرارہ بھرا تو اُس پار تھے۔ پھر تو پاؤن بھرتے ہوے یہ گئے وہ گئے۔ تھانہ دار پر ایسا کچھ رعب جم گیا کہ منکا تک نہین۔ صبح کو کان کا علاج ہونے لگا۔ اب جو کوئی پوچھتا ہے کہ آخر یہ ہوا کیا کوئی چور آیا تھا۔ یا کسی سے لاگ اٹ تھی آخر ماجرا کیا ہے۔ تو دبے دانتون کہتے کیا ہین کہ نہ معلوم کیا ہوا۔ ایک کتا تو شب کے وقت البتہ آیا تھا مین خواب مین تھا تو مارے درد کے آنکھ کھل گئی اور دیکھا کہ کتا پلنگ سے اُتر کر بھاگا مجھے غش آگیا۔ پھر نہ معلوم کیا ہوا مجھے ہوش نہ تھا۔

چودھری وہ کان لیکر چمپت ہوا تو گھر مین دم لیا۔ بہو کے پاس آن کر کان بہو کی گود مین ڈالدیا اور کہا لو یہ اُسی شقی بدمعاش کا کان ہے چاہا تھا کہ دہن تہ تیغ کردون مگر ہاتھ جیسے کسی نے روک لیا۔ قتل نہ کیا گیا۔ پھر چاہا کہ ناک اُڑا دون مگر پھر ہاتھ نہ اُٹھا آخر کار مین نے کان ہی اُڑا لیا۔ مگر شاباش شرفا کی بہو بیٹیان ایسی ہی ہوتی ہین۔ عصمت کو ہاتھ سے نہین دیتین زندہ باش

بہونے بکمال دانائی و ہنرمندی کہا کہ اب مجھکو میکے بھیجدو۔ ورنہ خوف ہی کہ مبادا وہ بدوضع انتقام لینے پر آمادہ ہو جائے اور مجھ پر آنچ آجائے۔ چنانچہ راتوں رات چالیس آدمیوں کے ساتھ وہ اپنے میکے بھیجی گئی۔

مین نے ایسے ایسے کام کیے ہین۔ یہ ایک دفتر بے پایان ہی کوئی کہانتک بیان کرے۔ ایک مرتبہ آدھی رات کیوقت ہمارے مکان پر کسی نے تین دفعہ دستک دی حسب معمول دروازہ کھولا گیا تو ایک ہندو سپید پوش مگر گھاگھ اور باتمیز اندر آیا۔ پوچھا کیا کام ہی کہنے لگا کہ ایک فقیر میری جورو کو روز بہکاتا ہی اور عورت کو فقیر سے ایک قسم کا دور دور کا لطف سا ہو گیا ہی۔ کوئی دعا ایسی دیجیے کہ عورت کا دل فقیر کیطرف سے پھر جائے اُسکی درخواست کو مین نے قبول کیا دوسرے دن مین کسی بہانے سے اُس عورت کے پاس گئی اور باتون ہی باتو نمین مین نے اُس فقیر کا ذکر چھیڑا نام سنتے ہی کھل گئی۔ تب تو مین نے کہا کہ وہ ایک ہی بیان ہی اُسنے شہر بھر مین تمکو بدنام کر دیا ہی کہ مجھ سے اُلفت ہی اور لوگ تمھاری عقل پر ہنستے ہین۔ وہ تو فقیر ہی صبح کو گدڑی بازار مین بیٹھا رہتا ہی شام کو بھیک مانگتا ہی۔

عورت۔ (ع) ہان! بھیک مانگتا ہی!!! ہی نہین۔

اُستا۔ نہین سہی۔ دکھادون؟ کہو تو کسی روز دکھادون۔

ع۔ مین جانون بڑا سیدھا سادھو ہی۔

اُستا۔ واہ سیدھا سادھو کہین ہو نہین۔

ع۔ مجھے کیا معلوم تھا۔ یہ تو آج کھلا۔

اُستا۔ لے بہن اب آج سے تو اُس سے بات چیت نکرنا۔ ہان اتنا اب خیال رہے۔ ناحق کیون بدنام ہو گی مفت مین گناہ بے لذت سے فائدہ۔

ع۔ اور اُسکا پاجی پن تو اسی سے ظاہر ہی کہ مجھکو جھوٹ موٹ بدنام کر دیا۔

اُستا۔ ارے غضب کھڑا چنوا دے موے کو۔

ع۔ اور کیا۔

اُستا۔ اور اوپر سے تیر اندازی کرے۔

ع۔ ایسی جگہ مارنے کمبخت کو جہان پانی نہ ملے۔

اُستا۔ ہی ہی ہی تمھارے میان سُن لین تو کیا جانے کیا کرین اور تم کو تو مین جانون مار ہی ڈالین۔ صورت دیکھنے کے روادار نہ رہین۔

ع۔ ہی ہی کیا جانے کیا کر ڈالین۔

اُستا۔ ایسے نگوڑے شہدون کو کوئی بھلا مُنہ لگاتا ہی۔ تم بھلے مانسون کی بہو بیٹی سادھو اور فقیر سے تمھین کیا کام خبردار خبردار آج سے نہ جانا دہان۔ دیکھو بہن آبرو بڑی چیز ہی۔

ع۔ ہان پھر جگ مین اور ہی کیا۔

اُستا۔ تمھین بُرا تو ہو گا مگر سچ کہتی ہون اور بغیر کہے رہا بھی نہین جاتا کہ دو تین عورتین مجھ سے تمھارا حال کہ چکین

ع۔ قسم لو جو مین نے کوئی ایسی بات کی ہو جس سے آبرو جائے تمھارے یہان ذہبہ۔ مین خدا۔ سبھی لوگ پر میشر کہتے ہین تم انجان ہو مین اسوقت دیے (دیا) کے سامنے کہتی ہون کہ جیسی پاک پیدا ہوئی ہون ویسے ہی اب بھی ہون اب صاف صاف بتا دو کہ وہ عورتین کیا کہتی تھین۔

اُستا۔ بات کا بتنگڑ تو بنتا ہی ہی۔ لوگون کا قاعدہ ہی جتنے مُنہ اُتنی ہی باتین۔ بڑی بیگم نے کہا بہن تمھین خدا ایسی ہی توفیق نیک دے اور اب تو کچھ تیل کا مانھ ہی بگڑا ہی۔

اُستا۔ وہ وہ باتین ہنسنے دیکھی ہین کہ کہنے اور یاد کرنے

سے رونگٹے بدن کے کھڑے ہوتے ہین۔

ب۔ یہ اس گناہی کے سبب سے تو اتنا مہنگا سمان ہی جب دیکھو کال آتا ہی۔ سُنا دور دور تک قحط نے لاکھون آدمی مار ڈالے گھر کے گھر خالی محلے کے محلے اُجاڑ پڑے ہین گانون کے گانون مین جیسے جھاڑو پھیر دی یہ جو بھونچال آتا ہی۔ یہ کیا ہی۔ یہ بھی گناہ کے سبب سے۔ برسون دو دفعہ بھونچال آیا۔ رات بھر مین قرآن ہی پڑھا کی۔ آگے سو سو برس کے ہو کر آدمی مرتے تھے اب جوان جوان چٹ پٹ مرتے جاتے ہین۔ تو کا ہے سے گناہ کے مارے جب دیکھو مہینہ موجود ہر فصل مین وبا۔ مینہ وقت پر برستا ہی نہین گرمی پڑتی ہی تو جھلسا دیتی ہی۔ یہ بخار کیا جانے اسے لیا کہتے ہین وہی لال بخار جسمین بند بند ٹوٹتا ہی وہ پہلے کب آتا تھا۔ پانی کے مزے کو تو دیکھو روز بروز کھاری ہوتا جاتا ہی۔ آگے گھر گھر میٹھے کنوئین تھے اب محلے مین دو چار میٹھے کنوئین ہین باقی سب کھاری۔ کلّی تک نہ کیجائے۔ ہمارا کنوان بھی تک ویسا ہی شیرین ہی اور باہر کی بادلی بھی۔

اُستا۔ یہ تمھاری نیک نیتی ہی۔

ب۔ اجی وضع نبھائے چلے جاتے ہین۔ جبتک چل سکے کچھ اپنا بس تھوڑا ہی ہی اسمین۔

اُستا۔ ہم تو چھٹپنے سے یہی باتین دیکھتے بھالتے آئے ہین ہم تو سمجھتے ہین کہ زیادہ پردہ بھی خراب ہی اور زیادہ آزادی بھی بُری بُری بڑی پردہ والیان جنکے میان ناک پر مکھی نہین بیٹھنے دیتے تھے اُنکی وہ گت دیکھی ہی کہ توبہ ہی بھلی۔ پردہ دل کا تقدم ہی سب سے بڑا بس یہی بڑا ہی گھونگھٹ اور برقع سب دکھاوے ہی بھکاوے ہی۔ بھلا کپڑے کے پردے سے کہین دل صاف ہوا کیا ہی یہ واہیات خیال ہی

ب۔ ہان یہ تو ٹھیک کہتی ہو۔

اُستا۔ ابھی پانچ ہی چھ روز ہوے کہ ایک عورت کوئی ساٹھ ستر برس کی ہی وہ مکان کیطرف سے کوئی بارہ بجے رات کو دبتی ہوئی جاتی تھی اور کہتی جاتی تھی کہ کل سے کھانا نہین کھایا کوئی اللہ کا بندہ ایک ٹکڑا کھلوا دے پہلے مین سمجھی کہ جسطرح اور فقیر اور فقیرنین جھوٹ موٹ کہا کرتی ہین کہ ہم نے چار روز سے کھانا نہین کھایا بچے بھوکون مرتے ہین اسیطرح اسنے بھی چلانا شروع کیا۔ لیکن اُسکی آواز ایسی بھیانک تھی اور ایسی رقت برستی تھی کہ مین نے دروازہ کھلوا کر اُسکو اندر بلوا لیا۔ یقین مانو جلنا دو بھر تھا۔ مین نے ایک باسی روٹی اور ایک بوٹی دی پھر دال مونگھ کھلائی جب اُسنے کھا کر پانی پیا تو جان مین جان آئی اور اپنی بیتی کہ سنائی کہ مین ایک بھلے مانس کی لڑکی ہون۔ جو دو برس کی تھی جب میرا نکاح ہوا تو مین میان کے ہان اپنی سسرال مین رہنے لگی مگر میان کو پردے کا مرض حد سے زیادہ دن رات ڈنڈا لیے موجود کہ دروازہ کیون کھلا۔ کھڑکی سے کیون جھانکی۔ یہ کیون کیا۔ وہ کیون کیا۔ اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات۔ ناک مین دم آگیا۔ مگر اشرفی کا نقمہ کھلاتے تھے۔ اچھا کپڑا پہناتے تھے۔ زیور سے مین گوندنی کیطرح لدی ہوئی تھی میری خاطرداری بہت کرتے تھے اور میرا دم بھرتے تھے مگر پردے کا جنون تھا۔ ایک روز مجھے کچھ ایسی سوجھی کہ بس مین تباہ ہو گئی۔ اِنکے پردے کے خیال نے کچھ نہ کیا اور مین خیر کچھ دن تو میان کے فرشتہ خان کو بھی خبر نہوئی۔ کچھ نہ سمجھے۔ مگر باپ کہین چھپا کیا ہی۔ ای توبہ خون کی طرح سر پر چڑھ کے بولے۔ کوئی لاکھ کلیجہ مین گڑھے مگر باپ نہ چھپیگا ز چھپیگا

شدہ شدہ میان سے بھی گونیدون نے باتون باتون مین
کہنا شروع کیا۔ اُنکو یقین نہ آیا۔ مگر تُوہ مین رہے۔ اتنے
مین بندی اور بھی کھُل کھیلی۔ مگر میان کو تُوہ مین تھے لیکن
اُنکو پتا نہین ملتا تھا۔ ایک دن شدنی امر گھر کی لونڈی سے
اور مجھ سے جو تکرار ہوئی تو وہ تنک کر چلی گئی۔ مگر چلتے وقت
اتنا کہہ گئی کہ بندی تمنے میان کا نام ڈبو دیا۔ میان نے جو اتنا سُنا
بس آگ ہو گئے دو دن تک کھانا نہ کھایا اور مجھ سے گھڑی
گھڑی پوچھین کہ کل حال صاف صاف بتاؤ آخر یہ کیا ماجرا ہے
یہ اُسنے کہا کیا اب مین صاف کیا اپنا سر پیٹ لون۔ مین نے جھوٹ پھوٹ
کے رونا شروع کیا۔ دو دن تک گھر مین وہ بم مچی کہ بس
کچھ نہ پوچھو تین چار مرتبہ میان نے مجھکو مارا اور خوب للکارا
مار کھانے کا تو مین نے کام ہی کیا تھا بلکہ کام تو مین نے ایسا کیا تھا
کہ قتل کیجاتی میری بوٹی بوٹی چیل کوونکو دیجاتین تو بھی
سزاوار تھی۔ خیر تیسرے دن میان گئے باہر خبر دونکی کھانچی
چکائے۔ بندی نے جو موقع پایا تو زیور لیکر نکل کھڑی ہوئی پہلے
سے کہی ہوئی تو تھی ہی ساتھ ہو کر بھاگ گئی۔ کچھ دن تو خیر
اچھی عرق ریزی سہی مگر دوسرے ہی مہینے وہ زیور لیکر چلدیا۔ مین
صبح کو جو اُٹھی تو ندارد۔ ادھر دیکھا اُدھر دیکھا کہین پتا ہی نہین
زیور کو جو صندوق مین جاکے دیکھتی ہون تو غائب۔ ہی ہی
سر پیٹنا شروع کیا ایک چھلا تک نہ رہا۔ رات کو مجھ سے کہا
تھا کہ آجکل چوری چکاری بہت ہوتی ہے گہنا رتی رتی اُتار
رکھو۔ ایسا نہو رات کو چور آکے گلا گھونٹ کر سب لیجائے
اور تم مُنھ ہی تکتی رہو۔ مین سادی کیا جانون کہ اُسکے پیٹ
مین کیا ہے۔ گہنا مین نے سب اُتار کر صندوق مین رکھدیا۔ صبح
کو چھلا تک پاس نہ رہا۔ پس ہاتھ ملکے رہ گئی۔ کچھ دن ادھر اُدھر

آوارہ پھرا کی۔ اب برسون سے بھیک مانگتی ہون ہائے
جو مین راہ راہ چلتی تو گر مٹھے مین کیون گرتی۔ مگر میری تو
یون ہی بدی ہوئی تھی۔ قسمت مین یہی لکھا تھا کہ ٹھوکرین
کھاؤن تو پھر ملتی کیونکر۔ اگر میان کے کہنے پر چلتی تو آج خاصی بیگم
بنی ہوتی۔ ہائے میرے نصیب مجھے کیا سوجھی یہ کہکر وہ پھوٹ
پھوٹ کے روئی۔ مین نے اُسکو دو روپے دیے اور رخصت کیا

ب۔ بُری چال کے یہی نتیجے ہین۔

اُستا۔ ہمنے تو آجتک نہین دیکھا کہ کوئی بھلے مانس کی بہو بیٹی
بگڑ کے نئی ہو پھر۔ یا آوارہ ہو کر ذلیل نشین ہوئی ہو۔
ہمنے تو اپنے ہی ہاتھ دیکھا۔

ب۔ بُرے کام کا بُرا ہی نتیجہ ہے۔

اُستا۔ ہونا ہی ایسا چاہیے۔

ب۔ مغلانی کلوری تو بنا لاؤ۔ باتون مین تمھاری خاطر ہی
کرنا بھول گئی۔

اُستا۔ اجی آپس مین اِسکا کیا خیال ہے۔

ب۔ ہی ہی جب مین اُس عورت کی باتین یاد کرتی ہون
تو کانپ اُٹھتی ہون۔

اُستا۔ کس عورت کی؟

ب۔ یہی جو تم نے بیان کی ابھی ابھی۔

اُستا۔ اور جو اُسکی زبان سے اُسوقت سنتین تو دیکھتین
کہ قلب کی کیا حالت ہوتی ہے۔ سننے سے حیرت ہوتی تھی رات
بھر مجھے غش آئی ہو تو قسم لو۔ مگر مین بڑی خوش ہون
کہ تمھاری صاحبزادی پڑھی لکھی ہین جو مین اُنکے کام آؤن
تو ایسی خوش ہون کہ میرا اللہ ہی جانتا ہے اور مین تو
غیر دن کی لڑکیون کو تعلیم دینے کو اپنا فخر اور

اپنی سعادت اور اپنا زادراہ سمجھتی ہون بھلا اُنسے جی چراؤنگی اُن کو تو ایسا بتاؤن کہ جسکا حق ہی مگر بات یہ ہی کہ چھوٹی لڑکیان کچھ اپنے برابر والیون ہی سے خوب گھل گھل کے باتین کرتی ہین ہم سے باتین کرنے مین اُن کو لطف نہ حاصل ہوگا۔

ب ۔ اور اُنکے برابر والی ایسی کوئی ہی نہین جو اُنھین کچھ سمجھائے یا آوارہ عورتون کا ذکر کرکے ایسا نتیجہ نکالے اور وہ بات پیدا کرے کہ سننے والے کے دل پر نقش ہوجائے اور ایسا نقش ہوجائے کہ مٹائے نہ مٹے۔

اُستا ۔ اُنکی صحبت مین کوئی اُنکی ہمجولی اور بھی بیٹھتی ہی۔

ب ۔ بیگم نے کہا بس آجکل تو یہی چار ہین ہین اور ادھر اُدھر محلے کی پاس پڑوس کی بہو بیٹیان یا رشتے ناتے کی عورتین آتی جاتی رہتی ہین۔

اُستانی جی نے کہا یہان ایک لڑکی ہی جانی بیگم اُسکی صحبت مین نہ بیٹھنے پائین ۔ بڑی بیگم بولین کون جانی بیگم وہ تو یہان نہین آتی جاتی۔

اُستا ۔ مین خبر پاچکی ہون کہ جانی بیگم بھی دس بیس دفعہ آئی تھی۔

ب ۔ ذری حسن آرا کو تو بلالانا کوئی ۔ کہنا کچھ پوچھنا ہی آپ سے۔

اُستا ۔ کیا حسن آرا سے پوچھوگی۔

ب ۔ ہان دریافت کرلون۔

اُستا ۔ ہنستے ہنستے پوچھیے گا ۔ ڈانٹ نہ بیٹھنا۔

ب ۔ نہین۔

لونڈی نے جاکر حسن آرا بیگم سے کہا کہ چلیے آپکو بڑی بیگم صاحب نے یاد فرمایا ہی حسن آرا اُسوقت ایک پایجامہ کاڑھ رہی تھی پوچھا خیریت تو ہی لونڈی نے کہا ہان سب خدا کا فضل ہی ذرا چلی چلیے ۔ حُسن آرا نے گٹھری باندھی اور چلین۔

حسن ۔ کیون اماجان ۔ کاہے کیواسطے یاد کیا۔

ب ۔ یہان آؤ تو بتائین ۔ پاس آؤ۔

حسن ۔ حاضر ہوئی فرمائیے۔

ب ۔ ہمارے یہان کوئی وہ لڑکی آتی ہی ۔ اجی دیکھو بھولی جاتی ہون لڑکی سی ہی ۔ ابھی کم سن بالکل۔

حسن ۔ کون ! کچھ پتہ بتائیے تو معلوم ہو۔

ب ۔ اجی وہ جانی بیگم کہلاتی ہی ۔ چلبلی سی لڑکی۔

حسن ۔ ہان دو چار دفعہ آئی تھی۔

ب ۔ اب نہ آنے پائے۔

حسن ۔ کیون اماجان کیون۔

ب ۔ وہ بڑی چلبلی لڑکی ہی ۔ اُنھون نے پہلے پوچھا تو ہم سمجھے نہین اب یاد آگئی۔

حسن ۔ ہان ! اب یہ ہمین کیا معلوم تھا کہ گن کیسے ہین اُسکے دو گھڑی آکے ہنس بول لیتی تھی مگر ایک بات ہماری سمجھ مین نہ آئی وہ یہ کہ زمانہ بھر اُسکو بدوضع کہتا ہی مگر وہ انتہا کی خوش خلق اور وضعدار آدمی ہی ہان بات چیت مین البتہ برق ہی۔

بات کو ٹال کر بڑی بیگم نے کہا استانی جی اب کس روز آؤگی ۔ اب کی جمعرات کو آؤ تو اچھی اچھی کہانیان لڑکیون کو سناؤ جس مین اِنکا دل بہلے ۔ دو چار دن یہین آن کے رہو ۔ اُستانی جی نے کہا بیگم صاحب فجر کو تو ہمکو ایک گانون جانا ہی شاید دو دن مین وہان سے آنا ہو ۔ دو دن بعد پھر جو پلٹین گے تو ایک دو دن یہان رہینگے ہان اگر کہو تو بدھ کو ضرور آؤن ۔ یہ کہکر اُستانی جی رخصت ہوئین۔

خوجی

اخاہ - بعد مدت - مگر بسم اللہ ہی غلط ہوئی - یہ خوجی کیا معنی - خوجی ہی کون مردک - خوجی خوجی - خاصہ بھلا چنگا نام ہی خواجہ بدیع صاحب یہ کہنے لگے خوجی - واہ نہ ہوئی قرولی ورنہ اپنے آپ اپنے پیٹ میں خواجہ صاحب بھونک دیتے - خوجی خوجی کی دم ہیں نہ امردک کی - جزیرۂ مالٹا میں مختلف ملکوں کے آدمی ہیں - آرمینین - عرب - انگریز - اسکاچ - آئرش - اہل سپین یا نہ - یونانی - وغیرہ وغیرہ - مگر دو دن سے اس جزیرے میں ایک بڑے گرانڈیل جوان کا گذر ہوا ہے - قد کوئی آدھ گز کا - ہاتھ پاؤں دو دو ماشے کے - ہوا ذرا تیز چلے تو تپا ہو جائیں - کنّی لگانے کی ضرورت پڑے - مگر بات بات پر تنکے ہوئے جاتے ہیں کسی نے ذرا ترچھی نظر سے دیکھا اور حضرت نے قرولی سیدھی کی بھوکے دن انکو کسی امر کا خیال ہی نہ تھا - دنیا کی فکر نہ دین کی کچھ کسی سے واسطہ ہی نہیں - بس افیم ہو اور چاہے کچھ ہو یا نہ ہو - اس وحشت کے صدقے - کہ میاں آزاد نے تو جہاز پر سے لائیف بوٹ میں بلوایا - آپ غُل مچاتے ہیں کہ ارے یارو افیم کی ڈبیا لپک کے لے آنا ہاں صل علی - چہ خوش چرا نباشد - کوئی بگڑے دل ہوتے تو ڈبیا لانے کے عوض حضرت ہی کو جہاز پر پھر اچھال دیتے کہ لیجیے خواجہ بدیع صاحب اب افیم گھولیے - سمندر بھرا پڑا ہے -

آزاد نے کہا بھئی تمھارا یہ فقرہ عمر بھر نہ بھولیگا کہ پیرم کے باشندے اور اسباب بیش بہا تو پاؤ ہی گے لیکن دیکھیں ہماری افیم کی ڈبیا کس خوش نصیب کے ہاتھ لگتی ہے -

خ - پھر اسمیں ہنسی کی کیا بات ہے - آخر ہنسیے آپ کس بات پر ہماری تو جان پر بن آئی اور آپکو دل لگی سوجھتی ہے - یہاں خدا جانے کیسی کیسی غلیظ مانیں تب کہیں خدا خدا کر کے افیم ہاتھ لگی - وہ افیم یہانتک ساتھ آئی - وہ وہانتک - وہاں تک آزاد - این یا وحشت -

خ - اُف - واللہ جہاز کے ڈوبنے کا کس مردک کو رنج ہو اپنے حساب - مرگ انبوہ جشنے دارد مگر افیم ہائے افیم - چنیا بیگم کے ڈوبنے کا البتہ کمال رنج ہے اُس دن سے جمائیوں پر جمائیاں آتی ہیں - وہ تو کہیے ملاح بیچارے نے رحم کھا کر دو دن کا سہارا کر دیا اب اسوقت کیا کیا جائے -

آزاد - لاحول ولا قوۃ -

میاں آزاد سے دو پیسے لیے اور ایک دوکان پر پہونچے -

خ - افیم دو - افیم -

دُکاندار منھ تاکتا ہے کہ یہ بک کیا رہے ہیں -

خ - ہم افیم مانگتے ہیں - ارے میاں افیون - افیون -

دکاندار نے ہاتھ سے کہا کہ ہم سمجھتے نہیں -

خ - عجب جانگلو ہے - ابے ہم افیم مانگتے ہیں -

دُکاندار ہنسنے لگا -

خ - کیا پٹھی جوتی کی طرح دانت نکالتا ہے - ابے گیدی نہوئی قرولی ورنہ دھوان اُس پار ہوتا -

راوی - کیا خوب - قرولی ہوتی تو دھوان اُس پار رہتا ماشاء اللہ -

خ - لے بس اب دل لگی ہو چکی لاؤ افیم لاؤ -

پیسے حضرت مدد ساہی دکھاتے ہیں - اتنے میں میاں آزاد پہونچے -

آزاد۔ این خوجی۔

خ۔ جھک مارتے ہین آپ۔ خوجی پر لعنت مردک پر۔

آزاد۔ ارے غضب۔ لاحول ولاقوۃ۔ معاف فرمائیے گا جناب خواجہ بدیع صاحب۔

خ۔ ارے دو کرور مرتبہ سمجھا چکا کہ خوجی مجھ بدبخت کا نام نہین ہین خواجہ صاحب الشہیر بہ خواجہ بدیع صاحب ہون۔ خوجی۔ خوجی۔ اور دو ہی کرور بار معاف بھی کر چکا۔

آزاد۔ یہان کیا خریداری ہوتی ہی۔

خ۔ اجی یہان تو سب جانگلو ہی جانگلو رہتے ہین۔ ایک گھنٹے بھر سے انیم انگ رہا ہون۔ سنتا ہی نہین۔

آزاد۔ پھر کہنے سے تو آپ بُرا مانتے ہین۔ بھلا یہ بارود بیچتا ہی۔ یا انیم۔ اور یہ مدوسا ہی پیسے کیا ہونگے۔ بالکل گونگے ہی رہے اب بتاؤ جانگلو تم ہو یا وہ ہی۔

خ۔ بھئی یہان پر تو ہم بھی قائل ہو گئے۔

اس فقرے پر میان آزاد بے اختیار ہنس پڑے اور خوجی بہت ہی خفیف ہوے۔

خ۔ لاحول ولاقوۃ۔

آزاد۔ عقل سے تو تم کام ہی نہین لیتے۔

خ۔ ہمنے تو خود ہی کہدیا نہ کہ یہانپر ہم بھی قائل ہو گئے۔

آزاد۔ چلو ہم انیم دلوا دین۔ آؤ۔ آؤ۔

خ۔ قربان۔ قربان۔ واللہ تن مردہ مین از سر نو جان آگئی۔

آزاد۔ پیسے باندھ رکھیے۔ جب لڑکی سے پلٹ کر جائیے گا تو بیوی کو دیجیے گا۔

خ۔ ہمارا تو دل یہی گواہی دیتا ہی کہ اسکندریہ تک بھی پہونچنا محال ہی جہاز کا حال تو ہم دیکھ چکے اور آپ نے ٹھیکہ لیا ہی کہ دنیا بھر کو ڈوبنے سے آپ بچائینگے۔ کوئی پانی مین گرا اور آپ جھم سے کود پڑے ایک نہ ایک دن آپکی جان ضرور جائی ہی۔ پوچھیے کوئی جیے کوئی مرے آپ کو اس سے کیا واسطہ مگر خبط۔

میان آزاد نے کہا بھئی اب ہمارا کہا مانو ہمکو تو ٹرکی جانے دو اور تم چلدو ہندوستان۔ خوجی نے اپنا منھ پیٹ لیا واہ۔ واہ۔ واہ۔ واللہ مین نہ مانونگا ؎

ازمن جدا مشو کہ تو ام نور دیدہ	آرام جان و مونس قلب رمیدہ
از دامن تو دست ندارند عاشقان	پیراہن صبوری ایشان دریدہ
پائم نمیرسد بزمین دیگر از نشاط	تا سوئے من بلطف و عنایت تو دیدہ

اور اب تنہا واپس کس سے جایا جائے گا۔ ناحضرت۔ بندے کو معاف کیجیے۔ اب مین ساتھ چھوڑنے والا نہین ہون بھئی۔ انیم البتہ دلوا دو۔ اور مین چلا جاؤنگا تو تم لڑو گے کسکے برتے پر۔

آزاد۔ چہ خوش۔ آپ ہی کے برتے پر تو مین لڑنے جاتا ہون نہ۔

خ۔ کون۔ قسم کھا کے کہتا ہون۔ جب سنیے گا یہی سنیے گا کہ خواجہ بدیع صاحب نے توپ مین کیل لگا دی۔

آزاد۔ جی اسمین کیا شک ہی۔

خ۔ شک دک کے بھروسے بھی نہ رہیے گا۔ ایکلی لکڑی چولھے مین بھی نہین جلتی دیکھیے جسوقت بدیع صاحب اسپ بارفتار پر سوار ہوتے ہین اور اکڑ کر بیٹھتے ہین اونچی بنے ہوئے اسوقت اچھے اچھے جغڈیل اور کنڈیل جھک جھک کے

تعظیم کرنے لگتے ہین -

آزاد نے مسکرا کر کہا بھئی واللہ جنڈیل اور کنڈیل کی تم نے ایک ہی کہی مگر واسطے خدا کے میدان جنگ مین میرے ساتھ نہ جائیے گا - بلی بخشے چوہا بیچارہ لنڈورا ہی جی جائے گا -

خوجی بہت ہی بگڑے اور اکڑ کر بولے - واللہ ایک کٹاری سے لشکر کے لشکر اور پرے کے پرے نہ صاف کر دیے ہون تو خواجہ بدیع نہین پھر مونچھون کو تاؤ دیکر کہا انشاء اللہ دیکھے تو جائیے مگر یار جواب کی جہاز غرقاب ہوا تو بس گئے ہی گذرے -

یہ باتین ہو ہی رہی تھین کہ ایک حبشی سامنے سے اُنکلا ڈنڈ پیل جوان مچھلیان پھری ہوئین سینہ چوڑا - میان خوجی نے جو دیکھا کہ ایک شخص اکڑتا برتاتا سامنے سے آرہا ہی تو حضرت بھی اینڈنے لگے - میان آزاد کو بے اختیار ہنسی آئی حبشی نے قریب آنکر شانے سے ذرا دھکا دیا تو میان خوجی نے بس ٹر ھکنیان کھائین اور دھم سے منہ کے بھل گرے -

آزاد نے قہقہہ لگا کر کہا دیکھیے سنبھلیے میان خواجہ بدیع صاحب خواجہ صاحب بیچارے تو تھے ہی چھاڑ پونچھ کر اُٹھ کھڑے ہوے اور حبشی کو للکار کر کہا اوگیدی نہ ہوئی قرولی سیدھی ورنہ بدن کو چھلنی کر دیتا اتفاق سے مین اپنے زعم مین آپ ہی آرہا نہین تو وہ بخنی دیتا کہ انجر پنجر ڈھیلے ہو جاتے -

میان آزاد نے کہا افسوس تو یہی ہی کہ آپ اپنے ہی زعم مین ہمیشہ بخنی کھا جاتے ہین بھلا اس حبشی سے تم کیا تمھارا گانون بھر تو مقابلہ کرے - خوجی چین بہ جبین ہو کر بولے اچھا لڑا کر دیکھ لو نہ چھاتی پر نہ چڑھ بیٹھون تو خواجہ بدیع نام نہین - اور ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہی - کہو تو للکارون جا کے - آزاد نے کہا بس جانے دیجیے اب کیون ہاتھ پاؤن کے دشمن ہوے ہو -

میان آزاد اور خوجی دوسرے دن جہاز پر سوار ہوے اور اسکندریہ چلے - میان آزاد کو نہ سیر بحر بھاتی تھی نہ مسٹر اپلٹن کی اسوقت یاد آتی تھی - انکی آرزو دلی یہ تھی کہ جس طور پر ممکن ہو فوراً ٹرکی پہونچون میدان کارزار مین تیغ حمیت کے جوہر دکھاؤن اور مہم مین سرخروئی حاصل کر کے ہندوستان واپس آؤن اور حسن آرا بیگم کو عقد نکاح مین لاؤن - جب محبوب مطلوب کا خندۂ نمکین یاد آتا تھا - تو اُنکے دل پر بجلیان گرتا تھا - خیال کیا کہ قسطنطنیہ جانا اور روم کے افسران فوجی کی خدمت مین بار پانا اور سوخ بڑھانا اور میدان جنگ مین قابلیت اور بسالت دکھانا آسان امر نہین ہی خدا جانے اہل روم ہمسے کسطرح پیش آئین صیغۂ جنگی مین ہم عہدہ پائین یا نہ پائین - کیا اتفاد پڑے - ہاتھی چھوٹے گھوڑا چھوٹے - یہ سوچکر اُنکا دل استقدر بھر آیا کہ بے اختیار آبدیدہ ہو گئے - میان خوجی نے سمجھا یا کہ دیکھو بھئی آزاد ہماری تمھاری حالت اب ایک ہی ہم معشوق صبیح ہم محبوب ملیح کی مفارقت مین سر دھنتے ہین تم روتے ہو ہم دیوانون کیطرح ٹکے چنتے ہین تمھین حسن آرا بیگم ہمین چنیا بیگم نے کہین کا نہ رکھا دونون کی کیفیت ایک ہی اسوقت ذرا دل بہلاؤ - دو گھونٹ پانی پیو کھانا کھاؤ - آزاد نے کہا سبحان اللہ غم غلط کرنے کی کیا خوب تدبیر بتائی ہی - ہماری تو جان پر بن آئی ہی آپ فرماتے ہین کھانا کھاؤ - دل بہلاؤ - خوجی نے کہا بھئی دادی جان ایک مثل کہا کرتی تھین کہ ٹکڑے کھائے دل بہلائے پیٹ بھرا

تو گھر کو آئے - میان چند روزہ زندگی کے لیے کون بھئی رنج کرے - بجز غم حسین کوئی غم ہی نہ کیا - ؎

مچھلی لڑنے کو جب اکبر چلے	بولے سرور قتل ہمکو کر چلے
تشنگی بیٹے کی سُنکر خلد سے	جام لے کر ساقی کوثر چلے
رو کے اکبر نے کہا ہنگام قتل	خشک لب تھے ہم بچشم تر چلے
کیا کہون مین وادی پر خار مین	کسطرح سے عابد مضطر چلے
پاے گلگون جنکے نازک گل سے ہون	پھر بھلا کانٹون پہ وہ کیونکر چلے
برق سان دیکھا جو اکبر کو طپان	شاہ گریان شمل ابر تر چلے
دوست کے شاہ کے گویا ہون شہ	تیر اور تلوار دشمن پر چلے

آزاد - حضرت خواجہ صاحب اسوقت دل ٹکڑے ٹکڑے ہوا جاتا ہی - کلیجا مُنھ کو آتا ہی - اپنے مرنے کا رنج نہین - آج نہین کل مرے - کل نہین پرسون مرے - یون نہ مرے زخم کھا کر مرے - ؎

ہر آنکہ زاد بنا چار بادش نوشید	ز جام دہری کل من علیہا فان

مگر افسوس تو یہ ہی کہ حسن آرا بیچاری کڑھے گی اور ہمارے حال زار سے اُنکو کوئی بھی مطلع نہ کریگا - ستم تو یہ ہی - وہ اپنے دلمین سوچینگی کہ آزاد دغا دیگئے - ردم نہ جاسکے - عاشق صادق نہ تھے زمانہ ساز تھے کسی اور مہ وش پر دل آیا ہوگا کسی اور کو عقد نکاح مین لایا ہوگا - ؎

	نشاید ہوس باختن با گلے
	کہ ہر بامدادش شود بلبلے

اگر اتنی تشفی ہوجاے کہ آزاد کا حال حسن آرا بیگم کو موجھ معلوم ہوجائیگا تو دلکو بڑی تقویت ہو ورنہ خیر ؎

	اب تو چل ہی کھڑے ہوے آزاد
	پھر ملین گے اگر خدا لایا

خ - بھائی چاہے ملاقات ہو چاہے خدانخواستہ نہو مگر یہ خیال دل سے دور کردو کہ حسن آرا تمھاری طرف سے بدگمان ہونگی - یہ تمھاری بدگمانی ہی - حسن آرا اور یہ خیال اہ لاحول کیا مجال -

آزاد -

	دل میرود ز دستم صاحبدلان خدارا
	دردا کہ راز پنہان خواہد شد آشکارا

خ - نیش کے بعد نوش ہی -

آزاد - اور جو یہ معلوم ہوجائے کہ نیش کے بعد بھی نوش نہین تو فرہاد نے نیش کے بعد کیا پایا -

خ - مشہور ہی کہ گویہان وصال نہوا - مگر وہان ہوگا -

آزاد - اس عشق کا بُرا ہو جس نے ہمین دین کا رکھا نہ دنیا کا -

خ - ہی تو ایسا ہی مگر -

آزاد - اب تو چاہے جیسی سختی پڑے جھیلین گے فرد اگر ہم مرگئے تو تم حسن آرا کو ہماری وفات کی اطلاع دوگے یا نہین

خ - تم مروگے - کیا طاقت -

آزاد - یہ بھی اختیاری امر ہی کچھ -

خ - کیا مجال مرنا نہوا ہنسی ٹھٹھا ہوا - اور وہم کی دوا تو لقمان کے پاس بھی نہ تھی -

آزاد - این - کیا خوب -

خ - کیا خوب ہمیت -

آزاد - سُن تو لو -

خ - خیر ممکن بات کوئی اور سنتے ہونگے - دعوی بے دلیل

مہمل ہوتا ہی ثبوت دو کہ تم مرجاؤگے۔

آزاد۔ کیا کوئی مرنے سے انکار بھی کرسکتا ہی۔

خ۔ تو مرتے ہم ایسے ہین ہم ایسے دُبلے پتلے بوڑھے فہمی نہ کہ تم ایسے ہٹے کٹے جاق چوبند۔

آزاد۔ اور شاید ہم ہی تمھارے پہلے مرجائین۔

خ۔ واہ اجی تم ہمکو مار کے مروگے۔

آزاد۔ خیر۔

خ۔ خیر کیا معنی۔ کچھ زبردستی ہی۔ ہم تمکو مرنے نہ دینگے۔ ادھر تمکو نزع کی حالت مین دیکھا اور ہم نے زہر کھالیا۔ اب فرمائیے پہلے کون مرگیا۔

آزاد۔ اچھا جو ہم ڈوب گئے۔

خ۔ سنو میان ڈوبنے والے اور ہی ہوتے ہین۔ انکی ایسی صورت ہی نہین ہوتی۔ اس تیرہ صدی مین معدودے چند ہی ڈوبنے والے ہین اور ڈوبنے والے سمندرون مین ڈوبنے نہین آیا کرتے ہین اُنکے لیے ایک چلو کافی ہی بس۔

آزاد۔ اگر بفرض محال (جیسا کہ تم سمجھتے ہو) ہم مرگئے تو حسن آرا بیگم کو ضرور اطلاع دینا۔

خ۔ کیا مجال۔

آزاد۔ نہ اطلاع دوگے۔

خ۔ ہرگز نہین۔

آزاد۔ آخر وجہ۔

خ۔ اگر ہم ڈوبتے ترتے ڈھکتے پڑھکتے وانتک پہونچے تو جاکے کہینگے کہ ایک عورت کو میان آزاد عقد نکاح مین لائے اب مزے سے رقم مین دندناتے ہین ہم یہ نہ کہینگے کہ آزاد جان بحق تسلیم ہوئے۔ ہم صاف یہی کہینگے کہ میان آزاد وہان گلچھرے اُڑا رہے ہین۔ ایک حسین عورت کے ساتھ شادی کرلی۔ چین ہی چین لکھتا ہی۔ مین نے ایکدن تذکرہ کیا کہ حسن آرا بیگم بھی یاد ہین۔ بس نام سنتے ہی ایک چیت جماتی تھپڑ سے۔ مین اُسوقت تو کچھ نہ بولا۔ مگر دوسرے روز بھاگ کے چلا آیا

آزاد۔ تسلیم خوب حق دوستی آپ ادا کرینگے۔

خ۔ یہ فعل بھی خالی از حکمت نہین ہی۔

آزاد۔ اور وہ حکمت کیا ہی ہم بھی سُنین۔

خ۔ اگر آپکا کوئی دوست بیوقوف احمق گھاٹ آپ کے مرنے کے بعد حسن آرا کو لکھ بھیجے کہ میان آزاد عالم جاودانی سے پدرود کرگئے۔

آزاد۔ کس سے کس سے پدرود کرگئے۔

خ۔ عالم جاودانی سے۔

آزاد۔ بہت ہی خوب۔

خ۔ کیون۔ عالم جاودانی سے پدرود کرنا یعنی مرجانا۔

آزاد۔ درست۔ بجا۔ عالم جاودانی سے پدرود کرکے گئے کہان عالم فانی؟

خ۔ لاحول ولاقوۃ۔ مطلب یہ کہ عالم فانی سے پدرود کرگئے۔ خیر اگر لکھ بھیجین کہ میان آزاد مرگئے یون ہی سہی تو حسن آرا کی جان پر بن آئے یا نہین۔ اُس بیچاری کے دل پر کیسی گذرے۔ ای ہی۔ زندہ درگور۔ سرپیٹ پیٹ کر دم توڑ دے اور جو یہ سنے کہ آزاد ہین تو جیتے جاگتے مگر عاشق صادق نہ نکلے جھوٹے اور بدمعاش نکلے۔ ایک عورت کے ساتھ شادی کرلی اور قول کا خیال نہ رکھا تو قسم خدائے پاک کی تمھارے نام سے نفرت ہوجائے۔ اور سچ تو قریب پھٹکنے نہ پائے

اب بولو ہو اچھی ترکیب یا نہین - نہ کہوگے -

آزاد - ہان ہو تو اچھا -

خ - (اکڑکر) دیکھا - پیر شو بیا موز - بوڑھے آدمی ڈیبا مین بند کر رکھنے کے قابل ہوتے ہین - سکندر اعظم جب مقدونیہ سے چلے تو حکم دے دیا کہ فوج کے ساتھ سب جوان ہی جوان چلین - اگر کوئی بوڑھا چلا تو قتل کیا جائیگا - ایک سپاہی نے اپنے بوڑھے باپ کو چپکے سے پٹارے مین بند کیا اور ساتھ لے چلا - بس حضرت سلامت ایک موقع پر بوڑھے کی ضرورت ہوئی - پھر اچھے اچھے حکیمون کی عقل دنگ تھی کہ یہان پر کیا کرین آخرکار سپاہی اپنے بوڑھے باپ کو لے گیا - اور کہا جان پناہ سے جان بخشی کا مستدعی ہون کہ خلاف حکم شاہنشاہی اسکو بمقتضاے محبت فرزندی ساتھ لایا - سکندر نے اُسکا قصور معاف کیا اور پیر فرتوت نے میدان فکر مین جو عقل کے گھوڑے دوڑائے تو وہ بات پیدا کی کہ حکیمون تک نے پسند کی - مشفق - تجربہ بڑی چیز ہے - تم لاکھ پڑھ جاؤ پھر لونڈے ہی ہو ہمارے سامنے -

آزاد - ؎

کوئی ہمسا دیوانہ پیدا نہوگا	ہوا بھی تو پھر ایسا سودا نہوگا

خ - بس اتنے ہی مین رد دیے - ؎

عاشق بھی ہوے تو میرزائی نہ گئی
بس ایک کڑی دلا اُٹھائی نہ گئی

ہم تو کہتے تھے کہ ٹرکی جانے کا خیال دل مین نہ لاؤ - مرے سے ہندوستان مین دند ناؤ - تم نہ مانو تو کوئی کیا کرے کہتے تھے کہ عشق کے جھگڑے مین نہ پڑنا - نہ انا نہ مانا -

اب بھگتو -

آزاد - ؎

منع کرتا ہی مجھے یار کے گھر جانے کو
نا صحا آگ لگے اس ترے سمجھانے کو

خ - آگ لگنا کیا معنے یہان تو ڈوبنے کا ڈر ہے -

آزاد - ؎

جی مرا تن سے سفر کر ہی گیا	وہ تو گھر مین ہی یہان گھر ہی گیا
مین مواکون کریگا دان شور	آپکے کوچے سے اب سر ہی گیا
او مسیحا نہ خبر لی تو نے	وہ جو بیمار تھا سے مر ہی گیا

میرے قاتل کا کرتہ کفن دیکھو
دیکھکر خون کو میرے ڈر ہی گیا

خ - اب سنیے - معاملے کی بات یہ ہے -

آزاد - معاملہ گیا ایسی تیسی مین - یہان تو یہ ہے -

بس اک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

خ - ہمین آجتک یہی نہ معلوم ہوا کہ آپ کا دولتخانہ کہان ہے وطن کہان ہے - اتنا تو بتا دو -

آزاد - خانہ بدوش - وطن کا پتا ہی نہین ہے ؎

مین نے ہاتھون سے اٹھایا ہے مکان بالاے سر
ہون مین وہ بلبل ہے میرا آشیان بالاے سر

خ - یہ کہیے تو معلوم ہوا کہ کوئی رد نے والا نہین ہے - چلو سستے چھوٹے - رہین ایک حسن آرا انکو ہم سمجھا لینگے - بس وہی ترکیب کہ تمھاری غیبت کرینگے - ہزارون تدبیرون کی ایک تدبیر تو بس یہ ہے -

خوجی نے کہا کہ بھائی دل بہلانے کے لیے تو مین اشعار پڑھتا ہون ایسی حالت مین یہی لازم ہے کہ طبیعت کو اور طرف

مخاطب کرو۔ مین نے دیکھا کہ تمکو شعروشاعری کا ازبس شوق ہی لہذا شعر پڑھنے شروع کیے حسن آرا کو تم چند روز کے لیے دل سے بالکل بھلا دو۔ ورنہ دل ہاتھ سے جاتا رہے گا اور سفر کی سختی تم کو خون رولائیگی۔ ہنسو بولو۔ سیر دیکھو۔ ادھر اُدھر لوگون سے ملو۔ تم یہان اجنبی ہو۔ کل آدمیون کی نظر تمھاری ہی طرف ہی۔ سب سے ملو بولو چالو ہنسو۔ غم غلط کرو۔ یہ کیا کہ ٹھنڈی سانسین بھر رہے ہو۔ ہاے ستم۔ ہاے غضب ہے۔

نام خدا ہو جوان کچھ تو کیا چاہیے

یا تو اس درجہ جوانمردی کی کہ ذرا سے اشارے کی دیر تھی دن سے جہاز پر سوار ہو گئے۔ وطن مالوف کو خیرباد کہکر روم چلے اور یا اب استقدر پریشانی اور حیرانی اور سرگردانی ہی کہ بات کرنا تک دوبھر ہی۔ یہ کیا بات۔ دل کو خوب مضبوط رکھو۔ کوئی کتاب پڑھو۔ تم اتنے لائق فائق آدمی ہو ہمنے دس بارہ دن سے تم کو پڑھتے نہین دیکھا اُن دنون مین دن رات مطالعہ کتب کرتے تھے دل بہلتا تھا اب آجکل یکقلم پڑھنا الغطہ کر دیا وحشت نے آن دبوچا۔ عشق نے ٹیٹوا لیا۔

آزاد۔ ہان سچ کہتے ہو سڑی ہو تو کیا ہوا مگر اسوقت ٹھکانے کی بات کہی۔

خ۔ کوئی کتاب پڑھو۔ مالٹا کی خوب سیر کرو۔ ارے یار اول تو ہمین امید ہی نہین کہ ہندوستان واپس جائین اور اگر خوش قسمتی سے زندہ بچے اور ہندوستان کی صورت دیکھی تو زمین پر قدم نہ رکھینگے۔

آزاد۔ (مسکراکر) زمین پر تو آپ اب بھی قدم نہین رکھتے ہین۔

خ۔ ہم کہینگے تم لوگ کیا جانو مالٹا کہان ہی۔ بھلا بتاؤ جزیرۂ پریم کدھر ہی۔

آزاد۔ پریم نہین پیرم۔

خ۔ پس یہی تم مین سخت عیب ہی۔ وہ پریم کہا تو کیا اور پیرم کہا تو کیا۔

آزاد۔ ہان تو پھر خوجی کہا تو کیا اور خواجۂ بدیع صاحب کہا تو کیا۔

خ۔ (مسکراکر خاموش)۔

آزاد۔ ہنسے مچھی ہنسے۔ ہنسے خوجی۔ وہ توبہ توبہ خواجہ صاحب جناب خواجہ بدیع صاحب۔

خ۔ اجی تمنے کیدانی کی حالت مین ہمکو نہین دیکھا تھا واللہ انگلیان اُٹھتی تھین۔ جدھر سے نکلگئے انگلیان اُٹھنے لگین۔ ؎

مراہم چنین چہرہ گلفام بود | بلور نیم از خوبی اندام بود

آزاد نے کہا خواجہ صاحب اب آپ یہان شادی کر لیجیے اور مزے مزے رہیے۔ یہان عورتین بہت ہین اور حسین اور آپ ہی کی سی گران ڈیل کہو تو کوشش کیجائے کسی سے کہین سنین۔ خوجی نے کہا اب روم سے واپس آئین تو پھر شادی کی فکر کرین۔ ابھی نہین۔ مفت مین شادی کر کے آفو نہین۔ جورو الگ چٹیائے ناک مین دم کر دے۔ یہ پردیس ٹکا پاس نہین۔ آپکو شادی کی دھن سمائی ہی واہ واہ صاحب واہ ہان ٹرکی سے واپس آئین۔ تو پھر بیاہ رچے۔ یہان خواجہ بدیع بھی دو طہانین۔ ؎

آنچل ہو وہان نقاب عارض | سہرا ہو یہان حجاب عارض
وان گل سے بہار بوستان ہو | آرائش تخت گل یہان ہو
الماس کے وان ہون جھمکے ٹھاٹو ہین | یان جلوہ فروش تخت طاؤس ہین
مہتاب سے چاندنی کا وان فرش | یان چرخی سے چرخ مین سرعرش

آزاد۔ اہو ہو ہو۔ مرے مین آئے میان خوجی۔

خ۔ (مسکراکر) چھیڑ خانی سے آپ باز نہین آتے پھر وہی خوجی۔ خوجی۔ بھائی خواجہ صاحب کیون نہین کہتے خواجہ بدیع کہو نہ۔

میان آزاد خوجی کو لیکر ایک کوٹھی مین گئے اس کوٹھی مین قہوہ کی سوداگری ہوتی تھی۔ آزاد نے اپنے دوست کو وہان بٹھایا۔ اور ایک آدمی کے ہاتھ افیم منگوائی۔ افیم دیکھتے ہی میان خوجی کھل گئے سیکڑون ہی دعائین دین۔ بھائی آزاد واللہ اسلام تو تونے مسیحائی کی۔ خدا گواہ ہے جلایا جلایا۔ مصرعہ

| اے وقت تو خوش کہ وقت ما خوش کردی |

واہ بھئی واہ۔ خدا کرے کہ چار ہی پانچ مہینے مین حسن آرا سے ملو اور فائز المرام ہو۔

افیم ہاتھ مین لیکر ایسے خوش ہوے کہ جامے مین پھولے نہ سمائے۔ ایک چینی کی پیالی لیکر دکان ہی مین افیم گھولی اور چسکی لگائی واہ آزاد کیون نہو۔ دوست صادق سچے یار واللہ پکے محسن تمھین ہو۔ شاباش۔ شاباش۔ کیون نہو واللہ یہ احسان عمر بھر نہ بھولونگا۔ بھئی افیم پینا بُرا ہے مگر لت کو کیا کرین مجبوری ہے قسم خدا کی افیم کی ڈبیا جو تم نے جہاز پر پھینک دی۔ بس یہ معلوم ہوا کہ تیر غم کلیجے کے پار ہوگیا جیتے ہی مرمٹا۔ ڈوبنے کا اسقدر رنج نہوتا۔ دو تین بار چاہا کہ کودپڑون اور کود کے لاؤن مگر ہاتھ پانؤن پھول گئے۔ اسوقت ہم بھی اپنے وقت کے بادشاہ ہین۔ ع

| تھے غم زدہ تے غم کالا |

لے آؤ اب مذاق کی باتین ہون۔ ؎

| فکر کو نہین کی رہتی نہین مرے اردن مین |
| غم غلط ہوگیا جب بیٹھ گئے یاردن مین |

اسیطرح افیون نوش بھی کونین کی فکر سے آزاد ہوجاتے ہین۔ ایک گنڈے کی افیم گھولی۔ گھولتے ہی گھولتے سر درد جم گیا۔ پی تو لگی دور کی سوجھنے دنیا و مافیہا سے واسطہ ہی نہین۔ ؎

| اے نسیم سحری کیہو مرا عرض نیاز |
| گلشن یار مین گر ہو ے رسائی تیری |

آزاد۔ اب تو واقعی دور کی سوجھنے لگی۔

میان خوجی اُس دکان مین حسب اجازت مالک مکان بیٹھے۔ آزاد نے کھانا کھایا اور ادھر اُدھر ٹہلنے لگے تو دیکھا کہ کئی کتابین ایک کونے مین چُنی ہوئی ہین۔ ایک ایک کتاب کو دیکھنے لگے۔ کچھ بوٹانی تھین کچھ عربی مگر دیکھتے دیکھتے ایک انگریزی کتاب اُنکے ہاتھ آئی۔ کرسی پر بیٹھ کر کتاب پڑھنے لگے۔ مالک دکان نے دیکھا کہ ایک خوش رو جوان ہے چہرے سے شہزادگی کے آثار عیان ہین۔ پوچھا کہان کے قصد ہین۔ مالٹا ہی تک آئے ہو یا کہین اور جاؤگے۔ آزاد نے نہایت ادب کے ساتھ جواب دیا کہ جی نہین اسکندریہ جانے کا عزم ہے۔ کل جہاز پر سوار ہونگا اور وہانسے ٹرکی جاؤنگا۔ مالک دوکان نے کہا وہان ہماری بھی ایک کوٹھی ہے۔ آپ اُسی کوٹھی مین فروکش ہون اور اگر کسی

دوست کے پاس جاتے ہین تو خیر- آزاد بہت خوش ہوے سوچے یہ خوب ملے- چلو بالفعل رہنے کا تو سہارا ہوگیا کہا آپ ایک خط لکھدین تو کیا مضائقہ- مالک مکان نے کہا بصد خوشی ابھی لکھونگا آپ وہان بلطف وآرام بسر کیجیے- بندہ زادہ آپ کو قسطنطنیہ کی سیر دکھاویگا لیکن آج کل تو وہان جنگ چھڑی ہی- آزاد آہ سرد کھینچکر خاموش ہوگئے- تھوڑی دیر کے بعد اخبار ٹائمز اُس کو ٹھی کے مالک نے اُنکو دیا اور یہ پڑھنے لگے-

آزاد- اخاہ- چھڑ گئی-

مالک کوٹھی- (مالک) ہان اور کیا-

آزاد- مگر جنگ عظیم ہوگی- لوہے سے لوہا لڑے گا- دیکھیے انجام کیا ہوتا ہی-

مالک- ہم کئی بار ٹرکی جا چکے ہین- دو دو تین تین برس وہان رہے ہین اسپین مین نوکری کی- جرمنی مین برسون رہے- یورپ کا کوئی ملک ایسا نہین جو ہمنے نہ دیکھا ہو- اسپین کی لیڈیان سب ملکون کی لیڈیون سے زیادہ نیک ہین مگر مرد بڑے شورہ پشت خون کے مقدمے کثرت سے ہوتے ہین- ٹرکی کے جتنے ماتحت صوبے ہین سب اس کے دشمن ہین سرویا اور مانٹی نیگرو اور البانیا اور بزرگیونیا اور بلگیریا سب خلاف- درپردہ روس کی مدد تھی اس سبب سے وہ سب کے سب شیر تھے- سُنا کہ یونان بھی ہتھیار اُٹھانیوالا ہی- اگر انگلستان نے ٹرکی کا جنبہ کیا تو جرمن اور آسٹریا روس کا ہاتھ بٹائیگا اور پھر شاید فرانس انگلستان کی طرف ہو- مگر بڑی جنگ عظیم ہو جائے- بس یورپ بھر کی جنگ ہو لیکن ہم کو یقین نہین کہ انگلستان کسی کا ساتھ دے-

آزاد- کیا انگلستان ٹرکی کی شکست سے خوش ہوگا یا ٹرکی کی فتح و شکست سے انگلستان کا نفع و نقصان برابر ہی- ہم جانتے ہین ٹرکی کا کچھ نہ کچھ جنبہ انگلستان ضرور کریگا اور انگلستان پر فرض بھی ہی کیونکہ ٹرکی ہمارا قدیم دوست ہی-

مالک- اگر ایشیا مین روس نے فتح پائی تو برٹن کو سخت ناگوار ہوگا- اور اگر یورپ مین فتح پائی تو کچھ لے دے کر روس چل دیگا- مطلب یہ کہ ٹرکی مین عملداری ترکون کی رہیگی- روسی چاہین کہ وہ حکمرانی کرین یہ محال ہی ایسا نہین ہوسکتا-

آزاد- اچھا پھر اتنے صوبے روم سے نکلگئے تو پھر باقی کیا رہا-

مالک- پھر جنگ کا کچھ نہ کچھ نتیجہ ضرور ہی ہوتا ہی ٹرکی لڑینگے خوب- اور روس کے سپاہی بھی بڑے جری ہین لیکن روس کے پاس سامان بہت لیس ہی- ٹرکی کے پاس کچھ بھی نہین ہی- ہان اگر افسر لیاقت کے ساتھ لڑین تو روس سے البتہ مقابلہ کرسکتے ہین- آپ تو کبھی ٹرکی گئے نہین- مین بخوبی واقف ہون- وہان باہمی ناچاقی انتہا سے زیادہ ہی جتنے بادشاہ ہین سب اپنا اپنا بھلا چاہتے ہین مگر ایک بات ضرور ہم کہینگے کہ ترکی سپاہیون سے زیادہ جری اور شجاع شاید کوئی قوم ہو-

آزاد- بیشک ہمارا دل گواہی دیتا ہی کہ ہم فتح حاصل کرینگے- لیکن ہان خیال اسقدر البتہ ہی کہ جرمنی روس کی کمک نہ کرے اور ہمارا سامان کم نہوتے پائے اور ہمارے

جنرل مالک کے نام پر جان دین باہمی شکر رنجی اور خود غرضی کو چھپر پر کھین -

مالک - ہان یہ مشکل ہی -

آزاد - پھر مشکل ہی تو فتح بھی مشکل ہی - روس کے جنرل کوئی لونڈے تو ہین نہین کہ فاش غلطیان کرنے لگین جیسے جری ٹرکی کے سپاہی ہین ویسے ہی اگر افسر بھی ہون تو روس سے خوب مقابلہ ہو شکست اور فتح کا حال تو کوئی کہہ نہین سکتا - مگر افسرون نے اگر خود غرضی نہ کی تو ماریلیا ہی - پھر کچھ خوف کا مقام نہین -

مالک - آپ بھی سنّی ہین -

آزاد - جی ہان مگر مجھے تعصب مذہبی نہین ہی -

مالک - لیکن آپ یہ تو ضرور دعا مانگتے ہونگے کہ ٹرکی فتح پائے -

آزاد - ہین ! دعا بالضرور بالضرور - ہین تو جاتا ہی اسلیے ہون کہ جان دون اور جان لون - شیعہ اور سنّی اسوقت مین سب ایک ہین -

مالک - شاباش -

آزاد - آپ مجھے ایک خط اپنے لڑکے کے نام لکھدیجیے گا -

مالک - ضرور -

آزاد - وہان ہوٹل بھی ہی یا نہین - ہوٹل تو ضرور ہونگے مگر مین چاہتا ہون کہ کسی سے ملاقات تو ہو - رہون چاہے جہان مگر آپ کے لڑکے کی ملاقات ہو جائے -

مالک کو ٹھی ایک لائق اور معاملہ فہم تجربہ کار اور مسن آدمی تھا - میان آزاد سے جو گفتگو کی اور دیکھا کہ ملکی معاملات کو خوب سمجھتے ہین تو خوش ہوا اور اُن کی بڑی خاطر کی -

یہ ایک طرار آدمی - لائق - فایق - تربیت یافتہ پولیٹکل امور سے واقف - علم مناظرہ مین طاق - شاعری نثاری مین شغر آفاق مالک کوٹھی کو اُنھون نے اپنی تقریر سحر تحمیر سے بہت خوش کیا مالک کوٹھی نے اُنکو انواع و اقسام کی اشیا رد کھائین ایک چاقو دکھا کر کہا یہ رچارڈ میتھوز کے ہاتھ کا بنا ہی انگلستان کے چاقو اسقدر خوشنما اور تیز اسی شخص کی کوشش سے بننے لگے - ورنہ اسکے قبل بھدے بنتے تھے - یہ سولھوین صدی مین تھا ۱۵۶۳ء سے اسنے چاقو بنانے شروع کیے آزاد نے اِس چاقو کو بغور دیکھا اور کہا اب تو شفیلڈ کے چاقو اس سے اچھے بننے لگے - مالک کوٹھی نے جسکا نام رستم جی بھائی تھا میان آزاد کو ایک نہایت لذیذ ناریخ دیا اور کہا نوش جان فرمائیے - یہ میرے باغ کا ہی آزاد نے مسکرا کر شکریہ ادا کیا -

آزاد - ایک سال مین کسقدر پھل لگتے ہونگے -

رستم جی - (رس) اِسکا تخمینہ ذرا مشکل ہی -

آزاد - فینسل ایک مقام ہی - سُنا وہان سال بھر مین آٹھ آٹھ ہزار پھل اُترتے ہین -

رس - آپکو خوب تحقیقات ہی - اِسقدر تو ہمکو بھی معلوم ہی کہ ۱۲۵۰ء مین بمقام سینٹ سے بنا واقع (روم اطالیہ) اسکا ایک درخت تھا - اِس سے قبل شاید یورپ مین ناریخ کا درخت نہ تھا - ایک سیاح تھا اوس اُسنے لکھا ہی کہ ہندوستان مین پانچہزار برس کا ایک درخت اُسنے دیکھا تھا -

آزاد - اور ملہارڈی مین ایک درخت ہی جو لیس سیزر کے وقت کا -

رس - جولیس سیزر حضرت عیسیٰ کے کوئی چالیس بیالیس

برس قبل کا۔

آزاد۔ اور کیا۔

رُس۔ ایک فرانسیسی مجھ سے کہتا تھا کہ بشمانیا مین ایک پیڑ ہی۔ کوہ دنگلٹن دو سو پچاس فیٹ اونچا۔

آزاد۔ اللہ اللہ۔ ڈھائی سو فیٹ کی بلندی۔ درخت کیا ابو الاشجار ہی ہزار ہزار اور سات سات سو اور آٹھ آٹھ سو برس کے تو اکثر درخت ہین مگر اسقدر ارفع نہین سنا تھا آجتک۔ ڈھائی سو فیٹ۔ اُف تو کچھ ٹھکانا ہی۔

خ۔ بھئی واللہ انمیں اور چانڈو باز بیچارے ناحق ہی بدنام ہین۔ اس گپ کے قربان کہنے لگے پانچزار برس کا پیڑ ہی اور آسمان تک اُسکی شاخین پہونچ گئی ہین معلوم ہوا فرشتے ہاتھ بڑھا کر اُسکے پھل توڑتے ہونگے اف رے کذب۔ اور کیسے معتبر معتبر آدمیون کے نام لیے۔ فلانا سیاح کہتا تھا۔ فلانا فرانسیسی کہتا تھا جھوٹے پر۔ کہو بیش باد۔ ابھی ہم جو کوئی بات کہین لوگ کسی کو یقین ہی نہ آئے۔ لاحول ولا قوۃ۔ پانچزار برس کا درخت! اللہ دی گپ۔

آزاد۔ آپ جی اُٹھے۔

خ۔ میان خدا کے لیے اسقدر جھوٹ تو نہ بولا کرو۔ کچھ خوف خدا بھی ہی یا نہین۔

آزاد۔ (رُستم جی سے) آپ نے افریقہ کی بھی کبھی سیر کی ہی۔

رُس۔ مرتے مرتے بچا۔

خ۔ وہ تو ہم سمجھے ہی تھے۔ کیا زمانہ ہی۔ سچے مرتے جاتے ہین۔ اور ان ایسے جھوٹے مرمر کے بچ جاتے ہین۔

رُس۔ افریقہ اور یورپ تو زمانۂ باستان مین باہم ملے ہوے تھے۔

آزاد۔ اجی ہان۔ سمندر حائل نہ تھا۔ علما کا قول ہی کہ رفتہ رفتہ سمندر کا وہ ٹکڑا جو ان دونون براعظم کے درمیان مین حائل ہی چوڑا ہوتا جائیگا۔ علماء علم جیالوجی نے اسکی خوب کامل تحقیقات کی ہی۔ انگلستان اور فرانس بھی باہم ملے ہوے تھے۔

رُس۔ ہان مگر یہ شاید ابتداے آفرینش کا ذکر ہی کیونکہ مورخ صرف جیالوجی کے سبب سے ایسا سمجھتے ہین۔ یہ نہین معلوم ہوتا کہ کس زمانے سے یہ دونون ملک باہم جدا ہوگئے۔ سر چارلس لائیل کی رائے صحیح ہی کہ اسکا پتا نہ معلوم ہوگا

آزاد۔ بیشک۔

رُس۔ جیالوجی نے بہت کچھ سکھایا۔ نئی نئی باتین اس علم کی بدولت ظاہر ہوئین۔ اور طوفان نوح کو تو علماے جیالوجی مانتے ہی نہین۔

آزاد۔ مگر ہمارے یہان تو ثابت ہی۔

رُس۔ اور بائبل (انجیل) کی رو سے بھی۔

آزاد۔ (خوجی سے) کچھ سمجھے یہ کیا کہتے ہین۔

خ۔ خدا جانے کیا گٹ پٹ کر رہے ہو۔ وہ تو اُردو مین جب گفتگو ہوتی تھی تب ہم بھی سمجھتے تھے مگر ماشاء اللہ یہ جی جی بھی بڑے محقق ہین۔ اُردو بیچاری کا ناحق خون کرتے ہین۔

آزاد۔ یہ طوفان نوح ہی کے قائل نہین۔

خ۔ بجا۔

آزاد۔ واللہ نہین قائل ہین۔

خ۔ اجی جھک مارتے ہین۔ طوفان نوح کے قائل نہونا کیا معنی۔

رُس - ارے کیو ایک عالم تھے - اُنکا مقولہ ہی کہ اگر کوئی شخص مجھ سے پوچھے کہ کرۂ شمس مین آبادی ہی یا نہین - تو مین جواب دون کہ مجھے اِسکا حال نہین معلوم - لیکن اگر کوئی مجھ سے پوچھے کہ جسطرح ہمارے کرے کی مخلوق ہین اُسطرح اُس کرے کے موافق بھی ذی روح ہونگے یا نہین تو مین کہون کہ ہان ہونگے - ہرشل کا مقولہ ہی کہ کرۂ شمس مین آبادی ضرور ہی -

آزاد - ہم علماے اجل کی راے مین تو دخل نہین دیسکتے مگر اسقدر ضرور کہینگے کہ ہمارے ناقص علم و یقین مین کرۂ شمس ضرور بالضرور آباد ہی - ممکن نہین کہ اتنا بڑا کرہ جناب باری نے بیوجہ بنایا ہو - آبادی ضرور ہی - اور جو یہ کہا جاے کہ صرف کرۂ زمین کے فوائد کے لیے کرۂ شمس کی ضرورت لاحق ہوئی تو ہمارے نزدیک یہ کلمۂ کفر ہی - بھلا عقل سلیم کبھی تسلیم کرسکتی ہی کہ اتنا وسیع کرہ جناب باری نے صرف اسقدر ناچیز کرے کے فوائد کی غرض سے پیدا کیا ہو - ایک صاحب کی راے ہی کہ کرۂ قمر مین آبادی غیر ممکن ہی اور خیر سے اِسکا سبب کتنا عمدہ فرماتے ہین - آپ حضرت کا قول ہی کہ کرۂ قمر مین پانی نہین ہی اور پانی کے بغیر ذی روح کی زندگی محال ہی یہانتک کہ نباتات بغیر پانی کے نشو و نما نہین پاسکتے - مگر یہ دلیل بھونڈی ہی سکت خصم نہین ہم کہتے ہین کیا فرض ہی - کہ کرۂ قمر کی مخلوق بھی پانی ہی کے ذریعے سے زندگی بسر کرین - ممکن ہی کہ وہ پانی ہی نہ پیتین - علاوہ برین اکثر علما نے ثابت کیا ہی کہ کرۂ قمر مین بھی پانی ہی -

رُس - اُنمین سے اکثر باتین فرضی ہین بالکل خیالی پیچ پا در ہوا - ایک حضرت فرماتے ہین کہ دوربین کے ذریعہ سے اُنھون نے دس منٹ مین ڈیڑھ ہزار ستارے گن لیے -

آزاد - (قہقہہ لگاکر) واہیات -

رُس - اور کیا - کہنے مین البتہ یہ باتین نہین ہین جو کہو اُسکا ثبوت دو - ورنہ کچھ بھی نہین -

اتنے مین مانٹا کا ایک روزانہ اخبار رستم جی کو ہرکارے نے لاکر دیا رستم جی پڑھنے لگے - تو لوکل مین ایک خبر دیکھ کر میان آزاد سے پوچھا کہ آپ کا اسم شریف -

آزاد - مجھے میان آزاد کہتے ہین -

رُس - اخاہ آپ تو بہت بڑے شخص ہین - مین نے جسوقت آپکو دیکھا تھا اُسیوقت سمجھ گیا تھا کہ ذکی الطبع اور جری آدمی ہین - آپکی اجلد مین بڑی تعریف چھپی ہی -

آزاد - (متحیر ہوکر) میری تعریف -

رُس - جی ہان -

آزاد - میری تعریف کیسی -

رُس - آپکی تعریف - آپکی تعریف -

آزاد - گستاخی معاف آپکو دھوکا ہوا ہی -

رس - پھر خود ہی نہ ملاحظہ کرلیجیے -

آزاد - لائیے دیکھون تو -

میان آزاد نے اخبار لیا اور لوکل کی خبر پڑھنے لگے -

افسوس صد افسوس کہ جنی ڈینس نامے جہاز پر سون جزیرۂ پیرم کے قریب شب کے وقت غرق ہوگیا - اس سانحۂ روح فرسا کی کیفیت ہمکو ایک معتبر آدمی کی زبانی جو اُسی جہاز پر تھے یون معلوم ہوئی ہی کہ شب ماہ تھی اور باد شرط چل رہی تھی کہ دفعتہً جہاز کے ناخدا نے اطلاع دی کہ طوفان عظیم آنے والا ہی -

لوگ سُدھ بُدھ بھول گئے۔ حیران و پریشان۔ تھوڑی دیر مین طوفان آہی گیا۔ کپتان اسمتھ ناخدا نے بڑی پھرتی اور جرأت اور لیاقت سے کام کیا۔ مگر طوفان سے کچھ بس نہ چلا۔ تین لائیف بوٹون کے ذریعہ سے ستر اسّی آدمیون کی جان بچی۔ میان آزاد نامے ایک جنٹلمین باشندۂ ہندوستان نے اس طوفان کے وقت بڑا کارنمایان کیا۔ تین بار لائیف بوٹ سے جہاز مین کود اور لوگون کی جان بچائی خود کپتان اسمتھ نے ہمسے بیان کیا کہ ایسے نازک موقعون پر کسی نے اپنی جان اغیار کے لیے معرض خطر مین نہ ڈالی ہوگی اس جنٹلمین نے اپنی جان کا ذرا خیال نہ کیا کپتان اسمتھ اور انکے لفٹنٹون کو خوب مدد دی۔ جہاز تھوڑی دیر مین ڈوب گیا ایک لائیف بوٹ کو باد مخالف دوسرے رخ لیگئی اور لفٹنٹ اپلٹین نامے ایک حسین اور جری انگلشمین سمندر مین گر پڑے۔ میان آزاد نے اُس شخص کو ڈوبتے ہوے جو دیکھا تو آتش ہمدردی انسانی جوش زن ہوئی۔ خود کود پڑے اور اُس شخص کو ڈوبنے سے بچایا۔ مگر لائیف بوٹ ہاتھ نہ آیا۔ مسٹر اپلٹین تو لائیف بوٹ پر پہونچ گئے مگر میان آزاد بیچارے کو سمندر پیر کر جزیرہ پیرم تک جانا پڑا۔ جزیرے کے باشندے دعا مانگ رہے تھے کہ یا الٰہی اس جوان کو بچا۔ خدا خدا کر کے میان آزاد جزیرے تک پہونچ گئے۔ اِس شخص کی بسالت اور سچی شجاعت اور ہمدردی یادگار رہیگی۔

آزاد نے مسکرا کر کہا۔ بس اخبار ایسا ہی ہونا چاہیے کہ اُدھر جہاز ڈوبا اُدھر جھپ سے خبر چھپ گئی۔ میری نسبت جو لکھا ہے اُنکی عنایت ہے۔ مگر اور واقعات تو خوب لکھے ہین مختصر اور جامع

رُس۔ آپ نے واقعی کارنمایان کیا۔

آزاد۔ جی کیا کارنمایان کیا۔ فرض ادا کیا۔

رُس۔ آپکے ہندوستان مین اخبار پانیر کی اشاعت سب سے زیادہ ہوتی ہے مین آج ایک آرٹکل لکھکر ابھی بھیجتا ہون اہل ہند کو خوش ہونا چاہیے کہ اُن کے ایک ہموطن نے اس درجہ نام نیک حاصل کیا۔

آزاد۔ ان کلمات کو مین آپ کے حسن اخلاق پر محمول کرتا ہون۔

خ۔ ارے میان آزاد ہوت۔ یہان سے بھلا کم سے کم چار پانچ روپے کی تو افیم لے چلو۔ ورنہ راہ مین انتہا کی تکلیف ہوگی اور مین مرہی جاؤنگا مفت مین کسی مسلمان کی جان لو۔ خدا کے لیے بھائی خرید لو۔

رُس۔ جی کیا چاہیے۔

خ۔ افیم ساتھ نہین ہے۔

رُس۔ ہم آپکو عمدہ سے عمدہ افیم دینگے۔ سیر بھر۔

خ۔ ع۔ اے مین تیری زبان کے قربان۔ واہ میری جان۔

آزاد نے قہقہہ لگاکر کہا کیا خرافات بکتے ہو۔ عجب گو لھا ہے۔ بھئی بھلا اس بے تکے پن کے کیا معنے۔ خواہ مخواہ بیہودہ میری جان اور زبان کے قربان۔

پانچوین دن میان آزاد جہاز پر سوار ہونے کو تھے۔ رستم جی نے اپنے بیٹے کے نام ایک خط لکھدیا اور آزاد کو اُنکی تشفی کے لیے سنا بھی دیا۔ اسمین لکھا تھا کہ جسقدر انکی خاطر کروگے اسقدر تمھاری سعادت ہے یہ میرے معزز دوست ہین تم انسے باادب پیش آنا اور اُنکی مدد کرنا۔ خط لیکر میان آزاد اور خوجی رستم جی سے رخصت ہوکر اسکندریہ مین داخل ہوے

آتش زنی!!!

جمعرات کے دن اُستانی جی کی آمد آمد کی خبر سنکر حسن آرا اور اُنکی بہنیں خوش نہیں کیونکہ اُستانی جی کو ان سب سے دلی محبت تھی بڑی بیگم نے کہا بیٹا آج جمعرات ہے اُستانی جی وعدہ کر گئی ہیں آتی ہونگی وہ مثل اپنی خاص بیٹیوں کے تمکو سمجھتی ہیں۔

اتنے میں اُستانی جی ڈولی سے اُتر کر آئیں اور بولیں کہ اگرچہ آج مجکو آنا نہ تھا کیونکہ ایک جگہ جانیکا اقرار کر لیا ہے مگر وعدہ کے موافق چلی آئی۔

بڑی بیگم۔ (ب) اب تم دو چار روز یہیں رہو ذرا ٹرکیونکا دل بہلے

اُستانی جی۔ (اُستا) اب پرسوں سے اگر کہانیاں شروع کرونگی۔

ب۔ (حساب لگاکر) ناہن۔ پرسوں تو سنیچر ہے۔ ہم سنیچر کو کوئی کام نہ شروع کرنے دینگے۔

حسن۔ امی جان یہ ہفتے کے دن بیچارے نے بھلا کیا قصور کیا ہے سب دن اسی کے ہیں۔

ب۔ بابا ابھی ناکردہ کار ہو۔ جب بوڑھی ہوگی تو آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائیگا۔

حسن۔ خیر۔

اُستا۔ (مسکراکر) ہم بھی کچھ کہیں۔

حسن۔ کہیے کہیے ضرور کہیے۔ مگر منھ دیکھے کی سند نہیں۔

ب۔ یہ مجھ سے لڑتی رہتی ہے کہ یہ بھی غلط ہے وہ بھی غلط ہے اُنکے نزدیک جو کچھ ہے سب غلط ہے۔ بس یہ ایک سچی ہیں اور نہیں!۔

حسن۔ بولیے اُستانی جی۔

اُستا۔ ہم تو تمھاری سی کہتے ہیں۔

حسن۔ صاف صاف کہیے۔

اُستا۔ کیسا سنیچر اور کیسا پیر سب دن اللہ کے ہیں سنیچر نے کیا بگاڑا ہے اور پیر میں کونسے لڈو رکھے ہیں سوائے دھتی بیانوسی باتوں

ب۔ ہاں۔!۔

اُستا۔ جی! اور آپ سمجھیں کیا تھیں ہیں۔

ب۔ (ہنسکر) یہ یک نشد دو شد۔

اُستا۔ بھئی ہمتو ان باتوں کو ڈھکوسلا سمجھتے ہیں۔

ب۔ حسن آرا تو بھلا بچہ ہی ہیں ابھی۔ وہ بچہ بنکے چھوٹ جائینگی بڑی بوڑھی ہو کیوں مفت عذاب میں پڑتی ہو۔

اُستا۔ (مسکراکر) خیر چلو ہم اپنی بھگت لینگے۔

ب۔ بھلا سنیچر کے دن کوئی کام شروع کرکے دیکھ نہ لو۔

اُستا۔ اجی واہ۔ کیا ہوگا کیا۔

اتنے میں پانچ بجے اور اُستانی جی گھبراکر بولیں کہ ہمکو جانے دو بھئی

ب۔ یہ کیوں یہ کیوں۔

اُستا۔ کسی سے اقرار ہے سمجھ جاؤ کل ضرور آؤنگی اور یا اگر گاڑی چلی گئی تو پھر پرسوں۔

ب۔ اچھا جاؤ۔ اللہ کرے جلد آؤ۔

کوئی چھ بجے کے وقت حسن آرا اور سپہر آرا اور بہار النسا اور روشنے گھر کے حمام میں خوب غسل کیا اور نکھر کر مہتابی پر جو آئیں معلوم ہوا کہ چار چاند سر شام نظر آئے۔

حسن۔ اسوقت اُستانی جی نے ہماری بڑی مدد کی۔

بہار۔ کیا۔ کیا مدد کی۔

حسن۔ اماجان نے کہا کہ اُستانی جی یہاں ہی دو چار روز رہیں ٹرکیوں کے دل بہلا نیکے لیے تو کیا ہرج ہے۔ اُستانی جی نے کہا پرسوں سے کہانیاں کہونگی۔ اجی بس پرسوں کا نام لینا تھا کہ آپ ہی گئے۔ جمعرات جمعہ سنیچر۔ تاہن سنیچر بُرا دن ہے ہم سنیچر کے دن کوئی شروع نہ کرنے دینگے۔ اسپر میں بولی کہ واہ سنیچر اور جمعہ کیسا سب

یکسان ہین - اُستانی جی نے بھی میری تائید کی تب تو اماں جان بھی چکر مین آئین کہ اچھا یہ بڑی بوڑھی عورت ہو کر اُسکا جنبہ کرتی ہین -

بہار - ہان لوگ مانتے تو ہین -

روح - پھر ہا نا کرین -

سپہر - لوگون کے ماننے سے ہمین واسطہ -

روح - اے بہن اصد جانتا ہی اس بات مین یہ بڑی ڈرپوک ہین -

حسن - واہ ہماری بہن اور اتنی ڈرپوک ارے توبہ توبہ -

روح - ہمین شرم آتی ہی -

بہار - بھلا ہمتو بڑے سپاہی ہین جب جائین کہ آج شام کو جہان پر چراغ رکھدین وہان تم تین بار اپنا نام زور زور لو اور چراغ کو گل کر کے چلی آؤ -

روح - کیا کیا بدتی ہو -

سپہر - ہم جاتے ہین -

حسن - ہان اگر ہم تینو مین سے کوئی چلی جائے تو اُنسے پوچھو کیا کھلاؤ گی یہ ہمین

بہار - اور تو نہین سو سو روپے بدتے ہین - جسکا جی چاہے ہاتھ پر ہاتھ مارے - بس جھوٹی باتون پر ہمین غصہ آجاتا ہی -

روح - دو دو روپے تو ہم بدتے ہین -

حسن - ہم کہتے ہین - یہ جیتین تو ہمین چار روپے دین - اور ہم ہارین تو انھین آٹھ دین -

بہار - منظور -

سپہر - ایک سے شرط منظور کی یا دونون سے -

بہار - دونون سے بلکہ تم بھی بدلو چاہو -

سپہر - (روپیہ پھینک کر) تم بھی بسا دو -

بہار - (روپیہ پھینک کر) لو ہمنے بھی بسا دیا - بس ؟ -

حسن - تو دو اور چار چھ اور ایک سات - سارو پے بہار النسا بہن کی گرہ سے آج گئے -

بہار - اوہ اوہ اوہ داہ - کہین گئے نہون -

روح - اچھا پھر ہات کنگن کو آرسی کیا ہی دیکھ لینا کب چراغ رکھو گی -

بہار - بس شام کے وقت - اور کب - مگر تم ایک ایک جا ایک اور چراغ کو گل کر کے تین تین بار اپنا اپنا نام لینا -

سپہر - ایک ایک دفعہ نہین دو دو دفعہ جائین -

حسن - اور تین تین دفعہ نہین دس دس دفعہ نام لین -

روح - اور چراغ کو گل ہی نہ کرین بلکہ اور ساتھ لیتے آئین اور اُسی چراغ کو پھر جلائین تو سہی - یہان کوئی ڈرپوک نہین ہی آپکا سا -

بہار - اے تو ہم کاہے سے ڈرپوک ہین بھلا -

اتنے مین بڑی بیگم صاحب تشریف لائین -

سپہر - اخاہ اسوقت تو اماجان کو ٹھے پر آتی ہین - کہان تکلیف کی اسوقت -

ب - یہ کیا شرط بدی جاتی ہی - ہم بھی تو سنین ذری -

حسن - بہار النسا بہن کہتی ہین کہ ہم رات کو ایک دیا روشن کرین کوئی اُسکو بجھا نہین سکتا -

بہار - ہان کیا کچھ جھوٹ کہتے ہین - آزمالو - آج ہی سہی

روح - اے کیا ہوگا کیا آخرش - ایک نہین ہزار دفعہ آزماؤ تو کیا -

سپہر - سب کے پہلے ہم جاکر چراغ کو بجھائینگے - وہ بات ہی کیا ہی -

بڑی بیگم نے جریب سیدھی کی اور اُٹھ کھڑی ہوئین

ب - لو مین تو جاتی ہون اب -

حسن - ہائین ہائین - کہان کہان - اماجان کہان چلین

آئین کیا چلین کیا۔ اے ذری بیٹھیے نہ۔

بہار۔ اتنی تکلیف کی اور ایسی جلدی چلین۔

بڑی بیگم انتہا کی ضعیف الاعتقاد پرانے فشن کی عورت تھین جادو ٹونے گنڈے تعویذ بھوت پریت ان سب باتون کی دل سے معتقد انھون نے جو یہ باتین سنین تو سخت ناگوار ہوا۔

ب۔ اب تم لوگون کے بیچ مین کون بیٹھے بھلا۔

بہار۔ (متحیر ہوکر) کیا۔ کیون؟۔

ب۔ یہان تو کفر کی باتین ہوتی ہین۔

بہار۔ واہ اماجان۔ کفر کی باتین کیسی۔ اللہ نہ کرے کفر کی باتین ہمکو آئین۔

ب۔ اب یہ کفر کی باتین نہین تو کیا ہین۔ بھلا رات کے وقت کیا جانے کیسا چراغ ہو تم جو وہان جاکر نام لو اور جان کو خدا نخواستہ ہتیلی پر رکھ کے جاؤ تو اچھا کہ بُرا۔

سپہر۔ اے تو اماں جان۔ وہان کیا کوئی بیٹھا ہوگا کہ ہم گئے اور وہ نگل گیا۔

حسن۔ اجی یہ سب باتین ہین۔

ب۔ باتین ہین!۔ اللہ نہ کرے کہ کسی دن چھپیٹ مین آجاؤ۔

بہار۔ ناحق بن ناحق حجت کرتی جاتی ہین۔ ایسی بڑی بہادر بنی ہین۔

ب۔ تم تو بڑی ہو۔ تمکو یہ بیٹھے بٹھائے کیا سوجھی بھلا کہ چھوکریون سے بدنے بیٹھین۔

بہار۔ تو وہ تو حجت کرتی ہین خواہی نخواہی۔ مانتی ہی نہین

ب۔ اور جو ڈر جاتین تو کیسی ہوتی۔

سپہر۔ ہان دیکھیے تو سہی۔ ہم لاکھ حجت کرتے تھے تو کیا تھا انکو تو سمجھنا چاہیے تھا۔ یہ سب سے بڑی ہو کے سب سے چھوٹی بنی جاتی ہین۔

بہار۔ ہان اب تو باتین بناؤ ہی گی۔ اب تو چڑھ بنی ہی نہ۔

ب۔ ایک دفعہ میرا کوئی سولہ سترہ برس کا سن ہوگا جب دو تین ہمجولیون نے آپس مین بحث کی کہ ہم اندھیاری رات مین مہتابی پر چڑھکر پیپل کے پتے توڑینگے۔ سو وہ دو تین ایکطرف تھین اور مین اور جعفری بیگم ایک طرف۔ خیر جیت ہوئی تو ہنسے کہا اچھا اب توڑو پیپل کے پتے تو جانین۔ وہ ڈھیٹ تو تھین ہی۔ مہتابی پر جھٹ چڑھ گئین۔ اور بہت سی پتیان اور کوپلین توڑ کر نیچے کی چھت پر آنے لگین۔ بس زینون پر ایک نے دیکھا کہ ایک ندری سا بچہ کھڑا ہنس رہا ہے۔ دوڑ کر اُس نے دوسری کو دکھایا بس دیکھتے ہی دیکھتے بچہ نہ جانے کہان غیب (غائب) ہوگیا۔ اے بس اتنے مین دیوارین سے ایک ہاتھ نکلا۔ پھر تو یہ چیخ اُٹھین۔ اور جبتک ہم اور ون کو بلائین اور جائین جائین تب تک یہ بیہوش ہوگئین۔ ہمسے اسوقت اکیلا نہ جایا گیا۔ نہ ہماری ہمجولی کی جرأت ہوئی مگر نیچے آوازدی تو وہان سے دو چار عورتین آئین اور ایک خواجہ سرا۔ زینے پر جو پہونچا۔ تو دیکھا کہ دونون کی دونون بیہوش پڑی ہوئی ہین اور نپٹ بس کچھ نہ پوچھو ہاتھ پانون بالکل ٹھنڈے جیسے یخ کے شال اور پیپل کا پیڑ یہ معلوم ہوتا تھا جیسے جڑ سے ہل جائیگا۔ اب اٹھکر اور اب اٹھکر اور پتے ایسے بولین کہ اُف میری تو جان نکلگئی اور میری ہمجولی جعفری بیگم تھر تھر کانپتی تھی۔ مگر خواجہ سرا اور ایک سیدانی نے انکو اٹھا کر بٹھایا۔ کیوڑا اور پانی پلایا اور منھ پر خوب

چھینٹے دیے۔ جب ذرا ہوش آیا تو نیچے اُترین۔ مگر ایسی سہمی تھیں کہ رات کو چونک چونک پڑتی تھیں ایک نے بڑے پیار سے مجھکو اپنی چارپائی پر سُلایا اور دوسری کی یہ کیفیت تھی کہ لحاف مین لپٹی لپٹائی چپ چاپ پڑی تھی۔ رات کو کوئی دو تین بار چیخ چیخ اُٹھین اور تڑپ کے جو جاکر دیکھا تو پیپل کے پتون کی رنگت ہی اور تھی۔

سپہر۔ یہ ہوا کیا تھا اماجان۔

ب۔ ہوا کیا تھا۔ اب تمھین کیا بتاؤن کیا ہوا تھا۔

مغ۔ کوئی شی ہوگی اُسپر۔ اللہ بچائے ان مصیبتون سے۔

بہار۔ یہ ہیکڑی کی لیتی ہین۔ ابھی جما جما (جمعہ) آٹھ دن کی پیدائش ہی۔

سپہر۔ اونہہ اونہہ! تمھارا تو سر ہلنے لگا ہی۔ اور نہین؟۔

مغ۔ اے بیوی ہم کوئی آٹھ برس ہونگے گونڈے سے آتے تھے۔ بن تھی۔ پیاری کے ابا تھے اور حسینی تھی اور ایک منہار چھکڑے پر رات کو راہ راہ اپنے چلے آتے تھے۔ تو بیوی مین کیا کہون۔ یہ معلوم ہوا کہ جیسے بن مین ہزاردن نیسری لکڑی کسو نے پھونکدی اور وہ روشنی کہ الوہ۔ بعض بعض درخت تو ایسے لونگین جیسے سچ مچ بجلی ہی۔ اے میری شامت (شامت) مین نے پیاری کے ابا سے پوچھا کہ یہ کیا ہی۔ اُنھون نے کہا بن مانس۔ ارے جب تو مین ڈر گئی۔ اور پیاری کے ابا بولے کہ یہ اُنکی آنکھین چمکتی ہین۔ اے بیگم صاحب مین کیا کہون تمسے دونون آنکھین تو مین نے بند کرلین اور پیاری کو زور سے چھاتی سے لگایا اور اللہ اللہ کرنے لگی۔ تھوڑی دیر مین وہ روشنی دکھائی نہ دی تب مین نے آنکھین کھول دین۔ اے بس تے مین ایک پیڑ سے منہار نے ایک چھوٹی سی کیری توڑلی پیاری کے ابا نے کہا کہ جو رکھوالا نہ دیکھتا ہو تو دس پانچ اور توڑ لو چکے سے۔ کل چٹنی بنائینگے منہار نے جیسے ہی ہاتھ بڑھایا تھا کہ ٹہنی اونچی ہوگئی۔ اُسنے اور ہاتھ بڑھایا ٹہنی اور اونچی ہوگئی اب ہم سب دیکھتے جاتے ہین کہ وہ نگوڑی ٹہنی اونچی ہوتی چلی جاتی ہی تب تو مین نے منہار سے کہا کہ اب خدا کے لیے چلے آؤ اور وہ بچارہ (بیچارہ) مارے ڈر کے گر پڑا پیاری کے ابا نے چاہا کہ اُترین۔ مگر مین نے روک لیا وہ زور کرنے لگے مین چمٹ گئی اتنے مین گاڑی بان کود پڑا۔ اور پیاری کے ابا بھی کود سے دونون نے جاکے اُٹھایا تو منہار اُٹھا مگر اپنے آپے مین نہین۔ اور ڈر کی بات ہی تھی۔ پھر بیگم صاحب وہان سے چلے تو ایک بڑا گھنا باغ ملا۔ اب گھر گھر پورا وہان سے دیکھیت تھا۔ باغ جو ملا گھنا گھنا تو بیل آپ ہی آپ ٹھہر گئے چودھری کمبخت اونگھتا تھا۔ منہار نے جگایا کہ میان کیا سور ہے ذری ذری زور سے آواز دی تھی۔ بس اوپر سے کوئی اور بھی بول اُٹھا کہ کیا سور ہے۔ ہی ہی میری تو بس جو کوئی بوٹی بوٹی کاٹتا تو بھی لہو نہ نکلتا۔ وہان سے چلے تو راہ مین ایک پیڑ پر آواز ین آنے لگین۔ پیاری کے ابا تو کہتے ہین کہ اُنکا نام لیا تھا مگر میری جان مین میرا نام تھا اور گاڑی بان کہتا تھا کہ منہار کا نام لیا تھا اور منہار کہے کہ گاڑی بان کا نام لیا۔ جون تون کرکے وہان سے بھاگے۔ لیکن ہم سب ڈر گئے تھے۔ بان گاڑی بان موالبت (البتہ) ٹیڑا ڈھیٹ تھا۔

سپہر۔ اے ہی جو مین ہوتی نہ تو گھٹ گھٹ کے مرہی جاتی۔

روح۔ اے یہ سب باتین ہین بس۔

حسن۔ اور نہین کیا۔ جھوٹی باتین تو مین ہی۔

مغ۔ حضور وہ پچھل پائیان تھین۔

حسن - سنا ہوا ہی - چھل پائیان نہین وہ کھین اور نہین سوائے وہی واہیات بات کے اور کچھ نہین -

منع - تو بیوی مین جھوٹ کیون بولتی آپ سے بھلا - اتنا تو سوچیے -

ب - یہ ایک نہ مانینگی - اللہ نہ کرے کہ کبھی اُنکو مجبور ہوکر ماننا پڑے -

روح - ہمین ان باتون پر ہنسی آتی ہی - کوئی جانے مغلانی نے سب سچ ہی تو کہا -

منع - چلو جھوٹ ہی سہی - کوئی جانے جھوٹ بولنے سے کچھ ملجائیگا جیسے -

حسن - جھوٹ نہ سہی - مانا - مگر تم ڈرین تو اپنی بیوقوفی سے - ابھی اُسی دن دو طفلا بھائی کہتے تھے کہ ہڈیان جب مینون پڑی رہتی ہین تو اُن مین سے آگ روشن ہونے لگتی ہی - تم اُسکو غول بیابانی سمجھین پھر کوئی اِسکو کیا کہے فقط سمجھ کا پھیر ہی اور کچھ نہین -

منع - جی ہان سمجھ کا پھیر ہی - کوئی جانے دنیا بھر دیکھ آئی ہین - ہونہہ ! -

بہار - اچھا وہ آواز کیسی آتی تھی - یہ بتائیے - سہمن بھی بڑی روشن تھی -

حسن - آواز زور سے دی تھی یا آہستہ سے -

منع - منہار نے اُسے زور سے آواز دی تھی - گاڑبان کو للکارا تھا -

حسن - بس پھر اسمین ڈر کا ہیکا تھا - اجی جنگل مین جب آواز زور سے دوگے تب دوسری آواز پیدا ہو جائیگی - اور بازگشت کسی خالی مکان مین ذری بڑا مکان ہو یا مسجد مین جاکے پکار دیکھو آواز آتی ہی یا نہین -

بہار - واہ مسجد تو خانۂ خدا ہی وہان چھل پائیان مردار یان کیسے جانے پاسکتی ہین -

حسن - بس تو اچھا ہی آزمائو جو مسجد مین آواز پھر کے معلوم ہوئی تو ہم سچے نہین تم سچی ہو نہ - بولو - جاؤ ابھی ابھی آزمائو -

منع - بیوی مسجد مین انکا کہان گذر - وہ تو اللہ کا گھر ہی

حسن - ہاے ہاے کیسی پگلی سے سابقہ پڑا ہی - یہی تو مین بھی کہتی ہون - جو مسجد مین بھی آواز آئے تو ہم جیتے اور نہ آئے تو سمجھنا کہ وہ آوازین چڑیلون ہی کی تھین نہین تو مسجد مین بھی آتین -

منع - ہان مگر بیوی -

ب - اجی تو کیون حجت کرتی ہو بیکار بیکار کو وہ نہ مانینگی -

بہار - اجی ہان چپ بھی رہو -

سپہر - اچھا اُستانی جی سے پوچھینگے - بس جو وہ کہدین وہی ٹھیک ہی - ہی کہ نہین -

بہار - ہان بس مانا -

ب - وہ تو زمانہ دیکھے ہوے ہین - وہ کبھی نہ تمھاری سی کہینگی - چاہے پوچھ دیکھنا -

حسن - جی ہان - کل بھی تو آپ ہی کی سی کہی تھی نہ - ایسی جلد بھول گئین -

ب - کل کونسی بات ہوئی تھی -

حسن - جب آپ نے کہا تھا کہ سنیچر کا دن بُرا - اتوار اچھا تو اُنھون نے کیا کہا تھا بھلا -

ب - اوہ ! وہ تمھاری خاطر سے کہا تھا - اچھا اب آئین تو

پوچھ لینا - وہ ضرور یہ باتین مانتی ہونگی - اور مین تو اللہ کے فضل سے لڑکوری ہون مین تو پھونک پھونک کے قدم رکھونگی اللہ نہ کرے تمھارے پاؤن مین کانٹا چبھے - میری دونون آنکھین تم دونون اور یہ دونون ہین (حسن آرا سپہر آرا اور بہار النسا اور روح افزا) -

بہار - واہ اماجان پہلے یہ دونون پھر ہم دونون سچ ہے آنکھون سے گھٹنے دور ہوتے ہین -

روح - (مسکراکر) ہم کہنے ہی کو تھے -

حسن - اسوقت کیا بہنین بہنین ایک ہوگئین -

بہار - اچھا - کچھ سنا بہن روح افزا - کہتی ہین کہ بہنین بہنین کیا ایک ہوگئین - اسوقت تو تم ہماری بہن نہین ہو - نواب تو صاف صاف کہنے لگین - اماجان رخصت - (مسکراکر) بنا گی - اب رخصت ہون نہ -

ب - تم جانو تمھاری بہنین جانین - ہمکو جیسی حسن آرا ویسی روح افزا - جیسی بہار النسا ویسی سپہر آرا ایک آنکھ تم دونون ایک آنکھ یہ دونون -

بہار - ہان مگر دائین بائین کا فرق ہے -

حسن - آنکھون مین دایان بایان کیا معنی دونون یکسان ہین - کیا فرق ہے - آنکھ بھی کیا کچھ ہاتھ ہے - جیسی روشنی دائین آنکھ کی ویسی روشنی بائین آنکھ کی ہے کہ نہین پھر دائین بائین کیسی -

روح - دایان پھر دایان ہے - بایان پھر بایان ہے -

ب - چاردن داہنی آنکھ ہو -

رات کو گیارہ بجے کے وقت چاردن بہنین چاندنی کے لطف اٹھارہی تھین اور بڑی بیگم بھی خلاف معمول حسن آرا کے پلنگ پر لیٹی ہوئی باتین کرتی تھین کہ دفعتہ مغلانی نے کہا

ای حضور ذری چپ تو رہیے یہ غل کیسا ہو رہا ہے -

ب - ہان غل تو بہت ہے - کہین چور آیا -

سپہر - ای یہ روشنی کیسی ہے -

روح - آگ لگی ہے کہین -

حسن - (پلنگ پر کھڑی ہوکر) ارے وہ شعلے نکل رہے ہین اف بڑی آگ لگی ہے کہین -

بہار - بی مغلانی ذرا تم بلا تو لاؤ (ہاتھ ملکر) ہاے اب کیا کرین -

ب - گھبراؤ نہین گھبراؤ نہین - ذری خورشید دولھا کو بلاؤ ارے یہ تو بالکل قریب ہے -

نواب - (ن) کہان ہو سب کی سب واسطے خدا کے ضروری ضروری اسباب باندھ کر الگ کرو پرسون مین شہزادے کے ہان آگ لگ گئی اور ہوا تیز ہے - اسوقت خیریت نہین نظر آتی - جلد زیور اور جواہرات الگ کرلو - اسباب اور کپڑے کو جہنم مین ڈالو - (خدمتگار کو پکارکر) دیکھو بھی گھوڑے کھلواؤ اور کہو گاڑیان ابھی ابھی کھیریل سے نکالکر میدان مین باہر کھڑی کردین -

بہار - (ہاتھ ملکر) ہاے اف کیا ہوگا -

ن - (گھبراکر) اف غضب ہوگیا -

حسن - ہاے ہاے شعلے آسمان کی خبر لانے لگے -

نیچے اتر کر حسن آرا اور بہار النسا نے بڑی پھرتی سے زیور اور جواہرات کے ڈبے اور صندوقچے باہر نکالے سپہر آرا اور روح افزا سے کہا کہ خبردار یہان سے ہٹنا نہین - بڑی بیگم چپ چاپ دیکھتی جاتی تھین انکو حیرت سی تھی کہ ہو کیا رہا ہے نوبیاہتا صاحبزادیان اصیلین مغلانیان ادھر ادھر کی چیزین یکجا کرتی پھرتی

تھین - اتنے مین تین بہنین سب انتظام کرکے پھر کوٹھے پر گئین - مگر روح وہین کھڑی رہی - کوٹھے پر جو گئین تو رنگ فق ہوگیا - دیکھا کہ شہزادہ ہمایون فر کی کوٹھی مین چوطرفہ آگ لگی ہی اور ہر سمت سے شعلے بلند ہین یہ اتنی دور پر کھڑی تھین مگر گرمی اثر دکھاتی تھی معلوم ہوتا تھا کہ گویا ایسے مقام پر ہین جہان چوطرفہ بھٹی ہی بھٹی ہی - دھنیان جو پہنچین تو بس یہی معلوم ہوا کہ گویا رعد گرج رہا ہی ترتر چٹاخ چٹاخ -

بہار - ہاے لاکھون پر پانی پڑ گیا -

حسن - اسوقت کوئی اُس بیچارے کے دل سے پوچھے ہاے کیا گذرتی ہوگی -

سپہر - بہن ادھر تو آؤ - اوہو - دیکھو ہزارون آدمی جمع ہین -

بہار - اس کھڑکی مین سے صاف معلوم ہوتا ہی صاحب لوگ بھی ہین -

حسن - پھر بہن شہزادے ہین کہ کوئی ایسے ویسے -

سپہر - ای باجی جان وہ کون ہی - ہی ہی وہ کون ہی -

اتنے مین لوگون نے اسقدر غل مچایا کہ آسمان سر پر اُٹھایا اور رونے کی آواز آنے لگی -

بہار - کہان کون ہی - کون ہی سپہر آرا -

سپہر - بہار النسا سے لپٹ کر آف باجی (رو رو کر) ہاے وہ مہتابی پر کون ہی -

حسن - (ہاتھ ملکر) ارے یہ تو ہمایون فر ہین ہاے ستم اب یہ کیونکر بچینگے -

سپہر - (پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی) باجی - ہاے باجی یہ اب ہوگا کیا - چوطرفہ آگ ہی - بچے بچے - بچیگا کیونکر بیچارہ اُوف - اُوف - اوف -

بہار - ہاے اسکی جوانی پر ترس آتا ہی -

حسن آرا منھ ڈھانپ کر خوب روئی - سپہر آرا کا یہ عالم کہ آنسوون کا تار نہین ٹوٹتا - اور بہار النسا حسرت کی نظر سے اُس سرو جوبار رعنائی کی مصیبت کو بصد حزن و ملال دیکھنے اور کف افسوس ملنے لگی - میرزا ہمایون فرمہتابی پر تن تنہا اس تاک مین سوئے تھے کہ شاید ان بتان طناز و خوبان سرایا ناز کا جھمگٹا بعد مدت نظر آئے لیکن ٹھنڈی ہوا جو چلی تو آنکھ لگ گئی - کئی دن سے نیند بھر کر سوئے نہین پائے تھے - لہذا سوئے تو گویا گھوڑے بیچ کر - دنیا و مافیہا سے بیخبر - اب سنیے کہ جب چھت پر میرزا ہمایون فر کی مسہری بچھی تو انھون نے خدمتگار خاص کو حکم دیا کہ مہتابی پر بچھا کر بچھا آ مگر کسی سے ذکر نہ کرنا - وہ پلنگ بچھا آیا اور ایک دن کی رخصت لیکر گھر گیا یہان اور کسی آدمی کو معلوم نہ تھا کہ ہمایون فر یہان ہین جب آگ لگی - تو وہ سب دوڑے آئے کہ شہزادے کو اُٹھا لین مگر بستر خالی پایا تو سمجھے کہ کہین گئے ہونگے یہ کسی کو خیال نہ ہوا کہ مہتابی پر جاکر دیکھے اور کوئی علم غیب تو پڑھا تھا ہی نہین یہ بیچارے بید ار ہوے تو کب جب مہتابی کے نیچے کے حصے مین چوطرفہ آگ لگ چکی تھی خدمتگارون اور حاضرین و ناظرین کے ہاتھ پانون پھول گئے اسباب و سباب کے بٹورنے کی کسی کو فکر نہ تھی یہی سوچتے تھے کہ یا خدا کسی طرح سے اسوقت اس بیچارے کی جان بچائین مگر سب کو مایوسی بالکل ناامیدی ہجوم یاس مین کوئی اس شہزادے بلند ارادہ کی جوانی اور خوش بیانی یاد کر کے روتا تھا - کوئی سرد ھن کے کہتا تھا کہ یارو اس بیچارے کی بڈھی ماں کے دل پر اس سانحے سے کیسی گذرے گی

خاص شہر سے بھی جوق جوق آدمی جمع ہو گئے اور لین مین بگل دیا گیا سپاہی اور چوکیدار اور برق انداز اور روسا اور باشندگان شہر اُمڈے چلے آتے تھے ٹھٹ کے ٹھٹ لگے ہوے دریا سے ہزارون گھڑے پانی لایا جاتا تھا - شقے اور مزدور بڑی سرگرمی سے آگ بجھانے مین مصروف تھے - کہرام مچا ہوا تھا - صاحب کلکٹر انجنیر - اور ڈپٹی کلکٹر صاحب اور تحصیلدار اور انسپکٹر پولیس ہزارون آدمی جوق جوق جمع تھے - پانی کی یہ کیفیت کہ صدہا مشکین بھر بھر کے آتی تھین اور برابر کوشش کیجاتی تھی کہ آگ بجھائی جائے مگر ہوا اس تیزی پر تھی کہ الامان - پانی تیل کا کام دیتا تھا -

میرزا ہمایون فراس حالت یاس و نومیدی مین بس یہی سوچتے تھے کہ بارخدایا جن جنون کے نظارے کی فکر مین مجھ پر یہ مصیبت پڑی کہ اب تھوڑی دیر مین جل بھن کر خاک ہو جاؤنگا انکو اگر معلوم ہو جائے کہ ہمایون فر نے ہمارے ہی عشق مین اپنی جان شیرین گنوائی تو مین سمجھون کہ جی اُٹھا -

اتنے مین ادھر نظر پڑی تو دیکھا کہ وہ خوبان پری تمثال مصروف ماتم ہین - روح افزا اور حسن آرا اور گھر بھر کی عورتین گھیرے پر کھڑی ہین اور شور و شیون کرتی ہین سوچے کہ الہ العالمین ہمارے سوگ کی تیاریان ہوتی ہین - خیر شکر ہے کہ جسکے لیے جان دی اُسکو نزع کے قبل اپنا سوگ کرتے تو دیکھ لیا - اتنے مین صاحب کلکٹر بہادر نے جسکو شہزادۂ ہمایون فر سے بڑی محبت تھی باواز بلند یون کہا -

کلکٹر صاحب - (ک) شہزادۂ ہمایون فر گھبراؤ نہین - خدا کو یاد کرو وہ بڑا مسبب الاسباب ہے -

میرزا ہمایون فر کو اُسوقت اپنا چھوٹا بھائی یاد آیا - اور گو وہ لڑکا اُنکے ساتھ یہان نہ تھا لیکن اسوقت جل کو ہم آغوش دیکھکر اُنکے اوسان خطا ہو گئے خیال نہ رہا کہ وہ گھر ہی پر ہے - ساتھ نہین آیا - کلکٹر صاحب سے پوچھا کہ -

Is my younger Brother shines

میرا چھوٹا بھائی تو جیتا بچا - ؟

صاحب کلکٹر نے لوگون سے پوچھا کہ انکا چھوٹا بھائی کہان ہے انھون نے کہا حضور وہ تو اُنکے ساتھ نہ تھا مگر گھبراہٹ کے اُنکے ہوش ٹھکانے نہین ہین اسوقت - آپ کہدین کہ وہ لڑکا ہمارے پاس ہے ک -

Yes he is Safe

ہان وہ محفوظ ہے -

شہزادہ - (عجب بھیانک آواز سے)

Then I die in peace

ہان! مین آرام سے مرونگا -

پھر بھائی کیطرف مخاطب ہو کر کہا کہ بھائی گھر بار تمھارے سپرد ہے ماں کو تسلی دو کہ ہمایون فر نہین سہی مین تو ہون - اس جگر خراش فقرے کو سُنکر صاحب کلکٹر اور کل حاضرین پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے اتنے مین میرزا ہمایون فر نے جب دیکھا کہ اب بچنے کی ذرا بھی امید نہین - آگ کے شعلے قریب آتے چلے اور ہوا نے اور بھی زور باندھا تو ایک مرتبہ نعرہ بلند کیا اور ایک دردانگیز آواز سے کہا کہ یارو الوداع پھر حسن آرا اور سپہر آرا کیطرف نظر کر کے ٹوپی سر سے اُتاری اور تین بار بعد حسرت سلام کیا حسن آرا اور سپہر آرا اور بہار النسا دیوارون سے سر ٹکرانے لگین کہ ہاے یہ کیا ستم بپا ہوا میرزا ہمایون فر نے جب دیکھا کہ وہ بیچارے دیوار سے سر ٹکرا رہی ہین تو اُنکے شیشۂ دل پر ٹھیس لگی کہ ہاے دھان پان نازک بدن ہین ایسا نہ

چوٹ آجائے - ہاتھ جوڑے اور اشارے سے منع کیا کہ یہ نکرو - لیکن وہ دونون بہنین اُسوقت ایسی حالت مین نہ تھین کہ ہمایون فر کو آنکھ بھر کر دیکھ سکتین - اُسنے مانع نظارہ تھے

میرزا ہمایون فر نے ایکدفعہ ہی بصد حسرت یہ شعر پڑھا دار بلند پر مہ

بجرم عشق توام میکشند و غوغا نیست	تو نیز بر سر بام آکہ خوش تماشا نیست

سپہر آرا - فر کی کے پاس جاکر اور میرزا ہمایون فر کو گویا آخری مرتبہ دیکھ کر سر پیٹنے لگی ہمایون فر کے عشق صادق کا کیا کہنا اپنے محبوب شیرین حرکات کو اس ماتم اور سرگونی کی حالت زار مین دیکھکر اپنا صدمہ بھول گئے - گو اجل ہر سمت سے اُنکو اپنی بھیانک صورت دکھاتی تھی اور دم بدم زندگی سے مایوسی ہوتی جاتی تھی - لیکن دست بستہ دور ہی سے کہا کہ اگر یہ کروگی تو ہم اپنی جان دیدینگے -

حضرات ناظرین کیا غضب کا فقرہ ہی - ہاے یہ الفاظ خون رُلاتے ہین - (ہم اپنی جان دے دینگے) ہاے کیا دھمکی ہی گویا جان کے بچنے کی امید ہی تو تھی - چوطرفہ آگ کے شعلے آسمان تک بلند دھوان ہر سمت ابر کیطرح چھایا ہوا - کڑیان اور دھنیان تڑاتڑ چٹختی ہین - بھاگنے کی کوئی تدبیر نہین آگ بجھاتے بجھاتے لوگ عاجز آگئے - ہوا کہتی ہی کہ مین آج ہی تیزی دکھاؤنگی - اور حضرت فرماتے ہین کہ اگر یہ کروگی تو ہم اپنی جان دے دینگے - اب سپہر آرا اور حسن آرا کے آنسو نہین نکلتے تھے - دونون مثل پیکر تصویر خاموش لیکن کلیجا بلیون اُچھلتا تھا اور رونے مین تو بخار چھٹ جاتا مگر آنکا غم نہ رونے سے اور بھی بڑھ گیا -

اب اِس درجہ کو پہونچا جسمین زندگی کے لالے پڑ جاتے ہین حیرت نے دامن پکڑا آنکھون سے حسرت ٹپکتی تھی - چال ڈھال سے حیرت کے آثار عیان تھے - بڑی بیگم سکتے کے عالم مین کچھ تو خیال کر ہاے اس نوجوان شہزادے کی جان مفت مین جاتی ہی - کچھ یہ سوچ کہ تُرکیون سے کہان کی جان بچان نکلی - بڑی بیگم نے خوب دعا مانگی کہ یا الٰہی اس بیچارے کی جان بچا - ہی ہی اسکی سوتیلی کی مان اِس خبر کو سُنکر کیا کریگی اُسپر تو بجلی ہی گر پڑیگی - بھارا لنسا برابر روتی جاتی تھی - روح افزا کبھی فر کی کیطرف جاتی تھی کبھی ہمایون فر کی حالت زار دیکھکر آٹھ آٹھ آنسو روتی تھی اتنے مین جب آگ بہت ہی قریب آگئی تو میرزا ہمایون فر کا استقلال ہاتھ سے جاتا رہا - ادھر اُدھر ساری چھت پر سراسیمگی اور آشفتہ حالی سے گھومنے لگے - اتنے مین ایک خدمتگار قدیم نے ایک طرف گھسکر لکڑیون اور جلتے بلتے دروازون اور دھنیون اور بلیون کو ہٹاکر پانی چھڑکوانا شروع کیا - ہزارون مشکین پانی کی پڑتی تھین مگر بے سود - میرزا ہمایون فر کا بچنا محال تھا - ہوا نے اور بھی زور باندھا اب یہانتک نوبت آئی کہ جو لوگ قریب کھڑے تھے وہ آنچ اور حرارت کے سبب سے دور دور بھاگنے لگے - اور صاحب کلکٹر بہادر نے زمین پر بیٹھکر فرط بیقراری سے رونا شروع کیا - اب آگ میرزا ہمایون فر سے صرف ایک گز کے فاصلے پر ہی اور پھنکے جاتے ہین ایک مرتبہ حسن آرا اور سپہر آرا کیطرف ٹوپی اُتار کر سلام کیا - (جسکو وہ مطلق نہ دیکھ سکین) اور بدن کو تولکر اور ایک نعرہ اللہ اکبر بلند کرکے دھم سے کود پڑے - اور ساتھ ہی سپہر آرا بھی باآواز بلند چیخ کر فر کی سے کودی ہاے ستم کا سامنا ہی - عجب روح فرسا سانحہ ہی خدا دشمن کو بھی نہ دکھائے - اے تو بہ اے توبہ الامان - الامان -

اب سنیے کہ میرزا ہمایون فر نے جب دیکھا کہ مفر کی کوئی صورت نہین اب اجل نے دبوچ ہی لیا تو یہ جان پر کھیل گئے سوچے کہ یون

بھی مرینگے دون بھی مرینگے پھر بچنے کی تدبیر سے کیون غافل رہین انھون نے بکمال استقلال بدن کو تولا۔ اور سامنے کی ایک چھت پر کودنے کا قصد کیا۔ گرد و بانک جانا محال تھا نیچے ہی گر پڑے اگر ذرا دو بالشت ہٹ کر گرین تو جل بھن کے خاک ہو جائین۔ گر زندگی تھی بچ گئے۔ گرے تو گھانس پر یہان زمین بالکل نرم اور نم تھی گرتے ہی بیہوش ہو گئے۔ لوگ چار و نطرف سے دوڑ پڑے اور ہاتھون ہاتھ زمین پر سے اُٹھا لیا

ک۔ سول سرجن صاحب کہان ہین۔

سول سرجن سپہر آرا کو کھڑکی پر سے کودتے ہوے دیکھکر ادھر جھپٹے تھے۔ دیکھا تو سپہر آرا کو ذرا بھی چوٹ نہین لگی تھی۔ بلکہ سپہر آرا نے اُٹھتے ہی کہا کہ لوگو اگر ہمارا شہزادہ بچا تو ہمین دکھا دو اور نہین تو اُسی کی قبر مین ہمکو بھی زندہ دفنا دو سو دو سو آدمیون نے سپہر آرا کو گھیر لیا اور اکثرون نے تشفی دی۔

اتنے مین نواب صاحب آئے اور سپہر آرا کو الگ لیجاکر سمجھانے لگے کہ تم گھبراؤ نہین شہزادے بخیریت ہین۔

سپہر۔ ہاے دولھا بھائی مین کیونکر مانون۔

ن۔ نہین بہن۔ آؤ انھین ہم ابھی ابھی دکھائے دیتے ہین۔

سپہر۔ پھر دکھاؤ۔ میرے دولھا بھائی۔

ن۔ اک ذرا ٹھہرو۔ بھیڑ ذرا چھنٹ جائے تو دکھا دین۔ تب تک گھر چلی چلو۔

سپہر۔ پھر دکھاؤ گے۔

ن۔ فرور خدا کی قسم فرور دکھائینگے۔

سپہر۔ ہمارے سر پر ہاتھ رکھکے کہو۔

ن۔ (سر پر ہاتھ رکھکر) اس سر کی قسم فرور دکھا دینگے اب چلی چلو۔ اتنا کہنا مان لو۔

سپہر۔ اچھے کیونکر ہین۔ بچے کس طرح۔

ن۔ کود پڑے۔ اللہ نے بچا لیا۔

بہزار خرابی نواب نامدار سپہر آرا کو گھر لیگئے۔

اب سنیے کہ وہان سپہر آرا کے گرنے سے کہرام مچا تھا۔ مگر جب سپہر آرا اُٹھ کھڑی ہوئی تو سب کی جان مین جان آئی۔ سپہر آرا اور نواب صاحب گھر مین داخل ہوے۔

ن۔ اللہ نے آج دوبارہ زندگی دی۔

ب۔ اُف بڑی غرت رکھی اللہ نے۔

روح۔ کیا جانے ابتک کیا کا کیا ہو گیا ہوتا۔

بہار۔ آؤ۔ سپہر آرا نیکھا جھلین تم پلنگ پر لیٹ رہو۔

ب۔ انکو لٹا دو اب۔ اور مغلانی تم خوب پنکھا جھلو اور مہری سے کہو ایک طرف سے وہ جھلے۔

ن۔ مین جاکر دیکھون تو ہمایون فر کی کیا کیفیت ہے۔

بہار۔ اے زندہ تو بچے بیچارے۔

ن۔ ہان امید تو ہے۔ فرور بچ جائینگے۔

صاحب سول سرجن نے جو میرزا ہمایون فر کی نبض دیکھی اور کلیجے اور سینے پر ہاتھ رکھا کہا کہ گھبرانے کی بات نہین ہے۔ صدمہ بہت سخت پہونچا ہے مگر علاج آسان ہے تھوڑی دیر کے بعد اُنکی سریع التاثیر اور کثیر المنفعت ادویہ سے اسقدر فائدہ ہوا کہ آنکھین کھولدین اور پانی مانگا۔

ک۔ کیمین درد ہے۔

شہزہ۔ ہان کلیجے کے پاس۔ اور ٹانگ مین۔

ڈاکٹر۔ (یعنی سول سرجن) (ڈ) (ٹانگ کو دیکھکر) ہڈی پر صدمہ پہونچا ہے۔ مگر ہڈی ٹوٹی نہین۔

شہزہ۔ اچھا ہو جاؤنگا یا امید زیست منقطع ہے۔

ڈ - دو دن مین - آپ بہت جلد اچھے ہو جائینگے -

ک - آپنے بڑا کارنمایان کیا - آپ بڑے بہادر شہزادے ہین - شہزر نہین - وہ تو یون بھی جان جاتی سو چاکہ کو دپڑون شاید بچ جاؤن - سو ابتک تو زندہ ہون -

ڈ - نہین نہین آپ گھبرائین نہین - آپ برسون تک گھوڑے پر سوار ہو سکینگے -

شہزر - ہان ! شاید - درد سخت ہی -

ک - کچھ پروا نہین - ڈاکٹر صاحب ابھی ابھی درد کھو دینگے (سول سرجن سے) آپ دن بھر مین تین دفعہ آکر ان کو دیکھیے اور اسسٹنٹ سرجن کو دوپہر یہان رہنے دیجیے رات کے لیے ہم بابو انوکول گھوس کو بھیجینگے وہ رات بھر یہان رہینگے اور ایک نیٹو ڈاکٹر اور ایک کمپونڈر ہر دم یہان رہین -

ڈ - اچھا ابھی انتظام ہو جائیگا -

شہزر - اُف - دل قابو مین نہین ہی -

ک - اور آپ کے کودتے ہی آگ بھی بجھ گئی -

شہزر - میرے ہی ساتھ عداوت تھی - (کوئی ہی) دیکھو پروس مین جاکر بیگم صاحب کو ہماری طرف سے آداب عرض کرو اور کہدو کہ آپ بزرگون کی دعا سے مین بچ گیا - یا مہری کو بھیجدو - تھوڑی دیر مین بڑی بیگم صاحب کے ہان ایک مہری پہونچی - یہ وہی مہری تھی جسکو شہزادہ ہمایون فر نے حسن آرا اور سپہر آرا کے پاس پیغام لیکر بھیجا تھا - جسکو حسن آرا نے ڈانٹ بتائی تھی - سپہر آرا نے سیکڑون صلواتین سنائی تھین - یا تو وہ وقت تھا کہ ان دونون بہنون کو اسکی صورت سے نفرت تھی اور یا اب دیکھتے ہی کھل گئین حسن آرا بیگم مہری کو دیکھکر کسی قدر شرمائین - مگر سپہر آرا دیکھتے ہی فرط بیقراری سے بول اُٹھی کہ (کیسے ہین) مہری آداب بجالائی اور نہایت ادب کے ساتھ یون کہنے لگی -

مہری - (مہر) اے حضور اللہ نے بڑا فضل کیا - کیا جانے کیسا کا دیا لیا اِس گاڑھے وخت (وقت) آڑے آیا - شہر بھر ہاتھ ملتا تھا کہ ایسے لائق وار شہزادے اور کس بیکسی مین ہین اللہ جانتا ہی میرے تو اوسان خطا ہو گئے تھے - بس جی چاہے کہ آگ مین کود پڑون بارے اللہ نے بہت بچا دیا - کیا جانے کس نگوڑے جنمی نے یہ شعبدہ کیا - اتبو بولتے چالتے ہین - لیکن ذری ذری درد ہوتا ہی پھر حضور اِس نہتا پی کو دیکھیے اور کودنے کو دیکھیے -

ب - شہزادون پر سایہ ہوتا ہی - اللہ انکا بچانیوالا ہی -

مہر - لونڈی کو حضور کی خدمت مین بھیجا ہی کہ جاکر حضور کو دلاسا دون کہ اب اچھے ہین - فرمایا ہی کہ آپ بزرگون کی دعا سے مین بچگیا آپ کا بہت خیال ہی -

ب - ہماری طرف سے دعا کہنا اور کہنا کہ اللہ نے آپکو دوبارہ زندگی دی - خدا تمھین خضر کی عمر دے اور خوش و خرم رہو - مگر علاج سے غافل نہ رہنا -

مہر - نہین حضور - بھلا علاج سے بے غافل رہ سکتے ہین بڑے صاحب تو آپ ڈاکٹر (ڈاکٹر) سے کہ گئے کہ دن رات ایک گورا ڈاکٹر یہان رہا کرے -

ب - دیکھو اللہ کو بچانا ہوتا ہی تو یون بچاتا ہی -

مہر - (سپہر آرا) سے اب آپکا مجاز (مزاج) کیسا ہی - اُف پروس مین رہنے سننے سے آپکو بھی حد بھر محبت ہو گئی - ابھی ہماری سرکار کو یہ نہین معلوم ہوا -

بڑی بیگم (خاموش اور متحیر) حسن آرا چپ و چاپ سنتی رہی بہار النسا نے روح افزا کے چسکی لی روح افزا مثل پیکر تصویر خاموش رہی - مہری اپنے دل مین خوش کہ سپہر آرا نے اسقدر محبت ظاہر کی کہ کھڑکی پر سے کود پڑین -

مہر - ہی اجازت پھر - اب جاکے سرکار کو دیکھون ذری -

ب - ہماری طرف سے دعا کہنا - ہی ہی مین یہی سوچتی تھی کہ اب ہونا کیا ہی - توبہ توبہ -

مہر - ہونا کیا - بیگم صاحب ہاتھ پانون پھول گئے تھے کچھ کرتے دھرتے بنتی ہی نہ تھی -

ب - ای سچ پوچھو تو باقی کیا رہگیا تھا - آدھ گز پر تو آگ تھی اُف توبہ

مہر مگر وہ بھی نصیب اعدا جان پر کھیل گئے اور یہ نہ کرتے تو پھر کرتے ہی کیا

بہار - چوٹ تو ضرور آئی ہوگی کہین نہ کہین -

مہر - جی ہان ٹانگ مین چوٹ آئی ہی - گرپون ہی سی اور کلیجے پر بڑا دھچکا لگا -

بہار - ہان پھر کہ دے بھی تو پہاڑ پر سے - کچھ ٹھکانا ہی -

مہر - جی اور کیا حضور جو نیچے سے نظر اُٹھا کر دیکھیے تو آنکھین دیکھنے لگین روح - یہ آگ لگی کیونکر - کھانا وانا پکتا تھا کیا -

مہر - ای میری یہ تو کچھ بھید ہی نہین کھلتا - ای وہ چولہ سے ایک دفعہ ہی آگ لگ گئی ایک کونا جلتا تو کہتے حقہ وقہ کوئی پیتا ہوگا - یا چوہا بتی گھسیٹ لیگیا ہوگا وہ تو بس چار دنطرف سے بھک بھک شعلے نکلنے لگے - یا کسی دشمن نے آگ لگائی جلے تو کا گھر بھر - اللہ کرے بجلی گرے جنمی پر جنے یہ بدی کی -

ب - کیا چھپا تھوڑا ہی رہیگا - چھپ نہین سکتا -

مہر - ای - صاحب لوگ بڑا بندوبست کرتے ہین حضور ابھی ابھی تھانہ دار کو حکم دیا تھا کہ پتا لگاؤ - تین صوبہ دار مقرر کیے ہین -

کچھ نہ کچھ پتا لگ ہی جائیگا -

مہری رخصت ہوئی - شہزادے سے جاکر کہا کہ حضور کہ آئی - کل پرسون جب حضور بالکل اچھے ہو جائینگے تو ایک خوشخبری سناؤنگی حضور کو - لونڈی نے انعام کا کام کیا - مگر حضور اللہ کرے جلد اچھے ہون -

(مسکرا کر انعام)

کیا خبر ہی -

اتنے مین میرزا ہمایون فر نے کہا کہ اب ہم اسوقت سوتے ہین پنکھا قلی کو بھیجو کہ پنکھا کھینچے -

شب کو شہزادہ درد کی چمک کے سبب سے تلملایا کیا اسسٹنٹ سرجن دلاسا دیتے تھے کہ حضور گھبرائین نہین دو تین دن مین بدستور سابق چلنے پھرنے لگیے گا ٹانگ کی ہڈی مین چوٹ آئی ہی مگر ہڈی ٹوٹ نہین گئی ہی اور قلب کے صدمے کا صاحب سول سرجن بہادر نے اچھے طور پر علاج کیا ہی اب آپ اگر سونے کا خیال کیجیے اور ذرا آرام فرمائیے تو خوب ہو میرزا ہمایون فر کی یہ کیفیت تھی کہ ذرا آنکھ لگی اور درد کی چمک نے جگا دیا ذرا پلک جھپکی اور آنکھ کھل گئی کسی پہلو چین نہین آتا تھا - پلنگ پر ادھر اُدھر لوٹتے تھے مگر آرام منزلون دور بارے بزار خرابی کہین چار بجے صبح کو آنکھ لگی -

سویرے منھ اندھیرے صاحب سول سرجن تشریف لائے تو دیکھا کہ شہزادہ بہادر میٹھی نیند سو رہے ہین اسسٹنٹ سرجن سے دریافت کیا کہ شب کو طبیعت کیسی تھی انھون نے کل حال بتایا اور ہدایت ضروری کے بعد اور مریضون کو دیکھنے چلے گئے - کوئی دس بجے کے قریب میرزا ہمایون فر کی آنکھ کھلی تو ڈاکٹر صاحب نے کہا (صاحب آئے تھے)

مین نے آپ کا حال کہدیا - ایک دوا بدل دی ہی سو دوا دوکان سے آگئی ہی - منھ دھوکے ایک خوراک پی لیجیے - انشاء اللہ درد مین بھی کمی ہو جائیگی اور قلب کو بھی تسکین ہوگی -

اتنے مین رؤسا اور امرا اور عمائد شہر اور خوش باش اور مہاجن و عمال عیادت کے لیے جوق جوق آئے سب نے شب کے سانحۂ ہوش ربا سے کمال افسوس ظاہر کیا -

ن (یعنی نواب تہور علی خان بہادر) خدا نے بچا دیا باقی کیا رہا تھا - تو بہ ع

رسید ہ بود بلائے ولے بخیر گذشت	

راجہ شمشیر بہادر - (راجہ) حواس کھوکانے نہ تھے - ہاتھ پانوں پھول گئے تھے کہ یا الٰہی بچائیو -

تحصیلدار - دیکھنے والون کے ہوش اڑے ہوے تھے مگر آپ کے استقلال کا کیا کہنا - ایسے وقت نازک پر مستقل مزاج رہنا کارے دارد -

سررشتہ دار - اسمین کیا شک ہی - آگ بالکل قریب پہونچ گئی تھی -

نور شاہ - (نور) قدم درویشان ردبلا - بابا اللہ بڑا مسبب الاسباب ہی - ؎

گلستان کند آتشی بر خلیل	گردد بہ آتش بر و زاب نیل

وہ بڑا مالک ہی - دم کے دم مین آگ کو پانی اور پانی کو آگ کردے جل جلالہ جل جلالہ - مین اپنی کٹی سے دعا دے رہا تھا - اللہ نے سُن لی اور میری دعا قبول ہوگئی -

س - یہ آگ لگی کیونکر -

تحصیلدار - کسی دشمن کا کام تھا -

ن - اسمین کیا فرق ہی - اے صاحب چارون کونون مین ایک دم سے آجنگ کہین بھی آگ لگی ہی - کیسی دشمن کا کام ہی سرکار کو پتا لگانا چاہیے -

س - کسی پر شک ہی - آپکو - کیون پیر و مرشد -

شہنر - حضرت کسکا نام لون - ہان ہی تو شک مگر چہ شک کہ اُسکا نام ہی نہین معلوم -

ن - (یعنی بہار النسا کے شوہر) این! لاحول ولا قوۃ - یہ تیرھی کھیر ہی -

راجہ - حیلہ بتایئے - کچھ پتا بتایئے - سن ہی ادھیڑ ہی - جوان ہی گوراہی کالا ہی قطع کیا ہی - ہندو ہی یا مسلمان ہی - دیکھا تو آپ نے ہی اُسے یا دیکھا بھی نہین -

شہنر - ہان دیکھا ہی - مین عرض کرونگا -

مہر - حضور سو بھوکون کو کھانا کھلوا دیا گیا - کوئی بتیس یا بائیس اور آگئے ہین وہ بھی کھا رہے ہین - اور شہر مین دو سو آدمیون کے لیے پکوایا گیا ہی -

شہنر - صبح شام دونون وقت دیا جائے - الصدقہ ترد البلاء وتزید فی العمر -

نور - حق ہی - حق ہی - صدقے سے بلا رد ہو جاتی ہی -

شہنر - شاہ جی کے ہان بیس آدمیون کا کھانا بھیجدیا جائے -

نور - نہ - بیس آدمیون کے لیے نہین - ساڑھے انتیس بھوکون کے واسطے

اتنے مین چٹھی رسان نے خدمتگار کو ایک بیرنگ خط دیا - محصول لیا اور روانہ ہوا خدمتگار خط لیکر شہزادے کے پاس گیا - مگر چونکہ اُسوقت آقائے نامدار تحصیلدار صاحب سے باتین کر رہے تھے لہذا دخل درمعقولات دینا خلاف ادب سمجھکر خاموش ہو رہا

جب میرزا ہمایون فرنے گفتگو سے ذرا فراغت پائی تو خادم باادب نے تپہ کے ساتھ خط دیا - شہزادے نے خط لیا اور لفافہ دیکھ کر کہا کہ کسی بڑے خوش خط کا لکھا ہوا ہی - لیکن متحیر تھے کہ یہ خط کس نے بھیجا ہی بھئی کھولا اور پڑھنا شروع کیا حاضرین بلا وقت دیکھ سکتے تھے کہ خط پڑھتے پڑھتے شہزادے کا رنگ متغیر ہوا جاتا تھا اور چہرے سے ملال و غم و غصہ کے آثار صاف پائے جاتے تھے لوگ سمجھے کہ اُنکے گھر سے خط آیا ہی شاید کسی عزیز کی وفات کا حال پُر ملال اسمین درج ہے چپ چاپ سکتے کے عالم مین بیٹھے تھے کہ اس سانحے کے بعد دوسرے ہی روز حادثۂ جانکاہ کا حال میرزا ہمایون فرکو اور بھی ملول و افسردہ کر دیگا - شہزادے کا چہرہ مارے غصے کے سرخ ہو گیا - خط پڑھتے پڑھتے ایک دفعہ ہی دانت پیسنے لگے بعض آدمی سمجھ گئے کہ اسمین ایسی بات لکھی ہی جس سے شہزادہ بد دماغ ہو گیا کسی کی وفات کا حال درج ہوتا تو رونے سر پیٹتے - کپڑے پھاڑ ڈالتے - دانت پیسنا کیا معنی اور بعض سمجھے کہ کسی ایسے رشتہ دار کی وفات کی خبر وحشت اثر سنی ہی جسنے اُنھین دیوانہ بنا دیا اور اس درجہ صدمہ پہونچایا کہ حالت جوش جنون مین دانت پیسنے لگے - میرزا ہمایون فرنے خط کو پھر بدستور لفافہ مین رکھدیا مگر پھر کھولا - اور پڑھنے لگے - پھر چہرہ سے انتہا کی پریشانی اور غم و غصہ ظاہر ہونے لگا تب تو تحصیلدار صاحب نے قریب جاکر آہستہ سے پوچھا کہ خیریت تو ہی - شاہزادے نے بکمال افسردگی (ہان) کہکر خط بند کر دیا -

ین - مین اس خط کو پڑھ سکتا ہون -

شہزر - ابھی نہین -

س - خدا خیر کرے - آخر اتنا تو فرما دیجیے کہ خیریت تو ہی نہ شہزر - ہان جو ہونا تھا وہ ہو چکا - بس یہی اسکا مضمون ہی

مصاحب - این ! - الٰہی خیر - کیا رات کے حادثہ سے اس خط کو کوئی تعلق ہی -

تحصیلدار - ہان معلوم تو ایسا ہی ہوتا ہی -

شہزر - نجلے مین کہدونگا - آج تو آپ کو چھٹی ہی نہ یا کچہری جانا ہی -

تحصیلدار - جی نہین آج تعطیل ہی - از برائے خدا یہ خط ہمکو دکھا دیجیے -

شہزر - مین اسکا ایک حصہ خود پڑھکر سنا دونگا -

یہ کہکر شہزادۂ ہمایون فرنے وہ خط نواب صاحب (شوہر بہار النسا) کو دیا اور قریب بلا کر کہا کہ آپ اس خط کو چپکے سے پڑھ لیجیے - لیکن آپکو قسم ہی کہ کسی شخص سے تذکرہ نہ کیجیے گا - بس ایک نظر دیکھ لیجیے اور میرے حوالے کیجیے -

نواب صاحب نے خط پڑھنا شروع کیا - اب دل لگی دیکھیے کہ اُنکے چہرے کا رنگ بھی متغیر ہو گیا اور حاضرین سمجھ گئے کہ اسمین کوئی بات ایسی ضرور درج ہی جس سے نواب صاحب کو بھی کسی قدر تعلق ہی حیران و ششدر رہ گیا الٰہی یہ کیا ماجرا ہی - خط کا مضمون ذیل ہی -

مضمون خط

ہم سے کھلیجاؤ بوقت می پرستی ایک دن
ورنہ ہم چھیڑینگے رکھ کر عذر مستی ایک دن

اجی حضرت تسلیم - کیون سچ کہنا کیسا بدلہ لیا - ہات تیرے کی - لاکھ لاکھ سمجھایا - ارے سچ سچ دکھائی ہاتھ جوڑے

خوشامدکی - قدمون پر ٹوپی رکھی - منت سماجت کی نہ مانا نہ مانا - خیر نہ مانو - ہمارا کیا بگڑتا - تم خود ہی مصیبت مین پڑے آج رات کو گھر بھر نہ پھونک دون تو سہی تم نے ہمارا دل جلایا ہے ہم اتنا بھی نہ کرین کہ تمھارا گھر جلا دین - ؎

پھونک دین نالۂ سوزان سے گر چاہین قفس
ہم فقط خاطر صیاد کیا کرتے ہین

کل صبح کو ہم پوچھینگے کہ مزاج شریف - جسوقت یہ خط تمھارے پاس پہونچیگا مکان جل بھن کے خاک ہوگیا ہوگا -

راقم شہسوار

ایک جوان خوبرو کا عشق کے جھگڑے مین جان کھونا اور شہسوار دلفگار کا تارک الدنیا ہونا

زہر گلے کہ ہوے دلم نقاب کشاد — فلک بگلشن حسرت نوشت درفت بباد
ہزار جان گرہ کہ در دنیقہ بدعا بستند — بدامن طلب مدعی نہاد و کشاد
زمانہ غیر الم نامد نیست تضنیفش — دلم زصفحۂ فرست اد گرفتہ سواد

شہسوار دلفگار با حالت زار و درد فراق اصنام گلعذار سے سر دفعتا جوش جنون کے طفیل مین تنکے چنتا حیران و پریشان فرس آہو شکار و باد رفتار کو کڑکڑاتا اور چمکاتا ہوا اُس شہر مینو سواد غیرت بہشت شداد سے راتون رات بکٹ بھاگا دل مین چور تھا کہ مبادا گرفتار ہو جاؤن جیلخانہ جھیلون سزا پاؤن - خیال جرم آتش زنی سے زہرہ آب آب تھا - از بس بیقرار و بیتاب تھا - شہزادۂ باذل دریا دل کے گھر مین آگ لگائی تو شامت کی صورت مجسم نظر آئی - مارے خوف کے قدم قدم پر ٹھوکر کھایا - آنکھین پرنم ہوئین دل بھر آیا ٹھیک دوپہر کو اشجار پر بہار کے سایہ مین ذرا ستایا پھر جو باگ اُٹھائی اور شہپ سبک خیز کو کڑکڑایا تو وقت شام جبکہ دن قریب اختتام اور آفتاب لب بام تھا ایک چھوٹا سا گاؤن نظر آیا - پڑاؤ پر پشت توسن سے اُتر کر زین پوش کو ہری ہری گھانس پر بچھایا ہی تھا کہ ناگاہ بستی کی طرف سے غُل غپاڑے کی آواز آئی اور دیکھا کہ بستی کے آدمی اور ادھر اُدھر کے مسافر دوڑے چلے جاتے ہین شہسوار گو دن بھر کا بھوکا پیاسا تھکا ماندا تھا لیکن طبیعت نے گوارا نہ کیا کہ اِس ہنگامے کی خبر نہ لے اُٹھکر یہ بھی اُسی سمت چلے جدھر غُل ہو رہا تھا - پہونچے تو کیا دیکھتے ہین کہ گانون بھر کے باشندے کورمی - نائی - باری چمار - کسان برہمن - چھتری - مغل - پٹھان - جوق جوق جمع ہوئے ہین ٹھٹ لگائے کھڑی ہین - بھیڑ کو کاٹ کر یہ بھی قریب گئے تو دیکھا کہ دو گنوار باہم لڑ رہے ہین مگر گانون والے بیچ بچاؤ کرنا تو بالاے طاق اور شہ دیتے جاتے ہین کہ دیکھو پھسڈی نہ رہ جانا ہان شاباش ہی بڑھکے ہاتھ لگانا - ایک آدمی گرانڈیل ڈنڈ پیل کشتی گیر چست لنگوٹ باندھے کچھ لوھیا تلوار ہاتھ مین لیے بھونڈے پینترے بدل بدل کر حریف پر وار کرتا ہے - دوسرا جوان گبھرو خوشرو تنگ کسے لٹھ چلاتا ہے دونون اپنی اپنی گھات مین ہین شہسوار نے چاہا کہ بیچ بچاؤ کر دین مگر اردگرد سے حوالی موالی نے بہت دسماجت کہا کہ حضور رئیس ہین ان دونون بدمعاشون کے بیچ مین نہ بولین - یہ خود ہی آپس مین نپٹ لینگے - شہسوار سے نہ رہا گیا - اُنھون نے آگے بڑھکر چاہا کہ ایک کے ہاتھ سے تلوار چھین لین مگر اُسنے ڈانٹ بتائی کہ تلوار میرے ہاتھ سے تمھارے پاس آئی اور میری لاش پھڑکنے لگیگی - یہ فوراً ہی لٹھ چلائیگا اور مین کہین کا نہ رہونگا شہسوار نے بصد الحاح لٹھ بازسے کہا کہ میان گبھرو کیون

جان کے دشمن ہوے ہو۔ کچھ دن دنیا کی سیر تو کر لو اُس نے آو دیکھا نہ تاؤ ایک ذرا پیچھے ہٹا اور ہٹتے ہی جھپٹ کر اس زور سے اپنے دشمن پر لٹھ رسید کیا کہ سر پھٹ گیا۔ اور خون کے شراٹے بہنے لگے۔ تلوار ہاتھ سے گر گئی اور تیور اکر دھڑسے مین پر آرہا۔ لٹھ باز لٹھ وٹھ چھوڑ کر بھاگنے ہی کو تھا۔ کہ لوگون نے لپیٹ لیا۔ اور حضرت گرفتار ہو گئے۔ صدر مقام اس کانون سے ڈیڑھ کوس کے فاصلے پر تھا۔ چوکیدار نے معاً تھانے پر رپٹ بولی اور سب انسپکٹر پولیس بارہ جوانون کو لیکر اسی دم گانون مین آن موجود ہوے۔ دیکھا تو اُس بیچارے کو نیم جان پایا۔ فوراً چارپائی پر ڈالکر اسپتال بھجوایا۔ اور مجرم کو مع مواد واردات کے گواہون کے تھانے پر لیجانے۔ منجملہ اور گواہون کے حضرت شہسوار بھی تھے۔ انھون نے گھوڑا کسا اور سب انسپکٹر کے ساتھ تھانے چلے۔ گانون کے دس بارہ آدمی بھی ساتھ تھے شہسوار نے پوچھا کہ آخر یہ ہوا کیا۔ اس گلچھرّے و عناد و فساد کا سبب تو بتاؤ جو صحیح صحیح امر ہو سو بہو کہ سناؤ۔

ایک مولوی صاحب نے جو گانون بھر کے قاضی تھے کہا کہ یا حضرت زر زمین زن کے سوا اور کسی بات پر جھگڑا ہوتے دیکھا نہ سنا۔ مجروح نائی ہے اور مجرم شہر کا نانبائی۔ اس گانون سے آدھ کوس پر ایک جوان اور پری چہرہ عورت رہتی ہے جسکو یہان کے باشندے جوگن کہتے ہین۔ اس جوگن کی لگاوٹ بازانکھ بوین نے ایک عالم کو قتل کر رکھا ہے۔ ایک ایک عضو بدن سانچے کا ڈھلا ہوا ہے۔ چال وہ مستانہ کہ انسان دیوانہ ہو جائے۔ ہر کرشمہ ناکس کی دہانک رسائی ہے۔ مگر اُس کا فریبکش نے عجب طبیعت پائی ہے کہ لگاوٹ کرتی ہے مگر بھی الگ رہتی ہے۔ جو کیا خوش آیا اور اترایا کہ جوگن ہم پر مرتی ہے ہمسے کھل کھل کے باتین کرتی ہے۔ مگر سب ناکام و نامراد رہے گو مست اور جوان طناز ہے۔ گو عاشق تن اور لگاوٹ باز ہے مگر انتہا کی پاکباز ہے۔ یہ دونون سودائی نانبائی اور نائی بھی اُسکے ہان جانے لگے اور بڑھ بڑھ کر باتین بنانے لگے۔ نان بائی کو یہ خبط کہ میرے ساتھ اسکا اب نکاح ہوا اور اب نکاح ہوا کئی بار مجھ سے آنکر کہہ گیا کہ برسون نکاح پڑھنے ضرور چلیے گا۔ مین دل ہی دل مین ہنستا تھا کہ خود دیوانہ ہے یا مجھے دیوانہ بناتا ہے آپ اور اُس مہوش نازنین گلفام زہرہ جبین کو عقد نکاح مین لائین۔ پہلے گرھیا مین منھ دھوکر

میان خلیفہ کا حال سنیے کہ انکی انکھون پر بھی پٹی باندھا کہ شیطان کی پٹی پڑھا دی تھی کہ ہر جوگن کی جان جاتی ہے۔ کئی بار گانون مین کہ چکے کہ جوگن ہمکو پیار کرتی ہے منسور آدمیون نے کہا پہلے منھ تو بد قطع کھا مرّی ذات کا نائی۔ یہ منھ کھائے چولائی۔

اب سنیے کہ ایک دن نان بائی شہر سے دو بجے رات کو اُس جوگن کے پاس گیا تو اثنائے راہ مین میان خلیفہ بھی ملے۔ لاگ ڈانٹ تو تھی ہی انھون نے انکو للکارا۔ انھون نے انکو ڈانٹ بتائی۔ گلچھرّے سے تکرار ہوئی۔ تکرار سے جوتی پیزار۔ حتی کہ آج خون خرابے کی نوبت آئی۔ کئی مہینے تک ناچاقی رہی۔ یہ اسکے خون کا پیاسا وہ اسکی جان کا دشمن۔ نان بائی نے نائی کا گھر پھونکدیا۔ چھ مہینے کی قید پائی۔ نائی نے نان بائی کی دوکان جلائی۔ دونون نے گھر پھونک تماشا دیکھا اس تقریر خصوصاً آتش زنی کے ذکر نے شہسوار کے دل پر عجب طرح کا اثر کیا۔ کبھی بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے۔ کبھی انکھون کے تلے اندھیرا سا چھا جاتا تھا۔ کبھی پنا فعل مخونانہ یاد آتا تھا۔

دوسرا گنوار بولا کہ یہ جوگن کیا جانے کون ہے۔ اسنے کئی خون کرائے سب انسپکٹر (اس) حضرت مین بھی دو چار بار اس مہ پارہ عابد فریب کے پاس گیا ہون پردہ جو اٹھایا تو دا لعد نور کا بکا نظر آیا۔ خوطلعت پری پیکر سیم بدن رشک قمر۔ مزاج مین اس درجہ

شوخی کوٹ کوٹ کر بھری ہی کہ ایک ایک عضو مجسم کان دبری ہی۔ عورت کیا پرستان کی پری ہی۔ دم تقریر منھ سے پھول جھڑتے ہین۔ مگر تاڑنے والے تاڑ گئے کہ کسی ترک سنگدل کے تیر نگاہ نے گھائل کیا ہی۔ معلوم ہوتا ہی کہ مطلوب کی جدائی سے عشرت شناس گذری کہ دنیا ہی کو چھوڑا۔ عیش و عشرت سے منھ موڑا۔ کنج تنہائی سے ناتا جوڑا دور دور تک اُسکے جمال مبین کا شہرہ ہی۔ منزلون سے مرد عورت بوڑھے جوان الغرض ایک جہان اِسکی زیارت کو آتا ہی۔ کوئی حسن گلوسوز دنور عالم افروز دیکھکر عش عش کر جاتا ہی کوئی عنفوان شباب اور اُٹھتی جوانی کی آب و تاب اور مستانہ چال اور پیاری ادا کا شیدا ہی۔ القصہ ایک عالم مبتلائے بلا ہی۔ جو جاتا ہی یہی کہتا آتا ہی کہ ؎

اُفتاں گردیدہ ام مہر بتان ورزیدہ ام	اما
بسیار خوبان دیدہ ام الا تو چیزے دیگری	

شہ۔ یہ جوگن کیون ہوگئی۔

س۔ واللہ اعلم۔

شہ۔ کچھ ٹوہ تولی ہوتی۔

س۔ اجی حضرت وہ بہت دور ہین۔

شہ۔ سن کیا ہوگا بھلا۔

س۔ ع۔ برس پندرہ یا کہ سولہ کا سن۔ | ما

شہ۔ بس!!!۔

س۔ اٹھارہ یا بیس سے کسی صورت مین زیادہ نہین ہی۔

شہ۔ اہو ہو ہو۔ تو یہ کہیے قیامت ڈھائی ہی اچھا یہان کسی سے یاد اللہ بھی ہی۔

س۔ اتوبہ۔ کہانہ کہ لگاوٹ کی باتین سب ہی سے کرتی ہی مگر ممکن کیا کہ کسی کے پھندے مین پھنس جائے۔

شہ۔ اسمین کچھ اسرار ضرور ہی۔ سترہ اٹھارہ برس کا سن جوانی کی راتین۔ مرادون کے دن۔ اور دنیا سے الگ تھلگ بستر جانا جوگن کے بھیس مین عمر گوانا بے وجہ نہین۔

کنوار۔ اتنی عمر آئی ایسی جوگن نا ہین دیکھی تھی۔

دوسرا کنوار۔ شہرن جو تماشا ہوت ہی اس مین البت جوگن نہت را ہی۔

س۔ (چوکیدار سے) یہ آج کس بات پر جھگڑا ہوا جی۔

چوکیدار۔ (چ) ہجور۔ وہ ساس جون جوگن بنی ہی۔

س۔ چپ۔ گدھا۔

شہ۔ کیا واہیات بکتا ہی۔

چ۔ صوبہ دار صاحب۔ اب لے تمسے کاؤکی۔

س۔ ہم تم سے فقط اتنا پوچھتا ہی کہ اِن دونون بدمعاشون مین کس بات پر لڑائی ہوا۔ تم ہمارے سوال کا جواب دو۔ بس بیہودہ مت بکو۔

چ۔ جیسے یہ جہانگیر بھی وہان جات رہے اور حلوائی بھی۔

س۔ حلوائی کون ہے۔

کانسٹبل۔ (کا) حضور اسی نانبائی کو کہتا ہی۔

چ۔ تون آپس مین لاگ ڈانٹ ہوے گئی۔ اے بس ایک روج مار دھاڑ ہوے گئی اور گانون مین ملا مچا تو ورن اُس روج ہمری یوجی (عوضی) تھے۔ دوڑ گئے۔ دیکھین کہ لٹھ چل رہا ہی۔ کھیر (خیر) بھیسلا (فیصلہ) بھیا دھن مل یہ اُنکے دشمن وہ اُنکے دشمن۔ بس آج تلوار اور لٹھ چلے لاگ۔

کنوار۔ موڑ سے رکت بہت ہی۔

مولوی۔ (م) صوبہ دار صاحب آج نائی نے کئی گنجیان چڑھائی تھین۔ دارو بہت پیے ہوے تھا اور اتفاق وقت

نان بائی بھی آگیا - تو نائی نے عمداً اور قصداً چھیڑ کے کہا کہ آج ہم اپنے پیٹ کو اُلٹے اُسترے سے مونڈ لینگے - نان بائی بولا اللہ نے چاہا تو تند دہی مین جھونک دیا ہو - کمبخت وسنبخت سب چھنک چھنکا کے رہجائے - نائی نے کہا پھر اُٹھون مین - نان بائی نے آؤ دیکھا نہ تاؤ بڑھکے دھول جمائی - تڑسے -

شہ - کیا آپ بھی اُسوقت سیر دیکھ رہے تھے -

م - جی ہان - مین قاضی ہون -

شہ - اور آپ کے گھر کے چوہے - -

م - (مسکراکر) سیانے - یہان کا قانون بھر مجھکو ماننا ہی - مولوی مولوی کہلاتا ہون - مولوی بننے کی لیاقت تو کہان پائی مگر خیر بزرگون کی عنایت ہی -

شہ - دو لتخانہ قدیم سے یہین ہی -

م - جی ہان خداوند - میرا دولتخانہ یہین ہی پر آنا رئیس ہون -

س - (ہنسکر) بجا -

شہ - (مسکراکر) واللہ شہر کی بھی کیا بات ہی -

س - بندہ پرور ابھی کوئی دس بارہ دن ہوے ہونگے ایک مشاعرے مین جانے کا اتفاق ہوا - خواجہ صاحب اور شیخ صاحب مغفور کے تلامذہ کے تلامذہ اور اُنکے خوان لیاقت وفصاحت کے زلہ ربا کئی شعراے غرا اور سخندان بے ہمتا کا کلام سُنکر رو وجد کرنے لگی - تھوڑی دیر کے بعد ایک دیہاتی بھائی کے پڑھنے کی باری آئی - اہل شہر اُنکی قطع ہی سے بھانپ گئے کہ گنوار کے لٹھ ہین - کئی بار شعر غزے کرکے حضرت نے شعر پڑھا تو آخر مین فرمانے ہین - (بیمار ہُون) سا معین متحیر کہ بھئی یہ (ہُون) چہ معنی دارد پھر حضرت نے فرمایا (سرشار ہُون) یا الٰہی یہ (ہُون) کون لغت ہی - کون بلا ہی - غزل غیر طرح پڑھی تھی - اب سب چکر مین ہین کہ یہ (ہون) کون لغت ہی - آخر کار ایک شاعر بذلہ سنج وبطیفہ گو نے یون پوچھا شاعر - یا حضرت غزل تو چشم بددور مرصع ہی - مگر یہ (ہُون) کس جانور کا نام ہی -

دوسرا شاعر - قبلہ یہ (ہُون) جانور نہین ہی - یہ حضرت ہی جانگلو ہین - دیہاتی بھائی شعر پڑھنا کیا جانین یہ (ہُون) کی خرابی ہی -

چ - پہل کھلیپھا - (خلیفہ) ہی کہن -

س - ہان قاضی صاحب پھر کیا ہوا -

م - بس خداوند پھر دونون مین کشتی ہوئی - کبھی یہ اوپر وہ نیچے کبھی وہ نیچے یہ اوپر - بڑی دیر تک داؤ و پیچ اور چٹ پٹ ہوا کی - اتنے مین رنگی امیر نے لائے تھے نائی کو ایک تلوار دی اور کہا کہ بھرپور ہاتھ لگانا - ایک اور بدمعاش بولا کہ خبردار قسمہ تک نہ باقی رہے - تب تو مین بھاگا کہ چوکیدار سے کہون دھوڑ تا گیا -

شہ - انسپکٹر صاحب اُس محاورہ کو یاد رکھے گا -

س - اُف واللہ ہمارے ہنسی کے پیٹ مین بل پڑ پڑ گئے -

م - بس مین دھوڑ کے پورن چوکیدار کے مکان پر گیا اُسکی جوڑو بولی -

شہ - کون بولی -

س - (ہنسکر) جوڑو -

م - حضور حکام ہین آپ کو ہنسنا نہ چہیے -

س - جی ہان مین حکام ہون - مگر آپ بھی تو امرا ہین ہان فرماؤ (ہنسکر) فرماؤ جی -

م - دیکھیے فرماتا ہون -

شہ - اوف - خدا کی قسم ہنسی ضبط نہین ہوسکتی -

م - اب آپ لوگ ہنس لین تو مین فرماؤن پھر -

شہسوار کا مارے ہنسی کے بُرا حال تھا اور سب اسپکر بھی ہنستے ہنستے عاجز آگئے -

م - بس جناب من وہان سے مین اس چوکیدار کو لایا - یہان دیکھا تو خون کے دریا بہ رہے تھے -

الغرض تھانے پر پہونچے - دوسرے دن مجرم کا چالان ہوا اور گواہون کے بعد مجرم دورہ سپرد کیا گیا -

اتنے مین نائی بیچارہ راہی ملک بقا ہوا -

کانسٹبلون نے مجرم سے کہا کہ اب پھانسی پاؤگے جہانگیر کے مرنے کی خبر ہوگئی - اس فقرہ ہوش ربا کے سنتے ہی قاتل کا خون خشک ہوگیا - ع -

کاٹو تو لہو نہ تھا بدن مین	

رنگ فق - اجل ہر در و دیوار سے اپنی بھیانک اور مہیب صورت دکھاتی تھی - پندرہ منٹ تک اُسکی یہ کیفیت رہی کہ کوئی ہاتھ پاؤن بھی چلا دیتا تو اُسکو اصلا خبر نہوتی حیرت سی حیرت تھی - طرح طرح کے خیالات دل مین جگہ پانے تھے ہاے اِس جوگن سے آشنائی کرنے کا شوق کیون چرا آیا - اُف - ہاے یہ ہمین کیا سوجھی - اپنے آپ اپنے پاؤن مین کلھاڑی ماری -

کا - یہ ہوا کیا تھا بھائی -

قاتل - (قا) (رایوسی کے ساتھ) کیا بتائین -

کا - آخر کچھ تو کہو - یہ ہوا کیا -

قا - ہوا کیا - مفت مین جان گنوائی - اوف - اسوقت باتین کرنے تک کو جی نہین چاہتا -

جمعدار - (جمع) وہ جوگن کے پھیر مین تمھے بجرُو -

قا - ارے بھیا ہم تو مرتے اُسنے بچے اور جہانگیر سے کہا کہ تم دونون آپس مین جھگڑا چکالو - جھگڑا چکانا گیا جہنم مین ہمارا جھگڑا پاک ہوگیا -

جمع - شادی ہوگئی ہے -

قا - ہان -

جمع - ہاے ہاے -

قا - مرگئی بیچاری - اتنی ہی تو خیریت ہے -

کا - اور کون کون رشتہ دار ہے -

قا - یہ نہ پوچھو - کیا بتاؤن - ہاے کیا ہوا -

جمع - مان تو جیتی ہے - یہ بتاؤ -

قا - سر دھم سے زمین پر گر پڑا - اور بہ آواز بلند چیخ اُٹھا ہاے ہاے

جمع - (ہاتھ ملکر) ارے معلوم ہوتا ہے اُسکی مان بوڑھی ہے -

قا - اور اندھی بھی ہے -

جمع - ارے توبہ توبہ - یہ بڑی بُری سنائی -

کا - ہان یہ دنیا کا لیکھا ہے - ع -

دنیا دورنگی مکانا سرائے	کہین کھوب کھوبا کہین ہاے ہاے

جمع - بھائی صاحب اب اسوقت اپنے اللہ کو مولی کو یاد کیجیے اور مرنا تو ایک دن بدا ہی ہے اور یہ کیا ضرور ہے کہ پھانسی ہی ہو -

قا - جو حکم حاکم دے -

جمع - برس چھ مہینے کی سزا ہو جائے تو اچھے رہے -

قا - جی گئے سمجھین کہ جی گئے -

جمع - اللہ مین سب کچھ قدرت ہی -

قا - ہان مگر بُرے کام کا بُرا ہی نتیجہ ہی -

جمع - گھبراؤ نہین خدا مالک ہی - ابھی پرسون ہی ایک مقدمہ ہوا تھا - ایک کوری نے اپنی بہو کو مار ڈالا تھا - صاحب نے پوچھا دل کیون مار ڈالا - اُس نے صاف صاف کہدیا کہ حضور وہ بدراہ چلتی تھی مجھ سے نہ دیکھا گیا - بس دوسرے دن صاحب نے دوبرس کی قید کا حکم سُنا دیا -

کا - ہان - ! سب سمجھتے تھے کہ پھانسی ہوگی یا کالے پانی جائیگا -

پھانسی ! پھانسی ! ! پھانسی ! ! !

چون حاصل آدمی درین جا بے دو در	خبر درد دل دادن جان نیست دگر
خرم آنکس کہ نفیس زندہ نبود	وآسودہ کسی کہ او نزاد از مادر

تاریخ معینہ کو صاحب سشن جج کے روبرو مقدمہ پیش ہوا اور محمود قاتل بلوایا گیا - اجل سے دوچار ہونا دل لگی نہین ہی محمود کی اُسوقت عجب حالت تھی - ہر فرد بشر کو حیرت اور حسرت کی نظر سے دیکھتا تھا - اور صورت اسقدر ڈراؤنی ہوگئی تھی کہ الامان الامان - سوچتا تھا کہ ہاے دنیا اسی کا نام تھا اسی دنیا پر ہم لوٹتے تھے - اسی زندگی پر ہمین اس درجہ بھروسا تھا - وائے نادانی - پانوں خواب آلود ہوگئے ایک قدم چلنا بھی دوبھر تھا خوب جانتا تھا کہ پھانسی ضرور پاؤنگا - اب مردون مین میرا شمار ہی ارد گرد ٹھٹ کے ٹھٹ آدمی جمع تھے - کوئی افسوس کرتا تھا کہ بیچارے کی جوان جانگی تو یہ انقلاب آدمی آبدیدہ ہوگئے صاحب سشن جج نے بعد ملاحظہ اظہارات گواہان دیا دداشت سپردگی صاحب مجسٹریٹ و رپورٹ پولیس صاحب سول سرجن کا بیان پڑھنے کا حکم دیا بعد ازان گواہ طلب ہوئے اور اظہارات قلمبند کیے گئے - مجرم اقبالی تو تھا ہی عدالت سشن مین بھی سُنے باستقلال تمام اقبال جرم کیا - اُسوقت عدالت کے کمرے مین تل رکھنے کی جگہ نہ تھی مستغیث اور اہل عملہ اور بعض حکام اور اہل شہر جو تھے جمع تھے - صاحب سشن جج نے اسیسرون کی راے طلب کی تو انھون نے بھی عدالت کی راے سے اتفاق کر لیا اور عدالت نے پھانسی کا حکم دیا - مجرم کا رنگ زرد ہوگیا - خون خشک - کارروائی عدالت سشن مع شکل مقدمہ عدالت ماتحت منظوری سزاے موت کے لیے بحضور صاحب جوڈیشل کمشنر بہادر روانہ کی گئی - اور صاحب موصوف نے سزاے مجوزہ عدالت سشن منظور کر کے مقدمہ واپس کیا مجرم کو آٹھ روز کی مہلت دی گئی کہ اپیل کرلے - مگر اپیل دپیل کیا ہوتی جب میعاد اپیل گذر گئی تو مجسٹریٹ ضلع کے نام جنرل عدالت سے مقدمہ سپرد سشن ہوا تھا حکم بھیجا گیا کہ تعمیل حکم عدالت سشن کیجائے -

صاحب مجسٹریٹ بہادر نے حسب عدہ آرڈر بک مین ایک حکم اس مضمون کا تحریر فرمایا کہ ازانجا کہ محمود ولد پیر بخش ساکن موضع پکہ بتاریخ فلان ، بجے صبح کے وقت بمقام جیل پھانسی پائیگا لہذا ایک مجسٹریٹ درجہ اول اور صاحب مہتمم جیل اور صاحب ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس موقع پر موجود رہین اور جلاد مع رسہ کی رسّی اور ٹوپ کے حاضر رہے -

اس حکم کے پہونچنے کے بعد صاحب مہتمم جیل نے جملہ سامان تیار کیا اور بتاریخ مذکور صبح سے جیلخانے کے دروازے پر لوگ جمع ہونے لگے - سات بجے کے وقت وہ ہجوم تھا کہ دور تک سر ہی سر نظر آتے تھے - صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل نے محمود سے پوچھا کہ کیا کھائیگا

محمود تو اُسوقت خون جگر کھا رہا تھا کسی چیز کا نام اُسکی زبان پر نہ آیا - پھر پوچھا کیا کھائیگا - اُسنے گردن کے اشارے سے بتایا کہ کچھ نہیں صرف استعد بیان کیا کہ مجھکو نہانے اور نماز پڑھنے کی اجازت دیجائے -

صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل کو شک تھا کہ مین اِس قسم کی اجازت دیسکتا ہون یا نہین اُنھون نے صاحب مجسٹریٹ اور صاحب سول سرجن سے بطور خود دریافت کیا کہ مین ایسا حکم دینے کا مجاز ہون یا نہین - آخر کار بہ صلاح و اتفاق رائے یہ تجویز قرار پائی کہ اِسمین کسی طرح کا ہرج نہین ہی لہذا محمود کو نہانے اور نماز پڑھنے کی اجازت دیگئی میدان جیل کے چاردن طرف ہزارہا آدمی اس حیرتناک واقعہ روح فرسا کے دیکھنے کو کھڑے تھے - محمود کی حالت دیکھ دیکھ کر سب کانپ رہے تھے اُس وقت جو کیفیت لوگون کے دلون پر گذری اُسکا بیان محال ہی - ناظرین مین سے شاذ ہی ایسے ہونگے جنھون نے پھانسی پر چڑھتے عمر بھر کسی کو نہ دیکھا ہو - وہ خود اپنے دل مین اُسوقت کی کیفیت کو سوچ سکتے ہین - ایک میدان وسیع مین پھانسی بہ شکل اجل مجسم نمایان ہی - ادھر آدھر تلنگے وردیان ڈانٹے سنگینین چڑھائے ڈٹے کھڑے ہین اور میدان کے اردگرد ہزارہا آدمی چشم عبرت سے اس سانحۂ ہوش ربا کے دیکھنے کے منتظر ہین - اور ایک بدبخت آدمی اپنی قضا کا نوحہ خوان ہی - جسکے چہرے سے مایوسی اور حیرت برستی ہی -

محمود مقتل کی طرف روانہ ہونے ہی کو تھا کہ ایک اور گل کھلا اور لوگون نے دیکھا کہ اسّی برس کی ایک ضعیفہ نابینا ایک بچے کے کاندھے پر ہاتھ رکھے سامنے سے چلی آتی ہی یہ بوڑھی عورت محمود قاتل کی دادی تھی اور یہ بچہ اُسکا پیارا لڑکا تھا جسکی ماں نے چھ دن ہوئے قضا کی تھی لڑکے کی عمر سات برس کی - بالکل معصوم - جب قریب پہونچی تو محمود نے اُنکو بغور دیکھا اور مُنھ پھیر لیا - لڑکا کیا جانے کہ باپ پر اسوقت کیا مصیبت ہی - سمجھا کہ مجھ کو دیکھ کر پیار کے سبب سے مُنھ پھیر لیا کہا - ابا ہمنے دیکھ لیا - واہ ہمین دھوکا دیتے ہو -

ضعیفہ - محمود - محمود -

محمود اس ضعیفہ کی آواز کا جواب دینے ہی کو تھا کہ زبان بند ہوگئی لڑکا - ابا بولو اتنے دن کہان رہے - دو دن سے ایک ٹکڑا روٹی کا بھی ہمین نہین ملا -

محمود کا دل بھر آیا اور حاضرین مین سے اکثر آدمی آبدیدہ ہوگئے لڑکا ہنستا ہوا اپنے ستم رسیدہ باپ کے پاس گیا - اور جاتے ہی چمٹ کر یون کہنے لگا -

لڑکا - ابا - اب چلو گھر -

محمود نے لڑکے کو پیار کیا - اور گو بڑا ضابط آدمی تھا مگر آنسو بے اختیار نکل پڑے - لڑکے نے جو روتے دیکھا تو کہا - ابا - روتے کیون ہو بتاؤ کاہے کے واسطے روتے ہو - ابا -

صاحب سول سرجن معمر اور بڑے رحم دل آدمی تھے - اس کیفیت دردانگیز کو دیکھکر ایک کونے مین جا کے خوب روئے صاحب مجسٹریٹ سکتے کے عالم مین تھے اور اردگرد کے حاضرین مین شاذ ہی کوئی ہوگا جو اشکبار نہ رو رہا ہو -

اُس معصوم بچے نے جو اپنے باپ کو اتنے دن بعد دیکھا تو مارے خوشی کے چمٹ ہی گیا - اب جو ہتکڑی اور بیڑی پر نظر پڑی تو متحیر ہوکر یون پوچھا -

لڑکا - ابا لو ہا کیون پہنے ہو - اُسکو اُتار ڈالو - میرے ابا اسے پھینکدو اور گھر چلو - اماں سے بھوکی ہین -

محمود - (کچھ کہنے کو تھا مگر آنسوؤن کا تار جو بندھا تو ایک ایک اشک گلوگیر ہوگیا) -

لڑکا - ابا - ابا (حیرت سے باپ کو دیکھکر) روتے کیون ہو بولو

جب محمود نہ بول سکا تو لڑکا بھی زار زار رونے لگا -

ضعیفہ ابتک چپ چاپ کھڑی تھی جب محمود اور اُسکے ننھے سے بچے دونون کے رونے کی آواز سنی تو بھیانک آواز سے یون بولی

ضعیفہ - یا اللہ مین اب کچھ اور نہین مانگتی - بس اتنا چاہتی ہون کہ ذری دیر کے لیے میری آنکھین کھل جائین تو مین محمود کو نظر بھر کر دیکھ لون -

یہ کہکر ضعیفہ محمود کو چمٹ گئی مگر جیسے ہی ہتکڑیون پر ہاتھ پڑا نور اً چیخ اٹھی اور غش کھاکے گر پڑی - لڑکے نے ادھر تو محمود کو روتے دیکھا اور اُدھر ضعیفہ کی حالت زار دیکھی تو خوب چلاکر رونے لگا -

لڑکا - ابا دیکھو اماں کو کیا ہوا -

محمود نے اپنی بوڑھی دادی کو اُٹھایا اور کہا سنو اب تو میرا بچنا غیر ممکن ہے - مگر مجھے افسوس یہ ہے کہ ہائے تمکو روتی کون دیگا - اور اِس بیچارے معصوم کو جسکی ماں ابھی ابھی مرچکی ہے کون پالے گا اور اسکی کون خبرداری کریگا -

ضعیفہ - ارے محمود - اب مین کیا کرون بیٹا - ہائے گھر تو کل اُس منہار نے جلا دیا جس سے تجھ سے لاگ ڈانٹ تھی - اِس بچے کو اب روٹی کا ٹکڑا کون دیگا ہائے یہ بلک بلک کر مر جائیگا ارے میرے محمود تو نے اپنی جوانی مفت کھوئی -

محمود - اماں میرا دل اسوقت -

ضعیفہ - ارے کوئی حاکم اِسکو بچالو - ہائے مجھے اسکی عوض پھانسی دے دو چاہے - اوف - اوف - اوف -

محمود - میرا - میرا میرا -

لڑکا - ابا تم روتے کیون ہو گے - اماں تم کیون روتی ہو گی - کیا نازک وقت تھا - حکام پر فرض تھا کہ ٹھیک وقت پر پھانسی دین - لیکن بوڑھی عورت کا آنا اور لڑکے کا رونا چلانا اور محمود کی بیقراری اور اُسکی دادی کی گریہ وزاری نے سب کو خون رُلایا - آنکھون تلے اندھیرا چھایا - صاحب مجسٹریٹ گریان صاحب سول سرجن کے لب پر آہ وفغان سپرنٹنڈنٹ جیل نوحہ کنان خلق خدا افسردہ دل وحیران محمود کی روح شکل بید لرزان -

ضعیفہ نے ایک دفعہ ہی چیخ کر کہا کہ ہائے ہائے ارے لوگو میرا تو جیسے کوئی کلیجہ ملتا ہی - ارے دوڑو مری - مری - مر - دوبار مری مری کہکر تیسری مرتبہ پھر (مری) کہنے کو تھی کہ دھڑسے زمین پر گر پڑی لوگ دوڑے کہ اُٹھائین - اُسنے آنکھین پھیر لین - صاحب سول سرجن نے سینہ پر ہاتھ رکھا نبض دیکھی اور کہا (سرد ہوگئی) -

اسوقت اُس معصوم پیارے بچے کا دار عین مار مار کر رونا ستم ڈھاتا تھا محمود گود مین لیکر اُسکو بار بار سمجھاتا تھا مگر سو چتا جاتا تھا کہ اسوقت تو مین اپنے لخت جگر نور بصر کو کلیجے سے لگاکر سمجھاتا ہون ہائے ایک لمحے کے بعد جب میری لاش پھڑکتی ہی ہو گی تب کون اُسکو سمجھائیگا - اس خیال کو محمود نے عین حالت مایوسی مین بآواز بلند ظاہر کیا تو چوطرفہ سے بکا دین اور شیون وشین کی صدائین بلند ہوئین کہرام مچا ہوا تھا - دو تین سو آدمیون نے ٹھان لی کہ گورنمنٹ کی خدمت مین

درخواست کرین کہ محمود کا قصور معاف کر دیا جائے۔ لیکن یہ خیال خام تھا شہریاری کے لیے سیاست ضروری ولابدی ہی۔

شہسوار دلفگار بھی کل حال عبرت آل بصد حزن و ملال دیکھ رہے تھے مارے رنج کے انکا دل دس دس ہاتھ اچھلنے لگا۔ اتنے مین صاحب سول سرجن نے کہ از بس رحم دل نبرگوار تھے۔ آگے بڑھکر یون کہا۔

ڈ۔ (سول سرجن ڈاکٹر) محمود۔ مین سول سرجن ہون۔ تمھاری حالت دیکھ کر مین سیماب کیطرح تڑپ رہا ہون۔ تمھارے پھانسی پانے مین تو کوئی شک ہی نہین۔ لیکن اب تمکو اپنی جان جانے سے زیادہ افسوس اس بات کا ہی کہ یہ بچہ کسکا ہوکر رہے گا۔ مین مثل سچے عیسائی کے اقرار کرتا ہون کہ تمھارے بچے کو اپنے لڑکون کی طرح پالونگا۔ اور اعلیٰ درجہ کی تعلیم دونگا۔ اب تم اُسکی طرف سے بالکل بیفکر ہو اور اپنے مرنے کی استقلال کے ساتھ تیاری کرو۔

محمود سول سرجن کی زبان سے یہ کلمے سُنکر اسقدر مشکور ہوا کہ دے شکریہ اُسکے امکان سے خارج تھا اسقدر خوش ہوا کہ پھوٹ پھوٹ کر رویا

لڑکا۔ ابّا۔ اماں کو کیا بیماری ہی۔ جیتی ہین نہ۔

ڈ۔ ہان ہان تم روکو نہین۔

لڑکا۔ پھر ابا تم کیون روتے ہو۔

صاحب مجسٹریٹ۔ (مجسٹر) اب دیر ہوتی ہی۔

ڈ۔ بیشک مگر کیا کیا جائے۔

سپرنٹنڈنٹ۔ کیا نازک مقام ہی۔ توبہ توبہ یہ تو ٹریجڈی ہوگئی۔

ڈ۔ آف کیسی کچھ۔

محمود۔ ڈاکٹر صاحب۔ اب میرے سامنے میرے بچے کو آپ گود مین لین تو مین اس مرنے کے وقت جی اٹھون۔

سول سرجن نے لڑکے کو گود مین لیا اور محمود سے کہا کہ ہم اپنے ایمان کی قسم کھاکر کہتے ہین کہ اس لڑکے کو ہم مثل اپنے خاص بچون کے پالینگے۔

محمود۔ بیٹے تم اِنکے پاس رہو۔ اب ہم کام کو جاتے ہین۔

لڑکا۔ نہین ابّا۔ ہم نہ جانینگے۔

محمود۔ ہم جلدا جائینگے بیٹے۔

لڑکا۔ جاتے کہان ہو۔

محمود۔ ہائے ستم۔ مین اِس سے کیا کہون کہ کہان جاتا ہون ابھی آجاؤنگا بیٹا۔

لڑکا۔ ہم کو بھی لیچلو۔ ابا ہمکو بھی لیچلو۔ اِتنے دن سے ہم تمھارے ساتھ کہین نہین گئے۔

محمود۔ ہمکو جانے دو۔ ہم ابھی آئینگے۔

لڑکا۔ ہم بھی وہین چلینگے جہان کو تم جاؤگے میرا ابا لے چلو۔

محمود نے بوسہ لیکر کہا تم جاؤ ہم ابھی آتے ہین۔ لڑکے نے ہاتھ جوڑکر کہا۔ ابا ہمین ذری گود مین لے لو۔ محمود نے لڑکے کو گود مین لیکر خوب پیار کیا اور کہا کہ بس اب جاؤ سلڑکا مچل گیا لاکھ لاکھ جتن کیے مگر وہ گود سے نہ اترا صاحب سول سرجن نے چاہا کہ گود سے لین مگر وہ خوب زور سے اپنے باپ کو چمٹ کر رونے لگا۔

لڑکا۔ ابا دیکھو یہ ہمکو لیے جاتے ہین۔ ابا بچاؤ۔ ہائے ابا بچاؤ۔

اسوقت محمود نے جی کڑا کرکے لڑکے کو زبردستی گود سے اُتارا۔ ہائے کیا دردانگیز اور حسرت خیز معاملہ ہی۔ ایک لڑکا جان سے زیادہ عزیز۔ پندرہ دن ہوے کہ اسکی ماں نے قضا کی

باپ سے چمٹ کر کہتا ہی کہ اب مجھکو لے چلو اور باپ اسدرجہ مجبور کہ اپنے نورِ بصر کو زبردستی ایسی حالت زار مین خود اپنی گود سے اُتارے دیتا ہی۔

پولیس کے آدمیون نے محمود کو چوطرفہ سے گھیر لیا۔ محمود کے ہاتھون مین ہتکڑی یا نون مین بیکڑی اور خرامان خرامان باستقلال تمام مقتل کے رخ جارہا ہی۔ پھانسی تک ہنوز نہ جانے پایا تھا کہ دفعتہً لڑکے کے رونے کی آواز کانون مین آئی۔ اُسوقت محمود کا دل بھر آیا اور آنکھون سے ٹپ ٹپ آنسو جاری ہوگئے پیچھے پھر کر بصد حسرت دیکھا اور صاحب سول سرجن سے کہا کہ اگر مضائقہ نہو تو مین اپنے بچے کو ایک دفعہ اور چھاتی سے لگاون۔ صاحب مجسٹریٹ نے منظور کرلیا کانسٹبل لڑکے کو لے آئے اس مرتبہ وہ معصوم بچہ بڑی خوشی سے اپنے باپ کو چمٹ گیا اور ابکی اور بھی زور سے چمٹا تاکہ کوئی چھوڑا نہ سکے۔ محمود کی آنکھون سے اُسوقت آنسو اس کثرت سے جاری تھے کہ اپنے بچے کو اچھی طرح دیکھ نہ سکا۔ گو محمود کی گریہ وزاری سے لڑکا بیقرار ہوا مگر چونکہ باپ سے ابھی ابھی زبردستی جدا کیا گیا تھا لہذا اپنے کو پھر بعد مایوسی اسکی گود مین پاکر نہایت ہی خوش ہوا۔ مگر افسوس کہ اس بیچارے کو یہ نہین معلوم تھا کہ اُسکے باپ کا جیسر اُسکو اسقدر بھروسا تھا دم واپسین ہی وہ پھانسی کو غور سے دیکھتا تھا مگر نہین سمجھتا تھا کہ یہی وہ چیز ہی جو اُسکو یتیم کردیگی۔

محمود نے پھر جی کڑا کرکے لڑکے کو زمین پر آہستہ سے ٹیک دیا۔ اور مقتل کے رخ دوڑنے لگا۔ کانسٹبل نے لڑکے کو گود مین اُٹھالیا اور روتا ہوا پیچھا کیا کہ باپ کو پھانسی پر چڑھتے نہ دیکھ لے۔ لڑکے کی یہ کیفیت کہ گلا پھاڑ پھاڑ کر رو رہا ہی۔

اتنے مین ضعیفہ کی لاش جو اتفاق سے نظر پڑی تو اور بھی چھوٹ چھوٹ کے رویا چوپ چڑھادیا گیا اور لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہتا ہوا محمود پھانسی کے پاس گیا۔ عین جسوقت جلاد نے پھانسی دی محمود نے سنا کہ اُسکا پیارا بچہ رو رو کر کہتا ہی کہ ابا ہمنے دو دن سے روٹی نہین کھائی۔ ہمین کچھ کھلاؤ تو وہ یہ جگر خراش فقرہ اپنے لختِ جگر کی زبان سے اُس بیکسی کی حالت مین سنا کہ سنتے ہی نصف سکنڈ مین پھانسی پر چڑھا چاہتا تھا کہ صاحب مجسٹریٹ سے اتنی اجازت اور چاہی کہ اپنے پیارے لڑکے کو آخری مرتبہ اپنے سامنے کچھ کھلادے لیکن لاش پھڑکنے لگی۔ اُسوقت حاضرین بخوبی سمجھ سکتے ہین کہ پھانسی پانے کے وقت بھی محمود کے ہاتھ یا نون مارنے سے یہی ثابت ہوتا تھا کہ وہ دس منٹ کی اور اجازت چاہتا ہی۔ لاش سرد ہوگئی اور صاحب سول سرجن نے بادیدۂ مطروح وسینۂ مجروح آنکر لاش کو دیکھا اور کہا (ٹھنڈا ہوگیا)۔

حضرات ناظرین یہ خدا جانتا ہی کہ اسوقت طبیعت قابو مین نہین ہی دل بھر آیا جسوقت محمود کی حالت زار ہم یاد کرتے ہین کلیجہ مُنھ کو آتا ہی ہائے افسوس وائے افسوس۔ اتنی ہی سی دیر مین کتنی دردانگیز باتین دقوع مین آئین محمود کو پھانسی کا حکم سنایا گیا۔ بوڑھی عورت آئی محمود کو اس حالت مین دیکھکر مارے صدمے اور غم کے اُسنے اپنی جان گنوائی۔ بچے نے اس گریہ وزاری پر محمود کا چھوڑنا گوارا نہ کیا کانسٹبل نے زبردستی چھین لیا۔ محمود مقتل کے قریب آیا تو اُس معصوم بچے نے ایک جگر خراش فقرہ سُنایا۔ عین پھانسی پانے کے وقت محمود نے بصد حسرت سنا کہ اُسکا لڑکا بھوک کی شکایت کررہا ہی۔

اچھے سنگدلون کے دل بھی اُسوقت پگھل کے موم ہوگئے۔ خلق خدا کی کیفیت کہ کوئی شخص زار زار روتا تھا۔ کوئی حیرت

کے ساتھ پھانسی اور نعش پر نظر ڈالتا تھا۔ کوئی اس ذرا سے بچے کو چمکار کر دلاسا دیتا تھا۔ کوئی ڈاکٹر صاحب کا ذکر زبان پر لاتا تھا۔ کوئی ڈاکٹر صاحب کی تعریف مین رطب اللسان تھا۔

شہسوار دلفگار جو یہان سے چلے تو قدم قدم پر یہی سوچتے جاتے تھے کہ تارک الدنیا ہو جائین۔ ہوا و ہوس سے منھ موڑین۔ حسد اور بغض سے کچھ واسطہ ہی نہ رکھین دل کی صفائی کو مقدم سمجھین۔ سوچے کہ ہم بھی اس محمود کیطرح پھانسی پانے ہی کو تھے۔ خدا نے بہت بچایا۔ ایک دفعہ ہی انھین یاد آیا کہ میرزا ہمایون فر کے گھر مین آگ لگائی ہی۔ رنگ فق ہو گیا۔ جسم تھرّانے لگا۔ اللہ اللہ آتش زنی کا جرم!!! ہم بھی مجرم ہین جسوقت جسکا جی چاہے ہمین پکڑوا بلائے اور ہمنے تو اپنے ہاتھ ہی کاٹ دیے شہزادہ ہمایون فر کو لکھ بھیجا کہ ہو ہم نے آگ لگا دی۔ اقبالی مجرم ہو گئے وہ شہزادہ صاحب جاہ و منال ہم درویش بینوا پھٹے حال ہمارا اُسکا مقابلہ کیا۔ ابھی دس پانچ آدمی ادھر اُدھر روانہ کر دے چلیے ہم فوراً گرفتار ہو جائین۔ ہمچشمون مین بے آبروئی ہو ذلیل ہون خوار ہون سزا پائین قید خانے مین جائین۔

شہسوار اور جوگن کی ملاقات

دل مین ٹھان لی کہ اسی جوگن کے ہان چل کے رہین گھوڑے کی باگ اُٹھائی اور چلے چلتے چلتے اُس گانون کے قریب پہونچے تو لوگون سے جوگن کا حال اور پتا پوچھنے لگے۔

شہ۔ (ایک کسان سے) کیون جی یہان کوئی جوگن رہتی ہی۔

کسان۔ (گنوار کا لٹھ) ہان رہت ہی۔

شہ۔ کہان پر۔

گنوار۔ اوئی گیتی۔

شہ۔ یہان سے کسی قدر فاصلہ ہی۔

گنوار۔ ہان۔

شہ۔ ہان! ہان کیسا۔ ہم پوچھتے ہین یہان سے کسقدر بعد ہو گا۔

گنوار۔ نا ہین۔

شہ۔ (جھلا کر) پاگل ہی کون۔ ابے یہان سے کتنی دور ہی۔

گنوار۔ جیسے ہم تمھاری بولی سمجھے نا ہین۔

شہ۔ لاحول ولا قوۃ۔

گنوار۔ ارے اب ہم (بلاکوٹ) کا جانی کہ کا کہت ہین۔

شہ۔ (آگے بڑھکر) ارے یہان کہار۔ یہان کوئی جوگن رہتی ہی۔

کہار۔ (کہ) سنگھاڑے بوئے ہین۔

شہ۔ کیا خوب۔

کہ۔ پہلے باہمن کھوایا جاتا ہی ڈھونی اکادس کے دن توڑے جاتے ہین۔

شہ۔ (ہنسکر) ارے یہان کوئی جوگن رہتی ہی۔

کہ۔ اب لے صاحب آپ حاکم ہین چاہے اپنے ہاتھ سے توڑ لین۔ کیڑے پڑ جائینگے۔

شہ۔ (آگے بڑھکر) او مزدور۔

مزدور۔ (پیچھے پھرکر) ہان صاحب۔

شہ۔ اِدھر آؤ۔

مزدور نے دیکھا کہ ایک جوان رعنا کیست خوش خرام پر آسن جمائے آن بان کے ساتھ آرہا ہے سمجھا کہ مجھے بیگار پکڑیگا۔ شہسوار نے جیسے ہی کہا ادھر آؤ وہ جوتیاں چھوڑ کر بھاگا۔ اُنکو جو دل لگی سوجھی تو اُنھوں نے بھی گھوڑا تیز کیا مزدور کے ہوش پران کہ آج قتل ہی کیے گئے۔

شہ۔ (ایک عورت سے) کیون نیک بخت یہان کوئی جوگن رہتی ہے۔

عورت۔ ہان ہان رہت ہے۔

شہ۔ کہان پر مکان ہے۔

ع۔ بستی سے ننک دور۔

شہ۔ یون چلا جاؤن نہ۔

ع۔ سامنے جاے کے وہ جون بکھری ہے اوئی النگ وہان گھوم جاؤ۔

شہسوار عورت کے شکر گذار ہوے اور جس طرف اُسنے بتادیا تھا اُسی سمت اُنھون نے فرس بادرفتار کو سبک پویہ کیا۔ راستے مین ایک سفید پوش اُن کو ملے۔ اُن کی ملاقات کو غنیمت جان کر اُنھون نے سوالات کرنے شروع کیے۔

شہ۔ کہان کا عزم ہے حضرت۔

سفید پوش۔ (سفید) ذرا کھیت دیکھنے جاتا ہون۔

شہ۔ یہان کوئی جوگن رہتی ہے۔

سفید۔ (مسکرا کر) خیر۔

شہ۔ یہ مسکرانا اور خیر کہکر خاموش رہنا کیا معنی بندہ پرور۔

سفید۔ اِس پھیر مین نہ پڑیے۔

شہ۔ نہین یہ بات نہین ہے۔

سفید۔ شریف اور مرد آدمی سمجھ کر عرض کیا اب آپکو اختیار ہے۔

شہ۔ واللہ مین کمال مشکور ہوا اگر۔

سفید۔ اگر مگر سب رکھا رہیگا۔

شہ۔ اچھا کچھ حالات تو بتائیے۔

سفید۔ نہایت کم سن عورت ہے۔ اور پری چہرہ۔ بے اختیار جی چاہے کہ بوسہ لے لیجیے۔ چھریرا بدن۔ چال مستانہ۔ گمر نازک اور ادا وہ بانکی کہ ہاے ستم وای ستم۔

شہ۔ ہان۔

سفید۔ پوری بات تو سن لیجیے۔

شہ۔ فرمائیے۔ فرمائیے۔

سفید۔ تہر کی لگاوٹ باز ہے۔

شہ۔ پھر اسمین ہرج ہی کیا ہے اپنا۔ زہے طالع۔

سفید مکرر

درین ورطہ کشتی فرو شد ہزار	
کہ پیدا نہ شد تختۂ بر کنار	

ایک لالہ نے دور سے بتایا کہ وہ مکان ہے۔ شہسوار نے اشہب بادرفتار کو کڑکڑا دیا اور دن سے داخل منزل مقصود ہوے دیکھا کہ ایک فرح بخش دلکش باغیچہ ہے اور ایک چھوٹا سا خوشنما بنگلہ۔ مکان کی صفائی مکین کے سلیقے پر دال ہے مکان کیا پرخانہ تھا پشت توسن سے اُترے۔ جوگن اُنکو دیکھ رہی تھی قریب جاکر سلام کیا۔ اور حسب اجازت ایک تپائی پر بیٹھے دیکھا تو بوٹ ہوگئے اُس نگار عربدہ جوکی پور پور پر جوبن تھا۔ جوانی پھٹی پڑتی تھی خاک کف پاے زیبا کحل الجواہر چشم حور۔ از سر تا پا عالم نور زیبا پیکر نازک کمر۔ خوش ابرو۔ عنبر مو۔

چون ہلال بر دشت ماہ نو از دور پدید	حکم شما زتعظیم تا گوید بسیار کہ باید

یہ ناز فروش دستم کوش از سرتا پا صندلی پوش تھے۔ یکرنگی ایسی بھائی کہ کل پوشاک صندلی ہی رنگوائی جسوقت وہ پری پیکر شان دلبری قدم اٹھاتی تھی۔ کمر نازک زلف چلیپا کے بوجھ سے لچک جاتی تھی۔ مخلص کاشی ؎

گر دآن تاب کمر گردم کہ با این نازکی
این ہمہ بار لطافت را بیک مو مے کشد

شہسوار ہزار جان سے عاشق زار ہو گئے۔ سوچے کہ بس اب یہ مر ہی اور یہ در ہی۔ ؎

جز آستان تو ام در جہان پناہی نیست
سر مرا بجز این در حوالہ گاہی نیست

جوگن انکی چتونوں سے تاڑ گئی کہ حضرت کا دل آیا ہی عشق چرایا ہی۔ شہسوار دلفگار نے اٹھکر اُس مہ لقا کے قدموں پر ٹوپی رکھدی اور لسان الغیب حافظ شیرازی کا یہ کلام زبان پر لائے۔ ؎

تا سایۂ مبارک افتاد بر سرم
دولت غلام شد و اقبال چاکرم
شد سالہا کہ از سر من بخت رفتہ بود
از دولت وصال تو باز آمد از درم
من عمر در غم تو بپایان برم ولے
باور مکن کہ بے تو زمانے بسر برم

اُس بت سنگدل نے ٹیڑھی چتون سے اُنپر نظر ڈالی تو۔ ؎

ہوش جانا رہا نگاہ کے ساتھ
صبر رخصت ہوا اک آہ کے ساتھ

شہ۔ بری دور سے آیکا شہرہ سُنکر آیا ہون۔

جوگن۔ (ج) ہان اکثر صاحب تشریف لاتے ہین۔ اور شریف زادیان بھی آتی ہین۔ کوئی آئے تو خوشی نہین نہ آئے تو خواہش نہین۔

شہ۔ مین چاہتا ہون کہ عمر بھر آپ کے قدموں کے تلے پڑا رہا ہون۔

ج۔ فقیرون کے پاس کیا ہی۔

شہ۔ چاہے جو کچھ ہو۔

ج۔ ایک بوریا۔

شہ۔ ؎

روے مقصود کہ شاہان بدعا می طلبند
سبحہ بشب نیز کہ حضرت درویشان است

ج۔ آپ کا مکان کہان ہی۔

شہ۔ ؎

گھر بار سے کیا فقیر کو کام
کیا لیجیے چھوڑے گا نون کا نام
گل ہون تو کوئی چمن بناؤن
غربت زدہ کیا وطن بتاؤن

ج۔ یہان کس مقصد سے آئے۔

شہ۔ رمتے جوگی تو ہین ہی ادھر بھی آنکلے۔

ج۔ اچھا بیٹھیے۔ اچھی طرح۔ جو چونی بھوسی حاضر ہی اُسمین عذر نہین۔

شہ۔ چونی بھوسی! (مسکراکر) کیا بکری مقرر کیا ہی۔

ج۔ جو سمجھیے۔

شہ۔ جب دنیا سے دون ہی کو چھوڑ بیٹھے تو کسکا کھانا اور کس کا پینا۔

ج۔ دنیا کوئی لاکھ چھوڑے تو کیا۔ کھانا پینا بھلا چھوڑا جاتا ہی۔

ج۔ آخر آپنا تو بتاؤ کہ تم کون ہو۔

شہ۔ آشفتہ حال پریشان روزگار۔

ج۔ کیون۔

شہ۔ نتیجۂ اعمال۔

ج۔ (آہ سرد بھرکر) افسوس۔

شہ - اعمال بد اور افعال بد کا نتیجہ بھی بدہی دیکھا -

ج - (ٹھنڈی سانس بھر کر) سچ ہی سچ ہی -

شہ - مجھے اس عشق نے غارت کر دیا - ادھر کا رکھا نہ اُدھر کا رکھا -

ج - عاشق کس پر ہوے تھے -

شہ - ایک بیگم کی دوسہ پارہ ترکیان ہین اُن سے آنکھ لڑی تو بس قتل ہی ہو گیا - جیتے جی مرتا - ؎

عشق آیا قیامت آئی ہی | یار سائی پہ آفت آئی ہی
اک پری رو پہ جان کھوتا ہون | سر بازار قتل ہوتا ہون

ج - پھر وہ بیگمین ہتے نہین چڑھین -

شہ - وہان ایک رقیب پیدا ہو گیا -

ج - وہ کون -

شہ - ایک جوان رعنا ہی - نہایت ہی حسین آدمی -

ج - نام یاد ہی -

شہ - میان آزاد نام ہی - بڑا طرار - گلعذار - خوبرو قوس ابرو -

میان آزاد کا نام سنتے ہی جوگن کے چہرے کی رنگت کافور ہو گئی - سرخی کے عوض زردی چھائی - آفت آئی قیامت آئی - ؎

دل مین اک درد اُٹھا آنکھو مین آنسو بھر آئے
بیٹھے بیٹھے ہمین کیا جانیے کیا یاد آیا

شہسوار دنگ کہ بارخدایا یہ ماجرا کیا ہی - ابھی تو بلبل ہزار داستان کیطرح بصد زبان چہک رہی تھی اور ایکدفعہ ایسی خاموش ہو گئی کہ گویا زبان ہی نہین - میان آزاد کا نام جو شہسوار کی زبان پر آیا تو اس پیارے نام نے اس حزین غمگین مہ جبین کو خون رُلایا - نائرہ غم تنور سینہ مین جوش زن ہوا تھوڑی دیر تک سکتے کا عالم رہا - انواع و اقسام کے خیالات دردانگیز نے دل مین جگہ پائی - آزاد کیا یاد آئے کہ آفت آئی - سوچی کہ ہاے یہ مین کس امید پر دھونی رمائے سب سے الگ تھلگ بستر جمائے جوگن کا بھیس بنائے یہان بیٹھی ہون آزاد آئے نہ آئے - جذبۂ دل کا اثر اُسکو میرے پاس تک لائے نہ لائے - اور اگر آیا بھی تو آزاد کے ساتھ نکاح ہو یہ خواب و خیال ہی - وہ دلدادۂ حسن و جمال ناطورہ پری تمثال ہی - قول ہارا ہی - روم سد ھارا ہی - ہاے یہ مین نے کیا کیا بیٹھے بٹھائے مفت کا دردسر مول لیا - ؎

ہی ظلم اُسکو یار کیا ہنسے کیا کیا | کیا جبر اختیار کیا ہنسے کیا کیا
اُس شوخ گل کی خواہش بوس و کنار کو | اپنے گلے کا ہار کیا ہنسے کیا کیا

آزادگی کو سلطنت ملک عشق کا | مختار کاروبار کیا ہنسے کیا کیا

راحت کھوئی آرام کھویا - دین و دنیا سے ہاتھ دھویا - خیر پھر ابتو یکسر بے فقیر ہوئی سو ہوئی - جان کھپا ڈالونگی - اور یہین دھنی دیے بیٹھی رہونگی - رنج و مصیبت سہونگی - تا دم مرگ آزاد ہی کے عشق کا دم بھرونگی - مرجاؤن گر آپ تک نہ کرونگی آزاد کو کوئی بندۂ خدا میرے درد دل سے آگاہ کرے تو اُسکی لونڈی ہو جاؤن - ؎

اے باد صبا محفل احباب مین کیسو | دیکھا ہی جو کچھ حال تہ دام ہمارا

شہسوار کی عقل دنگ کر دیا اور بیٹھے بٹھائے یہ دفعتہ اس وجہ افسردہ پژمردہ کیون ہو گئی - ابھی تو چشم نسون پرواز کو تعلیم ناز دیتی تھی اور ابھی ابھی آنسوون کا تار بندھ گیا - جی کڑا کھ کے آنسون نے پوچھا کہ اگر ناگوار نہ گذرے اور بدل اجازت دیجیے تو ایک سوال کرون -

جوگن نے ٹھنڈی سانسین بھر کر پھر رونا شروع کیا شہسوار اور بھی متحیر ہوا مگر سمجھ گیا کہ حسن و عشق کا جھگڑا ضرور ہی معلوم ہوتا ہی کسی جوان سیم تن پر اُسکا دل آیا تھا لیکن وہ اُس کی دل ہی مین رہ گئی۔ ؎

فرقت مین اک صنم کے یہ تفرقہ پڑا ہی
دل ہمکو ڈھونڈھتا ہی ہم دل کو ڈھونڈھتے ہین

چوٹ کھایا ہوا تو تھا ہی جوگن کی حالت زار پر کمال افسوس کیا۔

شہ۔ آنکھین لہو کی بوٹیان ہوگئین۔ ذرا دل کو ڈھارس دو

ج ؎

تینم جو مین جانتی کہ پیت کیے دُکھ ہوے
م
نگری ڈھنڈھورا پیٹتی کہ پیت کرے نا کوے

اگر دانستم از روز ازل داغ جدائی را | نمیکردم بدل روشن چراغ آشنائی را

جوگن عورت تھی دور اندیش۔ شہسوار کو درد دل کی اطلاع دینا اور میان آزاد کا نام لینا مصلحت وقت نہ سمجھی۔ سوچی کہ آزاد کا رقیب ہی خوف تھا کہ مبادا اُسکا عاشق زار سمجھکر مجھے صدمہ پہونچائے بات ٹال دی گو دل قابو مین نہ تھا مگر ضبط گریہ کیا۔ دل ہی دل مین آزاد فرخ نہاد کو یاد کرنے لگی۔ ؎

خوف سے لیتے نہین نام کہ سُن لے نہ کوئی
دل ہی دل مین تجھین ہم یاد کیا کرتے ہین

شہ۔ مین نے کل سے دل مین ٹھان لی ہی کہ تارک الدنیا ہو جاؤن

ج۔ تارک ہونا خالہ جی کا گھر نہین۔

شہ۔ یہ سچ مگر مین بوالہوس نہین ہون۔

ج۔ شاید۔

شہ۔ خوب یاد دلایے مجھے دنیا سے نفرت ہوگئی جس ماہرو کو پیار کرتا تھا اور جسکے عشق کا دم بھرتا تھا اُسنے میرے سامنے میرے رقیب کو بٹھا لگایا اور مجھے آتش غم مین جلایا۔ ؎

قبیلۂ آتش ہجرش من مہجورے سوزم
نمی سوزی تو از نزدیک من از دوری سوزم

ج۔ رقیب کون۔

شہ۔ وہی نوجوان رعنا جسکا نام آزاد ہی۔

جوگن آزاد کا نام سُنکر پھر ملول ہوگئی۔ شہسوار سے پوچھا کہ وہ آجکل ہین کہان شہسوار نے کہا واللہ اعلم۔ مگر سنا روم گیا ہی۔

ج۔ وہ کون ایسا پرکالۂ آتش خو برد جوان ہی جسکے سامنے تم ایسے گلبدن کی دال نہ گلی۔

شہ۔ ایمان سے کہون یا گلی لپٹی۔

ج۔ گلی لپٹی کیا معنی۔

شہ۔ مجھ سے وہ کمبخت ہر طرح اچھا تھا۔

کمبخت کا لفظ جو آزاد فرخ نہاد کی شان مین شہسوار کی زبان سے نکلا تو جوگن آگ بھبھو کا ہوگئی۔ قریب تھا کہ شہسوار کو نکلوا دے مگر سوچی کہ جھگڑے فساد سے کیا واسطہ جب جوگن کے بھیس مین رہنے اور انواع اقسام کے مصائب سہنے لگے تو اب غم و غصہ کیسا۔ شہسوار بولا کہ روم گئے تو مین چڑا مگر خدا ہی ہی جو واپس آئین۔ جوگن کے شیشۂ دل کو اور ٹھیس لگی مگر اظہار ملال خلاف وضع سمجھی۔

شہ ؎

بھری وہ آتش عشق اس دل فگار مین ہی
کہ لاکھ برق نہان جسکے ہر شرار مین ہی

ج۔ آزاد ہاے آزاد۔ (ٹھنڈی سانس بھر کر)

شہسوار نے بگڑکر جوگن پر نظر ڈالی تو اُس شوخ شمگر نے بات ٹالی اور کہا آزاد ہی نے مجھین خراب کیا۔ یہ کانٹے اُسکے بوئے ہوے ہین شہسوار دل مین ازبس خوش ہوا کہ اس مہ لقا نے میرے ساتھ ہمدردی کی اور میری بیقراری دیکھ کر آہ سرد کھینچی مسرور ہوکر مزید آزمایش کے لیے یہ شعر پڑھا۔ ؎

مل گئے پر حجاب باقی ہی — فکر ناز و عتاب باقی ہی
بات سب ٹھیک ٹھاک ہی لیکن — کچھ سوال و جواب باقی ہی

ج۔ اب کی عشرہ آئے اور تمھاری مراد پوری ہو جائے تو چوکی بھرنا۔

شہ۔ (اور بھی ریشہ خطمی ہوکر) ؎

ہم اپنے نالۂ دل کے اثر کو دیکھتے ہین
وہ دیکھین بزم مین پہلے کدھر کو دیکھتے ہین

ج۔ تمھاری طرف اللہ نے چاہا تو پہلے تمھاری ہی طرف نظر پڑے۔

شہ۔ (خوش ہوکر) ع

اہ وقت تو خوش کہ وقت ما خوش کردی

ج۔ جو چاہتے ہو کہ دل کی آرزو بر آئے تو ہماری صلاح پر چلو۔

شہ۔ (ہاتھ جوڑکر) جو حکم ہو۔

ج۔ دل صاف رکھو۔

شہ۔ صاف ہی۔

ج۔ جوان عورت پر بُری نظر نہ ڈالو۔

شہ۔ (آہستہ سے) تمھارے سوا اگر کسی اور پر نظر بد پڑے تو خدا کرے آنکھین ہی پھوٹ جائین۔

ج۔ یہی دل کی صفائی ہی؟

شہ۔ خطا کی ہو تو سزا دو۔

ج۔ ذری بہت چل نہ نکلو۔

شہ۔ کیا مجال۔

ج۔ زمانہ نازک ہی۔

شہ۔ ہمارا عشق بھی پاک ہی۔

ج۔ تو خیر اسکا مضائقہ نہین۔

شہ۔ کنٹر سے گلاب نکال لو مگر بوے گلاب باقی رہے گی دنیا کو ترک تو کر بیٹھے مگر عشق دل سے نہ جائیگا۔ ابتک عشق خام تھا اب عشق پاک ہی۔

ج۔ مانا۔ مگر بدلنے کی سند نہین۔

شہ۔ قول مردان جان دارد۔

ج۔ واہ مردون کی بات کا اعتبار کیا۔ گھڑی مین کچھ گھڑی مین کچھ شہسوار تھکا ماندا تھا سو رہا۔

جوگن کا خوشنما بنگلہ

پردہ داری سکندر قصر قیصر عنکبوت — چغد نوبت میزند بر گنبد افراسیاب

لب جویبار ایک فراخ و وسیع میدان پُر بہار ہی یہ سرسبز و شاداب مقام کسی زمانے مین تاجدارانِ شریا جاہ اور خسروانِ کجکلاہ کا عشرتکدہ تھا اور لب رودبار واقع ہونے سے اب بھی پُر فضا اور نزہت افزا ہی لیکن جو لطف پیشتر تھا وہ اب کہان ممکن کیا تھا کہ پرندہ پر مارتا۔ اب یہ حال ہی کہ جابجا کھنڈل اور پرانی عمارات عالیشان کی گری پڑی دیوارون کے ڈھیر ہین۔ کہین اونچا کہین نیچا۔ اگلے وقتون کے لوگ بیان کرتے ہین کہ زمانہ سابق مین خاص اس مقام پر نور کا عالم تھا۔ ایک احاطۂ فراخ مین جسنے دو میل زمین گھیر لی تھی سو کرے ایک دوسرے سے ملحدے بنے تھے جسکی تعمیر مین

شاہ فردوس آرامگاہ نے کم سے کم کر دو روپیہ صرف کیا تھا عمارت قابل دید تھی دید تھی بلکہ دید تھی نہ شنید تھی - شاہ بجکلاہ کو صفائی کا انتہا سے زیادہ خیال تھا اور لوگ بیان کرتے ہین کہ اُن سو کروہ مین سے اگر کسی مین ایک پر کاہ بھی نظر آتا تو خسرو ذیجاہ از بس بد دماغ ہو جاتے اور جب تک کامل طور پر چپہ چپہ صاف نظر نہ آتا کھانا نہ کھاتے - خدام با ادب مزاجدان اور خوش سلیقہ تھے - ہزارہا آدمی خاص اس غرض سے نوکر تھے کہ صفائی کی طرف بدل متوجہ رہین - ایک ایک کمرے مین لاکھون کا اسباب اور سامان شاہی ہر دم مہیا رہتا تھا - نقل ہے کہ ایک مرتبہ ایک شعبدہ باز نے جو اہر یکہ کے ملک سے آیا تھا اور اپنے فن مین ید طولیٰ رکھتا تھا شاہ عالی مقام ذوی المجد والاحترام کو انواع و اقسام کے نادر نادر شعبدے دکھائے - اور خلعت پر خلعت پائے ایک روز خسرو عالی جاہ نے حکم دیا کہ ہم کو کوئی ایسا شعبدہ دکھاؤ جو کسی خاقان جہان و شہنشاہ زمان نے نہ دیکھا ہو شعبدہ باز نے کہا بعد اللہ کے فضل سے مجھے اس فن مین وہ ملکہ حاصل ہے کہ اگر میٹ بھر کھانا پاؤن اور حضور میرے کمال کی قدر دانی فرمائین تو تمام عمر روز ایک نیا شعبدہ دکھاؤن تین دن کی مہلت کا طالب ہوا اور اقرار کیا کہ تیسرے روز وہ شعبدہ دکھاؤن کہ ساری خدائی مین کسی نے نہ دیکھا ہو نہ سنا ہو تیسرے روز شعبدہ باز کامل فن بحضور شاہ حاضر ہوا اور بصد ادب عرض کی کہ غلام حسب اقرار حاضر ہوا ہے جو وقت حکم ہو شعبدہ دکھاؤن شاہ عالی مرتبت نے بہ طیب خاطر فرمایا کہ آج سہ پہر کو بدولت و اقبال ملاحظہ فرمائینگے -

حسب الحکم سلطان شہر بھر مین منادی کی گئی کہ آج سہ پہر کو ایک شعبدہ باز اچھا چابکدست جو اپنے فن کا مسلم الثبوت اُستاد ہے اور جسکی شعبدہ بازی کے تمام عالم مین جھنڈے گڑے ہین حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی کی فرمایش کے بموجب ایسا شعبدہ دکھانیوالا ہے جو دنیا سے نرالا ہے جس کسی کو دیکھنا منظور ہو حاضر آئے - گڑم دھم گڑم دھم - اہل شہر وقت معینہ پر جوق جوق آئے اور تھوڑی دیر مین کئی میل تک ٹھٹ کے ٹھٹ لگ گئے - ایک عالم مشتاق نظارہ شعبدہ در بار تھا جب جہان پناہ کے حضور مین باریابان دربار سلطان نے گذارش کی کہ پیر و مرشد لکھو کھا آدمی جمع ہین جہان پناہ نے فرمایا کہ شعبدہ باز کو ہمارے حضور مین حاضر کرو شعبدہ باز فوراً حاضر آیا - جھک کر سات بار آداب بجالایا شاہ گیتی پناہ نے فرمایا کہ ساری خلقت مابدولت و اقبال کے فرمان واجب الاذعان کے بموجب حاضر آئی ہے کوئی ایسا شعبدہ دکھاؤ کہ حاضرین ناظرین مین سے ایک آدمی بھی محروم نہ جائے شعبدہ باز نے دست بستہ عرض کی کہ جہان پناہ کے ارشاد واجب الانقیاد کی بجا آوری بسر و چشم منظور - لیکن جان جو حکم ہے - بس اتنا خیال رہے -

یہ کہکر شعبدہ باز جو ایک خوبرو جوان طناز تھا شعبدہ دکھانے کے لیے آمادہ ہوا - بام فلک احتشام پر بیش بہا شال کا بلند و وسیع و فراخ و فسیح خیمہ نصب ہوا اور خسرو ذی شان شاہزادگان عالم و عالمیان بصد آن بان متمکن ہوے - شعبدہ باز نے قسم کے زرق برق کپڑے پہن کر اپنی چھولداری سے باہر آیا - اور خوشنما پٹارا کھول کر حاضرین کو دکھایا کہ اگر کسی شخص کو شک ہو تو بغور دیکھ لے اس پٹارے سے ایک کم سن حسین و مہ جبین عورت نکلیگی - جہان پناہ نے حکم دیا کہ پٹارا ہمارے پاس حاضر کیا جائے اسی دم چوبدارون نے جھکیون مین پٹارا جہان پناہ کے پاس پہونچایا - اور بادشاہ نے مع شہزادگان نامدار کے چوطرفہ بہت غور سے

دیکھا - مگر پٹارے مین ایک سوراخ بھی نہ پایا - تحیر ہوکر ذرا سے
سلیقہ شعار اور اراکین باوقار سے کہا کہ ذرا سوچو اس
پٹارے مین کیونکر انسان چھپ سکیگا - وزرا نے بغور
دیکھ بھال کر عرض کی کہ جہان پناہ بجز حیرت کے اور کیا
گزارش کرین اتنا سا پٹارا اس مین بلّی کا بچہ تک نہ بیٹھ سکے
بھلا عورت کیونکر چھپ رہیگی - ایک ضعیف الاعتقاد آدمی
نے کہا جہان پناہ یہ سب جادو کا کھیل ہی - مگر شاہ تریا جاہ
جادو ٹونے کے قائل نہ تھے مسکرا کر خاموش ہو رہے اور
پٹارا شعبدہ باز کے پاس بھیجدیا - اُسنے پھر بہ آواز بلند
کہا کہ جس کسی کو شک ہو خود دیکھ لے - ایسا نہ ہو کہ جب
اس پٹارے مین سے عورت نکلے تو لوگ اپنے اڑھائی چادل
گلا مین جس کا جی چاہے اسی دم عقل دوڑائے اور جو کچھ
کہنا ہو کہ لے اتنا ذرا سا پٹارا اور ایک سوراخ تک نہین
اور ہلکا پھلکا - پچاس ساٹھ آدمی بھیڑ کاٹ کر شعبدہ باز
کے پاس آئے - ادھر اُدھر ہر سمت پٹارے کو دیکھا مگر
اپنا سا منہ لیکر چلدیے ایک شہزادۂ گردون مدار نے
حکم دیا کہ دس معتبر اور ذی شعور آدمی پٹارے سے دس دس
قدم کے فاصلہ پر علیحدہ کھڑے دیکھتے جائین کہ عورت اسمین سے
کیونکر آتی ہی - شعبدہ باز نے پٹارہ بند کردیا - اور تھوڑی
دیر تک زبان انگریزی مین کچھ کہا - اسکے بعد بآواز بلند
للکارا کہ پٹارے کی طرف دیکھتے رہو عورت اسمین موجود ہی
وہ آئی - وہ آئی - نکل نکل نکل نکل ایک دفعہ ہی ہندوق
سر کی - دائین - پلک جھپکنے کی دیر بھی نہین ہوئی تھی کہ
پٹارے کا ڈھکنا از خود اُچک کر وہ گرا اور جو وہ پندرہ برس
کی ایک گلبدن غنچہ دہن پوربین لیڈی کا جھمکڑا نظر آیا - ؎

جلوۂ حسن رشک شعلۂ طور
لب و نازک کہ جان بدیہ بحر

چشم بد دور آنکھین موتی چور
دہن ایسا کہ مچھیان بھی

تماشائی دنگ کہ یہ سہ پارہ پری چہرہ اس پٹارے مین سے
کیونکر آئی شعبدہ باز نے کیا آفت ڈھائی کہ لاکھون آدمیون کی
آنکھون مین خاک جھونک کر پٹارے مین سے یہ صورت زیبا دکھائی
جہان پناہ نے خوش ہوکر فرمایا کہ ایک کرے کا کل سامان مگنجشد یا
شعبدہ باز نے فرط غرور سے کہا کہ جہان پناہ ابھی میرا شعبدہ
ختم نہین ہوا ہی - یہ تو فقط ایک جھلکا تھا - شاہ عالی مقام
اور بھی محظوظ ہوے - اور بصد شوق تماشا دیکھنے لگے - شعبدہ باز
نے ایک ہاتھ بھر کی رسّی سب کو دکھائی - اور کہا کہ یہ ہاتھ بھر کی
رسّی کائنات الجو کی حد تک پہونچیگی - جو یہان سے پچاس میل
کے فاصلے پر ہی - وہان ایک دیو رہتا ہی جسکا نام ذوقوس
ہی - وہ دیو اس رسّی کے دیکھتے ہی از بس خشمگین ہوگا اور
طیش کھا کر چاہے گا کہ کل رسی کو گھسیٹ لے - مین اسکا
سرا نہ چھوڑونگا - اگر وہ زیادہ زور کریگا تو مین بھی اس رسّی
کے ساتھ ساتھ چلا جاؤنگا - وہان مجھ سے اور دیو سے لڑائی
ہوگی - اور خدا نے چاہا تو مین سُرخرو آؤنگا لوگون نے اس
بیان کو غور سے سُنا اور حسب درخواست شعبدہ باز پانچ سو
آدمیون کو حکم دیا گیا کہ بہ آواز بلند کل حاضرین کو اس بیان
سے مطلع کرین - رسّی جو دیکھی گئی تو بس ایک ہاتھ بھر کی تھی
بڑھتی تھی نہ گھٹتی تھی - رسی لیکر شعبدہ باز نے پھر انگریزی مین
کچھ کہا اور ایک بہ تپہ بندوق داغ کر رسّی جو پھینکی تو بڑھتی ہی
چلی گئی - کوئی آدھ گھنٹے کے عرصہ مین لوگون نے دیکھا کہ آسمان سے
جا لگی - اور کھٹ کی آواز آئی - حاضرین مقام مذکور کے علاوہ اُن
لوگون نے بھی یہ انوکھا شعبدہ دیکھا جو شہر مین تھے - اُسوقت کیفیت تھی

کہ کوٹھے پھٹے پڑتے تھے - ہر محلے کے زن و مرد کوٹھون پر سے سیر دیکھتے تھے - جسے دیکھو آسمان کیطرف نظر ہی اودھر کھٹ کی آواز آئی اُدھر آسمان پر گل لالہ کھل گیا - تماشائیونکی آنکھین جھپک گئین - شرق سے غرب تک آسمان سرخ نظر آتا تھا - اِسکے بعد گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا - اب لوگ متوحش ہوئے کہ یا اللہ یہ کیا ماجرا ہی - دیکھتے ہی دیکھتے وہ تاریکی بھی دور ہوگئی - مگر ایک سیاہ فام آدمی نظر آیا نا ئگین بیس بیس گز کی - ہاتھ پانون آنکھ ناک سب بھیانک - ؎

دانت اُسکے تھے گورکن قضا کے	دو ٹھنے رہ عدم کے نا کے

رسّی کو شعبدہ باز نے بہت زور سے پکڑا اگر دیو نے اس زور سے کھینچی کہ شعبدہ باز بھی ساتھ ہی چلا گیا - دم کے دم مین رسّی اور شعبدہ باز اور دیو سب غائب - تب تو تماشائی اور بھی متحیر ہوے کہ یہ عجب بات ہے ہاتھ بھر کی رسّی اور آسمان تک بڑھتی چلی گئی - اور سرخی اور سیاہی آسمان بھر پر نمودار ہوئی اور پھر مطلع صاف -

دیو کا نظر آنا اور شعبدہ باز کا جانا اور دونون کا غائب ہونا اور رسّی کا کھونا ان سب واقعات سے نہایت ہی حیرت ہوتی تھی - کل تماشائی مضطر و ششدر تھے مگر شعبدہ باز کی خوشامد بیوی مسکراتی جاتی تھی -

جہان پناہ نے حکم دیا کہ اس زن ملک فریب کو یہان لے آؤ - سربان بارگاہ سلطانی نے جاکر کہا کہ اب تمھارا بخت خفتہ بیدار ہوگیا - حضرت سلطان عالم نے تمھین یاد فرمایا ہی - اس غیرت خوبان فرخار نے نہایت کج ادائی سے کہا کہ کیا مجال - جھٹک میرا شوہر نہ آئیگا اس جگہ سے ہرگز نہ ٹلونگی - کیا خوب آپکے بادشاہ تو بڑے رسیا معلوم ہوتے ہین کہ جوان کم سن خوبصورت حسین عورت کو اُسکے شوہر کی عدم موجودگی مین اپنے پاس بلاتے ہین -

شعبدہ باز کی مہوش بیوی نے اسی طرح چمک چمک کر کہا کہ حضرت سلطان اعدھی ریجھے مگر لاکھون آدمی کے سامنے اُس حسینہ و جمیلہ کو زبردستی اپنے پاس بلوانا خلاف دابِ شاہی سمجھ کر خاموش رہے کنکھیون سے اِس زہرہ تمثال جاد و جمال کے رخسار تابان پر نظر ڈالتے تھے اور خدا سے دعا مانگتے تھے کہ شعبدہ باز مفقود الخبر ہی ہوجائے تو شاید یہ پری وش ہمارے عقد نکاح مین آنا منظور کرلے یہ سوچ ہی رہے تھے کہ وہ غیرت حور دراز تصور بصد شان و لربائی چمک دمک کر بغیر کسی چیز کے سہارے کے ہوا مین کھڑی ہوگئی - تماشائیون نے نعرۂ سبحان اللہ بلند کیا اُسوقت اِس نازنین کا جمال بیسین دیکھنے کے قابل تھا - یہی معلوم ہوتا تھا کہ حسن کی تصویر کاتب قدرت نے ہوا پر کھینچدی ہی - وہ نازو انداز کہ دیکھا نہ سُنا اِسپر ستم یہ ڈھایا کہ ہوا ہی پر ناچنے لگی - تماشائی ہزار جان سے عاشق ہوگئے - حضرت شاہ جہاں کی تو یہ کیفیت ہوئی کہ جان پر بن آئی تھی بے اختیار جی چاہتا تھا کہ چاہے فقیری بھیس ہو مگر یہ جو شمائل ضرور ہتھے چڑھے - بار بار آسمان کیطرف دیکھتے تھے اور دیکھ دیکھکر خوش ہوتے تھے کہ مطلع صاف ہی - گرد و غبار سُرخی تاریکی کچھ بھی نہین - شک کی جگہ یقین ہوا کہ شعبدہ باز کو دیو نے قتل کر ڈالا -

بادشاہ کی تو یہ کیفیت تھی اب ولیعہد تاج و تخت کا حال سنیے کہ اُنکو جو عشق چرایا تو جنون کی سی حالت ہوگئی - اپنے آپے مین نہ تھے بے اختیار جی چاہتا تھا کہ گلے لگالین - مگر خون جگر پی پی کر رہجاتے تھے - اِنکے چہرے سے جنون کی کیفیت صاف

ظاہر ہوئی تھی ؎ حافظ

دل میرود ز دستم صاحبدلان خدارا
دردا کہ راز پنہان خواہد شد آشکارا

تماشائیون مین بھی اکثر نوجوان عاشق تن چوٹ کھا گئے اتنے مین اُس بت طناز و سراپا ناز کی زلف عنبر بار جو کھل گئی تو لیلیٰ کمر کی خبر لائین اور رخ تابان کے اردگرد مارپیچ کیطرح لہرائین - اسیر خسرو ؎

عجب پرپیچ و تاب افتاد زلف ہمچو زنجیرش
مگر دست صبا لرزید در ہنگام تحریرش

آخر وہ ناظورہ دلفریب حاضرین و ناظرین اور اراکین و شہزادگان بانمکین کو اپنے جمال حسین کا فریفتہ و شیدا کرکے ہوا ہی سے اٹکھیلیان کرتی ہوئی زمین پر آئی ادھر زمین پر اساعیل بدفریب عدو و صبر و شکیب نے قدم رکھا - ادھر آسمان پر حشر بپا ہوا - بادل کے ٹکڑے ہٹتے ہی دیو ڈنٹوسس نمودار ہوا - اور دوسرے ٹکڑے سے شعبدہ باز نکلا - شعبدہ باز کے دیکھتے ہی تماشائیون نے خوب غل مچایا - اور ادھر دونون مین لڑائی ہونے لگی دیو اس زور سے چیخ اُٹھا کہ گہوارۂ زمین ڈانوا ڈول ہوگیا - شعبدہ باز بھی رعد کی طرح گرجنے لگا - دیو نے اپنا منھ جو قعر جہنم کا نمونہ تھا کھولا اور شعبدہ باز کی طرف جھپٹا - شعبدہ باز کی بیوی نے ایک سبز کپڑا اوپر کی طرف پھینکا - وہ کپڑا سیدھا اڑتا ہوا دیو کے سر پر پہونچا اور وہان گولا بنکر پھٹا تو دیو نظر سے غائب ہوگیا اور ایک اور پارۂ ابر سے نکلا - اسمرتبہ دیو کے ہاتھ مین ایک بانس تھا جس سے وہ شعبدہ باز کے سر پر چوٹین لگاتا تھا - مگر شعبدہ باز ہر بار بچ جاتا تھا - ایک مرتبہ شعبدہ باز نے بانس کو پکڑ لیا - اب دلی نے دیکھے کہ ایک طرف سے شعبدہ باز دوسری جانب سے ڈنٹوسس زور کر رہا ہے - جب ڈنٹوسس کسی قدر غالب آیا اور شعبدہ باز کا دم پھول گیا تو اُس حور نے ایک چاقو آسمان پر پھینکا - چاقو نے اُس بانس کے دو ٹکڑے کردیے - آدھا دیو کے پاس اور آدھا شعبدہ باز کے ہاتھ مین -

ولیعہد نے اُس عورت سے پوچھا کہ لڑائی کا انجام کیا ہوگا -

لیڈی (دل) (یعنی شعبدہ باز کی ہمراز) خدا جانے -

ولیعہد - آخر کچھ تو معلوم ہو -

ل - (ترش ہوکر) فتح یا شکست -

ولیعہد - شکست کا انجام کیا ہوگا -

ل - موت -

ولیعہد - تو لڑتے کیون ہین پھر -

ل - اُنکی مرضی -

ولیعہد - تم اُنکو منع کیون نہین کرتین -

ل - (مسکراکر) وہ آسمان پر مین زمین پر منع کیونکر کرون -

بادشاہ - ہماری عقل دنگ ہے

ل - ہوا ہی چاہے ان کے شعبدون سے دنیا بھر کی عقل دنگ ہے -

بادشاہ - خدا کرے زندہ آئین -

ل - بس اب باتین نہ کیجیے - مجھے اُدھر دیکھنے دیجیے -

یہ باتین ہو ہی رہی تھین کہ دیو اور شعبدہ باز مین تلوار چل گئی - ادھر دیو تیغ دوپیکر سوت کر جھپٹا اور اُدھر شعبدہ باز نے سبز کاشانی مخمل کے غلاف سے شمشیر خارا شگاف چمکائی - دونون پیرے بدل بدل کر وار کرنے لگے دیو سے ایکمرتبہ تلوار چھوٹ گئی مگر دوسرے ہاتھ سے اُسنے فوراً روک لی شعبدہ باز نے جھک کر مونڈھے پر تلوار لگائی مگر ہاتھ چھپلتا ہوا پڑا - دیو نے خشمگین ہوکر

ایک اور تلوار دست چپ مین لی اور دونون تلوارون سے حملہ کرنے لگا۔

اس سانحہ ہوش ربا کو دیکھکر وہ زن خوبرو ڈاڑھین مار مار رونے لگی۔ ادھر آسمان پر وہ ہنگامہ بپا تھا۔ ادھر زمین پر یہ شور و بکا تھا۔ اس معشوق شیرین حرکات کے رونے سے کل تماشائیون کا دل بھر آیا۔ ہر فرد بشر زار زار رونے لگا۔

اتنے مین دیکھتے کیا ہین کہ دونون نے تلوارین پھینکدین اور دور دور کھڑے ہوکر ایک دوسرے کو گھورنے لگے۔ اسپر اس ستم زدہ نے بہ آواز بلند کچھ کہنا شروع کیا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ اپنے شوہر کو کچھ سمجھاتی ہے۔

ل۔ بائین آنکھ۔ بائین آنکھ۔ چرب۔ چرب۔ چرب۔ چرب۔ لوگ متحیر کہ یا الٰہی بائین آنکھ سے کیا مطلب ہے اور یہ چرب چہ معنی دارد۔

اُسنے اشارے سے کچھ پوچھا۔

ل۔ قول۔ آن۔ آن۔ آن۔ آن۔

لوگون نے دیکھا کہ لیڈی کے آن۔ آن۔ کہنے سے شعبدہ باز آگے کیطرف بڑھتا جاتا ہے۔

ل۔ رائٹ ہینڈ۔ یونول۔ رایٹ ہینڈ۔

شعبدہ باز دائین طرف آگیا۔ اور آتے ہی دیو کے سر پر اس زور سے دو ہتھڑ لگایا کہ دیو پیچھے ہٹا۔

ل۔ ہولڈ آن۔ ہولڈ آن۔

شعبدہ باز اُسی مقام پر کھڑا رہا تو دیو نے جھپٹ کر ایک چپت لگائی اور شعبدہ باز کی زبان سے ہاے کا لفظ بے اختیار نکل گیا۔ اسپر لیڈی نے زمین پر مارے غصے کے پانون کو زور سے دے پٹکا۔ شعبدہ باز اس صدمہ سے بیجان ہوگیا تو دیو خوب ہی کھلکھلا کر ہنسا۔ اور اُسکے بڑے بڑے دانت دیکھکر تماشائین مین سے کوئی دو تین ہزار نے دونون ہاتھ مارے ڈر کے آنکھین بند کرلین۔

ل۔ ڈون اپان ہم۔ ڈون اپان ہم۔

شعبدہ باز یہ سنکر ڈھوس پر جھپٹا اور جھپٹتے ہی چپت دی تو دیو سر سہلاتا ہوا پیچھے ہٹا۔ پھر لیڈی نے غل مچایا کہ ہولڈ آن ہولڈ آن۔ یعنی آگے بڑھکے ایک اور دے لیکن شعبدہ باز پھر رُک رہا۔ اسپر لیڈی بہت ہی جھلائی۔

اتنے مین دیو نے جھپٹ کر شعبدہ باز کی گردن ہاتھون سے پکڑ لی اور کئی بار جھٹکے دیے۔ شعبدہ باز بالکل بے قابو ہوگیا۔

اتنے مین دیو نے ایک ہاتھ کاٹ ڈالا اور کٹا ہوا ہاتھ سیدھا اس جھولداری کے قریب گرا۔ بڑا غل مچا۔ لاکھون آدمی ایک دفعہ ہی چلّا اُٹھے اور وہ بت نابدار فرط الم سے زمین پر گر پڑی حضرت جہان پناہ نے حکم دیا کہ اسکو بہ آرام تمام کمال ادب و تعظیم کے ساتھ اُٹھالاؤ چنانچہ خدام ذوی الاحترام نے ویسا ہی کیا۔

لیڈی نے جو ولیعہد پر نظر ڈالی تو دیکھا کہ۔ ؎

بالاے سرش زہوشمندی		ایتیافت ستارۂ بلندی

بادشاہزادہ اور جوان کوئی بیس برس کا سن۔ اور خوبرو۔ مرغولہ مو۔ چہرے سے رعب و داب شاہی نمودار تھا۔ رہ گئی اور بے دھڑک ہاتھ پکڑکر کرسی پر جا بیٹھی۔

اب دیو اور شعبدہ باز دونون تھک گئے۔ کچھ یہ سمجھے کچھ وہ سمجھے۔ دونون ذرا ستانے لگے۔ ولیعہد کو خوب موقع ملا اس بت رنگین ادا کے نازک نازک ہاتھون کو پیار سے اپنے ہاتھ مین لیکر بے دھڑک گُل گُل کے باتین کرنے لگے سچ ہے۔ ؎

عشق ناخام ست باشد بستہ ناموس ننگ
پختہ مغزان جنون را کی جاز نجیر ہاست

ولیعہد اسوقت اسقدر محظوظ و مسرور ہوا کہ گویا جامے مین پھولا نہ سمایا۔ مارے خوشی کے آنکھون سے آنسو پٹ پٹ جاری ہوگئے۔ اُس مہ رو نے اپنے ریشمی رومال سے اپنے عاشق زار کے آنسو پوچھے اور کہا اب کسی اور امر کا خیال کرو۔

اتنے مین دیو اور شعبدہ باز پھر جٹ گئے دیو نے مُنھ کھولا اور لپک کر شعبدہ باز کو کاٹ کھایا تھوڑی دیر مین اُس بیچارے کا دوسرا ہاتھ بھی کٹ کے گر پڑا اور پھر غل مچا دس منٹ تک برابر اسقدر غل مچتا رہا کہ کان پڑے آواز کسی کو سُنائی نہین دیتی تھی۔

دیو کے ہاتھ مین ایک خارا شگاف نیمچہ نظر آیا۔ اور لوگون نے دیکھا کہ اُسنے ایک ہاتھ ایسا بھرپور لگایا کہ شعبدہ باز کی دونون ٹانگین کٹ کر گر پڑین اسکے بعد دھڑ کے بھی کوئی بہتر ٹکڑے کر ڈالے۔ اور سر دیو لے بھاگا۔

خلق خدا اس انوکھے شعبدہ کو حیرت کی نظر سے دیکھتی تھی۔ شعبدہ باز کی یہ گت بنی تو وہ پری چھم بجلی کی طرح چمک دمک کر بادشاہ کے سامنے آئی اور دونون ہاتھ اونچے کر کے کچھ کہا۔ تو چند بونے نظر آئے اور دہان خود بخود آگ پیدا ہوگئی۔ اُس آگ مین کے شعلے آسمان کی خبر لاتے تھے وہ شعلہ رو جل بھن کر خاک ہوگئی اور بونون نے اُس خاک کو اُٹھایا تو وہ ہوا سے باتین کرنے جانے لگی۔ دم کے دم مین نظر سے اوجھل۔

شاہ زمان انگشت حیرت بدندان۔ خلق خدا گریہ کنان۔ ایسا شعبدہ کسی نے کبھی کاہے کو دیکھا تھا عین مایوسی کی حالت مین لوگ اپنے اپنے گھر جانے ہی کو تھے کہ آسمان پر ایک شعلہ نمودار ہوا دیکھتے دیکھتے اُس شعلے سے ایک ہاتھ نکلا۔ پھر دوسرا ہاتھ ظاہر ہوا۔ اسکے بعد ایک ٹانگ دکھائی دی۔ تماشائی بغور و تعمق دیکھتے جاتے تھے۔ ان لاکھون آدمیون مین ایک بھی ایسا نہ تھا جسکی نظر آسمان کے رُخ نہو۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد اُس شعلے مین سے ایک آدمی نکلا۔ دیکھا تو وہی شعبدہ باز ہے۔ اسوقت وہ شور مچا کہ الامان۔ شعبدہ باز فوراً زمین پر آیا اور شاہ کی خدمت مین حاضر ہوکر آداب بجا لایا۔ تماشائی متحیر کہ یا الٰہی یہ بشر ہے یا فرشتہ۔

شعبدہ باز۔ (ش) (بادشاہ سے) جہان پناہ اسوقت مین بالکل شل ہوگیا ہون۔

با۔ کارے کردہ شاباش۔

ش۔ گھنٹون ٹرائی رہی۔ طرح طرح کی مصیبت سہی۔

ولیعہد۔ بارے صحیح وسلامت تو آئے۔

ش۔ حضور کے اقبال سے۔

وزیر۔ تم باکمال آدمی ہو۔

ش۔ جہان پناہ وہ میری برق دم جورو کہان ہے۔

با۔ کمال افسوس ہے کہ تمھاری حالت زار دیکھکر وہ بیچاری جل مری

ش۔ کیا! جل مری!! اے نہین حضور۔

ولیعہد۔ (آبدیدہ ہوکر) ہائے افسوس وائے افسوس۔

ش۔ حضور میری بیوی مجھکو ملجائے ورنہ مین اپنی جان دونگا اور چاہے حضور توپ کے مُنھ سے اُڑادین مگر میرا دل گواہی دیتا ہے کہ مرزا ولیعہد بہادر نے اُسکو گھر ڈال لیا۔

با۔ اسوقت تم جو چاہے کہو تمھارا قصور قابل معافی ہے۔

ش۔ حضور میری جورو تمام امریکہ کی لیڈیون مین سب سے

بڑھ چڑھ کر ہے حسن وجمال مین اپنی آپ ہی نظیر ہے میرزا ولیعہد بہادر نام خدا ابھی جوان ہین اور جوان کیا معنی عنفوان شباب ہے۔ اُس سے سانٹھ گانٹھ کرلی ہوگی۔

ولیعہد۔ یہ لاکھون آدمی دیکھ رہے تھے کہ وہ جل کے خاک ہوگئی اور اُس تودۂ خاک کو چھ بونے اُٹھالے گئے۔

ش۔ جہان پناہ غریبون پر کرم کرنا چاہیئے۔

با۔ تم سب سے پوچھ دیکھو کہ کیا ہوا۔

ش۔ حضور، یہ سب حضور کی رعایا ہے میری سی کون کہیگا بھلا بس صاف ظاہر ہے کہ اُسکی اُٹھتی جوانی اور اُسکا چہرہ نورانی میرا دشمن ہوا اور میرزا ولیعہد بہادر کو بادشاہ ذی جاہ کا لڑکا اور کلے ٹھلے کا گبھرو دیکھ کر ریجھ گئی۔ اب مین نے اُس سے ہاتھ دھویا۔

با۔ بولو تمکو کیا انعام دین۔

ش۔ جہان پناہ جبتک میری بیوی مجھے نہ ملیگی مین کچھ نہ لونگا اور اپنی جان دونگا۔

ولیعہد۔ یا الٰہی اِسکو کیونکر کوئی سمجھائے۔

وزیر۔ بڑی خرابی ہے۔

ش۔ ہان جسکی خرابی ہے اُسکی ہے۔ میرزا ولیعہد بہادر کی تو بغل گرم ہوگی۔ مجھ پر البتہ اوس پڑگئی۔ ہائے ایسی ماہ رو اب مجھے بھلا کہان ملیگی۔

وزیر۔ تم ذرا دم تو لو ہم کُل باتین تمکو سمجھا دینگے۔

ش۔ بس مین سب سمجھ گیا۔ فیری۔ فیری۔ ڈیر فیری۔

شعبدہ باز نے جو اپنی پیاری بیوی فیری کو تین بار آواز دی تو فیری نے کہا (ہیلو اڈیر) یہ کہکر وہی برق وش جو ابھی ابھی جل کے خاک ہوگئی تھی بصد ناز واندازمیرزا ولیعہد بہادر کی کرسی کے نیچے سے نکلکر سامنے آن کر کھڑی ہوئی اور شعبدہ باز نے قہقہہ لگاکر اُسکو گلے لگا لیا۔

ش۔ دیکھا مین تو کہتا ہی تھا کہ میرزا ولیعہد بہادر کا اسپر دل آیا ہوگا۔

ل۔ یہ تو مجھ کو اپنے گھر ڈالے لیتے تھے۔

ش۔ مین پہلے ہی سمجھ گیا تھا۔

اس شعبدے سے خسرو گیتی پناہ ازبس محظوظ ہوے۔ اور بہ طیب خاطر فرمایا کہ جو انعام مانگے دیا جائے شعبدہ باز نے عرض کی کہ جہان پناہ مین تو ایک غریب آدمی ہون لیکن حضور کے غلامون کو مین نے خوش کردیا ہے۔ اب حضور ہی زبان مبارک سے کچھ فرماوین۔

با۔ دس کرون کا پورا سامان دے دیا جائے۔

ش۔ (آداب بجالاکر) حضور نے میری بڑی قدردانی کی۔ مشہور ہے کہ دس کرون کا سامان تخمیناً اُٹھاسی کروڑ روپے کا تھا شعبدہ باز مالا مال ہوگیا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

یہ وہ مقام دلکش ہے جہان سرکون پر پانی کے عوض کیوڑا چھڑکا جاتا تھا اور جہان فوارون اور آبشارون مین عطر نظر آتا تھا لوگ بیان کرتے ہین کہ ایوان خاص مین وہ تیاری تھی کہ شاہان ہفت اقلیم نے وہ سامان آرایش کبھی خواب مین بھی نہ دیکھا ہوگا۔ دو ہزار نوخیز و نوجوان خواصین از سرتا پا عالم نور حیرت پری رشک حور عجب ٹھسّے کے ساتھ رہتی تھین۔ روایت ہے کہ ایک خواص نے کسی فقیر کو اپنا نصف زیور بخش دیا تو اُس کو بیچکر فقیر شائیس مرتبہ حج عتبات عالیات کے لیے گیا اور ہندوستان کے دو ہزار شہرون مین اُسنے مسجدین بنوائین (واللہ اعلم)

ایک ایک خواص کا اوسطی ساخرچ یہ تھا کہ سات آٹھ من الاچی سے کم ہر روز صرف مین نہین آتی تھی۔ خواصونکی سواری کے ساتھ

دو دو سو خاص بردار نکلتا تھا۔ اور ہٹو بچو دور باش وادب کی آواز کو سون جاتی تھی۔

یہ اُس خسرو گیتی پناہ کے قیام کا مقام ہی جسکے رعب سے شیر دن کے کلیجے دہل جاتے تھے۔

نقل ہی کہ ایک مرتبہ اس طرف سے ایک بدتمیز ساندنی سوا جاتا تھا۔ جہان پناہ نے پوچھا یہ ساندنی کسکی ہی بادشاہ کو دیکھ کر ساربان کے ہاتھ پانون پھول گئے۔ گھبرا کر بولا (جہان پناہ یہ اونٹ چندکی دنبی ہی) یہ ساندنی دنبہ چندنامے خزانچی کی تھی۔ ساربان ایسا گھبرایا کہ دنبہ چندکو اونٹ چندد انبی کو دنبی کہ اُٹھا۔

نقل ہی کہ ایک بار جہان پناہ کی سواری نکلی۔ شہر مین پیشتر سے آئینہ بندی ہو چکی تھی جلوس عظمت مانوس اور حشم وخدم کے ساتھ حضرت ظل سبحانی خلیفہ الرحمانی فیل کوہ شکوہ پر بصد طنطنہ شہریاری دبدبۂ جہانداری سوار تھے۔ خلق خدا کا وہ ہجوم اور بادشاہ وقت کی سواری کی وہ دھوم کہ دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا چھتین بھٹی پرتی تھین۔ جہان پناہ نے ایک چھت پر نظر جو ڈالی تو ایک حلوائی کی عورت سے چار آنکھین ہوئین وہ اسدرجہ خائف ہوئی کہ وضع حمل ہوگیا۔ جب جہان پناہ کو خبر ہوئی تو چھ لاکھ کی جاگیر اُسکو بخشدی واللہ اعلم۔

روایت ہی کہ شاہ ذوی الاحترام باشان وشکوہ ایکبار فرس بادرفتار پر سوار رمنے کیطرف ہوا کھا رہے تھے۔ تو دیکھتے کیا ہین کہ ایک نتاست ہاتھی سامنے سے جھومتا ہوا آتا ہی اور جس کسی کو راہ مین پاتا ہی سونڈ سے نوراً اُچھال دیتا ہی۔ لوگون نے ڈرتے ڈرتے سمجھایا کہ حضور اسوقت گھوڑے کی باگ پھیر دین بادشاہ نے اپنے رعب کے زعم مین گھوڑا بڑھایا اور جب ہاتھی ذرا قریب آیا تو للکار کر کہا کہ بس خبردار آگے نہ بڑھنا۔ بس رک جا۔ ہاتھی فوراً بیٹھ گیا اور جہان پناہ پشت تو سن سے اُتر کر گردن پر جا بیٹھے یہ رعب جاتھا کہ انسان تو انسان حیوان تک نگی ڈنٹ مین آجاتے تھے اور نام سنتے سے مارے خوف کے تھراتے تھے مشہور ہی کہ ایوان خاص مین دوسو من عطر روز چھڑکا جاتا تھا اور کئی ہزار گندھی شاہی ملازم تھے۔ واللہ اعلم۔

اسی مقام پر جوگن کا چھوٹا سا خوشنما بنگلہ تھا۔ اور شہسوار اور جوگن دونون بیٹھے باتین کر رہے تھے۔

نئی روشنی والے اس مقام کے پرانے تاریخی حالات کو ڈھکوسلا سمجھتے ہین۔ وہ اسکے معتقد نہین کہ شبدہ بازنے یہ کرتب دکھائے اور اتنا روپیہ پایا اور خواصین اس تھتے سے رہتی تھین۔ یہ ان باتون مین سے کسی بات کو نہین مانتے۔ اور نہ کسی کو سچ تصور کرتے ہین۔ مگر پرانے فشن والے عموماً ان سب باتون کو آمنا وصدقنا تسلیم کرتے ہین۔

شہسوار۔ اب ہم چاہتے ہین کہ تمہارے ہی ساتھ زندگی بسر کرین۔

جوگن۔ نرہنے نصیب۔

شہ۔ آزاد اُسکے ساتھ رہین۔ ہم تمہارے ساتھ۔

ج۔ آزاد کو وہ اور ہم کو تم مبارک ہو۔

شہ۔ آمین۔

ج۔ بھلا تم آزاد کو یاد تو کیا کرو۔

شہ۔ کیا جیا جاؤن۔

ج۔ (بگڑ کر) ہان تو پھر ہمسے نہ بنیگی۔

شہ۔ کیون۔

ج۔ سول صاف رکھو تو ہمسے تم سے بنے ورنہ اپنی راہ لگو۔

شہ۔ اب آج سے آزاد کا ذکر بھی نہ کرینگے۔

ج - اگر اسوقت آزاد ملے تو کیا کرو۔
شہ - جھک کر سلام۔
ج - اُس سے ہاتھا پائی کرنے مین تمھارا ہی نقصان ہی۔
شہ - بیشک اب یہ ذکر جانے دو۔
ج شہ - آج سے تم ہمین رہو - مگر دل کی صفائی مقدم ہی۔
شہ - حکم کا تابع ہون۔

اِردگرد کے گنوار اَن پڑھ جاہل ضعیف الاعتقاد تو تھے ہی شعبدہ باز کے کرتب آنکو بخوبی یاد تھے - اِدھر بچہ بیمار ہوا اور اُنھون نے کہنا شروع کیا کہ دہی نٹ اس کے سر پر آیا ہی - چاہے کوئی عارضہ ہو مگر وہ جھاڑ پھونک سے باز نہ آتے - مہینے مین دس پانچ عورتون کے سر پر یہ ضرور آتا تھا جوگن نے مشہور کیا کہ بھوت پریت آسیب کے دنعیے کے واسکو اچھے اچھے گُر یاد ہین صد ہا گنوار دور دور سے اُسکے پاس آتے تھے - یہ جھوٹ موٹ جھاڑ پھونک کر کے اُنسے کچھ نہ کچھ اینٹھ لیتی تھی - ایک گھوبی کا لڑکا جوگن کی دعا سے اچھا ہو گیا تھا اُسنے قسم کھائی تھی کہ ہر روز صبح و شام آدھ سیر دودھ جوگن کے پاس ضرور بھیجا کریگا - ایک کسان عین نزع کی حالت مین تھا اُسنے لوگون سے کہا کہ جوگن کو لاؤ - شاید وہ کوئی ایسی دعا دے جس سے مین صحیح ہو جاؤن جوگن حسب الطلب گئی اور حسن اتفاق سے وہ کسان بچگیا - کسان کمال ممنون ہوا اور اُس دن سے مہینے مین دس بارہ سیر غلہ برابر جوگن کے ہان بھیجنے لگا - اسیطرح جوگن کو کھانے بھر کا بخوبی سہارا ہو گیا - کسی بات کی پروا نہ تھی - اکثر جوگن اور شہسوار صبح کیوقت بیٹھے باتین کر رہے تھے کہ ایک بوڑھے کھوسٹ نے آنکر کہا کہ بڑا غضب ہو گیا - ہا اگر یہ ہمارے گانؤن کی جوگن وہان ہوتین تو اُس بیچاری پر تباہی کیون پڑتی - شہسوار نے پوچھا کیا ہوا - پیر فرتوت پوپلے منھ سے بولن بولے کہ دریا کے کنارے ایک بڑا عالیشان مکان ہی - تمین کنی بیگمین رہتی ہین ایک سے ایک خوبرو اور ایک سے ایک یادہ غنبر مو -
شہ - آپکا قطع کلام ہوتا ہو - کس دریا کے کنارے -
پیر فرتوت - (پیر) گومتی کے کنارے -
شہ - مکان بستی سے دور ہی -
پیر - ہان کوئی گولی بھر کے ٹیلے پر -
شہ - گولی بھر کے ٹیلے پر؟ - یا تین کوس کے فاصلے پر بھلا اُس مکان کی قطع تو بیان کیجیے -
پیر - زرد کوٹھی ہی اور دریا اُس مکان سے کوئی پچاس قدم کے فاصلے پر ہی - مکان ایک بہت بڑے اونچے ٹیکرے پر ہی -
شہ - تو کوئی اور ہو گا - خیر ہان فرمایئے -

جوگن بھی کان دھر کے سنتی جاتی تھی - اُسکے بشرے سے معلوم ہوتا تھا کہ شہسوار جس مکان کی نسبت پوچھتا ہی اُس سے وہ خود بھی واقف ہی - پیر فرتوت نے یون بیان کیا -

یہ بیگمات مخدرات و عصمت سمات ایک روز اپنے بام فلک احتشام پر مصروف خرام تھین کہ دفعتہً ایک گرد بڑی اور بیہوش ہو گئی پاس پڑوس کی عورتون نے آتے ہی فتوی دیا کہ آسیب ہی - مگر وہ بیگمین آسیب و اسیب کی قائل نہین تھین اُنھون نے فوراً ڈاکٹر کو بلایا - اور علاج کرنے لگین - آج شناکہ اُس بیگم کی طبیعت اور بھی ناساز ہو گئی ہی - اور ایک آدمی کہتا تھا کہ بچنے کی کوئی صورت نظر نہین آتی - اگر آپ وہان ہوتین تو وہ فوراً صحت پا جاتی -

اس فقرہ ہوش ربا نے شہسوار کو افسردہ کر دیا - مگر قلب کو تشفی دی کہ مکان کا پتہ جو اس پیر فرتوت نے دیا وہ مختلف ہی

دہان نہ زرد کو تھی ہی اور نہ دریاے گومتی ہی کوئی اور بیگم ہونگی جوگن نے مضطر و بیقرار ہوکر پوچھا کہ بھلا اُس بیگم زادی کا نام بھی سُنا ہی۔ پیر فرتوت نے کہا ہان سُنا تو تھا۔ مگر اِس وقت بھولا جاتا ہون۔ بھلا ہی سا نام ہی۔ جوگن نے کہا حسن آرا تو نہین نام ہی شہسوار نے جوگن کو غور سے دیکھا اور پوچھا تم حسن آرا سے واقف ہو۔ جوگن نے کچھ جواب نہ دیا۔ پیر فرتوت نے کہا حسن آرا تو نہین مگر نام کے آخر مین آرا ہی ہی۔ آپ کوئی اور نام لین جسکے آخر مین آرا ہو تو شاید وہ نام مجھے یاد آجائے جوگن نے کہا سلطنت آرا۔ جہان آرا۔ سپہر آرا۔

پیر۔ ہان۔ ہان سپہر آرا۔ سپہر آرا۔ افسوس کہ اُس بیچاری کی جان مفت مین جاتی ہی۔ اور کوئی فکر معقول نہین کرتا۔ ہمسے پوچھین تو ہم یہی صلاح دین کہ آپکو یہان سے لیجائین۔

شہ۔ ہم آج جاتے ہین۔ مگر پرسون تک واپس آئینگے

ج۔ ذری ٹھہرو۔

پیر۔ کیا دہین جائیگا۔

شہ۔ نہین دہان کیا کام ہی۔ ایک اور ضرورت ہی۔

ج۔ ہمین تمسے تخلیے مین کچھ کہنا ہی۔

شہ۔ اچھا ذرا کھم کے جاؤنگا۔

حسن آرا بیگم کی بیماری کا بیان حسب تجویز ڈاکٹر نقل مکان اور حاضرات کا سامان

آتش زنی کے پندرہ بیس روز بعد ایک دن خاتون مہ لقا سپہر آرا بیگم تڑکے کے گجر دم خواب ناز سے بیدار ہوئین حسن آرا بیگم کو جگایا کہ باجی جان اُٹھیے اذان ہوچکی۔ نماز پڑھ لیجیے۔ حسن آرا نے کہا اسوقت مارے درد کے سر پھٹا پڑتا ہی۔ اور جی بیچین ہی

سپہر آرا نے روح افزا بیگم کو جگایا اور دونون بہنون نے نماز صبح پڑھی۔ اِسکے بعد روح افزا نے پوچھا کہ حسن آرا کیسی ہین۔

سپہر آرا بولین رات تو اچھی تھین اِسوقت نماز نہین پڑھی کہتی ہین کہ سر درد کرتا ہی اور طبیعت اچھی نہین ہی۔ اتنے مین بہار النسا بیگم بھی بصد ناز و انداز آئین اور آتے ہی مسکرا کر روح افزا بولی۔ باجی اِسوقت حسن آرا بے چین ہین۔ ذری دیکھیے تو۔

بہار النسا۔ این! کیون کیسی ہین۔

سپہر آرا۔ مین نے کہا باجی اُٹھو۔ نماز صبح پڑھ لو۔ بولین اِسوقت درد سر ہی اور طبیعت بے چین۔

بہار النسا نماز پڑھکر حسن آرا کے پلنگ پر جا بیٹھین اور آہستہ سے پوچھا کیسی ہو حسن آرا۔ حسن آرا نے کہا بہن کیا بتائین۔ چار بجے سے مارے درد کے سر پھٹا پڑتا ہی۔ اور اسوقت دل سنبھالے نہین سنبھلتا۔

بہار۔ کچھ ہضمی کی شکایت تو نہین ہی۔

حسن آرا۔ ہان کھٹی ڈکارین تو آتی تھین۔

روح افزا۔ پیشانی ذرا ذرا گرم ہی۔

سپہر۔ اور پانون جیسے یخ۔

بہار۔ یہی تو بُرا۔ بھلا ڈکارین کتنے وقت سے آتی ہین۔

حسن۔ کوئی دو بجے ہونگے۔ ہان بس تین کا عمل ہوگا اسوقت بات کرنا بُرا معلوم ہوتا ہی۔ اور مونھ سوکھ کے کانٹا ہوگئے ہین

بہار النسا بیگم نے سپہر آرا سے کہا کہ جاکے آما جان کو تو بُلا لاؤ۔ اور حبری سے کہو اُنکو بھی باہر سے بُلا لائین سپہر آرا بڑی بیگم کو اور مغلانی نوابصاحب کو بُلا لے گئی۔

سپہر - اماجان بندگی -

بڑی بیگم - جیتی رہو نماز پڑھی -

سپہر - جی ہان پڑھ چکی - اِسوقت باجی جان کا پنڈا ذری ذری پھیکا ہو - اور سر مین درد بتاتی ہین -

ب - رات کیسی تھین -

سپہر - کہتی ہین کوئی تین کے عمل مین کھٹی ڈکارین آئین اور چار بجے سے طبیعت بے لطف ہو -

ب - اور جگایا نہ کسی کو -

سپہر - جی ہان روح افزا بیگم کو بھی نہ جگایا - مجھ سے بھی نہ کہا چپ چاپ لیٹی رہین -

بڑی بیگم آہستہ آہستہ حسن آرا کے پاس آئین - اور نوابصاحب بھی تشریف لائے - بڑی بیگم نے حسن آرا سے پوچھا کہ کھٹی ڈکارین کتنے وقت آئی تھین حسن آرا بیگم نے کہا - جی دو بجے کے وقت -

بڑی بیگم پرانے فشن کی ضعیف الاعتقاد عورت تو تھین ہی - بولین کہ نظر کا اسرار ہو -

حسن - اِی نہین امی جان - اسرار و سرار سب باتین ہین -

ب - تم تو دانست دار ہو کے نادان بنتی ہو - ہزار دفعہ کہدیا کہ باباعطر مل کے شام کو مہتابی پر نہ جایا کرو - مزاج مین لڑکپن ہو - مانتی ہی نہین -

سپہر - اچھا تو امی جان ہم کیون اچھے ہین - ہم بھی تو عطر لگا کے گوٹھے پر گئے تھے -

ب - مغلانی سے کہو فال کھلوائے -

سپہر - ہان یہ بات مانی - لائیے ہم خود فال دیکھین گے

ب - نظر کا اسرار ضرور ہی بیٹی - تم ناحق کو حجت کرتی ہو -

روح - اِسکے تو ہم بھی قائل نہین -

ب - ہو پیاری کی ماں - جاکے حافظ جی سے تعویذ تو لاؤ -

پیاری کی ماں - بہت خوب وہی نہ جو مسجد (مسجد) مین رہتے ہین -

ب - ہان - ہان - کہنا تعویذ لکھدیجیے -

حسن - امی جان نہ منگوائیے - ہمکو تعویذ وعویذ کا اعتقاد نہین

بہار - اِی واہ - کیسی بچون کی سی باتین کرتی ہو -

روح - اچھا اعتقاد جاہے نہو - مگر ہرج ہی کیا ہو -

سپہر - لو مین دیوان حافظ لے آئی -

ب - پھر فال دیکھو - خورشید دوطھا مطلب بتا دینگے -

نواب - یہ گنڈا تعویذ تو ہوا ہی کریگا - علاج کی فکر کرنی چاہیے - کہیے تو ڈاکٹر کو بلا لاؤن -

ب - نہین بیٹا - ڈاکٹر ڈاکٹر نہین حکیم صاحب کو بلاؤ - ڈاکٹر کی دوا گرم ہوتی ہی آگ - (حسن آرا کی پیشانی نورانی پر ہاتھ پھیر کر) اُف پسینے مین ڈوبی ہوئی ہو -

سپہر آرائے - ۵

قسم شاخ نبات ست ترا اے حافظ فال ما راست بگو تا شودم با تو یقین

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم - اِی حافظ شیرازی میری فال صحیح صحیح بتا دو تو تمھارے دیوان کو مٹھائی سے تولون کہ کر دیوان کو کھولا - تو یہ مطلع نظر سے گذرا - ۵

روز ہجران و شب فرقت یار آخر شد زدم این فال گذشت اختر و کار آخر شد

بڑی بیگم پڑھی لکھی تو تھین ہی نہین (آخر شد) جو اُنھون نے سُنا

تو ہوش اُڑ گئے۔ مُنھ پر ہوائی چھٹنے لگی۔ گردن جھکائی اور ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔

حسن۔ ہائین۔ ہائین۔ اماجان۔

روح۔ دو لھا بھائی۔ اِنھین سمجھائیے تو ذری۔

ن۔ آپ سمجھین نہین اِسکے معنی تو سمجھ لیجیے۔

بڑی بیگم کو (آخرشد) نے خون رُلایا سمجھین کہ بس اب حسن آرا آخر ہوگئی۔ یہی دم واپسین ہی۔ ہاے دلکی حسرت دل ہی مین رہی نواب صاحب نے بڑی بیگم کو بغور دیکھا تو چہرے کا رنگ زرد پایا۔

ن۔ ایک التماس ہی سنیے تو عرض کرون۔

ب۔ (آبدیدہ ہوکر) اِسوقت اِنھون نے کیا پڑھا۔

ن۔ انھون نے جو پڑھا اِسکے یہ معنی کہ جدائی کا دن اور دوست کی فرقت کی شب گئی گذری۔ اب کار غم تمام ہوا لو شادیانے بجاؤ۔

ب۔ رات حاضرات کرینگے۔

حسن۔ کوئی فال دیکھتا ہی۔ کوئی حاضرات کرتا ہی۔ کوئی گنڈا تعویذ لاتا ہی۔ کوئی حافظ جی کے پاس جاتا ہی۔ اور حکیم کی فکر ہی نہین اور میرا بُرا حال ہی۔

ن۔ مین جاکر حکیم صاحب کو بھی پرا پنے ساتھ لیے آتا ہون۔

حسن۔ (آہستہ سے) ہان بھائی۔ بڑا احسان کروگے یہ لوگ گنڈے تعویذ ہی کے پھیر مین پڑے رہینگے۔

روح۔ جائیے اور ساتھ ہی لے آئیے۔

بہار۔ مگر ڈاکٹر کو نہ لانا کہین۔ انکو ڈاکٹرون کا بڑا اعتقاد ہی۔

ب۔ اب اِنکو اختیار ہی جسطرح چاہین اپنی سالی کا علاج کرین نواب صاحب تو حکیم کو بلانے گئے اور یہان بڑی بیگم نے تھوڑی دور سے ایک عورت کو بلوایا جسکے جھاڑنے پھونکنے کی دھوم تھی۔ کوئی اڑتیس برس کا سن۔ یہ عورت ایک ہی کایان تھی۔ آئی اور مُسکرا کر بڑی بیگم کو سلام کیا۔ اور پوچھا کہ خیریت ہی بیگم صاحب۔ بڑی بیگم نے کہا حسن آرا کا چنڈا پھیکا ہوا درجی گھبراتا ہی۔ رات دو بجے سے بیچینی بتاتی ہین۔ پسینون سے رومال تر ہوگیا۔ ڈوب پر ڈوب آرہا ہی۔ اے پسینے آتے بھی کسی کو نہین دیکھے تم ذری اچھی طرح دیکھو تو۔ محمدی خانم کھل گئین کہ اچھا شکار ہاتھ لگا۔ اِنکے آنے سے بڑی بیگم کو تو ڈھارس ہوئی مگر حسن آرا بدستور دلغ ہوگئین۔ اس خاتون پری پیکر کو ضعیف الاعتقادی اور دقیانوسی خیالات سے بڑی نفرت تھی۔ بس چلتا تو کھڑے کھڑے محمدی خانم کو نکلوا دیتین خانم صاحب نے تھوڑی دیر تک بڑی بیگم سے باتین کین اِسکے بعد حسن آرا کے قریب جاکر بیٹھین۔

محمدی خانم۔ (م) کل رات کو دہی کھایا تھا۔

حسن۔ (مُنھ بناکر) نہین۔

م۔ دودھ کھایا تھا آسمان کے تلے۔

حسن۔ نہ۔

م۔ ہون۔ (بڑی بیگم سے) ہی دہی بات جو آپ سمجھی ہین۔

ب۔ دیکھا نہ مین تو پہلے ہی سمجھی تھی۔

م۔ جی ہان۔ جن کا سایہ ہی۔

ب۔ اللہ مالک ہی۔

م۔ معلوم ہوتا ہی۔ بیگم صاحب کسی دن ذری نہائی دھائی

ہونگی اور ذری نگہ کے اتفاق سے کوٹھے دوکھے پر گئی ہونگی۔

ب - اور عطر مین بسی ہوئی تھین۔

م - اسی ہی۔ کہین ایسا غضب کرتے ہین عطر کی خوشبو پر تو جن عاشق ہوتے ہین۔ اور پھر حسین اور نام خدا جوان عورت کم سن اللہ خیر کرے۔

خانم صاحب نے جو بڑی بیگم کو اس درجہ ضعیف الاعتقاد اور ڈرپوک پایا تو خوب ہی بنایا۔ روح افزا کو کمال شاق گذرتا تھا مگر بہار النسا بھی بڑی بیگم کی طرح اُس کے دم مین آگئین۔

حسن - (بیقرار ہوکر) ابھی دودھا بھائی نہین آئے۔

سپہر - آتے ہی ہونگے اب۔

حسن - دم نکلا جاتا ہی۔ اُف۔ کسی پہلو چین نہین آتا۔

روح - اب تپ بھی تیز ہی۔

حسن - آنکھین جل رہی ہین مین بھنکی جاتی ہون امغلانی کبریا کے لیے ایک آدمی اور دوڑا دو۔ امّی جان میرا تو بُرا حال ہی اسدم کیا جانے بجار نے کب کی عداوت نکالی میرے ساتھ۔

بہار النسا نے دو کھیرے منگوائے۔ اور کاٹکر حسن آرا کو سُنگھائے۔ مگر چین نہ آیا۔ پانون بالکل سرد تھے پیشانی گرم دماغ کیطرف اُبھرے جانے لگے تو ہذیان بکنا شروع کیا۔ اُف وہ جاتا ہی۔ وہ جاتا ہی۔ بہار النسا بہن تم تو سوئی چبھوتے دیتی ہو۔ بڑی بیگم حسرت سے مُنھ تکتی تھین اُنکو شک کی جگہ یقین کامل ہوگیا کہ جن کا سایہ ہی۔ محمدی خانم نے چپکے سے کہا کہ بیگم صاحب ایک بات یاد رکھیے گا۔ تین دن تک حکیم وکیم کا علاج نہو۔ حکیم نے علاج مین ہاتھ ڈالا اور نصیب اعدا۔ بس کچھ کہنے کی بات نہین ہی جو مین کہون وہ کیجیے۔ اللہ چاہے کل تک آرام ہوجائے۔ بہار النسا نے بھی اس رائے سے اتفاق کرلیا۔ مگر سپہر آرا اور روح افزا دونون کو محمدی خانم کی تقریر بُری معلوم ہوئی حسن آرا نے درد اور بیچینی کے سبب سے یہ تقریر نہین سُنی تھی ورنہ نہایت ہی ملول ہوجاتین۔

روح - اماجان یہ بات تو اچھی نہین۔

ب - آجکل کے زمانے کی لڑکیان بڑے بوڑھونکو بھی سبق دیتی ہین۔

سپہر - پھر اماجان ہم بھلا کیسے چُپ رہین۔

روح - دیکھو تو سہی بھلا۔

ب - اچھا خورشید دودھا کو آنے دو۔ اگر وہ منظور کرلین تو مانوگی یا تب بھی نہ مانوگی۔

بہار - وہ بھی انھین کی سی کہینگے۔ وہ تو کہتے ہین بھوت پریت سب ڈھکوسلا ہی۔

م - جن کا ہونا تو قرآن کی رو سے ثابت ہی۔

سپہر - ہان! بھلا یہ بھی ثابت ہی کہ جو کوئی عطر ملکے کوٹھے پر جائے تو جن اُسکے سر پر سوار ہوجائے۔

ب - اے محمدی خانم تم اُنسے بحث نہ کرو۔

حسن - دودھا بھائی آئے۔ بھئی اللہ اُف ذری سا پانی پی لون امی جان۔

ب - ہان تازہ پانی ایک دو گھونٹ پی لو۔

بہار - بلکہ کلی کرکے پھینکدو بہن۔ ذری زبان اور لب تر کرلو۔ پیو نہین۔

حسن - اسی ہی۔ مین تو بھنکی جاتی ہون۔

اتنے مین مغلانی نے آنکر کہا حضور حکیم صاحب آگئے پردہ ہوجائے تو آئین۔ بڑی بیگم کو تو محمدی خانم پٹی پڑھا چکی تھین کہ خبردار

حکیم کا علاج تین دن تک نہ کرنا اُنھون نے چپکے سے مغلانی کو ایک کونے مین بلایا اور کہا ذری خورشید دولھا کو بُلا لاؤ مغلانی نے جاکر کہا کہ نواب صاحب چلیے بیگم صاحب کو حضور سے کچھ کہنا ہی۔ نواب صاحب اندر تشریف لائے تو بڑی بیگم نے آہستہ آہستہ یون گفتگو کی۔

ب۔ محمدی خانم کہتی ہین کہ تین دن تک علاج نہ ہونا چاہیے جن کا سایہ ہی۔

ن۔ محمدی خانم کون؟۔

ب۔ ہین ایک اُدھر مکان ہی۔ وہ ان باتونکو خوب جانتی ہین۔

ن۔ اجی کچھ خبر ہی۔ آپ دراپردے مین بیٹھین۔ اب اتنی دور سے جاکے حکیم صاحب کو لایا ہون۔ نبض تو دیکھنے دیجیے۔

روح۔ یہان پردہ ہی آپ بُلائیے۔

حکیم صاحب تشریف لائے۔ میانہ قامت۔ گول بدن بیالیس چوالیس برس کا سن۔ سفید ڈھیلے پانچون کا پائجامہ چکن کا کرتہ۔ شربتی کا انگرکھا۔ چوگوشیہ ٹوپی سر پر عقیق کا کنٹھا ہاتھ مین۔ کپڑے صاف ستھرے۔ آنکر کرسی پر تمکن ہوے۔

ن۔ دو بجے گھٹی ڈکارین آئین۔ اور چار بجے سے بخار ہی اور بے چینی۔

ن۔ (پردے کے پاس سے) نبض دکھاؤ۔

ح۔ (نبض دیکھ کر) شب کو کوئی ثقیل چیز تو نہین کھائی تھی۔

حسن۔ (بہت آہستہ سے) نہین۔ معمولی غذا تھی۔

ح۔ حرارت شبینہ جو باعث تحریک ہوئی سبب حدت ان شکایات کا ہی جو آپ نے فرمائین۔ ہنوز کوئی مرض ان اسباب سے پیدا نہین ہوا۔ تغیر اوقات سے اختلاف واقع ہوگیا ہی۔

حسن۔ پیاس کے مارے کلیجہ مُنھ کو آتا ہی۔

ح۔ آلو کا پانی استعمال مین لائیے۔ شیخ الرئیس نے جناب نوابصاحب ساٹھ فائدے آلو بخارا کے لکھے ہین اکسیر ہی اکسیر ڈاکٹر دن کے ہان یہ مسکن ادویہ نہین ہین وہ سوائے کنین کے اور کچھ نہین جانتے۔

ن۔ مگر کنین ہی تو مفید۔

ح۔ لاریب۔ مگر ہر قسم کے بخار کو فائدہ نہ بخشیگی۔

ن۔ بے چین بہت ہین۔

ح۔ ضیافت طبع اور سکون باعث دفع خفقان و وحشت دل و حرارت دماغ ہوگا۔

حسن۔ (چپکے سے) دولھا بھائی نسخہ جلد لکھوائیے۔

ح۔ بس اب آلوے بخارا اور عرق کیوڑا استعمال مین لائیے۔

ن۔ بہت خوب۔

ح۔ بس عرق کیوڑا اور آب آلو کہ بہت بڑا مفرح اور مسکن ہی نوش فرماوین۔ غذا مین تقلیل کیجیے۔ اور اسباب راحت مین زیادتی۔ تو فوراً حرارت دماغ کم ہوجائیگی اور وحشت دل بھی دور ہوگی چونکہ ڈکار کھٹی آچکی ہی لہذا بقول معروف اطبا صوم و نوم دونون ازالۂ مرض کے لیے کافی ہین۔ مگر صاحبزادی کی تشفی کے لیے احتیاطاً نسخہ بتادیا۔ واسطے انشراح طبیعت کے اس امر پر توجہ ہونی چاہیے کہ جس سے حیلۂ طبیعت پیدا ہو اور طبیعت مرض سے غافل ہوجائے شیخ الرئیس نے آداب خلوت لطیف مزاجان خصوصاً نسوان کیواسطے راحت اور سکون اولی کہا ہی

ب - خورشید دو ھلا پوچھو کہ پانی دیا جائے - پیاس کی بڑی شدت ہے -

مغلانی - (حکیم صاحب سے) حضور اسقدر کی پیاس ہے کہ پانی پیا اور بس ہونٹھ سوکھ گئے -

ح - آب آلو دیجیے - ازبس نافع -

مغ - کل صاحبزادی نے امرود کھائے تھے -

ح - آج کل فصل خراب ہے - امرود وغیرہ سے احتیاط کامل لازم ہے - ہرگز گھر مین امرود نہ آنے پائین - اِس کا خیال رہے - ایسا نہ ہو گھر مین اور بچے بھی امرود دیکھا دیکھی السعید من وعظ بغیرہ - پان الایچی نوش جان فرما کر حکیم صاحب تو رخصت ہوے -

نواب صاحب نے پانچ روپیہ نذر کیے -

حسن - پھر آب آلو پلوائیے -

ب - پھر اب کیا کہتے ہو خورشید دو ھلا - جو تمھاری اور تمھارے ساتھیون کی راے مین آوے وہ کام کرو -

ن - نہین مقدم تو آپ کی راے ہے - آپ بزرگ ہین مگر میری طبیعت گوارا نہین کرتی کہ تین دن تک تبرید کے عوض جھاڑ پھونک ہی کے پھیر مین رہین - آیندہ جو آپ مناسب سمجھیے وہ اولیٰ ہے -

م - اب آلو اور کیوڑا دینے مین کیا قباحت ہے -

ب - پلائین پھر -

م - ہان ہان - شوق سے -

تھوڑی دیر بعد آب آلو اور عرق کیوڑا حسن آرا بیگم کو پلایا گیا اور دس منٹ کے بعد پھر دیا گیا - تو تھوڑی دیر مین ذرا تسکین ہوئی بڑی بیگم سے کہا - امی جان دیکھیے پیتے ہی قلب کو سکون ہوا - آپ جو سایے اور حافرات اور گنڈے تعویذ ہی کی فکر مین رہتین تو مین اور بیچین ہو جاتی - سر کے درد کی دوا حکیم صاحب نے کچھ نہ دی - اتنی دیر بیٹھے رہے - قانونچہ بھر کا حال کہہ سنایا - مگر دردسر کی دوا نہ بتائی - حکیم تو حاذق ہین مگر بکتے بہت ہین - نواب صاحب نے مسکرا کر کہا کہ حکیم کے حکیم اور مصاحب کے مصاحب لیکن بلا کا مقرر آدمی ہے زبان رکتی ہی نہین - تڑپڑ - تڑپڑ - اور لطف یہ کہ ایک لفظ بھی بے مطلب منھ سے نہین نکلتا - ایسی مسلسل تقریر ہے کہ صل علی -

اِنکے والد بزرگوار بھی بڑے نامی گرامی حکیم تھے -

حسن - ہان فال مین کون شعر نکلا تھا -

ن - (ہنسکر) مضمون خیر شعر ہے - ؎

روز ہجران وشب فرقت یار آخر شد
زدم این فال وگذشت اختر وکار آخر شد

حسن - (مسکرا کر) اماجان کے تو ہوش اڑ گئے کہ اتنی بڑی لڑکی گئی ہاتھ سے -

بہار - اللہ نہ کرے - کیا واہیات باتین زبان سے نکالتی ہو -

حسن - (ہنس کر) بہار النسا بہن دیکھو جوڑا کھلا جاتا ہے -

بہار - (تنک کر) خیر آپ کی بلا سے - ہم اپنے سمجھ لینگے سوا ے وہی چھیڑ خانی کے -

ب - محمدی خانم - تم کل آنا اب - مگر آنا ضرور -

حسن - (مسکرا کر) ضرور ضرور جن کا سایہ ہے جن کا -

م - ای بوی مین نے پچاسون باری کہا کہ چھٹپٹے مین دونون وقت ملتے کو تھے پر نہ جائیے -

سپہر - بی مغلانی تم پر بھی کبھی کوئی جن عاشق ہوا ہے -

م ۔ اے اب ہم پر کوئی موا کیا عاشق ہوگا۔ چونڈا سفید ہوگیا۔ سر ہلنے لگا۔ گالون پر جھریان پڑگئین منھ پوپلا ہوگیا۔

ب ۔ جب ہماری طرح بوڑھی ہوگی تب قدر عافیت معلوم ہوجائیگی مین نے ہزارون منتین مان مان کے پالا۔ گرمی سردی ایک کو دھیان مین نہ لائی اب یہ ہمکو چیکون پر اڑاتی ہین۔

م ۔ ہم حسن آرا بیگم کو کچھ باتین بتائینگے۔

حسن ۔ دور ہی سے سلام ہی۔ ایسی ایسی باتین ہمارے ناخونون مین ہین۔ اُف پھر جی ٹھکانے ہی۔

سپہر ۔ آلو کا پانی لاؤن باجی جان۔

روح ۔ ہان ہان لاؤ اسمین پوچھتی کیا ہو۔ آلو اور کیوڑا تو کوئی کہے مین دن بھر پیے جاؤن۔

بہار ۔ مین اُٹھالاتی ہون۔

سپہر ۔ جلد لائیے ۔ مگر آپکی تو نستعلیق چال ہی۔

بہار ۔ اب ہم تمھاری سی پھرتی کہان سے لائین۔

حسن ۔ آج تو بخار نے ہلکان ہی کردیا۔

ب ۔ ایک ہی پہر مین دیکھو کیا حال ہوگیا۔ چہرہ زرد ہوگیا۔

اتنی ہی دیر مین حسن آرا پھر بیچین ہوئین اور مارے درد سر کے تڑپنے لگین۔ نوابصاحب کو اطلاع دی گئی۔ محمدی خانم پھر پردے مین بیٹھین اور نوابصاحب تشریف لائے حسن آرا نے کہا دولھا بھائی۔ مین تو ہلکان ہوگئی اب اسوقت سر کا درد مارے ڈالتا ہی۔ حکیم صاحب کو لکھ بھیجو کہ شام کو ضرور آئین بس ایسا کہ کوئی پانچ اورچھ کے عمل مین آئین۔

ن ۔ درد سر کا جو علاج ڈاکٹر دن کے پاس ہی حکیم بیچارے کیا جانین مین اسپتال سے ایک شیشی ابھی منگوا تا ہون دیکھو چٹکیون مین درد سر جاتا رہے۔ بات کرتے۔ خدا کی قسم۔

نوابصاحب نے اسسٹنٹ سرجن کے پاس چٹھی بھیجی۔ اور آدھ گھنٹے مین شیشی آئی۔

ن ۔ (شیشی دیکر) بہت دیر تک نہ سونگھنا سونگھو اور بند کردو۔ پھر دس منٹ بعد سونگھو اور ہٹا دو۔ پھر چار پانچ منٹ بعد سونگھو اور ہٹالو۔ دیکھو دم کے دم مین درد سر کافور ہوجاتا ہی کہ نہین۔

حسن آرا نے شیشی کی دوا سونگھی تو کوئی بیس منٹ مین کہا کہ اب درد بہت کم ہوگیا۔

روح ۔ یہ ٹکے ڈاکٹر دن ہی کے ہین۔ حکیم کیا جانین بچارے۔

ب ۔ جب ڈاکٹر نہین تھے تب تو کوئی بیمار ہوکے بچتا ہی نہ تھا۔

حسن ۔ اس سے کیا مطلب۔ یون تو گانون مین برسون حکیم کا گذر ہی نہین ہوتا۔ پھر کیا وہ لوگ بیمار ہوتے ہی مرجاتے ہین۔ ایسا ہوتا تو کوئی گنوار نظر ہی نہ آتا۔

ب ۔ چلو اچھا ڈاکٹری اچھے سہی۔

بہار ۔ پھوڑے پھنسی کے علاج مین تو ڈاکٹر بہت اچھے ہین مگر اور باتون مین کچے۔

روح ۔ بجا۔ آپ سب باتین جانتی ہین۔

سپہر ۔ کیون دولھا بھائی جو حکیم بیمار ہو اور ڈاکٹر کے پاس جائے اور ڈاکٹر علیل ہوکے حکیم سے رجوع لائے تو آپس مین روپیہ لین یا نہ لین۔

ن ۔ کہین ٹھیکرے ٹھیکرے بھی بدلائی ہوتی ہی۔

شام کے وقت باغ سے باغبان ہٹا دیے گئے اور پردہ ہو گیا۔ حسن آرا نے سہری پیرہن آرام کیا۔ روح افزا اور بہار النسا اور سپہر آرا اور بڑی بیگم صاحب اور نواب صاحب کرسیوں پر متمکن ہوئے۔

حسن۔ کیا فرحت ہے اس وقت۔ ہوائیں ٹھنڈی ٹھنڈی آ رہی ہیں۔ اور پھولوں کی بھینی بھینی مہک شام روح تک کو مست کرتی ہے۔

روح۔ یہ خوشبو روح افزا ہے۔

حسن۔ (مسکرا کر) اخاہ۔ اب تو ہماری بہن بڑی زبان آور ہو گئی ہیں۔

بڑی بیگم صاحب جریب ٹیک کر باغ کی سیر کرنے لگیں۔ مغلانیاں اصیلیں ادب کے ساتھ ہمراہ۔ حضور یہ کیاری خوب سجی گئی ہے۔ دیکھیے یہ درخت میوے سے کیسا لدا ہے۔ ای بیگم صاحب اس چھوئی موئی کو بھی اللہ نے کیا بنایا ہے۔ این! اواہ! ای واہ۔ ذری چھو لو بس اینٹھ گئیں۔

اتنے میں ایک روش کے قریب سانپ نکلا۔ مغلانیاں اصیلیں بھاگیں۔ نوابصاحب دوڑ پڑے۔ اور لکڑی لیکر سانپ کو مار ڈالا۔

ب۔ یہ سانپ نہیں تھا۔ یہ بلیات میں سے ہے۔ بلا اکثر چھپکلی یا کتے کی صورت میں رہتی ہے۔ بلیان اکثر انسان کو دق کرتی ہیں۔ ایک آدمی کے سرھانے ہر روز دو بلیان لڑا کرتی تھیں وہ بیچارہ کچھ سمجھا نہیں مہینوں برابر روز رات کو بلیان اسکے سوتے وقت چارپائی کے پاس لڑتی رہیں جب اسکی آنکھ کھلتی تھی تو وہ بلیان بھاگ جاتی تھیں ایک دن آدھی رات کے وقت اسنے کیا دیکھا کہ چار بلیان اسکی چارپائی سے کوئی تین گز اونچی ہوا پر لڑ رہی ہیں بڑا تعجب ہوا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ ایسا سہما ایسا سہما کہ آنکھیں بند کر کے چپ چاپ پڑا رہا۔ رات کو خواب دیکھا کہ ہزاروں بلیان آئیں۔ ڈر کے مارے غل مچایا تو آنکھ کھل گئی۔ فجر کو اسنے لوگوں سے کہا کہ رات کو یہ کیفیت ہوئی۔ ایک آدمی نے کہا کہ آج رات کو یہ طباق اپنے سرھانے پر رکھ دینا اس دن سے بلی دلی ایک بھی نہ نظر آئی۔ تم ابھی لڑکی ہو یہ باتیں بھلا کیا جانو۔

رات کو محمدی خانم آئیں اور چپکے چپکے بڑی بیگم سے کچھ باتیں کر کے کہا کہ بس اب بلائیے۔ بڑی بیگم نے بہار النسا کو آواز دی۔ بہار النسا نے حسن آرا سے کہا کہ وہ ہو وقت حاضرات کرینگی۔ تم ان باتوں کو مانو یا نہ مانو مگر اماجان کا حکم تو نہ ٹالو۔ کہنا مان لو آج تماشا کیا ہرج ہے۔ آخر حسن آرا نے کہا چاہے جو ہو ہم تو نہ مانینگے بہار النسا تنک مزاج تو تھی ہیں تنک کر چلی گئیں۔ روح افزا اور سپہر آرا نے منت و خوشامد سے بہت سمجھایا کہ آپ کچھ مضائقہ نہیں ہے تم اپنے چپ بیٹھی رہنا چلو ہٹی ہوئی۔

روح۔ دولھا بھائی۔ محمدی خانم گھر میں آئی ہیں اماجان نے باجی کی زبانی کہلا بھیجا کہ حاضرات کرینگی۔ حسن آرا کو بھیجدو اور یہ کہتی ہیں ہم نہ جائینگے۔ آپ سمجھائیے انھیں۔

اتنے میں بہار النسا بیگم جھم جھم کرتی ہوئی پھر آئیں اور بڑی بیگم سے پوچھا کہ آخر حرج کیا ہے فائدہ کیا سوچی ہو کہ ایک بڑی بوڑھی کو آٹھ آٹھ آنسو رلاؤ۔ اور نہ چلو تو اچھا پھر محمدی خانم سے کہدیں کہ اپنے گھر کی راہ لیں۔ بس جب اس قدر کی خود رائی مزاج میں سمائی تو پھر کہنا اور سننا کیا جو جی چاہے وہ کرو۔ نوابصاحب نے مسکرا کر کہا افسوس

ن بہنون مین ایک یہی بے شعور رہین - بہار النسا بہت سیکھی ہوئین - چلیے آپ کی بلا سے - ہم بے شعوری سہی - پھر کسی کو کیا - چاہیئے تھا کہ اِسوقت حسن آرا کو سمجھاتے وہ سمجھاتا تو رہا چھپر پر اور ٹپی پڑھاتے ہین کہ نہ جانا - خیر نہ چلین -

حسن - اچھا چلو صاحب چلین -

محمدی خانم نے کہا اے حسن آرا بیگم ذری غسل کر ڈالیے - صاف پاک ہو کر آئیے - حسن آرا سوچی کہ ابھی شام تک تو بخار مین پھنک رہی تھی اس وقت نہاؤن تو چار دن تک چارپائی سے اُٹھنا دوبھر ہو جائے - روح افزا نے حسن آرا سے کہا کہ بہن واسطے خدا کے نہین نہانا دہانا نہین - یہ تو دوانی ہو گئی ہین - تم اِنکے کہنے مین نہ جانا - سپہر آرا اور روح افزا اور حسن آرا نے باہم صلاح کی کہ نہائین دہائین نہین اور آن کر کہہ دین کہ نہا چکے سفید کپڑے بدل کر حسن آرا اپنی بہنون کے ساتھ آئین - محمدی خانم نے اُنکو ٹکٹکی کے سامنے بٹھایا - سوہے کی اوڑھنی اوڑھے ہوے تھین - سر خاسرخ مہین لباس اور اُسپر عطر سہاگ کی بو باس گلے مین بیلے کا طوق - ہاتھو نھین بیلے کے گجرے ڈنڑدن پر بھج بند کانون مین پھولون کی بجلیان اور حلقے - سر پر بہت گھنا چھپکا - قادر پھول والے کے ہاتھ کا بنا ہوا - اور چھپکے کے سامنے موگرے کی جھالر - زیب سر - طرہ - اُسپر یہ کہ جوہی کا طرہ شانے پر بصد شان لٹکایا تھا اور گلے مین ہار اور بدھیان گتھے ہوے بال کر کے نیچے لٹک رہے تھے - اِس ٹھاٹھ سے حسن آرا بیگم آئین - اس گلبدن نے جو پھولون کا گہنا پہنا تو کھل گئی - ازراہ مذاق ہنستے ہنستے کہا کہ میرے دونون شانے بھاری معلوم ہوتے ہین یہ کہکر عمداً ایکبار انگڑائی لی - روح افزا یہ کیفیت دیکھکر ہنس پڑی -

بہار - دیکھنا نہ -

حسن آرا نے سر نیچا کر کے ذرا دو منٹ تک سکوت کیا محمدی خانم انکر بیٹھین - ایک ٹوکری مین بٹھائی رکھی گئی نیچ میل کوری رکابی مین الیس پان وساروی - تائید کردی تھی کہ نبولی نے قینچی نہ لگائی ہو - پانون پر حنیلی کے پھول رکھے تھے اور پھولون پر دو سینکین عطر کی - محمدی خانم نے چھوئی مٹی سے زمین کو لیپا تھا اُسپر لوبان جلایا - ایکطرف عطر دون کی شیشی اور دوسری جانب حنا کے تیل کی کپنی صفائی کے ساتھ بنی سے منڈھی ہوئی - گوٹے سے مُنھ بندھا اور بھنڈنا سرخ سرخ لٹکا ہوا تھا - ایک سمت کلاؤن کی بھنی دو کوری کلھیان اُسپر دو کورے سکورے رکھے ہوے - حسن آرا بیگم کھاروے کی ٹکٹکی پر بٹھائی گئین - محمدی خانم نے ماش ہاتھ مین لے کر کچھ پڑھنا شروع کیا - اور ایک دفعہ ہی مُنھ کے قریب لیجا کر اور دم کر کے سر پر کھینچکر مارے اور کہا کہ حافر شود بر سر این حسن آرا ہر کہ سحر باشد ہر کہ جادو باشد یا پری باشد ہر کہ سایہ باشد بر سر این حافر شود (جواب گوید) حسن آرا کو بے اختیار ہنسی آئی -

حسن - چہ خوش چرا نباشد -

روح - جواب گوید - جواب گوید -

تھوڑی دیر مین حسن آرا نے گردن ہلا کر محمدی خانم کو ٹھکدی محمدی خانم چیخ کر بھاگین اور ادھر روح افزا اور بہار النسا نے ہنسی کو ضبط کیا

م - دیکھا ہم تو کہتے تھے - وہی ہوا نہ آخر -

حسن - (مسکرا کر) حافر شود - حافر شود -

روح - (قہقہہ لگا کر) ہر کہ باشد ہر کہ باشد -

حسن - (ہنسکر) سایہ باشد یا پری باشد - اُف بہن مارے ہنسی کے بُرا حال ہی -

ن - (زینے کے پاس سے) کہو کیا حال ہی -

روح - اچھا حال ہی - حاضر شود جواب گوید - اُف خوب (خوب زور سے قہقہہ لگاکر) آئے - اور آتے ہی ایک ایسی ٹکر دی کہ محمدی خانم بیس قدم کے فاصلے پر بھاگین - اب سامنے آتے ڈرتی ہین -

روح افزا اور بہار النسا اور سپہر آرا خوب کھلکھلاکر ہنس پڑین بڑی بیگم بھی مسکرادین مگر بان محمدی خانم البتہ دل ہی دل مین حسن آرا کو بُرا بھلا کہہ رہی تھین جس وقت حسن آرا نے ٹکر دی تھی گو چوٹ تو بہت آئی تھی مگر محمدی خانم کھل گئی تھین کہ مار لیا ہی - لیکن قہقہہ پڑتے ہی دھک سے رہ گئین - ارے یہ تو ان لڑکیون نے ملکے بناڈالا ہم کیا سمجھے اور ہوا کیا -

روح - حاضر شود حاضر شود -

حسن - ہر کہ باشد -

سپہر - دیو باشد یا پری باشد یا - کیا باجی ؟ -

حسن - سایہ باشد یا پریت باشد -

محمدی خانم نے کہا کہ اچھا اب ہم اور تدبیر کرینگے - یہ کہکر پندرہ کا نقش ایک کاغذ پر لکھا -

	پندرہ کا نقش	
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ب - یہ پندرہ کا نقش ہی - پندرہ کا نقش تو نہین ہی -

م - (چین بہ جبین ہوکر) خیر نہ سہی - گن لیجیے -

ب - آٹھ اور ایک نو اور چھ پندرہ

تین اور پانچ آٹھ اور سات پندرہ	
چار اور نو تیرہ اور دو پندرہ	
آٹھ اور تین گیارہ اور چار پندرہ	
ایک اور پانچ چھ اور نو پندرہ	
چھ اور سات تیرہ اور دو پندرہ	
پانچ اور دو سات اور آٹھ پندرہ	
چار اور پانچ نو اور چھ پندرہ	

م - ہی -

ب - بیشک ہی گن لیا -

م - (جھلاکر) نہین پھر گن لیجیے -

ب - کیا - خبط ہی سمجھے -

ادھر بڑی بیگم اور محمدی خانم مین جو یہ باتین ہوئین اور ذرا دیر لگی تو روح افزا اور سپہر آرا نے حسن آرا بیگم کو چپی پڑھادی کہ ایکی تھوڑی دیر جھوم جھام کر پھر ایکدفعہ محمدی خانم کو ایسی ٹکر دو کہ ذرا کچھ دن سیکین - یہ نقش حسن آرا کو دیا گیا محمدی خانم نے کہا اسکے سوراخ مین سے چراغ کو دیکھو - دیکھتے ہی حسن آرا جھومنے لگی - محمدی خانم نے پوچھا تم کون ہو -

حسن - (جھومتی ہوئی) تم خود کون ہو - عورت ذات اور حاضرات -

م - انکو آپ کیون ستاتے ہین -

حسن - ہم انپر عاشق ہین -

م - اِنکو چھوڑ دیجیے -
حسن - (خوب جھوم کر) کبھی نہ چھوڑینگے - ہرگز نہ چھوڑینگے -
م - اِنسے کیا خطا ہوئی -
حسن - یہ حسین ہین - جوان ہین - پریچہرہ ہین - رنگین ہین -
یہ الفاظ زبان سے ادا کرتے ہوے حسن آرا لجاتی تھی اور محمدی خانم جامے مین پھولے نہین سماتی تھی -
م - اِنکو آپ نے کہان دیکھا -
حسن - دونون وقت ملتے ہماری سواری نکلی تو ہمنے دیکھا کہ ایک ماہرو کم سن عورت لب بام نکھر کر کھڑی ہے عطر کی خوشبو سے ہم مست ہو گئے -
م - لاؤ فلیتہ -
ب - فلیتہ لاؤ -
بہار - ای منعلانی وہ فتیلہ اُٹھا دو -
حسن - (کھلکھلا کر) - امی جان بندگی - یہ فلیتہ کیا ہوگا -
روح - خانم صاحب سلام -
سپہر - چلو بس حاضرات داضرات سے فراغت پائی -
محمدی خانم سخت خفیف ہوئین - اور جھلا کر بولین کہ اک ذری اور تامل کیجیے - بڑی بیگم لڑکیون پر بہت خفا ہوئین واہ سہربات مین خودرائی اچھی نہین ہوتی کوئی اپنے گھر آئے تو اُسکی خاطر کرنا چاہیے یا ہنسنا چاہیے اُسکو ہمین یہ بیہودگی ایک آنکھ نہین بھاتی - حسن آرا اور روح افزا خاموش ہو رہین - مگر سپہر آرا نے شیرین ادائی کے ساتھ کہا کہ اماجان آپکا حکم تو باجی جان بجالائین مگر ہمین ہنسی آئیگی تو ہم فرد فرد ضرور ہنسینگے - بی منعلانی بولین - ای تم جم جم ہنسو ہنسی کو کون منع کرتا ہے ہنستے ہی ہنستے گھر بستے ہین مگر کہنا ایکدفعہ اور مان لو -
محمدی خانم نے بڑی بیگم کی اتنی شہ پائی تو ایک تختی دیوار مین لگائی اور خود اُسکے پاس جاکر مودب بیٹھین - اور حسن آرا سے کہا کہ اِس تختی کو جو دیوار مین لگی ہے دیکھتی جاؤ حسن آرا نے بڑی بیگم کے تیور جو بیڈھب دیکھے تو ناچار تختی کو غور سے دیکھنا شروع کیا - تھوڑی دیر کے بعد محمدی خانم سے کہا - اخاہ - یہان تو ایک میدان نظر آتا ہے -
روح - دیکھون - اوہو - تق دوق میدان ہے - مین نے بھی دیکھا
حسن - ہمین تو کاندو کا نالہ نظر آتا ہے -
بہار النسا سمجھ گئی کہ یہ تینون بہنین بناتی ہین - محمدی خانم نے کہا وہ دیکھو وہ خاکروب آیا -
سپہر - ہان ہان مگر کانا ہے -
اِسپر ایک فرمائشی قہقہہ پڑا اور محمدی خانم کٹ کٹ گئی
روح - مواخاکروب تو پیر و بھنگی کا چچا معلوم ہوتا ہے -
م - اب سقہ آیا -
روح - ہان مجھ پر بھی ایک چھینٹ پڑ گئی -
نواب آڑ مین کھڑے ہو کر سارا تماشا دیکھتے جاتے تھے اور دل ہی دل مین ہنستے تھے کہ بڑی بیگم بھی ماشاء اللہ کیسی خوش اعتقاد ہین -
سپہر - ای منعلانی ذری اِس سقے سے تازہ تازہ پانی تو لے لینا -
ب - تم اِنکو بکنے دو محمدی خانم -

م - لو اب فرش بچھنے لگا -

سپہر - اہو ہو - کیا کیا خالیچے ہین - ایک سے ایک بڑھکر -

حسن - اہی واہ چاندنی مین تو شکن رہی جاتی ہی -

روح - مسند تکیہ بھی ہی -

م - سواری آئی سواری آئی - وہ سوار آئے -

حسن - اب سوار پھر آئے -

روح - تانتا لگا ہوا ہی -

حسن - اماجان اب ہم جاتے ہین -

ب - نہین بابا - ذرا سی دیر کے لیے کام ادھورا چھوڑنا کیا معنی -

حسن - اہی پرائے مردون کے سامنے اسطرح ہم سے نہ بیٹھا جائیگا کہتی جاتی ہون کہ تھا کروب آیا - موا بہشتا آیا - سوار آئے - پیادے آئے اب ہم کس کس کو منھ دکھائین

اسپر بہار النسا تک کو ہنسی آئی - اور دیر تک قہقہہ لگا

محمدی خانم تو اٹھ کے چلدین مگر یہان بارہ بجے رات تک حاضرات ہی کی باتین ہوتی رہین - خوب قہقہے پڑے

حسن آرا اور روح افزا اور سپہر آرا اور نواب صاحب ایک طرف تھے - اور بڑی بیگم اور بہار النسا انکی رائے کے خلاف

حسن آرا نے کہا اماجان خانون جنت کی قسم جو ہمین ذرا بھی کچھ معلوم ہوتا ہو کہ کوئی سر پر آیا ہی - اور پھولون کا گہنا پہنکر جو ہم نے کہا کہ شانے بھاری معلوم ہوتے ہین وہ تو فقط محمدی خانم کے چھیڑنے کو تھا - روح افزا تک کر بولی اس جھوٹ پر چٹکی پڑ جاے بہن - کبھی کہتی تھی میدان نظر آتا ہی - کبھی کہا سوار آیا - توبہ - سنتے سنتے کان تھک گئے بھلا کوئی بات بھی ہی - اسطرح تو جسکا جی چاہے بیٹھ جائے اور بھان متی کیطرح ہتھ پھیر کرنے لگے - ہم سے کہو ہم بھی کہنے لگین کہ وہ میدان ہی - وہ چٹیل میدان نظر آیا وہ سقہ آیا - وہ فرش فروش بچھا - اہی بان سہین کونسا پہاڑ اٹھانا ہی - یہ اماجان کو یقین کیونکر آگیا بڑی بیگم نے کہا تم بھی یہ باتین جانو کیا - جمعہ جمعہ آٹھ دن کی تو پیدائش تم کو لڑکپن کے سبب سے یہ باتین بھلا کیسا سمجھ مین آئین - بہار النسا تم سے نام خدا کچھ دن بڑی ہین - برس دو برس وہ سمجھتی ہین - جب تم بھی تمیز دار ہوگی تو سمجھوگی پھر نواب صاحب نے سپہر آرا کے کان مین چپکے سے کہا کہ تم اپنی اماجان سے پوچھو کہ آپ نے بھی میدان دیکھا تھا ورق سپہر آرا تو اور سب بہنون کی نسبت بڑی بیگم کی خدمت مین زیادہ گستاخ تھیں بھولے پن کے ساتھ پوچھا کہ کیون اماجان سچ بتائیے آپ نے بھی میدان دیکھا تھا - بیگم مسکرائین بیٹیا ہر کوئی تھوڑا ہی وہ میدان دیکھ سکتا ہی - وہ تو جو کوئی عامل ہو جو کوئی حاضرات کرے اُس کو نظر آئے تم در روح افزا جو بڑھ بڑھ کر باتین بناتی تھین ایک بولی ہان ہان ہم نے بھی میدان دیکھا - دوسری نے کہا اُف اللہ کیا چٹیل میدان ہی - تیسری نے حامی بھری ہان وہ سقہ آیا ہی - مین سب سمجھتی جاتی تھی کہ تم محمدی خانم کو مل کے بنا رہی ہو - تینون بہنین ایک ہو رہی ہو - مگر یہ سایہ دایہ نہ تھا پہلے تو مجھے دھوکا ہو گیا مگر پھر جو دیکھا تو واہیات ہی واہیات پایا - اہی ہی جو سایے کا پھیر ہوتا اللہ نہ کرے تو یون بیٹھی رہتین اور تمھارے ساتھ قہقہے لگاتین - واہ

اتنے تو مارے بلکان ہوگئی ہوتین - شعلے کی طرح بدن تھر تھر کانپنے لگتا ہی سارے جسم مین تھرتھری ہوتی ہی اور رنگ فق ہوجاتا ہی اللہ بچائے مگر حسن آرا دیکھو کیسا کے لیے آج سے دونون وقت ملنے ہرگز ہرگز کوٹھے پر جانے کا قصد نکرنا - خبردار - خبردار - بہار النسا بیگم بولین - ہی اماجان جھٹپٹے وقت تو اللہ جانتا ہی ہم بھی سیکڑون بار مہتابی پر جاکر کھڑے ہوے اور عطر مین بسے ہوے کچھ بھی نہ ہوا - بڑی بیگم نے اسکا جواب سوچ سمجھ کر دیون دیا - بیٹی کیا کچھ ضرور ہی کہ ہر وقت انکی سواری ہی نکلے - وہ تو ہوا ہین - جسوقت ادھر نکل آئے سیر کرلی - شام کے وقت کوٹھے پر جانا اور نہا دھو کے جانا ٹہرا بڑا ہی - اور جو پھولون کے ہار ہون اور عطر کی لپٹین آتی ہون تو چاہے جس دن کسی پر آزما لو بخار تو ضرور ہی آجائیگا آخر ہنسنے کیا دھوپ مین چوندھ اسفیدہ کیا ہی -

روح - حسن آرا بیگم اب کیسی ہو -

حسن - اب تو آرام ہی اللہ کے فضل سے - مگر اس وقت محمدی خانم سے بکنا بہت پڑا -

بہار - نہین نہین عقیدہ نہین ہوا پہلے وہ سمجھی تھین کہ سچ مچ سایہ ہی ہی - اب کہتی ہین کہ سایہ وایہ نہین بیماری تھی -

روح - اچھا اتنا تو معلوم ہوگیا کہ محمدی خانم - جھوٹ موٹ بتے دیتی تھین -

بہار - اب تم سمجھتی ہو کہ بس ایک تم اور دوسری حسن آرا دو ہی کو اللہ نے عقل دی ہی - بس اب اماجان ایسی کوئی بچہ ہین - دودھ پیتی ہین کہ اتنا بھی نہ سمجھ سکین -

حسن - وہ تو بھابھائی نے تمھین کچھ بھی نہ سکھایا بہن - ہمین تو اس بات کا افسوس ہی -

بہار - چلو خیر ہم نادان ہی سہی -

سپہر - نہین نادان نہین - مگر سست اعتقاد ضرور ہین آپ -

روح افزا اور سپہر آرا مین بڑی دیر تک ہنسی اتی کی باتین رہین ایک نے کہا باجی وہ سقہ آیا - دوسری بولی بہار النسا بہن ذری آنچل سے منھ ڈھانپ لو شاہ جن کی سواری آتی ہی ہاے وہ دیکھو دروازہ اپنے آپ ہی بند ہوگیا - بھئی ہمسے آج پلنگ پر دون نہ سویا جائیگا رات کو بڑے بڑے خواب دیکھینگے بہار النسا جھلاتی بھی تھین - مسکراتی بھی تھین - الغرض آدھی رات تک یہی چہل پہل رہی - اسکے بعد بہار النسا نے کہا حسن آرا لے بہن اب تم سو رہو - نہین اور ہلکان ہوجاؤ گی -

سویرے منھ اندھیرے سپہر آرا خواب ناز سے بیدار ہوئین تو حسب معمول روح افزا بیگم اور حسن آرا بیگم کو جگایا - روح افزا اور سپہر آرا کر کے اٹھ بیٹھین - مگر حسن آرا کی کیفیت دگرگون پائی - تپ شدید ضعف انتہا کا تشنگی کا غلبہ - لب خشک - تالو مین کانٹے پڑے ہوے بھینچی اسدن سے بھی زیادہ - بات کرنے مین تکلیف ہوتی تھی - آواز سے نقاہت صاف برستی تھی - روح افزا اور سپہر آرا تھوڑی دیر تک پلنگ کے پاس سرہانے بیٹھی رہین کہ انے مین موذن کی آواز آئی - دونون نے اٹھکر نماز صبح پڑھی - نماز سے فراغت پائی ہی تھی کہ بہار النسا بیگم تشریف لائین -

روح - باجی آج حسن آرا کل سے بھی زیادہ بیچین ہین -

بہار - کیون کیون -

روح - بیٹے پر ہاتھ رکھو تو معلوم ہوتا ہی جیسے پھنک گیا اسقدر گرمی ہی

بہار - پھر شگوفہ لائین -

سپہر - کل جاگی بھی دیر تک تھین -

بہار النسا نے نبض پر ہاتھ رکھا تو تپ شدید حسن آرا بیگم

آہستہ سے بولیں باجی آج تو مارے ضعف اور پیاس کے ناک میں دم آگیا۔

بہار النسا نے پیاری سے کہا (پیاری جا کے اُن کو تو جگا لا) پیاری نے نوابصاحب کو جگایا۔ اُٹھیے چلیے آپ کو بلاتی ہیں۔ نوابصاحب انگڑائی لیتے ہوئے اُٹھے پوچھا کیوں خیریت تو ہے۔ پیاری نے کہا جی آج بھی ماندی ہوگئیں۔ نوابصاحب نے اُٹھ کر منھ دھویا اور تشریف لائے حسن آرا بیگم اپنی نازک پلنگڑی پر لیٹی ہوئی بہار النسا سے کہہ رہی تھیں کہ ذری ذری سردی سی معلوم ہوتی ہے۔ کچھ اُڑھا دیجے۔ اتنے میں نوابصاحب کی جو آمد آمد سنی اور پیاری نے آکر کہا کہ آتے ہیں حسن آرا بیگم نے اپنا ڈوپٹہ پائجامہ سنبھالا۔ اُسوقت سر کے بال بکھرے ہوئے کچھ کچھ سرھانے کے اِدھر اُدھر لٹک رہے تھے۔ اور دوپٹا کھسک کر سینے کے نیچے آگیا تھا۔ روح افزا نے ایک دولائی اُڑھا دی اور حسن آرا نے سر کو دوپٹے سے ڈھانپ لیا نواب صاحب تشریف لائے۔

بہار۔ اے آج پھر رنگ لائیں۔

ن۔ لاحول ولاقوۃ۔ کل کچھ بے احتیاطی تو نہیں ہوئی تھی۔

روح۔ رات بارہ بجے سوئی تھیں۔ مگر روز دس گیارہ بجے تو یوں بھی سوتی ہی تھیں۔

بہار۔ بہن روز کی بات اور ہے۔

ن۔ کھانے میں تو بے اعتدالی نہیں ہوئی تھی۔

سپہر۔ کھانا کھایا کہاں گیا اُسے۔ دو ذری ذری ساری چپاتیاں لائی تھی۔ اُنہیں تین چار نوالے شاید اُنھوں نے کھائے ہوں تو کھائے ہوں۔

روح۔ منھ کا ذائقہ بدلا ہوا ہے۔

اتنے میں بڑی بیگم صاحب کو بھی کسی نے خبر دی۔ اولاد کی محبت۔ بیتاب و مضطر ہو کر جریب ٹیکتی ہوئی آئیں۔ نوابصاحب اور بہار النسا بیگم اور روح افزا اور سپہر آرا سب نے جھک کر ادب کے ساتھ آداب عرض کیا بڑی بیگم نے حسن آرا کی پیشانی پر اپنی پرانی ہاتھ رکھکر کہا کہ اللہ۔ اسوقت تو میرا ہاتھ جلا جاتا ہے کیا رات بھی ٹنڈا پھیکا تھا۔

سپہر۔ جی نہیں۔ جب بارہ کا گجر بجا ٹھن ٹھن تب تک باتیں کرتی تھیں خاصی اچھی تھیں۔

بڑی بیگم نے اسوقت کوئی بات اُٹھا نہ رکھی۔ صدقہ بھی اُتارا۔ قرآن کی ہوا بھی دی۔ منت بھی مانی کہ یہ اچھی ہو جائیں تو مسجد میں گھی کے چراغ جلاؤں۔

نوابصاحب پھر حکیم جی کو بلا لائے۔ الغرض دس دن تک حکیم صاحب کا علاج ہوا کیا۔ مگر افاقہ نہ ہوا۔ گیارھویں روز ڈاکٹر صاحب بلائے گئے چھ دن تک وہ معالج رہے۔ بعد ازاں صاحب سول سرجن اور اسسٹنٹ سرجن دونوں کی صلاح و اتفاق رائے سے معالجہ ہوا تو سوا مہینے میں حسن آرا بیگم نے آرام پایا۔

سول سرجن نے صلاح دی کہ تغیر آب و ہوا از بس ضروری ہے مہینے ڈیڑھ مہینے کے لیے بیگم صاحب کو کہیں اور لیجائیے۔

روح۔ آما جان ڈاکٹر کہہ گئے ہیں۔ کہ ——

ب۔ ہاں یہاں تو اب مہینا دو مہینا نہ رہنا چاہیے۔

ن۔ اگر آپکی مرضی ہو تو اپنے ہاں لیجاؤں۔ وہاں ایک مکان خالی ہے۔ اُسمیں رہا کریں۔

ب۔ کیا بتاؤں۔

روح۔ اُسمیں کہنا سننا کیا ہے۔

ب۔ تم سمجھتی نہیں ہو بیٹی۔ بھیجنے میں تو کچھ ہرج نہیں ہے

اگر بہار النسا اور انکی ساس مین دم بھر تو بنتی نہین - مین بھیجون تو کیسے بھیجون - ساس ساس کیطرح اور بہو بہو کی طرح رہے تو بات بنے - اور جب ساس اور بہو دشمن کیطرح رہین تو دن رات تو تو مین مین ہوا ہی چاہے لڑکی خدا خدا کر کے اتنے دن بعد ذرا اچھی ہوئی اب وہان بھیجون جسمین اور کڑھے روز روز کی بھائین بھائین سے نہ علیل ہوتی ہو تو خدانخواستہ اسکے دشمن علیل ہو جائین -

روح - ہان یہ تو ہی -

سپہر - دولھا بھائی تو کہتے ہین مکان سے ملا ہوا مکان ہی

بہار - ہان خاصہ بڑا مکان - مکان کیا اچھی چھوٹی سی بارہ دری سی ہی - بجلی دو گھر روشن - خاصے طور سے وہان حسن آرا چلکے ایک مہینے رہین تو پھر ویسی ہی ہو جائین جیسی پہلے تھین -

ب - یہ مکان بڑا بھی ہی اور کھلا ہوا بھی ہی اور پھر میدان مین ہی - یہ نہین کہ گلی کوچون مین ہو - مگر بیماری سے کچھ بس نہین چلتا انسان کا -

حسن - اماجان - بہار النسا بہن کے ہان دریا بھی پاس ہی -

ب - اور یہان کیا دور ہی کچھ -

بہار - نہین اماجان - وہان تو بالکل ملا ہوا ہی - یہان تو پھر بھی دور ہی -

ب - ہان ہان کیا ہمنے وہ مکان دیکھا ہی نہین ہی مگر بہار النسا کی ساس تو کٹنی مرنی ہی - حسن آرا کے جانے سے بھلا وہ خوش ہوگی

سپہر - اچھا بہار النسا بہن دو مہینے کے لیے نہ لڑین جھگڑین

روح - ہونہہ - یہ ان ہونی بات ہی -

بہار - اب تم سے جھگڑے کون - دو دن رہ کے دیکھ لو کہ کیسا کیسا کوستی ہین -

ب - بیٹا کہے سے تو برا مانو گی - جو تم دو چار دن انکی باتین سن لو تو وہ خواہی نخواہی کیون برا بھلا کہین -

بہار - اچھا صاحب ہم ہی برے سہی -

اتنے مین نواب صاحب جو چھت پر ٹہل رہے تھے تشریف لائے -

ن - کیسے کیسا رے قرار پائی - سواری کی فکر کردن -

حسن - واہ -

روح - ہو چکی فکر -

سپہر - جا چکین -

ن - یہ کیون یہ کیون -

بہار - یہ کیون ! ہونہہ (چپکے سے) تمھاری والدہ شریفہ کے سبب سے - اور کیون -

ن - اچھا چلو اسکا بھی امتحان ہو جائیگا بس خاصی بات ہی خود چل کے دیکھ لینا کہ کسکا قصور ہی -

ب - یہ بہار النسا جانین اور تمھاری ماں جانین - ہمین ان جھگڑون سے کیا واسطہ ہم تو انھین کو برا کہینگے ہم تو یہی کہینگے کہ انھین کا سارا قصور ہی وہ بڑی بوڑھی جہاندیدہ عورت ہین وہ جو کہینگی انھین کے فائدے کے لیے کہینگی - یہ الڑھ پن کے سبب سے چاہے نہ مانین -

ن - ہان ہی تو ایسا ہی جیسا آپ نے فرمایا -

بہار النسا تنک کر اٹھین اور پائنچے ایک ادائے دلربا کے ساتھ اٹھا کر اٹھلا اٹھلا کے جانے لگین تو نواب نے روح افزا کو اشارہ کیا کہ انکو روک لو - جانے نہ دو - روح افزا نے پھرتی کے ساتھ دوڑ کر بہن کو گلے لگا لیا - بہار النسا نے کہا ہائین ہائین بالکل بے شرم ہوتی جاتی ہو روز بروز - دیکھو کوئی بیٹھا ہو کہ نہین -

روح - اچھا چلیے بیٹھیے ذرا سی بات مین ڈھنا اچھا نہین ہوتا بہار - نہین نہین جانے ہی دو - بڑے بوڑھون کے سامنے مفت کا جھگڑا ہو اس سے کیا فائدہ -

نوابصاحب نے سپہر آرا کو اشارہ کیا کہ تم جا کے لے ہی آؤ - سپہر آرا نے جا کر تسمین دین کہ چلیے چلیے بہار النسا بیگم ناز و انداز کے ساتھ آ کر بیٹھین مگر چنون ابھی نتکھی ہی ہے -

اس حیص بیص اور مشورے مین دو دن گذر گئے اور سب تو راضی تھے مگر بڑی بیگم کی مرضی نہ تھی - وہ کہتی تھین کہ اگر بہار النسا کی ساس سے انسے بنتی ہوتی تو کچھ مضائقہ نہ تھا - تیسرے دن نوابصاحب اپنے گھر گئے دیوانی کی تعطیل مین یہان آ کر رہے تھے - جب تعطیل ختم ہو گئی تو قصد روانگی کیا - حسن آرا بیگم کی طبیعت جو ناساز پائی تو جانا مصلحت کے خلاف سمجھے - وکالت کا برج کیا اور سوا مہینے کا مل یہین مقیم رہے - اب بہار النسا بیگم کو لیکر بڑی بیگم سے رخصت ہوے اور چلے گئے - صبح کو نوابصاحب اور بہار النسا رخصت ہوے اور شام کو حسن آرا کی طبیعت پھر ناساز ہو گئی - ۱۱ بجے دن تک یون ہی سی حرارت تھی مگر ۱۲ بجے سے شدید تپ چڑھی - یہانتک کہ ہذیان بکنے لگین - اور کبھی بار بار سر دے مارا - اب سنیے کہ حسن آرا کی تو یہ کیفیت اور نیچے کمتا تھا کہ مین آج ہی برسونگا - وہ موسلا دھار مینھ برسا کہ چار گھنٹے کامل پرنالے چلا کیے - رات ایسی تیرہ و تار کہ الامان بجلی کا بار بار کوندنا اور بھی ستم ڈھاتا تھا اور رعد اس زور سے گرجتا تھا کہ کان کے پردے پھٹے جاتے تھے - اب خدا جانے ڈاکٹر کو کون بلائے اور حکیم کے بان کون جائے - بڑی بیگم کے ہاتھ پانون پھول گئے -

حسن - اُف اماجان ذرا ہاتھ تو دو -

ب - (ہاتھ دیکر) افوہ کیسا جل رہا ہے -

سپہر آرا نے اپنی پیاری بہن کی جو بیقراری دیکھی تو آبدیدہ ہو گئی -

روح افزا سناٹے مین کہ بار بار آنا اچھا نہین - بڑی بیگم کو اب کلی یقین ہو گیا کہ اس سایہ کا اثار محمدی خانم سے محال ہے اسکے لیے کوئی بڑا عامل چاہیے - سوچین کہ کل اُستانی جی کو بلاؤنگی دو دن کا اقرار کر گئین اور آجتک نہ آئین کوئی وجہ خاص ضرور ہوئی ہوگی - سویرے ہی آدمی بھیجونگی - تڑکے کے گجر دم - اتنے مین حسن آرا نے جو کئی بار ہچکیان لین تو بڑی بیگم نے اپنا حال تباہ کیا - اور کونے مین جا کر خوب روئین - سپہر آرا پلنگ کے پاس بیٹھی ہوئی بابوسی کے ساتھ اپنی بہن کی حالت دیکھتی تھی - روح افزا بحسرت منہ تکتی تھی مغلانیان صیلین دم بخود دکھتی تھین کمرے مین کئی لمپ روشن تھے مگر ہوا جو زنانے کی چلتی تھی تو گل ہو ہو جاتے تھے - بڑی بیگم بار بار آ کر پیشانی اور سینے اور نبض اور تلوون کو دیکھتی تھین اور آبدیدہ ہو جاتی تھین جب حالت نہایت بیقراری کی دیکھی تو سمجھ گئین کہ حسن آرا ہماری آس توڑ کر دغا دیے جاتی ہین ایک عورت نے بڑی بیگم سے کہا کہ حضور اب چاہے مینھ برسے چاہے کہین بجلی گرے حکیم صاحب کے پاس آدمی ضرور بھیجیے -

ب - مغلانی تباؤ اب مین کیا کرون -

م - حضور اللہ کرے انکی آئی ہوئی ہم سب کو لگجائے - اللہ انکو بچا لے -

حسن - (سر پر ہاتھ دھر کے) اُف اللہ مین ابھی دم مر جاؤن -

روح - اللہ نہ کرے - اللہ نہ کرے - یہ باتین نہ کرو بہن -

حسن - روح افزا بہن - ہے ہے میرا تو دم گھٹا جاتا ہے -

ایک آگ سی لگی ہوئی ہے۔

حسن آرا نے چپکے سے سپہر آرا کے کان مین کہا سپہر آرا اب تمھاری باجی جان رخصت ہوتی ہین۔ سپہر آرا کی آنکھون سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے مغلانی نے جو سپہر آرا کو روتے دیکھا تو کہا (ہا) کوئی ایسی بات کرتا ہی سپہر آرا نے آنسو پوچھے تو پھر حسن آرا نے کہا۔ سپہر آرا ایک بات اب دم واپسین سن لو۔ آزاد کو نہ بھولنا پیارے آزاد نے ہمارے لیے جان جوکھم کی مگر اسکی آرزو نہ بر آئی۔ دلکی دل ہی مین رہی۔ سپہر آرا نے جی کڑا کر کے سمجھایا کہ باجی خدا کے لیے ایسی باتین نہ کرو مجھے ہول ہوتا ہی جو ایسی باتین کہین تو صبح تک مین خود ہی نہ ہونگی بہن کی یہ تقریر سنکر حسن آرا دم بخود ہوگئی مگر دل ہی دل مین سوچنے لگی کہ یا خدایا جو مین مرگئی تو سپہر آرا کیا جانے کیا کر گذرے۔ اسکو تو یہ اتنا بڑا مکان کاٹ کھا ئیگا۔ ادھر یہ باتین ہوتی تھین ادھر رعد اس زور سے گرجا کہ بڑی بیگم تک نے اس عمر مین کبھی ایسی آواز نہین سنی تھی اور رعد کے گرجتے ہی بجلی چمکی اور چمکتے ہی معمولی روشنی سے کہین زیادہ تجلی ہوکر بڑی بیگم صاحب کی کوٹھی کے صحبطل مین کھپریل پر گری بجلی کے گرتے ہی حسن آرا کو غش آگیا۔ روح افزا کے ہاتھ پانون سرد ہوگئے۔ اور ادھر اصطبل مین ایک سائیس اور ایک گھوڑا بجلی سے جلکر خاک سیاہ ہوگیا اور بارش کی کیفیت کہ ذرا دم نہین لیتی معلوم ہوتا تھا کہ برق و باران نے قسم کھائی ہے کہ آج ہی سارے عالم کو تباہ کر دینگے۔ بڑی بیگم کی خود اسوقت ردی حالت تھی مگر اولاد کی محبت۔ گلاب کے خوب چھینٹے دیے۔ نخنی سونگھایا حسن آرا کو ذرا ہوش آیا مگر روح افزا کے ہاتھ پانون ابھی تک سرد ہی تھے۔ اصطبل کی کسی کو خبر ہی نہ تھی کہ وہان سائیس اور گھوڑے کی جان گئی جو جہان بیٹھا تھا وہ بس وہان ہی کا ہوگیا تھا۔ رعد پھر گرجنے لگا اور اس مرتبہ اور بھی آواز بلند ہوئی۔ حسن آرا کانپنے لگی روح افزا کو ایک صبیل نے آنکھ دولائی اڑھادی۔ اسوقت کوئی گرم چیز ہاتھ نہ آئی تو فلالین کا ایک نیا ٹکڑا ادھر ادھر لپیٹ دیا۔

حسن۔ اماجان دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہوے جاتے ہین۔

ب۔ بٹی کیا کرون ہاتھ پانون پھولے ہوے ہین۔

م۔ کیا بڑا وقت ہی۔ اوئی اللہ۔ ہی ہی۔ جی دہل رہا ہی۔

روح۔ ہاے ہاے جیسے معلوم ہوتا ہی کوئی کلیجا مسوس رہا ہی

سپہر۔ باجی کیا کرین۔ ہاے تمکو سمجھائین یا اندر والے کو سمجھائین۔

اب ہوا اس زور سے چلی کہ جو دروازے کھلے ہوے تھے پھٹا پھٹ بولنے لگے اور تین چار شیشے بھی ٹوٹ گئے ہوا نے ایسا زور باندھا کہ درخت جڑ سے اکھڑ اکھڑ گئے۔ اتنے مین زلزلہ آیا اور بڑی بیگم حسن آرا کی پلنگڑی کو آپ ہی آپ ہلتے ہوے دیکھکر زور سے چیخ اٹھین۔

سپہر۔ ہائین ہائین۔ اماجان جیسے کسی نے کوٹھی کو سر پر اٹھالیا مارے ڈر کے سپہر آرا بڑی بیگم سے لپٹ گئی۔

روح۔ اے ڈر نہین بھونچال تھا۔

م۔ جی ہان کیونکر نہو۔ اب گناہ بہت ہونے لگے نہ۔

بڑی بیگم کو شک کی جگہ یقین تھا کہ کوئی جن یا بھوت پریت ہی جسنے حسن آرا کے پلنگ کے اٹھانے کا قصد کیا۔ لہذا مارے خوف کے چیخ اٹھین لیکن جب روح افزا نے بھونچال کا نام لیا تو ذرا دل کو تسکین ہوئی حسن آرا کی طبیعت اب اور بھی ناساز ہوگئی۔ حالت دم بدم زار ہوتی جاتی تھی۔ ایک آنکھ سے نبل ڈھلنے لگا۔

م۔ بیگم صاحب۔ بیگم صاحب۔

حسن - (بہت آہستہ سے) ہاں -

سپہر - باجی جان پیاری باجی جان -

روح - اے حسن آرا حسن آرا -

حسن آرا کو اسوقت بات کرنا شاق گذرتا تھا - اور سانس لینا تک دوبھر تھا ان سب کی باتیں سنتی جاتی تھی مگر لب تک نہ ہلاتی تھی - جب کئی بار ان سب نے ملکر پکارا حسن آرا نے ذرا آنکھیں کھول دیں اور اشارے سے دکھادیا کہ لب خشک ہیں -

ب - اتنی سردی ہے اسوقت مگر انکے ہونٹھ سوکھے جاتے ہیں سحر کاذب کے وقت مینھ تھما - تب بڑی بیگم کو معلوم ہوا کہ ایک سائیس اور ایک گھوڑا شب کو بجلی کی نذر ہوا - گھوڑے کے مرنے کا کمال افسوس کیا - یہ گھوڑا انکے شوہر کی خاص سواری کا تھا - اب بہت بوڑھا ہوگیا تھا اور گویا پنشن پاتا تھا -

صبح کو حسن آرا کی طبیعت ذرا ذرا ٹھہری یہانتک کہ نماز صبح بھی ادا کی - دفعۃً بڑی بیگم کو بہار النسا یاد آئیں - مغلانی سے کہا کہ یہ مینھ تو غالمگیر تھا - خدا جانے کہ قدر فاصلے تک برسا ہوگا - خورشید اور بہار النسا نے راہ میں بڑی تکلیف اٹھائی ہوگی - ہم اپنے گھر میں تھے لیکن کلیجا منھ کو آتا تھا - ہاتھوں میں کلیجا تھا - انکی سفر میں کیا حالت ہوئی ہوگی مغلانی نے سمجھایا کہ حضور ریل کی سواری کچھ چھکڑے کی سواری تو نہیں کہ خدا نخواستہ کچھ خوف کی جگہ ہو حضور ہیں - بہار النسا بیگم ہیں - دو عورتیں خدمت کے لیے ساتھ ہیں - چار سپاہی ہیں - خدمتگار ہے - اتنے آدمی ہیں پھر ڈر کیا ہے - بڑی بیگم نے کہا سب ایک ہی درجے میں تھوڑا ہی بیٹھے ہونگے - لوگ کہتے ہیں ریل میں درجے درجے بنے ہوتے ہیں - مغلانی بولی پھر کیا ہوا حضور اور بیگم صاحب اور دونوں عورتیں تو ایک ہی جگہ پر ہونگی - آپ گھبرائیے نہیں اللہ مالک ہے - وہ بڑا کریم ہے - اور حضور خدا جانے ریل اسوقت کتنے ڈیشن نکلگئی ہو -

اتنے میں مہری دوڑتی ہوئی باہر سے آئی - افوہ باہر تو وہ بھیڑ لگی ہے کہ بس کچھ پوچھو نہیں - صاحب لوگ بھی ہیں - اور سارا مامہ آمنڈ آیا ہے روح افزا نے کہا ہاں بجلی گری تھی نہ کل -

ب - بجلی کیا گری ابتک کلیجا دہل رہا ہے -

سپہر - ہے ہے اسوقت کیا کیفیت تھی - توبہ توبہ - ایسا وقت اللہ نہ دکھائے پھر کبھی -

روح - بس یہی معلوم ہوتا تھا کہ کوٹھی اب گری اور اب گری

م - آنکھ ایسی جھپکی کہ بس کچھ نہ پوچھیے - اللہ نے بہت بچایا -

روح افزا اور سپہر آرا ایک روشندان سے اصطبل کیطرف دیکھنے لگیں دیکھا ٹھٹ کے ٹھٹ لگے ہیں -

نو بجے کے وقت حکیم صاحب تشریف لائے - چہرہ کیا گیا حکیم صاحب نے نبض دیکھی حال پوچھا نسخہ لکھا اور کہ گئے کہ کل صبح کو پھر حاضر ہونگا - مگر شب کو پھر تپ آگئی اور بیچینی اس روز سے بھی زیادہ ہوئی - اسی طور پر ایک ہفتہ گذرا - اس عرصہ میں نوابصاحب کے تین خط آئے - بڑی بیگم کو تشفی ہوئی کہ نواب اور بہار النسا مع الخیر اپنے گھر کو پہونچ گئے -

روح افزا اور سپہر آرا نے باہم مشورہ کرکے نوابصاحب کے نام خط لکھا کہ حسن آرا بیگم کی طبیعت روز بروز بے لطف ہوتی جاتی ہے - حکیم صاحب کے معالجے سے ذرا افاقہ ہوا اور ڈاکٹر کا علاج بھی سوا مہینے تک کیا تھا مگر پھر بخار آگیا - اب ہم سب کی صلاح یہی ہے کہ آپ اس خط کے دیکھتے ہی یہاں آئیں اور ہم سب کو وہاں لیجائیں - تاکہ ڈاکٹر کی صلاح کے مطابق تغیر آب و ہوا ہو -

اور حکیم جی کی بھی یہی صلاح ہے۔

یہ خط نوابصاحب نے پڑھکر بہارالنسا بیگم کو سنایا۔ انھون نے کہا کہ جاؤ۔ اور جسطرح ممکن ہو بھجا بجھا کرلے ہی آؤ۔ اب ہماری طول کھینچتی جاتی ہے۔ یہ اچھی بات نہین۔ نوابصاحب نے اپنے پڑوس مین ایک وسیع و دلکشا کوٹھی خالی کردی اور فرش مکلف سے کرکے آراستہ کرکے بہارالنسا سے رخصت ہوے ریل کے اسٹیشن پر آئے۔ ٹکٹ لیا سوار ہوے۔

جسوقت مہری نے جاکر خبر دی کہ نوابصاحب آئے ہین۔ روح افزا اور سپہرآرا ایسی خوش ہوئین کہ عمر بھر مین شاید دو ہی تین مرتبہ اسقدر محظوظ ہوئی ہونگی۔ بڑی بیگم کو بھی تشفی ہوئی اور نوابصاحب کمرے مین داخل ہی ہوے تھے کہ حسن آرا نے کہا کہ لو اب ہم اچھے ہوگئے نوابصاحب نے بڑی بیگم کو بہ ادب سلام کیا اور بیٹھے۔

ن۔ پھر بخار آگیا۔ یہ بار بار بخار آنا اچھا نہین۔ اب کی جم کر علاج کرنا چاہیے۔

ب۔ خورشید دودھا۔ اللہ ویسی رات دشمن کو بھی نہ دکھائے مین تو کہتی تھی کہ سویرا کیونکر ہوگا۔

روح۔ دودھا بھائی انکی تو یہ کیفیت کہ دم بھر چین نہین۔ بخار الگ ضعف الگ۔ پیاس کے مارے ہونٹھ باتکل کانٹا ہوے جاتے تھے۔ اور تڑپتی جاتی تھین۔ اور ادھر ہچکے کہ مین آج ہی برسونگا۔ اور بجلی ایسی لونکے ایسی چمکے کہ الٰہی توبہ اصطبل پر گری تو کلیجہ دہل گیا اور انکو غش آگیا۔ دروازے بند تھے مگر یہ معلوم ہوتا تھا کہ کوئی توڑے پھینکے دیتا ہے۔ انھین بھی خیال بھی آیا۔ اف ہم سب گھبرا اٹھے تھے۔

بڑی بیگم صاحب نے نواب نامدار کے لیے کچھ دلاتیی انار اور کشمش اور پستہ بھیجا مغلانی نے آکر کہا کہ حضور چاے بھی تیار ہی لاؤن۔ نوابصاحب نے کہا نہین۔ اب اسوقت نہین شام کو روح افزا بیگم نے پوچھا۔ دولھا بھائی وہان جائینگے تو رہینگے کہان۔ نوابصاحب تو پہلے ہی سے بندوبست کرچکے تھے۔ کہا کہ ہمکو اسکا خوب خیال تھا پڑوس مین ایک صاف ستھری اور وسیع کوٹھی ہے۔ اسکو آراستہ کردیا ہے۔ نہایت دلچسپ مقام ہے ایک مہینے مین آرام ہوجائیگا۔ انشاء اللہ ڈاکٹر سب دوست ہین اور اگر بڑی بیگم صاحب اصرار کرینگی تو حکیم صاحب کا علاج بھی ہوگا۔ وہان ایک سے ایک بڑھکر حکیم ہے۔

بڑی بیگم کو یقین واثق ہوگیا تھا کہ اگر حسن آرا چندے اور اسیطرح علیل رہی تو آنکھین چھت سے لگجائینگی اور پھر کسی طبیب کا بس نہ چل سکیگا۔ لہذا انھون نے منظور کرلیا کہ حسن آرا اور سپہرآرا اور روح افزا کو لیکر ایک مہینے کے لیے وہان جاکے رہین۔ بہارالنسا اور روح افزا دونون کی سسرال وہین تھی نوابصاحب سے انھون نے کہدیا کہ یہ صلاح مجھے پسند ہے۔ دوسرے روز روح افزا اور حسن آرا اور سپہرآرا اور بڑی بیگم اور مغلانی اور کئی پیش خدمتین اور نوکر جاکر نوابصاحب کے ساتھ روانہ ہوے۔ نوابصاحب نے پورا درجہ کرایہ پر لیا اور پردہ باندھکر ایک طرف اور سب نوکر بیٹھے اور دو کمپارٹمنٹ مین یہ سب کو لیکر بیٹھے۔

کانسل کی عنایت اور قسطنطنیہ کی زیارت

اب سنیے کہ میان آزاد کا نام دور دور تک مشہور ہوگیا تھا اور اکثر لوگ انکی ملاقات کے شائق تھے۔ مالٹا کے اخبار مین تو انکی تعریف درج ہوہی چکی تھی۔ اسکندریہ کے اخبار بھی انکی

توصیف سے مالا مال تھے۔ جس اخبار کو کھولو جن میگزین کو پڑھو آزاد ہی آزاد کا ذکر خیر ہے۔ اسکندریہ کے ایک ہوٹل مین یہان آزاد مع خوجی کے فروکش ہوے کھانا کھانے کا وقت آیا تو خوجی رنگ لائے۔

خوجی — لاحول ولاقوۃ۔ یہان کھانا ہوا ئے کی اپنے حساب ایسی تیسی۔ ہم کوئی بات خلاف شرع نہ کرینگے۔ چاہے ادھر کی دنیا اُدھر ہو جائے۔ ذرا سی تکلیف کے لیے ہم اپنا مذہب نہ بدلینگے آپ شوق سے جائین اور مزے مزے کھائین۔ ہم درگذرے

آزاد۔ اور افیم کھانا خلاف شرع نہین ہے۔

خ — ہرگز نہین۔ اور اگر ہے بھی تو یہ کیا فرض ہے کہ ایک امر خلاف شرع کرین تو کل امور شرع کے خلاف ہی کرین۔

آزاد — ابے تو نا معقول یہ کس گدھے نے تجھ سے کہا کہ یہان کھانا کھانا شرع کے خلاف ہے۔ میز کرسی دیکھی اور بک اُٹھے کہ شرع کے خلاف ہے۔ اگر لحم خوک یا شراب ہو تو خیر۔ ہم کہین خلاف شرع ہے ہمین کیا ہے صاف ستھرا مقام مسلمان پکانیوالے

مگر خبط کا کیا علاج ہے۔

خ — جی وہ خبط ہی سہی آپ رہنے دیجیے۔ ہونہہ!!!۔

آزاد — ہونہہ! ہونہہ کیا معنی۔ کھانا کھاؤ نہین تو جہنم مین جاؤ۔

خ — جہنم مین وہ جائینگے جو یہان کھائینگے اور انجانب سیدھے بہشت مین ڈٹ جائینگے۔

آزاد — جی ہمین کیا شک ہے۔ اور وہان افیم کہان سے آئے گی۔

خ — ہم کسی نان بائی کی دوکان پر کباب اور روٹی یا ماہی فرائی اور گوشت یا پلاؤ مول لیکے کھائینگے۔ مسلمانون ہی کا تو ملک ہے۔

یہ باتین ہو ہی رہی تھین کہ دو ترکی آئے اور اپنی کرسیون پر بیٹھ کر مزے سے کھانے لگے۔ آزاد کی چڑھ بنی۔ پوچھا کیسے خواجہ بدیعا صاحب مزاج مقطع۔ بول گیدی اب شرمایا یا نہین شرم چہ کنی ست کہ پیش مردان آید۔ کیا اب بھی وہی خم دم ہے جھپٹو جھپٹو۔ مجھ سے نہ کہو۔ دل مین ذرا شرماؤ۔ پٹھے سے منھ

خوجی نے پہلے تو کہا کہ یہ مسلمان نہین ہین۔ پھر کہا شاید ہون کوئی ایسے ویسے۔ آزاد نے کہا ایسے ویسے نہین۔ خاص الخاص ترک ہین۔ اور روم مین سب میز کرسی پر نصارا کے ساتھ کھاتے ہین۔ خوجی کو ابتک اس بات کا یقین نہ آیا غور سے دیکھا کہا شراب ان لوگون نے نہین مانگی۔ اگر مسلمان ہین تو مذہب کے خلاف کرتے ہین۔ ذرا انسے پروبال تو ملاؤن۔

خ — (ترکون کے پاس جاکر) کیون حضرت آپ کا نام کیا ہے۔

ایک ترکی — احمد آفندی۔

خ — اور آپ کا اسم شریف۔

دوسرا ترکی — عبد الصمد۔

خ — دولت خانہ۔ بیت شریف۔

ایک — خاص استنبول۔

خ — اور آپ۔

دوسرا — مین اڈریانوپل کا باشندہ ہون مگر دس بارہ برس سے سفر مین ہون۔ ہندوستان مین دو برس کلکتہ گیا بمبئی لاہور۔ دہلی اور چین مین رہا۔ ادن عدن مین رہا۔ فرانس گیا۔ انگلستان مین چھ مہینے رہا۔

خ — آپ لوگ یہان ہوٹل مین کھانا کھانے ہین۔

احمد - برابر -
خ - شرع کے خلاف نہین ہی -
عبد - شرع کے خلاف ؟ واہ - شرع کے خلاف کیون -
احمد - آپ کا اسم شریف -
آزاد - میان آزاد -
احمد آفندی اور عبد الصمد دونون اُٹھ کھڑے ہوے مصافحہ کیا اور کہا اخاہ میان آزاد تمھین ہو -
آزاد - آپ کہان سے جانتے ہین مجھے -
عبد - آپ شہرہ آفاق ہین -
خ - (آہستہ سے) شیطان کے بڑے بھائی ہی تو ہین -
احمد - آپکا بڑا نام ہی -
عبد - بڑی خوشی ہوئی اسوقت کہ آپ سے ملاقات ہوئی آپ بڑے جوانمرد ہین -
آزاد - آخر آپ سے کہا کس نے -
احمد - اخبار نے -
آزاد - ہم کون ہین -
احمد - آزاد جو ایک عروس سرمایۂ ناز کے عاشق زار ہین اور اُسی بُت ترسا کے سبب سے ٹرکی جاتے ہین - ہم سے سنیے -
خ - متحیر ہوکر - آپ سے کس نے کہا -
احمد - اخبار -
عبد - آپ چلکر ہمارے ملک کے کانسل سے تو ملیے - وہ بھی آپکے نام نامی سے واقف ہوگئے ہین - ضرور چلیے -
آزاد - حاضر ہون - مگر رسائی وہان تک محال ہی -
عبد - آپ کے لیے اور رسائی کی ضرورت - آپکا نام نیک ایسا مشہور ہی کہ جہان چاہیے چلے جائیے - بے جھجک ہم آپ کو لے چلینگے -

تھوڑی دیر کے بعد آزاد نے کپڑے بدلے اور اُن دونون رُوسای ٹرکی کے ہمراہ کاپ کانسل سلطنت روم کی خدمت مین مستفید ہونے چلے - آزاد نے اثنای راہ مین کہا کہ گو مین نے ہندوستان مین ہر قسم کی تعلیم پائی ہی اور ان امور کو خوب سمجھ سکتا ہون لیکن پھر بھی اگر کوئی خاص طرز ملاقات ہو تو اطلاع دیجیے احمد آفندی نے بیان کیا کہ کانسل ممدوح بڑے سادہ مزاج آدمی ہین - آپ چاہے سلام بھی نکریں اُنکو اسکی کچھ پروا نہین - وہ خود ایک دن آپکا تذکرہ کرتے تھے -

میان آزاد جو وہان پہونچے اور احمد آفندی نے جاتے ہی کہا (میان آزاد آپ ہی ہین) تو کانسل ممدوح نے بڑے تپاک سے مصافحہ کیا اور پوچھا آپ عربی بول سکتے ہین - میان آزاد نے عربی مین جواب دیا -

کانسل - آپکی ملاقات سے ہم بہت خوش ہوے -
آزاد - عنایت بندہ پروری -
کانسل - جزیرۂ پیرم کے پاس آپکا جہاز غرق ہوگیا تھا -
آزاد - جی ہان -
کانسل - آج ہم نے تارمین پڑھا -
آزاد - بڑی تباہی آئی -
کانسل - آپکی بڑی تعریف ہی - اب آپ کب جائینگے -
آزاد - بہت جلد -
احمد - حسن اتفاق سے ہوٹل مین ملاقات ہوئی -
آزاد - اب جنگ کا کیا حال ہی -
کانسل - اب روس نے اشتہار جنگ دیدیا ہی - دریاے پرتھ سے روسی لشکر عبور کرتا ہی - اور ہماری باٹری اکثر

مقامات پر آپ آگ برساتی ہی - خصوصاً اڈلبہ کے پاس -
آزاد - آت جی چاہتا ہی - فوراً پہونچون - اب ایک منٹ کا قیام بھی شاق گذرتا ہی -
کانسل - ہان جلد جایئے -
آزاد - دیکھیے جنگ کا انجام کیا ہوتا ہی -
کانسل - اکثر وزرائے سلطنت عثمانیہ کو یقین ہی کہ برٹن سے مدد ملیگی - مگر مشکل ہی - ہمین اسکی امید نہین - انگلستان کی حکمت عملی یہ ہی کہ جب تک اپنا نقصان متصور نہ ہو کسی کا جنبہ نہ کرے -
آزاد - اور روس بھی تو تنہا ہی -
کانسل - ہان مگر فرق یہ ہی کہ وہ حملہ کرتا ہی اور ہم حملہ روکتے ہین ہمارے اعضاء و جوارح ہی ہمارے دشمن ہو گئے -
احمد - سر و یہ کو روس ہی نے ورغلانا تھا -
آزاد - یہ تو ظاہر ہی -
احمد - ہمارے وزرا مین صرف ایک مدحت پاشا قابل وزارت ہی مگر معتوب -
آزاد - افسوس -
عبد - لیکن ترک جان دینے پر آمادہ ہین اور دیکھ لیجیے گا خوب لڑینگے چھکے چھوڑا دین تو سہی -
آزاد - انشاء اللہ -
کانسل - جنگ دو سردار د - شاید خدا ہمین کو فتح دے -
آزاد - انشاء اللہ -
کانسل - ہمارا ایک ایک سپاہی جان ہتھیلی پر لیے ہی -
آزاد - خدا انکو مدد دیگا -
احمد - جرمنی اور روس کی سازش بُری ہی -

آزاد - اور اسٹریا بھی در پردہ انھین کا جنبہ کریگا -
بہت عرصے تک کانسل اور آزاد اور احمد آفندی اور عبدالصمد مین ٹرکی کی نسبت گفتگو رہی - اس کے بعد میان آزاد سے کانسل نے کہا کہ آپ میرے ساتھ ہون - آزاد نے بخوشی منظور کر لیا -
احمد آفندی اور عبدالصمد شام کے وقت میان آزاد کو اسکندریہ کی سیر کے لیے لیگئے - اس شہر مین میان آزاد نے یورپ اور ایشیا کے مختلف اقوام کے لوگ دیکھے - ٹرکی کے انسران اعلیٰ اور قسطنطنیہ کے عمائد اور رؤسا جو وہان تشریف رکھتے تھے - انکی خدمات ہمایون مین بھی میان آزاد نے نیاز حاصل کیا - اور جو شخص انسے ملا تپاک ہی کے ساتھ پیش آیا -
حضرت خواجہ بدیع صاحب کو میان آزاد ہوٹل ہی مین چھوڑ گئے -
خوجی سوچے کہ بیٹھے بیٹھے بکھیان کب تک مارا کرینگے آؤ دیکھین کوئی ہندوستانی بھائی ہون تو گپین اڑین - ادھر اُدھر ٹہلے - آخر کار ایک ہندوستانی سے ملاقات ہوئی - علیک سلیک کے بعد جو گپیان ہونے لگین - خواجہ صاحب نے پوچھا کیون بھئی اسکندریہ مین افیم ملتی ہی - کوئی چانڈو خانہ ہی - کہین مدک اڑتی ہی - چرس کی تو آسمان کی خبر لاتی ہی یا نہین - ایک دم سے تین چار سوال کیے اور اُس بیچارے کو دم بھی نہ لینے دیا وہ انکے بھی اُستاد نکلے - کسی بات کا جواب ہی نہ دیا - خوجی تیکھے آدمی - انکو بھلا یہ تاب کہان کہ کسی سے سوال کریں اور وہ جواب نہ دے - بگڑ کھڑے ہوے - قسم خدا پاک کی بس اسوقت لاش پھڑکتی ہوتی واللہ لاش پھڑکتی ہوتی - ہونہہ - خواجہ بدیع کو کیا وہ سمجھے ہین - نہ ہوئی قردی ورنہ تماشا دکھاتے

اِنھون نے جو اسقدر درشت کی لی تو وہ سمجھا کہ یہ پاگل ہی۔ اگر یونگا تو خدا جانے کاٹ کھائے۔ چلّت دے۔ چوٹ کرے۔ لڑ پڑے۔ اس سے بہتر یہی ہی کہ چپکے ہو رہو۔ اِسکے سکوت سے میان خوجی سمجھے کہ دب نکلا۔ اور بھی اکڑ گئے۔ اُسنے جو اس دیوانے کو اکڑتے دیکھا تو سمجھا کہ اب چوٹ کیا ہی چاہتا ہی ذرا پیچھے ہٹ گیا۔ پیچھے ہٹنا تھا کہ میان خوجی اور بھی شیر ہوے مگر کنڈے تول تول کے رہجاتے تھے۔ پوچھا بھلا ٹھنڈا پانی بھی یہان مل سکتا ہی۔ مگر اسقدر سرد ہو کہ دانتون مین لگے وہ جھٹ پٹ آب سرد لایا۔ خوجی نے پیا تو آب حیات کا مزہ پایا پانی ہی یا آب زندگانی ہی۔ مانگ کیا مانگتا ہی۔

اللہ اللہ۔ اب میان خوجی اپنے وقت کے بادشاہ ہو گئے مانگ کیا مانگتا ہی۔ اُف ری تری سخاوت اُس آدمی کو اور بھی یقین ہو گیا کہ اِس شخص کو خلل دماغ ضرور ہی۔ حالت تو اس درجہ ردی ہی اور حاتم کی قبر پر لات مارنے کو مستعد ہین اِس سے مانگون تو کیا مانگون۔ اِسکے پلّے لگا تو ہی نہین۔ خوجی نے پھر اکڑ کر کہا کہ مانگ کچھ۔ جو جی چاہے سو مانگ۔ اُسنے ڈرتے ڈرتے کہا یہ جو ہاتھ مین ہی دیدیجیے۔ خوجی کے چہرے کا رنگ فق ہو گیا۔ ارے غضب۔ او ظالم۔ خدا سمجھے۔ جان تک مانگتا تو مین دریغ نہ کرتا۔ چنیا بیگم نہین دیجاتی۔ اُسکو اگر اتنا معلوم ہو جاتا کہ حضرت خواجہ صاحب کے دست مبارک مین انجم ہی اور انجم پر حضرت ہزار جان سے عاشق ہین تو کچھ اور مانگتا مگر شامت اعمال پھر خوجی تنے ہوے بولے۔

جو چاہے سو مانگ آتش درگاہ الٰہی سے
محروم کبھی پھرتے دیکھا نہین سائل کو

اُس شخص سے پوچھا کہ تم یہان کب سے ہو کیا کام کرتے ہو نام کیا ہی باشندے کس صوبے کے ہو اُسنے جواب دیا حضرت مین یہان ہوٹل مین نوکر ہون۔ میرا نام تہور خان۔ امروہے کا رہنے والا ہون۔

خ۔ اخاہ۔ یہ امروہہ۔ یہی امروہہ نہ۔

تہور خان۔ (تہور) یہ کون۔

خ۔ (جھلاکر) اجی یہی۔ لاحول۔ مراد آباد کے پاس جو ہی۔

تہور۔ جی ہان۔

خ۔ یہان کب سے ہو۔

تہور۔ اِبی سینیا کی لڑائی کے وقت سے۔

خ۔ بھلا اِس ہوٹل مین مسلمان لوگ کھاتے ہین۔

تہور۔ برابر۔ کیون؟

خ۔ ہم تو نہ کھائین۔

تہور۔ پہلے مین سمجھا تھا کہ آپ کوئی پاگل ہین۔ مگر اب تشفی ہوئی۔

خوجی نے وہ وہ مجنونانہ حرکتین کین کہ ہوٹل والون کو دل لگی ہاتھ آئی بگڑے دل تو سر شہر اور ہر ملک مین ہوتے ہین دو ایک دل لگی باز دن نے مشورت کی کہ خوجی کو چھیڑنا چاہیے اِس ہوٹل مین ایک شخص اِس کام پر مقرر تھا کہ پنکھا قلیون کی نگرانی کرے۔ یہ شخص یونا تھا۔ خاص قاہرہ کا رہنے والا۔ لوگ سوچے کہ اُس یونے اور خوجی سے پکڑ ہو تو خوب بات ہی یونا بڑا شریر آدمی تھا۔ پرلے سرے کا شہدا۔ لوگون نے اُس سے جاکر کہا کہ چلو تمھاری کشتی بدی گئی ہی۔

یونا۔ چلو چلو۔

لوگ۔ وہ دیکھو ایک آدمی ہندوستان سے آیا ہی۔

بونا - جوڑ تو اچھی ہی۔
لوگ - پھر جٹ جاؤ۔

یہ سنکر بونا میان خوجی کے قریب گیا اور جھک کر سلام کیا خوجی نے جو دیکھا کہ ایک شخص ہمسے بھی اونچے ہین تو اکڑ کر اور اینڈ کر آنکھون سے سلام کا جواب دیا۔ بونا اپنے دلمین سوچا کہ ٹھہر جاتا کہان ہی تو سہی جو چچا بنا کر جھوڑون دھڑا دھڑ دیکھ کر ایک دفعہ ہی موقع جو پایا تو میان خوجی کی ٹوپی اتار کر جٹاخ سے ایک دھول جمائی اور ٹوپی پھینک کر بھاگا مگر ذرا در سے پاؤن بھاگ کے جاتا کہان۔ خوجی بھی چھٹے آگے آگے بونا۔ اور پیچھے پیچھے میان خوجی۔ اوگیدی۔ اومردک نہوئی قرولی والے پھدم بھونک ہی دیتا ہے قرولی بھونک دیتا۔ تھوڑی دیر مین بونے نے کہا کہ اب سانس نہین لیجاتی۔ اور خوجی نے لپک کر ہاتھ پکڑا۔

خ - کیون بے۔
بونا - (منھ چڑھانے لگا)
خ - اب بولو۔
بونا - (پھر منھ چڑھایا)۔

اتنے مین خوجی کو غصہ آیا تو حضرت نے بھی ایک دھپ جڑدی تڑسے پڑی اور چٹاخ کی آواز گونجنے لگی۔

خ - اور لیگا۔
بونا - اپنی زبان مین! چھوڑ۔ نہین مارہی ڈالونگا۔
خ - ہات تیرے کی۔
بونا - آج رات کو گلا گھونٹونگا۔
خ - (دھپ جماکر) اوگیدی۔
بونا - دردہوئین۔

خ - دے مارون اٹھاکر۔
بونا - رات ہی اور تم اور مین۔
خ - (گھونسا لگاکر) ہات تیرے کی۔

خوجی نے جھلاکر بونے کو اٹھاکے دے مارا۔ چارون شانے چت۔

خ - (اکڑکر) وہ مارا۔ ؎

من آن تیرم کہ گردون نہم	کہ دہ پا پرنجتہ را بشکنم

اور لیگا۔ خوجی سے یہ بات مین۔

میان آزاد احمد افندی کے ساتھ ہوٹل مین آئے۔ اسباب لیا اور خوجی سے کہا آج شب کو یہان ٹھہرو مین کانسل کے یہان مدعو ہون جب جہاز پر سوار ہونگا تمکو بلا لونگا خوجی آپ زمین پر قدم نہین رکھتے تھے۔ عمر بھر مین انھون نے آج پہلے ہی مرتبہ ایک آدمی کو نیچا دکھایا تھا۔

خ - اسوقت ایک کشتی اور نکالی۔
راوی - (اور کے لفظ نے پھر کادیا۔ گویا کئی کشتیان اور بھی نکالی تھین۔
آزاد - کشتی کیسی۔
خ - کشتی کیسی کیا معنی کیسی ہوتی ہی کشتی۔
آزاد - معلوم ہوتا ہی پئے ہو۔
خ - اس پٹنے والی کی ایسی تیسی اور کہنے والے کو کیا کہون۔
آزاد - کشتی نکالی۔!
خ - ارے میان بولتے نہین۔
تھور - ہان حضور یہ سچ کہتے ہین۔
خ - لو۔

آزاد - (تہور خان سے) کیا ہوا کیا -
تہور - جی یہان ایک بونا ہی - اُسنے ایک دھول لگائی -
آزاد - دیکھا نہ مین تو سمجھا ہی تھا کہ پٹے ہونگے -
خ - سُن تو لو -
تہور - بس دھول کھاکر - یہ لیکے - اُسکو کئی چپتین لگائین اور اُٹھاکر دے پٹخا -
خ - وہ پٹخنی بتائی ہی کہ یاد ہی تو کرتا ہوگا - دو مہینے تک کھٹیا سے نہ اُٹھ سکیگا -
تہور - بجا ہی وہ دیکھیے سامنے اکڑ رہا ہی -
آزاد - یہی ہی - وہ تو اسوقت بھی اکڑ رہا ہی - تم تو کہتے تھے کہ دو مہینے تک اُٹھ ہی نہ سکیگا -
خ - ہوا تو چلنے دو -

الغرض آزاد اسباب لیکر احمد آفندی کے ساتھ کانسل کے ہان گئے - شب کو یہان خوجی ہوٹل مین سوئے - کوئی نو بجے رات کو اُٹھے تو دیکھا کہ لمپ گُل ہوگیا - اُنھون نے پکارا کوئی ہی - پانی پلاؤ - ایک آدمی نے دروازہ کھولا - پانی دیا گلاس لیکے خوجی نے پیا - لیٹ رہے - اتنے مین اُس کمرے مین چٹاخ کی آواز گونجی - ناظرین سمجھ گئے ہونگے کہ یہ آواز کیسی تھی - یہ یہان خوجی کی کھوپڑی پر دھول لگی تھی - آگ بھبھوکا ہوکر خوجی اُٹھے تو دیکھا کہ ایک پستہ قد آدمی بھاگا جاتا ہی -

خ - ارے لاحول - یہ تو وہی بونا مردک معلوم ہوتا ہی پانی نہین پلایا تھا - اور چیت بھی اسی نے جڑی - اوگبدی - کیا تڑکا مہوگا ذبح کرکے رکھدون تو سہی -

یہ کہکر خوجی کمرے مین آئے - تھوڑی دیر مین ایک شخص نے جسکے ہاتھ مین ایک قیمتی لالٹین تھی خوجی کے کمرے کا دروازہ کھولا - این ار روشنی ندارد اور ابھی تو ہی بجے ہین - ایک آدمی پر جرمانہ کیا - خوجی اُٹھ بیٹھے -

خ - او گبدی پھر آیا -

اُس شخص نے تہور خان اور دو تین اور ہمراہیون سے پوچھا کہ یہ کون ہی - لوگون نے بیان کیا - صاحب کوئی پاگل سا معلوم ہوتا ہی - خوجی نے اشارے سے بتایا کہ وہ بونا مجکو دق کرتا ہی - تہور خان نے اُس شخص کو حکم دیا کہ جو یہ کہین اُسکا ترجمہ کرکے مجکو بتاؤ - یہ شخص ہوٹل کا منیجر تھا - غُل کی آواز جو سنی تو آیا کہ دیکھون ماجرا کیا ہی - بونا بُلوایا گیا - آتے ہی منیجر نے اپنے ہاتھ سے ایک تھپڑ لگایا - اب سنیے ادھر تو منیجر صاحب کمرے سے باہر گئے اور اُدھر خواجہ بدیع صاحب کو دست آنے شروع ہوے وجہ یہ کہ پانی مین بونے نے جمال گوٹا ملا دیا تھا - اثر دکھایا ہی چاہے - ہوٹل کے نوکرون نے منیجر کو جگایا -

منیجر - کیا ہی -
نوکر - ایک آدمی ماندا ہوگیا ہی -
منیجر - کیا ہیضہ ہوا -
نوکر - جی نہین - دست آتے ہین - ابتک کوئی گیارہ دفعہ گیا ہوگا -
منیجر - وقت کیا ہی -
نوکر - دو بجے -
منیجر - تم لوگ موقوف کردینے کے قابل ہو - اب تک کیون نہ اطلاع دی -
نوکر - اُس دن جگایا -

منیجر - چپ سور - ڈے سے کہو ڈاکٹر صاحب کے نام خط لکھے -

ڈے کلرک کا نام تھا - ڈاکٹر صاحب کے نام خط بھیجا - ایک گھنٹے کے عرصے مین تشریف لائے -

ڈاکٹر - اِسکو کسی نے جمال گوٹا دے دیا - بُرا حال ہی - دست بہت آئے -

منیجر - پھر اب -

ڈاکٹر نے نسخہ لکھا - اور حکم دیا کہ ابھی دوا لاؤ - اور پلا دو -

ٹرکی کے کانسل کے یہان میان آزاد فرخ نہاد ایک صاف شفاف اور رفیع و وسیع کمرے مین آرام کر رہے تھے کہ دفعۃً ایک گھنٹی اس زور سے بجی کہ میان آزاد کی آنکھ کھل گئی - اور اُنھون نے سُنا کہ ایک شخص اِنکو کمرے کے باہر بُلاتا ہی - پوچھا کون - کہا - حضور کا خادم - ہوٹل سے ایک آدمی آیا ہی - اور آپ کو بلاتا ہی -

میان آزاد نے کہا لاحول ولا قوۃ - مدت کے بعد آرام کے ساتھ سونا نصیب ہوا تھا اِس خوجی مردک کے سبب سے سونے نہ پائے - بلاؤ صاحب بلاؤ وہان پھر جھکڑ ہونگے کسی سے - عجب پاگل ہی نالائق - خدا سمجھے اس سے بھلا اسوقت آدھی رات دھل گئی پوچھیے یہان کیا کام تھا - میان آزاد اُٹھکر باہر گئے - تو دیکھا کہ دو آدمی کھڑے ہین - ایک کانسل کا نوکر جسکو اُنھون نے میان آزاد کی خدمت کے لیے مقرر کیا تھا - اور دوسرا کوئی اجنبی تھا جسکو میان آزاد نے پیشتر کبھی نہین دیکھا تھا -

آزاد - (اپنے دل مین) ! این سمجھے تھے کہ میان خوجی ہونگے -

اجنبی - ہوٹل سے آیا ہون - منیجر نے بھیجا ہی اور یہ چٹھی دی ہی -

آزاد نے خط لیا پڑھا تو رنگ فق ہو گیا -

مسٹر آزاد - جس شخص کو آپ یہان چھوڑ گئے تھے وہ گیارہ بجے رات سے علیل ہو گئے ہین - ابتک چودہ دست آچکے ڈاکٹر صاحب کی راے ہی - کہ اگر دو چار دست اور آئے تو یہ مر جائینگے - آپ آئیے - آپکے دوست کی بھی یہی خواہش ہی - ہمارے نزدیک اب یہ بڈھا آدمی دو ہی چار گھنٹے کا مہمان ہی -

(آپکا دوست منیجر ہوٹل الخ)

آزاد - (اپنے دل مین) اور سنیے اچھا رنگ لائے - چلتے چلاتے دغا دے گئے - اب نہ بچینگے - جب ڈاکٹر نے جواب دے دیا تو پھر کیا ہو سکتا ہی - افسوس -

نوکر - حضور - گاڈی بھی لیتا آیا ہون -

آزاد - ہم کپڑے پہن لین تو ابھی چلتے ہین -

کپڑے پہن کر میان آزاد گاڈی پر سوار ہوے - گھوڑے ہوا ہوے اور دن سے ہوٹل مین داخل - میان آزاد نے دیکھا کہ کمرے مین خوجی لیٹے ہین - اور منیجر اور ڈاکٹر سرہانے کرسیون پر بیٹھے ہین - آزاد کو دیکھ کر خوجی نے سلام کیا اور کہا الوداع -

خدا کرے تم ٹرکی سے سُرخرو آؤ اور حُسن آرا بیگم کو عقد نکاح مین لاؤ - اِسکے بعد یہ پڑھنا شروع کیا - ؎

بیچ دانی کہ ما کیستم و شما	سایۂ نور آفتاب خدا
سایۂ آفتاب سایۂ اوست	تابش نور ہست عین ضیا
نیست خورشید از شعاع بعید	نیست سایہ ز آفتاب جدا

سایہ و آفتاب یک چیز نہ ہست او و احد و کثیر نما
چون یکے بود سایہ و خورشید یارب این کثرت از چہ شد پیدا
نظر از عین ممکنات بدوز تا کہ سایہ نمایدت یکتا
بگذر از سایہ زانکہ خورشید ست انچہ تو سایہ خواہش ہر جا
شے واحد نگر کہ چون گردید عین ہستی جملۂ اشیا
ہست یک عین انیہہ اعیان یک مسمی ست این ہمہ اسما

یہ پڑھکر تین بار کلمہ پڑھا۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

آزاد۔ (ڈاکٹر سے انگریزی مین) بچنے کی امید ہی یا نہین۔

ڈاکٹر۔ بہت کم۔

آزاد۔ عارضہ کیا ہی۔ ہیضہ ہی۔ یہ ہوا کیا دفعۃً۔

ڈاکٹر۔ جمال گوٹا۔

منیجر۔ جی نہین دست آگئے کسی وجہ سے۔ مگر بچنا محال ہی۔

آزاد۔ افسوس صد افسوس کہان پر ساتھ چھوٹا۔

خوجی نے آزاد سے بہ منت و سماجت کہا کہ اِس وقت سورۂ یٰسین کسی سے پڑھوایئے آزاد نے منیجر سے کہا کسی حافظ کو بلوایئے۔ چنانچہ ایک شخص یمن کے باشندے مُلّا فرقان بلوائے گئے۔ خوجی کے قریب بیٹھ کر اُنھون نے سورۂ یٰسین قرأت کے ساتھ پڑھنا شروع کیا۔

آزاد۔ لاکھون عیب اس شخص مین ہین۔ مگر اپنے مذہب کا پکا شرع کا پابند۔ روزہ دار شب زندہ دار۔ مگر افسوس۔

خ۔ کسی نے کیا خوب کہا ہی۔ ؎

پہونچی نہ راحت ہمسے کسی کو ایسے اذیت کوش ہوے
جان پڑی تب بار شکم تھے مر کے وبال دوش ہوے

آزاد۔ اجی تم دو دن مین اچھے ہو جاؤ گے۔ سمجھے۔

خ۔ اجی واہ مین مرون یا جہنم مین جاؤن مگر بھائی واسطے خدا کے ذرا جان کا خیال رکھنا۔ ایسا نہو کوئی جلتا ہو۔ تم آگے مین پھاند پڑو خدا تمھارا حافظ و ناصر ہی۔ ہم تو اب چلتے ہین خطا معاف۔ اتبک ہنسی خوشی تمھارا ساتھ دیا۔ اب مجبوری ہی۔ حیلے دست امور ہیں گھنگو ہے

صبح کے وقت میان آزاد خوجی کو کانسل کے ہان لیگئے اور کہا کہ یہ شخص میرا رفیق قدیم ہی جب مین ہندوستان سے چلا تو اسنے میرا ساتھ دیا۔ اب یہان آکر سخت علیل ہوگیا ڈاکٹر کی راے ہی کہ چار و ناچار مین اگر بچ گیا تو خیر ورنہ اسکے مرجانے مین شک نہین۔ اگر آپکو تکلیف نہو اور آپ بدل اجازت دین تو اسکو یہان چھوڑ جاؤن۔ اگر صحت پائے تو آپ از راہ نوازش اسکو جہاز پر ہندوستان واپس بھیجیے گا۔ کمال ممنون ہونگا۔ کانسل نے کہا یہ بات ہی کون ہی جو آپ اسقدر منت و سماجت کرتے ہین آپ انکو یہان چھوڑ جایئے۔ دو آدمی انکی خدمت کے لیے تعینات رہینگے۔ ڈاکٹرون کی قلت نہین۔ ہر طرح آرام کے ساتھ بقیہ عمر بسر کرینگے۔ آپ مطمئن رہیے اب آپکے لیے بہتر یہی ہی کہ جلد جایئے اور ضرور جایئے دریاے برتھ سے لشکر روس یہان عبور کرنے کو ہی۔ بڑی سخت جنگ ہوگی خدا خیر کرے۔ دیکھیے کیا انجام ہوتا ہی۔

آزاد نے خوجی کو سمجھایا کہ اب مجبور ہوکر ہمکو تمھارا ساتھ چھوڑنا پڑتا ہی کل صبح کو جہاز روانہ ہوگا۔ تم یہان رہو اور صبر کرو۔ دو آدمی تمھاری خدمت کے لیے مقرر ہونگے۔ ڈاکٹر صبح و شام آکر دیکھینگے۔ تمھارا نقصان ہی کیا ہی خوجی نے کہا بدرجۂ مجبوری رہنا پڑتا ہی ورنہ میرا تو یہی دل چاہتا ہی

بقول۔ ؎

حبذا وطن و ملک سلیمان خوشتر | خار وطن از سنبل و ریحان خوشتر
یوسف کہ بمصر بادشاہی میکرد | می گفت گدا بودن کنعان خوشتر

اگر نہ رہون تو کیا کرون۔ آج موا کل دوسرا دن۔ یہ تو بیحیائی کا جینا ہی۔ ایسے جینے پر لعنت خدا۔ یہان چاہے دس خدمتگار ہون چاہے بیس بیکار محض۔ ؎

پائے در زنجیر پیش دوستان | بہ کہ با بیگانگان در بوستان

مگر آب و دانہ کی بات ہی۔ ہمکو یہان کی مٹی کھینچ لائی۔

آزاد۔ اجی نہین۔

خ۔ نہین کیا معنی۔

آزاد۔ آج کے چوتھے روز دندناؤ گے۔ دیکھ لینا ڈنٹر پیلتے ہوگے۔

خ۔ خدا کے اختیار ہی۔

آزاد۔ تمھارا مکان کہان ہی خواجہ صاحب۔

خ۔ مین اصل باشندہ گجرات کا ہون۔ مگر لکھنؤ۔ کانپور آگرہ اس طرف رہنے کا زیادہ اتفاق ہوا۔

آزاد۔ ارے یار دیکھیے کب ملاقات ہوتی ہی۔

خ۔ ایک بات یاد رکھنا کہ ٹرکی مین سب سے مل جل کے رہنا شکر رنجی نہ ہونے پائے۔ واسطے خدا کے باتفاق رہنا جو تیسری لڑائی جھگڑے سے مطلب برآری معلوم۔ اور کبھی خواجہ بدیع کو بھی یاد کرنا ہائے افسوس۔ یار جدائی ایسی شاق گذرتی ہی کہ بس کیا بیان کرون۔

آزاد۔ جب بیماری سے صحت پاؤ تو ہندوستان چلے جانا۔

خ۔ ہونہہ۔ ارے میان دم کا یہان بھروسا نہین ہی۔

خوجی سے رخصت ہوکر میان آزاد روانہ ہونے کو تھے خوجی نے آبدیدہ ہوکر کہا کہ اب مین بعد صحت کیا کرونگا کانسل نے تشفی دی اور کہا آپ نہ گھبرائین۔ ہم آپ کے لیے ہر قسم کا بندوبست کرلینگے آپ مسٹر آزاد سے کچھ نہ کہیے اگر آپ اچھے ہوگئے تو آپ کے وطن آرام کے ساتھ آپکو بھیجدینگے۔ خوجی کو ان کلمات سے بڑی خوشی حاصل ہوئی آزاد سے ہاتھ ملایا اور روتے روتے کہا کہ اب وقت رخصت دو باتین سن لیجیے۔

ایک یہ کہ وہان سب سے مل جل کر رہنا۔

دوسرے یہ کہ بے وجہ جان کو معرض خطر مین نہ ڈالنا۔

آزاد رخصت ہوکر جہاز پر سوار ہوے۔ اتنے عرصے کے بعد خواجہ صاحب کی مفارقت انکو سخت شاق گذری۔ عالم تنہائی مین طرح طرح کے خیالات دلمین جگہ پاتے تھے۔ سوچے کہ ٹرکی تو پہونچ ہی جائینگے اور کانسل نے جو خطوط افسران عالیمقام اور عمائد ذوی الاحترام کے نام لکھ دیے ہین انکے ذریعے سے کوئی نہ کوئی عہدہ بھی ضرور پائینگے مگر یقین نہین آتا کہ حسن آرا بیگم کو عقد نکاح مین لائین چنے کے برابر ایک گولی کام تمام کردیگی۔ تھوڑی دیر کے بعد سو رہے۔ پھر اٹھے ادھر ادھر کی سیر دیکھی۔ صبح ہوئی شام ہوئی۔ ایک مرتبہ سوئے تو خواب دیکھا کہ حسن آرا بیگم کے دروازے پر یہ پہونچے اور حسن آرا نے انکو اپنے ہاتھ کا بنایا ہوا گلدستہ دکھایا۔ مگر دفعتہً کسی شخص نے توپ داغی اور انکی آنکھ کھل گئی تو حسن آرا نہ گلدستہ۔ نہ خط۔ انے کہا پہنچے قسطنطنیہ پہونچ گئے۔ آزاد قسطنطنیہ کے نام سے ایسے خوش ہوے کہ جامے مین پھولے نہ سمائے۔ شکر خدا بجا لائے کہ قسطنطنیہ تک زندہ تو آئے ہائے دیکھیے۔ ؎

یا ہاتھ توڑے جائینگے یا کھینچینگے نقاب
سلطان عشق کی یہی فتح و شکست ہے

آزاد کا نام

بڑی بیگم اور انکی بڑی چہیتی دختر نیک اختر شمائل صاحبزادیان مشتری خصائل اور ناظورۂ ماہ سیمار روح افزا اور نواب نامدار والاتبار داخل منزل مقصود ہوئے خدام عالیمقام نے فسنون کا انتظام سرشام ہی سے کر رکھا تھا مخدرات عصمت سمات بیش بہا فسنون پر سوار ہوئین نواب باوقار نے سمند سیاہ زانو کی باگ اٹھائی۔ ادھر وہ ادھر یہ دم کے دم مین پہونچ گئے بہار النسا بیگم نے فرط طرب سے فرخانہ تک پیشوائی کی۔ روح افزا اور سپہر آرا سے خوشی خوشی ملین بڑی بیگم صاحب کو آداب عرض کیا مگر حسن آرا کو جو دیکھا تو دھک سے رہ گئی۔ ائی اللہ۔ انھین ہو کیا گیا۔ بھلے کو روح افزا نے خط بھیجا یا۔ ای اللہ جانتا ہی۔ مین نے جب غور کر کے دیکھا تب پہچانا۔ خدا نخواستہ یہ تو وہان چندے ہی مین تحلیل ہو جاتین۔ چلو خدا نے بڑا فضل کیا کہ یہ یہانتک آگئین۔ اب علاج و لاج ہوتا رہیگا۔ حسن آرا بہن سے ملکر بولین کہ باجی جان جس دن آپ روانہ ہوئی تھین نا اللہ نکرے ویسی رات پھر کبھی آئے۔ ہے ہے مین کچھ بیان نہین کر سکتی مینھ تو موسلا دھار پڑ رہا ہے اور بجلی کی یہ کیفیت کہ پلک جھپکنے نہ پائے اور وہ تین بار ہی لونک جائے اور رعد کی گرج۔ اُف اُف کان کے پردے پھٹے جاتے تھے۔ اسی مین زلزلہ آیا۔ بھونچال کے آتے ہی۔ اماجان تو سمجھین کہ حسن آرا کی مسہری کو جنون نے ہلایا۔ یہ تو ہاتھ ملکر چیخ اٹھین مگر روح افزا بہن نے سمجھا کر کہا کہ بھونچال ہے۔ تب ذرا ذرا ڈھارس بندھی۔ مگر رات بھر تڑپتے رہے۔ سپہر آرا نے کہا ای باجی سامنے ہی تو بجلی گری۔ ایک دفعہ آواز ہوئی زور کی اور بجلی ایسی چمکی کہ عمر بھر ہمنے کوئی چیز ایسی روشن دیکھی ہی نہین اور گری کہان سامنے والے اصطبل مین وہ جو چھوٹے سے کمرے کے سامنے نہین ہے۔ بس اسی مین۔ اب سنو کہ اتنی بھی مہلت منھ نے نہ دی کہ پوچھین بجلی گری تو سب بچے یا نہین۔ روح افزا بہن کی طبیعت بھی اسوقت حد بھر بے لطف تھی اور باجی جان تو تڑپ رہی تھین حسن آرا بولی کہ تڑپنا کیا معنی بہن میرا دل تو پک گیا تھا۔ تلملا تلملا کے رہ جاتی تھی۔ رات بھر کسی کی آنکھ تک نہ جھپکی۔ دو ہی تین گھنٹے کی بارش نے تمام شہر کے شہر کو تلپٹ کر دیا۔ بارے خدا خدا کر کے تڑکا ہوا۔ اللہ بڑا بچانے والا ہے۔

روح۔ آماجان کو سویرے تم یاد آئین۔ دو دھا بھائی یاد آئے حققان نے جو گھبرا تو سوچین کہ ایک آدمی کو ریل پر ابھی ابھی بھیجا ہے۔ یہ مینھ دس کوس کے گردے مین ہوگا تب ہمنے سمجھایا کہ اُنکے خط کی راہ دیکھ لو اور وہ اسوقت کیا جانے کتنی دور نکل گئے ہونگے۔ ریل پر گئے ہین۔ کچھ چھکڑا تھوڑا ہی ہے کہ نو دن چلے اڑھائی کوس۔

ب۔ مکان تو بڑا کشادہ ہے اور ہوادار پہلے اسکی اور ہی قطع تھی دیکھون چند جدید ہے کہ سورج جدید۔

حسن۔ (مسکرا کر) ہان اماجان یہ ضرور دیکھ لینا چاہیے۔

روح۔ (ہنسکر) ای لو ضرور بزار کام چھوڑ کر۔

دونون بہنین خوش و خرم ہنستی بولتی مکان کے دالان اور کمرے اور شہ نشین اور تہ خانے اور چھت کے کمرے دیکھنے لگین۔ روح افزا اور بہار النسا دکھاتی جاتی تھین چھت پر ایک عالیشان اور صاف شفاف کمرے کے دروازے جو کھولے

تو حسن آرا اور سپہر آرا نے دیکھا کہ دریا لہریں مارتا ہی غنچۂ دل کھل گیا۔ حسن آرا بھوپے پن کے ساتھ بہار النسا کے گلے ملی۔ باجی اسوقت جی خوش ہو گیا۔ ہماری پلنگڑی یہین بچھے۔ ایسا مکان کسی کو نصیب کہان واہ واہ۔ برسونکا بیمار یہان رہے تو دو دن مین اچھا بھلا چنگا ہو جائے اور چاہے انسان دن دن بھر اکیلا رہے دل ہی نہ گھبرائے۔ واہ واہ۔ لو بہن مبارک ہماری تو ہمارے پاس پھٹکنے بھی نہ پائیگی۔ کیا طاقت۔

سپہر۔ بہار النسا بہن بھلا کبھی اندھیرے اُجالے دودھ لبھا نہانے دیتے ہین دریا مین۔

بہار۔ اے ہی اسکا نام بھی نہ لینا۔ انکو بڑی چڑ ہی اس بات کی۔

روح۔ اب ان دروازون مین دُہری دُہری چقین پڑ جائینگی۔ چاہے تمام دن دروازہ کھلا رہے کچھ ہرج نہین۔

حسن۔ ہان بس چقین پڑ جائین۔ جسمین ہوا کی ہوا آئے اور سیر کی سیر دیکھین۔

روح۔ ہم تو اب تھوڑی دیر مین جائینگے۔

سپہر۔ سسرال۔

روح۔ ہان اب جائینگے نہ۔

حسن۔ یہان سے کتنی دور ہی۔

روح۔ ٹکا دُولی۔

سپہر۔ بس تو پاس ہی۔ کھلے ہوے میدان مین ہی مکان یا گلی کوچون مین۔

روح۔ نہین۔ تین طرف سے میدان ہی میدان ہی۔ ایک طرف تکیہ۔ دو طرف میدان۔ ایک طرف مکانات ہین۔ شریفون کا محلہ ہی۔ کھلی ہوئی کوٹھی ہی۔ اور اندر ہی ایک باغیچہ بھی ہی۔

حسن۔ ہمین حیرت ہی کہ یا اللہ یہ لوگ گلی کوچون مین کیسے رہتے ہین۔ اُف ہمارا تو دم گھٹ جائے۔

بہار۔ عادت کے تعلق ہی۔ ہم تو اس مکان پر لوٹ ہین۔

روح۔ اب یہان ڈاکٹر کا علاج ہو گا یا حکیم کا۔

حسن۔ کسکے لیے ہمارے۔ واہ۔ علاج اب کس بات کا۔ تم دیکھ لوگی کہ دو دن مین مین کیسے کیا ہو جاتی ہون۔

بہار۔ اللہ کرے تندرست رہو۔

اِس عالیشان کوٹھی کی لطافت و فصحت کا کیا پوچھنا۔ ایک وسیع میدان مین لب دریا واقع تھی۔ دریا کی موج زنی سے ایک عجب دریا کیفیت نظر آتی تھی سامنے رمنا سرسبز و شاداب زمین فراخ دیسراب ایک سمت دور تک اونچے ٹیلے۔ نظر آتے تھے۔ چپہ چپہ ہری ہری دوب جمی تھی۔ اور دور سے ناظرین کو کہسار کی سی کیفیت معلوم ہوتی تھی۔ کوئی اونچا کوئی نیچا۔

شام کا وقت تھا۔ آفتاب کی سرخ سرخ کرنین کچھ یون ہی سی دکھائی دیتی تھین شفق کے سبب سے ان چارون بہنون کا چہرہ اور بھی دوبالا ہو گیا اٹھلا اٹھلا کر اونچی اونچی چھتون پر ہوا کھانے لگین کہ اتنے مین ایک سمت سے دھوان اُٹھتا تو حسن آرا نے پوچھا کہ یہ دھوان کیسا ہی۔

بہار۔ اس طرف سے دھوان اُٹھا ہی۔

روح۔ اے اس گھاٹ پر مردے جلائے جاتے ہین۔

حسن۔ ہندوؤن کے مُردے یہان ہی جلتے ہین۔

بہار۔ ہان۔ مگر یہان سے دور ہی۔

سپہر۔ ہاے کیا جانے کون بیچارہ جل رہا ہو گا۔

روح۔ زندگی کا بھروسا نہین۔

حسن - ایک دم کا نہین - دم آیا آیا نہ آیا -

روح - ہی ہی - مین نے ایک دفعہ دیکھا کہ ایک مزدور بس چٹ پٹ مرگیا دیکھتے ہی دیکھتے - آناً فاناً - کٹھا اُسنے زمین پر پھینکا اور گر پڑا بس ایک دفعہ ہی آنکھین پھیر لین اور چٹکیون مین چل بسا -

سپہر - ہمارے یہان کے سائیس ہی کو نہ دیکھو - بھلا خاصہ چنگا تھا بجلی گری صبح کو جلا بھنا ملا - راکھ کا ڈھیر -

رفتہ رفتہ اُسی دن بڑی بیگم سے کسی نے کہدیا کہ سامنے مرگھٹ ہی ہندو دن کے مُردے دہان جلائے جاتے ہین سنتے ہی بڑی بیگم کے ہوش اُڑ گئے -

ب - ارے مُردے جلاتے ہین - ای بہار النسا - تم یہان رہین کیونکر - واہ خورشید دوطھا آئین تو مین اُنسے کہون -

حسن - خانمہ برسون سے تو وہ یہان رہتے ہین - بھلا تمھارے کہنے سے مکان چھوڑ دینگے -

سپہر - یہ پشت ہا پشت سے رہے کچھ بھی نہوا ہم چند دن رہینگے تو مُردے چمٹ جائینگے آگے - بولیے -

بہار - اماجان اِس سے کیا ہوتا ہی - مرگھٹ کہان مکان کہان - بھلا کوئی بات بھی ہی - توبہ توبہ - کوس بھر کا پٹا ہوگا -

بڑی بیگم کا بس چلتا تو کھڑے کھڑے چلی جاتین اور دونون لڑکیون کو ساتھ لیجاتین مگر بعد خرابی بصرہ اور انکار و اصرار بلیغ نقل مکان کیا تھا مجبور رہگئین بار بار سوچتی تھین کہ چاہے کوئی ہنسے چاہے کوئی کچھ کہے مین چلی ہی جاؤنگی مگر پھر طرح طرح کے خیالات دل مین جگہ پاتے تھے - بقول شاعر ؎

تنگ آیا تھا نہایت خاطر مشتاق سے
ہر گھڑی کہتی تھی چل ہر دفعہ سمجھاتی تھی ہان

دوسرے ہی روز حُسن آرا بیگم کی طبیعت ناساز ہوگئی ڈاکٹر صاحب نے آنکر کیفیت دیکھی تو بیان کیا کہ بیس روز سے انکو بخار ہے بڑی بیگم اور نواب صاحب کے ہاتھ پانون پھول گئے کہ غضب ہی ہوگیا جوان عورت اور تپ محرقہ - خدا ہی خیر کرے اِس تپ کہنہ ہی کے عارضہ مین بڑی بیگم کا ایک جوان لڑکا جاتا رہا تھا - اِنکے شوہر نے بھی اسی عارضہ مہلک مین انتقال کیا تھا اِنکے والد بزرگوار نے بھی تپ دق ہی سے قضا کی تھی سنتے ہی ہوش ٹھکانے نہ رہے - نواب صاحب نے انکر تیری مین پوچھا کہ خطرہ تو نہین ہی - ڈاکٹر صاحب نے کہا عارضہ تو سخت ہی مگر لاعلاج نہین ہی آپ گھبرائین نہین مین بہت اچھا علاج کرونگا اسی وقت ڈاکٹر بابو نے ایک نسخہ لکھا اور کہا کہ ایک شیشی آپ کو ملیگی تین دن مین صحیح ہوجائیگی - بس ایک ہفتہ احتیاطاً استعمال مین لائین کافی ہی - دو ہی دن مین دوا کے استعمال سے حسن آرا بیگم کی کچھ سے کچھ حالت ہوگئی - کچھ تو دوا کا اثر - کچھ نقل مکان اور آب و ہوا کی خوبی کا اثر بہت ہی جلد روبہ صحت لائین - تیسرے روز پورا پورا افاقہ ہوگیا - چوتھے روز سے ڈاکٹر نے دوا موقوف کردی اور مُرغ کی یخنی پلانے کا حکم دیا - چھٹے روز غسل صحت ہوا اور ڈاکٹر صاحب کو بڑی بیگم نے اکیسو روپیہ اور ایک تھان زربفت کا اور ایک شالی رومال خاص کشمیر کا دیا - اور اس روز عمدہ عمدہ کھانے بھی پکوائے اور فقرا اور مساکین اور سیدون اور سیدانیون کو خیرات بھی دی - غسل کے دوسرے روز صبح کے وقت حسن آرا بیگم جھرو کے سے سیر دریا کرتی تھین ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے فرحت بخشتے تھے اور سامنے دریا کی روانی عجب لطف دکھاتی تھی سبزہ جو طرفہ لہلہاتا تھا غنچۂ دل نسیم طرب کے انتزار سے کھلا جاتا تھا

سینہ دفور سرور سے باغ باغ تھا۔ عرش پر دماغ تھا۔ سپہر آرا نے جب مناجات سے فراغت پائی تو بہن کے پاس آئی اور جھروکے سے مشاہدۂ لطف خدا ادا کرنے لگی۔ دونوں بہنیں بڑی دیر تک لطف طرب انگیز دیکھا کیں جس طرف دیکھتی تھیں خدا کی قدرت مجسم نظر آتی تھی۔

حسن۔

بسیر گلستان دریا دآن سیمین بدن رفتم
در آغوش سمن علطیدم دار خویشتن رفتم
بویت صبحدم گریان چو شبنم در چمن رفتم
نہادم روے بر روے گل دار خویشتن رفتم

سپہر۔ باجی جان کل بہار النسا بہن تھی دیکھیں کہ یہ جو اس طرف دور تک اونچے نیچے ٹیلے نظر آتے ہیں جہاں گھانس جمی ہے یہاں آبادی تھی اور دور تک آبادی تھی مگر اب محلے کے محلے اُجاڑ ہو گئے۔ اور ادھر طرف لوگ جا بسے اور یہ جہاں ہم بیٹھی ہیں یہاں وزیر کا مکان تھا مجال کیا تھی کہ کوئی اسطرف آنو نکلتا۔ اور جس روز وزیر کی سواری نکلتی تھی دور دور یہ آئینہ بندی ہو جاتی تھی وزیر کا حکم بادشاہ کے حکم سے بھی زیادہ مانا جاتا تھا۔ اور اب یہاں خاک اڑتی ہے کتے لوٹ رہے ہیں۔ اتنے میں ایک کشتی نظر آئی تو سپہر آرا نے کہا باجی جان دیکھو ادھر کشتی آرہی ہے۔ کشتی اسی مقام پر ٹھہری اور آدمی اسپر سے اترنے لگے۔ ایک مسن آدمی شہتوت کے سایہ میں آنکر کھڑا ہوا۔ خدمتگار نے زمین صاف کر کے دری بچھادی اور اسپر قالیچہ۔ مرد معمر بیٹھے۔ خدمتگار نے حقہ تازہ کیا پینے لگے۔ مرد معمر نے اپنے ساتھی سے کہا کہ ارے میاں گلباز ادھر آؤ یہاں کیا کر رہے ہو۔ گلباز بولے تم اس درخت کے سایہ میں بیٹھو۔ ہم اس درخت کے سایہ میں بیٹھیں۔

مرد معمر۔ (مرد) ؎

سینے کو چمن بنا بنینگے ہم
گل کھا بنینگے گل کھلا بنینگے ہم

یہ میاں آزاد کا شعر ہے۔

حسن آرا نے جو میاں آزاد کا لفظ سنا تو چونک پڑی۔ چہرہ کا رنگ متغیر ہو گیا۔ مرد معمر کو جھروکے سے بغور دیکھا سپہر آرا نے پوچھا باجی جان خیریت تو ہے۔ تمھارے چہرے سے اسوقت کچھ عجب بات پائی جاتی ہے۔

حسن۔ میاں آزاد کا نام فقط اس بوڑھے کی زبان سے میں نے سنا۔

سپہر۔ ایں! باجی۔ چونکتی ہو۔

حسن۔ خانون جنت کی قسم۔

سپہر۔ اوہو۔

حسن۔ اس بوڑھے نے کوئی شعر پڑھا اور کہا یہ شعر میاں آزاد کا ہے۔

سپہر۔ سچ سچ۔

حسن۔ اتنے میں بوڑھے نے پھر وہی شعر پڑھا۔ ؎

سینے کو چمن بنا بنینگے ہم
گل کھا بنینگے گل کھلا بنینگے ہم

یہ میاں آزاد کا شعر ہے۔ ایک ہی شخص ہے واللہ۔ خدا جانے بیچارہ کہاں ہوگا۔ ہائے۔ ؎

سینے کو چمن بنا بنینگے ہم
گل کھا بنینگے گل کھلا بنینگے ہم

آزاد۔ آزاد۔ پیارے آزاد۔

حسن ۔ ؎

سینے کو چمن بنا ئینگے ہم
گل کھائینگے گل کھلائینگے ہم

یہ شعر پڑھکر حسن آرا کی آنکھین ڈبڈبا آئین اور سپہر آرا بھی بے اختیار رونے لگین ۔

مرد ۔ آزاد سے تم سے ملاقات نہین ورنہ خدا کی قسم تم خود کہتے کہ وہ واقعی فرد ہی ۔ واللہ شیر مرد ہی ۔

گلبانو ۔ (گل) یہ شعر ہماری شان مین کہا تھا ۔

مرد ۔ خدا جانے زندہ ہی یا ..... ہائے ۔

اِس فقرے نے سپہر آرا اور حسن آرا کو اور بھی ملول کر دیا ۔

گل ۔ میان آزاد کون تھے بھئی ۔

مرد ۔ ایک جوان رعنا ہی ۔ نکتہ سنج ۔ مرنجان مرنج ۔ نازکخیال شیرین مقال ۔ شیر مرد ۔ جرأت و بسالت مین فرد ۔ لائق فائق ہمہ دان ۔ سبحان جہان ۔ حسین و مہ جبین ۔ ؎

ہنوزش گرد گل تار رستہ شمشاد | بخوبی سرو او چون سرو آزاد

گل ۔ تو وہ گئے کہان ۔

مرد ۔ کوئی بیگم ہین ۔ اُنپر یہ عاشق ہوے ۔ مگر اُس نے کہا کہ جبتک تم روم جاکر رومیون سے نہ لڑوگے تب تک مین شادی نہ کرونگی ۔

گل ۔ واہ ۔ اچھی بیگم ہین ۔

مرد ۔ مسلمانون کو تو خوش ہونا چاہیے ۔

گل ۔ کیون ۔

مرد ۔ کیون ! کیون کاہے کی ۔ اہ میان ایسی عورتین تو واللہ زیارت اور سجدے کے قابل ہین جو اِس درجہ اسلام کی حامی ہون ۔

گل ۔ ہو تو ایسا ہی ۔ مگر ؎

سجدہ تبون کا مرد موحد سے ہو چکا
کچھ بت بھی توبہ توبہ کبھی کے خدا ہوے

مرد ۔ کہتے تھے کہ اگر شکست پائی تو پھر ہندوستان مین صورت نہ دکھائینگے ۔

گل ۔ خدا کرے زندہ آئے اور سرخرو آئے ۔

حسن آرا نے گلبانو کو غور کے ساتھ دیکھا اور سپہر آرا بولی آمین

گل ۔ مگر کیون صاحب بیگم ہونگی بلا کی حسین ۔

مرد ۔ بس ایسی خوبصورت ہونگی کہ شاید لاکھ دو لاکھ مین ایک ہو ۔

اِس فقرے پر سپہر آرا نے مسکرا کے کہا باجی خوش تو نہ ہوئی ہوگی ۔ حسن آرا نے کہا اِسوقت بڑی خوشی تو یہ ہی کہ آزاد کا نام مشہور ہوتا چلا ۔ سپہر آرا بولی ۔ باجی اُنکے ساتھ تمھارا نام بھی تو مشہور ہو چلا ۔ نام نہ سہی مگر آتا تو لوگ کہنے لگے کہ وہ بیگم خوب عورت ہی جنسے مذہب اسلام کی استدعا رحمت کی ۔ حسن آرا بیگم نے شنجرف کی دوات واسطی قلم اور اپنی بیاض منگوائی اور سپہر آرا سے یہ بیت اُسپر لکھوائی ۔ ؎

سینے کو چمن بنا ئین گے ہم
گل کھائین گے گل کھلائینگے ہم

اور کہا کہ جب پیارے آزاد آئینگے تو ہم یہ شعر اُنکو سنائینگے ۔

مرد معمر نے کہا کہ آزاد عالی نژاد کا ایک خاتون پریزاد سرو قد غیرت شمشاد پر دل آیا اور تیغ نگاہ کا ایسا چرکا کھایا کہ جان پر بن آئی عشق کیا آیا کہ شامت ہی آئی وہ پری رو بھی اِس جانان عنبر موی کی عاشق زار ہی ۔ مگر افسوس فراق سے از بس دلفگار ہی دونون صید الم و ملال ہین ۔ مرزا علی رضا کے یہ اشعار اُنکے حسب حال ہین

گلبازنے پوچھا کون اشعار۔ مرد معمر نے خدمتگار سے کہا کہ ذرا ہماری بیاض تو لاؤ۔ گلباز مسکرا کر بولے کہ واہ لال کتاب ہی کے بھروسے پر رہتے ہو خدمتگار نے بیاض لاکر دی اور پیرمرد نے بلحن داؤدی یہ اشعار پڑھنے شروع کیے۔ ؎

برسرم دیگر ہمائے عشق یار	ریخت طرح آشیان از خار خار
شوق برگرد دلم پرہیزند	از طپیدن حلقہ بر در میزند
شاہبازان تابش برقی زدور	از شرر در خرمنم افتاد دور
ہیچو فانوس از فروغ عشق دوست	جملہ خونم نور شد در زیر پوست

یہ شعر پڑھ ہی چکے تھے کہ درخت سے ایک چھپکلی گری اور مرد معمر چونک پڑے۔

گل۔ درخت پر چھپکلی کم دیکھنے میں آئی ہے۔

مرد۔ جانے کوئی ہمکو ضعیف الاعتقاد کہے مگر ہم تو چھپکلی گرنے کو منحوس سمجھتے ہیں۔

گل۔ اجی جاؤ بھی بوڑھے ہوگئے مگر عقل نہ آئی۔

مرد۔ چلیے ہم اپنی بھگت لینگے۔

عجب اتفاق ہوا۔ حسن آرا اور سپہر آرا یہ اشعار سنکر رو تی جاتی تھیں۔

اب سنیے کہ ایک دن میاں آزاد فرخ نہاد اپنی معشوق ماہ سیما حسن آرا اور انکی پیاری بہن سپہر آرا کو یہی اشعار سناتے تھے کہ دفعتہً چھپکلی دیوار سے گر پڑی تھی اُس دن کی صحبت اُن دونوں بہنوں کی آنکھوں میں پھر گئی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں۔ ؎

دل میں اک درد اٹھا آنکھوں میں آنسو بھر آئے	
بیٹھے بیٹھے ہمیں کیا جانیے کیا یاد آیا	

حسن۔ کچھ یاد ہے ای سپہر آرا۔

سپہر (ہچکیاں بھر کر) ہاے کچھ نہ پوچھو باجی جان اسوقت دل قابو میں نہیں ہے نہیں معلوم کون سے خیالات دل میں آرہے ہیں کلیجا تہ دبا لاہے افسوس ہزار افسوس۔

حسن۔ ؎

فلک کے پار ہوئی اپنی آہ نیم شبی	ہمارے تیر سے صیاد ہو گیا نخچیر
وہ کوہکن ہوں کہ دیکھن جو قصد کوہکنی	تو آب تیشہ رواں ہو بجائے چشمۂ شیر
خیال سنبل خط میں چلوں جو میں وحشی	
قلم کی طرح ترے نقش پا نہیں زنجیر	

حسن آرا نے مہری کو بلا کر چپکے سے کہا کہ دیکھو وہ بوڑھے سے آدمی دہان کون بیٹھے ہیں۔ مہری نے پوچھا وہ جو درخت کے سایہ میں بیٹھے حقہ پی رہے ہیں۔؟ حسن آرا نے کہا ہاں وہی۔ جلد جاکے پوچھو مگر کوئی دیکھ نہ لے۔ ایسا نہو کوئی سُن لے۔ مہری گئی پروے کے پاس جاکر ایک بہشتی کے لڑکے سے کہا ذری جاکے اُن بڑے میاں سے پوچھو کہ کیا آپ سلیم پور سے آئے ہیں۔ بہشتی کا لڑکا دوڑتا ہوا گیا۔ اور پیرمرد سے پوچھا میاں کیا آپ سلیم پور سے آتے ہیں پیرمرد نے کہا سلیم پور کیسا۔ میں نے تو سلیم پور کا نام ہی نہیں سُنا لڑکے نے آکر کہدیا۔ مہری نے کہا پوچھ کہ آپ آج چلے جائینگے یا یہیں رہینگے۔ پیرمرد بولے کہ تم کو اس سے کیا۔ گلباز نے کہا اگر رہینگے تو پانی تمھیں سے منگوائینگے۔ ہم دو لوگ سرا میں رہینگے۔

مہری نے کوٹھے پر جاکر حسن آرا کو اطلاع دی کہ وہ ابھی دو دن یہاں رہینگے۔

حسن۔ بہشتی کے لڑکے کو یہ چونّی دو اور کہو جہاں یہ ٹھکین انکے ساتھ ساتھ جائے اور دیکھ آئے۔

م - بہت خوب -
حسن - جلدی جاؤ -
م - ابھی ابھی -
مہری پردے کے پاس گئی بہشتی کے لڑکے کو پکارا -
م - لو چونی لو - اور سُن - یہ جو بیٹھے ہین نہ - اِنکے ساتھ ساتھ چلے چلے جاؤ اور دیکھو یہ کہان اُترتے ہین -
لڑکا - (خوش ہوکر) اچھا -
م - اُنسے کچھ نہ کہنا -
لڑکا - واہ کیا کچھ بڑی ہون -
دو گھنٹے تک وہ لوگ وہین بیٹھے رہے - اِسکے بعد اسباب باندھا گاڑی کرایہ کی اور کہا تلسی گنج کی سرا چلو - جب گاڑی چلنے لگی تو لونڈا چپکے سے ایک گاڑی کے پیچھے بیٹھ گیا تلسی گنج کی سرا مین وہ لوگ اُتر پڑے اور ایک گوشہ محل مین فروکش ہوے - لڑکا وہان سے واپس آیا - پردے کے پاس سے اُسنے بی مغلانی کو بُلایا -
م - کہان اُترے -
لڑکا - وہان جو گنج ہے نہ - اجی بھلا سا نام ہے - وہ تلسی گنج - تلسی گنج - وہین سب کے سب صاحب تمھارے ٹھہرے ہینگے -
مغلانی نے حسن آرا بیگم سے جاکر کہا - حسن آرا بولی کہ بی مغلانی اس لڑکے کو کھانا دلوا دو باورچی خانے سے - اور اِس سے کہو کہ اِسکو ہمنے آج سے تین روپیہ مہینے پر نوکر رکھ لیا - کل اِس لڑکے اِسکو دہان بھیجنا اور اُس بوڑھے کو ذری بلوانا - مغلانی نے کہا ہان ستر برس کا تو سن ہے - کمد بنگے دریا کے کنارے بیٹھو - بس چھٹی ہوئی - یہ کہ نہین - پیر آرا نے صلاح دی کہ پہلے بلاؤ نہین دریافت کرو کہ کون نام کیا ہے کہان سے آیا ہے کہان کو جائیگا یہان کس مطلب سے آیا ہے اور اگر ممکن ہو تو کسی طریقہ سے یہ بھی دریافت کر لینا ضرور ہے - کہ اِسکو میان آزاد (آنکھون مین آنسو بھر کر) یاد ش بخیر سے کیونکر تعارف حاصل ہوا ایسا نہو کہ ہم اپنا مطلب فرط بیقراری اور اضطراب مین اُس سے بیان کر دین اور بے سود ہو جائے -
حسن - بہن ہمنے یہ تمھارا مشورہ پسند کیا اور ہمکو بھی یہی حیرت ہے کہ یہ ہے کون شخص میان آزاد کو کہان سے جانتا ہے -

	بر و این دام بر مرغ دگر نہ کہ عنقا را بلند ست آشیانہ

ای یک راستان خبر یار ما بگو	احوال گل بہ بلبل دستان سرا بگو
نامحرمان خلوت انسیم غم مخور	با یار آشنا سخن آشنا بگو
دلہا ز دام طرہ چو بر خاک میفشاند	با آن غریب پا چہ گذشت از ہوا بگو
بر چین چو میشہ ہی سر زلفین مشکبار	با ما سرے چہ داشت زبر خدا بگو
مرغ چمن ز خرمن دو ش میگریست	آخر تو واقفی کہ چہ رفت ای صبا بگو

بر این فقیر نامہ آن مخشم نجوان با این گدا حکایت آن بادشا بگو

افشان حسین خو بروئی سیسو کے عذار عربدہ جوئی - سہی سرو بوستان خوبی - نوبادہ چمنستان محبوبی - صنم شیرین ادا حسن آرا بیگم کا جدائی کی گھڑی سے آزاد فرخ نہاد کے غم مفارقت مین دل بیٹھا جاتا تھا دفور الم سے کلیجا مُنھ کو آتا تھا - تنور سینۂ سوزان مین بڑھا عشق جوش زن تھا - آشیانۂ دل مرغ جنون کا نشیمن تھا - ابھی نام خدا کم سن ناکردہ کار - یہ کیا معلوم تھا کہ زلف چلیپا ابھی ہر زن ہے عشق خانہ خراب نوجوانون کا بیڑا نا دشمن ہے میان آزاد پر نہ آنکھ کیا لڑی کہ فوج حزن و ملال یکایک ٹوٹ پڑی - ؎

فوج اندوہ والم ٹوٹ پڑی دھوکے مین
آ زدوئین ہوئین سب قتل پڑا رن کیسا

پیر مرد کی زبانی بیان آزاد یار جانی کا ذکر خیر سنتے ہی جنون پھر سر پر سوار ہوا۔ مرغ دل شہباز عشق کا شکار ہوا۔ کچھ بس نہین چلتا تھا۔ تلملا تلملا کر رہ جاتی تھی۔ اُس شعلہ رو کی یاد آتش غم مین جلاتی تھی۔ ؎

قیامت ہے کسی کو پیار کرنا اس زمانے مین
قضا کا سامنا رکھا ہوا ہے دل لگانے مین

سپہر آرا نے کہا باجی جان اہا ہا ہا۔ ٹھنڈی ہوا کا سوقت کیا جھونکا آیا ہے۔ حسن آرا نے آہ سرد بھری اور بصد حسرت و یاس ؎

بولی وہ کہ ہونے کو ہوا ہے
جو غنچے کو گل کرے صبا ہے

ہمارے دل کا کنول بجھا جاتا ہے۔ یہ کھلے تو ہم سمجھین کہ ٹھنڈی ہوا چلی۔ ہائے کیا جانے اِسلام پیارا آزاد کن بلا خیز جنگلون اور مہیب کہسارون مین سر ٹکراتا ہوگا۔ وہ دشت و ہامون مین ہمارے لیے جان گنوائے اور ہمکو ہوائے سرد کا جھونکا خوش آئے بھلا یہ بھی کوئی انصاف ہے۔ وہ تو عین دوپہر کے وقت جب چیل انڈا چھوڑتی ہو جنگی دردی ڈانٹے ہتھیار باندھے پشت تو سن آہو شکار پر ران پڑی جمائے دو دو ولایتیان لگائے میدان کارزار مین تشنہ لب مصروف جنگ ہو اور ہم ٹھنڈی ہوا کھائین۔

لونڈی۔ بڑی بیگم صاحب نے کہا ہے یہ پانی پلاؤ۔ دیکھیے کسقدر کا ٹھنڈا ہے کہ دانتون مین لگتا ہے۔

حسن۔ لاؤ۔ بس تم جاؤ۔

سپہر۔ پی لو باجی۔

حسن۔ سپہر آرا بہن۔ اللہ کرے آزاد کو بھی عین معرکۂ رستخیز مین برفاب پینا نصیب ہو۔ اسوقت میرا پیارا آزاد آنکھون تلے پھر گیا۔ ؎

تری باتین جو ہین رشک چمن یاد آ گئین مجکو
بہت رویا مین مسکرتے ہیجے بلبل کے گلشن مین

سپہر۔ دیکھو پانی گرم ہوا جاتا ہے۔ اچھا جاؤ ہم بھی نہ پینگے۔

حسن آرا نے آب سرد پی کر کہا۔ بارالٰہا اسوقت ایسا ہی ٹھنڈا ٹھنڈا پانی آزاد نے بھی پیا ہو۔

سپہر۔ باجی اللہ کی قسم تمھاری آہ خالی نہ جائیگی۔

حسن۔ ہے ہے۔ غم کے نشتر نے دل لہو کر دیا۔ جوش اشک سے طوفان آ گیا۔

سپہر۔ باجی تم نے کیا اپنا حال کر دیا۔ کوئی دیکھے تو پہچان نہ سکے کہ یہ وہی حسن آرا ہین۔

حسن۔ ہان ہان۔ مگر۔ ؎

گو خاک ہو گئے نہ گئی جستجو سے یار
جون گرد راہ پھرتے ہین ہم دربدر ہنوز

ادھر دونون بہنون مین باہم یہ باتین ہوتی تھین۔ سپہر آرا مناتی تھین۔ حسن آرا بیخ مفارقت مین زار زار روتی تھین۔ اُدھر سنیے کہ اِنکے ایک غریز محمد عسکری صاحب تشریف لائے۔ چغلن کا کرتا۔ شتر تی کا انگرکھا۔ شروع کا ڈھیلے پائینچون کا پائجامہ چوگوشیہ ٹوپی زیب سر۔ رومال اودھے عطر مین بسے۔ عقیق کا کنٹھا ہاتھ مین لیے میرزا نمش بنے ہوے آنکر بڑی بیگم صاحب کو جھک کے سلام کیا۔

محمد عسکری (مرزا) کیسے ہین کی آج کیسی طبیعت ہے۔ اب تمھارے علالت تو نہین پائی جاتی۔ مگر ابھی حمی کے علاج کیجیے۔ اور غذا مین پرہیز کرنی چاہیے گا۔ بھائی کہان گئے ہین جب سے وہ آئے

صرف دو بار ملاقات ہوئی۔

بہار۔ آج کوئی خون کا مقدمہ ہے۔ اُسمین وکیل ہین۔

ع۔ تو پھر دیر مین آئینگے۔ صاحب کمشنر کا قاعدہ ہے کہ مقدمات خون کی اپیل مین زیادہ غور کرتے ہین۔ کل ہم ایک مشاعرے مین گئے تھے۔ آجکل ایران سے ایک شاعر نیا آیا ہے۔ خوب شعر سنائے۔ جگرم تہ زمین شد۔ اور قرم تہ زمین شد۔ اور سپرم تہ زمین شد۔ بڑا عالی دماغ آدمی ہے۔

بہار۔ حسن آرا کھٹے انار کھائے تو ہرج تو نہین ہے۔

ع۔ بے تکلف نوش جان فرمائین۔ قاطع صفرا ہے اور مفرح قلب۔ آجکل صفرا کی بڑی شدت ہے آب آلو اور شربت لیمون ضرور استعمال مین لانا چاہیے۔ اور اگر خوشبو اور تفریح طبع کیلیے کسی قدر کیوڑا اور برف ملا دے تو نور اعلیٰ نور۔ مین تو ہر صبح کو آب آلو پی لیتا ہون۔ شب کو دس بارہ دانے بھگو دیے صبح کو منھ دھو کر آب زلال پی لیا اور چار بجے کے وقت دو لیمون کا عصارہ ضرور استعمال مین لاتا ہون۔ آجکل کسیر کی خاصیت لکھتا ہے

بہار۔ عسکری کی زبان کترنی کی طرح چلتی ہے۔

ع۔ بجا ہے۔

بہار۔ کچھ جھوٹ بھی ہے کیا۔

اتنے مین بڑی بیگم کسی کام کے لیے گئین۔ محمد عسکری اور بہار النسا اکیلے رہ گئے۔ مغلانیا لونڈیان اصیلین ادھر اُدھر اپنے اپنے کام مین مصروف تھین۔ موقع وقت غنیمت جانکر محمد عسکری صاحب نے اپنی کرسی کھسکائی اور بہار النسا کے پلنگ کے قریب جا بیٹھے۔ اتنے مین رات ہوئی۔ چاندنی چھٹکی۔

ع۔ کیون بہن۔ اب تو حسن آرا سیانی ہوئی ہونگی۔

بہار۔ ہان چشم بد دور۔ اب سیانی ہین۔

ع۔ دونون بہنون مین حسن آرا گوری ہین نہ۔

بہار۔ ای دونون اللہ کے فضل سے خاصی گوری چٹی ہین۔ اور نمکینی کے ساتھ۔ مگر حسن آرا کی سی حسین تو شاید ہزار مین دو چار ہون۔ ہمنے نہین دیکھی۔ اللہ جانتا ہے حسن آرا کی سی خوبصورت ہمنے تو نہین دیکھی گلاب کے پھول کا سا مکھڑا ہے گلاب کے سے لال لال ہونٹھ۔ اور دانست دار لڑکی ہے۔ سپہر آرا بھی سیدو سو مین ایک ہے۔ دونون بہنین نام خدا صورت دار ہین سپہر آرا مین ابھی ذرا الڑھ پن زیادہ ہے۔

ع۔ یہ تم ہماری بہن کیسی ہو۔

بہار۔ اسکے کیا معنی۔

ع۔ اب صاف صاف کیا کہون۔ سمجھ جاؤ۔

بہار۔ (مسکرا کر) ہان!۔

ع۔ بہن ہو۔ بڑی ہو۔ اتنے ہی کام آؤ۔ پھر اور نہین تو کیا عاقبت مین بخشاؤ گی۔

بہار۔ محمد عسکری۔ خاتون جنت کی قسم۔ ہمین دل سے تمھاری محبت ہے۔

ع۔ ساتھ کھیلا ہے بہن۔ برسون ساتھ کھیلا ہے۔

بہار۔ اونہہ اونہہ۔ ساتھ کھیلا ہے۔ ای یون نہین کہتے کہ گودیون کھلایا ہے۔

ع۔ یہ ہم نہ مانینگے۔

بہار۔ زبردستی۔ اور جو اماجان سے پوچھوا دین ہم۔

ع۔ ایسی آپ کتنی بڑی ہین مجھ سے۔ برس نہین حد دو برس۔

بہار۔ ای لو اس جھوٹ کو دیکھو۔ چھتین برس کی ہین۔

ع۔ اچھا۔ پھر کوئی پندرہ بیس کی چھٹائی بڑائی ہے۔

بہار۔ ہئی ہے۔

ع - اچھا پھر اب کس دن کام آوگی - جو ہم کہین وہ مان جاؤ - مگر از براے خدا مشہور نہ کر دیجیے گا - تم اسقدر اقرار کر لو کہ مان لونگی - اور کسی سے کہونگی نہین - یہ نہین کہ ہو دو کچھ بھی نہین اور ہماری جگ ہنسائی ہو -

بہار - تو بھائی بے سمجھے بوجھے کیسے کہدون - وہ کہو یا نہ کہو - مین پہلے ہی سمجھ گئی -

ع - پھر کیون نہ سمجھو - آخر بہن کسکی ہو -

بہار - لے اب صاف صاف نہ کہے تو ہمارا مردہ دیکھے - ہمین کو ہی ہی کرے -

ع - ہاے غضب مجھے کوئی بیجا مقرر کیا ہی - مین اپنے منھ سے کیا کہون - کہنا بس اتنا ہی تھا کہ حسن آرا بیگم اب سیانی ہوئین - اور مین بھی تمھارا بھائی ہون -

بہار - ہم تڑسے بھاپ گئے تھے - مین آج اماجان سے ذکر کرونگی - مگر بھائی حسن آرا سے بھی تو کہہ لون - ایجاب و قبول شرع کے رو سے بھی مقدم اور ضروری ہی - جو حسن آرا مسکر مسکرائین یا خاموش ہو رہین تو منھ مانگی مراد پائی -

ع - تم پہلے بتاؤ کہ اگر ایسا ہو تو تم پسند کرو یا ناپسند اسکا جواب دو -

بہار - اے واہ - چہ خوش - کچھ عقل گئی ہی - بھلا ہمین پسند نہوتی یہ بات تو تم صاف صاف یون ہم سے کہہ بھی سکتے - اللہ کرے حسن آرا جم جم سلامت رہے - اس سے زیادہ ہمین کون ہی - کوئی اپنی بیٹی کو جان بوجھ کے کھاری کنوین مین دھکیل دیا کرتا ہی ایسے کا اللہ منھ نہ دکھائے کہ کنواری لڑکی بے سمجھے بوجھے بیاہ دے خاتون جنت کی قسم کھا کر کہتی ہون - دیکھو تارون بھری رات ہی کہ اگر حسن آرا منظور کر لین تو ہم تو پھولے نہ سمائین -

ع - پھر کوئی تدبیر ایسی کرو کہ حسن آرا مان جائین -

بہار - (مسکرا کر) کون تدبیر کرون - چھو منتر پڑھون -

اتنے مین حسن آرا بیگم نے اوپر سے آواز دی - اے باجی - ذری ہمکو ہرے ہرے ملائم ملائم سنگھاڑے نہین منگا دیتین - مگر ایسے ہون کہ دانت سے ذرا دبایا اور جیسے کیوڑے کی سی خوشبو آنے لگی - بہار النسا نے کہا - اے نگوڑے سنگھاڑے بھی کوئی بڑی نعمت ہین - ابھی ابھی منگواتی ہون - سپہر آرا بولی باجی جی ترس گیا - وہان تو ملتے ہی نہین نہ - محمد عسکری نے سوجھت جتانے کے لیے خواص سے کہا کہ باہر ہمارے آدمی سے جاکر کہو کہ چار سیر ملائم ملائم تازے تازے سنگھاڑے توڑوا کر لے آئے مگر کئی دن کے رکھے ہوے نہون -

حسن آرا نے جو انکی آواز سنی تو متحیر ہو کر سپہر آرا سے دریافت کیا کہ کون آیا ہی - سپہر آرا نے کہا وہی آگئے ہین وہ جو اس دن بہار النسا بہن کے پاس بیٹھے تھے - جنسے اماجان نے شکایت کی تھی کہ ہم دو دن سے یہان آئے ہین اور تم نے خیر و عافیت تک نہ دریافت کی -

حسن - ہان ہان - وہ عسکری - عسکری - محمد عسکری -

سپہر - وہ جو عطر سے بسے تھے -

حسن - مین سمجھی - اے محمد عسکری - کیا ہم جانتے نہین - تھوڑی دیر مین محمد عسکری صاحب تو رخصت ہوے اور چلتے وقت بہار النسا سے کہہ گئے کہ ہمنے جو کہا ہی اسکا خیال ہے بہن مگر از براے خدا کسی غیر کے کان تک خبر نہ پہونچنے پائے - کہ مفت مین ہم نگوڑ نہین - بہار النسا نے کہا - اے تو کیا تم کچھ لڑکی ہو یا دلھن ہو - اور بھائی کی بات بہن کسی سے کہنے کیون لگی - دیکھو اللہ چاہے تو آج کے دوسرے ہی مہینے حسن آرا بیگم کے ساتھ منگنی ہو

محمد عسکری تو چلے گئے۔ مگر حسن آرا نے یہ بات سن لی اور رنگ فق ہو گیا۔ سپہر آرا سے کہا کچھ سُنا۔ وہ بولی ہی ہی غضب ہو گیا یہ بہار النسا بہن نے کہا کیا اسوقت جیسے پانون تلے سے مٹی نکل گئی۔ دونون بہنین کمرے مین گئین حسن آرا مارے رنج کے مسہری پر لیٹی اور یہ شعر پڑھکر سو رہی۔ ؎

معرکہ روز کا ہی چرخ ستم پرور سے یا الٰہی یہ مہم دیکھیے ہو سر کس دن

سپہر آرا کا قاعدہ تھا کہ جب کبھی رنج کی بات سنتی دیوان حافظ ضرور کھولتی اور فال ضرور دیکھتی چپکے سے دیوان حافظ اُٹھا کر فال دیکھی تو سرے ہی پر یہ شعر نکلا۔ ؎

بر دامن دام بر مرغ دگر نہ کہ عنقا را بلندست آشیانہ

سپہر آرا اس درجہ مسرور ہوئی کہ ساری کلفت دور ہوئی شعر پڑھتے ہی اوچھل پڑی۔ واہ واہ کیا شعر نکلا ہی مونہ مین دیوان حافظ کو تولے۔ ؎

بر دامن دام بر مرغ دگر نہ کہ عنقا را بلندست آشیانہ

مطلع پڑھا تو اور بھی خوش ہوئی۔ ؎

سحر گاہان کہ نخجیر شبانہ گرفتم بادہ با چنگ و چغانہ

فتح ہی۔ بس اب دل کو ذرا ڈھارس ہوئی۔ پھر یہ شعر نظر سے گذرا تو کہا لو میرا یار ہی۔ بجر غم سے عبور آسان ہی۔ ؎

بادہ کشتی مے تا خوش برائیم ازین دریائے ناپیدا کرانہ

ادھر بہار النسا اپنے دل مین سوچتی تھی کہ محمد عسکری ہونہار ہوشیار عالی خاندان معالی دودمان نجیب الطرفین شریف الحسبین خوبصورت خوش سیرت شایستہ تربیت یافتہ خوش قطع باوضع نوجوان ہی۔ تین چار سو روپے ماہواری کی آمدنی ہی۔ علاقہ ہی مکانات ہین۔ اور نک سک سے درست ہی۔ کوئی عیب کوئی نقص سمجھ نہین آتا حسن آرا اگر منظور نہ کرے تو اُس سے بڑھکر کوئی دیوانی نہین آج باتون باتون مین چھیڑ دنگی۔ دیکھون کہتی کیا ہی۔ اور کہیگی کیا۔ یقین ہی فوراً منظور کرلے۔ محمد عسکری کی مین بڑھ بڑھ کر تعریفین کرونگی۔ سپہر آرا کو بھی سمجھاؤنگی کہ بہن کو سمجھا بوجھا کر راضی کردے اور عسکری ابھی ہی بھی کم سن۔ اللہ کرے حسن آرا منظور کرلے۔ مگر یہ خبر ہی نہ تھی کہ حسن آرا چاہے زہر کھالے مگر آزاد کے سوا اور کے ساتھ بیاہ نہ کریگی۔ ؎

بر دامن دام بر مرغ دگر نہ کہ عنقا را بلندست آشیانہ

بہار النسا بیگم نے بوندی سے کہا کہ ذری جاکے حسن آرا بیگم کو تو کوٹھے پر سے بلا لا۔ بوندی نے آکر جواب دیا کہ حضور وہ آرام مین ہین کہے جگا دون۔ بہار النسا کو ٹھے پر تشریف لیگئین کہا تمھارے سنگھاڑے آتے ہونگے عسکری نے اپنا آدمی بھیجا ہی۔ سپہر آرا کا رنگ فق ہو گیا۔ پھر کہا تم دونون کو پوچھتا تھا۔ اور کہتا تھا حسن آرا تو نام خدا سیانی ہوئی ہون گی۔ مین نے کہا ہان اب چشم بد دور سیانی اور خوش سلیقہ مین عسکری کی باتین خوب ہین اور ماشاء اللہ وضعدار ہی۔ عطر سے بہت شوق ہی۔ نفاست کا ہر دم خیال۔ دن مین دو دو دفعہ حمام کرتا ہی اور خوش رو بھی ہی جامہ زیب بھی ہی۔ سپہر آرا نے بات ٹالنے کے لیے کہا آؤ باجی تمکو کچھ شعر سُنائین۔ ؎

دل لگانا عذاب ہوتا ہی
آدمی کیا خراب ہوتا ہی

اِسپر بہار النسا بولین - اب اسوقت شعر خوانی رہنے دو آؤ اِدھر اُدھر کی باتین کرین - تم نے عسکری کو دیکھا ہی - سپہر آرا محمد عسکری کا نام تک سننا نہین چاہتی تھی - بہار النسا بیگم نے جو بار بار عسکری عسکری کی رٹ لگائی تو وہ اور بھی جھلائی مگر سوچی کہ ڈر کیا ہی باجی کسی کا کہنا نہ مانینگی اور فال مین تو یہی نکلا ہی کہ - ؎

بروایں دام بر مرغ دگر نہ
کہ عنقا را بلند ست آشیانہ

اتنے مین حسن آرا بیگم بھی مُنھ دھوکر آئین -

بہار - اہی آج بے وقت کا سونا کیسا - خدا خیر کرے راگ نہ لانا کہین -

حسن - جی نہین - سہری پر لیٹی تھی - ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا جو چلی تو بے اختیار نیند آگئی -

بہار - اہی واہ - بھلا یہ کون وقت ہی - چراغ مین بتی پڑی اور آپ نے لمبی تانی - اِس وقت کے سونے سے سُستی آتی ہی -

سپہر - (لونڈی سے) این ! داہ - پنکھا جھلتی ہی کہ اونگھ رہی ہی - گری پڑتی ہی - شیطان نے ڈھکیل دیا کیا ؟ -

بہار - جاؤ مُنھ دھوکے آؤ - ذری زور زور جھلو -

سپہر - یہ موئی اکل کھری جب دیکھو رونی صورت اونگھا کرتی ہی -

لونڈی - ساری مائین اصیلین بیش خدمتین تو ماشاءاللہ مائین مجھ نصیبون جلی پر جب دیکھیے آپ سب خفا ہی ہوا کرتی ہین -

بہار - بس اِنھین تنک مزاجیون کی بدولت تو اِس سے اور اِس کے میان سے ایک دم بھر نہین بنتی - نت جھگڑا نت لڑائی آئے دن جھونٹم جھونٹا ہوا کرتا ہی - بدمزاجی بھی تو کُتنی -

لونڈی - (گردن ہلاکر) ہان حضور مین ہی بُری ہون - وہ موا مردود اِخدائی بھرکا شہدا -

بہار - چلو اب بوڑھا چونڈا نہ ہلاؤ - پنکھا لے کے جھلو بس -

بہار النسا نے بیگم نے حسن آرا کی طرف مخاطب ہوکر کہا اہی حسن آرا تم نے عسکری کو دیکھا ہی اب جو آئے تو اوٹ مین سے دکھا دونگی - خوب آدمی ہی - ہنس مُکھ ملنسار - ہونہار - چار پیسے پیدا کرنے کا خیال اور پڑھا لکھا ہی - آج کل اُن حکیم سے طب پڑھتا ہی وہ جو ہین نہین دوسرا ابدن - وہان شفاخانے مین اُنھین سے - نکو بہت پوچھتا تھا کہ حسن آرا بیگم اُنکو چشم بددور سیانی ہوئی ہونگی - کل آئین تو ہم تم کو دکھا دین - جسوقت آتا ہی مکان بھر مہکنے لگتا ہی - عطر کا بڑا شوق ہی - میری بیماری مین بیچارہ دن بھر مین تین تین پھیرے کرتا تھا - ماں جان کو سمجھایا کہ ڈاکٹر کا علاج کرو - خواہ حکیم جی سے رجوع لاؤ دلی محبت ہی بیچارے کو - گھر بھر سے اُسکو الفت ہی - کسی کے پانون مین خدا نا کردہ کانٹا چبھا اور وہ بیقرار ہوگیا - اور روز سیلا جوڑا ہی پہنے دیکھا - حسن آرا اس تقریر سے اُداس ہوگئی مگر چُپ چاپ بیٹھی سنا کی - دل ہی دل مین سوچتی جاتی تھی کہ یہ کہہ کیا رہی ہین - کیسے عسکری - یہان آزاد کو دل دے چکے

وہ ٹرکی سدھارے ہم قول ہارے - قول جان کے ساتھ ہی انکو عسکری کی پڑی ہی - وہ روز سجیلا جوڑا پھر کائین یا عطر مین بسے ہوے آئین مگر یہ دل تو آزاد کا ہی - کوئی ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے تکے تکے اڑائے - مگر آزاد کا خیال مرتے دم تک دل سے نہ جائیگا - اُس گلبدن کی یاد مین بیکلی رہتی ہی - راتونکو زار زار روتی ہون - ٹھنڈی سانسین بھر بھر کے بصد یاس سوتی ہون - یہ آئین وہان سے عسکری کا ذکر چھیڑنے مانا کہ ہنس مکھ ہی - پھر ہو -

جب بہار النسا نے دیکھا کہ حسن آرا خاموش ہو رہی - تو سمجھین کہ ہم راضی ہی - نہایت محظوظ ہو کر یون مخاطب ہوئین -

بہار - حسن آرا - محمد عسکری کو کیسا سمجھتی ہو -

حسن - (لونڈی کی طرف اشارے سے دکھا کر) چُزپ چُزپ -

بہار - ای موئی زرزری بولی ہماری سمجھ مین نہ آئی نہ آئے گی -

سپہر - ای اسمین مشکل کیا ہی - آیئے ہم سکھا دین - سیوقت فرفر بولنے لگو -

بہار - اچھا - عسکری کو زرزری مین کیونکر کہو گی -

سپہر - غرض کزر - زری -

بہار - اور حسن آرا -

سپہر - حُزسن ازا - رزا حسن آرا -

بہار - ای کچھ ہو گا بھی - حسن آرا ہماری بات کا تم نے جواب نہ دیا -

حسن - مین سمجھی ہی نہین -

بہار - ہم پوچھتے ہین محمد عسکری کو تم کیسا سمجھتی ہو - (گدگدا کر) بتاؤ بولو - کیا چُپ سیر کا روزہ رکھا ہی (پھر گدگدا کر) بتاؤ نہین

اللہ جانتا ہی گدگداتے گدگداتے تڑکا کر دونگی کیا بُرا زمانہ ہی بہن بہن کی بات کا جواب نہ دے - خیر اچھا یاد رکھنا -

حسن - کیسی میٹھی نیند سو رہی تھی - اِنکے غُل غپاڑے مین آچٹ گئی -

بہار - (خفا ہو کر) پچھتاؤ گی حسن آرا -

سپہر - یہ بات کیا ہی بہن - بہار النسا بہن -

حسن - روٹھ گئین -

بہار - جلاؤ اور پھر کہو روٹھ گئین -

سپہر - ای جلین تمھارے دشمن - جو تمھاری طرف دیکھ نہ سکین واہ وہی باتین مُنھ سے نکالتی ہو بس -

حسن - آما جان سنین تو اسوقت بہت ہی خفا ہون -

بہار النسا نے بڑی دیر تک محمد عسکری کی تعریف کی - مگر حسن آرا کب پسیجنے والی تھی - حسن آرا کے دل پر بہار النسا کی گفتگو نے تیر کا کام کیا اِدھر اُدھر ٹہل ٹہل کر یہ غزل پڑھتی اور روتی جاتی تھی - ؎

دل ہی غلط ہے بیچ جگر ہی غلط ہے بیچ
پیدا کیا ہی ہمکو خدا نے برے ہے بیچ

حال کسے کچھ نہین بہتا سوا ہے بیچ
دنیا مین آئی ہی ہمین قسمت برے ہے بیچ

آدم سے باغ خلد چھٹا ہمسے کوے یار
وہ ابتدا ہے بیچ یہ انتہاے بیچ

ممکن نہین ہی آئے جو بوے گل نشاط
ایسی دماغ جان مین بھری ہے ہوا ہے بیچ

ہم بار عشق کے متحمل نہ ہو سکے
بس دل پکڑ کے بیٹھ گئے وہ اٹھا ہے بیچ

کہتے ہین پیر دوست مرا حال دیکھکر
دشمن کو بھی خدا نکرے جدائی ہے بیچ

اتنے مین ایک آدمی نے باہر سے پکارا - دداجی اخبار لیجائیے - سپہر آرا نے کہا - ای دداجی اخبار یہان لے آنا - اخبار آیا - حسن آرا نے اخبار پڑھنا شروع کیا - پڑھتے پڑھتے ایک دفعہ ہی چونک پڑی -

سپہر۔ خیر تو ہی باجی جان۔

بہار۔ این! یہ چونکی کیا۔

حسن آرا اخبار کے مطالعے مین اسقدر مصروف تھی کہ اسنے جواب نہ دیا اور پڑھتی ہی گئی۔ مضمون قابل دید ہی۔

اخبار کا مضمون ؎

بلند نام نگردد کسے کہ در وطن ست
ز نقش سادہ بود تا عقیق در یمن ست

یون تو خدا کی خدائی مین ایک سے ایک قوی ہمدرد حب الوطنی اور لولعزمی شجاعت بسالت علم و فضل مین اپنی آپ ہی نظیر ہی۔ دانایان فرنگ نے علوم و فنون مین علم وحدت بلند کیا۔ افریقہ کے باشندے اپنی قدرتی اور جبلی شجاعت پر اتراتے ہین۔ امریکا والے اپنی ترقی خداداد اور دانشمندی پر بل کی لیتے ہین۔ ایشیا کے آدمی ظاہر ٹیم ٹام اور تزک و احتشام پر جان دیتے ہین مگر ہندی بھی اکثر امور مین فرد ہین۔ اکثر اقوام ہندوستان کے آدمی انتہا کے ہمدرد اور شیر مرد ہین۔ جوبات ہندوستان نے زمانہ پاستان مین حاصل کی تھی وہ اب کہان مگر پھر بھی باقی ہے گو تو کہانتک۔ رسالۂ شمس الضحیٰ کے مؤلف نے دیباچے مین خوب لکھا ہی کہ ؎

ای دل شوریدہ خروشت بجاست — خامشی از زمزمہ جوشت کجاست
ملک سخن زیر لوائے تو بود — رامش دلہا نوائے تو بود
دیدۂ پردہ کشائیت کو — طنطنۂ نغمہ سرائیت کو
زہرۂ سینہ خراشت چہ شد — نالۂ الماس تراشت چہ شد

الٰہی یہ کیسی ہوا بندھی کہ پیارے ہندوستان کے علم و فضل کا پھلا پھولا چمن اداس ہو گیا اور لولعزمی کی ہری بھری شاخین ایک ہی جھونکے مین بھٹ پڑین۔ غفلت کے تنار اور بار اور درخت اڑ اڑا کر زمین پر آرہے۔ خزان کے لشکر نے ایسا نرغہ کیا کہ بہار علم کا عمل کھڑے کھڑے اٹھ گیا۔ اب اہل ہند مین وہ جوش نہ وہ خروش ہی جسے دیکھو بادۂ غفلت کے نشے مین بیہوش ہی خواب خرگوش مین پڑے خراٹے لے رہے ہین۔ بلا کی نیند ین اینڈ رہی ہین۔ خیر خوب نیند بھر کر سو چکے اب بھی جاگین تو ہم سمجھین کہ بخت خفتہ بیدار ہو گیا۔ ؎

شب تیرہ گذشت و صبح سر زد — ای مرد خدا بخواب تا کے

ابھی کل کی بات ہی کہ کشور تہذیب مین ہندوستان کو سر لمن الملک بجاتا تھا۔ علم و فضل مین اسکا طوطی بولتا تھا علم ہندسہ مین اسکے جھنڈے گڑے تھے۔ ریاضی مین اسکی دھاک بندھی تھی۔ قلم و شائستگی مین اسنے اپنا سکہ بٹھایا تھا۔ صنائع مین علم وحدت اٹھایا تھا یہ وہی ہندوستان ہی جسکے شمس لیاقت سے اور ملکون نے نور اقتباس کیا۔ مصری اسی کے خوان حکمت سے شیرین کام ہوے یونانی اسی کے خرمن لیاقت کے خوشہ چین تھے ایک ایک طفل مکتب محمل خوان اور اقلیدس بیان تھا۔ ؎

وقت پیری شباب کی باتین — ایسی ہین جیسے خواب کی باتین

اب تو بعض حضرات کا مقولہ ہی کہ زیادہ پڑھنے سے انسان پاگل ہو جاتا ہی اسکے سوا ضعف دماغ کا دھڑکا اور فقدان الصارت کا کھٹکا لگا ہی بالفرض محال یہ مصیبت بھی جھیلی تو فائدہ؟ ۔

جغرافیہ طبعی پڑھا تو کرہ باد سے کیا خاک نفع ہوگا۔ سیارونکی تحقیقات سے کیا ہتھ ملیگا۔ دریا کا بیان کیا موتی رولیگا۔ ریاضی مین ریاض شاقہ کیا تو کیا نتیجہ شاعری کیطرف متوجہ ہوئے تو دین و دنیا دونون سے ہاتھ دھو کر مجنون ہو جائین وکیلون کی

عنایت سے مقدمہ قائم ہوا تی آتشین گلے پڑین۔ منطق سیکھین تو سر سال فصد کھلوانی پڑے۔ علم الطیور کا مطالعہ کرین تو چڑی مار جنگ کی پھبتی سنین۔ اس سے بہتر یہی ہے کہ بانے کی کنکیان چھیکا ئین شیر لڑائین۔ چانڈو نوش جان فرمائین۔ مدک کے دم لگائین خوب گلچھرے اڑائین۔ ؎

صبح تو جام سے گذرتی ہے	شب دلارام سے گذرتی ہے
عاقبت کی خبر خدا جانے	اب تو آرام سے گذرتی ہے

ماحصل اسکا یہ کہ اب اہل ہند کے مزاج سے اولوالعزمی منزوی دور ہوتی جاتی ہے۔ پس جب کبھی ہم کسی ہندی کی جرأت یا ہمدردی یا بسالت یا اولوالعزمی کا حال سنتے ہین تو باغ باغ ہو جاتے ہین۔ حال مین ایک جرمی اور رسنوز اور جوانمرد ہندی کا ذکر خیر مختلف اخبارات انگریزی مین ہماری نظر سے گذرا۔ میان آزاد نامے ایک ہندی آجکل ٹرکی گئے ہین۔ اثنائے راہ مین انکا جہاز جسکا نام جنی وینس تھا بڑی مصیبت مین مبتلا ہوا۔ جزیرۂ پیرم کے قریب ڈوب گیا۔

حسن آرا بے اختیار چیخ اٹھی۔ اخبار ہاتھ سے گر پڑا۔ اور غش آگیا۔

سپہر۔ ای ہے باجی خیر تو ہے۔

بہار۔ ہائین! ارے یہ ہوا کیا۔

لونڈی۔ مرگی تو نہین آئی۔

بہار۔ (تھو۔ تھو) ای نہین اللہ نہ کرے۔

دونون بہنون نے ملکر اٹھایا۔ منھ پر چھینٹے دیے۔ تو ذرا ہوش آیا۔

حسن۔ دو اخط لاؤ۔

بہار۔ آخر ش اسمین ہے کیا بہن۔

لونڈی۔ بڑی بیگم صاحب کو بلا لاؤن۔

حسن۔ نہین نہین۔

سپہر۔ لیجیے اخبار لیجیے۔ پڑھو تو اسمین ہے کیا۔

حسن آرا نے اخبار لیکر پڑھنا شروع کیا۔

"کل بہتر آدمیون کی جان بچی۔ باقی سب لقمۂ نہنگ اجل ہوے اس موقع پر میان آزاد نے بڑا کارنمایان کیا صرف اپنی ہی جان نہین بچائی۔ بلکہ اورونکو بھی مدد دی"۔

حسن۔ شکر خدا۔ شکر خدا۔

دو بار جہاز سے بولٹون مین کود پڑا اور تین بار پھر جہاز پر گیا بہت سے بندگان خدا کی جان بچائی۔ ع۔

این کار از تو آید و مردان چنین کنند

اسکے بعد اُس جوانمرد نے جو ہمدردی مین فرد ہے ایک انگریز لفٹنٹ اپلٹن کو ڈوبنے سے بچایا۔ سمندر کی موج اسکو بوٹ پر لے بہا لیگئی تھی اس واقعۂ جگر دوز کو دیکھ کر آزاد نہایت استقلال اور جوانمردی کے ساتھ سمندر مین کود پڑا۔ اور اپلٹن کو بچا دیا۔ مگر اتفاق وقت سے بوٹ پر نہ چڑھ سکا"۔

حسن۔ ارے خدا خیر کرے۔

"لیکن واہ رے آزاد۔ پیرتا ہوا ساحل جزیرۂ پیرم تک پہونچا اسوقت جزیرۂ مذکور کے مدوزن کی اس شیرنل طیف نظر بھی سنا ہے کہ کسی نوجوان اور حسین بیگم نے جنیر میان آزاد کا دل آیا ہے انکو مجبور کیا کہ ٹرکی جاکر ترکون کی طرف سے لڑین۔ اگر وہ نوجوان اور حسین بیگم صاحب اپنے عاشق زار میان آزاد کو ایسے کارنمایان کے وقت دیکھتین تو آزاد کی محنت ٹھکانے لگتی۔

حسن آرا اسوقت ایسی مسرور ہوئین کہ عمر بھر کبھی اسقدر خوش نہوئی تھین۔ فرط طرب سے آنکھین اشکبار ہوگئین

گر بہار النسا اور سپہر آرا کی تشفی کے لیے مسکرا دین۔

بہار — این! ماجرا کیا ہی۔ ایک آنکھ سے روتی ہو ایک آنکھ سے ہنستی ہو۔

سپہر — باجی جان کچھ کہو تو۔

حسن — خیریت ہی۔

سپہر — پھر آپ روتی کیون ہین۔ ذری اخبار تو پڑھنے دو۔

حسن — ایک جہاز ڈوبنے کا حال لکھا ہی۔

سپہر — ہی ہی۔ کیا کہتی کیا ہو۔ اہی باجی کسکا جہاز۔ (رو کر) ہاے ہاے بتاؤ تو کسکا جہاز۔

حسن — ع۔

ریسہ، دبود بلاے ولے بخیر گذشت

سپہر — شکر ہی۔

بہار — ایک تو پاگل تھی ہی دوسری بھی پاگل ہو گئی۔

حسن — اُف۔

سپہر — چھوڑو۔ ذری ہم بھی پڑھین۔

حسن — لو اسد نے بہت بچایا۔

سپہر آرا نے بڑے شوق سے وہ مضمون پڑھا۔ اور اچھل پڑی کہ میان آزاد فرخ نہاد نے ٹرکی پہونچنے کے پہلے ہی نیکنامی حاصل کی۔ سوچی کہ لسان الغیب حافظ شیرازی نے خوب صحیح صحیح بتا دیا تھا کہ ؎

بروایں دام بر مرغ دگر نہ
کہ عنقا را بلند است آشیانہ

حسن آرا اپنے دل مین کہتی تھی کہ کجا محمد عسکری کجا میان آزاد۔ ع۔

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

بھلا جس شہر مین دونے میرے لیے یہ سختیان سہین۔ ایسی ایسی مصیبتین اُٹھائین۔ جان کو ہتھیلی پر رکھکر گیا۔ اُسکو دھوکا دیکر اور کسی کو دل دینا کون سی بھلمنسی ہی۔ کیا مجال محمد عسکری چاہے دو تولہ عطر روز ملین۔ اور دن بھر مین دس جوڑے بدلین اور گلاب سے نہائین آزاد اور ہی نقش کا آدمی ہی۔ یہ بات کسی مین کہان اس مضمون کے پڑھنے سے حسن آرا کسی قدر مغرور ہو گئی کہ ہمارے آزاد کی توصیف مین اخبارات رطب اللسان اور غدب البیان ہین۔ سوچی کہ ہی ہی جو وقت جہاز ڈوبا آزاد کی کیا کیفیت ہوئی ہوگی۔ اُف۔ اُف۔ میرا خیال ضرور آیا ہوگا خدا جانے وہ موا خوجی خبیث جیتا بچا یا ڈوب گیا بہار النسا نے اس اخبار کے صفحے مین چپکے سے نشان بنا دیا۔ جسکو حسن آرا اور سپہر آرا نے غور سے پڑھا تھا۔ سوچین کہ محمد عسکری سے پڑھوا دینگی دیکھون تو کیا لکھا ہی۔ کہ دونون بہنون نے چپ چاپ پڑھکر اشارون مین باتین کین۔ اور ہم سے چھپایا۔ حسن آرا کی طرف مخاطب ہو کر کہا کیون بہن پھر تم ہماری بات کا جواب نہ دوگی۔ محمد عسکری کو آخر ش یہ تم بُرا کیون سمجھنے لگین۔ حسن آرا مسکرائی۔ سپہر آرا تیکھی ہو کر بولی اہی بہن کچھ خیر ہی۔ اپنا کام کرو۔ اس پھیر مین نہ پڑو۔ کون عسکری کیسے عسکری۔ یہان عسکری و سکری ایک کو نہین جانتے۔ ؎

نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹھکھیلیان سوجھی ہین ہم بیزار بیٹھے ہین

بہار النسا نے کہا خیر صاحب تم جانو ہمارا کام جانے ؎

سمجھائے سے نہ سمجھا ہین سروکار
اب مان نہ مان تو ہی مختار

کوہ قاف کی پری

دلبرے بردار دلم صبر و قرار — گر زخش برقع بود صبح بہار
غنچہ از شمع خرش پروانہ — نافہ از خالش دل دیوانہ
چشم جادو پش بے نسخ جان — در نگہ سازد تبسم را عیان
غمزہ اش بر سینہ نادک میزند — خنجرہ اش بر بوسہ تشنک میزند

سوختہ داغ مہجوری و جفا۔ کشتہ تیغ عشق و وفا۔ میان آزاد فرخ نہاد شادان و فرحان خوش و خندان دولت فیعہ روم کے دار السلطنت رفیع المرتبت مین خدا خدا کر کے داخل ہوئے۔ قیصر کے تاجر باوقار و جم اقتدار کے صاحبزادہ بلند اقبال و مجستہ خصال ہرمزجی بھائی کی کوٹھی کا پتا پوچھتے چلے۔ آدھ گھنٹے مین کوچین نے یہ مژدہ طرب انگیز سنایا کہ یہ لیجیے ہرمزجی بھائی کا مکان آیا۔ یہ سامنے والی کوٹھی انھین کی ہے۔ میان آزاد گاڑی پر سے اترے اور ہرمزجی بھائی کے پاس ایک آدمی کے ذریعہ سے اپنا کارڈ بھیجا کارڈ پر (میان آزاد) دیکھ کر۔ ہرمزجی بھائی نے ان کو بلوایا۔ مصافحہ کیا اور بڑے تپاک سے بٹھایا۔ آزاد نے جاتے ہی انکے پدر بزرگوار کا نامہ فیض ختامہ دیا۔ پڑھ کر ہرمزجی بھائی اور بھی تپاک کے ساتھ پیش آئے بولے آپکا گھر ہے۔ مین آپکا خادم دنیا و منہ ہون خدمتگار کو حکم دیا کہ پانچ کمرے آپکے واسطے آراستہ کردو ایک ڈرائینگ روم نشست اور ملاقات کے لیے۔ ایک بڈروم آرام کرنے کے لیے۔ ایک باتھ روم غسل کیواسطے۔ ایک سٹڈی روم مطالعہ کتب کے لیے۔ ایک کمرہ گودام کے لیے۔ خدمتگار نے پانچون کمرے آدھ گھنٹے مین آراستہ کر دیے۔

ہرمزجی بھائی نے میان آزاد کی بڑی تعریف کی۔ آپ بڑے اہم کام کے لیے آئے ہین۔ مہم سر کرنا آسان نہین اپنے معشوق مطلوب کے ذرا سے اشارے مین جانبازی پر آمادہ ہونا اور امید موہوم پر جان کھونا آپ ہی سے مردان خدا کا کام ہے۔ ع

آفرین باد بریں ہمت مردانہ تو

ہمارا دل گواہی دیتا ہے کہ آپکی مراد دلی بر آئیگی۔ دعاے نیم شبی رنگ اثر جمائیگی نقش مراد کرسی نشین ہوگا تیر دعا بہ ہدف اجابت قرین ہوگا آپ تمغہ پائینگے۔ اور سرخرو ہو کر میدان کارزار سے ہندوستان واپس جائینگے حسن آرا کے ساتھ نکاح ہوگا ہنسی خوشی عاشق و معشوق کا بیاہ ہوگا۔ آپ کو جس شی کی ضرورت ہو مجھ سے فرمائیے۔ جس امر مین صلاح کی حاجت ہو بے تکلف زبان پر لائیے۔ جناب والد ماجد آپکے از بس مداح ہین۔ میرے پاس کل جناب ممدوح کا ایک والا نامہ آیا تھا اُسمین بھی آپ کا ذکر خیر تھا۔ مگر نام نامی درج نہ تھا۔ ورنہ کارڈ دیکھتے ہی حاضر خدمت شریف ہوتا۔ معاف فرمائیے گا میان آزاد اپنے میزبان با توقیر تاجر ذی عظمت امیر کبیر کی مہربانی اور شیرین بیانی کے نہایت ہی مشکور و ممنون ہوے۔ اس نوجوان پارسی سوداگر نے اپنے باپ کی مرضی اور حکم کے موافق میان آزاد کی بڑی خاطر کی شب کو آزاد بآرام تمام سوئے صبح اُٹھکر غسل کیا۔ کپڑے پہنے اور باغ پُر فضا مین ایک آرام کرسی پر بیٹھ کر اخبار پڑھنے لگے پڑھتے پڑھتے کیا دیکھتے ہین کہ ایک خاتون یوسف لقا محبوب پری چہرہ نرالی سج دھج اور انداز معشوقانہ سے ایک روش مین ٹہل رہی ہے انکی اور اس خوبرو کی آنکھین چار ہوئین۔ اُس بُت عربدہ جو نے کسی قدر بجا کر ایک پھول توڑا میان آزاد اخبار پڑھنے لگے مگر کنکھیون سے اُسی جادو جمال کو دیکھتے جاتے تھے اور وہ بھی دزدیدہ چشم سے آزاد پر نظر ڈالتی تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ حور وش اٹھلاتی ہوئی انکے قریب آن کھڑی ہوئی۔ میان آزاد کرسی سے

اُٹھ کھڑے ہوے - اور زمین دوز ہوکر ہندوستان کے طریق کے بموجب فراشی سلام کیا - خاتون پری پیکر نے مسکرا کر سلام کا جواب دیا اور بلاغ پُر بہار کی انہار لطافت بار کو دیکھنے لگی - آزاد پھر کرسی پر بیٹھے - اور اخبار ہاتھ مین لیکر اُس سرو روان کو بغور دیکھنے لگے - یہ خاتون زہرہ تمثال جیار جیا کی ایک نوجوان لیڈی تھی - جیار جیا متصل کوہ قاف ایک حسن خیز مقام ہے - اس شہر مینو سواد کا حُسن خداداد اور اُسکی خواتین پر نیزاد شہرۂ آفاق ہین - دلبری اور رنگین ادائی مین طاق ہین - آزاد نے جو اُس شنگ حور کو از سرتا پا عالم نور دیکھا تو ہزار جان سے عاشق ہوگئے - اگر معاً حسن آرا بیگم یاد نہ آئین - ؎

شاہد آن نیست کہ موئے و میانے دارد
بندۂ طلعت آن باش کہ آنے دارد

اس لیڈی کا نام مینڈا تھا - اُنیس برس کا سن مراد و دن - جوانی کی اُمنگ - بادۂ شباب کی ترنگ - ٹہلتے ہوے حضرت اس شجر کے سایہ مین جا کھڑے ہوے - جہان وہ توسن سرد لیڈی نہرون کے پانی کی جھلک اور روانی مشاہدہ کر رہی تھی آزاد اور اُس پریزاد کی آنکھین پھر چار ہوئین خاتون عصمت مآب کسی قدر شرمائی - گو میان آزاد پر دل آیا تھا مگر اسدرجہ بجائی کہ رخ پر زلف عرق آلود ہوگئی - ؎

عرق آلودہ زلفین ہین رخ رنگین جانان پر
ترشح کا ہے عالم ابر چھایا ہے گلستان پر

میان آزاد نے ایک خوشنما پھول توڑ کر بصد ادب نذر کیا خاتون پری چہرہ پہلے تو پھول لینے ہوے جھجکی - مگر آزاد کے خوش کرنیکی غرض سے پھول لے لیا اور ایکبار چوم کر اپنے جوڑے مین خوبصورتی کے ساتھ رکھ لیا - آزاد انہا کے محظوظ ہوے - قریب تھا کہ مکالمہ شروع کردین مگر مینڈا فرط شرم و حیا سے دوسری روش مین جا کھڑی ہوئی - میان آزاد سوچے کہ زیادہ مبادرت کرنا خلاف عقل و مصلحت ہے - ناچار اپنی کرسی پر پھر جا بیٹھے مینڈا کا اپنے دل آیا مگر حیرت تھی کہ یہ کون شخص ہے آدمی تو نہایت حسین ہے - مگر وضع سے ترکی نہین معلوم ہوتا - اتنے مین دھوپ کسی قدر تیز ہوئی اور وہ نازک اندام فرس خوش خرام پر سوار ہوکر چلی گئی -

آزاد متحیر کہ یا الٰہی یہ انسان ہے یا پری - اللہ یہ حسن گلوسوز یہ شان دلبری - یہ کھڑا تھا یا بن گہا چاند - افسوس سب سے زیادہ یہ تھا کہ پردیس کا واسطہ - نیا مکان کیسی سے اچھی طرح جان پہچان اب اس بت سیم بدن کو کیونکر دیکھینگے - نام معلوم نہ نشان معلوم واللہ اعلم کس ملک کی لیڈی ہے - سمجھے کہ فرانسیسی ہے جب ہی اسدرجہ بانکی وضع اور بانکی ادا ہے - اسقدر شیرین حرکات و دلربا ہے جسوقت خیال آتا تھا کہ اُنکے تحفۂ محقر کو قبول کیا اور مسکرا کر بصد ناز دست رنگین سے پھول لیا تو جامے مین پھولے نہین سماتے تھے مگر جب یہ خیال آتا تھا کہ حسن آرا بیگم سے قول ہارے ہین تو مینڈا کا خیال دل سے دور ہو جاتا تھا - الغرض مختلف خیالات اُنکے دل مین جگہ پاتے تھے - تھوڑی دیر کے بعد کوٹھی مین گئے - تاجر وقار کے ساتھ کھانا کھایا - کھانا کھانے کے بعد دونون مین بات چیت ہونے لگی -

تاجر - اب آج تو آرام کیجیے - کل حمید پاشا وزیر صیغۂ جنگ سے ملیے -

آزاد - ہان آج نہ جاؤنگا - کل صبح کو ضرور بالضرور ملونگا -

تاجر - اسوقت جی چاہتا ہے کہ آپکو کوٹھی کی سیر کراؤن -

آزاد - بسم اللہ -

تاجرآزاد کو لیکر کوٹھی دکھانے چلے۔ میان آزاد نے کوٹھی کے مختلف کمرون کی سیر کی۔ تاجر نے کہا یہ کمرا لیڈیون کے لیے ہی۔ لیڈیان اسمین چار قہوہ پیتی ہین۔ میان آزاد نے پوچھا وہ کون لیڈی تھین جو آج آپ کے باغ کی سیر کرنے گئی تھین تاجر نے کہا کہ کچھ بتا دیجیے آزاد نے کہا۔ کشیدہ قامت نازک اندام لب سرخ گلفام۔ زلف سیاہ۔ رخ غیرت ماہ چال مستانہ ناز معشوقانہ۔ بانکی ادا۔ انداز دلربا۔ بلٹ (کمربند) سے کمر نازک کسی ہوئی۔ عطر گلاب مین بسی ہوئی۔ تاجر نے ذرا غور کرکے کہا۔ اخاہ مئیڈا ہونگی وہ جیار جیا کی لیڈی ہین نا کنجدا۔ آپکے ایشیا ہی کی ہین کئی ترکون کا اسپر دل آیا ہی۔ ایک فرانسیسی افسر فوجی کو اُسکے بیاہنے کا شوق چڑایا ہی۔ اُسکے جمال مبین اور رخ رنگین کا دور دور شہرہ ہی۔ جسے دیکھیے اُسکا شیدا ہی صبح شام کوٹھی مین آنکر قہوہ پیتی ہین۔ علم موسیقی کا بدرجۂ غایت ذوق ہی۔ پیانو اور ہارمونیم بجانے کا دلی شوق ہی۔ گھوڑے پر ایسا سوار ہوتی ہی کہ اچھے اچھے شہسوار ماند گئے۔ حسن وجمال کے علاوہ بانکپن اور شوخی رگ رگ مین کوٹ کوٹ کر بھری ہی غرض کیا کوہ قاف کی پری ہی۔ آزاد نے جو اسقدر تعریف سنی پوچھا کیا شام کو پھر آئینگی۔ اور سیر باغ کو ضرور جائینگی۔ تاجر نے کہا ہان ضرور تشریف لائینگی۔ اور باغ مین دو گھڑی ضرور دل بہلائینگی یہ نوید بجست خیز سنکر میان آزاد کی باچھین کھل گئین میان آزاد اپنے کمرے مین گئے اور ایک ناول پڑھنے لگے۔ ایک عاشق نامراد کی ناکامی کا حال پڑھکر کمال افسوس کیا یہانتک کہ بے اختیار رو دیے۔ یہ معلوم ہی نہ تھا کہ حضرت بھی ایک ناول کے ہیرو ہونگے۔

سات بجے کے وقت وہ خاتون شیرین ادا حسب معمول پھر آئی کمرے مین چاے نوش جان کرتے کرتے دیکھا کہ میان آزاد ایک کرسی پر بیٹھے کتاب پڑھ رہے ہین۔

میان آزاد بڑے لطف سے ناول کا مطالعہ کر رہے تھے کہ ایک عورت نے جسکا سن کوئی چالیس برس کا تھا اور جسکی وضع سے معلوم ہوتا تھا کہ کسی لیڈی کی خادمہ ہی آن کے کہا کہ ایک صاحب باہر آپ کی تلاش مین کھڑے ہین۔ میان آزاد نے متحیر ہوکر پوچھا کہ میری تلاش مین! شاید تم کو دھوکا ہوا ہین کوٹھی کا مالک نہین مسافر ہون۔ اُس عورت نے کہا۔ ہان ہان مین جانتی ہون۔ آپ ہی کو بلایا ہی۔ آزاد ناول ہاتھ مین لیے ہوے اُٹھے باہر جاکر خادمہ نے کہا حضور ذرا باغ تک قدم رنجہ فرمائین میان آزاد باغ مین گئے دیکھا کہ ماہ منیر جلوہ کنان ہی چاندنی خوب نکھری ہی ستارے چھٹکے ہوے ہین۔ باد فرحناک جھونکے دل کو مسرور کرتے ہین۔ عورت نے اشارے سے کہا کہ اُس درخت تک چلیے۔ مئیڈا نقاب زرین سے رخ زیبا کو چھپائے ہوے ایک درخت کے سایہ مین چپ چاپ کھڑی تھی۔ گو میان آزاد نقاب اور کسیقدر تاریکی کے سبب سے اس خاتون پری تمثال کے چہرۂ نورانی کو نہ دیکھ سکے مگر زلف عنبر بار کی خوشبو نے اُنکے دماغ کو طبلۂ عطار بنا دیا اور دل مین سوچے کہ یہ تو خوب مقام ہی۔ صبح کو وہ نورانی صورت دکھائی کہ صل وجل۔ اسوقت ایسی بوے خوش آئی کہ دل کی کلی کھل گئی۔ مئیڈا نے نقاب اُلٹ کر کہا۔ آزاد۔ ہمین پہچانا؟ میان آزاد ششدر رہ گئے خدایا یہ کون ہی ایسی پیاری آواز تو آجتک سنی ہی نہ تھی۔ مئیڈا نے پھر پوچھا۔ آزاد ہمین پہچانا؟۔ میان آزاد نے دبے دبے کہا۔ جی نہین۔ افسوس ہی کہ مین نہ پہچان سکا مئیڈا درخت کے نیچے سے چاندنی مین آن کھڑی ہوئی اور مسکرا

بولی کہ کہو اب پہچانا یا اب بھی نہین پہچانا۔
آزاد۔ (دیوین پر گر کر) خوب پہچانا۔ خوب پہچانا۔
مُنیڈا۔ مین وہی ہون جسکو تم نے پھول دیا تھا۔
آزاد۔ اور آپ نے فرط عنایت سے قبول کیا تھا۔
مُنیڈا۔ آزاد تم جنگ کے لیے جاتے ہو۔
آزاد۔ جی ہان۔
مُنیڈا۔ باشندے کس ملک کے ہو۔
آزاد۔ ہندوستان۔
مُنیڈا۔ قوم۔ مذہب۔
آزاد۔ مسلمان کشمیری۔
مُنیڈا۔ کشمیری ہو۔
آزاد۔ جی ہان۔
مُنیڈا۔ شادی ہوگئی ہے۔ کوئی اولاد ہے۔
آزاد۔ ناکتخدا ہون۔
مُنیڈا بہت ہی خوش ہوئین اور دل مین سوچین کہ بس اب مُنھ مانگی مراد بائی۔
مُنیڈا۔ اِس کوٹھی مین کب تک قیام ہے۔
آزاد۔ خدا جانے۔ کل وزیر جنگ کے پاس جاؤنگا۔
مُنیڈا۔ اس جنگ کا برا ہو۔ جو ہزارون گلبدنون کو کفن پوش کرتی ہے۔ جسکے طفیل مین لاکھون بندگان خدا کی جان گئی۔ اور جسنے کروڑون عورتونکو بیوہ اور بچون کو یتیم کر دیا۔ کیسے کیسے جوان رعنا اسکی بدولت تہ خاک ہوے ہاے افسوس واے افسوس۔
آزاد۔ ہان مگر مجبوری ہے۔ کیا کیا جائے۔ مجبوری مجبوری۔

مُنیڈا۔ (دبے دانتون) بھلا اگر نہ جاؤ تو کیا ہرج ہے۔
آزاد۔ غیر ممکن ہے۔ جانا ایسا ضروری ہے کہ نہ جانیکا خیال تک دل مین نہین آنے پاتا۔
مُنیڈا۔ جبتک تم یہان ہو مین ہر روز آؤنگی۔
آزاد ہر بہ کار آدمی تو تھے ہی اُس خاتون سیم غبغب کی باتون سے تاڑ گئے کہ اسپر ہزار جان سے عاشق ہے۔ سوچے کہ اب بڑی مصیبت مین پڑے۔ خوبصورت و ملاحت خاتون اُنیس بیس برس کا سن غنچہ دہان شباب۔ عالم نور از سر تا پا۔ ایسا نہو کہ ہماری بھی نیت ڈانوان ڈول ہوجائے۔ حسن آرا سے جو قول ہارے ہین بھول جائین مُنیڈا کی پیاری پیاری باتین دل مین کھپ گئین۔ کوئی آدھ گھنٹے تک اُس حور لقا کے ہاتھ مین ہاتھ دیے میان آزاد باغ مین ٹہلتے رہے مگر مُنیڈا نے صاف صاف کوئی بات نہ کی۔ اگر آزاد اِس سے اِسقدر کہدین کہ میری شادی ہو چکی ہے تو وہ اُنسے بات بھی نکرے۔ فوراً چلی جائے مگر جب اُنھون نے بیان کیا کہ ابھی شادی نہین ہوئی وہ باغ باغ ہوگئی۔ اتنے مین تاجر موصوف کو میان آزاد نے باغ کیطرف آتے دیکھا اور اشارے سے مُنیڈا کو بھی دکھایا کہ وہ دو پارسی آرہے ہین۔ مُنیڈا اپنی خادمہ کو لیکر چلی گئی۔
باغ کے پھاٹک کے پاس مُنیڈا اور تاجر موصوف سے ٹڈھ بھیڑ ہوئی۔
تاجر۔ اخاہ آپ اسوقت تک باغ مین سیر کر رہی تھین۔
مُنیڈا۔ ہان۔ وہ جو مسافر ہندوستان سے آپکے ہان آکر ٹکے ہین انکو اتفاق سے باغ مین دیکھا۔ اُنھین سے باتین کرتی رہی تھی اب جاتی ہون۔
تاجر۔ بہت اچھا۔

مُیڈا۔ یہ بڑے لائق اور خوش خلق آدمی معلوم ہوتے ہین۔
تاجر۔ جی ہان۔ تربیت یافتہ اور زدی علم ہین۔ اور اپنے اخلاق سے ہر شخص کو مسخر کر لیتے ہین۔
مُیڈا۔ آپکے ایک نوکر نے مجھ سے کل کہا تھا کہ میدان جنگ مین جانیوالے ہین۔ بڑا دی حوصلہ جوان ہی۔ خدا کرے بامراد آئے۔ سردیا کو تو آپ کے روم نے شکست دی۔ اب دیکھیے روسیون سے کیسی نبٹتی ہی۔
تاجر۔ اِس ملک کے آدمی جری تو ضرور ہین۔ مگر باہمی نا اتفاقی روز بروز ترقی کرتی جاتی ہی۔ یہ بُرا۔ سردیا کے تو جھگڑے چھوڑا دیے بھاگتے راہ نہ ملی۔ روسی جنرلون نے لڑکے بھی کی مگر سردیا کے نڈر دل آدمی بھاگ کھڑے ہوے۔ ٹرکی جان پر کھیل گئے۔ واقعی بسالت بس اسی کے معنی ہین۔ سناکہ روسی جنرل للکارتے تھے کہ آگے بڑھو۔ آگے بڑھو۔ مگر سردیا کے سپاہی آگے قدم بڑھاتے ہوے ڈرتے تھے۔ اسقدر خائف ہو گئے۔ ترکونکی جرأت تمام عالم مین مشہور ہی۔ اپنے ملک کے نام پر جان تک دینے کے لیے مستعد ہو جاتے ہین۔ مگر افسوس ہی کہ فرانس۔ آسٹریا۔ جرمنی انگلستان۔ اطالیہ وغیرہ ملکون کیطرح طرز حکومت عمدہ نہین ہی۔ پاشاؤن کی باہمی شکر رنجی اور اعیان دولت کی ناجاتی ستم ڈھاتی ہی۔
مُیڈا۔ رخصت ہوئین۔ تاجر اور میان آزاد باغ کے ایک چبوترے پر بیٹھے آزاد سے تاجر موصوف نے کہا کہ ابھی اِس لیڈی سے ملاقات ہوئی۔ آپکی بڑی تعریف کرتی تھین جنگ کی نسبت بھی گفتگو ہوئی وہ ترکون کا جنبہ کرتی رہین۔ اور دست بدعا ہین کہ خدا کرے ٹرکی ہی فتح پائین۔ اور روسیونکو بھاگتے راہ نہ ملے۔ آزاد بولے کہ حق کی طرف ہین۔ ٹرکی نے روس کو چھیڑا نہین کہ یہ وجہ جنگ قرار دیجاے۔ سردیا کو اسی نے ورغلانا اور جب ٹرکی کے دلاوران صف شکن نے سردیا کی سپاہ کو نچا دکھایا تو روس سقد رجھلایا کہ اشتہار جنگ دیدیا۔ اب تمام یورپ کی نظر اس جنگ کیطرف ہی۔ دیکھیے کیا انجام ہوتا ہی۔ مگر لڑائی جلد ختم ہوتے نظر نہین آتی۔ بڑی دیر تک تاجر اور آزاد مین جنگ روس و ٹرکی کی نسبت سرگرمی کے ساتھ گفتگو رہی۔ بعد ازان دونون آرام کرنے گئے۔
میان آزاد کو تنہائی مین خاتون ماہ سیما مس مُیڈا یاد آئین سوچے کہ معشوق تو رنگین ادا اور یوسف لقا ہی۔ پری پیکر شکم خوش تمیز۔ ہر دل عزیز۔ نازک اندام۔ گلفام۔ مگر حسن آرا بیگم سے قول ہارے ہین اور قول جان کے ساتھ ہی۔ خیر جبتک یہان ہین صبح و شام غم غلط کرنے کے لیے کافی ہی۔ دو گھڑی بات چیت کر لیا کرینگے مگر یہ ممکن نہین کہ حسن آرا بیگم کو چھوڑ کر مُیڈا کے ساتھ شادی کر لین۔ کیا مجال۔ انھین خیالات مین آنکھ لگ گئی تو عجیب خواب دیکھا سُنیے۔
میان آزاد بیلون اور جاکٹ پہنے ایک مسہری پر لیٹے ہوے حقہ پیتے جاتے ہین اور اشعار موزون کرتے جاتے ہین۔ سرہالین انکی پیاری حسن آرا بیگم آئین دوبارہ تالیان بجائین میان آزاد نے اُٹھ کر دیکھا تو حسن آرا۔ دست بستہ کھڑے ہو گئے اور کہا ایک بوسہ دیجیے حسن آرا بولین بس جائیے جائیے آپکو بھی دیکھ لیا۔ ہماری تو تم پر جان جائے اور تم اوروں کو دل دیتے پھرو۔ واہ کیا انصاف ہی۔
آزاد۔ جان من۔ اِس بدگمانی کے صدقے۔ ہاے ہم تو جان بلب ہندوستان سے روم سدھارین۔ اور تم ایسے ایسے بیہودہ خیالات کو دل مین جگہ دو بتاؤ ہمین گنجایش شکوہ

کی ہی یا نہین - ہمنے تو ٹھان لی کہ چاہے جان جائے مگر تمھارا حکم نہ ٹالین - اب ہم ہین اور میدان کارزار ہم ہین اور جوش عشق کی گرمی بازار - اسوقت کلیجا شق ہوگیا - زخم جگر پر تم نے نمک چھڑکا -

حسن - جی بجا ہے - یہ بھرے کسی اور کو دیجیے - ہونہہ -

آزاد - اے ناکامی -

حسن - چلو بس اب بیٹھے رہو - صاف صاف نہ کہلواؤ -

حسن آرا نے ایک گلوری آزاد کو دی آزاد نے کھائی اور کہا - ع -

اے جان من جانان من از من چرا رنجیدہ

اتنے مین میان آزاد نے ڈرتے ڈرتے کہا ایک ذرا سی چاء ہمین بھی -

حسن - (تنک کر) - اے واہ - چہ خوش - چرا نباشد - منھ دھو رکھیے - آپکو کیون دین - وجہ ؟ آخر سبب -

حسن آرا نے کہا کہتے ہوے شرم نہین آتی - جیا رجیا کی نوجوان لیڈی سے چپکے چپکے باتین کرنا اور اسکے عشق کا دم بھرنا اور ہمین چپکون پر اڑانا اور باتین بنانا - یہ فقرہ سنتے ہی میان آزاد کی آنکھ کھل گئی - مرگ جان کے ساتھ کفر ایمان کے ساتھ طاؤس مار کے ساتھ - خزان بہار کے ساتھ وہ نہین کرتی جو اس خواب پریشان نے میان آزاد کے دل کے ساتھ کیا - پلنگ پر اٹھ بیٹھے - اندھیرا آنکھون مین چھا گیا جسم تھرانے لگا - دل ہی دل مین کہنے لگے کہ پیاری حسن آرا - ع -

شوق مشتاق آرزو مشتاق جان مشتاق تست
دیدہ مشتاق آشکارا دل نہان مشتاق تست

مین اور کسی اور کو دل دون - کیا مجال - دل تو تم ہی کو یا کیا کرتا ہون - اور تمھاری ہی محبت کا دم بھرتا ہون - ع -

بر تنم ہر موز بانے جز بیاد یار نیست
مو بمو ظاہر نماید حاجت گفتار نیست

حسن آرا پیاری حسن آرا کیا تم سمجھتی ہو کہ آزاد کسی اور کو دل دیگا ای توبہ - یہ دل اب تمھارا ہی - تمھاری چیز مین کسی کو دینے والا کون مگر شکر ہے کہ خواب ہی مین تمکو دیکھا سہی - ع -

شبے خیال تو آمد بخواب آسودیم
دگر زہم نگشادیم چشم گریان را

لیکن افسوس کہ بخت خفتہ کی بدولت خواب مین تمکو سرسر ناز و عتاب دیکھا - خدا وہ دن جلد دکھائے کہ ہم اور تم باہم باتین کرین دوری کا پردہ مرتفع ہو - عاشق و معشوق مراد دلی پائین غل گپائین ہم یہ شعر پڑھین - ع -

دزدیدہ شب نسیم وصل خوش در گلشن جانم
چنان شادم کہ غم با من درین غمخانہ میرقصد

اور تم اسکے جواب مین کہو - ع -

تا بہ آن ماہ وصل افروز ہم آغوش شدم
از سر ہستی خود رفتم و بیہوش شدم

محمد عسکری

دوسرے روز بہار النسا بیگم نے محمد عسکری کو بلوایا اور جسکے سے کہا کہ کل ہمنے حسن آرا سے تمھارا تذکرہ کیا مگر الحمد جانے کیا سبب ہی کہ وہ ذری بولین تک نہین - اور انکے بشرہ سے ایسا پایا جاتا تھا کہ جیسے کسی پر خدا نا کردہ انکا دل آیا ہی - مین تو دھک سے رہ گئی الحمد آبرو رہ گئے باتین ہوتے ہوتے حسن آرا اخبار پڑھنے لگین - اخبار پڑھتے پڑھتے رو دین - خوب زار زار روئین - پھر پڑھا تو کہا

اب ذری تشفی ہوئی - مجھ سے کچھ کہا ہی نہین - سپہر آرا نے البتہ پڑھکر ہمسے کہا کہ (بہن شادی دادی کے خیال سے درگذرو کیا جانے کیا بھید ہے - اندر ہی اندر ہنڈیا پک رہی ہے دیکھیے کیا ہوتا ہے ذرا حال نہین کھلتا - مین نے اس اخبار مین نشان بنا دیا ہے - مگر لاکھ لاکھ تدبیر مین نے کی اخبار انھون نے نہ دیا نہ دیا - بہوبیت مین چوری سے اخبار لے آئی ہون دیکھو یہان پر ٹھہرہی تھین پڑھو تو اسمین لکھا کیا ہے - محمد عسکری نے اخبار کا وہ مضمون پڑھکر کہا - کسی بے ٹکے نے لکھا ہے - مگر معلوم ہوتا ہے آزاد نامے کوئی شخص ہے اُس سے حسن آرا بیگم نے وعدہ کیا ہے کہ اگر تم روم جاکر روسیون سے لڑو اور وہان سے سرخرو واپس آؤ تو مین تمھارے ساتھ شادی کر لون - اب یہ دریافت کرنا چاہیے کہ میان آزاد ہین کون - لکھا ہے کہ ایک نوجوان اور حسین بیگم کی ہدایت کے موجب گئے ہین - جب ہی حسن آرا شادی کا لفظ تک زبان پر نہین لاتین - بس ہم سمجھ گئے یہی خاص سبب ہے - اب بہن تم ایک کام کرو جب حسن آرا بیگم اور تم پاس بیٹھی ہو تو آزاد کا ذکر ضرور چھیڑو کہنا عسکری ابھی ابھی اخبار پڑھتا تھا - اسکا ایک دوست ہے آزاد - اخبار مین آزاد کی تعریف پڑھکر عسکری بہت خوش ہوا پھر کہنا کہتا تھا کہ آزاد نان بائی کا لڑکا ہے - اس طعامچی بچے کی خوش قسمتی کو تو دیکھو کہان جا کے شیشہ لڑایا - اور وہ بیگم بھی کیسی ہو تو ہے جسنے بیاہ کا وعدہ کیا - طعامچی بچے کے ساتھ اور بیگم کا بیاہ - واہ - مصرع

دماغ بیہدہ بخت وخیال باطل بس

اب تو بہار النسا بہن کوئی ایسی تدبیر کرنی چاہیے کہ آزاد کیطرف سے حسن آرا کا دل پھر جائے - آزاد یاد ہی نہ آئے - مین اخبارون مین آزاد کی ہجو چھپواؤن - تم زبانی مذمت کرو - اور جس اخبار مین طبع ہو وہ کسی ترکیب سے حسن آرا کو فرود دکھادو خدا نے چاہا تو چٹکیون مین دل پھر جائے - مگر حیرت ہے کہ بادشاہ یہ آزاد کون بزرگوار ہین - بہار النسا متحیر و ششدر کہ یہ اسرار کیا ہے -

یہ گفتگو کر کے محمد عسکری رخصت ہوے - بہار النسا بیگم اس اخبار کو چپکے سے حسن آرا کے صندوق پر رکھ آئین - محمد عسکری نے گھر پر جاکر حسن آرا اور آزاد کی باہمی ناچاقی کی نسبت سیکڑون ہی تدبیرین سوچین - ٹھان لی کہ دن رات اسی غور و فکر مین رہونگا کہ کسی تدبیر معقول سے آزاد کے نام پر حسن آرا لاحول پڑھنے لگین سوچے کہ پہلے تو کسی اخبار مین کچھ لے دیکر یہ چھپوا دون کہ آزاد نامے ایک نان پزکا لونڈا آجکل روپوش ہے - کئی ہزار روپیے ایک مہاجن کے لیکر چل دیا ہے سنا کہ اب مصر کیطرف بھاگ گیا ہے اگر کسی کو اسکا حال معلوم ہو تو بتائے اسکے بعد ایک خط چھپوا دون کہ آزاد مصر نہین گیا بلکہ پرسون تک حیدرآباد مین تھا - یہ وہ شخص ہے جو ۱۸۵۷ء کے غدر مین ایک سرغنہ تھا مگر گورنمنٹ کو اسکے خیالات سے ذرا بھی واقفیت نہین ہونے پائی - یہ شخص بڑا نامی ڈاکو ہے - وسط ہند کے اکثر مقامات مین اسنے ڈاکے مارے اور کئی آدمیونکو زخمی کیا ہے - یہ شخص مختلف مقامات مین اپنے کو مختلف ناموں سے مشہور کرتا ہے - پھر کسی اور اخبار مین چھپوا دون کہ ایک شخص آزاد نامے کسی نوجوان بیگم کو دھوکا دیکر بھاگ گیا ہے - اگر اس پر بھی حسن آرا کا عشق کم نہو تو کسی اخبار مین آزاد کی وفات کی تاریخ درج کر دون - تاکہ حسن آرا مایوس ہوکر آزاد کو رو بیٹھے اور پھر ہمارے ساتھ دھوم دھڑلے سے شادی ہو -

ادھر کا حال سنیے کہ سپہر آرا اور حسن آرا کو ٹھے کے کمرے سے سیر دریا کرتی تھین کہ بہار النسا بیگم بھی پہونچین -

بہار۔ اسوقت عسکری بہت خوش تھا کسی اخبار مین اسکے دوست کی بڑی تعریف چھپی ہی۔

حسن۔ کون دوست۔

بہار۔ کیا جانے کیا نام بتاتا تھا۔ بھلا ہی سا نام ہی۔ کہتا تھا اخبار مین تعریف کے پل باندھ دیے ہین۔ ہان خوب یاد آیا ہی۔ توبہ توبہ۔ بھلا ہی سا نام ہی۔

سپہر۔ قاسم خان۔ تہور علی۔ رفیع الدین ہا۔

بہار۔ نہین تہور علی۔ نہ رفیع الدین۔

حسن۔ محمد غوث آزاد؟

بہار۔ ہان ہان۔ آزاد۔ آزاد۔ کہتا تھا کہ آزاد میرا بڑا دوست ہی مگر نان پنر کا ٹر کا ہی۔

حسن۔ (چونک کر) کسکا؟

بہار۔ نان پنر کا ٹر کا بتاتا تھا۔

سپہر۔ واہ اچھے آپکے عسکری ہین۔ جو نا بائیون کے چھوکرون سے یارانہ کرتے پھرتے ہین۔ یہی آپ اُنکی تعریف کرتی تھین جائیے بس دیکھ لیا۔

بہار۔ اہی تو خیر مگر آگے تو سنو۔ کسی دیدہ دھوئی بیگم نے اُس سے وعدہ کیا ہی کہ تیرے ساتھ شادی کرونگی۔

سپہر۔ واہ اچھی بیگم ہین۔

بہار۔ ایڑی چوٹی پر قربان کردے۔

سپہر۔ اور یہ آپکے عسکری کو کیا سوجھی کہ نان بائی دا سے یارانہ پیدا کیا۔ آدمی ملتا جلتا ہی اپنے برابر والے سے یا ایسے ایسے نیچ قومون سے۔ واہ اچھے عسکری ہین آپ کے۔

بہار۔ اُس نان بائی کا منھ جھلس دون موئے کا جو بیگمون سے شادی کا وعدہ کرے۔ اپنی آبرو اپنے ہاتھ ہی۔

حسن آرا سکتے کے عالم مین تھی۔ سوچی کہ آزاد کے حالات سے کسی کو یہان اطلاع تو ہی نہین۔ شاید نان بائی ہی ہو۔ مگر یہ خیال ہر رنگ محال ہی یہ نورانی صورت یہ اخلاق یہ علم و فضل یہ شایستگی یہ جرأت یہ جوانمردی نان بائی کیونکر پا سکتا ہی۔ نان بائی پھر نان بائی ہی۔ آزاد تو کوئی شہزادہ معلوم ہوتا ہی۔ نان بائی مین یہ باتین کہان۔ نان بائی یہان آزاد کی سی شستہ تقریر اور علمیت اور ایسی صورت شکل کہان پائے۔ بھلا کوئی بات بھی ہی۔ سپہر آرا بولی باجی خاتون جنت کی قسم جو اسمین ذری بال برابر بھی فرق ہو۔ بہار النسا بیگم آدھار کھائے بیٹھی ہین کہ محمد عسکری کے ساتھ تمھارا نکاح ہو کل تم چوک سقد رگئین کہ اُنکے سامنے اخبار پڑھکر روئے لگین اور پھر ہنسدین۔ بس وہ مار گئین۔ حسن آرا بولی اُسوقت تو مین از خود رفتہ تھی سپہر آرا نے کہا باجی بس وہی اخبار لیجا کر اُنھون نے عسکری سے پڑھوایا ہوگا۔ ساری کارستانی اُسی کی ہی تم چاہو مانو یا نا مانو۔ ہم تو یہی کہینگے باجی اللہ جانتا ہی گھپ گئی ہی۔ حکمن کیا کہ جھوٹ ہو بھلا کہین ایسا ہو سکتا ہی مگر ایک بات یاد رکھنا عسکری کے تہکھنڈ دن سے اب ڈرتی رہنیا۔ وہ بڑا نٹ کھٹ معلوم ہوتا ہی۔ دیکھیے ابھی کیا کیا باتین بناتا ہی کیا کیا تمھین ترا شتا ہی۔ مگر بھرے مین نہ آجانا آزاد کو نا نبائی بنا دیا یہ اہی تیری قدرت شان خدا۔ شام کو بہار النسا بیگم کی صلاح سے محمد عسکری نے حسن آرا کے نام ایک خط لکھا۔ مغلانی کو دیا کہ جاکے حسن آرا کے ہاتھ مین دینا مگر خبردار خبردار یہ نہ کہنا کہ بہار النسا بیگم کے سامنے دیا ہی مغلانی نے خط لیا اور جاکے حسن آرا کو دیا۔

حسن۔ کیسا خط ہی۔

م۔ پڑھ لیجیے۔

سپہر۔ کیا ڈاک پر آیا ہی۔

حسن - نہین -

حسن آرا نے خط کھول کر پڑھا - مضمون خط ملاحظہ فرمائیے - ؎

قدم رکھ دیکھکر بحرِ محبت مین ذرا اے دل
خطر ہے ڈوب جانیکا بھی دریا کے نہانے مین

حسن آرا بیگم کی خدمت ہمایون مین کورنش - مین جتائے دیتا ہون کہ آزاد کے پھیر مین نہ پڑیے - وہ نیچ قوم آپ کے قابل نہین - نانبائی کا لڑکا - تنور روشن کرنے مین طاق - آٹا گوندھنے مین مشاق - وہ اور آپکے لائق ہو - اے تو بہ ع -

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

اول تو باجی - دوسرے مزاج مین تلون - برق کی چمک کو تو شاید پائداری بھی ہو - مگر اُسکے مزاج کو قیام نہین - اور پھر طرّہ یہ کہ ان پڑھ - مین اچھا ہون یا بُرا بہار النسا بہن مجھے خوب جانتی ہین - مجھے جھوٹ بولنے سے کیا واسطہ - آزاد میرے دشمن ہین نہین مجھے اُنسے کسی قسم کی خصومت نہین ہے بلکہ مین اُس شخص کو جانتا ہون اور بخوبی جانتا ہون - اسی خاطر سب سے مین آپکو صلاح دیتا ہون کہ آپ اِسکا خیال دل سے دور کر دین جسوقت مین نے سُنا کہ آزاد پر آپ عاشق ہین میرا دل پھٹ گیا (اور اگر آپکی یہی کیفیت ہے تو خیریت نظر نہین آتی) اب تو ہم یہی دعا مانگتے ہین کہ خیر سے وہ دن آئے کہ تمھارے دل سے اُس بد وضع کے عشق کا خیال دور ہو جاے -

(حرۂ محمد عسکری)

اس خط کو حسن آرا نے دو بار پڑھا اور جواب مین فقط ایک شعر لکھا -

نہ چھیڑ اے نکہتِ بادِ بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹھکھیلیان سوجھی ہین ہم بیزار بیٹھے ہین

سپہر آرا نے کہا کیون باجی ہم کیا کہتے تھے - دیکھا وہی بات ہوئی نہ اور جھوٹ تو اسی سے ثابت ہے کہ میان آزاد کو ان پڑھ بتاتے ہین شانِ خدا - یہ اور آزاد کو ان پڑھ کہین - اللہ جانتا ہے ان لوگون کو خوفِ خدا بھی نہین ہے - اُف - کچھ ٹھکانا ہے - جھوٹ بھی تو کتنا اور کیسے نیک بنے جاتے ہین - کہ مجھے جھوٹ بولنے سے کیا واسطہ - سچ ہے - ہم تو کہتے ہی تھے کہ بڑا نٹ کھٹ معلوم ہوتا ہے - وہی بات ظاہر ہو گئی - مغلانی نے وہ کاغذ لیجا کر محمد عسکری کو دیا - محمد عسکری نے پڑھا - ؎

نہ چھیڑ اے نکہتِ بادِ بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹھکھیلیان سوجھی ہین ہم بیزار بیٹھے ہین

ع - اہا ہا ہا - پھڑکا دیا - واللہ پھڑکا دیا - جی خوش ہو گیا - کیا شعر لکھدیا ہے -

بہار - ہماری بہن کچھ ایسی ویسی تھوڑا ہی ہین -

ع - چشم بد دور -

حسن آرا اور سپہر آرا دونون کو ٹھے پر سے چپکے چپکے سنتی تھین -

سپہر - بہت خوش ہوے شعر پڑھکر -

حسن - ہان -

سپہر - اب تو پہچان گئین انھین باجی جان -

بہار النسا نے محمد عسکری سے کہا کہ بھائی اب ذرا ٹیڑھی کھیر ہے آسان امر نہین ہے حسن آرا نے بے سوچے سمجھے یہ شعر نہین لکھا ہے - مگر خیر دیکھو مین کیا کیا تدبیرین کرتی ہون - ابھی اُنسے کچھ نہ کہنا محمد عسکری نے کہا کیا طاقت کچھ سڑی مقرر کیا ہے تم برابر کی بہن ہو اپنی - تمھاری اور بات ہے اُنکی اور بات -

رقابت کی کارستانی اور وزیر جنگ کی قدردانی

اب میان آزاد کا حال سنیے کہ اُنھون نے وزیر جنگ کی خدمت مین جانے کی تیاری کی۔ مگر تاجر باوقار نے کہا کہ آج ایک مجلس شوریٰ قرار پائی ہی۔ وزیر ممدوح آج نہ مل سکینگے کل جائیے گا صبح کو میان آزاد باغ مین جا کر بیٹھے۔ مگر مُنیڈلی کی صورت نظر نہ آئی شہر کے مختلف مقامات اُنکے دوست صادق نے دکھائے رؤسا اور امرا سے ملاقات کرائی۔ واپس آئے۔ کھانا کھایا۔ ناول پڑھا شام کو تاجر ممدوح اُنسے رخصت ہوکر ایکدن کے لیے اپنے کسی دوست کے یہان گئے جو شہر کے دس میل کے فاصلے پر رہتے تھے۔ میان آزاد کرسی پر بیٹھے ہوے حقہ پی رہے تھے کہ ایک زرداب (فرانسیسی افسر) نے پیچھے سے آن کے شانے پر دو بار زور سے ہاتھ مارا۔ متحیر ہوکر آزاد اُٹھ کھڑے ہوے پیچھے پھر کر دیکھا تو ایک خوش رو جوان فرانسیسی جنگی وردی پہنے ہوے نظر آیا۔ آزاد کو اُسنے اور آزاد نے اُسکو بغور دیکھا اور جولیٹ بان اور جنٹلمین وہان بیٹھے تھے اُنھون نے بھی اِن دونون پر نظر ڈالی۔

آزاد۔ یہ اِسکے کیا معنی۔ مجھ سے آپ سے کبھی کی جان نہ پہچان اِسطرح بے دھڑک دو ہتھڑ لگانا کیسا۔؟

زرداب۔ دوست مجھے تم سے دو دو باتین کرنی ہین۔

آزاد۔ آپ کو جو کچھ کہنا ہو فرمائیے۔

زرداب۔ پوشیدہ بات ہی۔

آزاد۔ نہین۔ پہلے آپ بلا تامل بتائین کہ اِس دو ہتھڑ کے کیا معنی۔ پھر جو کچھ آپ کو مجھ سے کہنا ہو فرمائیے۔

زرداب۔ پوشیدہ بات ہی۔ آپ ذرا باہر تک تکلیف کرین

آزاد۔ آپکی وردی سے معلوم ہوتا ہی کہ آپ فرانسیسی لشکر کے کوئی افسر ہین۔ مین آپکی اِس جنگی (یونفارم) وردی کی عزت کرتا ہون اور جس قوم کی فوج مین آپ ہین اُسکی بھی عزت کرتا ہون لیکن آپ پہلے یہ بتائین کہ باہر آپکو مجھ سے کیا کام ہی۔ اچھا چلیے۔

یہ کہکر میان آزاد اور زرداب باہر گئے۔ اُسوقت کئی یورپین اور چار جین لیڈیان اور جنٹلمین اور ٹرکی امرا قہوہ پی رہے تھے کوئی باتین کرتا تھا۔ کوئی اخبار پڑھتا تھا سب متحیر تھے کہ یہ فرانسیسی افسر اِس اجنبی غریب الوطن مسافر سے جو شکل وصورت سے جنٹلمین معلوم ہوتا ہی کیا کہیگا۔ باہر کا حال سنیے کہ میان آزاد کیطرف اُس افسر نے ایک منٹ تک غور سے دیکھا۔ اِسکے بعد دو چھری کمر سے نکال کر ایک آزاد کو دی اور کہا پانچ قدم ہٹو اور صاف صاف بتاؤ کہ تمنے میری پیاری مُنیڈا سے بات چیت کی تھی اور ایکبار باغ مین تم اور وہ اکیلے تھے۔ میان آزاد نے چھری اُسکے ہاتھ سے لی اور پیترے بدل کر کہا۔ ہان بیشک ایک جوان لیڈی مجھے باغ مین ملی تھی مگر تنہا نہ تھی۔ اُسکے ساتھ ایک خادمہ بھی تھی پھر اِس سے مطلب۔ اگر وہ تمھاری مطبوعہ ہی تو تمکو مبارک رہے۔ کہا تم ثابت کر سکتے ہو کہ میری اُسکی ملاقات سے تمھارا کسی قسم کا نقصان ہوا مجھے تو اُس خاتون جیاپرور کا نام بھی اچھی طرح معلوم نہین۔

زرداب نے اُوپر دیکھا نہ تاؤ۔ تڑسے آزاد کیطرف جھپٹا۔ اور چھری بھونکنے ہی کو تھا کہ آزاد نے خالی دی۔ اتنے مین ایک شخص چپکے چپکے پیچھے سے آیا اور آزاد پر تلوار چلائی۔ تلوار چھپلتی ہوئی بائین شانے پر لگی۔ پلٹ کر آزاد نے جو ایک تلا ہوا ہاتھ لگایا تو وہ بُزدل زخمی ہوکر تیورا کے گر پڑا۔ آزاد سنبھلنے ہی کو تھے کہ زرداب اِنکا کام تمام کرنے کو پھر جھپٹا۔ مگر آزاد نے پھر خالی دی اور کہا سنو۔ میرے امکان مین اسوقت ہی کہ مین تمکو مار ڈالون

مگر مجھے تمھاری جوانی پر رحم آتا ہی یہ کہکر میان آزاد تیر ابدلکر اُسکی طرف جھپٹے اور کیلی کر کے چھُری چھین لی - غُل مچی آواز سُنکر لیڈیان اور جنٹلمین بھی باہر آگئے تھے آزاد نے چھری چھین کر ایک اُنھی دی تو افسر مُنھ کے بھل گرا - حاضرین نے آزاد کی بڑی تعریف کی اور جب اُنکو معلوم ہوا کہ یہ دو تھے اور آزاد بیچارہ اکیلا تو اور بھی تعریف کی - آزاد اُس افسر کو گھسیٹ کر روشنی مین لائے تو اکثر آدمیون نے پہچانا کہ روشفانامے فرانسیسی ہی یہ فرانس کے لشکر کے متہد افسر تھے اس نوخیز مشتری خصال لیڈی پر جان دیتے تھے یہ بھی مشہور تھا کہ مُیڈ کے والدین کی بھی یہی دلی خواہش تھی کہ روشفا کے ساتھ اُسکی شادی ہو - مگر اُسنے کہدیا تھا کہ اگر ایک مہینے مین مین نے کسی اور کو پسند کیا تو روشفا کے ساتھ شادی نہ کرونگی - ورنہ خیر - سائیس دن گذر گئے تھے صرف تین روز اور باقی تھے - پھر نواب بیچارے کو بُرا معلوم ہو یا بھلا مُیڈ انے جو آزاد کے حسن و جمال اور خط و خال پر نظر ڈالی اور سنا کہ ہندوستان سے خاص اِس غرض کے لیے آیا ہی کہ جنگ روم مین شریک ہو تو ہزار جان سے عاشق ہو گئی - ٹھان لی قسم کھا بیٹھی کہ آزاد ہی کے ساتھ شادی کرون گی یا کنواری رہون گی -

آزاد نے حاضرین کیطرف مخاطب ہوکر کہا - حاشا مین مُیڈ اکے عاشقون مین نہین - اسی کوٹھی مین مین نے اُس لیڈی کو چند بار دیکھا تھا - مجھکو اِس فرانسیسی افسر سے بھی عداوت نہین - گو انھون نے میری جان لینے مین کوئی دقیقہ اُٹھا نہین رکھا تھا مگر مجھ کو اِسکا خیال نہین - فرانسیسی افسر نے کہا مجھے اسوقت صرف یہ خیال ہی کہ اِس میرے دوست نے (جسکے سبب سے میان آزاد زخمی ہوے اور جسکو میان آزاد نے اپنے بچانے کے لیے زخمی کیا) بڑی غلطی کی - مین خدا کی قسم کھا کر کہتا ہون کہ مین نے اِس سے یہ ہرگز نہین کہا تھا کہ تم میری کمک کو آنا - مگر اِس شخص نے مجھے ذلیل کیا - آزاد کو زخمی دیکھکر قریب تھا کہ مین معافی چاہون - یہ بات فن سپہ گری کے خلاف ہی کہ دو آدمی ملکر ایک شخص کو قتل کرین - اگر میرا یہی منشا ہوتا تو مین چھری انھین کیون دیتا - اسی خیال سے کہ میان آزاد مجکو کچا سپاہی سمجھینگے جب اُنھون نے مجھے گھسیٹا تو مین چپ چاپ چلا آیا - حاضرین نے اُس افسر کی بھی تعریف کی اور میان آزاد کو اُنکی تقریر ایسی پسند آئی کہ گلے لگا لیا - گو دونون بغلگیر ہوے مگر روشفا کا حسد کم نہین ہوا - رقابت بھی کیا بُری چیز ہی -

دوسرے روز صبح کے وقت میان آزاد فرخ نہادنے جنگی وردی پھڑکائی شمشیر خارا شگاف کمر سے لگائی اور پارسی سوداگر کے ایک طنّاز و خوبصورت فرس سبک خیز پر سوار ہوکر حضرت حمید پاشا وزیر جنگ کی شرف ملازمت کے لیے چلے - راہ مین انگلیان اُنھی تھین - ہر فرد بشر میان آزاد پر نظر ڈالتا تھا - جو دیکھتا تھا گھنٹون توصیف کرتا تھا -

ایک - بھئی کیا گبھرو جوان ہی - خدا چشم زخم حوادث سے بچائے -

دوسرا - آمین -

تیسرا - گھوڑے پر کیا خوب سوار ہوتا ہی معلوم ہوتا ہی جیسے کسی نے میخ گاڑدی -

چوتھا - کتنا خوشرو جوان ہی - یہ تو کسی فوج کا کپتان معلوم ہوتا ہی

پانچوان - گھوڑا تو گھوڑا سوار بھی عجب سج دھج کا ہی -

چھٹا - اجی یہ وہی تو ہین - میان آزاد - جنکا حال اجا

الجوائب مین درج ہی۔

ساتوان ۔ سچ کہا۔ واقعی یہ وہی نوجوان ہی۔ خدا کرے جنگ مین کامیاب ہو۔

آٹھوان ۔ خدا کرے۔ خدا کرے۔

نوان ۔ آمین۔ آمین۔

میان آزاد وزیر جنگ کے ایوان پسر تو امان پر پہونچے جو خط ٹرکی کے کانسل متعینہ مصر نے اُنکو دیا تھا وہ اُنھون نے بھیجدیا اور کہا عرض کردو وہ بھی حاضر ہی۔ حمید پاشا نے خط پڑھا اور میان آزاد کو بلوایا۔ آزاد نے جاکر زمین دوز ہوکے آداب عرض کیا اور بصد ادب خاموش کھڑے رہے۔

حمید پاشا ۔ (حمید) آپ ہی ہندوستان سے آئے ہین جنکی کانسل نے بڑی تعریف کی ہی بیٹھیے۔

آزاد ۔ ہان حضور فدوی ہی کا نام آزاد ہی۔

حمید ۔ ڈینی جنیس نے آپکو اور بھی مشہور کردیا ہی۔

آزاد ۔ حضور مین نے وہ کیا جو ہر ایک انسان کو لازم ہی۔

حمید ۔ صحیح ہی۔ مگر ہر ایک انسان انسان نہین ہی بعض آدمی بہائم سے بدتر ہین۔ آپ سچے ہمدرد ہین۔

آزاد ۔ (آداب بجالاکر) حضور کی نوازش۔

حمید ۔ تو آپ یہان کیا چاہتے ہین۔ نوکری۔

آزاد ۔ حضور میری دلی خواہش ہی کہ مجھے صیغۂ جنگی کا کوئی عہدہ ملے۔

حمید ۔ تمھاری شکل وصورت اور طرز گفتگو سے پایا جاتا ہی کہ تم ایک تربیت یافتہ اور اولوالعزم اور ذی حوصلہ نوجوان ہو اور جری اور عالی خاندان ہو۔ جنگ کی کیفیت یہ ہی کہ شروع کو تو ہمنے شکست دیدی مگر اب روسیون نے اشتہار جنگ دیا ہی اور یہ تو ہم پہلے ہی سے جانتے تھے۔ کئی مہینے سے معلوم تھا کہ روسی ضرور لڑینگے۔ مین غور کرونگا کہ تمھارے لائق کون عہدہ ہی۔ جنگی امور سے واقف ہو؟

آزاد ۔ ہان حضور۔ کئی کتابین مطالعہ کی ہین جنرل والٹر کو مین عربی پڑھاتا تھا وہ مجھکو جنگی علوم کے رسالے پڑھاتے تھے۔ مصنوعی جنگ مین کئی بار شریک ہوچکا ہون یہ والٹر کا سرٹیفکیٹ ہی

حمید پاشا نے سرٹیفکیٹ لیکر پڑھا اور کہا۔ کافی ہی ہم آپکو عہدہ دینگے۔ دو ایک روز مین آپ آئین۔ آزاد پھر بصد ادب آداب بجالائے اور کمیت باد رفتار پر سوار ہوکر چلے۔ اُسوقت آزاد انتہا سے زیادہ خوش وخرم تھے۔ ہندوستان سے روانہ ہوتے وقت آزاد کو اندیشہ تھا کہ مبادا ٹرکی مین عہدہ نہ ملے مگر جنرل والٹر کے سرٹیفکیٹ اور اُنکے حسن وجمال اور ڈنڈیل اور سپاہیانہ وضع نے حضرت وزیر جنگ کے لوحہ دل پر اُنکی بسالت اور اولوالعزمی اور عالی خاندانی اور حمیت اسلامی کا نقش ایسا منقش کردیا کہ فوراً عہدہ دینے کا اقرار کیا۔ آزاد شادان وفرحان فرودگاہ کیطرف جانے لگے۔ حسن اتفاق سے اثنائے راہ مین میان آزاد کیا دیکھتے ہین کہ ایک لیڈی سمند دغا پسند کو بگٹٹ دوڑاتی آرہی ہی۔ پھر کر دیکھا۔ تو مُیڈا۔ مُیڈا کا گھوڑا جو تیزی کے ساتھ نکلا تو میان آزاد کے کمیت تند خو نے بھی کنوتی بدلی۔ اتنے مین مُیڈا نے گھوڑے کی باگ روک لی۔

مُیڈا ۔ مسٹر آزاد آپ کہان تشریف لیگئے تھے۔

آزاد ۔ مین وزیر جنگ کے ہان گیا تھا۔

مُیڈا ۔ تم جنگ کے بڑے شائق ہو۔ اور واقعی تمھاری صورت ہی سے بسالت برستی ہی۔

آزاد ۔ کل تو آپکی بدولت ہماری جان ہی گئی تھی۔

مئیڈا - ہم سُن چکے ہین -

آزاد - اب آپ سے بات کرتے ہوے خوف معلوم ہوتا ہی -

مئیڈا - (مُسکراکر) درست -

آزاد - خدا کی قسم خوف معلوم ہوتا ہی -

مئیڈا - آزاد تمھارا سا خوبرو اور دجیہ جوان ہمنے آجتک نہین دیکھا -

آزاد - (خاموش) -

مئیڈا - مجھے معاف کیجیے گا کہ یہ کلمہ میری زبان سے بے ساختہ نکلا - مگر مین کیا کرون - مجبور ہون -

آزاد - مین آپ کی عنایت کا کمال مشکور ہون -

مئیڈا - وزیر جنگ سے کیا باتین ہوئین -

آزاد - پوچھا کہ جنگ کی کارروائی سے کچھ واقف ہو - مین نے کہا کئی بار مضوعی جنگون مین شریک ہوا - جنرل اسٹر کا سنفیکٹ دکھایا - فرمایا تمھاری صورت سے عالی خاندانی اور لیاقت ظاہر ہی ہم تمکو کوئی عہدہ ضرور دینگے - دو ایک روز مین آؤ -

مئیڈا - آزاد - تمھین جو دیکھیگا فوراً کہ اُٹھیگا کہ یہ کوئی شہزادہ ہی -

آزاد - (مسکراکر) واہ -

مئیڈا - ایسین عورت ہو یا مرد -

آزاد - دیکھین وزیر جنگ ہمین کون عہدہ دیتا ہی -

مئیڈا نے آزاد سے کہا ہمکو نہین یقین ہی کہ حمید پاشا تمھین کوئی جنگی عہدہ دین اور اگر وہ دینگے بھی تو ——

آزاد نے پوچھا کیا آپکو وہ جانتے ہین - مئیڈا نے ہنسکر کہا کتنے سادے ہو - بھلا یہان کوئی بھی ایسا ہی جو ہمین نہ جانتا ہو فرانس تک سے لوگ ہمارے دیکھنے کے لیے آتے ہین - حمید پاشا میرے باپ کے بڑے دوست ہین - وہ مجھے شل اپنے عزیز بیٹے سمجھتے ہین تم سے مجھے کچھ کہنا ہی - اسوقت چلکر تنہا سن لو پھر تمھین اختیار ہی جہان چاہو جاؤ -

آزاد نے تھوڑی دیر غور کرکے کہا - بسم اللہ آپ فرمائیے - مین غور سے سُنتا ہون - اور حتی الوسع آپکا حکم بجالاؤنگا - آپ بیدریغ فرمائین - مئیڈا بولی راہ مین کہنا وضع کے خلاف ہی پارسی کی کوٹھی سامنے ہی وہان چلو - تو کہون - اتنے مین دونون گھوڑے آس سوداگر کی کوٹھی پر داخل ہوے مئیڈا اور آزاد کمرے مین جاکر بیٹھے -

آزاد - اب فرمائیے -

مئیڈا - تمھاری شادی تو کہین ہوئی نہین ہی -

آزاد - جی نہین -

مئیڈا - پیارے آزاد میرا دل تم پر آیا ہی اور گو وضع کے خلاف ہی کہ تم سے صاف صاف کہون - مگر دل قابو مین نہین رہا - مین چاہتی ہون تمھارے ساتھ میری شادی ہو - مین وہ ہون جسپر فرانس اور ٹرکی کے نوجوان امیرزادون کی جان جاتی ہی مین وہ ہون جسکے عشق مین روشناسا افسر فرانس چھ مہینے سے یہان فردکش ہی - مین وہ ہون جسکے چاہ زنخدان مین ایک بڑے مغز اور نوجوان پاشا کا دل ڈاوان ڈول ہی - مگر مین تم پر جان دیتی ہون -

آزاد - مجھے افسوس ہی کہ -

مئیڈا - اُف - اُف - اُف - افسوس کے لفظ کے ساتھ تم نے اپنی گفتگو کیون شروع کی - یہ لفظ تو اسوقت مین سُننا ہی نہین چاہتی تھی -

آزاد - ابھی تو مجھے جنگ درپیش ہی -

مُنیڈا - خوب یاد رکھو کہ گو وزیر جنگ کی ملاقات سے تم خوش آئے مگر ——————

میان آزاد نے بڑی لجاجت اور منت اور سماجت سے عرض کی کہ آپ میرے عہدہ پانے مین خلل انداز نہوں - واسطے خدائے معاف فرمائیے - بڑی دیر تک سمجھایا - اور کہا کہ آپ خود ہی اپنے لیمین سوچین کہ آپکی اُٹھتی جوانی اور رخ نورانی صورت زیبا اور ادا دلربا کی ملک فرانس تک دھوم ہی - اور خدا گواہ کرکے کہتا ہون - کہ مجھے آپکی ایک ایک چھب بھاتی ہی - ایک ایک ادا دل مین کھُب گئی ہی مگر افسوس صد افسوس کہ مین مجبور ہون ورنہ اگر آپکی مرضی کے موافق کام کردون تو مجھ سے زیادہ خوش نصیب کوئی نہین - اُس خاتون سمن بر پری پیکر نے کہا یاد رکھیو - بہت پچھتاؤگے - بہت پچھتاؤگے خوب یاد رکھو بہت پچھتاؤگے -

یہ کہکر مُنیڈا البصد حسرت وہان سے ایک ہمجولی کے ہان گئی اور کہا کہ بہن تھوڑا سا زہر کسی سے منگواؤ - تو تا دم زیست تمھاری ممنون رہون - وہ چونک کر بولی کہ یہ زہر کیا ہوگا - مُنیڈا نے کہا کھاؤنگی - اُسکی ہمجولی نے غور سے اُسپر نظر ڈالی اور پوچھا خیر ہی یہ کیسی بہکی بہکی باتین کرتی ہو بہن - مُنیڈا بے اختیار زار زار رونے لگی - اُسکی ہمجولی نے کہا آخر ہوا کیا ہی کچھ بیان تو کرو - ع -

کسکی ستم رسیدہ ہو کسکی ستائی ہو	

کچھ معلوم تو ہو - مُنیڈا نے آنسو پوچھکر یکمال ملال یون کہا بہن آج مجھنے وہ بیحیائی کی ہی کہ ہمارا ہی دل جانتا ہو اور اس درجہ ناکامی حاصل ہوئی کہ اللہ کرے سا تو بن دشمن کو بھی نصیب نہو یہان ہندوستان سے ایک جوان طنّاز سراپا ناز حسین و مہ جبین میان آزاد آیا ہی ہر مرجی کی کوٹھی مین مینے اُس خوشخرام شمائل کو دیکھا تو ہزار جان سے عاشق ہوگئی - سچ کہتی ہون ایسا جوان خوبرو دیکھا نہ سُنا ہٹنون گھوما کرے - اور سیری نمود و بار اُس گلعذار کے ساتھ گلگشت چمن اور تماشاے نسرین و نسترن مین مصروف رہی - تیسرے روز کسی نے روشفا سے جاکے جڑدی - وہ آگ بھبھوکا ہوکر کوٹھی گیا اور میان آزاد سے ڈوبل لڑنے پر آمادہ ہوگیا - چھری لیکر جا چاہتا تھا کہ بھونک دے مگر آزاد نے چھری چھین لی خیر چوتھے روز میان آزاد سپاہیانہ وضع بنائے گھوڑے پر سوار وزیر جنگ کے ہان سے آتے تھے اثناے راہ مین مجھے ملے - ہاے بہن - اُسوقت کا جوبن تو ستم ہی ڈھاتا تھا - مین تو بس جیسے دیوانی ہوگئی - اسدرجہ عشق نے زور کیا کہ کوٹھی مین جاکر مین نے اپنی آرزوے دلی صاف صاف بیان کردی -

ہمجولی - (ہ) کیا کہا اور تم سے کہا کیونکر گیا -

مُنیڈا - مین نے کہا آزاد ہم تم پر عاشق ہین ایسا پریزاد سچ مچ کا جوان ہمنے آجتک نہین دیکھا -

ہ - پھر -

مُنیڈا - بس وہ ٹالنے لگے -

ہ - این ! اُف - توبہ -

مُنیڈا پھوٹ پھوٹ کر روئی اور بولی کہ تو مُنیڈا جو اُسکو اِسکا مزہ نہ چکھاؤن - چاہے جو ہو آزاد سے بدلہ ضرور لونگی - یا جان دونگی - تم خوب جانتی ہو بہن کہ روشفا کتنے دن سے یہان فروکش ہی اور کن کن امیرزادون اور شریفون کے پیغام آئے - کیسے کیسے خوش رو فوجی افسر اور نوجوان رئیس جان دیتے ہین مگر مین نظر اُٹھاکر بھی اُنکی طرف نہین دیکھتی - آزاد نے واقعی ایسی ہی صورت زیبا پائی ہی کہ میرا دل ہاتھ سے جاتا رہا

افسوس افسوس -

ہ - بے سمجھے بوجھے -

مُیٹرُ ا - اب تو جان پر بن آئی ہی -

ہ - جلدی نہ کرو - کل ہم اور تم ملکر مشورہ کرین اگر مان جائے تو کیون مصیبت مین مبتلا ہو - ع -

| اگر سے جو مرے تو زہر کیون دے |

وزیر جنگ سے ملاقات کر چکے ہین - اپنی طرف سے بدی نہ کرنا چاہیے ورنہ مجبوری ہی -

مُیٹرُ ا - ہان - اور اُنھون نے وعدہ بھی کیا ہی کہ کوئی جنگی عہدہ دینگے -

جب چوطرفہ تاریکی چھائی تو ایک بیش بہا برقع اوڑھکر ایک عورت وزیر جنگ کے پاس آئی - آدمیون سے کہا - اطلاع دو کہ ایک برقع پوش لیڈی آئی ہی - حمید پاشا نے کہا آنے دو - لیڈی کمرے کے اندر گئی - وزیر جنگ نے جو دیکھا کہ ایک کشیدہ قامت نازنین لباس فاخرہ زیب تن کیے ہوے چمان چمان تشریف لاتی ہین تو سر دقد تعظیم کی اور کہا تشریف رکھیے - لیڈی بصد ناز کرسی پر متمکن ہوئی -

وزیر - فرمائیے -

برقع - ہندوستان سے کوئی شخص آزاد نامے آیا ہی -

وزیر - ہان یاد آیا - بیشک آیا ہی - بڑا وجیہ و توی ہیکل اور حسین اور اولوالعزم اور لائق آدمی ہی -

برقع - وہ یہان کس غرض سے آیا ہی بھلا -

وزیر - حمیت اسلام اُسکو کشان کشان لائی ہی - وہ شریک جنگ ہونا چاہتا ہی -

برقع - آپ اُسکو فوجی عہدہ دینگے -

وزیر - ضرور بالضرور اور بہت جلد -

برقع - مین یہی کہنے آئی ہون کہ اُسکو عہدہ نہ ملے -

وزیر جنگ متحیر کہ یا خدایہ برقع پوش کون ہی اور کیون کہتی ہی کہ میان آزاد کو کوئی عہدہ نہ ملے - سمجھے کہ دال مین کچھ کالا کالا ضرور ہی - کہا کہ لیڈی تمھاری وضع اور بول چال اور پوشاک سے صاف مترشح ہی کہ تم ایک معزز اور عالی خاندان لیڈی ہو - مگر اس پوشیدہ طرز پر تمنے مجھ سے ملاقات کیون کی - اور آزاد کے خلاف کیون ہو - اگر وہ مسلمان نہین ہی روسیون کی طرف سے سازش کرکے آیا ہی تو صاف صاف بتا دو - لیڈی نے کہا - یہ شخص خاص یورپین ہی - دارسا کا رہنے والا - اُسکا باپ سوداگر تھا - مگر اسکے کارخانے مین آگ لگ گئی اور لاکھون روپے کا مال جل بھنکر خاک سیاہ ہوگیا - اس شخص کو گورنمنٹ روس نے ہندوستان بھیجا وہان پانچ سال تک رہا - بعد ازان ایران مین تین برس فارسی سیکھی - عرب مین بھی کئی سال قیام کیا - فرنچ خوب بولتا ہی اور عالم آدمی ہی - مین نے تحقیق خبر پائی ہی کہ منجملہ اُن آدمیون کے جنکو گورنمنٹ روس نے اسلیے بھیجا ہی کہ سلطنت روم کے حالات دریافت کرکے لکھ بھیجین اُنمین یہ بھی ایک ہین - یہ شخص اس قابل نہین کہ ایکدم آزادی کے ساتھ رہنے پائے - وزیر جنگ بڑے استقلال کے ساتھ ساری داستان جو لیڈی نے اس وقت گرہی تھی سنتے رہے - مگر واہ ری لیڈی حسن و جمال کے علاوہ فقرہ بازی اور اقرار پردازی مین بھی آپ نظیر تھی - کل کارروائی جنگیون مین بھگتا دی وزیر جنگ نے بکمال استقلال کہا کہ آپ ایک جوان اور معزز لیڈی معلوم ہوتی ہین - مین یہ نہین کہہ سکتا کہ آپ غلط کہتی ہین مگر چونکہ یہ بوسکل امور ہین لہذا اسقدر کہنا ضرور ہی کہ جنگ کسی اور معتبر آدمی کی زبانی

اس خبر کی صداقت نہ ہو نیچے مجھے ہرگز یقین نہیں آسکتا کہ آزاد اس تماش کا آدمی ہو۔ یہ سنکر مئیڈا کھڑی ہوگئی اور قہقہہ لگاکر برقع کو رخ انور سے الٹ دیا۔

وزیر۔ مئیڈا۔

مئیڈا۔ اب یقین آیا یا نہین۔

وزیر۔ وہ روسی فردکش کہان ہی۔

مئیڈا۔ سرفرجی بھائی کی کوٹھی مین۔

وزیر۔ اچھا۔ اب تم جاؤ مین تمھارا مشکور ہوا۔ تمھارے باپ سے مجھ سے بڑی دوستی ہی۔ یہ داستان تم سے کس نے بیان کی۔

مئیڈا۔ جس شخص نے مجھ سے کہی وہ آزاد کا رازدان ہی۔ نام نہ بتاؤنگی۔

وزیر۔ اِسقدر تشفی دیدو کہ وہ شخص معتبر ہی۔

مئیڈا۔ نہایت معتبر۔

وزیر۔ تمھارا ذمہ۔

مئیڈا۔ بیشک۔

مئیڈا وزیر جنگ کو پٹی پڑھاکر رخصت ہوئین۔ دل مین سوچتی جاتی تھی کہ اب مین نے اپنا بدلہ لیا۔ کہ دیا۔ چتادیا کہ بہت پچتاؤگے۔ سمجھادیا کہ مانو ورنہ پچتاؤگے پکار پکارکر اطلاع دی کہ دیکھو پچتاؤگے بہت پچتاؤگے مگر وہ نہ مانے تو ہم کیا کرین۔

شبراتی کی شرارت کی گھات اور دو بوڑھون کی ملاقات

حسن آرا بیگم نے مہری) کو حکم دیا کہ ذری اُس منے کے چھوکرے کو بلالاؤ۔ یا یہان بلانے کی حاجت نہین۔ کہو کہ سرا مین جائے اور دیکھے کہ وہ بوڑھا آدمی ہی یا چلا گیا۔ مہری نے پردے کے پاس سے آواز دی۔ شبراتی۔ شبراتی۔ مرگیا موا۔ ارے شبراتی دربان نے پوچھا۔ کسکو پکار رہی ہو بی مہری۔ کہا ای بہشتا کے لڑکے کو۔ دربان نے زور سے پکارا۔ شبراتی۔ ابے او شبراتی چل جلدی مہری پردے کے پاس کھڑی غل مچا رہی ہین شبراتی دوڑتا ہوا آیا۔ کیسے حاضر ہون مہری بہت ہی جھلائین جلاتے جلاتے مارے گلا پھٹ گیا۔ سنتا ہی نہین کھیل کود کے پیچھے دوانہ ہو رہا ہی موا۔

شبراتی (سرش) آپ تو ناحق بن ناحق مگر مکتی ہین کھیلتا کون تھا مین تو ذری پانی پینے گیا تھا۔

م۔ چل بہت باتین نہ بنا۔ سُن۔

ش۔ (قریب جاکر) کہیے۔

م۔ اُس سرا مین جاکے دیکھ وہ بوڑھے آدمی ہین۔ یا چلدیے۔

ش۔ اچھا۔

م۔ کتے کی چال جانا۔ بلی کی چال آنا۔

ش۔ اجی ابھی پہونچا داخل ہون۔

شبراتی چلے۔ راہ مین لونڈے لاڑیے جو ملے تو حضرت کو شوق چرایا کہ چھلا میری کھیلین۔ مرزی اور بھتیی کے پھیر مین زبان الار رہے ہین۔ چت پٹ کی فکر ہی۔ ایک گھنٹے مین شبراتی نے کوئی ڈیڑھ پیسے کی کوڑیان جیتین۔ مگر لالچ کا بُرا ہو۔ طمع مین جو آئے تو جم گئے۔ کوئی ڈھائی دمڑی کی کوڑیان ادھر ادھر اور نقد آئین۔ سوچے کہ یہ بھی ہو۔ بچلو۔ کہان کا جھگڑا۔ مگر دم کے دم مین ڈیڑھ پیسا وہ ہارے۔ اور بارہ کوڑیان

گرہ سے گنین - ع -

ک	طمع راسہ حرف ست و سرسہ نہی

وہان سے اُداس ہوکر چلے - راہ مین بندر کا تماشا ہو رہا تھا - اب میان شبراتی جا چکے - اینٹھا سنگھ کے سر پر ٹوپی آئی اور شبراتی بولے (چھین) کبھی بندریا کو دور سے چھیڑا - کبھی بکرے پر ڈھیلا مارا یہ تماشا دیکھکر اور دس بارہ قدم گئے ہونگے کہ مداری بلے بڑے بڑے کھیل اور بڑے بڑے تماشے - بھئی کوئی لونڈا تو آئے ادھر - ادھر اُدھر دیکھ کر میان شبراتی کو پسند کیا آؤ جوان تم کیدان معلوم ہوتے ہو -

مداری - (مدا) آدمی ہو کہ جنور -

ش - آدمی -

مدا - سور کہ شیر -

ش - ہم شیر تم سور -

اسپیر قہقہہ پڑا -

مدا - گدھا کہ گدھی -

ش - گدھا -

اسپیر ایک اور فرمایشی قہقہہ پڑا - اور میان شیراتی کسی قدر جھینپے -

مدا - آؤ کہ بیل -

ش - تم اُلو - تمھارے باپ بیلی - اور تمھارے دادا بچھیا کے ناؤ -

اسپیر تماشائی ہنس پڑے -

ایک - لونڈا بڑا تیز ہی -

دوسرا - یہ مداری کے بھی چھا نکلے -

تیسرا - اجی ایسے ایسے مداری انھون نے چنگے کیے ہین -

چوتھا - بھائی ان لوگون سے شیطان بھی پناہ مانگی ہی -

تھوڑی دیر کے بعد میان شبراتی یہان سے بھی سٹک گئے ایک رئیس کے ہان سپیرا سانپ کے تماشے دکھا رہا تھا - میان شبراتی بھی ڈٹ گئے - سپیرا تو بنی مین بھیرون کا رنگ دکھاتا تھا - اتنے مین رئیس نے کہا کہ بھلا تب جانین کہ کسی کے سر سے سانپ نکالو - سپیرے نے کہا کہ ہجور منتر مین سب کدرت (قدرت) ہی مگر کوئی آدھ سیر آٹا تو پیٹ بھر کھانے کو دے جسکے بدن سے کہے سانپ نکالون - اور ابھی ابھی - ادھر اُدھر دیکھا تو لونڈے لڑیے ہیر ہو گئے کہ دھرے نہ جائین میان شبراتی تو پرلے سرے کے شریر کھسکے ڈٹے کھڑے رہے بلکہ اور بھی اکڑ گئے -

سپیرا - واہ جوان بس تم ہی ایک بہادر ہو -

ش - اور ہمارے باپ ہم سے بڑھکر اور ہم اپنے باپ سے بڑھکر -

سپیرا - یہان بیٹھ تو جاؤ -

میان شبراتی بے جھجک بیچ مین بیٹھ گئے - سپیرے نے کہا ہجور اسکے سر سے سانپ نکلتا ہی - دیکھتے جائیے - دیکھتے جائیے حاضرین کی اسی طرف نظر تھی - دو چار منٹ تک سپیرے نے جھوٹ موٹ کوئی منتر پڑھا اور زور سے میان شبراتی کی کھوپڑی پر دھپ جماکر کہا یہ لیجیے سانپ واہ واہ کا دونگڑا برس گیا - شبراتی نے کہا واہ تمھاری تو اتنی تعریف ہوئی - اور یہان وہ دھول پڑی کہ کھوپڑی بھنا گئی - رئیس نے سپیرے کو پانچ روپے انعام دیے اور کہا اس لونڈے کو بھی چار آنے پیسے دے دو - میان شبراتی نے چار آنے پائے تو جامے مین پھولے نہ سمائے - جاتے ہی گول گپے والے سے پیسے کے کچالو دھیلے کے دہی بڑے دھیلے کی سونٹھ کی لیلیں

اور چکھتے ہوے چلے سبیل پر خوب تن کے پانی پیا اور تکیے پر جاکر کوڑیان کھیلنے لگے دو پیسے کی کوڑیان ہارے۔ وہان سے اُٹھے۔ حلوائی کی دکان پر آئے ایک آنہ کی پوریان کھائین۔ کنوین پر پانی پیا۔ اور ڈیوڑھی پر بی مہری کو آواز دی۔

ش۔ بی مہری۔ اجی بی مہری۔

م۔ آئے کہو ہین۔

ش۔ وہ تو چلے گئے۔

م۔ ارے! کب گئے کب۔

ش۔ کل شام کو۔

م۔ بھلا کچھ معلوم ہی کہان گئے۔

ش۔ ریل پر سوار ہوکر کہین چلے گئے۔

م۔ کوئی ہی یا کوئی بھی نہین۔

ش۔ کوئی بھی نہین سب چلدیے۔

مہری کے ہر ایک سوال کا میان شبراتی نے پھرتی کے ساتھ جواب دیا ذرا بناوٹ نہین معلوم ہوتی تھی جو پوچھا ترٹ سے اُسکا جواب دیا۔ کب گئے؟ شام کو۔ کہان گئے؟ ریل پر کہین گئے۔ شاباش واہ میان شبراتی واہ۔ کیون نہو۔ مہری نے حسن آرا بیگم سے کہا ہی حضور وہ تو سرا مین نہین ہین۔

حسن آرا دھک سے رہ گئی۔ ہی ہی۔ دیر کی نہ ہم نے بس چلدیے وہ۔ مسافر تو تھے ہی۔

حسن۔ شبراتی کو بھیجا تھا کہ دیکھو سرا مین وہ بوڑھے ہین یا نہین۔ کہتا ہی وہ شام کو چلے گئے۔

سپہر۔ اہی ہی ہوا ہوا۔

حسن۔ میان آزاد کا اُس سے کچھ پتا لگتا۔

سپہر۔ ضرور۔

حسن۔ وہ شعر ہمین نہین بھولتا۔ ؎

سینے کو چمن بنائینگے ہم
گل کھائینگے گل کھلائینگے ہم

سپہر۔ جبتک بیٹھا میان آزاد ہی کی تعریف کرتا رہا۔

حسن۔ کیا جانے کون تھا۔ مہری ذری تم پھر تو پوچھو کہ شہر ہی مین ہین یا کہین باہر چلے گئے۔

مہری نے جاکے پھر شبراتی سے پوچھا کہ شہر مین ہین یا باہر چلے گئے۔ در دغ گو را حافظہ نباشد۔ ابکی میان شبراتی نے کہا نہین چلے نہین گئے۔ ہین شہر ہی مین مُدا کسو اور سرائے مین اُٹھ گئے۔

م۔ کیون رے جھوٹے تو تو کہتا تھا کہ ریل پر چلے گئے اور اب کہتا ہی کہ اِس سرائے سے دوسری سرائے مین اُٹھ گئے۔

ش۔ مین نے ——

م۔ چل جھوٹے تو گیا وہانہین۔

ش۔ آپکی قسم گیا تھا۔

م۔ چل بہت بڑھ بڑھ کر باتین نہ بنا۔ مُوا نکمرام۔

ش۔ اچھا آپ کسو اور کو بھیج کے دکھوالین۔

م۔ چل دور ہو۔ مُوا جھوٹا۔

میان شبراتی تھے تو کائین مگر چغا کھا گئے مہری نے جاکر حسن آرا بیگم سے کہدیا کہ سرکار وہ مُوا سقے والا جھوٹا گیا وہانہین پہلے کہا ریل پر سوار ہوگئے۔ اب کہتا ہی اُس جگہ سے کسی اور سرائے کو گئے ہین اُول جلول بکتا ہی ہمکو اس کا اعتبار نہین۔ اتنے مین دھوبن نے کہا حضور وہ لونڈا شبراتی۔ وہ تو سائیس کے پاس بیٹھا ہوا کھیل رہا تھا۔ مہری نے کہا بیچے بی اجلی نے اُس کھلنڈرے کو وہان دیکھا تھا۔ مین جاکے کسی اور کو بھیجے دیتی ہون

یہ موا کھیل کود کے پیچھے دوانہ ہو رہا ہے۔ کیا جانے کہان جا کے بیٹھ رہا اب باتین بناتا ہے۔

تھوڑی دیر کے بعد مہری نے کہا حضور کی سرکار کا دیرانا خانہ زاد آگیا۔ حسن آرا نے کہا بس اب بات بنگئی۔ حسین بخش کو بھیجدو بنگلے۔

ناظرین کو یاد ہوگا کہ ایک بوڑھا آدمی بڑی بیگم کے ہان کا خانہ زاد بحری پر اسوقت سوار تھا۔ جب میان آزاد نے حسن آرا بیگم کو دیکھا تھا اور بہانہ کیا تھا کہ ڈوب گئے۔ یہ شخص رخصت لیکر اپنے گھر گیا تھا اب وہان سے واپس آیا۔ حسن آرا بیگم نے بصد حسرت پیر مرد سے اپنی حالت زار بیان کی۔

حسن۔ مین سخت مصیبت مین مبتلا ہون۔ محمد عسکری بے طور پیچھے پڑا ہے۔ اماجان بھی اُسکی تعریف کرتی ہین۔ بہار النسا بہن کو بھی اُسکا جذبہ ہے۔ گھر بھر ایک طرف ہے۔ اور مین جو تول ہاری ہون وہ تم خوب جانتے ہو۔ اب مین کرون تو کیا کرون۔ میان آزاد کا کوئی خط نہین آیا۔ مگر ایک اخبار کے ذریعہ سے اُن کی خیر و عافیت معلوم ہوگئی۔ وہ بیچارے ڈوبتے ڈوبتے بچے۔ اس گاڑھے وقت اللہ نے اُنکی جان بچائی۔ جس جہاز پر سوار تھے وہ ڈوب گیا۔ مگر آزاد بچ گئے۔ لکھا ہے کہ بڑا سخت طوفان آیا تھا۔ پانی بلیون اچھلتا تھا اور ہوا نے وہ زور باندھا تھا کہ الامان۔ چھوٹی چھوٹی کشتیان جو ساتھ ہوتی ہین اُنپر میان آزاد اور کوئی پچاس ساٹھ آدمی کود پڑے میان آزاد کی جرأت اور ہمدردی کی بڑی تعریف کی ہے بہت سے بندگان خدا کی جان بچائی۔ ایک انگریز کشتی سے سمندر مین گر پڑا آزاد بڑی جوانمردی سے کود کے اور اُسکو ڈوبنے سے بچالیا۔ مگر کشتی ہوا کے تھپیڑے سے دور نکل گئی۔ پھر اُنکو پیراہ پڑا۔ یہ سمندر مین لوگ کیونکر پیرتے ہین خیر خدا نے اُسکی جوانی پر رحم کیا۔

ملاح۔ ایک اخبار مین بھی لایا ہون۔ اُسمین بھی میان آزاد کی تعریف چھپی ہے۔

سپہر۔ لاؤ لاؤ پڑھین۔

ملاح نے اخبار دیا۔ سپہر آرا نے پڑھکر بہن کو سُنایا۔

میان آزاد فرخ نہاد

شاباش آزاد۔ شاباش۔ مرحبا۔ مرحبا۔

	حماک اللہ عن شر النوائب
	جزاک اللہ نے الدارین خیرا

میان آزاد ایک باحمیت مسلمان آج اِس نظر سے، روم گئے ہین کہ شریک جنگ ہون۔ روس اور روم مین عنقریب چھڑ جاتی ہے سر دار روس ہی کی سازش اور اغوا سے برسر مقابلہ آیا تھا۔ اب روس خود جنگ پر آمادہ ہوگیا۔ میان آزاد بڑی جرأت اور جوانمردی سے جان بکف گئے ہین کہ ترکون کا ہاتھ بٹائین۔ ع۔

	این کار از تو آید و مردان چنین کنند

یہ ایک حسین اور جری اور تربیت یافتہ نوجوان ہین۔ سنا کہ کسی بڑی وش خاتون پر انکا دل آیا۔ انکو اُسکے ساتھ شادی کرنیکا شوق چرایا اُسنے کچھ دن بعد پیغام بھیجا کہ اگر روم جاؤ اور وہان میدان کارزار مین تیغ لیاقت کے جوہر دکھاؤ اور سرخرو آؤ تو نکاح ہو ہنسی خوشی بیاہ ہو۔ ورنہ خیر آزاد اِس حکم پر موجب رسم سدھارے اثنائے راہ مین جہاز پر بڑا کارنمایان کیا۔ ساٹھ ستر آدمیون کو اجل کے منجھے سے رہا کیا۔ اپنی جان کا فدا خیال نہ لائے۔ ع۔

	آفرین باد بریں ہمت مردانہ تو

اُس خاتون پاک نظر پری پیکر کی بھی ہم تعریف کرینگے جس نے

بمقتضاے حمیت اسلام شادی کا دارومدار فتح روم ہی پر رکھا خدا کرے میان آزاد مع انجمن روم پہونچین۔ اور سفر کی زحمت سے مصئون رہین۔ ۵

گردۂ عزم سفر لطف خدا یار تو باد ہمت اہل نظر قافلہ سالار تو باد

آمین ثم آمین۔ خدا کرے ہم جلد نشین کو میان آزاد بخیریت داخل منزل مقصود دیکھیں۔ ۵

بہ سفر رفتنت مبارک باد	بہ سلامت روی و باز آئی

حسن آرا کا چہرہ گلنار ہو گیا۔

سپہر۔ بوا جی جان ایک آزرد تو برآئی کہ میان آزاد مشہور ہو گئے۔

حسن۔ جب ہم انکو اپنی آنکھون دیکھین تب البتہ بات ہے۔

پیر مرد۔ انشاء اللہ۔

سپہر۔ اللہ وہ دن بھی جلد دکھائیگا۔

حسن۔ دو دن ہوے ہم جھروکے سے دریا کی سیر دیکھ رہے تھے ایک ناؤ آن کے یہان پر ٹھہر گئی۔ دو چار آدمی ناؤ سے اترے ایک بوڑھا آدمی زین پوش بچھا کر پیڑ کے سایہ مین حقہ پینے لگا باتین کرتے کرتے ایک آدمی سے سنے کہا کہ ایک شعر سنائین میان آزاد ایک شاعر ہین انکا کلام ہے۔ آزاد کا نام جو سنا تو مین چونک پڑی۔ اتنے مین اسنے یہ شعر پڑھا۔ ۵

سینے کو چمن بنا بنینگے ہم گل کھائینگے گل کھلا بنینگے ہم

مین نے سپہر آرا کو بلا کر کہا کہ دیکھو وہ بڑے [illegible] جو درخت کے سایہ مین بیٹھے حقہ پی رہے ہین انھون نے ابھی ابھی آزاد کا نام لیا اور ایک شعر بھی پڑھا۔ پہلے تو انھون نے کہا جی تم تو چونک چونک پڑتی ہو۔ مگر جب بوڑھے نے پھر وہی شعر پڑھا اور کہا آزاد کا کلام ہے تب انکو یقین آیا۔ ۵

سینے کو چمن بنا بنینگے ہم	گل کھائینگے گل کھلا بنینگے ہم

پیر مرد۔ پھر وہ آدمی کہان گیا۔ اس سے تو ملونگا مین۔

حسن آرا نے کہا بڑی دیر تک آزاد کی تعریف کرتا رہا۔ اور کہا کہ کسی بیگم نے اس شرط پر آزاد کو روم بھیجا ہے کہ اگر وہان سے سرخرو آئے تو شادی کرونگی وہ سرا مین مکے ہین شبراتی کو بھیجا تھا وہ گیا نہین یہان جھوٹ موٹ آن کر کہدیا کہ چلے گئے۔ تم ضرور جاؤ پیر مرد نے پوچھا شبراتی کون۔ حسن آرا نے کہا سقے کا لڑکا ہے پیر مرد نے اسی وقت شبراتی کو بلوایا۔ مہری نے کہا شبراتی انکو وہ سرا دکھا دو۔ اب میان شبراتی جھجکا ئے کہ خدا ہی خیر کرے بڑے پیچھے دل مین چور تھا کہ سرتک جانیکی نوبت تو آئی ہی نہین ایسا نہ ہو کہین وہ ابھی مکے ہی ہون اور مجھ پر بے بھاؤ کی پڑنے لگین دے دانتون کہا اچھا چلیے پیر مرد آگے آگے میان شبراتی پیچھے پیچھے جانے ہی کو تھے کہ اتنے مین مہری نے شبراتی کو اشارے سے بلا لیا۔ اور کہا شبراتی اگر ڈھونڈھ نکالو تو ایک روپیہ دلوا دونگی بیگم صاحب سے جا کے کہون اور لڑکے روپیہ لاؤن۔ شبراتی بیٹا ساتھ ساتھ جا اور سرا انکو دکھا دے شبراتی نے جو روپے کا نام سنا تو کھل گئے۔ بہت اچھا ابھی ابھی بتا لگاتا ہون مگر بی مہری کہکر مکر نہ جانا۔ پیر مرد کو لیکر حضرت چلے۔ راہ مین ایک کوندے کی کھوپڑی پر دھپ جمائی۔ تڑسے اور آگے بڑھے تو ایک دیوانے پر کئی ڈھیلے پھینکے۔ اور دو قدم گئے ایک بوڑھی ماما سے کہا نانی سلام وہ گالیان دینے لگی۔ مگر آپ خوب کھلکھلائے۔ اور کئی بار غل مچا کر کہا۔ نانی سلام۔ نانی سلام۔ سلام نانی سلام۔ تھوڑی دیر مین

ایک اندھا ملا آپ نے اسکی ٹوپی اُتار لی اور چٹاخ سے دھول لگائی۔ پیر مرد کبھی مسکراتے تھے۔ کبھی سمجھاتے تھے۔ چلتے چلتے ایک تیلی ملا۔ میان شبراتی نے پوچھا۔ کیون بھئی تیلی کتنا دن ہوگا تیلی نے کہا چپ۔ کیون جبون (زبون) بات نکالتا ہی منھ سے اور آگے بڑھے ایک رنگریز سے پوچھا کیون بڑے بھائی اپنی داڑھی نہین رنگتے۔ اُسنے کہا تمھارے باپ کی داڑھی کہو رنگ دین تیل سے۔ چلتے چلتے ایک حلوائی سے پوچھا رے میان اُداجی کی فاتحہ درا کھڑے ہو کر پڑھ لین۔ اُسنے کہا کتنے بھر کی فاتحہ پڑھ لو۔ پیر مرد بہت ہی ہنسے۔ میان شبراتی نے ایک تنبولی سے کہا۔ دو پیسے کی گاڑھی کی چون چون دینا۔ مسکرا کر اُسنے جواب دیا کہ جینے کی ہا مین کر دینے کی۔ اب سنیے کہ دو ہندو آدمی پرانے فشن کے لوگ کہین باہر جانیوالے تھے جیسے ہی وہ گھر سے باہر نکلے آپ ایک آنکھ دبا کر سامنے جا کھڑے ہوے۔ وہ لوگ سمجھے سچ مچ کانا ہی۔ ایک نے کہا ابے ہٹ سامنے سے اوکانے آپ نے وہ آنکھ کھولدی دوسری دبالی۔ اسپر تھپڑ پڑا مگر دونون ہندو شگون بد سمجھ کر اندر چلے گئے۔ اتنے مین ایک کانی عورت سامنے سے آئی۔ میان شبراتی نے دیکھتے ہی یہ ہانک لگائی۔ ایک ٹکڑیا بانسے کی کانی آنکھ تماشے کی۔

شبراتی آپ جانیے ایک ہی شریر۔ سوچے کہ اگر سرامین پیر مرد کو لیچلے اور اُن لوگون سے مڈھ بھیڑ ہوئی اور شاید بات ظاہر ہو گئی تو خوب پٹینگے اُس سرامین نہ گئے۔ دوسری سرامین لیچلے دہان جا کر ایک کوٹھری کیطرف اشارہ کر کے کہا کہ اسی مین بٹھائے تھے۔ خدا جانے کہان چلدیے پیر مرد نے کہا بھٹیاری سے تو پوچھنا شاید اُسکو معلوم ہو۔ اُنکے دل مین تو چور تھا سوچے کہ بھٹیاری سے پوچھا اور قلعی کھل گئی کہا جی نہین یہ کیا جانے صبح سے شام تک بیسون مسافر آتے جاتے رہتے ہین بھٹیاری نے اُٹھ کر پوچھا کیا ٹیکے گا۔ آیئے آیئے۔

پیر مرد۔ یہان کوئی بوڑھے آدمی پرسون ٹکے تھے۔

ش۔ اجی آپ چلیے یہ کیا جانین۔

پیر مرد۔ ٹھہرو۔

بھٹیاری۔ یہان تو کوئی نہین ٹکے تھے۔

ش۔ اجی آپ چلین تو۔

بھٹیاری۔ اے ٹھہر جا چھوکرے۔ بات تو کرنے دے۔ ماں کے پیٹ مین کیو نکر رہا تھا تو جینے۔

ش۔ اے واہ۔ اے واہ۔

پیر مرد۔ تو بڑا جھوٹا ہی ہے۔

ش۔ آپ ساتھ چلے تو آئین۔

پیر مرد شبراتی کے ساتھ چلے۔ شبراتی سوچا کہ اگر وہ نہ ملے تو ایک چہرہ شاہی ہاتھ سے جائیگا۔ ابکی اُسی سرامین لے چلے جہان وہ لوگ فروکش تھے۔

پیر مرد۔ اب کہان لیے چلتے ہو۔

ش۔ جہنم مین۔

پیر مرد۔ بڑا بدتمیز ہی ہے تو۔

ش۔ آپ چلے تو آیئے۔

تھوڑی دیر مین داخل ہوے۔

ش۔ وہ دیکھیے بڑے میان ٹہل رہے ہین۔

پیر مرد۔ یہی ہین نہ۔

ش۔ ہان ہان۔

پیر مرد۔ تھا را ذمہ۔

ش۔ بیشک۔

پیر مرد خرامان خرامان پیر فرتوت کے پاس گئے - دونون حضرت نوح کے ہمعصر - دونون کی لمبی لمبی داڑھی - دونون کی بھوین برف سی سفید دونون کی کمر خم - دونون پوپلے - دونون قبر مین ایک پانون لٹکائے ہوے -

پیر مرد - (پیر) السلام علیکم -

پیر فرتوت - (پیر فر) وعلیکم السلام -

پیر - مزاج شریف -

پیر فر - شکر ہی -

پیر - کچھ کہنا ہی -

پیر فر - مجھ سے -؟ -

پیر - جی ہان -

پیر فر - بسم اللہ فرمائیے -

پیر - پوشیدہ عرض کرنا ہی ذرا تکلیف ہوگی -

پیر فر - آیئے فرمائیے -

پیر - بس اسقدر اشارہ سمجھ جائیے -

سینے کو چمن بنائینگے ہم	گل کھائینگے گل کھلائینگے ہم

پیر فرتوت نے یہ شعر سنتے ہی پیر مرد کو گلے لگایا -

پیر فر - آزاد -

پیر - کچھ حال تو فرمائیے -

پیر فر - مجھے خود ہی نہین معلوم - کیا آپکے عزیز ہین -

پیر - عزیزون سے زیادہ -

پیر فر - آیئے ادھر چارپائی پر بیٹھین -

پیر - بسم اللہ -

پیر فر - آپ کے کون ہین آزاد -

پیر - اب یہ فرمائیے کہ یہان آپکا کب تک قیام ہی -

پیر فر - دس بارہ دن اور ہون ابھی -

پیر - ہان -

پیر فر - فرمائیے -

پیر - کچھ تھوڑا بہت حال آزاد کا آپ بتا سکتے ہین -

پیر فر - مطلق نہین - مگر حیرت ہی کہ آپکو یہ کس نے بتا دیا کہ مین آزاد سے واقف ہون -

پیر - (مسکرا کر) سبب عرض کرونگا - گھبرائیے نہین -

پیر فرتوت نے حقہ بھروایا اور کمال تپاک کے ساتھ پیر مرد کو گلوریان کھلوائین اور باتین کرنے لگے -

پیر - آزاد کسقدر لائق اور شجاع آدمی ہی -

پیر فر - سبحان اللہ کیا پوچھنا ہی - ایسے ہونہار نوجوان پیدا کہان ہوتے ہین -

پیر - خوب آدمی ہی - خندہ پیشانی - نرمی مروت - خوش فکر -

پیر فر - زبان مین جادو ہی -

پیر - کچھ معلوم نہین - آج کل ہین کہان -

پیر فر - کہتے تھے کہ روم جانے والے ہین - اب وہان پہونچ گئے ہونگے -

پیر - روم کیا کرنے گئے -

پیر فر - یہ ایک راز کی بات ہی - مین بیان نہین کرسکتا -

پیر مرد دل ہی دل مین خوب ہنسے - اور کہنے لگے راز کی بات ہی - گویا ہم کو معلوم ہی نہین -

پیر - کیا کہنے کے لائق نہین -

پیر فر - ابھی مین آپ سے بخوبی واقف نہین ہون - ورنہ صاف صاف عرض کردیتا -

پیر - اب آپ یہ تشفی کردیجیے کہ دس بارہ دن آپ یہان رہینگے

پیر فر- فرور-
پیر- اب بندہ رخصت ہوتا ہی-
پیر فر- شی امان اللہ-

وہ پیر مرد تو شبراتی کے ساتھ روانہ ہوا اور ادھر آزاد کا خط ڈاک پر حسن آرا کے نام آیا قسطنطنیہ پہونچکر میان آزاد فرخ نہاد نے ایک مختصر دموزدن نامہ محبت شمامہ حسن آرا بیگم کے نام لکھا جسکو ہم درج ذیل کرتے ہین-

جان آزاد- پیاری حسن آرا بیگم- ؎

بیا بوس لبم ہر دم و لم صد بارے آید
چہ منت باکہ از نام تو بر کام و زبان دارم

خدا خدا کرکے وہ کافر سفر تو طی ہوا- اور اب آزاد قسطنطنیہ مین دندناتے ہین- گو یہانتک بعد خرابی بصرہ پہونچا مگر منہوز روز اول ہی- اب تفنگ اور تلوار ہی- اور میان آزاد ہین میدان کارزار ہی اور میان آزاد ہین- تمھارے حکم کی تعمیل آسان نہین ہی- مگر مشکل بھی نہین ہی- کیونکہ معشوق کے حکم کی تعمیل ہی- اگر جان جائے تو سمجھون جی اُٹھا جان بکف آیا ہون اگر نثار ہوجائے تو واہ وا- کہنے کو تو ہو گیا کہ- ؎

حاصل عمر نثار رہ یارے کردم
شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم

افسوس ہی تو بس اسقدر کہ جان ایک ہی ہی- اگر ہر تن مو ایک جان ہوجائے تو البتہ لطف ہی کہ روز ایک جان قربان کردن- ؎

یک جان چہ متاعی ست کہ سازیم فدایت
الا چہ توان کرد کہ موجود ہمین ست

حاضر ہین مجت نہین- کل شب کو خواب دیکھا پیاری حسن آرا سرہانے بیٹھی میٹھی میٹھی باتین کر رہی ہین بیدار ہوا تو یہ شعر در زبان تھا- ؎

نمیدانم کرا دیدم کہ از خود میرود ہوشم
جنون آہستہ میگوید بسیار کہاد در گوشم

حیران تھا کہ یا الٰہی اب کیونکر اپنے معشوق کو دیکھون- در دل کہون تو کس سے- ؎

حیران ترا لب بسخن وا شدنی نیست
چون بلبل تصویر کہ گویا شدنی نیست

خوجی کا ساتھ بھی چھوٹا- اسکندریہ مین اسکو چھوڑا- خدا جانے زندہ ہی یا کفن پوش ہوا- ع

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

تمھین مژدہ ہو کہ حضرت وزیر جنگ نے معزز عہدہ فوجی دینے کا وعدہ کیا ہی-

یہان کوہ قاف کی ایک پری کا ہم پر دل آیا ہی- صاف صاف کہدیا کہ ہمارا دل تو اندر کے اکھاڑے کی ایک پری چھین لیگئی اسکے ایک عاشق زار سے چھری چلی- مین نے بیچا دکھایا اور خوب ہی چھپایا لیکن ملال میرے دلمین نہ آنے پایا- ؎

مرا از ہیچکس گر دلالے نیست بر خاطر
کہ طبع نازک من بر نمیدارد دگر انہا

سفر بحری کا حال ناگفتہ بہ- ہم تو سمجھے تھے کہ بس اب اللہ میان نے بلا لیا- مگر شکر ہی کہ ہزار خرابی بچ نکلے- ہاے جسوقت جہاز ڈوبا اُسوقت بچون اور عورتون کے زار زار پھوٹ پھوٹ کر رونے کی آواز رگ جان پر نشتر کا کام کرتی تھی سمندر مین پیرنا بھی پڑا- خیر ع

بر سر فرزند آدم ہر چہ آید بگذرد

ایک قصور تو مجھ سے البتہ سرزد ہوا اور وہ یہ کہ مالٹا سے خط نہ بھیجا مگر ڈھارس یہ ہے کہ۔ ؎

پیشانی عفو ترا بر چین نسازد جرم ما
آئینہ کے برہم خورد از زشتی تمثالہا

سفر کے خوب مزے اُٹھائے۔ ؎

ہوے از سرچون جدا افتد نمیگردد سفید
عیش دعشرت مردرا پیوستہ میدارد جوان

مگر بمصداق اسکے۔ ؎

پائے در زنجیر پیش دوستان | بہ کہ با بیگانگان در بوستان

ابھی تک دل لگانے کا لطف خاک نہ اُٹھایا۔ اگر اُٹھایا تو یہ اُٹھایا کہ داغ مفارقت نصیب ہوا۔ ؎

پر خون دل ست ما را صد پارۂ زجدائی
ما حاصلے کہ دیدیم این بود ذر آشنائی

ابھی تو بس یہی دھن ہے کہ معرکۂ رستخیز مین پہونچون۔ انشاء اللہ خدا جانے انجام کیا ہو مگر السعی منی والاتمام من اللہ مرد بیدل۔ ؎

گر کار تو نیک ست بہ تدبیر تو نیست | ور نیز بدست ہم بہ تقصیر تو نیست
تسلیم و رضا پیشہ کن و شاد بزی | کین نیک و بد جہان بتقدیر تو نیست

حسن آرا پیاری حسن آرا۔ لاکھ ضبط کیا مگر دل بھر ہی آیا۔ تم دوری اور داغ مہجوری نے جیتے جی مار ڈالا۔ مگر۔ غ۔

ہر چہ باداباد ما کشتی در آب انداختیم

اگر سرخرو ہوے تو بیڑا پار ہے۔ ورنہ ہم ہین اور یہ منجدھار ہے۔ یا خدا مدد دے یا خدا مدد دے۔ سمندر مین جب وقت طوفان آیا مثل ماہی بے آب تڑپنے لگا مرنے کا خوف نہ تھا۔ مگر خیال یہ تھا کہ اگر وفات ہوگئی تو حسن آرا بیگم کو کانون کان خبر بھی نہوگی اور وہ دل ہی دل مین کہینگی کہ آزاد دھوکا دے گیا۔ خدا جانے پیاری تمھارے دلمین کیسے کیسے خیالات جاتے۔ مگر اب تو خدا نے سرخرو کیا۔ آیندہ کا حال کیا معلوم۔ وزیر جنگ نے وعدہ کیا ہے کہ دو ایک روز مین تو کوئی معزز عہدہ فوجی دون۔ شاید لفٹنٹ یا کپتان مقرر کرینگے۔ چاہے جو عہدہ دین جان متبلی پر رکھکر جاؤنگا خدا حافظ و ناصر ہی پیاری سپہر آرا بیچاری کو میرا جبر اخیال ہے۔ وہ تمھین سمجھاتی تھین کہ باجی جان اسطے خدا کے انکو نہ بھیجو۔ ہاے اسکا محبت سے سمجھانا وہ روٹھنا ستانا۔ وہ ربط ضبط سب آنکھون کے سامنے پھر گیا میری بیکسی پر نظر ڈالو کہ اپنا نہ بیگانہ۔ خویش نہ بیگانہ پردیس کا واسطہ۔ ہموطن آکا دکا۔ جان نہ پہچان۔ مگر تقاضاے حمیت اسلام اور اس امید موہوم پر کہ شاید جان کھو کر صنم گلفام پاؤن ڈھونڈھا ہون در انشاء اللہ اسی ہفتے مین موچے پر جاؤنگا۔ زندگی شرط ہے۔ موچے کے نام پر چونک نہ پڑنا۔ کیا سب میدان کارزار مین تہ تیغ تھوڑا ہی ہوتے ہین اور یون تو بقول شاہ شجاع۔ ؎

در دست اجل کہ نیست درمان اورا | بر شاہ و گدا است حکم و فرمان اورا
شاہی کہ بحکم دوش کرمان میخورد | امروز ہمی خورند کرمان اورا

جنگ دو سردار دو۔ یا در کھو اگر مین مقتول ہوا تو اس قدر افسوس نہ کرنا کہ نہ مانے بھر پر زار سر بستہ کھل جائے۔ تم سمجھنا کہ جہان کو رون سنکھون آدمی اور مر گئے ایک آزاد بھی انھین مین تھے۔ ؎

افسوس کہ سرمایۂ زلف سیہ دوش | از دست اجل بسی جگر ہا خون شد
کس نامد ازان جہان کہ تا پرسم اند | کاحوال مسافران عالم چون شد

اب مین رخصت ہوتا ہون خدا حافظ ہے۔ تم خط اس پتے سے بھیجنا قسطنطنیہ کو کھی ہر فرمی اینڈ کمپنی۔ نزد میسان آزاد پر سد

بس کافی ہی۔ مجھے فوراً خط لکھا جائیگا۔
یہ خط میان آزاد نے ڈاک کے صندوق مین اپنے ہاتھ سے ڈالدیا۔

نوجوان مہمان

ایک شب کو نواب صاحب بہادر آرام فرمانے تھے اور حسن آرا بیگم اور سپہر آرا بیگم اپنے کمرے مین لیٹی ہوئی محمد عسکری کی باتین کر رہی تھین۔ سپہر آرا نے کہا باجی فال مین یہ شعر نکلا تھا۔ ؎

بر دامن دام بر مرغ دگر نہ	کہ عنقا را بلند ست آشیانہ

حسن آرا نے ہنسکر کہا۔ ہم فال کے قائل نہین۔ مگر شعر اچھا ہی۔ ؎

سحر گاہان کہ مخمور شبانہ	کر قسم بادہ باچنگ و چغانہ
نہادم عقل را زادرہ از مے	ز شہر ہستیش کردم روانہ
نگار مے فروشم عشوہ داد	کہ ایمن گشتم از مکر زمانہ
بر دامن دام بر مرغ دگر نہ	کہ عنقا را بلند ست آشیانہ

اتنے مین ایک گھوڑے کی کچھ ٹاپون کی آواز سننے مین آئی اور جب حسن آرا بیگم آخری شعر پڑھکر پانچوین بیت پڑھنے کو تھین تو ایسا معلوم ہوا کہ گھوڑے کی باگ روک لی گئی۔ سپہر آرا نے کہا باجی جان کوئی سوار ہی مگر گھوڑا دیوار کے پاس رک رہا۔ ہمین تو خوف معلوم ہوتا ہی۔ حسن آرا نے مسکرا کر کہا۔ ای واہ۔ خوف کیسا۔ کیا شہر شملہ ہی۔ ان دونون جنان زاہد فریب کی پیاری آواز نے اِس سوار کے دل کے ساتھ وہ کیا جو ابر بہار کشت کے ساتھ کرتا ہی۔ سوار نے گھوڑا روک کر آہستہ سے کہا۔ ؎

از عاشقان صادقت ای دلستان منم	
اول کسے کہ بر تو فدا شد ز جان منم	

سپہر۔ آہستہ سے باجی سنتی ہو۔
حسن۔ چپ رہو ذری۔
سپہر۔ یہ ہی کون۔
حسن۔ ای کوئی ہوگا بھی۔
سپہر۔ آخر وجہ کیا اِسکی۔ یہ ہی کون۔
حسن۔ دیکھو معلوم ہو جائیگا۔
پھر آواز آئی۔ ؎

گر تیغ بارد در کوے آن ماہ	گردن نہادیم الحکم للہ
من رند و عاشق الگاہ توبہ	استغفر اللہ استغفر اللہ
الصبر مرۃ العمر فان	یا لیت شعری متی مع القافلہ

حسن آرا نے کہا بہن ہی کوئی پڑھا لکھا آدمی۔ عربی شعر کا تلفظ خوب کیا سپہر آرا نے جو انک کر دیکھا اور کہا باجی جان گھوڑا ادھر کھڑا ہی اور کوئی گھوڑے پر سے اُتر پڑا ہی کیا معلوم کون ہی۔ حسن آرا ذرا نگ کر یہ اسرار کیا ہی۔
پھر آواز آئی۔ ؎

ای بخت سرکش سنگش بر کش	گہ جام زرکش گہ نقل دلخواہ
مہر تو عکسے بر مانیفگند	آئینہ رویا آہ از دلت آہ

حسن آرا کی زبان سے بے اختیار یہ شعر نکل گیا۔ ؎

عاشق مخور غم گر وصل خواہی	خون بایدت خورد رگاہ دیگر

سوار یہ شعر آبدار اور کلام پُر فصاحت اور در پردہ اقرار عشق جامے مین پھولے نہ سمایا۔ اتنے مین گھوڑا آگے بڑھا اور چوکیدار دربان کو جگا کر کہا کہ سرکار کو جگا دو۔ دربان اُٹھا۔
دربان۔ (در) کیون کیون۔ جگا کیون دین۔

چوکیدار- (چوکی) کوئی صاحب آئے ہین-
دربان- انگریز؟-
چوکی- نہین نہین - کوئی رئیس ہین - وہ گھوڑے پر سوار ہین-
در- بندگی حضور-
سوار- سلام - نواب صاحب کو جگادو-
در- خداوند آرام مین ہین - ٹھہریے مین حاجی صاحب کو جگادون-

دربان نے حاجی صاحب کو جگایا - حاجی صاحب حاجی صاحب اجی حاجی صاحب - ذرا اٹھیے دیکھیے کون صاحب ہین-

حاجی صاحب اٹھ بیٹھے بسم اللہ الرحمن الرحیم - کون ہی دربان نے کہا حاجی کوئی صاحب تشریف لائے ہین وہ اس گھوڑے پر- کہتے ہین کہ نواب صاحب کو جگادو-
حاجی صاحب نے کہا اب اسوقت تو جگانا محال ہی - ٹھہرو مین دیکھون تو ہین کون صاحب حاجی صاحب اُنکے قریب گئے آداب عرض ہی-
سوار- بندگی حاجی صاحب - پہچانا-
حاجی صاحب- (حاجی) جی نہین - مین نے نہین پہچانا-
سوار- خیر اچھا نوابصاحب کو اسوقت جگادیجیے-
حاجی- حضور ـــــ اچھا مگر-
اچھا پھر جو حکم ہو-
سوار- آپ اطلاع تو کردین-
حاجی- حضور گھوڑے پر سے اُتریں - باغ مین چل کر تشریف رکھین - کوٹھی کھلوا دون آرام فرمائین - اور مین حضور کو اطلاع کیے دیتا ہون - مولویصاحب جگاؤن یا نہین

مولوی صاحب- (مولوی) ہان ہان آپ فرماتے ہی ہین اتنے مین ایک اور صاحب چارپائی پر سے اُٹھے کیا ہی حاجی صاحب -
مولوی- کچھ نہین حافظ جی - حضور کے کوئی دوست تشریف لائے ہین - ارشاد فرماتے ہین کہ جگادو-
حافظ جی- پھر جگادیجیے نہ بلکہ جگوا دیجیے-
سوار اپنے دل مین سوچے کہ یہان مولوی صاحب اور حاجی صاحب اور حافظ جی ہی بھرے ہوئے ہین - معلوم ہوتا ہی - رئیس بادضع اور منشرع آدمی ہی - ایک چارپائی پر حضرت بھی بیٹھے -

دربان نے دروازہ کھلوایا - لونڈی کو بلایا - کہا بی مغلانی کو جگادو بی مغلانی سے کہا - ذرا نوابصاحب کو جگادو-
مغ- کیا کہون کیا-
در- حاجی صاحب نام کیا بتائین -
سوار- یہ کارڈ دے دو-
مغ- کیا دے دو-
سوار- یہ کاغذ-

مغلانی اندر گئی - نوابصاحب کو جگایا - حسن آرا بیگم نے پوچھا کیا ہی بی مغلانی - مغلانی نے کہا نوابصاحب کے پاس کوئی آیا ہی-
حسن- سنا سپہر آرادہ ہی سوار ہی-
سپہر- ہان دروازے پر ٹھہر گئے ہین - سچ کہا دہی ہی نوابصاحب نے پوچھا کیا ہی مغلانی بولی حضور کوئی صاحب مہمان آئے ہین - چلیے بلاتے ہین اور یہ کاغذ دیا ہی - نوابصاحب

نے کارڈ لیکر پڑھا۔ (شہزادہ میرزا ہمایون فر)۔
ن۔ اخاہ کہان ہین کہان۔
منع۔ باہر ہین۔
نوابصاحب نے منھ دھویا۔ کپڑے پہنے اور چلے حسن آرا نے پکار کر دریافت کیا۔ اے دولھا بھائی کون ہی۔ نوابصاحب نے کہا میرزا ہمایون فر آئے ہین وہ پردس کے شہزادے۔
سپہر۔ (دانتون کے تلے انگلی دباکر) ارے۔
حسن۔ اُف۔
سپہر۔ (مسکراکر) باجی وہ شعر تمنے کون پڑھا تھا۔
حسن۔ ارے غضب۔ ؎

عاشق مخور غم گر وصل خواہے
خون بایدت خورد در گاہ و بیگاہ

پڑھا کیا تھا۔ کچھ جان بوجھ کے پڑھا تھا۔ اتفاق سے نکل گیا تھا زبان سے۔
سپہر۔ خدا کرے انھون نے نہ سنا ہو۔ مگر سنا ضرور۔
حسن۔ اے لو اور سنو۔ سنا ہو۔ کیا کچھ بہرا مقرر کیا ہی خدا نخواستہ۔
سپہر۔ چاہے جو کچھ کہو ہمکو اسوقت بڑی خوشی ہوئی۔
اتنے مین نواب نامدار باہر تشریف لائے۔ آداب بجالاتا ہون۔ حضور والا۔
"تسلیم تسلیم مزاج اقدس"
"حضور کی نوازش۔ آیئے بغلگیر تو ہون"
بسم اللہ۔ بعد مدت زیارت ہوئی۔ تشریف لایئے۔
نوابصاحب نے دیکھا کہ کوٹھی کے کمرون کو خدام باادب نے روشن کر دیا ہی۔ بہت ہی خوش ہوے۔ حکم دیا کہ کرسیان نکالو خدمتگارون نے عرض کیا حضور کرسیان بچھی ہین۔
"حضور تشریف رکھین۔ واللہ مین نہ مانونگا حضور یون تشریف رکھین آرام چوکی پر"۔
"اجی بیٹھو صاحب۔ کچھ تکلف ہی۔ ہم تو اپنے گھر آئے ہین"
"یہ کفش خانہ ہی حضور کا۔ اور مین نیا زمند قدیم ہون اسوقت آپ کے تشریف لانے سے بڑا اعزاز ہوا۔ اسباب کہان ہی"
"آتا ہوگا"
"حاجی صاحب آپکے گھوڑے کو دہان اصطبل مین۔ حضور بندھوا دیا گیا۔ اور توبڑھ چڑھا دیا گیا"
"اور فرمایئے خداوند۔ آپکا مزاج کیسا ہی"
"اب فضل الٰہی ہی۔ مگر جب پُروائی چلتی ہی تو کچھ درد ہوتا ہی"
"جاتا رہیگا۔ انشاء اللہ۔ بیٹھیے۔ حافظ جی۔ حضور کا اسباب آئے تو فوراً حفاظت کے ساتھ رکھوا لیجیے۔
"ہمارا اسباب تو صبح تک آئیگا۔ یہان دنگل دیکھنے آئے تھے گو اور مقامون پر بھی فروکش ہو سکتے تھے مگر مین سوچا کہ سب سے زیادہ پُرفضا یہی مقام ہی۔ لب دریا کھلا ہوا میدان۔ تق ودق"
ایک دوست نے منع بھی کیا تھا کہ جان نہ پہچان خواہ مخواہ مہمان بننا وضع کے خلاف ہی مگر۔
"واہ۔ جان نہ پہچان کی ایک ہی کہی"
"مین شملہ پر تھا۔ تبدیل ہوا کے لیے چلا گیا تھا"
"جی ہان مین نے سنا تھا۔ وہ رفوگر عبدالستار کشمیری سے کہتے تھے"
"حضرت اب آپ بھی آرام فرمائین اور بندہ بھی سوتا ہی معاف کیجیے گا اسوقت بڑی تکلیف دی آپ کو"

"آپ کیا فرماتے ہین عین راحت ہی - آپ کے تشریف لانے سے"

"ہماری بے تکلفی کو دیکھیے گا - کہ بے بلائے آئے اور رات ہی کو جگایا"

"خدا کی قسم کمال خوشی حاصل ہوئی"

اب سنیے کہ ادھر تو نوابصاحب شہزادۂ ہمایون فر سے باتین کرتے تھے اُدھر بہار النسا بیگم نے چاے تیار ہونے کا حکم دیا - خدمتگار چاے لیکر حاضر ہوا - حضور چاے حاضر ہی شہزادۂ ہمایون فر بہت خوش ہوکر بولے کہ اہو ہو ہو - واللہ اسوقت چاے ہی پینے کو جی بھی چاہتا تھا ع

| اے دولت تو خوش کہ دولت ما خوش کردی |

میرزا ہمایون فر اور نوابصاحب اور حاجی صاحب نے چاے پی - حافظ جی نے زکام کا غرغرہ پیش کیا - حضور چاے سے بند ہوجاتا ہی مجھے معاف ہی فرمائیے - چاے پیکر شہزادۂ ہمایون فر نے آرام کیا - اور نوابصاحب گھر مین تشریف لے گئے -

حسن - دولھا بھائی - یہ آج کہان آن پڑے -

ن - دنگل دیکھنے آئے ہین -

حسن - (مسکراکر) کیا کشتی لڑینگے -

ن - جی درست -

سپہر - آپ سے کہان کی جان پہچان ہی ایسی - رات کو آن کر جگایا -

بہار - ہان ایسا تاک تو نہ تھا کہ آدھی رات کو جگایا -

ن - کہتے تھے کہ وسیع میدان ہی اور لب دریا ہی اِس سے یہان ہی مقام کیا -

بہار - افوہ - خدا نخواستہ اُس وقت تو جل ہی گئے تھے -

حسن - اللہ نے بچایا - نہ کچھ اور ہوتا نو ہاتھ پانون تو نصیب اعدا ضرور ٹوٹ جاتے -

ن - بہت بچے -

بہار - اب تو اچھے ہین -

ن - ہان - مگر ابھی کچھ یون ہی سی کسر باقی ہی -

بہار - کسر کیسی -

ن - جب پروائی بڑا چلتی ہی تو خفیف سا درد ہوتا ہی -

نوابصاحب اپنے کمرے مین جاکر سو رہے - یہان حسن آرا اور سپہر آرا چپکے چپکے باتین کرنے لگین -

حسن - کچھ سمجھین -

سپہر - خوب سمجھی -

حسن - اچھا کیا سمجھین -

سپہر - اب کیا بتاؤن -

حسن - نہین کہو کہو -

سپہر - اے تو کیا کہون کیا باجی -

حسن - یہ جو اُسوقت - وہ اُس دن تم کو دیکھی تھین نہ -

سپہر - باجی اب اُسکا ذکر نہ کرو -

حسن - (مسکراکر) سُن لو - سُن لو -

سپہر - بس سُن چکی -

حسن - این راہ ہی -

سپہر - ہمین اب نیند آتی ہی -

حسن - اچھا کل صبح کو کہینگے -

سپہر - سمجھا جائیگا -

حسن - خیر -

من از آن حسن وزر افزون کہ یوسف داشت دانستم
کہ عشق از پردۂ عصمت برون آرد زلیخا را

سپہر - بجا ہی -
حسن - اور نہین کیا بیجا ہی -
سپہر - باجی اب سونے دو ہمین -
حسن - کل سور ہنا -
سپہر آرا نے کروٹ بدلی اور منھ پھیر کر سونے لگی حسن آرا نے گدگدانا شروع کیا -
سپہر - بھئی اللہ -
حسن - دیکھو سپہر آرا تم سونے نہین دتیین -
سپہر - بجا ہی چھیڑ خانی تو خود کرتی ہین اور اُلٹا ہمین کو للکارتی ہین -
حسن - ایسی بھی نیند کیا آتی ہی -
سپہر - یہ بھی کچھ زبردستی ہی -
حسن - نہی ہی -
سپہر - ہم اماجان سے کہدینگے جاکے -
اِسپر حسن آرا کھلکھلا کر ہنس دی -
حسن - اوہ واہ ہی -
سپہر - (آہستہ سے) اماجان دیکھو یہ نہین باتین -
حسن - (ہنسکر) اوتو اتنے زور سے کیون پکارتی ہو -
بی مغلانی کی چارپائی قریب تھی - اُن کی باتون سے اُسکی نیند اُچٹ گئی -
مغ - دس بجے سوئی - بڑی بیگم صاحب نے یاد فرمایا پھر سوئی کھٹملون نے سونے نہ دیا - پھر بیمائی سے سوئی در پاش نے آوازدی - اب آپ نہین سونے دتیین - ہمین کیا ہم بھی دس بجے اُٹھینگے - نہ سونے دیجے -

اتنے مین سپہر آرا نے ہاتھ جوڑکر کہا باجی اللہ جانتا ہی بڑی نیند آرہی ہی - سونے دو بہن - کل باتین کرلینگے -
حسن - اچھا سورہو - جاؤ تم بھی کیا یاد کروگی -
سپہر - بندگی -
مغ - جانو بڑا احسان کیا -
بی مغلانی اور سپہر آرا سورہین - مگر حسن آرا کو تین بجے تک نیند نہ آئی تین بجے سوئین تو ایک عجیب خواب دیکھا -

این گل دیگر شگفت

کوہ قاف کی پری بصد شان دبہری وزیر جنگ کو پٹی پڑھاکر خندان وفرحان چمان اپنی ہمجولی کے پاس گئی اور کہا لو بہن فتح ہی کل تک کوئی گل کھلیگا - مین نے آزاد کو روسی جاسوس بنایا - وزیر جنگ سنتے ہی دنگ ہوگئے - مگر سچ کہون بہن کہنے کو تو کہہ آئی لیکن اب سوچتی ہون کہ حد بھر بُرا کیا - ہمجولی بولی بہن ہی تو یون ہی مگر عورت کے دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتے ہین جب کسی مرد کو چاہے اور وہ اُسکو نہ چاہے - تمنے جی کڑا کرکے کہا تو مگر کہنے کا پھل یاد رکھو اتنا تو ہم بھی کہینگے کہ تین باتون سے خالی نہین - یا تو آزاد کی صحت مین فرق ہی - کسی عارضے کے سبب سے تمھارا کہنا نہ مانا اور شادی سے انکار کیا - یا کسی ایسی پری چہرہ پر دل آیا ہی کہ تم ایسی حسین تک کی پروا نہ کی - اور یا قول کا سچا ہی - ممکن ہی کہ جس رشک قمر پر اسکا دل آیا ہی وہ تم سے اچھی نہو - مگر قول کا اسد رہے خیال رہے کہ جو بات ایکدفعہ زبان سے نکلے وہ نہ ٹلیگی - لیڈی نے کہا سنو بہن ہماری واپس جوان عنا پر جان جاتی تھی - اُسکی صورت ہر دم نظر کے سامنے

رہتی تھی غمزے ہین کرنے چاہین یا انگلیین سو وزیر جنگ سے منھ کہدیا کہ میان آزاد کو جنگی عہدہ نہ دیجیے گا۔ نہین تو بہت پچھتائیے گا۔ متحیر ہو کر بولے کیا کیون کیسا۔ مین نے کہا وہ روسیون کا جاسوس ہی ہندوستان سے نہین آیا وایا۔ وہ اخبار مین اس جوانمرد کا حال پڑھ چکے تھے بشرے سے پایا جاتا تھا پہلے تو انکو یقین نہ آیا۔ مگر جب مین نے برقع عارض سے اُلٹ دیا تو دانتون کے تلے انگلی دبائی۔ یہ تو وعدہ نہین کیا کہ میان آزاد کو ٹرکی سے نکلوا دین گے۔ یا قید کرین گے مگر غور اور خوض کر رہے تھے معلوم ہوتا تھا کہ کل ہی پرسون تک کوئی نہ کوئی گل ضرور کھلے گا۔ مجلی بولی بہن بُرا کیا۔ مگر اب تو جو کیا وہ کیا۔ جو کچھ ہونا تھا وہ ہو چکا اب اسکا غم ہی کیا ہی۔

گوئیڈ نے میان آزاد کی تباہی مین کوئی دقیقہ اُٹھا نہین رکھا تھا مگر بار بار سوچتی تھی کہ بُرا کیا بہت بُرا کیا۔ ایک بیگناہ بیچارے کو مفت مین ضرر پہونچایا۔ ہندوستان بسقدر دور و دراز ملک سے آیا ہی کہ اپنے معشوق کے حکم کی تعمیل کرے۔ ٹرکون کی طرف سے لڑے۔ جان رہے یا جائے۔ گرفتار کین اور پاس وضع مین فرق نہ آئے ایسے وضعدار اور گلعذار جوان کے ساتھ مین اس بیرحمی سے پیش آئی۔ اِسنے اپنی ثابت قدمی کی سزا پائی۔ مگر اب کیا ہو سکتا ہی بار بار مئیڈ اسکے دل مین خیال آتا تھا کہ جاکر وزیر جنگ سے کہدے کہ آزاد بیچارہ بیگناہ ہی مگر پھر سوچتی تھی کہ وزیر جنگ سے صاف صاف کہدیا تو بڑی بدنامی ہوگی پرانے چاہنے والے ہوا ہو جائینگے اور لوگ کہین گے کہ نرد غا کھیلی۔

میان آزاد بیچارے کوٹھی مین بیٹھے ہوئے حقہ پی رہے تھے اُنھین کیا خبر کہ مئیڈ انے ستم ڈھایا ہی۔ بہتان کا طوفان باندھا ہی صبح کا سہانا سمان۔ خوش و خرم تھے کہ اب عہدہ پایا لڑین گے۔ اور یون مقابلہ کرین گے۔ اور غنیم کو نیچا دکھائینگے اور تمغے لٹکائینگے۔ ہندوستان تک نام ہوگا۔ عاشق شاد کام ہوگا۔

میان آزاد یہی سوچ ہی رہے تھے کہ چند افسر وارآفس یعنے (صیغۂ جنگ) کے ہر فرنجی کی کوٹھی پر آئے اور دریافت کیا کہ یہان آزاد نامے کوئی شخص آئے ہین۔ آزاد نے جو اپنا نام سُنا تو باہر نکل آئے دیکھا کہ چند ٹین کوٹھی کے احاطے مین زینہ کے پاس کھڑے ہین۔

آزاد۔ جی آزاد میرا ہی نام ہی۔

افسر۔ وہ جو ہندوستان سے آئے ہین۔

آزاد۔ جی ہان مین وہی ہون۔ آپ صاحبون کو گورنمنٹ سے کوئی تعلق ہی۔

افسر۔ نہین مطلق نہین۔ اور آپ کو؟۔

آزاد۔ مین تازہ وارد ہون۔ حضرت وزیر جنگ کی خدمت مین حاضر ہو کر عرض حال کیا تھا۔ اغلب ہی کہ کوئی عہدہ عنقریب ملے۔

اُن مین سے ایک نوجوان اور حسین ٹرکی افسر نے سر ہلایا جسکے یہ معنی تھے کہ مل چکا۔ جاسوسون کو عہدے نہین ملا کرتے۔

افسر۔ آپنے حمید پاشا سے جو کچھ کہا تھا اُسکی صداقت کا ثبوت آپ دے سکتے ہین۔

آزاد۔ ثبوت کیسا۔

افسر۔ کبھی برٹش گورنمنٹ یا کسی اور یورپین گورنمنٹ کی نوکری کی ہی۔

آزاد۔ کبھی نہین۔

افسر چلے گئے۔ میان آزاد کوٹھی کے ایک کمرے مین بیٹھے ہوئے پوپ کے اشعار مطالعہ کر رہے تھے کہ دفعۃً وہی افسر جن سے

ابھی ابھی گفتگو ہوئی تھی آئے اور ایک افسر نے آزاد سے کہا کہ تم قیدی ہو۔

آزاد۔ (چونک کر) کیا۔

افسر۔ آپ قید کر دیے گئے۔

آزاد۔ کیا؟۔

افسر۔ قید۔

آزاد۔ قید؟

افسر۔ ہان۔

آزاد۔ وجہ۔

افسر۔ حکم۔

آزاد۔ کس کا؟

افسر۔ گورنمنٹ ٹرکی کا۔

آزاد۔ این!۔

افسر موصوف نے دو آدمیون کو بلایا اور کہا اس ظلیمن کے ساتھ جاؤ آزاد بصد تعظیم چلے آدھ گھنٹے کے عرصے مین پہارے میان آزاد سول قید خانے مین تھے۔ آزاد نے افسرون سے لاکھ لاکھ پوچھا کہ آخر میرا جرم کیا ہی اسقدر تو بتا دیجیے مگر افسرون نے کہا ہمین اجازت نہین ہی ورنہ ضرور بتا دیتے۔

میان آزاد اپنے دل مین سوچنے لگے کہ آخر ہمسے جرم کونسا سرزد ہوا جسکے جلد دین یہ مصیبت سہی گھنٹون سوچا کیے مگر کسی جرم کے مرتکب ہوئے ہوتے تو یاد آتا یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہی۔ کونسی خطا سرزد ہوئی۔ میدان کارزار کے عوض قید خانہ نصیب ہوا۔ خرمن آزادی پر دفعۃً بجلی گر پڑی بہار عشرت خزان الم سے مبدل ہوئی۔ کہان تو میدان جنگ مین جانے کی تیاریان تھین کہان قید خانے مین آن پھنسے۔ پردیس کا واسطہ پرایا ملک۔ اپنا نہ بیگانہ۔ صلاح کس سے لین اور مشورہ کون دے۔ ؎

وائے واں بھی شور محشر نے نہ دم لینے دیا لے گیا تھا گور مین ذوق تن آسانی مجھے	

وائے ناکامی آئے اسلیے کہ ان لوگون کو مدد دین اور اُنھون نے ہی ہمین قید کر دیا۔ ؎

کیا کیا خضر نے سکندر سے	اب کسے رہنما کرے کوئی

ہزارون مصیبتین جھیل کر یہانتک آ نا ہوا۔ دلی آرزو بر آئی۔ کشش دل اور حمیت اسلام یہان تک لائی۔ مگر خوبی قسمت نے ساتھ نہ چھوڑا مصاحبت سے منھ نہ موڑا اب دل کی دل ہی مین رہی۔ نقش مراد کرسی نشین نہ ہوا بالاے طاق اُلٹی قید سہی۔ ؎

ہزارون خواہشین ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے	

اب حسن آرا سے کیونکر ملینگے۔ ہاے کوئی اتنا بھی تو نہین جو اُس محبوب شیرین ادا تک عاشق نامراد کی ناکامی کی خبر پہونچائے۔ ؎

گوش مہجور پیام و چشم محروم جمال ایک دل تسپر یہ نا امیدواری ہاے ہاے	

قید خانے کے ہر در و دیوار سے نا امیدی کی شکل مجسم نظر آتی تھی دل نہایت ہی بیقرار تھا۔ ؎

شام سے تا صبح مضطر صبح سے تا شام ہم ایک عالم مین ہین کیون اے گردش ایام ہم	

میان آزاد نامراد اشعار حسرت بار پڑھتے تھے مگر اس سوز و گداز

کے ساتھ کہ سننے سے تعلق رکھتا تھا۔

اس غم و غصہ مین میان آزاد کی آنکھ لگ گئی تو خواب مین کیا دیکھتے ہین کہ مُیڈا کوہ قاف کی پری سر بالین کھڑی یہ اشعار سُنا رہی ہے۔ مومن ؎

اللہ غم بتان مین یک چند	بے فائدہ جان کو کھپایا
یہ عشق وہ بد بلا ہی جس نے	ہاروت کو چاہ مین پھنسایا
سمجھا نہ کہ ہی رہ خطرناک	دین و دل و عقل کو لٹایا

آنکھ جو کھلی تو نہ مُیڈا نہ اشعار عاشقانہ فقط میان آزاد اور قید خانہ۔ ؎

کھا گیا جی غم نہان افسوس	کھل گئی غم کے مارے جان افسوس
گل داغ جنون کھلے بھی نہ تھے	آ گئی باغ مین خزان افسوس

اتنے مین ہرمزجی بھائی ایک لمبی ٹوپی دیے ہوئے آئے۔

ہُرمزجی۔ (ہرمزجی) مسٹر آزاد۔

آزاد۔ یہ بتائیے کہ جرم کیا ہی۔

ہرمز۔ این! مین تو آپ سے دریافت کرنے آیا تھا۔

آزاد۔ مجھے خاک نہین معلوم۔

ہرمز۔ ذرا غور کیجیے۔ کوئی نہ کوئی وجہ ضرور ہی۔

آزاد۔ کچھ جو سمجھ مین آتا ہو۔ حیرت ہی۔ انتہا کی حیرت ہی۔

ہرمز۔ کسی دشمن کا کام ہی خفیہ کارروائی کچھ اس مین ضرور ہوئی ہی۔

آزاد۔ یہان تو مجھکو کوئی جانتا ہی نہین۔ دشمن کون پیدا ہو گیا۔

ہرمز۔ کھل جائے گا۔

آزاد۔ اب مین کیا فکر کرون۔

ہرمز۔ پہلا سوال تو یہ ہی کہ آپ کا جرم کیا ہی۔ آپ گھبرائیے نہین آجکل جنگ کے سبب سے یہان انواع و اقسام کی کارروائیان ہو رہی ہین۔ اور نفاق لوگون مین بہت ہی۔ مگر واقعی حیرت ہی کہ آپکے ساتھ اور گورنمنٹ ٹرکی کی سطح پیش آئے۔

آزاد۔ افسوس صد افسوس کہ ترکون کی حمایت کے لیے وطن چھوڑا اور یہان آئے مگر۔

ہُرمز۔ کوئی بات پوشیدہ طور پر ہوئی ہی کہ حکام نے مجبور ہو کر آپ کو قید کر دیا۔ اب مین رخصت ہوتا ہون۔ مگر آپ دل مضبوط رکھیے مین پھر آؤنگا۔

آزاد۔ بجز آپ کی ذات کے یہان اور کوئی دوست نظر نہین آتا۔ اور آپ سے صرف دو دن کی ملاقات ہی کسی قسم کا دعوی نہین۔

ہُرمز۔ مجھے آپ اپنے قدیم احباب کی طرح پکا دوست سمجھیے۔

ہرمزجی رخصت ہو کر گھر گئے۔ میان آزاد اپنے دل مین اس پارسی منٹلٹی کے کمال مشکور ہوئے۔

تین دن اسی طرح بسر گذرے۔ میان آزاد سول قید خانے مین رہے کبھی حسن آرا یاد آتی تھین کبھی وینشیا اور ہیلیٹن کبھی ناول پڑھتے تھے کبھی ٹھنڈی سانسین بھرتے تھے۔

چوتھے روز میان آزاد بحضور وزیر جنگ طلب ہوئے۔ حضور ممدوح کے سکرٹری نے کہا کہ میان آزاد تم نے غلط بیان کیا کہ تم ہندی ہو۔ تمھاری نسبت بیان ہی کہ تم روسی جاسوس ہو۔ اور روس سے خاص اس غرض سے آئے ہو کہ سلطنت عثمانیہ کے حالات اور میدان جنگ کی کارروائی سے اپنی گورنمنٹ کو اطلاع دو اور جہان کہین موقع پاؤ وہین شکست

دلوادو۔ یہ بہت بڑا جرم ہو کسی طرح رہا نہیں ہو سکتے۔

آزاد۔ یہ الزام محض غلط ہو کسی دشمن نے تہمت تراشی ہو۔ مین بصد ادب عرض کرتا ہون کہ مین ایسے جرم کا مرتکب نہیں ہون۔ مین ہندی کشمیری الاصل ہون۔ روسی نہیں ہون۔ مین سوچتا تھا کہ یا خدا کس جرم کا مین نادانستہ مرتکب ہوا کہ گرفتار کیا گیا لیکن اب مجھے ذرا بھی خوف نہیں ہو۔ اب مجھے یہ بتائیے کہ یہ کس شخص نے بیان کیا۔

وزیر جنگ پر فرض تھا کہ اُسکے نام سے میان آزاد کو اطلاع دین کہا مُیڈا۔ مُیڈا کا نام سنتے ہی آزاد خاموش ہو گئے۔ مگر اُنکی خاموشی اور ان کے بستر سے پایا جاتا تھا کہ اِنکے شیشۂ دل پر ٹھیس لگی۔

وزیر۔ اب کیا آپ کہتے ہین۔

آزاد۔ (خاموش)۔

وزیر۔ اچھا اب اسوقت آپ وہین جائین پرسون پھر بلوائے جائیے گا۔ مجھے ابھی اس معاملے مین بہت سے امور کی تحقیقات کرنی ہو۔

میان آزاد پھر سول قید خانے مین آئے۔ ع۔

پھر وہی گنجِ قفس پھر وہی صیاد کا گھر

بستر پر لیٹ کر تین بار اُنھون نے باآواز بلند کہا۔

اوہ مُیڈا!! مُیڈا!! مُیڈا!!!

واہ کیا اچھا بدلہ لیا۔ او کافر بدکیش۔ او ظالم۔ او غریب آزار۔ سنگدلی بھی تو کتنی۔ مُیڈا خدا شاہد ہو کہ مین بے قصور ہون تمھاری سی پری پیکر کو مین ضرور بیاہ لیتا مگر حسن آرا سے جو قول ہارا اُسکا خیال ہو۔ مُیڈا تمنے مجھے کہین کا نہ رکھا۔ ہاے اگر مجھے یہ معلوم ہوتا تو جھوٹ موٹ اقرار کر لیتا۔ مگر مین کیا جانتا تھا کہ مُیڈا دشمن جان نکلیگی۔ مُیڈا امین تیرے اِس اشارے کو نہین سمجھا تھا کہ بہت پچھتاؤگے ہاے تین بار کہا تھا۔

بہت پچھتاؤگے بہت پچھتاؤگے!! بہت پچھتاؤگے!!!

گھر سے نکلکر مین غیرون سے نکلواتے ہوا امینہ زبان آپ سے ہون اور ہون مہمان ہم سے جان لیکر خاک پہنچین ہم غریب ہر دل کا سیکرٹون فرسنگ ہو کوئی صورت نہین بچنے کی وہ آنت ٹی ہو فلسفیا مت کی بلاے شرف قت آئی

ہرمز ایک روز ان کے پاس پھر آئے اور تشفی آمیز باتون سے اُنکو سمجھایا کہ گھبرائیے نہین۔ رہائی کی کوئی نہ کوئی صورت جلد پیدا ہونے والی ہو۔

آزاد۔ رہائی کی تو اب امید نہین رہی اور بعد جنگ رہائی ہوئی بھی تو کیا فائدہ۔

ہرمز۔ نہین نہین۔ جلد رہائی ہوگی۔

آزاد۔ آج پورے پندرہ روز سے یہان ہون۔

ہرمز۔ جرم تو آپ کو معلوم ہی ہو گیا ہوگا۔

آزاد۔ بخوبی۔

ہرمز۔ میرا قصد ہو کہ خود وزیر جنگ کے سکرٹری کی مذمت مین ایک عرضداشت بھیجون اور کہون کہ میان آزاد کے ہندی ہونے اور ہندوستان سے آنیکا کوئی ثبوت نہین ہو کہ میرے والد نے اپنے خط کے ذریعہ سے اُنکو میرے پاس بھیجا۔

آزاد۔ اور جبکی ڈینس جہاز پر آئے لفٹنٹ ایپلٹن کے ساتھ بمبئی سے روانہ ہوا۔ جہاز کے ناخدا مسٹر اسمتھ مجھے خوب جانتے ہین۔

ہرمز۔ بہتر ہو۔

آزاد۔ پھر کب بھیجیگا۔

ہرمز۔ پرسون ذرا احباب سے مشورہ کرلون۔
آزاد۔ نوازش۔ عنایت۔
ہرمز۔ آپ تو بھائی ہین۔
آزاد۔ قیدی اور مجرم کو بھائی نہ بنائیے۔
اس گفتگو کے بعد ہرمز رخصت ہوئے۔

شطرنج

شہزادہ ہمایون فرہبادر کو جب ہمنے نواب صاحب کے مکان پر چھوڑا تو وہ خواب نازمین تھے نور کے تڑکے بستر استراحت سے اُٹھے اور غسل کیا۔ ورزش کی۔ کپڑے پہنے اور گھوڑے پر سوار ہوکر ہوا کھانے چلے سپہر آرا بیگم کوٹھی کے کمرے پر۔ اسوقت بعد ادائے نماز صبح مناجات پڑھ رہی تھین جس وقت شہزادہ ہمایون فرکا کمیت خوشخرام کمرے کی دیوار کے قریب سے گذرا۔ سپہر آرا نے اپنی خلقتی نازک آوازی سے یہ شعر پڑھا ؎

قافلہ شد و ایسی ما ببین | ای کس ما بیکسی ما ببین

ہمایون فرنے جھروکے کی طرف نظر کی اور آہ سرد بھر کر دل ہی دل مین کہا کہ بار خدایا میری دعاے سحری کچھ رنگ اثر جائے معشوق سیم تن ہاتھ آئے ؎

ای صبا جذبہ چیس دم دل ناشاد آیا
لے کے آغوش مین اُڑ کر وہ پریزاد آیا

سپہر آرا بیگم کو ذرا بھی خبر نہ تھی کہ شہزادہ مہبادر گلگون بادرفتار پر سوار زیر دیوار مناجات کے اشعار سُن رہے ہین۔ اور جنون کی اُمنگ مین سر دُھن رہے ہین۔ صدق دل سے مناجات پڑھتی جاتی تھی۔ چلتے چلتے میرزا ہمایون فر ایک سُنسان میدان مین پہونچے۔ ہُو کا عالم یکبیت ہرے بھرے جیطرف نظر اُٹھاکر دیکھیے سبزۂ نوخیز انفاس نسیم سحری مشک بیز۔ ابر کے سبب سے تاریکی چھائی۔ گھٹا جھوم جھوم کر آئی۔ میرزا ہمایون فر اُس مہانے سمان پر ٹوٹ تھے تاریکی اور تنہائی ایسی بھائی کہ روح تک وجد مین آئی۔ سبزۂ نو دمیدہ کی لہک اور آب رودبار کی جھلک نے سمند بہار پر تازیانے کا کام کیا۔ جابجا اونچے نیچے ٹیلے اور بھی لطف دکھاتے تھے اور ہری ہری دوب جو اُنپر چھرا فہ جمی تھی تو دور سے پہاڑ کی سی کیفیت نظر آتی تھی۔ مرغان خوشنوا کا اشجار پر بہار پر ہجوم۔ ع

کوکو کا شور نالۂ حق سرّہٗ کی دھوم

ساقی دمید صبح قدح پر شراب کن | ہنگام نیلگون شدن آسمان کن
زان پیشتر کہ یاسمن صبح بشگفد | خود را بیک پیالۂ گل آفتاب کن

میرزا ہمایون فرنے دل مین ٹھان لی کہ چاہے جو صرف ہو اس لکدش مقام کو اپنے قبضے مین ضرور لائینگے اور یہان ایک فرح بخش کوٹھی ضرور بنوائین گے۔ اتنے مین سپہر آرا بیگم کا عشوۂ دلربا و خندۂ دلکشا جو یاد آیا تو دل ہاتھ سے جاتا رہا۔ سوچنے لگے کہ یا الٰہی وہ دن بھی آئین گے کہ ہم اور سپہر آرا اس مقام دلفریب مین لطف زندگی اُٹھائین گے فوراً گھوڑے کی باگ اُٹھائی اور کوے محبوب کی طرف رُخ کیا۔ ؎

سر کوے کہ خلق با جگر ازست آنجا
در ہمہ شہر خران ست بہارست آنجا

شہزادۂ جم اقتدار والا تبار۔ سودا زدۂ زلف خوبان گلعذار میرزا ہمایون فرہبادر نے اس لق و دق میدان سے فرس تیز گام کی باگ جو اُٹھائی تو دم کے دم مین کوٹھی کے سامنے نظر آئی۔ اُسوقت حسن آرا اور سپہر آرا اور بہار النسا جھروکے کی راہ سے

قدرت حق کا مشاہدہ کر رہی تھین۔ سامنے کے میدان مین آن روے دریا گائین بھری بھری گھانس چر رہی تھین۔ بچھڑے کلیلین کرتے پھرتے تھے چرواہے کالونڈا کھینس کی پیٹھ پر لیٹا ہوا برہا گا رہا تھا گوریا نے مارا برہ بان گوریا نے مارا برہ بان۔ کالی گھٹا سے گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا ہوا اور کہ سے نیچے دریا لہرین مار رہا ہی کہ اتنے مین شہزادہ بلندارادہ کا اسپ صرصر تگ اٹھکیلیان کرتا ہوا سامنے سے آنکلا اور بجلی کوندی۔ اُدھر انکا برق دم پری چھم گھوڑا چمک کر نکل گیا۔ ؎

سپہر۔ (اپنے دل مین)۔ ؎

ہمایون فرمند فرخ جولان کردہ مے آید
کلہ بر سر کج و کاکل پریشان کردہ مے آید

حسن۔ (دل مین)۔ ؎

برشت سمند این چہ بلا شوخ نگار یست
کز گرد رہ او رخ مہر غبار یست

میرزا ہمایون فرمہار کے پہونچتے ہی نواب صاحب اُٹھ کھڑے ہوئے۔

ن۔ یہ صبح صبح آپ کہان سوار ہو گئے تھے مین جو مہان آیا تو سنا کہ سوار ہو گئے۔

شہز۔ جی ہان ذرا ہوا کھانے گیا تھا صبح شام ہوا کھانے کا عادی ہون۔

ن۔ ضرور چاہیے صحت کے حق مین اکسیر کی خاصیت رکھتا ہی۔

شہز۔ آپ روز ورزش کرتے ہین۔

ن۔ جی ہان کچھ تھوڑی بہت۔

شہز۔ اس چوڑی کے کتنے ہاتھ آپ ہلا سکتے ہین۔

ن۔ جی یہی کوئی سو کے قریب۔

شہز۔ ہی کوئی کچھ سیر کی۔

ن۔ جی اٹھامیس سیر کی ہی۔ یہان ایک انگریز تھے میتھوز انجیر تھے ورزش کا کمال شوق جب ولایت جانے لگے تو اسباب نیلام کیا۔ تین روپے کو خریدی تھی۔

شہز۔ سو قین آدمی تھا مگر آپنے بہت ہی ارزان خریدی۔

ن۔ کوڑیون کے مول۔

شہز۔ اب یہ فرمائیے کہ دنگل کب ہی۔

ن۔ بائیس کو۔ جوبیس کو چھبیس کو۔ آج اکیس ہی۔

شہز۔ آپ بھی اپنے تئین کہتے ہونگے کہ اچھے بے تکلف آدمی ملے۔

ن۔ خدا کی قسم آپ کے تشریف لانیسے مجھے اعزاز ہوا۔ ؎

زقدر و شوکت سلطان بخشت چیزی کم ندارد اتفاقت بمہمان سرائے دہقانے
کلاہ گوشہ دہقان بآفتاب رسید کہ سایہ بر سر تاج و تخت چو تو سلطانے

شہز۔ آج گھٹا اسوقت عجب لطف بہار دکھاتی ہی۔ ؎

گلبن عیش مید مد ساقی گلعذار کو بادہ بہار می دزد بادۂ خوشگوار کو
ہر گل تو ز گلرخے یاد ہمیکند صلے ہر گوش سخن شنو کیاد یدۂ اعتبار کو

ن۔ واقعی عجب وقت ہی سردی معلوم ہوتی ہی۔ واللہ اتنے مین خدمتگار نے آکر کہا حضور چا تیار ہی دو لونگی گرما گرم دودھیا چاے پی۔

شہز۔ اسوقت چاے کی واقعی ضرورت تھی۔

ن۔ جی ہان۔

شہز۔ (فرط طرب سے) ؎

زکوے یار می آید نسیم باد نوروزی
از ین باد آر دو خواہی چراغ دل افروزی

ن۔ حضرت کیا کلام ہی سبحان اللہ سبحان اللہ شعرا تو ایران مین ایک سے ایک بڑھکر تھے مگر سان الغیب کا رنگ ہی اور تھا ؎

در بہہ دیر مغان نیست چو من شیدائے
خرقہ جائے گرد بادہ و دفتر جائے

شہزاد سبحان اللہ سبحان اللہ حضرت مین تو حافظ کے ایک ایک شعر پر عاشق ہون - ؎

دوستان وقت گل آن بہ کہ بعشرت کوشم ہاتمن پیر مغان ہست بجان منت ہشتم

ن - حافظ جی حافظ جی صاحب -

حافظ - حضور والا ارشاد -

ن - آپ کیواسطے کچھ فواکہ تولا سیے -

شہز - اس تکلف کی کیا ضرورت ہی -

ن - تکلف تو تکلف برطرف - خانۂ بے تکلف ہی -

میرزا ہمایون فر اور نواب صاحب نے سیب اور کشمش پستے مزے مزے چکھے -

شہز - آیئے ہمسے آپ سے شطرنج ہو -

ن - بسم اللہ - حافظ جی شطرنج بچھے -

حافظ جی اور میرزا نثار حسین بیگ اور مولوی صاحب اور شہزادہ ہمایون فر اور نواب صاحب شطرنج کھیلنے بیٹھے پہلی بازی مین نواب صاحب نے دس ہی پانچ چالون مین ہمایون فر کا رخ پیٹ لیا - تھوڑی دیر کے بعد پیل رخی کی مگر شہزادے نے مات کر دیا - دوسری بازی قائم اٹھی تیسری بازی مین شہزادے کے دو رخ رہ گئے اور نواب صاحب کے پاس فیل -

ن - کیا مات کیجیے گا -

شہز - امید تو ایسی ہی ہی -

ن - ممکن ہی نہین -

شہز - واہ -

ن - اچھا جب جانین کہ مات کر دیجیے -

حافظ - خیال ہی - اس نقشے مین مات ہی نہین -

میرزا صاحب - (میرزا) - واہ وا - مات نہو کیا معنی اور رخ ہون اور مات نہو -

حافظ - آپ مات کر دیجیے -

شہز - انکو نکلنے نہ دیجیے ایک رخ پہ بیٹھ دیجیے پٹی بند ہو گئی دوسرا رخ اس مقام پر آجایئے پیل اٹھ نہ سکے گا -

بادشاہ کو آگے بڑھ جایئے بس مات ہی - ہی کہ نہین -

ن - اجی توبہ توبہ کیجیے -

حافظ - حضور عالم اس نقشے مین مات ہو ہی نہین سکتا -

شہز - تعجب ہی - اچھا ذرا غور کر لین -

ن - بسم اللہ چاہے کل تک سوچیے -

میرزا - دو رخ مین اور مات نہو سکے -

ن - حضرت دو رخ اور رکھ لیجیے بھلا مات تو کیجیے -

میرزا - حضور اب مین کیا عوض کرون -

ن - آپ عوض کچھ نہ کیجیے مات کیجیے -

میرزا - حضور کچھ مٹھائی کھلوایئے تو یون بھی سہی -

حافظ - بھائی کیون حجت کرتے ہو آمین مات ہی نہین ہی -

نقشہ اس طرح پر تھا

شرخ بازی

شہزر - واقعی مات نہین -

ن - وہ تو آپ کو یاد ہی - ؎

شاہا دو رُخ بدہ و دلارام را مدہ
پیل و پیادہ پیش کن و اسپ کشت مات

شہزر - ہان یاد ہی -

ن - اور جمایئے -

شہزر - حضرت ایک ہی آپ پر -

ن - اجی ابھی ابھی فاضل کیے دیتا ہون -

شہزر - بجا ہی -

ن - مصرعہ

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے

میرزا ہمایون فر نے چوتھی بازی کھیلی - حافظ جی نواب صاحب کو بتاتے تھے - اور میرزا صاحب شہزادے کی طرف تھے - پہلے میرزا ہمایون کا رخ پیادے کے مُنھ دھوکے سے پیٹ گیا - نواب صاحب نے کہا حضرت آپ فرمایئے - ہی یہ مات یا نہین - تھوڑی دیر کے بعد اسی چال پڑی کہ شہزادے نے نواب صاحب کا فرزین پیٹ لیا -

ن - ارے -

حافظ - لاحول ولا قوۃ -

ن - دھوکے کی چال تھی -

شہزر - بجا ہی ہم کوئی مہرہ پٹین تو دھوکے کی چال ہی - او حضور پیٹ لین تو اُستادی ہی -

ن - خیر اب تو بازی کم ہی ہوگئی -

شہزر - اب کی برابر ہو جائین گے -

ن - ہان پھر اب تو فرزین ہی مذار دہی -

حافظ - حضور وہ پیل تو لیجیے -

ن - ہان - (پیل ہٹکر) کشت -

شہزر - یہ بے کشت -

ن - (پیل سے گھوڑا پیٹ کر) پھر کشت -

شہزر - ارے -

میرزا - کچھ ہرج نہین ہی خداوند -

ن - مات ہی -

میرزا - اس گھر مین بادشاہ کو آجایئے -

حافظ - اب پیادہ پیٹ کر گھوڑے کی کشت -

شہزر - نہین صاحب اپنے فرزین کی بھی خبر ہی -

حافظ - کیون -

شہزر - گھوڑے کی کشت -

حافظ - اچھا پھر -

شہزر - اس گھر مین آئے - یہ پیل کی کشت - وہ کشت - یہ گھوڑے کی کشت - فرزین پٹ گیا

حافظ - سبحان اللہ - خوب سوچے حضور -

میرزا - افسوس -

شہزر - بھئی ایک طرف رہو -

ن - ہان یہ تھالی کے بیگن ہونا کیا معنی -

اس بازی مین شہزادہ برابر ہوگیا -

شہزر - برابر رہے -

ن - اتفاق سے -

شہزر - درست -

ن - حضور وزیر تو مفت ہی مین کٹ گیا -

شہزر - پھر -

میرزا۔ پورے گہرے بسے تھے یا کم پیش۔
شہر۔ اب کی اور ہو۔
ن۔ اب بدبد کے ہو۔
شہر۔ اچھا دس دس روپے بازی۔
حافظ۔ نہین حضور۔
پانچوین بازی شروع ہوئی۔
ن۔ اسے تو رخ اٹھا کر کھیلنے کو جی چاہتا ہے۔
شہر۔ شان خدا۔
ن۔ واللہ اب کی رخ اٹھا کر کھیلین گے۔
شہر۔ حضرت ایک رخ جائے اور لیا لیجیے۔
ن۔ آپ کو شطرنج کھیلنا سکھایا کس نے۔
شہر۔ جی بجا ہے۔
ن۔ واللہ ہنسی آتی ہے۔
شہر۔ مٹھائی رکھیے تو دو ایک چالین بتا دون۔
ن۔ دس بازیان بد بد کر ہون تو مین بال باندھی مات کرون۔
حافظ۔ رخصت۔
ن۔ این۔
شہر۔ یہ رخصت کے کیا معنی۔
حافظ۔ حضور بدی بازی کے وقت مین نہین بیٹھتا۔
شہر۔ کیون۔
حافظ۔ طبیعت۔
شہر۔ اجی دو گھڑی کی دل لگی ہے۔
حافظ۔ تو خداوندا و ظرح الانسان دل بہلائے بنا کیا فرض ہے۔
شہر۔ لطف ہی نہین آتا۔

ن۔ علی ہذا القیاس۔ ہماری بھی یہی کیفیت ہے۔
شہر۔ دیکھیے رخ مین نے پیٹ لیا۔
ن۔ ارے لاحول ولاقوۃ۔ ہم یہ چال نہین چلتے۔
شہر۔ چال پھیرنے کی سند نہین۔ واللہ ہم نہ مانین گے۔
ن۔ واہ وا۔ ہم چلین بھی جب۔
شہر۔ خدا کی قسم مین نہ مانون گا۔
ن۔ اچھا لیجا ئیے یہ کشت۔
شہر۔ یہ بے کشت۔
ن۔ پھر کشت بادشاہ کو۔
شہر۔ ارے رخ کٹ گیا۔
میرزا۔ چلیے برابر ہو گئے۔
شہر۔ ہائے افسوس۔ واللہ غضب ہو گیا۔ مگر خیر۔
ن۔ خیر کیا مین نے رخ لیا۔ آپنے رخ پیٹا۔ مین نے پیل کی کشت دی۔
شہر۔ مین اس گھر گیا۔
ن۔ ایک گھر کٹا جاتا ہے۔
شہر۔ کیا خوب شاید آپ بچا بھی لین گے۔ کیا مجال۔
ن۔ اف یہ بری ہوئی۔
شہر۔ (مسکرا کر) حضرت ہم تو ایسی ہی کھیلتے ہین۔ چاہے کھیلیے چاہے تبولیت داخل کیجیے۔
ن۔ اللہ۔ اللہ ؎

بت کرین آرزو خدائی کی	شان ہے تیری کبریائی کی

شہر۔ وہ رخ پیٹے لیا۔
ن۔ یہ رخ پیٹے لیا۔
شہر۔ کشت۔

ن - اُف - اُف - یہ رُخ بھی گیا -

شہر - پھر حضرت چاہے کھیلیے چاہے نہ کھیلیے -

ن - بان! تو آپکی جیت ہو نہ خیر - فہمیدہ خواہد شد -

شہر - اب گھوڑے کو نکلین - فرس تیز گام کا اب کام ہو -

ن - اجی گدھا بنجائے تو سہی -

شہر - کیا خوب جونپور کے قاضی کو بلانا پڑے -

حافظ - کہیے کیا رنگ ہو -

شہر - اچھا رنگ ہو -

ن - برابر ہو - مگر ہماری بازی دب گئی ہو ذرا -

شہر - ہونہہ - یہ نہین کہتے کہ مات ہم کہنے لگے دب گئی ہو ذرا -

ن - اچھا سمجھا جائیگا - جاتے کہان ہین آپ -

شہر - ٹھہریے - دن فاضل کرکے جاؤن تو سہی -

ن - ٹھہریے اب کی سب بازیون کی کسر نکال لونگا -

شہر - جی بجا ہو -

اسی طرح کئی بازیان ہوئین - آخر کار شطرنج ختم ہوئی تو میرزا ہمایون فرنے کہا ہماری تین باتین فاضل ہین نواب صاحب کو اپنی شطرنج بازی کا بڑا زعم تھا مگر تین مات کھاکر کسیقدر خفیف ہوئے اور کہا اچھا سمجھا جائیگا - ایک بازی کی تو سند نہین - دو مات البتہ فاضل ہین اُسکے بعد شہزادۂ ہمایون فر نے کہا بھلا ان نقشون کو تو حل کیجیے - تین نقشے بنائے اور کہا طبع آزمائی کیجیے - مگر شرط یہ ہو کہ کسی سے پوچھیے نہین خود ہی طبیعت پر زور ڈالیے اور حل کیجیے تو جانین آپ بڑے شاطر ہین - نواب صاحب نے تینون نقشے بغور دیکھے اور کہا انشاء اللہ ضرور حل کرون گا - یہ بات ہی کیا ہو مین کوئی اناڑی شطرنج باز تو ہون نہین آپ کی طرح - اس فقرے پر شہزادہ بہت ہی ہنسا -

ہو تیری قدرت - اور آپ ہین تلمیذ شان خدا - لیجیے تین نقشے تو پہلے حل کیجیے

نقشہ ہاے شطرنج

شاہ سبز



شاہ سُرخ

سُرخ تین چال مین مات کرے

بازی سبز



بازی سُرخ

دو چال مین مات ہو -

سبز بازی



سرخ بازی

چار چال مین مات کرے

اب شہسوار کا حال نذر ناظرین ہی۔

شہسوار

اب لبعد مدت ذرا شہسوار کا حال سنیے۔ شہسوار دلفگار جوگن کے ساتھ رہنے لگے۔ گو ناکامی اور نامرادی سے ان کا دل دنیاے دون سے پھر گیا تھا مگر جوگن کی اٹھتی جوانی اور تمیز و لیاقت پر نہار جان سے عاشق تھے۔ دل سے لگی تھی کہ جوگن کو عقد نکاح مین لاوین لطف زندگی اٹھاوین لیکن جوگن کسی اور ہی دھن مین تھی ٹھان لی تھی کہ عمر بھر شادی نہ کرونگی جسکے لیے جوگن ہوئی اسی کے عشق صادق کا دم بھرونگی شہسوار ان باتون سے محض بے خبر تھا۔

ایک روز جو سنا کہ کسی بیگم کی طبیعت ازبس ناساز ہوگئی ہی تو تڑپنے لگے سپہر آرا کا نام سن ہی چکے تھے۔ کئی بار چاہا کہ جاکر دیکھین تو ماجرا کیا ہی۔ گو ہمیشہ ناکام رہے لیکن دل کی لگی بری ہوتی ہی۔

شہہ۔ خدا جانے کون بچاری بیگم ہی۔ اگر تم اجازت دو تو مین دریافت کر آؤن کہ کون بیگم ہی۔

جوگن۔ (جو) جانے بھی دو۔ دنیا مین ہزارون آدمی علیل ہوتے ہین پھر اچھے ہوجاتے ہین تم کو کیا پڑی ہی کہ خواہ مخواہ وہان جاؤ اور تحقیقات کرو۔

شہہ۔ بہتر ہی مگر میرا دل بے اختیار ہوا جاتا ہی۔

جو۔ یہ کیون۔ یہ کیون۔ ایسا دل بھی کیا جو انسان کے قابو مین نہ ہے۔ واہ۔ واہ وا۔

شہہ حسب حال۔ ؎

تم ذرا پہلو سے اٹھے ہم تڑپ کر رہ گئے
یون کبھی دیکھا ہی کسی کا دم نکل جاتے ہوئے

خدا جانے کیا سبب ہی کہ جب سے صنم ہی طبیعت بیقرار ہی۔

جو۔ اسکا سبب سوا تمھارے اور کون جان سکتا ہی۔

جوگن سوچی کہ اگر شہسوار وہان جائینگے۔ تو اور بھی مضطر بیقرار ہوکر آئینگے۔ واللہ اعلم وہ بیگم کیسی ہو۔ انسان کی زندگی کا بھروسا کیا آج موے کل دوسرا دن۔ گو یا پیدا ہی نہین ہوئے تھے شہسوار کو بہت سمجھایا کہ کہان بھی جاؤ گے اور جاؤ گے تو بناؤ گے کیا وہان۔ مگر شہسوار نے لجاجت اور منت و سماجت کی کہ واسطے خدا کے مجھے جانے دو ناچار جوگن خاموش ہورہی شہسوار ریل پر سوار ہوکر چلے۔ ریل کے جس درجے مین یہ بیٹھے تھے اسمین ایک مسن منشی صاحب بھی تشریف رکھتے تھے۔ نہایت لائق فائق انشا پرداز فصیح و بلیغ آدمی طبابت مین بھی دخل تھا شہسوار سے گفتگو ہونے لگی۔

شہ۔ ریل پر تو حضرت بعض اوقات بڑی مصیبت پڑتی ہو خصوصاً جب کسی ایسے درجے مین بیٹھنے کا اتفاق ہو جہان گنوار ہون اور بس کچھ نہ پوچھیے۔ قیامت کا سامنا ہوتا ہو۔ ایک مرتبہ ایک گنوار نے بالزن جو کھیلایا تو مین نے کہا میان ذرا انسانیت سے بیٹھیو۔ بس اٹھکر کہتا کیا ہو سنو صاحب جیسے تم بارہ آنہ دیہو ویسے ہم۔ تم تو لیٹیو اور ہم کو لیٹنے نہ سپاری۔

منشی۔ واجبی بات ہو۔

شہ۔ مین ڈھونڈھکر ایسے ہی درجے مین بیٹھتا ہون جہان مسٹر فا ہون۔

منشی۔ بجا ہو۔

شہ۔ ورنہ مفت کی بھائین بھائین سے کیا واسطہ۔

منشی۔ حضرت دو روزہ زندگی کے لیے اتنے جھگڑے کھیڑے سب فضول ہین۔ بیکار محض۔

اپنا شیوۂ نفاق و عین ضرر اند	اپنائے زمانہ در پے شور و شر اند
یا ہمہ گر اند و در پے ہمدگر اند	مانند قطار اشتران فرقہ دون کو

لیکن جو لوگ طبع سلیم سے بہرہ کافی رکھتے ہین وہ ان باتون سے منزلون بھاگتے ہین۔ اللہ باقی من کل فانی۔ ؎

دنیا ہیچ ست و کار دنیا ہمہ ہیچ
اہل ہیچ زہر ہیچ در ہیچ بہ ہیچ

شہ۔ ہم تو ایسا ہی۔

منشی۔ انسان کپڑے بنواتا ہی سال بھر کے۔ مکان بنواتا ہی اور کوشش کرتا ہی کہ برسون کیا معنی صدیون تک اسکی ایک دیوار یہ بھی صدمہ نہ پہونچے کسی نے گالی دی اور اسکے دل پر چوٹ لگی مگر سب پوچ۔ ع

دو دن کی زندگی میان مثل حباب ہی

شہسوار کے دیکھ اس تقریر نے بڑا اثر کیا۔ نان بائی کا پھانسی پانا۔ لڑکے کا زار زار رونا چلانا اور بوڑھی عورت کا وفور غم سے دم توڑنا بصد حسرت والم دنیا چھوڑنا ان سب باتون کی تصویر اسکی نظر کے سامنے پھر گئی۔ ؎

دنیا الم غفلت و عقبے غم اعمال
آسودگی از مادو جہان فاصلہ دارد

شہ۔ مگر افسوس ہی کہ ایسے خیالات انسان کے دل سے جلد دور ہو جاتے ہین۔

منشی۔ غفلت۔ انتظام کائنات مین نہ فرق آجائے۔ مگر جن لوگون کی نفس مطمئنہ انکے نفس لوامہ پر غالب ہی اور جو نفس امارہ کی ذرا پیروی نہین کرتے وہ مقبول بندہ خدا کے ہین۔ اور ہر دلعزیز۔ موت سے انکو ذرا خوف نہین۔ غم اور رنج دونون مین سے ایک بھی نہین جانتے۔ ؎

کہ در ہر دو عالم ستوی سرفراز	ز حکمت بیاموز مست نکتہ
ندانست مرگ و بلغزت مناز	لباس طریقت چو در بر کنی

خاکساری سے زیادہ اکسیر اور دنیا مین کچھ نہین۔ ؎

ہر کہ شد خاک نشین برگ و بر ے پیدا کرد
دانہ با خاک جو یکبارگی سر سے پیدا کرد

شہ۔ ؎

حباب از سربلندی پائمال موج میگردد
غبار از خاکساری سر بہ اوج آسمان دارد

منشی۔ اور یاد رکھنا چاہیے کہ کسی سے کدورت نہ رکھے۔ دل صاف رہے۔ ؎

سینہ صافان را غبار کینہ نیست
گل نباشد تشنہ خورشید را

بغض وحسد دونوں منشون کا کام ہے۔ خدا کے مقبول بندے حسد اور بغض سے منزلون دور رہتے ہین۔

شہ۔ حضور کا دولتخانہ کہان ہے۔

منشی۔ مصرعہ

	درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست

شہ۔ اب آپ سے ملنا چاہون تو کہان ملون۔

منشی۔ بشرطزیست بنارس مین۔ ؎

	از بنارس نروم معبد عام ست اینجا
	سر برہمن بسپر کھمبن ورام ست اینجا

شہ۔ ہمین کچھ سکھایئے۔

منشی۔ بس چودہ وصیتین یاد رکھیے۔ علما و حکما کا قول اور آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

پہلی وصیت

جس نوکر کو مقرب بنائے اسکی نسبت شکایت نسنے کیونکہ جو لوگ بادشاہون کے مقرب ہوجاتے ہین اُن سے اکثر آدمی حسد کرنے لگتے ہین اور حسد کے سبب سے اس بات کے خواہان رہتے ہین کہ بادشاہ کی نظر التفات اُسپر سے اُٹھ جائے اور اُسکے لیے طرح طرح کی تدبیرین کرتے ہین خیرخواہ بنکر ایسی باتین بناتے ہین کہ بادشاہ اس سے ناراض ہوجائے اور بظاہر نصیحت اور نفع کی سی باتین کرتے ہین مگر مقصود اُنکا صرف یہ ہوتا ہے کہ محسود کی تذلیل اور زوال مین سعی کرین۔

دوسری وصیت

چغلخور کو دربار مین گھسنے نہ دے کیونکہ وہ لوگ برطے فتنہ انگیز اور فسادی ہوتے ہین بادشاہ کو جسوقت معلوم ہو کہ فلان شخص چغلخور ہے اُسیوقت اُسکے دفعیہ کی تدبیر کرے تاکہ اُسکے فساد سے جو ضرر پیدا ہوتے ہین نہونے پاین۔

تیسری وصیت

بادشاہ کو چاہیے کہ امرا اور ارکان دولت سے ایسا برتاؤ کرے کہ اُنکو بادشاہ کی موافقت اور نیکخواہی کا یقین ہوجائے کیونکہ جس صورت مین مصاحبون کی کمبختی اور منحوسی کی یکدلی میسر ہوتی ہے تو اُنکے اتفاق اور معاونت سے بڑے بڑے کام بہت آسانی سے انجام پاتے ہین۔

چوتھی وصیت

دشمن کی نرمی اور خوشامد پر فریفتہ نہو اور وہ کیسی ہی عاجزی اور انکساری سے پیش آئے ہرگز اعتماد نہ کرے کیونکہ دشمن سے دوستی کی توقع عقل کے خلاف ہے۔

الغرض چودھون بیان کرین اور منشی صاحب نے صاف صاف کہا کہ مین اپنی بیوی کو بہت چاہتا تھا۔ اور وہ نیکبخت میری عاشق زار تھی۔ میری شامت اعمال بخار کے عارضے مین وہ جان بحق تسلیم ہوئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ منشی صاحب کی آنکھون سے آنسو جاری ہوگئے۔ تھوڑی دیر کے بعد اشک پونچھ کر کہا۔

ایک ہی ہفتے تین دولڑکے جاتے رہے۔ ایک جوان تھا۔ کوئی بائیس برس کا۔ انتہا کا لائق فائق۔ دوسرا کوئی چودہ برس کا افسوس صد افسوس کہ دونون کے دونون ایک ہفتے مین مجھے داغ مفارقت ابدی دے گئے۔ واحسرتا واویلا

سارا عالم میری نظرون مین تیرہ و تار تھا۔ ع

دشمن کو بھی خدا نہ دکھائے پسر کا داغ

اے مہ خاک تیرہ خاطر مہمان نگاہدار ہا کہ مین نور چشم ہا ست کہ در بر گرفتہ

بیس ہزار روپیہ مین نے نام خدا غربا اور مساکین کو دیدیا اور سات ہزار روپیہ ایک عالم متقی کی نذر کیا اور طلبہ کے وظیفہ مقرر کر دیے اب میرے پاس کچھ روپیہ اور ہی کسی عزیز یا رشتہ دار یا دوست سے خط و کتابت نہین۔ نہ کسی سے ملاقات کرتا ہون۔ دو بار حج عتبات عالیات کر کے سعادت کونین حاصل کی۔ اللہ بس باقی ہوس۔

شہہ۔ آپ بڑے متقی آدمی ہین ایسے بزرگون کی زیارت مغتنمات مین سے ہی نصیب کہان ہو۔ ؎

روئے مقصود کہ شاہان بدعامی طلبند
سبحۂ بندگی حضرت درویشان ست

جی چاہتا ہی تمام عمر آپ ہی کے قدمون کے تلے پڑا رہون بہشت ایسے ہی طیب النفس بزرگون کے لیے ہی۔

منشی۔ ؎

از بارگنہ خمیدہ پشتم چہ کنم ہا نے در و نہ مسجدہ نہ کنشتم چہ کنم
نے وصف کافر نہ مسلمان جایم ہا نے لائق دوزخ نہ بہشتم چہ کنم

شہہ۔ ایک امر مین آپ سے مشورہ لینا چاہتا ہون۔

منشی۔ بسم اللہ فرمائیے۔

شہہ۔ مین ایک بت حور وش پر عاشق ہون مگر وہ زن نوخیز و خوش جمال ایک اور نوجوان رعنا کو چاہتی ہی۔ میری دلی خواہش کہ اس رقیب سے بدلا لون۔ اس بارے مین حضور کی کیا رائے ہی۔

منشی۔ انتقام! ہی توبہ۔ ع۔

در عفو لذتی ست کہ در انتقام نیست

اگر آپ پر اس عورت کا دل آتا اور جس طرح آپ کے رقیب سرخرو ہوے اسیطرح اسکے مقابل مین آپ سرخرو ہوتے تو اسکو آپ اجازت دیتے کہ آپسے انتقام لے۔ نکاح خوشی کا سودا ہی اسمین زبردستی کیسی۔ رہ لیے۔ اپنی برخود نہ پسندی بدیگرے ہم مپسند۔ اگر اس مسئلے کی پیروی کیجیے تو ملال اور غم اور جنون انتقام قریب ہی نہ آنے پائے۔ اس خیال کو دل سے دور کیجیے۔

منشی صاحب اسقدر کہہ چکے تھے کہ ایک اسٹیشن آیا۔ اترے ہیضہ کیا۔ ڈاکٹر نے لاڈینم کے تین قطرے پلائے۔ اور اسکے بعد تھوڑی دیر مین کوئی ڈیڑھ گھنٹے ہی لگتے ہونگے کہ ہچکیان لیکر چل بسے۔ ؎

دریست اجل کہ نیست درمان اورا ہر شاہ و گدا ست حکم فرمان اورا
شاہی کہ بحکم دوش کرمان میخورد ہا امروز ہمی خورند کرمان اورا

فوراً دریافت کیا گیا کہ یہ کون شخص ہین۔ انکے پاس کس قدر اسباب و جائداد ریل پر تھی۔ کہان ہی۔ انکے ساتھ کوئی ہی یا نہین اسٹیشن ماسٹر نے شہسوار سے دریافت کیا۔

شہسوار زار زار رونے لگے۔ جناب میرے والد ماجد تھے ہاے آبا جان یتیم کر چلے۔ یا الٰہی ابا جان داخل خلد ہوے سال ہی بھر مین آپ ہر گراے عالم جاودانی ہوئے۔ اُفوہ۔ یتیم۔ یتیم۔ سنا کرتے تھے۔ مگر آج خود یتیم بن بیٹھے۔ یارب جنسے یتیم کی صورت نہ دیکھی ہو ہماری صورت دیکھ لے۔ یتیمی چہرے پر برستی ہی۔ ہاے آبا جان ریل پر دغا دے گئے ابھی ابھی یہ چودہ وصیتین کرکے اور کہا انکے مطابق چلنا اور آنکھ پھیر لی۔

اسٹیشن ماسٹر۔ دیکھون۔

شہہ۔ دیکھیے۔

اسٹیشن ماسٹر۔ کیا لکھا ہو۔

شہسوار نے روتے روتے تین چار وصیتین پڑھین۔ تجہیز و تکفین کے بعد شہسوار نے منشی مرحوم کا حال و اسباب لیا اور چل کھڑے ہوئے اب سُنیے کہ سات ہزار کی اشرفیان اور دس ہزار کے نوٹ اور کوئی سو اسو روپیہ اور ایک بیگ کپڑون کا انکے ہاتھ آیا چلے امیر کبیر بن بیٹھے فوراً جوگن کے پاس پہونچے۔

جوگن۔ کہو وہ بیگم کیسی ہو۔

شہہ۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

جو۔ کیا گئے نہین پھر۔

شہہ۔ آدھی راہ سے لوٹ آیا۔

جو۔ خوب کیا۔ تمکو زمانے بھر کی بیماری سے کیا سروکار۔

شہہ۔ ہان اپنے کام سے کام ہو۔ مگر ہم امیر ہو کر آئے ہین۔

جو۔ کیا کوئی پہیلی بجھواتے ہو۔ امیر کیسے ہو لو۔

شہہ۔ گئے تھے خالی ہاتھ مگر خدا کی دین وہان سے امیر کبیر ہو آئے۔ ؎

خدا کی دین کا موسے سے پوچھے احوال کہ آگ لینے کو جائین پیمبری ہو جائے

جو۔ اُوئی کہین بھنگ تو نہین پی آئے ہو۔ کیا پایا کیا۔

شہہ۔ مذر کشیر۔

جو۔ واہ کہین پایا نہو۔ کیا ہمکو بناتے ہین۔ کسی اور کو جاکے چٹکیون پر اُڑانا۔

شہہ۔ خدا کی قسم ہزارون ہی لیکر آیا ہون یہ دیکھو۔

جو۔ اسمین کیا ہو۔ دکھاؤ ادھر لاؤ۔

شہہ۔ آنکھین کھل جائین گی۔

دنیا کے بھی عجب کارخانے ہین۔ عقل ہی نہین کام کرتی۔ دم کے دم مین درویش بینوا کو بادشاہ بحر و بر اور رنگون مین خاقان ابن خاقان کو خانمان خراب کر دے۔ اگر خدا کا فضل ہوا تو برسون کی مصیبت ایک گھڑی بھر مین دور ہو گئی اور اگر قہر ہوا تو پھر عیاذاً باللہ انسان کا ٹھکانا نہین مگر اُسکا رحم اسکے قہر سے زیادہ ہو۔ ؎

صدقے اس بندہ نوازی کے تیرے مین جاؤن باپ ماں بھی تو ہین کب ایسے شفیق و مشفق

شہسوار کو بات کی بات مین نہال کر دیا۔ مگر روپیہ بھی کیا چیز ہو کہان تو شہسوار دلفگار تارک الدنیا ہوئے تھے۔ کہان اب روپیہ جو پایا تو شوق چرایا کہ مرنے اُڑا مین۔ چین کی امارت کی بو دماغ مین سمائی۔ اور کیون نہ سماے بیٹھے بٹھائے مفت کی دولت ہاتھ آئی زر پاتے ہی اترا گئے سچ ہو۔ ؎

اگر زر نو خدا نہ دادے لیکن بخدا ستار عیوب قاضی الحاجاتی

تخمینہ کرنیسے معلوم ہوا کہ کوئی بائیس ہزار کی دولت ہاتھ آئی مگر اسباب کی گٹھری جو کھولی تو ایک فوق البشر ٹوپی دیکھکر عش عش کرنے لگے۔ مخملی منڈیل مخمل وہ بیش بہا کہ دیدہ نہ شنیدہ کسی کامل فن اُستاد نے اسپر کام بنایا تھا موتیون کے جھبے ادھر اُدھر لٹکتے تھے سو سو روپیہ کا ایک ایک موتی دیہرے ٹکے ہوئے اندھیرے مین رکھدو تو معلوم ہو چاند نکل آیا ستارے چھٹکے ہوئے ہین شہسوار نے وہ بیش بہا ٹوپی جوگن کو دکھائی اور کہا بھلا آنکو تو کتنے کی ہوگی۔ جوگن بولی میان ٹوپی کیا جواہرات کہو۔ کوہ نور کہو۔ کوئی دس بارہ ہزار سے زیادہ ہی ہوگی شہسوار ازحد متحیر ہوئے این! دس بارہ ہزار۔ اُف اسقدر دام۔ جوگن مسکرانے لگی۔ کہان بڑھے ہو رہے ہو گون مین ہو تمھین اتنی بھی

سارا عالم میری نظرون مین تیرہ وتار تھا۔ ع

دشمن کو بھی خدا نہ دکھائے پسر کا داغ

اسی خاک تیرہ خاطر مہمان نگاہ ہا ہی کہ در بر گرفتہ

بیس ہزار روپیہ مین نے نام خدا غربا اور مساکین کو دیدیا اور سات ہزار روپیہ ایک عالم متقی کی نذر کیا اور طلبہ کے وظیفہ مقرر کردیے اب میرے پاس کچھ روپیہ اور ہی کسی عزیز یا رشتہ دار یا دوست سے خط وکتابت نہین۔ نہ کسی سے ملاقات کرتا ہون۔ دوبارہ حج عتبات عالیات کرکے سعادت کونین حاصل کی۔ اللہ بس باقی ہوس۔

شہ۔ آپ بڑے متقی آدمی ہین ایسے بزرگون کی زیارت مغتنمات مین سے ہی نصیب کہان ہو۔ ؎

روے مقصود کہ شایان بدعامی طلبند
سبحہ بندگی حضرت درویشان ست

جی چاہتا ہی تمام عمر آپ ہی کے قدمون کے تلے پڑا رہون بہشت ایسے ہی طیب النفس بزرگون کے لیے ہی۔

منشی۔ ؎

از بارگنہ خمیدہ پشتم چہ کنم جا نے دیر ونہ مسجد نہ کنشتم چہ کنم
نے وصف کافر نہ مسلمان جایم نے لائق دوزخ نہ بہشتم چہ کنم

شہ۔ ایک امر مین آپ سے مشورہ لینا چاہتا ہون۔

منشی۔ بسم اللہ فرمایئے۔

شہ۔ مین ایک بت حور وش پر عاشق ہون مگر وہ زن نوخیز وخوش جمال ایک اور نوجوان رعنا کو چاہتی ہی۔ میری دلی خواہش کہ اس رقیب سے بدلا لون۔ اس بارے مین حضور کی کیا راے ہی۔

منشی۔ انتقام الہی توبہ۔ ع

در عفو لذتی ست کہ در انتقام نیست

اگر آپ پر اس عورت کا دل آتا اور جس طرح آپ کے رقیب سرخرو ہوے اسیطرح اسکے مقابل مین آپ سرخرو ہوتے تو اسکو آپ اجازت دیتے کہ آپسے انتقام لے۔ نکاح خوشی کا سودا ہی اسمین زبردستی کیسی۔ بولیے۔ اچھا برخود نہ پسندی بدیگرے ہم مپسند۔ اگر اس مسئلے کی پیروی کیجیے تو ملال اور غم اور جنون انتقام قریب ہی نہ آنے پائے۔ اس خیال کو دل سے دور کیجیے۔

منشی صاحب اسقدر کہہ چکے تھے کہ ایک اسٹیشن آیا۔ اُترے ہیضہ کیا۔ ڈاکٹر نے لاڈینم کے تیس قطرے پلائے۔ اور اسکے بعد تھوڑی دیر مین کوئی ڈیڑھ گھنٹے ہی لیکھتے ورد ہچکیان لیکر چل بسے۔ ؎

در بست اجل کہ نیست درمان اورا بر شاہ گداست حکم وفرمان اورا
شاہی کہ بحکم دوش کرمان میخورد امروز ہمی خورند کرمان اورا

فوراً دریافت کیا گیا کہ یہ کون شخص ہین۔ انکے پاس کس قدر اسباب وجائداد ریل پر تھی۔ کہان ہی۔ انکے ساتھ کوئی ہی یا نہین اسٹیشن ماسٹر نے شہسوار سے دریافت کیا۔

شہسوار زار زار رونے لگے۔ جناب میرے والد ماجد تھے۔ ہاے آباجان یتیم کرچلے۔ یا الٰہی اباجان داخل خلد ہوے سال ہی بھر مین آپ ہمارے عالم جاودانی ہوئے۔ اُفوہ۔ یتیم۔ سُنا کرتے تھے۔ مگر آج خود یتیم بن بیٹھے۔ یارب جسنے یتیم کی صورت نہ دیکھی ہو ہماری صورت دیکھ لے۔ یتیمی چہرے پر برستی ہی۔ ہاے آباجان ریل پر وداع دے گئے ابھی ابھی یہ چودہ وصیتین کرگئے اور کہا انکے مطابق چلنا اور آنکھ بھیر لی۔

اسٹیشن ماسٹر۔ دیکھون۔

شہ۔ دیکھیے۔

اسٹیشن ماسٹر۔ کیا لکھا ہی۔

شہسوار نے روتے روتے تین چار وصیتین پڑھین۔ تجہیز و تکفین کے بعد شہسوار نے منشی مرحوم کا حال واسباب لیا اور چل کھڑے ہوئے اب سُنیے کہ سات ہزار کی اشرفیان اور دس ہزار کے نوٹ اور کوئی سو اسو روپیہ اور ایک بیگ کپڑون کا انکے ہاتھ آیا چلے امیر کبیر بن بیٹھے فوراً جوگن کے پاس پہونچے۔

جوگن۔ کہو وہ بیگم کیسی ہی۔

شہہ۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

جو۔ کیا گئے نہین پھر۔

شہہ۔ آدھی راہ سے لوٹ آیا۔

جو۔ خوب کیا۔ تمکو زمانے بھر کی بیاری سے کیا سروکار۔

شہہ۔ ہان اپنے کام سے کام ہی۔ مگر ہم امیر ہو کر آئے ہین۔

جو۔ کیا کوئی پہیلی بجھواتے ہو۔ امیر کیسے بولو۔

شہہ گئے تھے خالی ہاتھ مگر خدا کی دین وہان سے امیر کبیر ہو آئے۔ ؎

خدا کی دین کا موسے سے پوچھے احوال
کہ آگ لینے کو جائین پیمبری ہو جائے

جو۔ اُدی کہین بھنگ تو نہین پی آئے ہو۔ کیا پایا کیا۔

شہہ۔ نذر کشیر۔

جو۔ واہ کہین پایا نہو۔ کیا ہمکو بناتے ہین۔ کسی اور کو جاکے چٹکیون پر اُڑانا۔

شہہ۔ خدا کی قسم ہزارون ہی لیکر آیا ہون یہ دیکھو۔

جو۔ اسمین کیا ہی۔ دیکھون ادھر لاؤ۔

شہہ۔ آنکھین کھل جائین گی۔

دنیا کے بھی عجب کارخانے ہین۔ عقل ہی نہین کام کرتی۔ دم کے دم مین درویش بنوا کو بادشاہ بجروبرا و رجنگلون مین خاقان ابن خاقان کو خاقان خراب کر دے۔ اگر خدا کا فضل ہوا تو برسون کی مصیبت ایک گھڑی بھر مین دور ہوگئی اور اگر قہر ہوا تو پھر عیاذاً باللہ انسان کا ٹھکانا ہی نہین مگر اُسکا رحم اسکے قہر سے زیادہ ہی۔ ؎

صدقے اس بندہ نوازی کے تیرے مین جاؤن
باپ بان ہوتے ہین کب ایسے شفیق و مشفق

شہسوار کو بات کی بات مین نہال کر دیا۔ مگر روپیہ بھی کیا چیز ہی کہان تو شہسوار دنگار تارک الدنیا ہوئے تھے۔ کہان اب روپیہ جو پایا تو شوق چرایا کہ مزے اُڑائین۔ چین کی عمارت کی بو دماغ مین سمائی۔ اور کیون نہ سماے بیٹھے بٹھائے مفت کی دولت ہاتھ آئی زر پاتے ہی اترا گئے سچ ہی۔ ؎

اگر زر خدا نہ دیستی کسے
ستار عیوب قاضی الحاجاتی

تخمینہ کرنیسے معلوم ہوا کہ کوئی بائیس ہزار کی دولت ہاتھ آئی مگر اسباب کی گٹھری جو کھولی تو ایک فوق البٹھرک ٹوپی دیکھکر عش عش کرنے لگے۔ مخملی منڈیل مخمل وہ بیش بہا کہ مدینہ منشید کسی کامل فن اُستاد نے اسپر کام بنایا تھا موتیون کے جھبے اِدھر اُدھر لٹکتے تھے سو سو روپیہ کا ایک ایک موتی دو ہیرے ٹکے ہوئے اندھیرے مین رکھدو تو معلوم ہو چاند نکل آیا ستارے چھٹکے ہوئے ہین شہسوار نے وہ بیش بہا ٹوپی جوگن کو دکھائی اور کہا بھلا آنکو تو کتنے کی ہوگی۔ جوگن بولی میان ٹوپی کیا جواہرات کہو۔ کوہ نور کہو۔ کوئی دس بارہ ہزار سے زیادہ ہی ہوگی شہسوار ازحد متحیر ہوئے این! دس بارہ ہزار۔ اُف اسقدر دام۔ جوگن مسکرانے لگی۔ کہان بڑھے ہو ہے لنگوٹ مین ہو تمھین اتنی بھی

تمیز نہین کہ نرے ہیرے ہی ہیرے ہین اور موتیون کے گچھے اِدھر اُدھر لٹک رہے ہین۔ آج لالہ ہیرامل کو دکھا ئینگے۔

لالہ ہیرامل ایک نوجوان جوہری تھے۔ بڑے رنگین مزاج آدمی۔ جوگن کی ایک ایک ادا پر دل لوٹتا تھا اور آن کر عشق جتاتے تھے۔ مگر جوگن اُنکے بھرون مین نہین آتی تھی۔ اُسکو اور ہی دُھن تھی۔ خدا جانے کس کے فراق مین جوگن کا بھیس کیا تھا ایسے ایسے جوہری اُسکے پاس مہینے مین صدہا آتے جاتے تھے شام کو لالہ ہیرامل صاحب تشریف لائے جوگن نے کہا لالہ صاحب سچ کہیے گا ہمارا پیار آپکو ہی یا نہین۔ لالہ ہیرامل کھل گئے۔ بنا ئیے بنا ئیے۔ ہم کو آپ بناتی ہین۔ کیا ایسا گوکھا بنایا ہی ہے ہونہہ جان مین تمھارے عشق (عشق) مین جان جاتی ہی۔ کوئی ہمارے دل سے پوچھے پچیس ہجار تیس ہجار (ہزار) روپیہ جہان کہو رکھدون بشرطیکہ ہماری ہوکر رہو۔ مگر تم جو ہی کسو کا کہنا ہی نہین مانتین روج۔ روج (روز روز) آنکر کہتے ہین مگر تم کب سنتی ہو کسو کی آج تم نے یہ پوچھا کیا جانکر چھیڑنے کے لیے پوچھا ہی۔ بتاتی ہی ہمین۔ کھیر۔ (خیر)۔ اکھتیار (اختیار) ہی تمھین کھوب (خوب) دل کھول کر ستا لو جیسے جو ستاؤ اور جس کدر (قدر) کر کے ستاؤ۔ ہم اُف نہ کرینگے۔

جو۔ ایک چیز آنک دو کہ کتنے کی ہی اور بکو ابھی دو تو لونڈی ہو جاؤن بولو کیا کہتے ہو بتاؤ۔

لالہ ہیرامل۔ (ہیرا) چھو جسکی کسم (قسم) لو ایسی کون شی ہی جو تمھر مدنا (خریدنا) مشکل ہوا سکا۔

جو۔ ہی ایسی ہی چیز۔ بھلا خرید لو تو جانین۔

ہیرا۔ دکھاؤ لاؤ ابھی لیتا ہون۔ اسی دم۔

جوگن نازو ادا سے اُٹھکر ٹوپی لے آئی۔ جوہری نے جو ٹوپی دیکھی تو پھڑک گیا۔ خوب غور کر کے دیکھا۔ تیس ہزار کی آنکی گئی تھی جن کا لڑکا اور جوہری بچہ۔ یہ کب چوکنے والے۔ کہا جو کہو ابھی ابھی منگا دین۔ جو کہو تمھاری ہی راے پر چھوڑا جوگن نے لالہ ہیرامل کو گدگدانا شروع کیا بڑے سخی بنے جاتے ہین جو کہو جو کہو۔ جو کہین گے وہ دیدو گے۔ ایسے بڑے وہ بن کے آئے کیون۔

لالہ ہیرامل سوچے کہ بہت مانگیگی دو چار ہزار انتہا دس ہزار کہا بولو نہ تم تو کھدر بکھد (خود بخود) بات بڑھاتی ہو۔ بتاؤ کیا لوگی۔

جو۔ مسکرا کر بولی بیس ہزار۔

ہیرا۔ کوئی ہی۔

خدمتگار۔ حاضر پیر و مرشد حکم۔

ہیرا۔ جسوجا کے منیب جی سے دس ہجار چہرہ شاہی ابھی گنوا لا۔ اور یہ رکا لیتا جا۔

جو۔ دس کہ بیس۔

ہیرا۔ دس ہزار تو اس مکبت (وقت) اور دس ہجار پھر دینگے ہم۔

جو۔ اچھا۔ اچھا۔ ہم کب کہتے ہین کہ ابھی دیدو۔

جوگن از بس مسرور ہوئی کہ بیس ہزار پائے۔ ہم بارہ ہی ہزار آنکتے تھے آٹھ اور بڑھے۔ شسوار دروازے کے پاس سے سن چکے تھے کہ دس ہزار اسوقت ملین گے باقی دو چار دن مین جا مے مین پھولے نہ سمائے۔ ادھر لالہ ہیرامل خوش تھے کہ اچھا پھانسا آج تیس ہزار کی ٹوپی بیس ہزار کو مول لے لی جوگن نے گھل گھل کے باتین شروع کین۔ اللہ جانتا ہی۔ جو تم مین مروت ہو نہ تو پیار کرنے کے قابل ہو۔ مگر مروت کا تو تمنے سبق ہی نہین پڑھا۔ ہیرامل نے مسکرا کر کہا بجا۔ آپ مین مروت ہی ہم مین چھو نہین گئی واہ شان اللہ کی۔ بیوی مروت ہم مین ہی۔ جب جو

کہتی ہو کر چلتے ہین - جوگن پھلواری مین ان کو لے کر ٹہلنے لگی - اٹھلا اٹھلا کر قدم رکھتی تھی - اور کبھی کبھی اس تھکی چتون سے انپر نظر ڈالتی تھی کہ حضرت رشتہ خطمی ہوے جاتے تھے -

لالہ ہیرا مل صاحب رخصت ہونے کو تھے کہ دس ہزار روپیہ آگیا - جوگن نے جو دس ہزار چہرہ شاہی چمکتے دمکتے کھن کھن کر کے گنے تو جامے مین پھولی نہ سمائی - نہایت مسرور ہوئی ہیرا مل کو کئی بار پیار کی نظر سے دیکھا اور کہا باقی روپیہ دو تین دن مین بھیج دینا -

ہیرا - جرور - جرور بھیجونگا ایسی بات ہی بھلا -

جو - اے ہم سنتے ہین جی کیا کچھ بے اعتباری ہے -

ہیرا - لاکھون کی کوٹھی چلتی ہی -

جو - کیا ہم جانتے ہی نہین -

ہیرا - اب کہو کیا کہتی ہو - صاف صاف بتا دو - بولو اے اب -

جو - اہو واہ اب رنگ لائی گلہری - اچھے آئے -

ہیرا - اب تمھارے دماغ کا ہے کو ملین گے - اب تو میرے ہو گئین نہ تم -

جو - اونہہ اونہہ کیسی کچھ - امیر نہین وہ ہو گئے -

ہیرا - دس ہزار روپیہ تمھارے نزدیک کچھ ہوا ہی نہین -

جو - کیا ! دس ہزار کیسا -

ہیرا - دس ہزار نہین بیس ہزار سہی - پھر کچھ تھوڑا ہی ہے -

شہسوار نے اشارے سے جوگن کو بلایا اور کہا کچھ خیر ہے - دس ہزار روپیہ بڑی رقم ہے کسی کا اعتبار کیا - اور پھر تم جس سے کہو گی کہ میری ٹوپی بیس ہزار کو خریدی تھی اب دس ہزار نہین دیتے تو پھر کوئی باور بھی تو نہ کریگا - جوگن نے سوچ کر کہا - انہین یہ کیا بات ہے بھلا اتنے بڑے ساہوکار اتنے بڑے جوہری اور دس ہزار کیلیے ایمان بیچ لین اور پھر میرے ساتھ ایسی بات شہسوار نے کہا خوب سوچ سمجھ لو - دیکھو ایسا نہو مفت مین روپیہ بھی جاتا رہے اور بیوقوف کے بے وقوف بنین - زمانہ نازک ہے - ہم تو صلاح نہ دینگے کہ ٹوپی دیدو - مگر اتنا ہے کہ اگر ٹوپی واپس لوگی تو وہ دس ہزار بھی لیجائین گے - اور آیا ہوا روپیہ کھو جائیگا -

جوگن نے کہا مین تو اُنسے نہ کہونگی تم جا ہو جاکے کہو - کہ ٹوپی میری ہے مگر مجھے تو اُنکا لاکھون کا اعتبار ہے شہسوار نے کہا تو پھر ہم کو بھی اعتبار ہے -

جوہری نے ایک بوسہ لیا اور رخصت ہوا تو شہسوار نے کہا لو اب تو اللہ میان نے چھپر پھاڑ کے دولت دی - کہو پیاری جانی اب نکاح کی ٹھہرتی ہے کیون دیوانہ بن اور وحشت کی لیتی ہو جوانی مفت مین کھوتی ہو - شباب کے مزے اڑاؤ - لطف جوانی و زندگانی اُٹھاؤ - جوگن نے کہا اب رنگ لائی گلہری کیا ریشہ خطمی ہوئے جاتے ہین - اوچھے کے گھر تیتر باہر کھون کہ بھیتر کچھ دن کسی پر اس ثروت کا حال ظاہر نہ کرو - نہین تو مفت مین دھر لیے جاؤ گے - ع

تا رُجا تے ہین تاڑنے والے

گو جوگن نے انکی پھر انکار کیا مگر شہسوار کو پورا یقین ہو گیا کہ کہنا مان لے گی - بات کو ہرگز نہ ٹالے گی - کہا افسوس ہے کہ تمنے ہمارا کہنا ابتک نہ مانا - خیر اب پھر غور کرو اور یہ سب مال اسباب اور روپیہ اپنے پاس رکھو -

بیگناہ قیدی

وزیر جنگ نے آزاد کو کوئی ڈیڑھ مہینے کے بعد طلب فرمایا بیشتر جب ان سے سوال کیے گئے تو ٹیڈا اور قید کا نام سنکر بڑے غصے کے جواب شافی نہ دے سکے لہذا وزیر جنگ نے ان کو

سول قیدخانے کو واپس بھیجا اور کہا ہم برٹش سفیر متعینہ قسطنطنیہ کے ذریعے سے چال چلن کا حال گورنمنٹ ہندوستان سے دریافت کرینگے۔ اگر تم اصل مین ہندی ہو تو فوراً رہا کیے جاؤگے۔ میان آزاد کا فوٹو لیا گیا اور وہ صاحب گورنر جنرل ہند کی خدمت مین بھیجا گیا میان آزاد نے بیان کیا کہ ہندوستان مین فلان صاحب سے میرا حال دریافت کیا جائے اسکے علاوہ کپتان اسمتھ اور لفٹنٹ ایبلٹن کے پاس بھی اُنکے فوٹو بھیجے گئے۔ گورنمنٹ ہند نے جواب بھیجا جس سے ظاہر ہوا کہ آزاد روسی جاسوس نہین ہی بساٹھ ستر معزز معزز آدمیون نے گواہی دی کہ ہم ان صاحب سے خوب واقف ہون منجملہ ان صاحبون کے بمبئی کے نواب صاحب اور علمائے بمبئی اور وہ نواب نامدار بھی تھے جنکا بٹیر صرف شکن علیخان اُڑ گیا تھا۔ اُن سب نے بھی دستخط کردیے لفٹنٹ ایبلٹن نے جواب لکھا کہ یہ تصویر ایک کشمیری مسلمان کی ہی جو ہندوستان کے ممالک مغربی وشمالی واودھ مین بود و باش کرتے ہین۔ یہ صاحب ہمارے ساتھ بمبئی سے جہاز پر سوار ہوئے جسکی ڈفیس جہاز کا نام تھا۔ جہاز مذکور جزیرۂ پریم کے قریب ڈوب گیا۔ اُس جوانمرد نے اکثر آدمیون کی جان بچائی۔ مالٹا تک ہمارا انکا ساتھ رہا وہان سے ہم روانہ ہوگئے انگلستان کی طرف اور وہ سکندریہ گئے کپتان اسمتھ نے لکھا مین جسکی ڈفیس جہاز کا ناخدا تھا۔ بمبئی سے یہ شخص جہاز پر سوار ہوا۔ نہایت لائق اور جوانمرد نوجوان جنٹلمین ہی مالٹا سے میرا ان کا ساتھ چھوٹا۔ جہاز ڈوبنے کے وقت میان آزاد نے ہمین بڑی مدد دی۔ یہ شخص روسی جاسوس نہین ہی۔ ہرگز نہین ہرفرجی نے بھی انکے لون بیان کیا۔ میان آزاد میرے والد کا خط لیکر آئے۔ یہ صاحب مالٹا سے آئے ہین اور میرے مہمان ہین

مین انکو اچھا سمجھتا ہون اور قسم کھا کر کہسکتا ہون کہ یہ روسی نہین ہین۔ ہندی ہین۔

میان آزاد نے بکمال فصاحت و بلاغت بیان کیا کہ مین ایک ہندی کشمیری الاصل ہون۔ روسی جاسوس جسنے مجھے کہا وہ جھوٹ بولا مین خادم اسلام اور عاشق اسلام ہون۔ اور خاص اسی غرض سے آیا ہون کہ جنگ مین شریک ہوکر ترکون کو مدد دون مگر خوبی قسمت نے مجھے قیدخانہ دکھایا۔ ع

آدمی مجبور ہی تقدیر سے

گورنمنٹ ہند نے مجھے بری کیا۔ میری تعریف لکھی مختلف مقامات کے لوگون نے مجھے پہچانا۔ ایک انگریزی اور فوجی لفٹنٹ ایبلٹن نے میری نسبت لکھا ہی کہ یہ شخص بمبئی سے ہمارے ساتھ جہاز پر روانہ ہوا۔ خود ناخدا نے اسکی تصدیق کی۔ ہرفرجی سب نے گواہی دی۔ اب بھی بری نہون تو اندھیر ہی۔

وزیر۔ بیشک آپکی نسبت اب جرم کسی طرح پر ثابت نہین ہوسکتا مگر آپ دو چار روز تامل کیجیے۔ تو آخری حکم سُناؤن۔ آپ سول قیدخانے اسوقت واپس تشریف لیجایئے۔

آزاد نے جھک کر یہ ادب سلام کیا اور چلے گئے۔ راستے مین سوچتے جاتے تھے کہ شاید اب رہائی ہوجائے۔ کیونکہ میڈیا کوئی ثبوت میرے روسی جاسوس ہونیکا پیش نہین کرسکتی۔ اور مین نے ثابت کردیا کہ اُسنے صرف تہمت تراشی ہی۔

وزیر جنگ نے میڈیا کو بلوایا اور کہا افسوس ہی کہ تمھارا بیان غلط نکلا میان آزاد روسی جاسوس نہین ہین ہندوستان سے خاصکر اسی لیے آئے ہین کہ ہماری فوج کی طرف سے روسیون کا مقابلہ کرین بہت سے ثبوت بہم پہونچے ہین۔ گورنمنٹ ہند نے لکھا ہی کہ کامل تحقیقات کے بعد معلوم ہوا ہی کہ میان آزاد کا

چال چلن یہان اچھا تھا۔

یہ فقرے سنتے ہی مُیڈر کا رنگ فق ہوگیا۔

کاٹو تو لہو نہیں بدن مین

بات کرنا محال تھا۔ وزیر جنگ نے پھر کہا کہ اگر آزاد آزاد کردیا گیا تو بیشک تمھارے لیے اچھا نہوگا۔ انصاف اسیکا مقتضی ہو کہ جو بدنامی اور پریشانی اور ناکامی آزاد کو نصیب ہوئی اُسکا معاوضہ کسی نہ کسی سے لیا جائے۔ اور اسمین بھی شبہ نہین کہ وہ ضرور آزاد ہوجائیگا مُیڈر اسے کہا کہ اب آپ جائین مُیڈر نے ایک ادائے دلربا سے حضور وزیر جنگ کو سلام کیا۔ اور رخصت ہوئی لیکن اُس پری تمثال کے بشرے سے ایک قسم کی مایوسی عیان تھی۔ کمال افسوس تھا کہ مین نے کیا کیا۔ یہ بات اب ٹرکی بھر مین مشہور ہوجائیگی۔ اور میری سخت بدنامی ہوگی اپنی ہچولی سے جاکر کل حال بیان کیا۔

اب آزاد کا حال سُنیے کہ او قیدیون کے ساتھ یہ جگر فگار و ریش نوجوان غم غلط کرتا اور دل بہلاتا تھا۔ دو چار معزز قیدی اُنکے دلی دوست ہوگئے۔ اُن سے آزاد نے اپنی دلی خواہش اور حال سچا سچا بیان کردیا۔ اور چونکہ اکثر امور مین وہ بھی اُنکے ہمدرد تھے۔ لہذا خوب گذرتی تھی۔ محبت باہم روز بروز بڑھتی ہی گئی۔ تاہم ایک ایک گھڑی اُن کو ایک ایک سال کے برابر تھی۔ اتنے دن کی قید نے اُنکو بالکل مضمحل اور کم طاقت کردیا پہلے تو بالکل مایوس ہوگئے تھے امید ہی نہ تھی کہ کسی روز آزادی کی صورت دیکھنے مین آئے گی۔ سمجھ گئے کہ ہندوستان سے گویا اسی لیے ہی آئے تھے کہ آزاد سے اسیر ہون سوچتے تھے کہ اگر کسی کو قتل کیا ہوتا اور سزا پاتے تو خود شرماتے اور اپنے کیے ہوے پر پچھتاتے۔ مگر بے گناہ

آن کھینچے اور کوئی شنوائی ہی نہین کرتا۔ حوصلہ پست ہوگیا۔ دل کا کنول کُمھلا جاتا ہو۔ ہاے جوانی مفت مین برباد ہوئی ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے ہے

شوق ہر رنگ رقیب سر و سامان نکلا قیس تصویر کے پردے مین بھی عریان نکلا

ایک روز آزاد نے ایک ناول مین کسی عاشق ناکام کا حال جو پڑھا تو اُنکو اپنی نامرادی پر کمال افسوس ہوا اور حسین آرا کی یاد مین بڑی دیر تک تڑپتے رہے۔ دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے۔ دو تین دن مین میان آزاد کی اور بھی رد حالت ہوئی۔ یہان تک کہ قید خانے کے منتظم نے اطبا کو بلوایا اور اُنکی صلاح سے میان آزاد کو اجازت دی گئی کہ صبح و شام سمندر کے قریب ہوا کھایا کرین۔ مہر مزجی نے اپنے دو گھوڑے ایک کیپ قیمتی سات سو روپیہ کا اور ایک ترکی قزمباز تعینات کردیا۔ ایک روز میان آزاد فرس تند خو پر سوار ایک دلکش مقام پر بستی کے باہر جارہے تھے۔ تو دیکھا کہ سامنے سے ایک گھوڑا بگٹٹ آرہا ہو جب اُن کے فرس ہوشکار کے قریب پہونچا تو اُنھون نے پیچھے پھر کر دیکھا ایک نوجوان نوخیز اس گلگون سبک خیز پر بصد طنطنہ رعنائی و دبدبہ دلربائی متمکن تھا۔ میان آزاد نے دل ہی دل مین کہا سبحان اللہ سبحان اللہ کیا پر یرو جوان طناز ہم معشوق سراپا انداز ہو۔

ہنوز نشکر گرد گل نارستہ تمشاد رخسارے گل تر۔ بلکہ رشک قمر۔ اداوہ دلربا کہ فرہاد زنکہ فریفتہ ہوجائین۔ ے	بخوبی سرو او چون سرو آزاد

چو گل شگفتہ بصد آب و رنگ می آئی ز شہر آئینہ یا از فرنگ می آئی

جوان حسین و نازنین نے لجاتے اور شرماتے ہوئے میاں آزاد کو جھک کر سلام کیا۔ آزاد نے سلام کا جواب دیا۔ مگر دل میں سوچنے لگے کہ یا خدا یہ کون طفل پری چہرہ ہے جسنے لجاتے ہوئے سلام کیا اور اس سے آزاد مرعوب سا ہو گیا۔ طفل نوخاستہ اور آراستہ نے کئی بار انکو دیکھا مگر شرما شرما کر گردن پھیر لی۔ ؎

پھر گردن کشتہ اور شمع کا نور	بلورین دستہ فوارۂ نور

آزاد نے خود مبادرت کی اور یوں سوال کیے۔

آزاد۔ (فرنسیسی زبان میں) آپ ترکی ہیں۔

طفل۔ جی نہیں میں پارسی ہوں۔

آزاد۔ اسم شریف آپ کا۔

طفل۔ حسن جی جمال جی۔

آزاد۔ (اپنے دل میں) اسم بامسمّی ہے۔ حسن جی جمال جی۔ آپ یہاں کس غرض سے آئے ہیں۔

طفل۔ تبدیل آب و ہوا کے لیے۔

آزاد۔ کہاں قیام ہے۔

طفل۔ محمود کے ہوٹل میں۔

آزاد۔ اب تو طبیعت اچھی رہتی ہے یہاں۔

طفل۔ ہاں شکر ہے۔

آزاد۔ اسوقت آپ کہاں سے تشریف لاتے ہیں اور کہاں جاتے ہیں۔

طفل۔ ہوٹل سے سیر فرجی پارسی کی کوٹھی گیا۔ سیر فرجی سے ملاقات نہیں ہوئی۔ میں نے سنا ہے کہ ہندوستان سے ایک صاحب آئے ہیں میاں آزاد انھیں کی ملاقات کے لیے گیا تھا مگر ملاقات نہ ہوئی۔

آزاد۔ آپ آزاد سے کیوں ملنا چاہتے ہیں۔

طفل۔ یہاں ایک لیڈی ہیں وہ مجھ سے آزاد کے اخلاق اور تہذیب اور خوش کلامی اور شیریں بیانی کی اکثر مداح ہیں اور سنا چاہے عالم اور حسین آدمی ہیں۔

آزاد۔ آپ سے کس لیڈی نے کہا اور اسکو کس قدر زمانہ ہوا۔

طفل۔ کوئی ایک مہینے کے قریب ہوا ہوگا۔

آزاد۔ لیڈی کا نام معلوم ہے۔

طفل۔ آپ شاید نہ واقف ہوں۔ میڈ اسکا نام ہے۔

میڈ کا نام سنتے ہی میاں آزاد کا رنگ فق ہو گیا تھوڑی دیر تک خاموش رہے۔ پھر پوچھا کہ آپ انکو کیسا جانتے ہیں۔

طفل خوبرو نے مسکرا کر کہا (میاں جسقدر رنگین و پاکباز نوجوان ہیں سب اس عفیفہ سے واقف ہیں انکے حسن و جمال کی دور تک دھوم ہے) میاں آزاد نے بغور دیکھا کہ اس بت جادو جمال کی تعریف کرنے کے وقت طفل خوبرو کے گال اور بھی سرخ ہو گئے۔ مسکرا کر آزاد سے بولے ہاں ہیں تو ایسی ہی خوش رو مگر چشم بد دور آپ بھی کچھ ان سے کم نہیں۔ طفل عنبر بو نے شرمانے کے ساتھ کہا ہاں۔ ہو مگر ہم تو مرد ہیں حسن و جمال ہمارے لیے فخر کا مقام نہیں۔ آزاد نے کہا یہ سچ لیکن خوبرو مرد ہو یا عورت ہر دلعزیز ہر ہوتا ہے۔ اور خدا جھوٹ نہ بلائے اگر آپ میڈ اسکے ساتھ شادی کرنا پسند کریں تو وہ فوراً منظور کر لیں میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ آج تک آپ کا سا حسین جوان نظر سے نہیں گذرا

طفل خوبرو نے مسکرا کر جواب دیا مگر میاں آزاد کا گھوڑا اسوقت الف ہو گیا تھا سن نہ سکے۔ بڑی دیر تک میاں آزاد اسکے ساتھ سیر کیا کیے۔ ایک سوار پیچھے پیچھے بنظر احتیاط انکے ساتھ تھا کہ مبادا یہ بھاگ جائیں کبھی میاں آزاد وہ پر نیاد ساتھ ساتھ آہستہ آہستہ جاتے تھے کبھی گھوڑا دوڑاتے تھے آزاد نے کہا حضرت آپکے گھوڑے پر خوب جمتے ہیں

فرمائیے اب کب ملاقات ہوگی طفل خوبرو نے پھر مسکرا کر کہا جب فرمائیے۔ اور جہان فرمائیے۔ حاضر ہون۔ آپ فروکش کہان ہین۔ اب میان آزاد بتائین تو کیا بتائین۔ یہ کہنے سے رہے کہ قیدخانے مین ہون بسوا حفاظت کے لیے ساتھ ہو رنگ زرد ہو گیا گھبرا کر بولے کہ آپ نہین ملیے مین روز صبح شام ہوا کھانے آتا ہون طفل خوبرو نے کہا بہت اچھا۔ یا اگر آپکی مرضی ہو تو ہر مرجی کے باغ مین تشریف لائیے مُیڈا ابھی وہان اکثر آتی ہین مُیڈا کا نام سنکر انکو وہ وقت یاد آیا جب اسی باغ مین میان آزاد اس شکر لب کے ساتھ میٹھی میٹھی باتین کرتے تھے۔ پہلے پہل اسی باغ دلکش مین کوہ قاف کی پری لبصد شان دلبری انسے گرمجوشی کے ساتھ ملی تھی تو انھون نے کہا جی نہین بس اسی مقام پر لین گے۔

طفل۔ ضرور لیجئے گا۔

آزاد۔ بالضرور۔

طفل۔ پھر اب رخصت ہوتا ہون۔

آزاد۔ تسلیم کل ملین گے۔

آزاد رسول قیدخانے چلے آئے۔

دوسرے روز صبح کو میان آزاد نے اس طفل خوبرو کو نہ پایا۔ بڑی دیر تک منتظر رہے مگر پتہ نہ ملا۔ شام کو کچھ حسب معمول ہوا کھانے گئے تو دیکھا کہ وہ پیرزاد اسپ صرصر تگ پر سوار آہستہ آہستہ آتا ہے دونون کی چار آنکھین ہوئین۔ آزاد نے سلام کیا۔ طفل خوبرو نے جھک کر جواب دیا۔

آزاد۔ آج صبح کو آپ سے ملاقات نہین ہوئی۔

طفل۔ جی ہان مین مُیڈا کے ہان گیا تھا۔ بڑے تپاک کے ساتھ مجھے پیش آئی ہین۔ حق یون ہے کہ پریون کا تو نام ہی نام سنا ہے۔ یہ سچ مچ کی پری ہے۔ وہ خم و چم کہ انسان گھنٹون گھورا کرے اور پھر بھی سیری نہو۔ خدا کی قدرت مجسم نظر آتی ہے ؎

معلمت ہمہ شوخی و دلبری آموخت | جفا و جور و عتاب و ستمگری آموخت

من آدمی بچنین شکل و قد و خوی و روش
ندیدہ ام مگر این شیوہ از پری آموخت

اور سنا دُچنا اور کبھی ستم ڈھاتا ہے۔ ؎

یکے خود خوبرو بودی دگر آراستی خود را
بنا معلوم شد مارا کہ قصد جان ما داری

نظر غلط انداز سے عینین کی صفین تہ و بالا ہو جاتین۔ ؎

یک نگاہ غلط انداز ز چشم ساقی
کار صد شیشہ و صد ساغر و صد جام کند

مگر افسوس ہے کہ سنگدل ہے شیوہ بیداد مین طاق ہے۔ ایک غمزے مین ہزارون کا کام تمام کر دے۔ ؎

ای مرگ برو کہ غمزۂ او | تا آمدن تو کار خود کرد

افسوس ہے کہ آپنے اس حور لقا کا نہین دیدار کیا۔ بہر حسب قسمت ملنے کا نہین ہوا۔ بڑا خوش نصیب وہ شخص ہے جسکی مخاطبہ یہ پری ہو۔ اس سے بڑھکر خوش نصیب کوئی نہین آزاد اپنے دلمین سوچنے لگے کہ اللہ اللہ مُیڈا کے حسن و جمال مین یہ تاثیر ہے کہ ایسا خوبصورت خوبرو طلعت نوجوان تک رجھا ہوا ہے۔ مُیڈا کی پیاری پیاری ادا اور گورے گورے گال ذرستان چال انکی آنکھون کے سامنے پھر گئی اور ٹھنڈی سانسین بھرنے لگے طفل خوبرو نے جو دیکھا کہ حضرت آہ سرد کھینچے ہے ہین تو مسکرا دیا آزاد کہنے ہی کو تھے کہ تم بعینہ مُیڈا کیطرح مسکراتے ہو لیکن سوچے کہ غضب ہی ہو گیا تھا۔ اس سے تو مین کہ چکا ہون کہ مُیڈا کو آج تک مینے دیکھا ہی نہین طفل خوبرو سے انھون نے پوچھا کہ میان آزاد اب کہان ہین

اُنکا حال بھی معلوم ہو۔ وہ پری چہرہ مسکرا کر بولا کہ اسی سنگدل کے بدولت وہ قید خانے مین پڑے ہین ان معشوقون مین یہی تو عیب ہو کہ سنگدل ہوتے ہین۔ آزاد نے بصد حسرت کہا۔ ؎

از سنگدل کز فلک عہد شکن را
مقصود شکست دل ما بود شکستیم

طفل۔ اَب بیچارے زبان حال و قال سے قید خانے مین یہی کہتے ہون گے۔ ؎

اے ترک شوخ اینہمہ ناز و عتاب چیست
با دل شکستگان ستم بیحساب چیست

بہت پچھتاتے ہون گے۔

آزاد اس فقرے پر آبدیدہ ہو گئے۔ کیونکہ مُیڈا نے خصت ہوتے وقت یہی فقرہ کہا تھا کہ بہت پچھتاؤ گے۔ (بہت پچھتاؤ گے)۔

اسی طرح کئی دن تک دونون ملتے رہے۔

سنہ کا رایک روز طفل خوبرو نے کہا کہ میان آزاد مجھے بہت نہ ستاؤ اور اداس ہو۔ میرے سید ہوں۔ یہ سُنکر بوحت سحیر ہو کر بولے کہ کیا۔ افوہ بڑا دھوکا ہوا۔ تمھارے مسکرانے سے مجھے شک گذرتا تھا مگر شام کی وقت مین اچھی طرح پہچان نہ سکا مُیڈا نے کہا کہ میان آزاد مین ہی تمھاری مصیبت کی باعث ہوئی۔ اَب تم معاف کرو مُیڈا تو خیر لیڈی تو تھی ہی اور بلا کی حسین و نازنین جادو جمال و زہرہ تمثال شوخی کے ساتھ جو اُس نے معافی چاہی تو آزاد اُس دلپزیر جان سے شیدا ہو گئے ؎

خوبرو جتنے ہین دل لیتی ہو سب کی شوخی
ہے مگر آپ کی شوخی تو غضب کی شوخی

دونون گھوڑون پر سے ایک جھاڑی مین گئے مُیڈا نے آبدیدہ ہو کر اشارے سے خواہش ظاہر کی کہ گلے لپٹ جاؤ پہلے تو میان آزاد جھجکے لیکن اُس پری پیکر کی چشم فتان سے اشک جاری دیکھکر ان کا دل بھر آیا مُیڈا نے کہا آزاد جو امر ی اَت یہی ہی کہ مجکو معاف کرو آزاد نے بے جھجک گلے لگایا اور کہا۔ ؎

گر ز دست زلف مشکینت خطائے رفت رفت
ور ز ہندوے ستمگر بر من جفائے رفت رفت

گر دلم از نظرہ دلدار تا بے خورد خورد
در میان جان و جانان ہیچ حائے نیست رفت

دونون گلے ملکر خوب روئے۔ آزاد اپنی مصیبت اور پریشانی یاد کر کے رو دیے۔ اور مُیڈا اس خیال سے روئی کہ میرے سبب سے یہ بیچارہ بیگناہ قید ہوا۔

جونہی اسر جو ساتھ تھا کسی قدر فاصلے پر کھڑا رہا اور یہ دونون گھوڑون پر سوار ہو کر رخصت ہوئے آزاد پھر زنان مین گئے۔

میان خواجہ بدیع صاحب

خواجہ بدیع صاحب اسکندریہ مین چین سے رہے بڑی کے کانسلے متعینہ مصر نے انکی بڑی خاطر کی۔ فوجی تمیرے چوتھے سلام کر لیتے تھے۔ پندرہ روز مین فوجی خاصے ٹانٹھے بھلے چنگے ہو گئے اسکندریہ کی حضرت نے خوبصورتی جب کئی روز تک اچھے رہے بیماری نے بالکل مفارقت کی تو ایک دن کانسل کی خدمت مین کہلا بھیجا کہ اب فدوی حضور کے اقبال سے صحیح ہو گیا عوارض نے پیچھا چھوڑا۔ امیدوار ہو کہ اجازت دیجائے۔ دریافت کیا گیا کہ سائل کس امر کی اجازت چاہتا ہو۔ کہا صرف یہ چاہتا ہون کہ میان آزاد کے پاس بھیجدیا جاؤن۔ کانسل نے حکم دیا کہ جو جہاز قسطنطنیہ جاتا ہو اُسپر فوجی بھیج دیے جائین سفر خرچ کے علاوہ زر نقد اور کپڑا بھی انکو دیا جاے۔

ایک دن خواجہ بدیع صاحب لڑکھڑاتے پڑھکتے چلے جاتے تھے کہ مالٹا

کی ایک عورت نے انکو دیکھا - (دو ماشے کا قد) اور دبلے پتلے ہاتھ پانون دیکھکر مسکرائی - میان خوجی اور بھی تن گئے اب اکڑے ہی جاتے ہین - زمین پر قدم ہی نہین رکھتے - سمجھے کہ عورت ہم پر ریجھ گئی - دل ہی دل مین سوچتے جاتے تھے کہ واللہ واہ رے ہم جس ملک مین جاتے ہین انگلیان اٹھتی ہین - چھوٹے بڑے سب ہمین کو دیکھتے ہین - وہ عورت اور بھی غور سے دیکھنے لگی - اور حضرت کے اکڑنے پر خوب ہی کھلکھلائی آپ سوچے کہ یہ نخرے کرتی ہے - شاید اس ملک کی یہی ریت ہو کہ جوان طنناز اور خوبرو کو دیکھا اور ہنسنے لگی (ماشاءاللہ آپ کے طنناز اور وجیہ ہونے مین شک بھی نہ تھا اور کسی کو ہونا یا نہ ہونا - خواجہ صاحب کو تو ذرا بھی شک نہ تھا یا اپنے کو کلے ٹھلے کا گبھرو ہی سمجھتے تھے عورت کو کھلکھلاتے ہوئے پایا تو شوق چرایا کہ اس سے چہل ہو - قریب جاکر اور منھ بناکر غور سے دیکھا - عورت کو اور بھی ہنسی آئی - اسپر خوجی اکڑ کر بولے (منھ پر میان آزاد) در حسن آرا تک کو بھول جاتے - واہ کیا پری ہے - اور مجھ گبھرو کو دیکھکر کھلی جاتی ہے - ؎

	اشتیاقی کہ بدیدار تو دارد دل من
	دل من داند و من دانم و داند دل من

یہ شعر بڑے سوز و گداز سے حضرت نے پڑھا - مگر خیر سے کتنا حسب حال ہے - کھڑے دیکھ رہے ہین - مگر - ع

	اشتیاقے کہ بدیدار تو دارد دل من

کی اچھی ہانک لگائی - قریب جاکر عورت سے پوچھا - ؎

چہ نامے کہ مولاے نام تو ام	و رم نا خریدہ غلام تو ام

واہ اور بھی ہنسی -

اتنے مین دس پندرہ رہرو بھی جمع ہو گئے - خوجی کی انوکھی قطع اور قد و قامت اور اکڑنا بڑبڑانا اور مسکرانا اور اینڈنا جو دیکھتا تھا ہنس دیتا تھا اور خوجی کو یقین واثق ہو گیا تھا کہ ہمارے حسن و جمال پر غش پڑا لکریہ لوگ غش ہو رہے ہین - اپنے اکڑ کر فرمایا ؎

میر سد این صد ہزار کوش جہان	از پس پردۂ جہان ہر دم
غیر او نیست در سرائے وجود	بحقیقت کسے دگر موجود

کوئی پوچھے ان اشعار کا یہان کیا موقع تھا بھلا مگر پوچھے تو پوچھے کس سے - قرولی کھانا منظور ہو تو خوجی سے بھڑ پڑے خواجہ صاحب ایسے مزے مین آئے کہ حوالی موالی در حاضرین کو ڈپٹنے لگے - ایک سے کہا تو یہان کیون کھڑا ہے بے - دوسرے کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا چلا جا یہان سے برابر تیسرے سے خطاب کر کے بولے اوگیدی جاتا ہے یا لگاؤن قرولی - جو تھے سے پہلے ہو کر کہا - یہان کیا تماشا ہے کچھ - ارد گرد کے لوگ سمجھے کہ مسخرہ ہے کوئی بعض بعض کو گمان ہوا کہ دیوانہ ہے - جون جون خوجی صاحب بگڑتے تھے حوالی موالی اور بھی بناتے اور کھلکھلاتے تھے - آپ نے عورت کی طرف مخاطب ہو کر اشارے سے کہا چلو ہم تم اسطرف چلین اسپر اور بھی قہقہہ پڑا - اور سب پھلیون پر آ پڑا یا اتنے مین دو تین عورتین اور بھی کھڑی ہو گئین - تب تو خوجی موچھون پر تاؤ دینے لگے اللہ اللہ ہم بھی اتنے ہوئے - اب عورتین ہم پر ریجھنے لگین - اے تیری قدرت خوجی اور عورتین ان پر ریجھین - بشان خدا خوجی تماشا بن گئے - بار بار اکڑنا اور بھی لطف دکھاتا تھا - تھوڑی دیر کے بعد اس عورت نے انکا ہاتھ پکڑ لیا - خوجی مسکرائے مسکرانا تھا کہ اس نے ایک دھول جمائی - ہاتھ چھڑانے ہی کو تھے کہ پیچھے سے کسی نے ایک اور جیت جڑی تیسرے نے چپکے سے دھپ لگائی - ادھر دیکھتے ہین تو ادھر سے پڑتی ہے اور ادھر نظر اٹھاتے ہین تو ادھر تڑاتڑ کی آواز آتی ہے اور

سمجھے کہ ہمپر جو عورت عاشق ہوئی تو میان کے باشندے جل مرے اور جب عورت نے دفعۃً عشق اور بڑے پیار سے ہمارا ہاتھ پکڑ لیا تو یہ لوگ اور بھی جل بھن کے خاک ہو گئے۔ ؎

عاشقان کشتگان معشوق اند
بر نیاید ز کشتگان آواز ہ

عاشقوں کی تو یہ کیفیت ہوتی ہی ہے۔ اور ابھی کیا ہے۔ ؎

آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا

تب جانین کہ ہم بھی عشاق کے زمرے مین نام برآوردہ ہو گئے جب لڑکے ہمپر پتھر پھینکین اور جس گلی کوچے مین جائین لونڈے لمارے تالیان بجائین اور پھپھر ہم کو کہنے کا موقع ملے کہ۔ ؎

فقیر مست ہون نعمت مری حاضر ہی جو چاہے
کباب نرگسی ہی یا شراب ارغوانی ہی ہ

میان خواجہ بدلیع صاحب سوچے کہ افیم کھانے کا وقت آن پہنچا اگر گھر جاتے ہین تو یہ عورت چھوٹتی ہی اور اگر میان پینے کی خواہش کرین تو پانی ندارد ہی۔ اشارے سے حضرت نے پانی مانگا۔ کٹوری مین دیا گیا۔ افیم گھولی۔ پی۔ اور بآواز بلند عورت کیطرف مخاطب ہو کر کہا۔ ؎

شانہ ٹوٹا تار گیسو سے مضطر توڑ کر
پھل نہین پاتا کوئی شاخ صنوبر توڑ کر

اس موزونی طبع کے صدقے۔ کیا برجستہ پڑھ دیتے ہین۔ تک ملے یا نہ ملے بوجھون تو مرے گا۔ ؎

بیہ خوش گفت ست سعدی در زلیخا
الا یا ایہا الساقی ادر کاسًا و ناولہا

خواجہ صاحب نے پھر اشارہ کیا۔ کہ چلو ہم تم اور طرف چل کھڑے ہون عورت مسکرا دی۔ اتنے مین کسی نے پیچھے سے چٹکی لی تو خوجی صاحب پلٹ پڑے۔ دیکھا تو رو بونے ایک وہی ذات شریف جنھون نے پانی کے ساتھ ہوٹل مین جمال گوٹہ پلا دیا تھا۔ دوسرے انکے کوئی یار وفادار تھے۔ خوجی نے اپنے پرانے دوست کو گھور کر دیکھا اور تن گئے۔ کیون بچہ تم اپنی شرارت سے باز نہین آتے۔ ابھی ایک کشتی نکال چکا ہون اب آج پھر سر کھجلایا۔ ہڈیان چچلانے لگین میرے بھی ہاتھ مین کھجلی ہوا آتی ہی جھپٹ کر میان خوجی نے ایک چپت جڑی۔ دونون بونے چمٹ گئے۔ خوجی نے کہا ہائین۔ ہائین۔ ایک ایک۔ ایک۔ ایک۔ مگر انھون نے ایک نہ سنی۔ خوجی جھلا گئے ایک بونے کی گردن دبائی اور زور سے ٹھنی دی۔ چار دن شانے چت۔ وہ مارا۔ وہ مارا کہ ہی چلے تھے کہ دوسرے بونے نے ٹانگ پکڑ کر کھینچ لیا اور لڑکھڑا کر خوجی گرے مگر بونا بھی ساتھ ہی گرا۔ حوالی موالی خوب ہنسے۔ قہقہے پر قہقہہ پڑا اور خوجی نین سے اٹھکر خوب ہی اکڑے۔ ہات تیرے گیدی کی ابے ہم تو نہتے لڑتے ہین اور جو کہین تو دلی ہوتی تو تو پہ ہی بھلی۔

خو۔ (عورت سے) کیون سچ کہنا کیسی آنٹی دی ہی۔

عورت (اشارے سے) شاباش بڑے پہلوان ہو۔

خو۔ پھر اب بھی ہماری شادی نہو تو ڈوب مرنے کا مقام ہی۔

دونون بونے منھ چڑھانے لگے۔

خو۔ جاؤ۔ جوتے خورے۔ زمانے بھر کے بیحیا۔ نامعقول۔

بونون نے دور جا کر خوجی پر ڈھیلے پھینکے۔

خ۔ لو جان من اب تو تمھارے دیوانے پر کلوخ اندازی بھی ہونے لگی۔ ؎

لاکھ ہو گردشِ ایام یہ حاضر ہے مدام
اُنس رکھتی ہے نہایت شبِ ہجراں ہم سے

راوی۔ یہ شوخی کس درجہ حسب حال ہے۔ بالکل چسپاں۔
عورت تھوڑی دیر میں چل دی۔ خوجی بادل پُر درد اُٹھے اور جہاں ٹکے تھے۔ وہاں جاکر سوچنے لگے کہ یہ عورت بیطور ہم پر ریجھی ہے۔ خدا نے چاہا تو صبح شام ہی نکاح ہو جائے۔ انشاء اللہ پھر میاں آزاد البتہ کہیں گے کہ ہاں بھئی خوجی کاری کردہ۔ لوگوں نے جاکر حضرت کانسل سے بھی جڑ دی کہ یہ میاں خوجی کوئی مسخرے ہیں شہر میں جس طرف جاتے ہیں اُنگلیاں اُٹھتی ہیں آدمی کیا تماشا ہے۔ کانسل نے اُنکو بلوایا۔

خو۔ سات بار سلام کرکے حاضر ہے۔ غلام۔

کانسل۔ اب کیا چاہتے ہو۔

خو۔ پیر و مرشد۔ ع۔

باز ہوائے چمنم آرزو ست

کانسل۔ ہندوستان جانے کا ارادہ ہے نہ۔

خو۔ ہاں حضور۔ ؎

حب الوطن از ملک سلیمان خوشتر خار وطن از سنبل و ریحان خوشتر
یوسف کہ بمصر بادشاہی میکرد گر بوطن گدا بود ز کنعان خوشتر

کانسل۔ اچھا ہم جلد بھیجدیں گے۔

خو۔ (سلام کرکے)۔ ع۔

شکر لعمتہائے تو چند انکہ نعمتہائے تو

کانسل۔ اچھا رخصت۔

خو۔ آداب حضور۔ ؎

دل ہمہ دیدہ شد و دیدہ ہمہ دل گردید
کہ مراد دل و دنیا ز تو حاصل گردید

شام کو خوجی سوچے کہ میں نے ہندوستان جانے کی درخواست کیوں کی۔ آزاد بیچارے کو اکیلا تن تنہا بہ یک بینی و دو گوش چھوڑ دینا موضع اہل آبرو کے خلاف ہے۔ گو آدمی لائق فائق و فہمیدہ ہے مگر کم سن اور ناآزمودہ کار ہے سوچ کر ایک عرضی حضرت نے لکھی۔

عرضی عریضہ خواجہ بدیع فسنوی

ای قبائے بادشاہی راست بر بالائے تو
مصرعۂ ثانی یازیست لہذا حذف شد ولائے تو

شہریار روجہان پناہ مخدوم و مکرم ذیجاہ کانسل صاحب بہادر

بفرعرض میرساند واجب بود بعرض رسانید

ازانجاکہ دیر و زہمایون سوزکہ آن مخدوم اعلیٰ بنابر وجہت روندگی۔ غلام بدیع از نسلان مروت تبیان بفرمایند کہ شما چہ میخواہی من یعنی غلام بدیع گفتم کہ وطن را دیدار میخواہم و فرمودندی کہ شما را رفتن سامان نمودہ میدہم و من سلام کردم و باز گفتند کہ اوداع و رخصت شو۔ ازین جا آمد کہ بوقت شام میان آزاد عالیمقام کہ آقائے ماہست یاد آمد چون اوشان را بہ یک بینی و دو گوش کہ عبارت از بچھیل ست گذاردن خلاف آبروی آبرومندان است باز چگونہ شود کہ بگویم مرا بہ ہندوستان رفتن خواہش ست۔ خواہش نیست آکی آفتاب دولت درخشان ست ازین سبب مسبب لازم آمد کہ عرضی معروضہ عرض دہم و گویم کہ مرا بہندنہ فرست بہ روم فرست چہ کہ آزاد ازین طور و ازان طرز سرد و طور برہمین نسق گذاشتن مردمیدان را خلاف ست۔

من غلام بدیع از عرصۂ چند ماہ طوق ملازمت آزاد صاحب در گردن ہمچو قمری می نماید۔ ہمراہ شان ہمہ جا رفتم۔ و انچہ او کرد کردم و او گفت گفتم۔ بر مکان بیگم بھی ہم گذشتم و ماندم

او این طور خود ش ملاقاتان نمودم۔

واضح مخفی مبادکہ آزاد صاحب جسن آرا بیگم عاشق شدہ انمودا واز ین گفت ست کہ شما بودم در رود۔ ودران روم جنگ نمودہ بار دس بیا۔ وبرودی بیا کہ من ہم شما را صلہ دہم وبا تو نکاح خوانم من را از فرانصف آمد کہ ہرگاہ خواہم داشت بنزد او بروم لہذا التجا کردم کہ من را بہ نزد آزاد اندر روم یا ہر کجا نمودہ آید روم اجازت خواہند۔

الٰہی آفتاب دولت باہزاران
ہزار ذرہ بہ بیمقدار
درخشد



یہ نادر خط شستہ ایرانی زبان مین لکھکر میان خوجی نے کانسل کے پاس بھیجا۔ خط پڑھکر انکو یقین ہوگیا کہ یا تو سڑی ہے یا سخرہ۔

کانسل۔ یہ کون لایا ہے۔

خدمتگار۔ حضور یہ لایا ہے نوری۔

کانسل۔ تم لائے ہو۔

نوری۔ (نی) ہان خداوند۔

کانسل۔ کس نے دیا۔

نو۔ وہی جو ماندے تھے پستہ قد سے ہین نہین۔

کانسل۔ سلام دو اور کہو اچھا۔

نوری جھک کر آداب بجالایا اور خوجی سے جاکر کہا (کہا ہوا اچھا)۔

خو۔ اچھا اچھا کیا معنی۔

نو۔ اب یہ آپ جانین۔

خو۔ پڑھا بھی تھا۔

نو۔ ہان پڑھ لیا تھا۔

خو۔ واہ کہین پڑھا ہو۔

نو۔ جی نہین پڑھ لیا تھا۔

خو۔ تو سمجھے ہو نگے۔ ہرگز نہ سمجھے ہونگے۔

نو۔ اب یہ مین نہین جانتا سمجھے یا نہین سمجھے۔

خو۔ ہرگز نہین سمجھے۔ سمجھتے تو ضرور انعام دیتے۔

نو۔ ہوگا بھی کچھ۔

تیسرے روز کانسل نے میان خوجی کو طلب کیا اور کہا آپ کیا چاہتے ہین۔ خوجی جھک کر آداب بجالائے اور کہا خداوندنس اب حضور کی پرورش چاہتا ہون۔

رو کیا پرورش چاہتے ہو۔ کچھ معلوم تو ہو۔"

دو وہی جو عرضی مین عرض کر چکا ہون"

در عرضی تو کسی کی سمجھ مین نہین آتی۔"

رو وہان دیکھا نہ۔ مین تو سمجھا ہی تھا کہ کسی کی سمجھ مین آئیگی (ہنسکر) واللہ واہ رے مین واہ رے ہم جو کام کیا کمال کا درجہ حاصل کیے بغیر نہ چھوڑا۔ کشتی لڑے تو ایسی ہی۔ اس گران ڈیل لڑنتے تگڑے جوان کو ہوٹل مین مارا۔ ابھی کل ہی کی بات ہے۔ کہ دو پہلوانون کو جٹکیون مین لڑا دیا۔ انیم کھائی تو ایسی صبح شام بنیک ہی مین رہے کچھ دنیا و مافیہا کی خبر نہین۔ جہاز کے ڈوبنے کا غم نہین۔ انیم کی ڈبیا جانے کا خیال فورا آیا۔ فارسی پڑھی تو ایسی۔ یہ خود قبول دیے کہ عرضی کا مطلب سمجھ مین نہ آیا۔ اور کیونکر سمجھین سمجھنا کیا ہنسی ٹھٹھا ہے"

دو بولو اب کیا چاہتے ہو"

"وہی جو عرضی مین لکھا ہو۔ ہونہہ سمجھنے کے نام یون۔ ذرا عرضی کھولو پڑھو تو۔ نوری سے مین نے ابھی دم کہا کہ سمجھے منہون گے۔ وہ گرجا کے کہ واہ سمجھے ہون گے۔ منشیون کی تحریر منشی ہی سمجھ سکتے ہین۔ ایسے ویسے کیا سمجھین ہاے نہوے آزاد اسوقت واللہ وہی داد دیتے۔ بس ایک وہ منشی ہو۔ دوسرے خواجہ بدیع"

"دو آزاد کے پاس جانا چاہتے ہو"

"چاہتے وہی ہین جو عرضی مین لکھا ہو۔ بس کہدیا"

"وہ عرضی مین کیا اول جلول لکھا"

"صائب دو چیز می شکند قدر شعر را
تحسین ناشناس و سکوت سخن شناس"

"وہم کچھ نہین سمجھتے کہ تم کیا بک رہے ہو"

"تم سے امید بھی نہین کہ خواجہ بدیع کی بات سمجھ لو۔ ایک ایک فقرہ ہر سہ دفتر ابوالفضل ہو۔

ابھی تیغ زبان سے لون مین کار ذوالفقار آئش
کوئی کافر جو ہو منکر مری معجز بیانی کا

"آزاد کے پاس جاؤ تو کل بھیجدین"

"بس وہی خواہش ہو جو کچھ عرضی مین ظاہر کی واہ کیا کیا فقرے لکھے ہین۔

اے قبلۂ بادشاہی راست بر بالاے تو
دوسرا مصرعہ یا نیست لہذا حذف شد بالاے تو

لطف سخن یہ ہو کہ چٹ قافیہ ملا دیا۔ واہ رے مین۔ خواجہ بدیع فرد ثانی نہین رکھتا اپنا۔ اور یہ لوگ بھلا کیا سمجھین گے۔

راوی۔ من چہ می سرایم و طنبورۂ من چہ می سرآید۔

کانسل۔ تم سڑی ہو بس چل دو۔ جاؤ میان سے۔

حسبوقت ہندوستانی نے انکو سمجھایا کہ کانسل خفا ہو گئے اور حکم دیتے ہین کہ یہان سے چلے جاؤ تم سڑی ہو تو خوجی کی آنکھین خون کبوتر کی سی سرخ ہو گئین۔ اور جھلا کر کہا کہ افسوس کیسے ناقدر دانون مین آن پھنسے۔ واہ واللہ وہ عرضی لکھی کہ ٹھہر ک جاؤ ابتدا اس شعر سے کی ہو سنیے گا ذرا ؎

اے قبلۂ بادشاہی راست بر بالاے تو
دوسرا مصرعہ یا نیست لہذا حذف شد بالاے تو

کیون سچ کہنا نہ کہو گے واہ رے ہم۔ بالاے تو والاے تو واہ وہ فقرہ ملایا ہو کہ سبحان اللہ۔

ہندوستانی۔ (ہنسکر) اجی یہ تو سب ہوا ہی کرے گا۔ یہ تو بتاؤ کہ اب کانسل صاحب بہادر کو کیا جواب دو گے۔

خو۔ وہی جو عرضی مین لکھا ہو۔

ہند۔ واہی ہو۔

خو۔ اوگیدی اتنی قرولیان بھونکی ہونگی کہ۔

ہندوستانی سامنے سے ہٹ گیا۔ کانسل سے کہا خداوند یہ سڑی ہو بکا سودائی۔ اسکو یہان سے ہٹا ئیے۔ خوجی سمجھے کہ ہمنے جو یہان کی کشتیان نکالین تو ہوا بندھگئی لوگ اب ہمسے ڈرنے لگے خیر دیکھا آزاد سے کہونگا کہ وہ عرضی لکھی کہ کوئی سمجھ نہ سکا اور وہ شعر تو سنکر آزاد پھڑک جائینگے۔

الغرض کانسل نے دو آدمی مقرر کیے کہ جو جہاز اسکندریہ سے قسطنطنیہ جائے اسپر انکو سوار کرا دو اور چھ مہینے کے کھانے کیلیے دید و نقد اور کپڑا۔

خو۔ کیا کہتے کیا ہین یہ۔

ہند۔ دو آدمی انھون نے مقرر کیے ہین۔ کہ آپ کو آزاد کے پاس بھیجو ین۔

خو۔ بہت اچھی بات ہی۔

ہند۔ اب آپ وہین جائیے جہان آپ ٹکے ہین۔

خو۔ اچھا سلام کرلون۔

کانسل کے قریب جاکر کہا حضور آداب عرض ہی۔ چلا لیا۔ مگر کچھ دن ہم سے پڑھ لو تو فارسی لکھنا آجائے۔

داشتہ آید بکار۔ اگرچہ بود سرمارا افسوس ہی کہ ایسے نیک آدمی اور فارسی ذرا بھی نہ سمجھ سکین ہاے افسوس وا ے افسوس بپیر شو بیا موز۔

ہند۔ جاؤ اب بکو نہ بہت بھیجو وہ بے ٹکا آدمی۔

خو۔ کیا۔

ہند۔ بھائی صاحب ہمارے وطن کے ہو۔ ٹرو نہ ہمسے۔

خو۔ اچھا اچھا۔ یارہم کمیدانی کرچکے ہین نہ فوج مین رہ چکے ہین۔ وہ پسگری کی بو نہین جاتی۔ مجبور ہین۔

ہند۔ بچار شاد ہوا۔

خو۔ اچھا حضور رخصت ہوتا ہون۔

کانسل۔ جاؤ۔ پرسون جہاز جائے گا۔

مال مست

شہسوار تنک ظرف نکلے۔ روپیہ کیا یا کہ مفت ہی کھو بیٹھے فاقہ مست سے مال مست ہوگئے ابتک تو جوگن کی خوشامد کرتے تھے۔ دست بستہ کھڑے رہتے تھے تعمیل ارشاد کو فخر سمجھتے تھے ہر بات مین خیال رہتا تھا کہ جوگن جبین بہبین نہ ہونے پائے کوئی امر ایسا نہ ہو کہ دل نازک پر گران گذرے جوگن کے ہاتھ ڈھیلے بیٹھے تھے کہ کبھی نہ کبھی تو دل پسیجے گا۔ عورت ہی معشوق مزاج اور زود رنج ایسا منہ ذرا سی بات پر تیکھی ہوجائے معشوقون کے مزاج کا آجتک تھلبلیرا ہی نہین لگا۔ زمانے کیطرح کرور دن رنگ بدلین۔ اپنے مین پر قدم ہی نہین رکھنے چلنے بھی ہین تو گندے تول کر۔ جوگن انکی بات چیت گفتگو بول چال میل جول ربط ضبط سے بھانپ گئی کہ روپے نے انکو مغرور کردیا۔ اب یہ وہ شہسوار نہین ہین۔ جو ہاتھ جوڑ کر باتین کرتے تھے۔ اور ہمارے عشق کا دم بھرتے تھے۔ بھلا ایسے تنک ظرف کو مین دل دینی! کیا مجال۔ مین تو اسکی چتون ہی سے تاڑ گئی تھی کہ کھوٹا آدمی ہی۔ عاشق زار کی کہین صورت چھپی رہتی ہی۔ ممکن نہین۔ سیکڑون ہزارون مین کھوٹا کھرا پہچان لین۔ یہ تارک الدنیا ہوتے تھے۔ شان خدا جوگن کو ان سے دلی نفرت ہوگئی صورت دیکھنے کی روادار نہ تھی۔

اپنے دل مین ایک ٹھان سوچی کہ جسکے لیے جوگن ہوئی وہ جو کہین اس غیور کو یہان دیکھ لے تو بدظن ہوجائے۔ اس سے بہتر یہی ہی کہ چلکر الگ تھلگ بستر جماؤن۔ یہان سے بوریا بدھنا اٹھاؤن۔ جوگن کی پھلواری مین صبح کے وقت ایک عورت آیا کرتی اور پھول توڑ کر پوجا کیا کرتی تھی۔ جوگن نے اسکو ہمراز بنایا ہمدم و ہمساز بنایا۔ کہا چپا ہمین صلاح دو کہ یہان سے کہان اٹھ چلین۔ یہ مرد ہمین مجبور کرتا ہی کہ میرے ساتھ نکاح پڑھوالو اور ہم دنیا کی کل عیش سے سیر ہوگئے ہین ہمین بس اب خواہش ہی تو یہ کہ ایک گوشہ عافیت مین بیٹھکر یاد خدا کرین۔ یہان سے اٹھ چلنے کی کوئی تدبیر بتاؤ۔

چمپا نے کہا سوچ لون تو جواب دون۔ جلدی نہ کیجیے خوب غور کرلیجیے۔

خو۔ اچھا۔ مگر ایک دن ایک ایک برس ہی۔

چمپا - ہواہی چاہے لیکن ذرا تامل کیجیے - آدمی مالدار ہو اور شریف زادہ اور قبول صورت" اور ابھی اٹھتی جوانی ہو -

جو - پھر اس سے مطلب -

چمپا - مطلب یہ کہ شادی کرنے کا شرع مین حکم ہو گناہ نہین - عیب نہین - پھر اگر نکاح ہو تو ہرج کیا ہو - آیندہ اپنی اپنی رائے -

جو - میرا تو دل اس شخص سے کھچ گیا -

چمپا - تو ہرگز شادی نہ کیجیے - شادی تو دل کا سودا ہو بے سمجھے کسی کو دل کیون دیجیے -

جو - ہان اور کیا - یہ اگر کوڑی بھی ہو تو رُخ نہ کرون -

چمپا - تو پھر صاف صاف کہدو کہ میان تم نہ رہو مین تنہا ہی رہنا چاہتی ہون -

جوگن سوچی کہ اگر ٹکا سا جواب دیتی ہون تو سمجھے گا کہ دس ہزار کا غبا دیا جوہری بچے سے دس ہزار روپیہ لیا - اور نہین دھتا بتلایا - اس سے بہتر یہ ہو کہ جب روپیہ آجائے تب اس سے صاف صاف کہدون اور اکیلی رہنے لگون -

چمپا - آپ خوب غور کرلین -

جو - چمپا تم اتنی عمر تک کیا کیا کین -

چمپا - مین ایک رئیس زادی کے پاس نوکر تھی -

جو - کبھی کبھی دن کے وقت آیا کرو - ذرا دھڑی دل ہی بہلے گا -

چمپا - آپکے پاس اور آنے مین انکار - یہ میری طاقت نہین آپکے پاس تو منزلون سے ٹھاکر اور راجہ بابو اور جوہری اور امیر کبیر دوڑ دوڑ کے آتے ہین - مین بھلا کس مین ہون - جب کہیے تب سر کے بھل آنکھون کے بھل حاضر ہون -

جو - اللہ نے میرے اور تمھارے کھانے اور پہننے بھر کے لیے بہت کچھ دیا ہو - دنیا مین کسی سے مجھے واسطہ ہی نہین -

ہرکس کہ بدہر نیم نانے دارد	وز بہر نشست آشیانے دارد
نے خادم کس بود نہ مخدوم کسے	گو شاد بزی کہ خوش جہانے دارد

چمپا - جی ہان اسمین کیا شک ہو - آپ اور دس کو دے کے کھا سکتی ہین -

جو - مین اُس شخص کو اچھا نہین سمجھتی - مگر نہین معلوم تھا کہ اس قدر تنگ ظرف ہو - دولت ملتے ہی اُبل پڑا - اب مین پر قدم ہی نہین رکھتا - مصرعہ

گر بدولت نرسد مست نہ گردی مردی	

چمپا - یہ بڑے عالی ظرفون کا کام ہو ہر کوئی تھوڑا ہی ایسا ہو سکتا ہو -

جو - مگر ایسے تنگ ظرف بھی کم ہونگے خیر جاہے جو کچھ ہو ہم چند روز مین اس سے علیحدہ رہین گے - اب اسکی صورت سے نفرت ہوگئی - جی نہین چاہتا کہ قریب جاکر میٹھون یا بات کرون توبہ - توبہ - مال پاتے ہی توتے کی طرح آنکھین پھیر لین - گویا کبھی کی جان پہچان ہی نہ تھی - کل قدمون پر گرتا تھا - غلامون کی طرح حکم بجا لاتا تھا - اب وہ بات ہی نہین گرگٹ کے طور پر رنگ بدلا - بھلے کو ہم نے دل نہ دیا تھا نہین تو بڑی ہیڈھب ہوتی اور دل دیتی ہی کیون - یہ دل تو چوٹ کھایا ہوا ہو -

دارم وے اما چہ دل صد گونہ حرمان در بغل
چشمے و خون در آستین اشکے طوفان در بغل

اتنے مین حضرت شہسوار آئے - ہوا کے گھوڑون پر سوار -
جوگن سے پوچھا کیون بھلا اس جوہری کے پاس کسقدر روپیہ ہوگا
ہم تو جانتے ہین ہمسے زیادہ نہوگا - بس اسوقت ہم بھی لاکھ کے
پیٹے مین ہین اور لاکھ روپیہ جسکے پاس ہوتا ہی اسکو لوگ تین
چار لاکھ کا آنکتے ہین یہ تو نئی بنائی بات ہی - گھوڑا تو وہ بموجود
ہی ہی - دو گھوڑے اور لین گے - ایک ران سواری کا ہو
کاٹھی کسی اور دو کوس کا سپاٹا مارا - مگر ہم یہ مہاجنی کارخانہ
نہ رکھین گے کہ چار جامہ اور زین پوش اور آلم اور غلم و اہیات
بس انگرینزی کاٹھی - اور ایک جوڑی فٹن کے لیے -
یکرنگ شام کو ہوا کھانے نکلے - جو دیکھے کہ رئیس جاتا ہی اور
رئیس کے کیا دو سینگ ہوتے ہین سر پر - رئیس وہ جو زر دار
ہو - اور زر کی پہچان کی نہین ہی - دس ہزار کی ایک ادنی
سی رقم مہاجن کے ہان رکھی ہی - ایک کوٹھی ہو اُمین گے -
ایک بانج بھی خریدین گے گا ئون بھی دس بارہ لینگے - کوئی
تعلقہ دار اپنا تعلقہ بیچے تو کھڑے کھڑے خریدلون - جوگن نے اُنکی
باتین سنین تو کمال افسوس کیا - دل ہی دل مین سوچی کہ (اچھا اچھا آدمی
کیاسے کیا ہوگیا) روپے نے اُسکو دیوانہ کردیا - تعلقہ خریدین گے
واہ ری عقل پچیس تیس ہزار تو میان کے پلے ہی - اس مین جسمینے
چلے ہین تعلقہ - مصرعہ

برین عقل و دانش بباید گریست

عقل کا دشمن لالہ جواہرمل سے مقابلہ کرتا ہو جس کے
ہان جواہرات کی سوداگری کے علاوہ مہاجنی کا بھی لاکھون
ہی روپیہ آتا ہی -

شہ - آج کھانا کیا پکا ہی ؟ -
جو - بیسنی روغنی روٹی -
شہ - یہ تو رئیسون کا کھانا نہین -
جو - رئیس کون ہی -
شہ - ہم تم دونون - اب بھی ریاست مین منت ہی -
ہم رئیس ہمارا باپ رئیس ہمارا دادا رئیس اتنا روپیہ پاس
ہوکر بھی رئیس نہ بنین تو لعنت خدا ہمپر - کیا تم ہمکو رئیس
نہین سمجھتین واہ کہین ایسا غضب بھی نکرنا - اب ہم
پرسون تک کوئی چالیس پچاس آدمی نوکر رکھ لین گے
چلو بس رئیس ابن رئیس ہوگئے - اہاہاہا - خوب یاد آیا
ایک ہاتھی ضرور خریدین گے -
جو - ہان بس اسی کی کسر تھی - ایک ہاتھی کی اشد ضرورت
ہی - دو تین اونٹ بھی ضرور ہون - اور دو چار
گدھے - دیکھ دیکھکر خوش ہونا کہ گدھے بھی ہمارے ہان ہین -
شہ - اچھا - مگر گدھے تو رئیسون کے ہان دیکھے نہین -
جو - نئی بات سہی -
شہ - ہان اچھا خوب سوجھی - یہ خوب سوجھی -
جو - پھر یہ سب کب خریدوگے -
شہ - اوہ جی جب چاہین - روپے کا سارا کھیل ہی اور
اسکی خدا کے فضل سے یہان کمی نہین جو چاہین خرید لین -
مگر اب ہمکو یہ فکر پیدا ہوئی کہ اس جوہری بچے کے پاس
روپیہ زیادہ ہی یا ہمارے پاس اسکا حال نہین کھلتا - بڑی
تشویش ہی مگر دل نہین گواہی دیتا کہ وہ ہمسے بڑھکر ہو -
تیس چالیس ہزار روپیہ بہت ہوتا ہی کچھ ٹھکانا ہی انسان
گئے تو برسون مین گنتی ختم ہو -

جوگن نے کہا برسون مین بھی گنتی ختم نہو۔ دو تین آدمی تو اتنے عرصے مین مرجائین۔ دو تین ماندے ہوجائین۔ دو چار کی آنکھین پھوٹین۔ تیس چالیس نہار کا گننا کچھ ہنسی ٹھٹھا ہی۔ شہسوار بہت ہی خوش ہوے۔ تھوڑی دیر کے بعد پوچھا کیون بھلا قارون کے پاس کس قدر روپیہ تھا اُسکا نام تو آجتک مشہور ہی۔ ؎

قارون ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت
نوشیروان نہ مُرد کہ نام نکو گذاشت

خانہ فارسی مین نہزار کو کہتے ہونگے یہی چالیس نہزار قارون کے پاس بھی تھے بس اور کیا۔ اس سے زیادہ کسی کے پاس کیونکر ہوسکتے ہین۔ سبحان اللہ اور تو اور۔ نہزار کی فارسی اچھی خانہ خراب ٹھہرائی روپیہ ملتے ہی محلات فرس کے موجد بن بیٹھے۔ اگر ایسے ہی ایسے خیالات جمنے لگے تو پاگل خانہ ضرور دیکھین گے۔

جو۔ کھانا تو کھاؤ۔

شہ۔ اوہ جی کھالین گے۔

جو۔ پھر کب۔

شہ۔ خدمتگار کہان ہی۔

جو۔ خدا جانے۔

شہ۔ باورچی کدھر چلے گئے۔

جو۔ بُلالو۔

شہ۔ ہم پکارین۔ خدام پکارین گے۔ کوئی ہی ارے کوئی ہی۔ یا سب مرگئے۔

جو۔ اللہ فضل کرے اپنا۔

شہ۔ ارے فضل۔ او فضل۔ ابے آتا نہین۔

جو۔ کہان ہو کہان اسوقت۔

شہ۔ آبا جان کے محل معلی مین۔

جو۔ اور ابا جان کہان ہین۔

شہ۔ انکا مقبرہ وہ سامنے نظر آتا ہی۔

جو۔ چلو کھانا کھالو۔

شہ۔ ہاتھی لاؤ دروازے پر اور پچاس خاص بردار اور پچیس سوار۔

جو۔ وہ سب حاضر ہونگے ذری دونوالے تو کھالو۔

شہ۔ ہمنے سنا ہی کہ دسترخوان پر جو بچتا ہی اُسکو نوکر چاکر بیچ لیتے ہین۔ بڑے شریر ہین۔ اب ایسا ہم نہ سُنین۔

جو۔ یا میرے اللہ۔ ایسا روپیہ بھی کسی کو نہ دے۔

شہ۔ ارے افضل۔ او فضل تفضل۔ سب مرگئے۔ اک سرے سے۔

جوگن نے جو یہ بہکی بہکی تقریر سُنی تو بدن کا رونگٹا رونگٹا کھڑا ہوگیا کانپنے لگی۔ شہسوار کی صورت دیکھے خوف معلوم ہوتا ہی۔ لیکن جنون کی کیفیت ایک ہی ساعت تک رہی کہ شہسوار بے اختیار رونے لگے جب خوب رو چکے تو جوگن سے کہا اُف اسوقت معلوم ہوتا ہی جیسے کئی من بوجھ کسی نے اتار دیا۔ کھانا کیا پکا ہی۔ جوگن نے کہا مسینی روغنی روٹی۔ شہسوار خوش ہوکر بولے لاؤ لاؤ جلدی لاؤ بڑی بھوک لگی ہی جوگن کو ذرا ڈھارس ہوئی کہ اب ذرا آدمی کی سی تقریر کرنے لگے۔ فوراً کھانا لائے آئی شہسوار نے کھانا کھا کر کہا قلب پر بوجھ سا معلوم ہوتا ہی۔ جوگن نے کہا بیوقت کھانا کھایا ہی بوجھ تو معلوم ہی ہوا چاہے اب تھوڑی دیر چہل قدمی کرکے لیٹ رہو۔ شہسوار لیٹ رہے۔

(اتنے مین ایک آدمی نے پکارا (کوئی ہی) جوگن نے پوچھا کون ہی کہا - لالہ ہیرامل نے بھیجا ہی -

جو - کیون -

آدمی - دس ہزار روپیہ بھیجا ہی -

جو - لاؤ -

آدمی - گن لیجیے - زمانہ نازک ہی -

جو - ٹھہرو - دیکھون (گن کر) دس توڑے ہین جاؤ پالے کہو تو رسید لکھوادون -

آدمی - ہم سے کہہ دیا ہی کہ تم جاکے دے آؤ اور رسید دین تو نہ لینا -

جو - اچھا جاؤ -

آدمی - پوچھا ہی کہ آج کسی وقت آؤن تو ملیے گا -

جو - آج نہین کل سویرے آئین اسوقت کام ہی اور شام کو بھی ملاقات نہوگی کل صبح کو آئین - نو بجے تک -

آدمی رخصت ہوا - جوگن سوچی کہ اگر شہسوار کو روپیہ دکھاتی ہون تو خوف ہی کہ مبادا اسکا جنون اور بھی ترقی کرے روپیہ دیکھکر کچھ بہکی بہکی باتین کرنے لگے - اور نہ دکھاؤن تو لالہ ہیرامل سے بدظن ہوجائے گا - اور جو معلوم ہوگیا کہ وہ کوڑی کوڑی ادا کرچکے تو مجھے لالچی سمجھے گا بڑی مصیبت دیکھی ہی - کچھ کرتے دھرتے بن ہی نہین پڑتی بڑی دیر تک سوچائی کہ کیا کرون - دکھاؤن یا نہ دکھاؤن - آخر کار یہ رائے قرار پائی کہ اگر اب بھلے چنگے آدمیون کی سی باتین کین تو روپیہ حوالے کردونگی - ورنہ کچھ کہونگی نہین جو اٹھنے کے ساتھی افضل اور افضل اور تفضل کو پکارا اور ہاتھی دروازے پر لانیکا حکم دیا تو بس سمجھ جاؤنگی کہ اب دیوانہ ہونے مین شک نہین -

شہسوار دو گھنٹے تک سویا کیے - دو گھنٹے کے بعد اٹھے تو جوگن نے کہا تھ دھو ڈالو خوف تھا کہ کہین خدمتگارون کو نہ حکم دین کہ پانی لاؤ مگر شہسوار نے خود اٹھکر منھ دھویا اور کہا اب ذرا ذرا آرام ہی -

جو - کچھ یاد بھی ہی -

شہ - ہان -

جو - کیا یاد ہی -

شہ - یاد ہی کہ کچھ بک رہا تھا مین - مگر یہ نہین معلوم کہ کیا بکتا تھا -

جو - خدا نہ کرے اب اس قسم کی باتین کرو - ہی ہی - میرا تو کلیجہ دھڑ دھڑ کرتا تھا -

شہ - اتفاق - اتفاق - خدا جانے اس وقت جنون کی حالت مین کیا کیا بک گیا -

اُنکی کشتی حیرت دو آبۂ امید و بیم مین تھی کبھی خیال آتا تھا کہ اب ہم جوگن کی نظرون سے گر جائین گے - کبھی سوچتے تھے کہ رخصت اسکو راہ راست پر لائیگا - مصرعہ

ببیں تا نیم ہنوز ہ ببینم چہ می شود

دیکھیے انجام کیا ہوتا ہی - یا تو یہ دولت ہمین شاہد آرزو سے ہمکنار کرے گی یا مصیبت سے دوچار کریگی -

مہر کیف - ع

شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن
گاہی خورد بابوج چون مہ دیدی - گشتی دل شاد
گہ چون یوسف فتادہ در چہ دیدی - کردی فریاد
میدار ندت چنانکہ میخواہندت پس سعی مکن -
کارے کو بجمعیت صدرہ دیدی - می باش آزاد

دفعۃً جنون نے پھر جوش کیا اور شہسوار از بس بے قرار ہو گئے اور یون آپ ہی آپ بکنے لگے ۔

زر زر ۔ روپیہ روپیہ عجب چیز ہی عجب چیز ہی ۔ بے زر کچھ بھی نہین ۔ ع ۔

زردار تو سب اڑتے ہین بے زر کا خدا حافظ و ناصر

مگر ۔ ع ۔

مغرور مشو بہ مال چون بحر بران

مال پر مغرور ہونا فضول ہی ۔ آج ہمارا ہی کل دوسرے کا ۔ پرسون تیسرے کا ۔ اسکا کچھ ٹھکانا نہین ۔ ادھر سے اُدھر سے ادھر ۔ چوطرفہ پھرا کرتا ہی ۔

یا خدا جوگن کی نظرون سے ہم نہ گر جائین ۔ مرا دل پائین ۔ صندلی دوپٹے کی بہار پر دل لوٹ ہی ۔ کلیجے پر چوٹ ہی ۔ ہائے کیا کرون کیونکر اس پری وش کو سمجھاؤن ۔ ع

دل میرود ز دستم صاحبدلان خدارا
دردا کہ راز پنہان خواہد شد آشکارا

جوگن نے جو یہ تقریر سنی تو نہایت ہی بچین ہوئی ۔ سمجھی کہ اب سنبھلنا محال ہی ۔ روپے نے انکو دیوانہ بنا دیا ۔ بے تحاشی بے پر کی اڑا رہے ہین کبھی شعر کبھی کچھ ۔ کیا جانے یہ کیا ہو گیا ۔ بس ہو کیا یہی کہ اسقدر روپیہ جو پایا تو تنک ظرفی نے مجنون کر دیا اب دو دن مین ٹنکے چلنے لگین گے فہوس صد افسوس ۔ شہسوار نے آپ ہی آپ کہا کہو یار جے اب تو گہرے ہین ۔ پو بارہ ۔ واہ رے مین ۔ اور اللہ رے ہم اور اف رے تو ۔ ہم بھی اب رئیس زادے اور رئیس ابن رئیس ہین ۔ ہمارے ساتھ بھی ہزارون خاص بردار دوڑتے ہون گے ۔

شہ ۔ کہو اب ہمارے ساتھ نکاح کروگی ۔

جو ۔ پھر کہونگی ۔

شہ ۔ قسمت کی دھنی نہین ہو ۔

جو ۔ ہان ہی تو ایسا ہی ۔

شہ ۔ مجھسے نکاح ہو تو تمھاری قسمت کھل جائے ۔

جو ۔ اسمین کیا فرق ہی ۔

شہ ۔ اگر ہماری بیوی بنو تو بڑی خوش نصیب ہو ۔

جو ۔ یہ کیا مہمل باتین کرتے ہو ۔ اہ واہ ۔ ہوش کی دوا کرو مرد وے

شہ نہین خدا جانتا ہی وہ کیفیت نہین ہی جو پہلے تھی ۔

جو ۔ ہان خیر شکر ہی ۔ ذرا سنبھلو ۔ آگ لگے اس روپیے کو ۔

شہ ۔ ہائے ہائے اس تمکین چتون اور بانکی ادا سے کہا ہی کہ قتل ہو گیا ۔

جو ۔ یہ باتین ۔ اسوقت ایک انکھ نہین بھاتین ۔

شہ ۔ ہم تو مگر دیسے ہی خادم ہین ۔

شہسوار نے دولت کے نشہ مین ایک مرتبہ للکار کر کہا جوگن نہ مانوگی ہم ایسی بات تو کہتے نہین جو شرع کے خلاف ہو ۔ نکاح مین ہرج ہی کیا ہی ۔ اور ہم لکھے دیتے ہین کہ مہر پچاس لاکھ روپیہ جوگن نے ہنسکر جواب دیا ہم لکھے دیتے ہین کہ ہم نے چین کی سلطنت آپ کے حوالے کر دی جائیے حکومتین کیجیے ۔

شہسوار نے خفا ہو کر پوچھا تو کیا پچاس لاکھ روپیے کی ہماری حیثیت نہین ہی ۔

جو ۔ آپکی حیثیت پچاس کروڑ کی سہی ۔ مگر میری حیثیت

میری رائے۔

شہ۔ اچھا خیر۔ اب نہ کہین گے۔ مگر مصیبت مین گرفتار ضرور ہوگی یاد رکھنا۔

جوگن کا رنگ فق ہوگیا۔ سمجھ گئی کہ یہ تباہی کے باعث ہونگے اپنے آپے مین تو رہے ہی نہین ہین خدا جانے کیا کر گذرین۔ دنیا سے الگ تھلگ میان بستر جمایا تھا مگر جین نہ آیا۔ نہ آیا۔ میان بھی شومی طالع نے ایک نیا گل کھلایا۔

مرہم کی جستجو مین پھرا ہون جو دور دور
تن سے سوا فگار ہین اس خستہ تن کے پانون

جو۔ سنا۔ میان۔ بس اب بہت چل نہ نکلو۔ ہان ذری بڑھ بڑھکے باتین نہ بنایئے۔ آفت پڑے ایسے روپیے پر کہ دولت کیا پانی کہ سودائی بنگئے ایسا بھی کم ظرف نہین دیکھا واہ اور سنو تم چاہے جسکو بیاہو طعنے کسے دیتے ہو کسی کو وہ مقرر کیا ہو۔ اب خیر اسی مین ہو کہ یہان سے بوریا بدھنا اٹھاؤ۔ مین آپ کی دولت کی ذرا پروا نہین بہت اترانے لگے تم۔ اب مین آپ کے ٹھہرنے کی روادار نہین۔ بس ابھی ابھی بستر اٹھاؤ نہین مین سب بھینک بھانک دونگی مواد وادہ ادیوانہ اچل دفان ہو یہانسے۔ سنتے ہو کہ نہین اب ہم تمھارے یہان بیٹھنے کے روادار نہین۔ ذرا تو روادہ کرین گے ایسا بھی کوئی مال پاکے اترتا نہین جاتا۔ سوا کوئی بھڑ بھجو جاسا معلوم ہوتا ہو۔ بس اسی کائنات پر ناز۔ اللہ کی شان ہو کبھی بابا راج روپیہ کا ہے کو دیکھا تھا۔

تھوڑے عرصے کے بعد چمپا آئی۔ دیکھا کہ جوگن ناک بھوں چڑھائے بیٹھی ہین۔ چہرہ مارے غصے کے سرخ آنکھین لال لال۔ چمپا نے کہا بندگی۔ جوگن نے اشارے سے جواب دیا۔

"کیون آج حضور کی طبیعت کیسی ہو یہ بشرے سے ملال پایا جاتا ہو"

"ہان۔ ملال کی تو بات ہی ہو۔ خوشی کہان سے ظاہر ہو۔ افسوس"

"کیون آخر ہوا کیا۔ کیا اور بھی بڑھ گئے۔ معلوم ہوتا ہو (ہنستی ہوئی) گئے"

"بڑھ گئے کیا معنی۔ ہم یون کہو دوانے ہوگئے۔ اب تو سودائی ہو وہ"

"ہان یہ کہیے تو بس اب گئے گذرے کیا کہا کیا بتاؤ تو"

"کہا کیا سنو۔ دن بھر تو بکے گئے واہی تباہی۔ کبھی کہا لاؤ میرا ہاتھی۔ لاؤ میرا گھوڑا۔ سپنیں نکالو فیل تفضل فضل خدمتگارون کو بلالو۔ ارے مرگئے سب کے سب۔ ابھی آؤ۔ ہمسے پوچھا کہ یہ لوگ ہمارے دسترخوان کے بچے بچائے کھانے کو بیچ لیا کرتے ہین نہ۔ پھر پوچھا میرے پاس دولت زیادہ ہو یا للہ میرا مل جوہری کے پاس۔ تم دونون مین کسکو امیر سمجھتی ہو۔ مین سنتے سنتے روانی ہوگئی مگر جب چاپ سنتی گئی۔ کرتی کیا۔ ناک مین دم آگیا مین نے کہا چلو کھانا تو کھالو۔ پوچھا کیا پکا ہو۔ مین نے کہا روغنی بینی۔ بس بگڑ کھڑے ہوئے کیون یہ کیون پکا۔ ہمنے کسی رئیس کے ہان بینی روٹی نہین کھائی بلاؤ کیون نہ پکا۔ کلیجہ پک گیا۔ مگر تھوڑی دیر کے بعد ہوش آیا تو کھانا کھایا اور کہا اب ذری آرام ہو بس سو کر اٹھے تو پھر وہی کیفیت سیکڑون ہی شعر پڑھ ڈالے خوب روئے ایک فقہ مین نے منع نہین کیا۔ میں سوچی کہ خوب روئے دو۔ ذرا گرمی تو کم ہو

"پھر تب سے کیسے ہین۔ اب تو اچھے ہین ۔ یا اب بھی کچھ کسر ہی"

"کسر! اور سنو ساری رام کہانی سن چکین ۔ پوچھتی ہین کیا ۔ اب بھی کسر ہی۔ اب کسر بس یہ ہی کہ ہاتھ ابھی تک نہین اٹھا"

"بس اتنی سی کسر باقی ہی ۔ اور کچھ نہین"

"نہین تو اگر یہی حال ہی نہ تو ہاتھ بھی اٹھے گا ایک روز روپیہ بھی عجیب چیز ہی"

"اہ آگ لگے ایسی دولت کو جو بیٹھے بٹھائے آدمی کو اونٹ بنادے توبہ"

"جی ہان پھر یہ تو نہی ہی۔ اسمین شبہہ کیا ہی ۔ ابھی کل تک اچھے تھے"

"بس دولت نے بلٹا دیا"

شہسوار نے اتنے مین ہانک لگائی۔

سیہ گلیم ہون لازم ہی میرا نام نہ لے
جہان مین جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہی

ہوا نہ غلبہ میر کبھی کسی سے مجھے اہ کہ جو شریک ہی میرا شریک غالب ہی

چمپا نے کہا ۔ اللہ جانتا ہی آواز تک ڈراؤنی ہی۔ اُف۔ توبہ ۔ توبہ۔

شہسوار نے جوگن کی ناک مین دم کردیا بیچاری اس وجہ پریشان ہوئی کہ جی چاہا کہ مین بھاگ جائے ۔ شہسوار کو کئی بار سمجھایا کہ تم اگر مجھے وق کرو گے تو مین تمھاری صورت نہ دیکھونگی مگر شہسوار کو دولت نے سڑی بنا دیا تھا وہ اپنی ناپسندیدہ حرکتون سے باز نہ آیا۔

شہہ ۔ تم ہو کیا بیچاری ۔ تم ہو ہی کیا ۔ ہمارے پاس اب وہ شی ہی جسکو فولاد پر رکھدین تو موم کیطرح پگھل جائے پھر مین کیا خوف ہی جب زردار نہ تھے تو تمھاری خوشامد کرتے تھے اب تم ہماری خوشامد کیون نہ کرو۔

رات کے وقت چمپا سے جوگن نے صلاح کی کہ اب مین کیا کرون ۔ چمپا نے کہا کیا بتاؤن ۔ بوی کچھ کرتے دھرتے بن ہی نہین پڑتا ۔ اب یہ تو دیوانون مین ہین ۔ چار روز مین تنکے چننے لگین گے ۔ بہتر یہی ہی کہ کسی نہ کسی تدبیر سے یہ نکال دیے جائین ۔ مگر جھٹکارا محال ہی ۔ جوگن نے کہا ہم بتائین ۔ یہان ایک آدمی رہتا ہی جسنے موم کے کھلونے خوب بنا تا ہی اور موم کے آدمی ایسے بناتا ہی کہ آدمی بس سچ مچ ہی کا معلوم ہو۔ اور موم کے ہاتھی ۔ موم کے گھوڑے ۔ موم کے لنگور ۔ اُس کے ہاتھ کے بنے ہوئے مین نے دیکھے تو عش عش کرنے لگی۔

چمپا ۔ ہان مین نے بھی دیکھے تھے۔

جو ۔ پھر اسکو بلالاؤ۔

چمپا ۔ یہ کیون وہ کیا کرین گے۔

جو ۔ ان سے ہم کچھ کہین گے۔

خیر حسنو نے آن کر بیان کیا کہ جو کھلونا کہیے فوراً بنا لاؤن۔ مجال کیا کہ کوئی پسند نہ کرے ۔ جوگن نے کان مین کچھ کہا اور حسنو دس دن کی مہلت لیکر رخصت ہوا۔

پیر فرتوت

دو بوڑھون کی ملاقات اور گفتگو کا حال ناظرین کو یاد ہوگا۔ دو دن تک برابر شبراتی کو لیکر بڑے میان سر اسے گئے مگر بوڑھے سے ملاقات نہوئی ۔ سان دونون بوڑھون مین سرا والے بوڑھے کو ہم پیر فرتوت کہینگے اور دوسرے کو پیر مرد تاکہ دھوکا نہو۔ پیر فرتوت

تیسرے روز شبراتی اور پیر مرد سویرے ہی سے سرا مین جا بیٹھے پیر فرتوت اور پیر مرد سے ملاقات ہوئی تو دونون ازبس محظوظ و مسرور ہوئے - پیر فرتوت بڑے تپاک سے پیش آئے اٹھ کھڑے ہوئے حقہ بھروایا گلوریان بنوائین اور باتین کرنے لگے -

میان شبراتی نے دیکھا کہ یہ دونون تو باتون مین مصروف ہین اور ہم بالکل بے شغل بیٹھے ہین - یہ کچھ بات ہی ہکو بھی کوئی شغل چاہیے - آتش بازی کی جھچھوندر لے کر ایک کتے کی دم مین باندھی مگر بھٹیاری نے دیکھ لیا اور لگی غل مچانے اللہ سمجھے اس موے عیبی سے جب سرا مین آتا ہی کوئی نہ کوئی شرارت ضرور کرتا ہی اور لو آج کتے کی دم مین جھچھوندر باندھ دی - اہی واہ - چل دور رہو یہان سے بھٹیاری نے جھچھوندر کھول کر زمین پر ٹپک دی - تو شبراتی مبہت ہی جھلائے - این - واہ ہی واہ ہی - دو پیسے بھر لون گا ابھی ابھی ہو نہہ - کیا چٹ سے پھینک دی - گو باپ کے باپکا مال ہی اتنا سننا تھا کہ بھٹیاری آگ ہوگئی جھلا کر شبراتی کو لاکھون بے نقط سنائین - دونون بوڑھون نے سمجھایا کہ بس اب جانے بھی دو تم ہی عم کھاؤ مگر وہ کسی سننے والی تھی بھلا - اتنے مین حوالی موالی سب ادر گرد جمع ہوگئے - کیا ہی بھٹیاری کیا ہی بھٹ - اہی ہو کیا میان - کیا بتاؤن کیا ہی - یہ موالونڈ اگتے کی دم مین جھچھوندر باندھ گیا - یہ تو آگ لگا دیتا جو مین دیکھ نہ لیتی -

ایک ہنسوڑ نے میان شبراتی کی کھوپڑی پر آہستہ سے چپت لگائی تو شبراتی مسکرا کر بولے - واہ بڑے بھائی - رنجک چاٹ گئی - اک ذری زور سے چپت لگاؤ - لوگون نے قہقہہ لگایا شبراتی بھی مسکرائے - بھٹیاری نے کہا بڑا عیبی ہی تبا سا لونڈا مگر جتنا اوپر ہی اتنا ہی زمین کے نیچے ہی -

پیر فرتوت - ہان جناب فرمائیے - میان آزاد کی نسبت آپ کیا جانتے ہین -

پیر مرد - بس صرف اسقدر کہ ایک بیگم صاحب نے انکو اس شہر پر روم بھیجا ہی - کہ اگر وہ وہان سے نیکنام آئین تو شادی کر لین -

پیر فرتوت - یہ تو ہم بھی سن چکے ہین - اور کوئی تازہ بات بتائیے -

پیر مرد - تازہ بات یہ کہ آپکشتی پر سے اترے اور زین پوش بچھا کر حقہ پیتے پیتے آپنے میان آزاد کا ایک شعر پڑھا -

پیر فرتوت - ہان ہان پڑھا تھا - ؎

سینے کو چمن بنائین گے ہم
گل کھائین گے گل کھلائین گے ہم

پیر مرد - ہان یہی شعر - ان بیگم صاحب نے سنا جنھون نے میان آزاد کو ٹرکی بھیجا تھا - بس تڑپنے لگین - مجھ سے کہا کہ تم نے جا کر پوچھو کہ آزاد کی نسبت کچھ اور بھی آپ جانتے ہین -

پیر فرتوت - بس اسی قدر جانتا ہون کہ وہ روم گئے ہین اور کچھ نہین جانتا خدا انکو مع الخیر واپس لائے - اگر یہان آنے کا اتفاق ہوا تو لڑکیان بھی ساتھ آئینگی - بیگم صاحب سے ملین گی -

پیر مرد - ضرور ضرور - کیا قصد ہی کچھ -

پیر فرتوت - ہان یہان آکر ہو گیا ہون - ایک لڑکی کی شادی ہوگئی ہی - دوسری کا نکاح آزاد کے ساتھ ہوتا مگر وہ تو ول ہار چکے ہین - مجبوری ہی -

پیر مرد - مین مکان تلاش کر رہا ہون آپکے واسطے عمدہ مکان ہو -

پیر فرتوت - ہان کوئی سات آٹھ روپے ماہواری تک کا مکان ہو تو کافی ہی مگر شریفون کا محلہ ہو - جو رنڈیون کا نہ بستے ہون

گلی مین نہو۔ بوسیدہ نہو۔ پُر فضا مقام ہو۔ اگر آپ وعدہ کیجیے کہ ایسا مکان ڈھونڈھ لونگا تو بسم اللہ پھر تلاش کیجیے۔ ورنہ مین خود بندوبست کرونگا۔ اُنھون نے کہا آج ہی مکان کا بندوبست کیے دیتا ہون ابھی مشکل ہی کیا ہی۔ یہ کہکر رخصت ہوے حسن آرا سے آکر کہا کہ اُنکو میان آزاد کا حال اچھی طرح معلوم نہین ہی مگر کہتے تھے کہ اُنکا منشا تھا کہ اپنی بڑی لڑکی کا نکاح آزاد کے ساتھ پڑھوا مین حسن آرا کا رنگ فق ہوگیا سوچی کہ ایسا نہو اس سے بھی میان آزاد اقرار کرگئے ہون تو غضب ہی ہوجاے مگر آزاد کی خو بو سے خوب واقف تھی۔

بوڑھے نے کہا وہ یہان مکان لینا چاہتے ہین کہیے تو اسی محلے مین مکان ڈھونڈھ دون۔ حسن آرا نے کہا اسوقت ہم جواب ندین گے شام کو سوچکر کہین گے۔

سپہر آرا سے یون گفتگو کی۔

حسن۔ کچھ سُنا۔

سپہر۔ نہین۔ ہم یہان تھے کہان۔

حسن۔ اُنکی بھی ایک لڑکی کے ساتھ آزاد کا نکاح ہونے والا ہی۔

سپہر۔ (خاموش)۔

حسن۔ سمجھین۔

سپہر۔ غلط بات ہی۔

حسن۔ وہ مکان یہان لینا چاہتے ہین۔

سپہر۔ اچھا پھر لین۔

حسن۔ اسی محلے مین۔

سپہر۔ جہان چاہین لین۔

حسن۔ دل لگی ہو جو کہین آزاد اُدھر سے بھی اقرار کرگئے ہون۔ چلو خیر۔ چار نکاح تک تو جائز بھی ہین۔ لیکن اللہ جانتا ہی یقین نہین آتا۔ کہین تو ذرا یقین نہین آتا۔ آزاد اگر ایسے ہرجائی ہوتے تو جان بکف نہ جاتے۔ بڑے جوانمردون کا کام ہی۔ ہر کوئی ایسا تھوڑا ہی کرسکتا ہی۔ اے تو بہ۔ کیا مجال اسی سے مین آزاد کو اسقدر چاہتی ہون۔ جوانمرد۔ قول کا پکا۔ بات کا دھنی آن بان کا آدمی ہی۔ ؎

شاہد آن نیست کہ موے و میانے دارد
بندۂ طلعتِ آن باش کہ آنے دارد

سپہر۔ اب یہ خیال تو اپنے دل سے دور کرو مگر مکان قریب دلوادو۔

جوگن کی وفات

حسن آرا اور سپہر آرا کا حال تو یہان چھوڑا اب جوگن بچاری کا تذکرہ سُنیے۔ شب کے وقت کوئی بارہ بجے چمپا نے روتے روتے شہسوار کو جگایا۔ اُٹھیے جلدی اُٹھیے۔ ہاے غضب ہی ہوگیا۔ شہسوار گھبراکر اُٹھے پوچھا کیا ہوا چمپا بولی۔ کیا بتاؤن کیا ہوا ذری چل کے اُنکو دیکھیے تو۔ شہسوار اور بھی مضطرب حال ہوا۔ پوچھا کن کو! کن کو!!۔

چمپا نے کہا اُنکا برا حال ہی آپ کی جوگن اب کوئی دم کی مہمان ہین۔

شہ۔ (چونکر)۔ این! کیا بکتی ہو۔ ہین کہان بتاؤ تو۔

چمپا۔ وہ کیا ہین پلنگ پر۔

شہ۔ ہان پھر سو رہی ہین سونے دو نہ۔

چمپا نے کہا سونے کے بھروسے بھی نہ رہیے گا کہین

سوتا کوئی اور ہوگا۔ وہ تو بالکل سرد ہوگئی ہین۔ شہسوار سنتے ہی گر پڑا تم ذرا اچھی طرح جاکے دیکھو تو۔ مجھے تو پاس جاتے ہوئے ڈر معلوم ہوتا ہے۔ ہائے غضب خدا کرے مین خواب دیکھ رہا ہون۔

چمپا سچ سچ بتاؤ صاف بتاؤ یہ ہوا کیا۔ ہائے ہم تو کہین کے نہ رہے۔ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے۔ ہائے جب زر نہ تھا تب کس لطف سے رہتی تھی اب روپیہ پاس آیا تو وہ خود ہی نہ رہی افسوس صد افسوس۔ جو کام ہوا اُلٹا ؎

موت مانگون تو رہے آرزو خواب مجھے
ڈوبنے جاؤن تو دریا ملے پایاب مجھے

یہ اپنی قسمت کی خوبی ہے۔

قریب جاکر دیکھا تو جوگن بے حس و حرکت پڑی ہے۔ چادر دور سے ڈرتے ڈرتے اُٹھائی تو موت کی صورت مجسم نظر آئی کانپ اُٹھے۔ بدن تھرتھرانے لگا خوب پھوٹ پھوٹ کر روئے۔ ہائے جوگن ہائے جوگن غضب ہوگئی ستم ہوا کیا ہائے دغا دیگئی۔ ؎

اگر دانستم از روز ازل داغ جدائی را
نمی کردم بدل روشن چراغ آشنائی را

شہسوار دیوار سے سر ٹکرانے لگے۔ چمپا نے لاکھ لاکھ سمجھایا مگر اُنھون نے ایک نہ سُنی۔ خوب ہی روئے اور چلا چلا کر کہنا شروع کیا۔ ؎

تا با تو وفا دآشنائی مارا۔ ای مونس جان
در دیدہ توئی چو روشنائی مارا۔ تحقیق بدان
روز ان و شبانہ این دعا میخواہم مین از دل و جان
یارب ندہی داغ جدائی مارا۔ در ہر دو جہان

مگر اب داغ جدائی دے ہی گئی۔ اُف خدا نخواستہ مر ہی گئی ارے خدا نخواستہ کیا۔ سچ مچ کر گیا۔ اُف خدا ناکردہ کہنا لازم تھا یا چُپ ہی کیون نہ رہا۔ بڑی خرابی کی بات ہو گئی۔ بس اب پھر توبہ کی کہ دنیا کو ترک کر دینگے۔ اب یہان نہ رہین گے۔ دنیا ہی سے جلد بینگے اور اگر رہین گے بھی تو فقیرانہ طور پر۔ توبہ ہزار توبہ۔ ؎

آباد خرابات زمی خوردن ماست | خون دو ہزار توبہ بر گردن ماست
گر من نکنم گناہ توبہ کہ کند | افزایش رحمت از گنہ کردن ماست

ابکی توبہ شکنی محال ہے۔ توبہ شکنی پر توبہ۔ اور توبہ نہ کرین گے تو کر بینگے کیا۔ توبہ شکن تو ہو ہی نہین۔

چمپا۔ جوگن بچاری کو کیا ہوا ہے۔ کچھ بتاؤ تو آخر یہ ہوا کیا۔

یہ کہکر شہسوار اور بھی زار زار رونے لگے مگر صبر۔ ؎

مرہم دل مجروح جگر سوختگان را | مسانندہ تر از صبر دوائی دگری نیست

چمپا نے بھی رونا شروع کیا اور کہا غضب ہوگیا۔

جوش جنون مین ایک مرتبہ چادر ہٹا کر منہ چوم لیا۔

چمپا نے کہا ہائین ہائین۔ یہ نہ کیجیے۔ ہاکوئی ایسا کرتا ہے۔

شہسوار نے رو رو کر کہا کیا بتاؤن مین تو کسی کام ہی کا نہ رہا دنیا سے دل اُٹھ گیا۔

اُف اسوقت جوگن کی پیاری ادا نظرون کے سامنے پھر گئی۔ وہ مستانہ چال کہ دل پائمال ہو جائے۔ مگر گل من علیہا فان گویا پیدا ہی نہین ہوئی تھی۔ افسوس۔

شہسوار نے پھر جاکر چادر ہٹائی اور جوگن کو چوم لیا۔

چمپا نے کہا ہائین پھر وہی۔ شہسوار بولے۔ ؎

گر رود سر بر نگردد سر نوشت
این سخن باید بہ آب زر نوشت

چمپا نے کہا - اچھا تو یہان چپ چاپ بیٹھے رہیے - مین جاکر اپنے بھائی کو بلا لاؤن - وہ لپیٹ لپاٹ کر لیجائیگا - کسی کو کانون کان خبر بھی نہوگی - ورنہ تم پکڑے جاؤگے - اور تم بدنام ہوگے سرکار سے سزا جو پاؤگے وہ الگ شہسوار کو چمپا کی بات ازبس پسند آئی - کہا اچھا تم جاؤ - مین یہان بیٹھا ہون - مگر ایک آدمی سے بھلا کیا ہوگا - چار ہون تب تو جنازہ اٹھے - چمپا نے کہا اسوقت آپکے ہوش ٹھکانے نہین ہین جنازہ اٹھنے کا کون موقع ہی بھلا چپکے سے لپیٹ کر راتون رات دریا مین بہادے گا جنازہ نکلنا کیا ہنسی ٹھٹھا ہی شہسوار نے کہا کہتی تو سچ ہو مگر اب جلد جاؤ ایسا نہو کہ تڑکا ہو جائے - چمپا گئی شہسوار بیچارے عین مصیبت کی حالت مین لاش کے قریب بیٹھے رو رہے تھے -

جو مجھے معلوم ہو پیاری جوگن کہ تم اسقدر صدمہ بیزار ہوگی تو خدا کی قسم مین تم سے زیادہ بات چیت کبھی نہ کرون - مگر مجھے کیا معلوم تھا کہ تم داغ حسرت دیجاؤگی اور یہ دن بھی دیکھنا پڑے گا -

صد حیف دلا کہ غمگساران فوتند — یمین بدنان و گلعذاران رفتند
چون بوگل آمدند بر باد سوا — ابر خاک چو قطرہ باران رفتند

ہر در و دیوار سے مہیب اور ڈراونی صورتین نظر آتی تھین - دل مین سوچنے لگے کہ ہم کس دھوم دھام سے آئے تھے کس تپاک سے ملے تھے کیا کیا دل لگیان ہوتی تھین - ہمارا اصرار - اُنکا انکار کبھی محبت کی باتین کبھی تکرار عجب لطف ہوتا تھا - مگر اتفاق وقت - افسوس صد افسوس عین خوشی کی حالت مین کوہ الم ٹوٹ پڑا ہاے افسوس خدا کرے مجھے بھی اسی وقت موت آجائے - تو بس ساتھ ہی چل بسون -

ای اجل گر رحمتے داری بیا امشب بکش
ورنہ بے منت فراق یار فردا می کشد

اسکی جدائی مین زندگی شاق گذرے گی سے موت مرے خدا خیر کرے -

غمہاے مردہ در دل مانندہ ساخت ہیچم
گو یا شب فراق تو روز قیامت ست

اب سینہ سوزان ہی اور رہم ہین چشم شرر افشان ہی اور نم ہین -

رسید جان بلب از محنت فراق مرا
اجل کجاست کہ مشتاق او بجان شدہ ام

تھوڑی دیر مین ٹھان لی کہ خود بھی زہر کھالین - سوچے کہ زہر کھا لیا تو یہ چالیس ہزار روپیہ کس کو دینگے - جان جانے کا رنج نہین مگر افسوس یہ ہی کہ اسقدر روپیہ کہان جائیگا - بہتر یہ ہی کہ وصیت لکھ جائین قلم دوات کاغذ تلاش کرکے وصیت لکھنے لگے حالت ثبات عقل مین اقرار کرتا ہون کہ میرے پاس پچاس ہزار روپیہ ہی جسکو چھوڑ کر مین مرتا ہون - یہ زر کثیر سپہر آرا بیگم کے لیے چھوڑے جاتا ہون سپہر آرا بیگم وہ بیگم ہین جو شہر خاص سے دو کوس پر رہتی ہین - اور ثریا بیگم انکی ماں یاد آتی ہین - یہ زر خطیر خاص سپہر آرا بیگم کے لیے ہی - رخصت -

زر تسیم و صد ہزار ثمن گذاشتیم
و نیا برا ے مردم دنیا گذاشتیم

یہ روپیہ فورا سپہر آرا بیگم کے پاس بھیجدیا جائے -

چمپا اپنے بھائی کو لیکر آئی شہسوار نے اسکے قدمون پر ٹوپی رکھکر کہا - بھائی اسوقت ہماری آبرو تمھارے ہاتھ ہی - واسطے خدا کے کسی سے ذکر نہ کرنا - ورنہ مین اپنی جان دیدونگا

بس زہر کھاکر سورہون گا۔ چمپا بولی۔ آپ چپکے بیٹھے رہیے ہم اپنے سمجھ لین گے۔ اور اللہ کے لینے رہو ہر کا نام نہ لو۔ زہر کے نام سے دل کانپ اُٹھتا ہی۔ ایک کو تو زہر کھلوایا اب تو خدا سے ڈر۔ چمپا کے بھائی نے لاش کو خوب لپیٹا۔ اور لپیٹ کر بچلا۔ اُٹھانیکے وقت شہسوار لاش کے قریب جاکر زار زار روئے۔

من از یاد تو ہرگز نیستم غافل سرت گردم
ترا در عمر خود گاہے نہ از من یاد می آید

ہاے جوگن۔ واے جوگن۔ دھوکا دیگئی۔ لوٹ لے گئی۔ ہاے چل بسین خیر باد دلی کہکر سدھارین۔

ہاے کل کہتی تھین کہ ماے درد کے بستر سے اُٹھا نہین جاتا اور آج دنیا ہی سے اُٹھگئین۔ ہاے ستم واے ستم۔

کل وہ کہتی تھین کہ ہم بستر سے اُٹھ سکتے نہین
اُٹھ گئین دنیا سے آج ان بین یہ طاقت آگئی

چمپا نے سمجھا یا کہ میان اب کہتے کس سے ہو وہ بیچاری تو داغ دیکے سدھاری ہاے کیا مجاز بایا تھا۔ دن رات اللہ کی یاد ہی کیا کرتی تھین اُٹھتی جوانی تھی۔ ہاے ابھی اُٹھتی جوانی تھی ہاے ہاے ابھی اُٹھتی جوانی تھی (ہاتھ ملکر) ارے لوگو یہ کیا ہوگیا چمپا کے بھائی نے کہا چپ چاپ۔ غل نہ مچاؤ۔

شہ۔ گور تک تو چلنے دو۔

چمپا۔ اہی ہی ایسا غضب نہ کرنا۔

شہ۔ مٹی تو دیدون۔

چمپا۔ بس اب تم نہ آؤ ساتھ۔

دو گھنٹے مین چمپا آئی اور کہا لو صاحب وفا آئے۔ اللہ کرے بہشت مین جائین۔

شہ۔ آمین۔

چمپا۔ ہاے کیا ہوا۔

شہ۔ قسمت۔ بس اب پھوٹ گئی قسمت۔ بدی تو یون ہی تھی ہاے نہ روپیہ ملتا نہ ہم ستاتے نہ وہ زہر کھاتی۔

از سکندر کی کرفلک عہد شکن را
مقصود شکست دل ما بود شکستیم

خدا شاہد ہی ہمنے دل لگانیکی سزا پائی

رہتی ہی یاد ابرو دلبر تمام رات پکتی ہی زندگی نہ خنجر تمام رات
اُس آفتاب کی جو مجھے لُو لگی رہی ہی دُھندلا رہا ہین شمع صفت سر تمام رات

اے گردش فلک ترا خانہ خراب ہو
سہتے ہین ہم عذاب ہین دن بھر تمام رات

خانون شیرین ادا حسن آرا تمام شب کے وقت صاف ستھرے سفید کپڑے پہن کر نہایت پُر مل رہی تھین۔ سپہر آرا چاندنی پر بیٹھی ہوئی بہار النسا سے باتین کرتی تھین مغلانی ادب کے ساتھ ایک کونے مین بیٹھی تھی حسن آرا نے پھولون کا گہنا پہنا تھا جسکی بوے عنبر بار سے بہشت کی یاد آتی تھین۔ چاندنی نے کھیت کیا تھا سامنے لق ودق میدان اور سہانا سمان کھیت لہلہاتے تھے۔ خنچے کھلے جاتے تھے۔ رت خوب بھیگی تھی۔ جھرنا سناٹا۔ اتنے مین تینون بہنون نے دیکھا کہ مغرب کی سمت آگ روشن ہوئی حسن آرا اور سپہر آرا متحیر ہوکر بہن کو یہ آگ کیسی ہی۔

حسن آرا۔ اہی بہن یہ روشنی کیسی ہی۔ اللہ نہ کرے کہین آگ تو نہین لگی۔ روشنی تیز ہوتی جاتی ہی۔ وہ دیکھو سامنے کی طرف آگ ہی لگی ہی۔

سپہر۔ خدا جانے کس بیچارے فلک ستائے کا گھر جل رہا ہی ہاے اسوقت کوئی اُسکے دل سے پوچھے کہ اُسکے قلب پر کیسی

گذرتی ہوگی۔ اِس طرف کیا ہے بہار النسا بہن۔

بہار۔ جانے بھی دو۔ کچھ ہوگا بھی۔ ایک دفعہ تو کہہ چکے ہیں۔ اب ہر گھڑی کون نام لے۔ یہ ہندوؤں کا مرگھٹ ہے۔ جہاں اُن کے مُردے جلائے جاتے ہیں۔

یہ فقرہ سُنتے ہی سپہر آرا کا رنگ اُڑنگ اکھڑا ہو گیا۔ گو لاکھ دل کو سمجھایا مگر اس درجہ خائف ہوئی کہ کانپنے لگی۔ بہار النسا سمجھ گئی۔ پوچھا سپہر آرا تم چپ کیوں ہو رہیں دفعتہً سپہر آرا نے دل کو مضبوط کر کے جواب دیا مگر زبان مارے خوف کے لڑکھڑاتی تھی۔ مغلانی نے کہا چلیے بیگم صاحب نیچے کے کوٹھے پر بیٹھیے ابھی مارے تو ہم آنے نہیں دیتے یہاں کسی کو۔ رات کا سمان میدان کا واسطہ مرگھٹ سامنے۔ چاروں طرف ہو کا عالم۔ یہ تو جنگل ہے جنگل۔ شہر اسکو کون کہتا ہے۔ خاصہ جنگل ہے چاروں طرف وحشت نظر آتی ہے۔ چلیے نیچے کے کوٹھے پر چلکے بیٹھیں حسن آرا نے جو اپنی بہن کی کیفیت دیکھی تو پاس جا کر بہت سمجھایا۔ ہائیں۔ ہائیں۔ سپہر آرا ایسی واہ پڑھی لکھی ہو کر نادان بنی جاتی ہو۔ چلو مُنھ دھو ڈالو آخر اس رونے سے مطلب۔ چلو کہنا مانو اتنا۔ اور ایسا بھی ڈر کیا ہے۔ واہ مُردے سے خوف ہی کیا۔ زندہ ہو تو مار بیٹھے کہ نہیں میں ڈھیلے دے چھری بھونک دے۔ مار ڈالے۔ کاٹ کھائے۔ اور مُردہ کیا کر سکتا ہے۔ چاہے جلاؤ چاہے دفناؤ۔ چاہے تکے تکے اڑاؤ اِس کا بس تھوڑا ہی چل سکتا ہے بہار النسا نے کہا۔ بہن ابھی لڑکی ہے ننھا سا کلیجا۔ تم اپنی نہ کہو تم ذرا سیانی ہو نام خدا۔ مگر یہ تو ایسی باتوں سے سہم جایا ہی چاہیں۔ اُٹھو سپہر آرا چلیں نیچے کے کوٹھے پر۔

سپہر آرا نے حسن آرا سے کہا۔ باجی جان اللہ جانتا ہے کچھ ڈر کے سبب سے نہیں۔ مگر کیا جانے ہمیں اسدم کیا یاد آیا۔ ہائے اندر والے کو کیونکر سمجھاؤں۔ قلب کی کچھ عجب کیفیت ہے۔ قابو ہی میں نہیں حسن آرا نے جو یہ تقریر سُنی تو بے اختیار رونے لگی۔ بہار النسا نے کہا لو یک نہ شد دو شد۔ اب کس کس کو سمجھاؤں یہ تو دونوں کی دونوں اسدم رو رہی ہیں بس یہاں سے چلو یہ بیٹھے بیٹھے ہوا کیا۔

الغرض بہار النسا دونوں بہنوں کو نیچے کے کوٹھے پر لے گئی۔ مغلانی نے مُنھ دھلایا پنکھا جھلا۔

حُسن آرا بیگم کو میاں آزاد یاد آئے۔ اور طرح طرح کے خیالات نے دل میں جگہ پائی۔ خوب پھوٹ پھوٹ رونی بہار النسا دنگ کہ یا الٰہی یہ کیا ہو رہا ہے۔ مگر درد دل سے واقف نہ تھی تھوڑی دیر کے بعد بہار النسا اِدھر اُدھر کی باتیں کر کے چلی گئیں۔ حُسن آرا نے تنہائی میں سپہر آرا سے یوں باتیں کیں۔

حسن۔ تم خود بھی رو دیں اور ہم کو بھی رُلایا۔ بہار النسا بہن جانتی سب ہیں۔ مگر بھول بھول جاتی ہیں۔ اب ہر گھڑی انھیں سمجھانے کو کون بیٹھے۔ ہائے کیا جانے آج اوپر کیا گذرتی ہوگی۔ ہم تو یہاں خس خانوں میں رہتے ہیں۔ اچھی سے اچھی غذا کھاتے ہیں مسہریوں اور قمقمی پلنگڑیوں پر مزے سے سوتے ہیں۔ ہنستے ہیں کھیلتے ہیں۔ وہ بیچارہ مورچوں پر جاتا ہوگا۔ رن کی زمین میں غنیم سے مقابلہ کرتا ہوگا۔ یہ سب کانٹے میرے ہی بوئے ہوئے ہیں شکوہ کروں تو کس سے اور شکایت کروں تو کس سے۔ از ما ست کہ بر ماست۔ اب تو جو ہوا سو ہوا۔

سپہر۔ باجی جان ہائے کیا ستم ہوا۔ نہ خط کتابت نہ پیام نہ سلام۔ وہ اُدھر تڑپ رہے ہونگے ہم اِدھر تڑپتے ہیں اللہ جانے کیا ہوتا ہے۔ اسوقت دریا کے کنارے دھواں اُٹھتے ہوئے

جو دیکھا تو سُن سے جان نکل گئی۔ آزاد یاد آئے۔ ہائے ایسے ہی میدانوں میں وہ بھی گولی بارود کا مقابلہ کر رہے ہونگے۔ حسن آرا اور بھی زار زار روئی۔ یہانتک کہ ہچکیاں بندھ گئیں۔ سپہر آرا نے جی کڑا کر کے سمجھایا کہ بہن اب سونے کا خیال کرو رات بہت آئی۔ مگر حسن آرا نے بجز خاموشی کے کچھ جواب نہ دیا اور برابر روتی ہی گئی۔ مغلانی نے چپکے چپکے سمجھانا شروع کیا۔ بیوی دنیا میں رہ کر انسان کو سب سہنا ہے۔ رنج بھی غم بھی سب ہی کچھ۔ اب ان باتوں کا کہاں تک خیال کیجئے گا۔ بس سو رہیے۔ اللہ فضل کرے گا۔ آپ دن بدن نکلی ہی جاتی ہیں۔ گُل کے نصیب عدا کا ٹا ہو گئیں اب اور کسی طرف دھیان کیجیے ذری حسن آرا بولی آج کی رات کاٹے نہ کٹے گی۔ کیا جانے کیا بُرے بُرے خواب دیکھے خدا کرے کہ میں جلد ٹھکانا ہو جاؤں تو ذرا تسکین ہو رات کیا پہاڑ ہو گئی۔

سپہر ۔ جیسے کوئی کالی کالی صورت نظر آئی دیتی ہے میں آج کی رات سہم گئی۔

حسن آرا بیگم بڑی دیر تک کروٹیں بدلا کیں۔ کسی پہلو چین نہ پایا تین بجے سو میں تو خواب میں میاں آزاد کو دیکھا۔ خواب کا حال سُنیے۔ دیکھا کہ جنگ کے میدان میں بھیک آدھی رات کے وقت کوئی نوجوان ایک مقام پر مجروح پڑا ہوا ہے بدن سے خون کے شترالے جاری ہیں۔ اور کیفیت دگرگوں ہے۔ حسن آرا نے اسکے سرہانے بیٹھکر پوچھا تم کون ہو۔ اور اسوقت کیا حالت ہے۔ اُس نوجوان نے آنکھ کھول کر کہا۔ **مصرعہ**

تو مسیحا دم فسوں یاد آیا

حسن آرا پہلے تو کسی قدر جھجکی مگر ایک دفعہ سے سپہر آرا کی آواز آئی کہ باجی جان ذری پہچانو نہیں کون حسن آرا نے اُس نوجوان مجروح سے پوچھا آپ کون صاحب ہیں اُس نوجوان نے سسکتے سے کہا۔ آزاد خانہ برباد۔ اسقدر سنتے ہی حسن آرا نے گلے سے لگایا۔ دونوں عاشق و معشوق گلے ملکر خوب روئے۔

حسن آرا نے کہا سرگذشت تو بتاؤ آزاد نے کہا میں خاندان چغتائیہ سے ہوں جبش کے شہزادے کا اتالیق۔ افغان و خیزان لوٹ تراجی بصرہ یہانتک آیا۔ آتے ہی تیر کھایا۔ کلیجے کے پار ہو گیا۔ خون کے شترالے جاری ہیں۔ ذرا سا پانی ملے تو پیوں جان میں جان آئے حسن آرا ایک کنوئیں میں کود پڑی اور وہاں سے پانی لیکر آئی۔ آزاد کو پلایا۔ تھوڑی دیر میں ہوش آیا تو یوں بیان کیا۔ ؎

الٰہی ایک دلی کس کس کو دوں میں ۔
نہاں دوں بت ہیں یاں ہندوستان ہے

پیاری حسن آرا ایک تو دل ہزار گاہک جسکو دیکھو ہمارے دل کی خریداری کا سودا ایک انار صد بیمار۔ مگر ایک ایک دانہ رشک یاقوت رمانی۔ ع۔

دیو کو گڈھ فتح شد مبارکباد

میدان کارزار میں جو جو مصائب سہے اُنکا حال حسن آرا کو لکھونگا مگر ابھی نہیں۔ کل پرسوں تک۔ اب شوق ہے تو یہ ہے کہ اسکے سامنے جان دوں اور دم توڑوں۔

آزاد۔ ایسی بیہیچ نوجوان دیکھی نہ سُنی۔

حسن۔ اہو اہو۔

آزاد۔ کیا جھوٹ کہتا ہوں سب صحیح تھوڑا ہی ہے۔

حسن۔ وہ شعر تو پڑھیے۔ ؎

سینے کو چمن بنائیں گے ہم داغ کو گل کھلائینگے ہم

آزاد۔ این ہا تم کو کس نے بتایا۔ اب یہ بتائیے کہ آپ ہم سے ملین گی کب تک۔

حسن۔ جب تک تب تک۔

آزاد۔ ہائے جان جاتی ہو۔ جان جاتی ہو۔ جانِ جان تم سخت سنگدل ہو ؎

گر یار را غنی ز نیاز آفریدہ اند | ما را نیاز مند نیاز آفریدہ اند

ایک تو تھا راحسن گلمزد دوسرے ناز اسپر طرہ ؎

آوازۂ محنت شدہ از ناز دوبالا
چون نغمہ کہ لطفش شود از ساز دوبالا

حسن۔ ہم تو سیہ بخت ہین۔

میان آزاد نے کہا حسن آراب جاؤ۔ میدان جنگ ہو۔ یہان تھارا کیا کام ایسا نہو تو ہین دغنے لگین۔ تو پھر ستم ہی ہو جائے۔ اتنے مین ایک توپ دغنے کی آواز آئی۔ وضنا۔ اور حسن آرا کی آنکھ کھل گئی۔ تو مرغ سحر کی آواز کان مین آئی لغاہ۔ تڑکا ہی ہو گیا ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ حسن آرا کی طبیعت نہایت بشاش تھی۔ مگر تھوڑی دیر مین خواب جو یاد آیا تو تڑپنے لگی۔ ہائے آزاد کو دیکھا بھی تو کس کیفیت مین بیچارہ سچ مچ طرح طرح کی مصیبتین سہتا ہوگا۔ ہائے یہ مجھے سوجھی کیا کہ مفت مین اُسکی جان کی خواہان ہوئی۔ مگر خیر۔ اجر تو ہوگا۔ محنت ضرور ٹھکانے لگے گی اگر ہمنے انعام نہ دیا تو خدا دیگا۔ اتنے مین سپہر آرا بھی جاگین۔

سپہر۔ باجی جان بندگی رات خوب نیند آئی۔ اس وقت بھی ٹھنڈی ہوا چلتی ہو۔

حسن۔ آزاد کو آج خواب مین دیکھا۔ جنگ کے میدان مین بڑے سسک رہے تھے۔ آزاد نے ہمین اور ہمنے آزاد کو مفت صید الم کیا مجھے سوجھی کیا کہ جانے دیا ہمین تم اُسیوقت سمجھاتی رہین مگر ہماری سمجھ مین کچھ نہ آیا۔ اتفاق۔ افتاد۔ پھر اب تو گذشت آنچہ گذشت۔

سپہر آرا نے کہا بس اب سکا غم ہی کیا جنگ کچھ خالہ جی کا گھر تو ہے نہین۔ جان بکف انسان جلتا ہی پھرتا ہے تو اسکی قسمت نہ یہ تو بھی ہی لیتا ہے کہ مین جاتا ہون اپنی خوشی سے مگر واپس آنا اپنے امکان مین نہین۔ اگر زندہ بچا تو خوالہ اور نہ یا قسمت یا نصیب۔ اب جو کیا اُسکو ہم بھگتین گے اور وہ بھگتین گے لیکن خوشی یہ ہو کہ آزاد قول کے بڑے سچے نکلے۔ اور خدا خدا کر کے وہان تک پہونچ گئے۔

بہار۔ اماجان ہم دونون سے بہت خفا ہین۔ رات اتنا روئین اتنا روئین کہ تو بہ ہی بھلی۔ بڑی دیر تک ٹھنڈی سانسین بھرتی رہین مین نے بہت سمجھایا۔ کہ اماجان روئیے نہین حسن آرا آپکا کہا ضرور مان لین گی۔ ایسی بات ہو بھالا کہ آپکے حکم سے انکار کرین۔ بولین کہ بٹیا آجکل لڑکیان کسی کا کہنا سنتا نہین مانتین۔ جو دھن سمائی بس وہ سمائی بڑے بڑے کو مانتا کون ہو۔ ذرا سیانی ہوئین خود مختار ہوئین۔ اچھا پھر یون ہی سہی۔

حسن۔ افسوس صد افسوس۔

سپہر۔ کیا جانے کیا کہتی ہین۔

حسن۔ کہنے دو۔

بہار۔ آئین۔ واہ ہو۔ ہم کیا کہتے ہین۔ اماجان نے جو کہا ہمنے تم سے کہدیا۔

حسن۔ ہان ہان سمجھی۔

بہار۔ وہ تو صاف صاف کہتی ہین کہ عسکری بڑا ہونہار لڑکا ہو۔

سپہر۔ اچھا پھر۔

بہار۔ پھر پھر تھی ہو۔ سمجھتی تھوڑا ہی ہو۔

حسن۔ اے چپ رہو سپہر آرا۔

سپہر۔ نہین معلوم تو ہوا ماجان کہتی کیا ہین۔

بہار۔ کون وہ تو صاف صاف کہتی ہین کہ عسکری لڑکا سعید ہو۔

سپہر۔ تو ایجاب و قبول کبھی شرع کے رو سے کوئی چیز ہی ہو یا کچھ بھی نہین۔

بہار۔ اللہ ری ڈھٹائی اُف۔

حسن۔ یہ سپہر آرا اسوقت خواہی نخواہی بات بڑھاتی ہین۔

سپہر۔ ہمین یہ باتین بھلی نہین معلوم ہوتین۔

بہار۔ بھلی ہون معلوم تو کیا اور نہون معلوم تو کیا۔ تم ہو ہی کیا کل کی لڑکی ہو۔ مگر باتین بڑھ بڑھکر بناتی ہو۔

حسن۔ اے بہن جانے بھی دو۔ اور کوئی ذکر چھیڑو۔

بہار۔ ذکر و کیا نہین۔ ہونا ہی ہوا ماجان کہتی ہین عسکری گھر بھر کو پسند ہے تم ہو کیا بیچاری اور تمھاری رائے کیا۔

سپہر۔ تو اس بک بک سے کیا فائدہ بہن بیس دفعہ کہہ چکی۔ کہ اس بات کو طول ندو۔ مانتی ہی نہین۔

بہار النسا بولی اللہ جانتا ہی چاہے اسمین خون ہو جائے مگر اماجان کی بات نہ ٹلے گی۔ اور مواآزاد خدا ہی خوار ہو کون اڑی چوٹی پر سے اپنی قربان کردون۔ واہ خدا جانے کہان سے بہتر بر آیا۔ نام معلوم نہ نشان چلی ہین باتین بنانے۔

حسن آرا نے جو یہ تقریر سنی تو آگ بھبوکا ہو گئی۔ اگر بہار النسا بڑی بہن نہ ہوتین۔ تو عمر بھر انکی صورت نہ دیکھتی میان آزاد کی جنکی ایک ایک ادا حسن آرا کے دل مین کھب گئی تھی۔ کوئی ان کے سامنے برا بھلا کہے اور ان سے صبر ہو سکے کیا مجال۔ آنکھون مین خون اُتر آیا۔ اللہ اللہ اب تو یہ کہنے ہی لگین۔ موا آزاد۔ اور خدائی خوار۔ ایڑی چوٹی پر قربان کردون۔ اُف یہ عداوت حسن آرا نے دل مین ٹھان لی کہ چاہے جو ہو عسکری کو منھ نہ لگائین گے۔ اور نکاح ہونا تو محال ہی۔ نکاح کیسا۔ نکاح بس آزادی کے ساتھ ہوگا۔ یا ناکتخدا رہون گی۔

سپہر آرا نے جو یہ کلمات بہار النسا کی زبان سے سُنے تو تڑ سے جواب دیا باجی بڑی ہو بس اور کیا کہون۔ کوئی اور کہتا تو منھ نوچ لیتی اور جائیے اماجان سے بھی کہہ دیجیے۔ کہ اگر اب عسکری کا نام زبان پر لائین نہ اور ہمسے کوئی اس قسم کی بات کہی تو ہم زہر ہی کھا لین گے۔ جائیے کہدیجیے چوری کیا ہی۔ لائین وہان سے عسکری۔

حسن آرا اور سپہر آرا تھوڑی دیر تک چپ چاپ بیٹھی رہین۔ اسکے بعد حسن آرا نے کہا بہن یہ بہار النسا بہن کو کیا ہوا کہ ہمسے پھر گئین سپہر آرا بولین ہوا کیا قسمت کی خوبی اور کیا ہوا۔ یہ عسکری کہان سے آن کے کود پڑے۔ گھر بھر پر اس نے جادو کر دیا۔ اماجان تک ہمسے خلاف ہو گئین۔ بس حد ہو گئی۔

حسن آرا نے کہا اب کیا تدبیر کرین کچھ کہتے سنتے بن ہی نہین پڑتی۔

خواص۔ (رزنے کے پاس سے) چلیے دونون صاحب بڑی بیگم صاحب بلاتی ہین۔ (قریب جاکر) بہار النسا بیگم کہتی تھین کہ آپ ان دونون کا بیاہ کر دیجیے۔ اور محمد عسکری کو حسن آرا بیگم کے واسطے تجویز کرتی ہین۔ اور کیا معلوم کیا کیا کہتی ہین بہت گرمائی ہوئی ہین۔ مین تو اچھی طرح سُن ہی نہ سکی۔

بڑی بیگم نے حسن آرا کو بلوایا تو ناچار جانا پڑا۔

حسن - بندگی اماجان -

بڑی بیگم نے منھ پھیر لیا حسن آرا کو سخت شاق گذرا آبدیدہ ہوگئی - یہ پہلا ہی مرتبہ تھا کہ بڑی بیگم نے اسد رجب بے اعتنائی کی ہو حسن آرا چپ چاپ بیٹھی رہی - مثل پیکر تصویر خاموش اِ تنے مین بہار افزا بولین -

بہار - اماجان کتے سخت ناراض ہین حسن آرا -

ب - میرا نام نہ لو -

بہار - جی نہین - خفا نہون آپ - جو حکم دیجیے گا - بجالائین گی -

ب - سُنا ہوا ہی سب -

بہار - حسن آرا اماجان کے قریب آؤ -

حسن آرا شش در کہ اب کیا کرون - بہار النسا کے مشورے کے موافق بڑی بیگم کے پاس جا بیٹھین بڑی بیگم نے اُنکی طرف بھی نہ دیکھا حسن آرا کو اور بھی شاق گذرا -

بڑی بیگم صاحب نے کہنا شروع کیا کہ عسکری سالڑکا کوئی مثال (مشعل) لیکر بھی ڈھونڈھے تو نہ پائے - ایک تو پڑھا لکھا دوسرے حکیم تیسرے خاندان اچھا - پھر ہونہار آج کل کے زمانے کے لڑکون کی طرح آوارہ نہین ہے ہر طرح اچھا - مگر اُنکی صندسا اور مجھے صد سے نفرت جب یہ میرے کہنے مین نہین ہین تو پھر مجھ سے واسطہ کیا بہار النسا نے بڑی بیگم کی راے سے اتفاق کر لیا - اور کہا حسن آرا خوب سوچ کر اِسکا جواب دو -

ب - مین جو اب وو اب کچھ نہین مانگتی -

بہار - آپ دیکھ لیجیے گا حسن آرا آپ کا کہنا مان لینگی -

ب - بس دیکھ لیا -

بہار - حسن آرا - اے حسن آرا -

حسن - کیا بولون کیا - (اپنے دل مین) - ؎

بہ قسم ہیچ مضمون جز بہ لب بستن نمی آید
خموشی معنی دار دکہ در گفتن نمی آید

بہار - اماجان کیا کہتی ہین -

ب - از براے خدا مجھ کمبخت کا نام نہ لو -

بہار - اماجان ایسی باتین نہ کیجیے -

ب - دل جلتا ہی - بہار النسا دل جلتا ہی - اپنے دل مین کیا کیا سوچتے تھے - مگر اب تو اُٹھ ہی جاؤ مین یہان سے تو جی جائین - دیکھیے کب وہ دن آتا ہی -

بڑی بیگم نے ایک ماما کو حکم دیا کہ کسی دی کو بھیجکر عسکری میان کو بلوا اور خود نشین مین جا بیٹھین حسن آرا اُٹھکر کوٹھے پر گئی اور جاتے ہی سہری پر لیٹی - اور لیٹتے ہی ٹھنڈی سانسین بھرنے لگی -

تھوڑی دیر مین خواص نے آنکر کہا چلیے بلاتی ہین -

حسن - کون بلاتی ہین -

خواص - بہار النسا بیگم - آپ کی بہن -

حسن - ہین نیند آتی ہی -

سپہر - ہم بھی نہ جائین گے -

حسن - وائے قسمت - ؎

شوق ہر رنگ رقیب سر و سامان نکلا
قیس تصویر کے پردے سے بھی عریان نکلا

اب مرض لاعلاج ہی - بس جان جائے گی - ؎

دوست غمخواری مین میری سعی فرمائین گے کیا
زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جائین گے کیا

بہار النسا بہن خلاف۔ آنا جان خفا محمد عسکری دشمن۔

بہار۔ ذری پردے ہی مین رہنا۔

حسن۔ کیون۔

بہار۔ اچھا یہیں چلی آؤ۔

سپہر۔ یہ پردہ کیسا۔

بہار۔ اہ عسکری آتے ہین۔

بہار کمرے مین تشریف لائین حسن آرا کی طرف مخاطب ہو کر بولین۔ ہمسے عسکری نے اسوقت کہا کہ چلو کوٹھے پر چل کر بیٹھین۔ ہمنے کہا چلو اچھا۔ تم دونون اس پردے کی آڑ مین ہو جاؤ تو وہ بھی بیٹھین۔ کھانا نکلوایا جائے۔ آنا جان کو سچ مچ بد ہضمی ہے۔

حسن آرا نے جو محمد عسکری کا نام سنا تو کان اٹھی سپہر آرا نے حسن آرا اور حسن آرا نے سپہر آرا کی طرف دیکھا۔

بہار النسا نے ماما سے کہا ذری وہ کرسی تو باہر برآمدے مین بچھا دو۔ بیٹھے محمد عسکری۔

عسکر۔ جی ہان بیٹھا ہون۔ آپ تکلیف نہ کیجیے۔ خوب ہوادار مکان ہے۔

بہار۔ ہان خوب ہوا چلتی ہے۔

عسکر۔ اس کمرے مین تم رہتی ہو نہ بہن۔

بہار۔ نہین (مسکرا کر) ہم نہین رہتے ہین۔

عسکر۔ پھر کون رہتا ہے۔

بہار۔ ہماری بہنین رہتی ہین۔

عسکر۔ ہان حسن آرا بیگم۔

بہار۔ ہان اور سپہر آرا بیگم۔

عسکر۔ اب حسن آرا کی طبیعت کیسی ہے۔

بہار۔ پوچھ لو۔

عسکر۔ نہین بتاؤ تو آخر۔

بہار۔ اب تو فضل الٰہی ہے۔ اچھی ہین۔ وہان البتہ سخت علیل ہو گئی تھین۔ تو ہمنے یہان بلا لیا۔ یہان جب سے آئی ہین تب سے صحت ہے۔

عسکر۔ شکر ہے۔

بہار۔ تم بھی تو حکیم ہو۔ بھلا پردے کے پاس سے نبض تو دیکھو اللہ کرے صحیح ہون۔ اور اب چہرے سے بھی صحت پائی جاتی ہے۔

گو حسن آرا بیگم اپنے دل مین چاہے کچھ ہی سمجھتی ہون مگر بہار النسا بیگم کا منشا اصل مین یہی تھا کہ دیکھین نبض صاف ہے یا نہین۔

حسن آرا اسوقت مسکرائین۔ سپہر آرا نے کہا خیر۔ ہونہہ واہ واہ واہ بہار النسا۔ کیا ہے۔

سپہر۔ کچھ نہین۔

بہار۔ (مسکرا کر) تم تو ہوا سے لڑتی ہو۔

سپہر۔ (تنک کر) لڑتی ہی ہین۔

بہار۔ اچھا۔ اہ واہ۔

عسکر۔ اسوقت کھانا کھا چکی ہونگی۔ شام کو نبض دیکھون گا۔ انشاء اللہ۔

بہار۔ اہ ابھی کھانا کہان کھایا۔

حسن۔ نہین مٹھائی کھا چکی ہون۔

بہار۔ سچ۔ جو۔

حسن۔ کیا خوب بچہ خوش۔ سچ نہین تو کیا جھوٹ بھی ہے۔

سپہر۔ ہان ہان کھا چکی ہین۔ اسوقت نبض۔

بہار۔ کیسی دونون بہنین اسوقت ایک ہوگئین۔

بہار النسا اور حسن آرا اور سپہر آرا نے تھوڑی دیر مین کھانا کھایا۔ محمد عسکری رخصت ہوئے۔ بہار النسا نے کہا حسن آرا اب بولو کیا کہتی ہو حسن آرا نے کہا کیا۔ کیا۔ کون بات ہے۔ سپہر آرا تنک کر بولی۔ اب کوئی اور بات بھی ہے۔ یا دن رات یہی تذکرہ ہے۔ کہدیا ایک دفعہ بلکہ سو دفعہ کہ جس بات مین یہ چیز حائل ہین وہ کیون کرو۔ بہار النسا نے کہا آخر اس مین کیا بات ہے۔ کچھ سمجھ ہی مین نہین آتا۔ اور حسن آرا یاد رکھو۔ بہن ہونا ویسا ہی ہے جیسا ہم چاہتے ہین۔ پھر یہ روٹھنا اور رونا اور آنکھین کھونا فضول ہے یا نہین۔

حسن۔ خیر بہن پھر جو ہونا ہے وہ ہو رہے گا۔ اب اُسکا ذکر ہی کیا ہے۔

سپہر۔ ناحق ناحق بیکار بیٹھے بٹھائے مفت مین رنج بڑھاتی ہو۔ بہار النسا بہن۔

حسن آرا کو بہار النسا بیگم کی گفتگو از بس ناگوار گذری مگر سکوت اختیار کیا۔ بہار النسا نے پھر کہا چاہے اِدھر کی دنیا اُدھر ہو جائے عسکری کی نسبت جو ہمارا خیال ہے وہ نہ ٹلیگا اور وہی ہونا ہے۔ نہین تو اماجان ابھی اچھی آج ہی قسم کھا چکی ہین کہ صورت نہ دیکھین گی تم دونون کی پس اب تمھین اختیار ہے چاہے نہ مانو چاہے نہ مانو وہ صورت دیکھنے کی روادار نہ ہونگی اور یونکر ہوں جیلا ولا کہنا ہی نہ مانے اپنی ہی سی کہی جائے اور اپنی ہی ہٹ کرے تو ماں باپ کا کلیجا بھٹے یا نہین تم دونون مین سے ایک کے ساتھ محمد عسکری کا نکاح ضرور ہوگا اور اللہ نے چاہا تو حسن آرا ہی کے ساتھ ہو۔

دو دن اسی کیفیت مین گذرے۔ بڑی بیگم حسن آرا اور سپہر آرا دونون سے نہ بولین جب کبھی حسن آرا سامنے جاتین بڑی بیگم منھ پھیر لین۔ دونون بہنین سخت مصیبت مین مبتلا تھین۔ دن رات گریہ وزاری۔ سوچین کہ یہان تو سب کے سب ہمارے خلاف ہین۔ آور روح افزا بیگم کو بلوائین شاید وہ ہمارا ساتھ دین مغلانی کو حکم دیا کہ تم خود ڈولی پر سوار ہو کر کسی بہانے سے روح افزا بہن کے پاس جاؤ اور کہو اللہ کے لیے آپ دو دن کے لیے یہان آجائیے۔ ہماری جان پر بن آئی ہے اور تم صاف صاف کہنا کہ ایک نہ ایک دن دونون بہنین زہر کھالین گی جس طرح بن پڑے آنکو سے ہی آؤ۔ بی مغلانی خدا کے لیے جلد جاؤ اور ایسی تدبیر کرو کہ وہ فوراً ہی چل کھڑی ہون کہدینا کہ ہماری بیماری کے بہانے سے آئین۔

مغلانی نے کہا مین ابھی ابھی جاتی ہون۔ جہان تک بن پڑیگا بہت کہونگی اور کہنا کیا حضور وہ جسوقت یہ باتین سنینگی فوراً خود ہی دل نہ مانے گا کہ نہ آئین خدانخواستہ ایسی حالت ہو اور وہ نہ آئین۔ میری تو عقل ہی نہین کام کرتی کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ بہار النسا الگ خاک بھون چڑھائے رہتی ہین بڑی بیگم صاحب بات ہی نہین کرتین۔ آخر یہ ہو کیا آپ کو دیکھتی ہون کہ جیسے خدا نہ کرے کوئی مہینون کا بیمار ہوتا ہے۔ سپہر آرا بیگم دن رات رویا کرتی ہین۔ کہان تو ہنسی خوشی رہتے سہتے تھے کہان اب رونے دھونے کے سوا اور کچھ نہین۔

سپہر آرا بولی بی مغلانی یہ ہماری قسمت کی خوبی ہے۔ اسکو ہم کیا کرین بیٹھے بٹھائے اور کچھ نہین یہی گل کھلا۔ اب تو روح افزا بہن کے آنے پر سارا دار مدار ہے وہ آئین تو

شاید بات بنے نہیں تو اپنے خیر صلاح نظر نہیں آتی۔

یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ پیر مرد نے آکر کہا کچھ خوشخبری سنائیں ہم کیا مٹھائی کھلاؤ گی۔ حسن آرا بولی اس وقت طبیعت سست ہے۔ دل کا کنول بجھا جاتا ہے مٹھائی وٹھائی کا ذکر نہ کرو دل ہی قابو میں نہیں۔ ؎

بڑی تکلیف تیرے ہجر میں او بیوفا پائی
خدا شاہد ہے ہمنے دل لگانے کی سزا پائی

یہ کہکر حسن آرا بے اختیار رونے لگی۔

پیر۔ اللہ جانتا ہے وہ مژدہ ہے کہ جی خوش ہو جائے۔

سپہر۔ ہاں وہ خوشخبری کیا ہے۔

پیر۔ آزاد کا خط لو۔ کیوں۔ نہ کہو گی۔

حسن۔ (چہرۂ گلنار) لاؤ۔ لاؤ (خط کو چوم کر) ؎

من وایں مہربانیہائے او قاصد چسپ گیوئی
مسار از پیش خود حرفے کہ میدانم زبانش را

سپہر۔ ہم پڑھیں باجی جان۔ (لفافہ لیکر) ؎

لیے جاتا ہے نامہ بیکس ما
بال بیکا نہو کبوتر کا

سپہر آرا نے پڑھکر سنایا۔ حسن آرا کبھی روتی تھی کبھی خدا کا شکر کرتی تھی کبھی کہتی تھی اُف۔ بڑے صعب سامنا ہے۔ کبھی کف افسوس ملتی کبھی آہ سرد بھرتی جب سپہر آرا نے خط سنا دیا تو حسن آرا نے خود پڑھا۔ اور خط بند کرکے کہا۔ بہن بڑی تشویش ہوئی۔ مگر آزاد کو ہماری تباہی کا حال ذرا نہیں معلوم کہ ہم پر کیا گذری ہے کس بلا میں ہم مبتلا ہوئے مگر اس بیچارے کا اسمیں کیا قصور ہے۔ یہ سب ہماری ہی نارسائی طالع ہے۔

اتنے میں بہار النسا نے کہلا بھیجا کہ عسکری آئے ہیں نبض دیکھیں گے پردہ کرو۔

یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ بہار النسا بیگم ناز و ادا سے کوٹھے پر تشریف لائیں اور آتے ہی کہا اے حسن آرا ذری پردہ کرکے محمد عسکری کو نبض دکھا دو۔ زینے پر کھڑے ہیں۔ حسن آرا مجبور ہو گئی۔ اچھا کہکر کمرے میں گئی سپہر آرا کو اشارے سے بلایا اور کہا بہار النسا بہن تو باہر ہی بیٹھیں گی۔ ہمارے عوض تم نبض دکھاؤ دیکھو یہ عسکری ہیں کتنے۔ سپہر آرا نے مسکرا کر کہا اچھا۔ اور پردے کے پاس بیٹھکر نبض دکھائی۔

عسکری۔ دوسرا ہاتھ لائیے۔

بہار۔ بخار تو نہیں ہے خدانخواستہ۔

عسکری۔ خفیف سا ہے ضعف بہت ہے اور کیونکر نہ ہو سخت تپ تھی نسخہ لکھکر بھیجونگا۔

حسن آرا نے بہار النسا کو اشارے سے بلایا۔

حسن۔ بڑے نباض ہیں آپ کے عسکری۔

بہار۔ کیا شک بھی ہے۔

حسن۔ اُف۔ مارے ہنسی کے بُرا حال ہے۔ اسوقت واہ رے حکیم۔

سپہر۔ نیم حکیم خطرۂ جان۔ نیم ملا خطرۂ ایمان۔

بہار۔ یہ کاہے سے۔ کچھ وجہ بھی تو ہو۔ یا یوں ہی بموجب۔

حسن۔ نبض کسکی دیکھی تھی۔

بہار۔ تمھاری۔

حسن۔ اے واہ کہیں دیکھی نہو بس دیکھ لی حکمت۔

بہار۔ پھر کس کی نبض دیکھی۔ کیا سپہر آرا بیٹھ گئی تھیں۔

سپہر۔ (ہنسکر) ہان اور بہتیرا کیا۔ بندگی۔ ضعف بتاتے تھے ضعف ہمارے دشمنون کو ہو۔ واہ مفت مین بدشگونی کی بات۔ اور خفیف سا بخار بھی بتایا۔

بہار۔ (شرماکر) بھلا علاج مین کیا ہنسی کرنی تھی۔

باہر جاکر بہار النسا نے محمد عسکری کو خوب آڑے ہاتھون لیا اے بس جاؤ بھی۔ مفت مین ہم کو وہ بنایا۔ حسن آرا نے ہنسی ہنسی مین سپہر آرا کو اپنے عوض ٹھہرا دیا اور تم ذرا نہ پہچان سکے۔ اللہ جانتا ہے ہمین بڑی شرم آئی۔ ہمین ذلیل کیا۔ بڑے حکیم بنے ہین۔ محمد عسکری از بس خفیف ہوئے۔

محمد عسکری شاداں و فرحاں گھر گئے اور آج خوش کیون نہ ہوتے سپہر آرا کی نبض دیکھی۔ حسن آرا سے باتین کین۔ اور انھون نے ہنسی ہنسی مین انھین بیوقوف بنایا۔ سوچے کہ اب کی جاؤن گا تو کہون گا۔ ایک ہوئی یا در کھیے گا خدا نے چاہا تو بہت جلد نکاح ہوا اب نیم رانھی ہوگئی ہین مگر یہ معلوم بھی نہ تھا کہ یہ سب شیخ چلی کے منصوبے تھے۔ باقی اللہ اللہ خیر صلاح حسن آرا میان آزاد کو کب کا دل دے چکی محمد عسکری منھ دھو رکھین۔

آزاد کا خط جو حسن آرا نے پایا تو روز کی نسبت آج ذرا سنج والم کم تھا اور بہار النسا بیگم کے کوٹھے پر آنے اور ہنس ہنس کر محبت جتانے سے اور بھی خوش ہوئی۔

بات بڑھ گئی

دونون ہنسنی باتین کر رہی تھین کہ بہار النسا بیگم آئین۔

حسن۔ (مسکراکر) آئیے۔

بہار۔ آج ہم تم سے بہت خوش ہوئے۔

سپہر۔ بھلا خیر شکر ہے۔

بہار۔ کہنا مانا۔ خوش ہوگئے۔

سپہر۔ کیا کہنا مانا۔

حسن۔ نبض دکھائی اسی کے سبب سے خوش ہوئین۔

بہار۔ ہان اللہ جانتا ہے جی خوش ہوگیا۔

حسن۔ اور نبض دکھائی کس نے۔

سپہر۔ نبض دکھائین ہم اور خوش آپ ہوئے ہون۔

حسن۔ اور اسمین خوشی کی بات ہی کیا ہے۔

بہار۔ اب دس بارہ دن مین آغا جان تم سے پوچھین گی کہ محمد عسکری کے ساتھ تمھارا نکاح پڑھا جاتا ہے کہو منظور ہے۔

حسن (چونک کر) کیا!

سپہر۔ کیا کیا۔

بہار۔ تمھاری اور انکی شادی کی فکر ہے۔ ان کا تو محمد عسکری کے ساتھ نکاح ہوا دخل ہے۔ اسمین ذرا شک نہین۔

حسن۔ اف۔

اف کہکر حسن آرا گر پڑی اور خوب ہی روئی۔ ؎

دل میرہ و زور رستم صاحبدلان خدارا	
دردا کہ راز پنہان خواہد شد آشکارا	

اب سنیے کہ روح افزا بیگم کے ہان بی مغلانی ڈولی پر گئین اور روح افزا سے کہا کہ حضور بس اب دیر نہ لگائیے جلدی کیجیے۔ روح افزا از بس متحیر ہوئی کہ یہ کیا کہہ رہی ہے۔ پوچھا کہتی کیا ہو بی مغلانی جلدی کیسی۔ کس امر مین جلدی کرون۔ مغلانی نے کہا تین دن سے گھر کی کچھ عجب ہی کیفیت ہے۔ بڑی بیگم صاحب ہزار خرابی بکھا نا کھاتی ہین۔ حسن آرا بیگم دن رات روتی ہی رہتی ہین۔ سپہر آرا کو ہر دم اداس پایا

بہار النسا بیگم سے ان دونوں بہنوں سے نہیں بنتی۔ جلی کٹی سنایا کرتی ہیں۔ بڑی بیگم کو ایک دفعہ بڑی صاحبزادی نے بندگی کی مگر بڑی بیگم صاحب نے منھ پھیر لیا۔ جواب نہ دیا۔ گھر بھر میں اُداسی چھائی ہے حسن آرا بیگم گئی بار کہ چلیں کہ ہم زہر کھا لینگے اسپر چھوٹی صاحبزادی بولیں کہ باجی جان ہم کیا ساتھ نہ دینگے بڑی وہ ہو رہی ہے۔ وہاں آپ چلیے۔ تو شاید کچھ فیصلہ ہو وہاں تو ایک ایک مدعی ہے۔

روح افزا سخت ملول ہو کر بولی۔ یہ تو تم نے بُری سُنائی۔ حسن آرا سپہر آرا بڑی بیگم صاحب میں اسقدر نفاق ہو جائے یہ تو اَن ہونی بات ہے۔ یہ آخر ہوا کیا کچھ سبب تو بتاؤ۔ یہ وجہ کچھ ہوتا نہیں ہماری تو سمجھ ہی میں نہیں آتا۔ اُف بڑی بُری سُنائی۔

منع۔ اب کسی ترکیب سے آپ چلی چلیں۔

مغلانی نے جا کر روح افزا کی ساس کو بندگی کی اور کہا بڑی بیگم صاحب نے مزاج پوچھا ہے اور خیر و عافیت دریافت کی ہے۔ اور بُلایا ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد روح افزا بیگم فٹن پر سوار ہوئیں مہری ساتھ چلی اور ایک سپاہی۔ بی مغلانی کی ڈولی پیچھے پیچھے۔ دَن سے داخل ہوئیں۔ روح افزا کو دیکھکر بڑی بیگم متحیر ہوئیں۔

روح۔ اماں جان بندگی۔

ب۔ جیتی رہو۔ تم کیونکر آئیں۔

روح۔ چلی آئی۔

بہار۔ کیا روح افزا آئی ہیں۔

روح۔ جی ہاں۔ بندگی۔ شہ نشین سے باہر کہیے۔

بہار۔ کب آئیں۔

روح۔ ایلو اور سنو۔ ابھی بھی چلی آتی ہوں۔

بہار۔ خوب آئیں۔

روح۔ حسن آرا سپہر آرا کہاں ہیں۔

بہار۔ ہونگی کہیں۔

روح۔ کیا!۔

بہار۔ ہمیں اُنکا حال معلوم نہیں۔ کوٹھے پر ہیں۔

روح۔ بُلوائیے۔

بہار۔ ہم سب سے دونوں بہنیں خفا ہیں۔

روح۔ ایں! یہ آپ آج کیا کہہ رہی ہیں۔ خفگی کیسی۔ اماں جان یہ کہتی کیا ہیں۔

ب۔ ہمیں نہیں معلوم۔

روح۔ اے ذرا حسن آرا کو تو بُلانا۔

حسن آرا اور سپہر آرا کو جو روح افزا کے آنے کی خبر ہوئی تو باچھیں کھل گئیں۔ اتنے میں بہار النسا اور روح افزا اُن دونوں کے پاس آئیں۔ مارے خوشی کے سپہر آرا روح افزا سے گلے ملیں اور خوب روئیں۔

روح۔ ایں۔ اے واہ جیسے کوئی۔

بہار۔ بیٹھو بیٹھو۔

روح۔ حسن آرا یہ تم کو کیا ہو گیا۔ وہ صورت ہی نہیں۔ وہ رنگ روپ ہی نہیں۔ یہ ماجرا کیا ہے۔ ہماری تو سمجھ ہی میں نہیں آتا۔

حسن آرا نے جواب دیا۔ مگر رونے لگی۔

روح۔ گلے مل کر) ہائیں! ہائیں!!۔

سپہر۔ آپ کو یہاں کا کچھ حال بھی معلوم ہے۔ یہاں سب ہمسے خلاف ہیں۔ اور اللہ جانتا ہے بے وجہ۔ اور یہ سب

ہماری بہن کے سبب سے ۔ بہار النسا بیگم صاحب ۔ جی ہان ۔ کیا جانے امّا جان سے کیا کیا کہا جا کر ۔ اب وہ اتنی خفا ہین کہ بات کیا جو بندگی کرین تو منھ پھیر لیتی ہین ۔ کھانا بڑی خرابی سے کھاتی ہین ۔ اور بہار النسا بہن ہماری دونون کی شکایتین کرتی جاتی ہین اب بھی باز نہین آتین ۔ ہم کیا بتائین بہن کہ آج کل کیسی گذرتی ہی ۔ کھانا پینا اٹھنا بیٹھنا سب حرام ہی اور اُنکی قطع تو آپ نے دیکھ لی ہی پہچان نہین پڑتین ۔ آخر کوئی تو سبب ہی ۔

بہار ۔ تم کہہ لو سب تو پھر ہم بھی کہین ہم ساری داستان کہ سنائینگے

حسن ۔ وہ کہہ چلین اب آپ فرمائین ۔

بہار ۔ ناک مین دم کر دیا ۔

روح ۔ یا اللہ ایسی عداوت ہی کہ سرے ہی سے شکایت ۔

بہار ۔ تمھین کچھ حال تو معلوم ہی نہین ۔

روح ۔ اجی تو بتاؤ ۔

حسن ۔ ہان فرمائیے ۔

بہار ۔ دیکھو روح انوار تم فہمیدہ ہو ۔ ذرا غور سے سنو ۔

سپہر ۔ اب کچھ کہیگا بھی ۔

بہار ۔ بڑی بوڑھی کا کہنا لڑکیون کو ماننا چاہیے یا نہین یہ بتائیے پہلے ۔

روح ۔ ضرور ۔

بہار ۔ بس اب انسے پوچھ لو ۔

روح ۔ کس سے پوچھون یا اللہ ۔ کوئی بتاتا ہی نہین ۔

بہار ۔ حسن آرا تنا یاد رکھنا کہ شادی بھتاری عسکری ہی کے ساتھ ہوگی ۔ اور وہ جس موے کا تمکو خیال ہی وہ دل سے دور کر دو ۔

روح ۔ ہائین ۔ ہائین ! اجی کوئی ایسی تقریر کرتا ہی ۔

بہار ۔ اب بے اسکے ہائین ہین گی نہین یہ ۔ کیون جی عسکری مین کیا برائی ہی شریف نہین ہین وہ ۔ یا پڑھا لکھا نہین ہی یا خوش قطع نہین ہی ۔ آخر وہ بات کیا ہی ۔ اس مین جو یہ انکار کرین ۔ اور اگر ایسا ہی انکار ہی تو خدا حافظ چلو بس ہو چکی ۔

سپہر ۔ اب ہمسے چپ نہین رہا جاتا ۔ اور چپ کیون رہین ۔ آخر بولو چپ رہنے کا سبب کیا سنتی جاتی ہو کہ دشمنون کی طرح پیش آتی ہین ۔ اور کہتی ہو چپ رہو چپ کب تک رہین کلیجا پیپ ہو گیا چپ کا کوئی ٹھکانا بھی ہی ۔ اب اس سے بڑھکر اور ہوگا کیا ۔ امّا جان نے بولنا تک چھوڑ دیا ۔ بات کرو تو منھ پھیر لیتی ہین یہ بالکل خلاف ہین ۔ پھر اب چپ رہنے سے واسطہ ۔

حسن ۔ اچھا وہ کچھ کہین می زید ۔ بڑی بہن ہین ۔

سپہر ۔ ہان بیشک مگر بڑی بہنون کو ایسا نہ چاہیے ۔

روح ۔ تو یہ کہو بات بہت بڑھ گئی ہی ۔ اسقدر نوبت پہونچی اور ہمکو اطلاع ہی نہین اور روز آدمی آتے جاتے تھے ذری بھی کچھ حال معلوم ہوتا تو فوراً ہی آجاتی ۔

بہار ۔ اب آئی ہو تو کیا بنا لوگی ۔ یہ ایک نہ مانینگی ۔

روح ۔ وہ تو شاید مان بھی جائین مگر آپ کا مان جانا البتہ ذری مشکل ہی ۔

بہار ۔ ہان تو یہ کہیے ۔ آپ اُنکی طرف سے لڑنے آئی ہین خیر ۔

روح ۔ ہان ہمسے تو یہ نہین دیکھا جاتا کہ خواہی نخواہی جھگڑا ہو بیکار بیکار ۔

حسن - اور کیا - پوچھو کہ لڑائی ہو کس بات کی -

بہار - اچھا تم اتنا کہدو کہ عسکری کے ساتھ نکاح منظور ہو -

روح - اوہو تو باجی یہ ہین نہین اچھا معلوم ہوتا کہ بے سمجھے بوجھے قبولوائے لیتی ہو -

بہار - اچھا نہ سہی - تو یہ خود مختار ہین پھر -

سپہر - اجی آپ سے کیا واسطہ - ہم عسکری کا نام نہین سننا چاہتے -

حسن آرا نے روح افزا سے کہا بہن اب مین کیا کرون - اماجان اور بندگی کے جواب مین منھ پھیر لین - ہی ہی - خون کا گھونٹ مین اُتر آیا - مگر مجبوری ہو - اور یہ مہار النسا بہن اُسکے کہنے مین جاتی ہین جنکو بڑا حکیم اور یہ وہ سمجھتی ہین -

یہ باتین ہو رہی تھین کہ بڑی بیگم صاحب بھی جریب ٹیکتی ہوئی تشریف لائین -

روح - آیئے اماجان - حسن آرا بندگی کرو -

حسن - (آہستہ سے) بندگی اماجان -

ب - نے جواب نہ دیا -

روح - اماجان حسن آرا بندگی کرتی ہین -

ب - مین اونچا نہین سنتی ہون -

روح - نہین آپ نے جواب نہین دیا نہ -

ب - کوئی تو وجہ ایسی ہو -

روح - ہین کیا معلوم -

ب - مین اسوقت صاف کہے دیتی ہون کہ عسکری کے ساتھ نکاح ضرور ہوگا - ہمین چاہے ساری خدائی ایک طرف ہو مین کسی کی نہ سنونگی - حسن آرا سے کہو کان کھول کر سُن لین مین جان دونگی - مگر کرونگی جو کہتی ہون - اس مین فرق نہ پڑے گا - یہ نہ مانین گی تو زہر کھاون گی - مگر کرونگی یہی جو کہہ رہی ہون ایک دفعہ مین نے دھوکا کھایا تھا کہ ایک جگہ سے پیغام آیا اور مین نے منظور کر لیا - اور پھر وہ لڑکا جو نکلا مگر عسکری کو تو گودی کھلایا ہو - نام خدا ہو نہار ہی ہوشیار لکھنے پڑھنے مین طاق اور وضعدار - سید صالحیت - بس اگر یہ نہ ہوا تو مین جان دیدونگی بس -

اس تقریر نے حسن آرا کے ساتھ وہ کیا جو موت جان کے ساتھ کرتی ہو - بڑی بیگم تو کمر کر چلی گئین حسن آرا اس قدر روئی اسقدر روئی کہ آنکھین مُنہ ہو گئین - روح افزا نے سمجھایا تو حسن آرا نے کہا بہن اب سمجھانا بیکار ہی - اماجان مانین گی نہین اور ہم سوا آزاد کے اوکسی کے ساتھ شادی نہ کرین گے - نتیجہ یہی ہونا ہو کہ ہم ہی نہونگے - جنازہ کل ہی پر سون تک نکلتا ہوگا - سپہر آرا نے جو یہ سُنا تو حسن آرا سے چمٹ کر خوب زار زار روئی -

غم و غصہ و یاس و اندوہ و حرمان
ہمارے بھی ہین مہربان کیسے کیسے

حسن آرا بیگم کی جان عذاب مین تھی بڑی بیگم سے بول چال ترک بہار النسا سے محبت یکقلم انقطا - محمد عسکری روز ایک نیا گل کھلاتے تھے روح افزا بھی ان سے خلاف ہو گئی تھین - مغلانی اور مہری کو سمجھا دیا تھا کہ اگر حسن آرا کی کوئی بات مانی تو گھر سے نکال دیجاؤ گی -

بہار النسا بیگم کے شوہر نواب صاحب بھی اپنی بیوی ہی کا جنبہ کرتے تھے - یہان ایک سپہر آرا بیچاری البتہ انکی ہمدرد تھی - دونون بہنون کا کھانا پینا حرام - دن کو گریہ و زاری شب کو اختر شماری - ایک دم چین نہین - دونون صید مصائب

دونون کا گھر بھر دشمن ہنسنا بولنا بالاے طاق ۔ زار زار رونے کے سوا اور کوئی کام نہین ۔

محمد عسکری ایک ہی کا نیان حسن آرا کے جمال مبین پر نہار جان سے عاشق ۔ بہار النسا بیگم کے دل مین اُنکی جگہ ۔ بڑی بیگم اُنکی تماح ۔ روح افزا اُن کی تنا خوان ۔ مغلانی کو پانچ روپیہ دیے اُنکا دم بھرنے لگی ۔ پیاری کا جوڑا بنوا دیا ۔ اسکی یہ کیفیت کہ اِدھر محمد عسکری دروازے پر آئے اور وہ کودتی ہوئی دوڑی کہ "عسکری میان آئے" نواب صاحب اسکے لنگوٹیے یار حافظ جی کو بھی گانٹھ لیا تھا ۔

حسن آرا اور سپہر آرا کے لیے کوٹھے پر کھانا بھیجا جاتا تھا اور دوسرے تیسرے دن جب روح افزا رہتی تھین اِن سے تھوڑی دیر کے لیے ملتی تھین ۔ باقی اللہ اللہ خیر صلاح ایک روز روح افزا چپکے چپکے اوپر آئین ۔ دیکھا کمرے کے سب دروازے بند ہین ۔ متحیر تھین کہ یہ ماجرا کیا ہی ۔ دروازے بند ۔ سناٹا ۔ کوئی مِنگتا تک نہین ایک شیشے کی راہ سے جھانک کر دیکھا کہ حسن آرا ہچکیان لیکر رو رہی ہی ۔ اور سپہر آرا سر بزانوے تفکر نہایت ہی اُداس تھوڑی دیر تک کھڑی دیکھا کین حسن آرا کبھی اُٹھکر بیتابی کے ساتھ اِدھر اُدھر جاتی کبھی آہ سرد بھرتی ۔ کبھی اس قدر روتی کہ ہچکیان بندھ جاتین ۔ روح افزا گو اِن دونون بہنون کے خلاف تھین مگر دل بھر آیا آہستہ سے دروازہ کھولا تو سپہر آرا چونک اُٹھی ۔ روح افزا مثل پیکر تصویر ایک ساعت تک کھڑی رہی حسن آرا نے اِنکو دیکھکر مُنھ پھیر لیا سپہر آرا نے پھر زانو پر سر رکھا ۔ اور آہستہ آہستہ ٹھنڈی سانسین بھرنے لگین ۔ روح افزا بے اختیار (ہاے) کہ اُٹھی مگر دونون بہنون نے کچھ جواب نہ دیا ۔

روح ۔ ہاے اپنی کیا حالت کر دی اِن دونون نے ۔

دونون بہنین خاموش رہین ۔

روح حسن آرا ۔

حسن آرا نے اِسکا جواب نہ دیا مگر گردن اُٹھا کر روح افزا پر بصد حسرت نظر ڈالی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی روح افزا کا دل در بھی بھر آیا پاس کر حسن آرا کو گلے لگایا اور دونون بہنین گلے مل ملکر خوب روئین سپہر آرا بہ ستور سر بزانوے تفکر وہ اس درجہ محو تھی کہ اِن دونون کے رونے کی آواز اُسکے کان تک نہ پہونچ سکی ۔

روح ۔ اب ذری منھ دھو ڈالو ۔ اور آؤ اِدھر ہوا مین بیٹھین ۔

جبکہ حسن آرا نے رومال سے آنسو پونچھے تو رومال تر ہو گیا مگر روح افزا کی خاطر سے دریچے کے قریب جا بیٹھین ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکون سے ذرا دل کو ڈھارس ہوئی ۔

روح افزا نے اپنے ہاتھ سے مُنھ دھلایا ۔ اور پنکھا جھلنے لگی ۔

سپہر آرا اسی طرح منھ پھیے بیٹھی تھین ۔ گویا دنیا و مافیہا سے بیخبر ۔

روح افزا نے آہستہ سے پکارا (سپہر آرا) جواب ندارد پھر ذرا زور سے کہا (سپہر آرا) صدا بر نخاست ۔ پھر بآواز بلند پکارا (سپہر آرا) مگر بے سود ۔ آہستہ سے اُٹھکر سپہر آرا کو گلے لگایا ۔ سپہر آرا نے دیکھا تو روح افزا بیگم ۔ غنچۂ دل کھل گیا ۔ سوچی کہ اغلب روح افزا اور اس درجہ عنایت لیکن سمجھی کہ شاید اب محبت اور بیار کر کے دھوکا دین ۔ ہاے ۔ ؎

ہی بس کہ ہر اک اُنکے اشارے مین نشان اور کرتے ہین محبت تو گذرتا ہی گمان اور

روح ۔ اب ذرا اِدھر ہوا مین چلکر بیٹھو تو باتین کرین ۔

سپہر۔ تشنگی کا غلبہ ہی اسوقت۔

روح۔ اہی بھری ذری برف کا پانی تو لاؤ صراحی مین۔ بھری صراحی مین برف کا پانی لیکر آئی۔ لیجیے گا کون پیے گا۔

روح سپہر آرا کو دو۔

سپہر آرا نے برف کا پانی پیا اور برف ہی کے پانی سے آنکھین بھی دھوئین۔ روح افزا نے کہا حسن آرا کو بھی پلاؤ۔

روح افزا نے کہا واسطے خدا کے بتاؤ تو کیا ماجرا کیا ہی یہ ٹھنڈی ٹھنڈی سانسین کیون بھرتی ہو۔ کیا ہوا کیا۔ گھر مین ہنسی خوشی رہا کرو۔ جب دیکھو آئے دن نت نیا جھگڑا جسے دیکھو منہ پھلائے بیٹھا ہی۔ یہ ہوا کیا ہی آخر ہمین تو کچھ معلوم ہوتا۔

حسن آرا نے جواب دیا سپہر آرا نے کہا کہ جلے ہوئے کو جلانا مرے ہوے کو مارنا کس مذہب مین روا ہی بھلا جان بوجھکر انجان بنتی ہو بہن سے بھلا تم سے کوئی بات پوشیدہ ہی۔ مگر افسوس تو یہ ہی کہ تم بھی ہمارے خلاف ہوگئین۔ خیر اللہ مالک ہی۔ روح افزا کسی قدر تمتما کر بولین چہ خوش تمھاری تو نئی باتین ہین۔ جلے کو جلانا۔ اللہ اللہ کلمہ اور ہماری نسبت جہان تمھارا پسینہ گرے۔ وہان ہم خون گراتین اور تم سمجھتی ہو کہ ہم تمھین جلاتے ہین شان خدا بس انھین باتون سے تو اماجان برا مانتی ہین اور وجہ کیا ہی۔ ہم تو محبت سے پوچھتے ہین کہ کیا سبب ہی۔ اماجان نے کیون بولنا چھوڑ دیا۔ بہار النسا بہن کیون خلاف ہوگئین۔ یہ الٹا بہین کو للکارتی ہین۔ واہ واہ۔

حسن آرا نے کہا سنو باجی۔ اب صاف صاف کہلواتی ہو تو بسم اللہ یہ بتاؤ کہ تم جاننی کونسی بات نہین ہو جو پوچھتی ہو جو بہار النسا بہن پوچھتین تو ہم سمجھتے کہ چھیڑنے کیلیے کہتی ہین۔ مگر بہن تمھارا پوچھنا البتہ برا معلوم ہوتا ہی۔ روح افزا کا چہرہ مرجھ ہوگیا پوچھا وہی انکا معاملہ نہ۔ وہ جنکو بہار النسا بہن اٹھلو چولھا کہتی ہین حسن آرا نے کہا جسکا جو جی چاہے سو کہے۔ مگر آپ سے یہ امید نہ تھی۔ روح افزا بولین اسی تو ہمسے کیا واسطہ۔ باجی کہتی ہین بچہ ہم کہتے ہین۔

حسن آرا نے کہا تمسے ہم صاف صاف کہہ چکے کہ آزاد کو ہمنے دل دیا برا کیا یا بھلا کیا۔ اگر ہمین کوئی بدی کی بات ہو تو اللہ سے سمجھے۔ پھر اب خسمگری کو دل کیون نکردین۔ یا تو عمر بھر کنوارے رہنے مین بسر کرینگے یا آزاد کے ساتھ نکاح ہوگا بہن تم اتنا تو سوچو اپنے دل مین کہ ہمارا قصور ہمین کیا ہی کوئی بدی کی بات دیکھو تو سمجھ نش کرو۔ تو کو یہ کیا کہ ہم تو صاف صاف کہہ چکے ہین۔ اور آپ خواہی نخواہی ہم کو دق کرتی ہین۔ بہار النسا بہن میرے روبرو کوس چکین۔ اب بتاؤ جی جلے یا نہ جلے جسپر ہماری جان جائے جسکا آسرا لگائے ہم بیٹھے ہون جسکے نام سے ہمارے بدن مین جان آجائے جسکی زندگی پر ہماری زندگی منحصر ہو جسکی جان کو ہم اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہون جسکے لیے ہم مہینون دن رات روتے رہین۔ اسکو جو کوئی ہمارے سامنے برا کہے تو ہماری کیا حالت ہو سرکشی کا حال کیا بتاؤن۔ گونگو کا معاملہ ہی۔ یہ نوبت آئی مگر دھن ہی ہی ہے

گو خاک ہوگئے نہ ملی جستجوے یار
جون گرد راہ پھرتے ہین ہم دربدر ہنوز

اور ہماری بڑی بہن ہمین کو بستی ہین۔ بس اتنا سوچیے

کہ کچھ تو سبب ہو کہ ہم اس روی حالت کو پہونچے اور ابھی تک کسی کی بات نہیں مانتے ۔ ؎

یہ زار ہوں کہ موے بدن بھی وبال ہو
تسپیر ہو دل میں الفت موے کمر ہنوز

ہاے افسوس کوئی گمان تک کرے ۔ فراق کا صدمہ جان جانے کا دھڑکا اعزا و اقربا کی طعنہ زنی کا خیال ۔ ایک جان اور یہ جنجال ۔ ع ۔

تا کیا ظلم و ستم بس اے ستم ایجاد بس

ظلم کا بھی کوئی ٹھکانا ہو ۔ کوئی حد ہو ۔ اب تو کلیجہ پک گیا ۔ اُف کیا کروں کیا بتاؤں بہن ۔

سپہر آرا بولیں بس ہم اس بات سے خوش ہوئے کہ صاف صاف کہدیا ہے آخرش خوف کاہے کا ہو ۔ کچھ معلوم تو ہو ۔ کہدیا سمجھا دیا کہ آزاد آئیں گے تب ہی نکاح ہوگا ورنہ نکاح نہوگا ۔ ایسے ایسے تین سو ساٹھ عسکری ہوں تو کیا ہے ۔ ہزار دفعہ کہدیا ۔ لاکھ بار کہدیا ۔ پھر اب کیونکر کہیں کہتے تو جاتے ہیں کہ جو کوئی بدی کی بات ہو تو تنبیہ کرو ۔

روح افزا ۔ آہ اب اسوقت بات بڑھ جائیگی ۔ اور کچھ گفتگو کرو ۔

حسن ۔ ہم فقط اسقدر چاہتے ہیں کہ آپ ذرا انصاف کیجیے انصاف کا خون نہ کیجیے ۔ پیاری بہن ۔ اللہ جانتا ہے ہمارا قصور نہیں اور ہم پر بڑا جبر ہوتا ہے ۔ ہم کس سے کہیں ۔ ہاے کس سے کہیں ۔

روح ۔ ہم تمھارا کہنا مان لیں ۔ تمکو بھی تو ہماری نصیحت کا کچھ خیال رہے ۔

حسن ۔ بیشک ۔ مگر ۔

آہا جان ہمسے ناحق اسقدر خفا ہیں ۔ مگر وہ لاکھ خفا ہوں جو بات بس ہی میں نہیں اُسکا ہم کیا کریں ۔ ہماری بے بسی پر اُنکو ذرا خیال نہیں ۔ بولنا چھوڑ دیا ۔ کہ ہم اُنکا حکم بجا لائیں ۔ ہمارا نصیب پھوٹا ۔ اگر خفا ہوگئیں ۔ کہ ہم اُنکی خفگی سے ڈر کر کہدیں منظور سب پاپڑ بیلے ۔ لیکن ۔ ؎

گر کیا ناصح نے ہمکو قید اچھا یوں سہی
یہ جنوں عشق کے انداز چھٹ جائینگے کیا

اب تو ہمنے ٹھان لی نہ کہ چاہے جان جائے مگر آزاد کا سر اگائے بیٹھے رہیں گے صحبت سہنا منظور لیکن آزاد کی صحبت کم نہوگی ۔ ؎

خانہ زاد زلف ہیں زنجیر سے بھاگیں گے کیا
ہیں گرفتار وفا زندان سے گھبرائیں گے کیا

اتنے میں بی مغلانی نے آن کر کہا کیجیے حضور کا ہی تصویر ہمارے کمرے میں لٹکا دیجیے روح افزا نے تصویر لے لی ۔ دیکھتے ہی مسکرائی ۔ اور کہا بس یہی چیز جانی تو ابھی نہیں ۔ پہلے تو تصویر چھپالی ۔ مگر تھوڑی دیر میں سپہر آرا کو دے کر کہا ۔ بھلا بھیجا تو تو کس کی ہے ۔ سپہر آرا نے تصویر لے کر کہا ۔ کیا معلوم کسی کی ہے مگر افوہ بہن ایسی بھدی تصویر آجتک نہیں دیکھی ۔ واہ ماشاء اللہ چہرے سے معلوم ہوتا ہے کہ بڑی آدمی ہے ۔ ہونٹ بھدے دانت نکلے ہوئے ۔ آنکھیں ذرا ذرا سی گال پھولے پھولے ۔ ناک بڑی اور لمبی ۔ بھوں خراب ۔ سارا نقشہ بُرا ہے واہ ماشاء اللہ کیا تصویر دکھائی ہے آپ نے اسے مٹا دیجیے ۔ کیا جانے کس موے گھاٹ کی تصویر ہے ۔

روح افزا نے کہا ماشاء اللہ کیا نظر ہے آپ کی بس جاؤ دیکھ لیا ۔ یہ بھونڈی تصویر ہے ۔ چلو بس رہنے دو ۔ ایسا

ایک جوان تو نظر نہیں آتا پتلے پتلے ہونٹھ - لال - لال گورا گورا مکھڑا اور پیارے پیارے گال کتنے بھلے کلجوان گبھرو ہو -

روح - سنو بہن جو تم نے کہا میں نے سنا - مگر اماجان تو مانتی ہی نہیں -

سپہر - اور سنیے گا ذری - ساری گلستان پر پھگینیں پوچھتی ہیں حکایت کے کیا معنی - اور خرابی کیا ہو - یہی تو خرابی ہو کہ اماجان نہ ہماری مانیں نہ بیتی -

حسن - اماجان ہی مان جائیں تو یہ رونا کاہے کا تھا - اسوقت تو وہی زلیخا زن بود یا مرد والی مثل ہوئی - بہار النسا بہن کی دال نہ گلتی پھر -

روح - اچھا اب پھر کہو تو - گتھی کیونکر سلجھے گی -

حسن - بتاؤ روح افزا بہن کہ اماجان سے کیونکر بولیں اب ہماری تو توقع ہی ٹوٹ گئی - بے ٹھاٹھی بھی کی مگر وہی مثل کہ کے تین پات اچھا آمین کسی کا کیا اجارہ ہو - ہم شادی نہیں کرتے بے بیاہے ہی رہے سہی - پھر اس میں شرم ہی کیا ہو - کل بہار النسا بیگم نے وہ بات کہی کہ بدن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے - ہائے غضب روح افزا نے کہا کس نے بہار النسا بیگم نے - بہار النسا بہن نہیں کہتیں اب -

حسن آرا بولی پہلے سن تو لو بہن - وہ بات کہی کہ دل پر اتنک صدمہ ہو - کہنے لگیں کہ ہمارے پاس کیوں آ کے بیٹھیں گی اپنے ہوتے سوتوں کے پاس بیٹھیں گی - ہو ہو - یہ آسمان کیوں نہیں پھٹ پڑتا - ارے غضب ہمارے حق میں اور یہ کلمہ اور ایک دفعہ کہا تھا کہ بی صفلانی تم نہیں سمجھیں یہ حسن آرا کی کھٹ چالیں ہیں - اب بولیے جگر پاش پاش ہو کہ نہ ہو مگر کہوں کس سے کوئی سننے والا بھی ہو جب - خیر جی اللہ مالک ہو - ہم بیگناہ ہیں - اس سے تو وہاں اپنے شہر ہی میں اچھے تھے -

بہار النسا بیگم نے آن کر کہا - روح افزا - لو سب ٹھیک ٹھاک ہو گیا - اب ان دونوں سے پوچھ لو منظور ہو تو تیاریاں ہوں ورنہ اماجان تو قسم کھا بیٹھی ہیں کہ انکی صورت نہ دیکھیں گی -

روح افزا اور بہار النسا نے چپکے چپکے کچھ باتیں کیں - بہار النسا چلی گئی روح افزا نے ان دونوں بہنوں سے آن کر کہا - طرا برا سا منا ہو کہو کہوں کہو نہ کہوں حسن آرا کا کلیجا دھڑ دھڑ کرنے لگا - سپہر آرا کا رنگ فق ہو گیا -

حسن - کہیے یا نہ کہیے - اختیار ہو آپ کو -

پھر پرسش جراحت دل کو چلا ہو عشق
سامان صد ہزار نمکداں کیے ہوئے

روح - ایک بات کہیں جو مانو بہن - واسطے خدا کے سن لو -

سپہر - کچھ سنائی سناؤ گی کیا -

حسن - ہم تو سب کچھ سننے کے لیے مستعد ہیں - جب تک آزاد واپس نہیں آتے جسکا جو جی چاہے سنائے - مگر خدا وہ دن دکھائے آزاد کی صورت نظر آئے پھر کوئی کچھ کہے تو جانیں -

سپہر - روح افزا بہن یا تو کہا نہ کرو اور جو کہو تو پھر صاف صاف -

حسن - ہاں جیان کرو نہ بہن - ہم تو سختیاں سہنے کے لیے پیدا ہی ہوئے -

روح افزا نے کہا کہ باجی جان ابھی ابھی کہہ گئی ہیں کہ

آقا جان نے قسم کھائی ہو کہ عسکری ہی کے ساتھ حسن آرا کا نکاح ہو اور سپہر آرا کیلیے نواب باقر علی خان کے بھتیجے کو تجویز کیا ہی اگر تم دونون منظور کروگی تو خیر ورنہ آقا جان تمھاری صورت عمر بھر نہ دیکھین گی۔ اور بھی بہت سی باتین کین کہان تک بیان کرون کہتی ہین کہ شاید اماجان ایک مکان مین ساتھ رہین۔ حسن آرا نے متحیر ہوکر پوچھا۔ کیا! سپہر آرا نے دانتون کے تلے اُنگلی دبائی۔

سفلانی نے زینے پر سے کہا حضور اخبار آیا ہی۔ پڑھیے تو لاؤن نہین نواب صاحب کے پاس بھیجدون۔ حسن آرا نے کہا لاؤ لاؤ ہم پڑھ لین تو پھر لیجانا۔ سپہر آرا دوڑکر اخبار لائی۔ حسن آرا نے اِدھر اُدھر مضمون اور خبرین پڑھین پڑھتے پڑھتے دفعتہً ایک مضمون کی سرخی نظر پڑی۔ دیکھتے ہی چونک اُٹھی بشرے سے حیرت اور حسرت نمودار تھی سپہر آرا نے جو بہن کے چہرے کی طرف نظر ڈالی تو گھبرا گئی کہ آزاد کا حال ہی معلوم ہوتا ہی اس غریب الوطن پر کچھ تباہی آئی۔ روح افزا بھی غور سے دیکھنے لگی متحیر تھی کہ ماجرا کیا ہی۔ حسن آرا اُٹھکر کمرے مین چلی گئی تھوڑی دیر کے بعد سپہر آرا اور روح افزا بھی گئین تو دیکھا کہ حسن آرا ایک پلنگ پر سر نیچا سوتی ہین۔

سپہر آرا نے اخبار کی چارون طرف تلاش کی مگر کہین نہ ملا روح افزا نے بھی ڈھونڈھا مگر نہ پایا۔ دو دفعہ دونون نے جو طرفہ ڈھونڈھا مارا مگر نہ ملا نہ ملا۔ دونون متحیر کہ اخبار گیا کہان۔ زمین کھا گئی یا آسمان کھا گیا آخر رکھا کہین یہان ہی ہوگا۔ تیسری بار دونون نے پھر اِدھر اُدھر ڈھونڈھا مگر کچھ روح افزا نے کہا حسن آرا کے نیچے نہو۔ شاید اخبار ہی پر سو گئین ہون سپہر آرا بولی ہان معلوم ہوتا ہی یہان آکر اخبار پڑھا اور پڑ سکر یارے رنج کے سو رہین۔ روح افزا نے پوچھا رنج کیسا ہی یہ رنج کس بات کا سپہر آرا نے اسکا جواب نہ دیا روح افزا بڑی دیر تک کچھ بڑبڑایا کی اتنے مین بڑی بیگم نے بُلوایا۔ سپاری کے آن کر کہا چلیے آپ کے سسرال سے کوئی ماما آئی ہی بڑی بیگم صاحب حضور کو یاد فرماتی ہین۔ روح افزا بڑی بیگم کے پاس گئین۔ تو سپہر آرا اپنی بہن کو نیچا دکھلانے لگی حسن آرا جاگ اُٹھی۔ دونون بہنون کی چار آنکھین ہوئین تو حسن آرا رونے لگی۔ سپہر آرا نے کہا ہم تو پہلے ہی سمجھے تھے۔

حسن۔ اُف۔ ہے ہے۔

سپہر۔ پھر وہی۔ ہاے اللہ مین کیا کرون اب۔

حسن۔ جاؤ اخبار پڑھ لو۔ مگر مجھسے کچھ نہ کہنا۔

سپہر۔ سارے مین ڈھونڈھ مارا کہین نہ ملا۔

حسن۔ الماری مین رکھا ہی۔

سپہر آرا نے اخبار لیکر مضمون پڑھا۔

سائیسن کے ساتھ آزاد کی شادی اور حُسن آرا بیگم کی خانہ بربادی

حیف بریں دانش و تدبیر او — کو رشدہ دیدہ تقدیر او

واہ ری دنیا اور واہ ری ہوا و ہوس۔ لعنت ہی۔ اِن لعینون پر جو بھلے مانسون کا نام بدکرتے ہین پہلے پاکبازی اور عشق صادق کا دم بھرتے ہین۔ اور پھر دھوکا دیجاتے ہین ۔ ؎

این نہ مردان اند ما عورت اند — بستہ نان اند و مرد شہوت اند

ناظرین کو یاد ہوگا کہ ہمنے میان آزاد نامے ایک ہندی کی تعریف کی تھی اور لکھا تھا کہ میان آزاد ٹرکی گئے ہین تاکہ جنگ مین شریک ہون۔ ترکون کا ہاتھ بٹائین۔ روسیونکو نیچا دکھائین۔ ایک نوجوان اور عالی خاندان حسین دمہ جبین شائستہ و تربیت یافتہ بیگم صاحب نے اُنکو شریف الجانبین اور نجیب الطرفین اور فہمیدہ و سنجیدہ سمجھکر ٹرکی بھیجا کہ اگر میان سے سرخرو آؤگے تو نکاح ہوگا۔ مگر۔ ع

دیگر بخود مناز کہ ترکی تمام شد

ایک معتبر ذریعے سے معلوم ہوا کہ میان آزاد ٹرکی مین ایک سائیس کی نوجوان بیوی پر عاشق ہوئے۔ لاحول ولاقوۃ۔ لاحول ولاقوۃ۔ اسی کھٹکے کا رکنا یہ قول و قرار کیا یہ کردار۔ اس شخص نے اپنے اس خرقہ سالوس سے اُس خاتون عفیفہ کو بڑا دھوکا دیا مگر للہ الحمد کہ وہ معصوم ہی رہی۔ ہمکو یقین واثق ہی کہ جب بیگم یہ خبر وحشت اثر سُنے گی تو آزاد کے نام پر لاحول پڑھے گی مگر افسوس ہی کہ اُس بیچاری تک یہ خبر نہ پہونچنے پائیگی وہ شب و روز آزاد کی جدائی مین جلے گی اور یہ خبر ہی نہ ہونے پائیگی کہ میان آزاد وہان کچھ گُل کھلا رہے ہین۔ بیگم کو شکر کرنا چاہیے کہ ایسے دون نش کے زور سے اُنھون نے نجات پائی۔ ؎

آن مستوناً میدچون واقف نئی ز اسرار غیب
باشد اندر پردہ بازیہاے پنہان غم مخور

بیگم بیچاری کے دل سے کوئی پوچھے یہ خبر اُس کے دل کے ساتھ وہ کریگی جو تپ دق جوان کے ساتھ اور خانہ خراب فرتوت کے ساتھ کرتا ہی۔ افسوس صد افسوس وہ بیچاری سوچتی ہوگی کہ میان آزاد سرخرو آئین گے نام ہوگا اقصاے روم سے ہندوستان تک اہل اسلام و اہل ہنود اُنکی تعریف مین رطب اللسان ہونگے یورپ مین آزاد کی شجاعت و بسالت کا غلغلہ ہوگا۔ مگر۔ ؎

ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال
کارے کہ خدا کرد فلک را چہ مجال

نہزارون آرزوؤن کا خون ہوگیا۔ اور دونون مین سُن لیجیے گا کہ اُس خاتون عصمت مآب کو جنون ہوگیا۔ امید کی کمر ٹوٹ گئی وہ سوز جانگیکی کہ اللہ اللہ جسکو ہم دل مین وہ بیچ تو ہم مبتذل عورتون پر رکھیے بڑے شرم اور خفت اور حسرت کی بات ہی اس سے بڑھکر صدمہ اور کیا ہی۔ خوب یاد رکھنا چاہیے کہ۔ ؎

توان شناخت بہ پیرو ز از شمائل مرد کہ تا کجا رسید ست پایگاہ علوم

دلے ز باطنش ایمن مباش و مشنو
کہ خبث نفس نگردد بلبسا لما معلوم

نفس امارہ جب نفس مطمئنہ پر غالب آتا ہی تو انسان کو بے قابو کر دیتا ہی مگر طیب النفس بزرگوار نفس امارہ کو مغلوب کر دیتے ہین۔ ہمن کیا کہ نفس پلید اُن پر غالب آجائے کیا مجال۔ ؎

ای نفس پلید آدمی بن
کتے مین ولی کی خصلتین ہین

ہم اسقدر لکھ چکے تھے کہ روم کے ایک معتبر و مستند اخبار سے اس خبر کی صداقت ہوئی۔ اخبار مذکور مین درج ہی کہ میان آزاد نے ایک سائیس کو زہر دلوا دیا اور اُسکی زوجہ بست سالہ کے ساتھ نکاح پڑھوا لیا۔ اے لعنت خدا تم کلامہ۔

حسن۔ سپہر آرا ہم تو ایسا نہین سمجھتے تھے۔

سپہر۔ اجی یہ سب غلط ہی۔

حسن۔ کیا قسمت کی خوبی ہی۔ جو کام ہوا پورا ہی ہوا۔

سپہر۔ یہ سب افترا پردازی ہی۔

حسن۔ اخبار والے نے خوب لکھا ہی۔ ع۔

کہ خبث نفس نگردد لبسا لہا معلوم	
سپہر۔ باجی جان ہم تو فال دیکھین گے۔	
سپہر آرا نے فال نکالی کہ یہ خبر سچ ہو یا غلط۔ یہ غزل نکلی۔ ؎	
خوش آمد گل وزان خوشتر نباشد / کہ درسشت بجز ساغر نباشد	
بیا اے شیخ درمخانۂ ما / شراب خور کہ در کوثر نباشد	

سپہر آرا کو تو ڈھارس ہو گئی کہ حافظ شیرازی نے سچا بچا حال بتا دیا۔

حسن آرا نے کہا ہمارا تو شیشۂ دل چکنا چور ہو گیا۔ ہائے ہم کیا جانتے تھے کہ عشق خانہ خراب یہ نتیجہ اور یہ برا دن دکھائے گا۔ ؎

نام الفت سے ہم نہ تھے آگاہ	کسی یوسف کی تھی نہ ہر گز چاہ
عیش و عشرت سے کٹتی تھی اوقات	چھپون مین گنتے تھے دنرات
عشق کا سنتے تھے نہ افسانہ	شمع رویون پہ تھے نہ پروانہ
جان دیتے نہ تھے کسی گل پر	ہنستے تھے نالہائے بلبل پر
دل چھپائے ہوئے تھے چوروں سے	خوف تھا انکھڑیون کے ڈورون سے
دم نکلتا تھا تیغ ابرو سے	دل الجھتا تھا ذکر گیسو سے
دل کو چاہ ذقن کی چاہ نہ تھی	کسی یوسف لقا سے راہ نہ تھی
قیس کا سنتے تھے جو افسانہ	کہتے تھے وہ بشر تھا دیوانہ

مگر ہمیں یہ معلوم ہی نہ تھا۔ ؎

جب طبیعت کسی پہ آئے گی
ساری حکمت پھول جائیگی

جب دل آیا تو معلوم ہوا کہ عشق اسکو کہتے ہین۔ جب انسے جدائی ہوئی تو کڑھنے لگے کبھی غم و افسوس کرتے تھے کبھی دل کو ڈھارس دیتے تھے مگر۔ ؎

حال اول سے یہ تھا ظاہر پر / کہ اسی غم مین ہون گے ہم آخر

اپنا کیا اپنے آگے آیا۔ اُف فوہ بڑا دھوکا کھایا۔ میان آزاد سے ہتکھنڈے سے کیا معلوم تھے ؎

ز جوش آتش غم شعلہ افشان شد چو سراغ من
خدایا بر دلم رحمے کہ خون گردید داغ من

ہائے یہ کیا ہوا۔ ہمارا ذرا خیال نہ آیا۔ ایک پنج قوم عورت کو بیا بیا حسن آرا کو بھول گئے۔ مہینون اسی رنج مین گذر گئے کہ ٹر کی کیون بھیجا۔ ہائے بیٹھے بٹھائے اسکی جان کی کیون خواہان ہوئی رات دن دعا مانگی کہ یا الٰہی باوا واپس آئے۔ مگر یہ کیا معلوم تھا کہ دفعۃً خرمن امید پر غم کی بجلی گر پڑیگی۔ نصیبون کی شامت نے آج یہ خبر سنائی۔ برسون کی محنت خاک مین ملائی قسمت پھوٹ گئی۔ ہائے بس آرزو ہو تو یہ ہو کہ ایک دفعہ چار آنکھین ہون تو جھک کر سلام کرون۔

سپہر۔ اگر یہ سچ ہو تو بڑا اچھا تیسا پن کیا۔ یہ سوجھی کیا پھر اتنی دور گئے کیا کرنے تھے۔ مگر یہ خبر ضرور غلط ہو۔

روح افزا جو کوٹھے پر آئی تو سپہر آرا نے کہا زری باجی کو تو دیکھو۔ پوچھا کیون کیون کیسی ہین۔ کہا کیا بتاؤن۔ ایسا بخار ہو کہ نبض پر ہاتھ نہین رکھا جاتا بدن خدا نخواستہ تنور کیطرح جل رہا ہو۔ روح افزا نے رُلائی ہٹا کر دیکھا تو کہا اُف یہ اتنی ہی دیر مین ایسی تپ آگئی۔ حسن آرا نے روح افزا کو دیکھکر رونا شروع کیا۔

روح افزا نے کہا ہین۔ روتی کیا ہو۔ اچھی ہو جاؤگی زری مل کو ڈھارس دو طبیعت کو قابو مین رکھو ایسا بھی نوج کوئی بیماری مین گھبرائے۔ بہار النسا کو بُلوایا۔ وہ بھی بیتاب ہو کر آئین اور آتے ہی زینے کے پاس سے باآواز بلند پوچھا کیسی ہین کیسی۔ آن کر دیکھا تو متحیر۔ اِیں! یہ کب سے بخار سپہر آرا! اُف

بدن پر ہاتھ رکھا تو معلوم ہوا جیسے کسی نے جھلسا دیا۔ اُف توبہ۔ توبہ۔ اسوقت اُنکے دل سے کوئی پوچھے۔ بہار النسا کے یہ کلمات محبت سُنکر حسن آرا نے کہا باجی میرے قلب کی عجیب کیفیت ہی ہر طرح کی بیماری مین نے اُٹھائی ہی۔ مگر قلب اس درجہ کبھی ضعیف نہین ہوا ہاتھ پاؤن سنسناتے ہین اور یہ معلوم ہوتا ہی کہ جیسے ہر عضو بدن سے جان نکل رہی ہی بولتی ہون تو کسال تکلیف ہوتی ہی اور قلب کے پاس میٹھا میٹھا درد سا ہوتا ہی رہ رہ کے درد ہوتا ہی اور سر بھٹا جاتا ہی۔ مین کیا کرون بہار النسا آمدیدہ ہوگئی۔ بڑی بیگم کو بلوایا۔ وہ جریب ٹیکتی ہوئی بدحواس اور سراسیمگی کی حالت مین آئین۔

ب۔ (پیشانی پر ہاتھ رکھکر) اُف۔ اللہ یہ ہوا کیا۔

بہار۔ بخار سا بخار ہی۔

نواب صاحب دوڑتے ہوئے آئے۔ خیریت ہی۔ اوپر آئے تو صلبلین اور طاما اور روح افزا اور سیہر آرا اور بہار النسا سب کو افسردہ پایا حسن آرا کو دیکھا تو آنکھین چھت سے لگی ہوئی تھین دل بہار قرآن کی ہوا دے رہی ہی۔ پیاری کی ماں نے صدقہ اُتارا۔ نواب صاحب نے نبض پر ہاتھ رکھا تو رنگ فق ہوگیا۔ پوچھا یہ حال کب سے ہی نہین کسی نے اطلاع بھی نہ کی حسن آرا نے بہت آہستہ سے کہا۔ دو ولھا بھائی کے بعد کچھ کہنے کو تھی۔ مگر غشی طاری ہوگئی۔ بڑی بیگم نے کہا سورۂ حمد دم کرو سورۂ حمد دم کرو روح افزا نے کہا دولھا بھائی ڈاکٹر کو بلواؤ۔ اتنے مین محمد عسکری صاحب تشریف لائے۔

عسکر۔ ہم آئین۔

بہار۔ اے جلے بھی آؤ۔ اسوقت عسکری ذری نبض تو دیکھو میرا بھائی کچھ بتا۔ اے یہ دم کے دم مین کیا ہوگیا۔

عسکر۔ (نبض دیکھکر) بڑے حکیم صاحب کو بہت جلد بلوائیے۔

ن۔ دوڑو اور جلد بلا لاؤ۔ کسی سواری پر آئے ہو۔

عسکر۔ پالکی گاڑی پر۔ ابھی بلا تا ہون۔

بہار النسا نے محمد عسکری کو علیحدہ لیجاکر پوچھا۔ بھائی عسکری سچ سچ بتا ناحسن آرا کیسی ہی۔ محمد عسکری نے کہا۔ بہن کیا بتاؤن نبض ہی نہین ملتی۔ اس فقرے پر بہار النسا نے دوہتڑ پیٹنا شروع کیا عسکری نے کہا اب مجھے جانے دو گھنٹہ تک وہ آئین بہان خدا جانے کیا ہوجائیگا۔ بہار النسا اور بھی روئی اور سر پیٹنے لگی۔ نواب صاحب آنکر سمجھایا اور کہا یہ وقت دوا اور علاج کا ہی۔ اور رونا تو عمر بھر ہی۔ بہار النسا جی کڑا کرکے کرے مین آئی آنکھین لہو کی بوٹیان بدن تھر تھر کانپ رہا ہی۔

محمد عسکری فوراً پالکی پر سوار ہوکر بڑے حکیم صاحب کو بلانے گئے اور نواب صاحب نے کوچمین کو حکم دیا کہ ابھی ابھی فٹن تیار کرو ذرا دیر نہو ہمایون فر نے پوچھا خیر تو ہی۔ یہ آج سب کے سب بدحواس کیون ہین نواب صاحب نے حال بیان کیا تو ہمایون فر بھی آبدیدہ ہوگئے۔ کہا آپ یہان ہی رہین۔ مین جاکر سول سرجن کو ساتھ لاتا ہون۔ نواب صاحب نے شکریہ ادا کیا۔ ہمایون فر فٹن پر سوار ہوکر سول سرجن صاحب کے ہان گئے کارڈ بھیجا۔ پرنس میرزا ہمایون فر بہادر پٹرھکر صاحب ممدوح باہر نکل آئے اور بڑے تپاک سے ہاتھ ملاکر حال پوچھا اور کہا مین ابھی آپ کے ساتھ چلتا ہون اسی دم صاحب سول سرجن آئے۔ نواب صاحب کو اطلاع کیگئی۔ باہر آئے صاحب سے ہاتھ ملایا۔ خواص نے آن کر کہا پردہ کرایا گیا آئیے حضور سول سرجن اور نواب صاحب اندر تشریف لے گئے۔ حسن آرا بیگم کی نبض دیکھی۔ جیبی گھڑی ملو کے پھر نبض دیکھی۔ حال پوچھا

کہا ہم جانتے ہین کہ کسی سانحے کی خبر سُنی ہی جسکے صدمے سے اس درجہ بیتاب ہوگئین کسی عزیز کے مرنے کی خبر سُنی ہو یا کسی بنک مین روپیہ رکھا ہو اور دوالہ نکل گیا ہو۔ یا کوئی اور بات اس قسم کی ہوئی ہو۔ ہی کچھ ایسا ہی قلب پر صدمہ پہونچا ہی۔ نواب صاحب نے قلم دوات کاغذ مانگا۔ پیاری نے حاضر کیا نسخہ لکھا اور کہا جا لنسن اینڈ کمپنی کی کوٹھی سے منگوا دو آٹھ بجے ہم پھر آئین گے۔ نواب صاحب نے باہر دریافت کیا کہ آپ کے نزدیک طبیعت کیسی ہی۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا۔ ردی حالت ہی۔ بڑا صدمہ پہونچا ہی۔ علاج مشکل ہی۔ ایک اشرفی پاکٹ مین رکھکر صاحب سول سرجن لشریف لیگئے اتنے مین محمد عسکری صاحب بڑی حکیم جی کو لیکر آئے بڑے حکیم معمر آدمی تجربہ کار۔ لائق فائق۔ عالم وفاضل تمام شہر مین ہوا بندھی تھی۔ لوگون کا مقولہ تھا کہ دست شفا ہی حکیم صاحب محمد عسکری کے ساتھ تشریف لائے بسم اللہ کہکر نبض دیکھی۔ اور سوال کرنے شروع کیے۔

حکیم کتنے دن سے طبیعت علیل ہی۔ صاحبزادی کی۔

نواب صاحب جی بس آج ہی بخار آگیا اور دیکھتے ہی دیکھتے تپ اسدرجہ شدید ہوگئی۔

حکیم کسی قسم کی خلش پیشتر سے تھی۔ غذا مین بے احتیاطی تو نہین ہونے پائی۔

ن مطلق نہین۔

حکیم گھر مین کسی سے لڑائی یا تکرار ہوئی تھی۔

ن نہین۔

عسکر۔ ان کی دادی ——— وہ والدہ کسی امر پر اُنسے ناراض تھین۔ مگر کوئی جھگڑا نہ تھا۔

حکیم۔ ہمارے علم ویقین مین کسی امر کے رنج اور انتہا کے غم نے انکو بیمار کر دیا۔

ن۔ ڈاکٹر صاحب کی بھی یہی رائے ہی۔

حکیم۔ کس کی رائے۔

ن۔ ڈاکٹر صاحب آئے تھے۔ سول سرجن۔ انھون نے بھی یہی فرمایا۔

حکیم۔ رچین چبین ہوکر کیا معالج ڈاکٹر ہی۔

عسکر۔ نہین حضور بلا لیا تھا اُن کو بھی۔ سب گھبرا گئے تھے۔

حکیم صاحب نے پھر نبض دیکھی۔ باہر جاکر بیٹھے۔

محمد عسکری کے کان مین کہا (کام تمام ہوگیا) نسخہ لکھکر تشریف لیگئے۔ نواب صاحب کے ہاتھ پانون پھولے ہوئے تھے۔ میرزا ہمایون فر اسسٹنٹ سرجن کو بلا لائے نواب صاحب نے کہا حضرت اب ہم آپکو جانے نہ دینگے۔ اسسٹنٹ سرجن نے بھی جاکر نبض دیکھی۔ حال پوچھا۔ صاحب سول سرجن کا نسخہ دیکھا اور کہا صاحب نے خوب نسخہ لکھا ہی۔ میرزا ہمایون فر نے دریافت کیا کہ طبیعت کیسی ہی۔ سچ سچ بتائیے گا اسسٹنٹ سرجن نے کہا۔ بہت ردی حالت ہی۔ ہم یہ نہین کہتے کہ خدا نخواستہ جان ہی پر بنجائے گی مشکل ہی حکیم کا علاج ہوگا تو پھر ہلاک ہی ہوجائے گی۔

میرزا ہمایون فر اور نواب صاحب اور محمد عسکری باہم مشورہ کرنے لگے کہ کیا کرنا چاہیے تو شہزادہ ہمایون فر نے کہا اگلی رائے ہی کہ اگر حکیم کا علاج ہوا تو بچنا محال ہی۔ نواب صاحب نے کہا۔ (اور حکیم جی ڈاکٹر کا نام سُنکر بڑے خفا ہوتے تھے یہ تو ان

لوگون کا قاعدہ ہی محمد عسکری نے مشورہ دیا کہ طبیب یونانی معالج ہون۔ مگر شہزادہ ہمایون فر نے اس رائے سے اتفاق نہ کیا۔ سودا گر کی دکان سے دوا آئی۔ ایک (مارک یعنی ایک مرتبہ کی مقدار دی گئی۔ نواب صاحب نے چمچہ کر دوا دی اب حسن آرا کی کیفیت سنیے کہ انتہا کی نقیہ آنکھین چھپنے لگی ہون تشنگی کا غلبہ قالب تہا جاتا تھا پے چینی کی حد نہ تھی آنکھون سے اشک جاری۔ دماغ پر اسقدر گرمی تھی کہ مثل تنور بھنک رہا تھا کبھی سپہر آرا کو دیکھکر روتی تھی کبھی۔ روح افزا سے کہتی تھی کہ بہن کہا سناموں مگر اچھی طرح کوئی کچھ سکتا نہ تھا کہ کیا کہا۔ بہار النسا انتہا سے زیادہ مضطر و بیقرار تھی۔ جب حکیم صاحب نے کہا کہ گھبرین کیسی سے جھگڑا تو نہین ہوا تو بہار النسا بیگم اپنے دل مین سخت خفیف ہوئین۔ سپہر آرا کو خوب معلوم تھا کہ حسن آرا کو بیماری کیا ہی وہ بیچاری چپ چاپ بیٹھی حسن آرا کی کیفیت دیکھ رہی تھین اس درجہ غم تھا کہ زبان سے کوئی کلمہ نہین نکلتا تھا مگر آنکھین اشکبار اور دل مضطر و بیقرار۔

ن حسن آرا بیگم۔ حسن آرا بیگم۔

حسن آرا نے آنکھین کھول کر دیکھا مگر بات کرنے کی طاقت نہ تھی۔

بہار۔ بولو پیاری بہن۔ آہستہ سے کچھ کہو۔

حسن آرا نے اشارے سے کہا پانی پلاؤ۔ بڑی شدت کی تشنگی ہی۔

حسن آرا غلبہ تشنگی سے سخت بیچین تھی تھوڑی دیر مین ذرا سا پانی بہار النسا نے دیا پانی پینے سے کسی قدر تشفی ہوئی اتنے مین سول سرجن صاحب پھر آئے۔ پردہ کیا گیا۔ زبان دیکھی نبض دیکھی۔ نسخہ لکھا۔ اور کہا۔ دو گولیان آئین گی دونون اسی وقت کھلا دیجیے۔ آدہ شیشی مین جو عرق آئیگا۔ وہ گولی کھانے کے آدہ گھنٹے کے بعد پلائیے۔ ایک مارک آدھ آدھ گھنٹے کے بعد ایک ایک مارک پلانا صبح کو ہم پھر آئین گے اور ضرور آئین گے۔ اگر رات کو طبیعت زیادہ بے چین ہو تو ہم کو فوراً اطلاع دیجیے گا۔ پانی بہت کم پائین اسکا خاص خیال رہے اور جسطرح کمرہ صاف ہی اسی طرح صفائی کا خیال رہے۔

حسن۔ (آہستہ سے) قلب از بس ضعیف ہی۔

ن۔ کہتی ہین قلب بہت ضعیف ہی۔

سول سرجن۔ پوچھیے کوئی وجہ بیان کر سکتی ہین۔

حسن۔ ہان دل پر صدمہ پہونچا تھا۔

سول۔ ہم سمجھے ہی تھے۔

یہ کہکر سول سرجن صاحب باہر تشریف لیگئے۔

حسن۔ مگر اب ہمین اپنے بچنے کی ذرا امید نہین معلوم ہوتا ہی کہ رگ رگ سے کوئی جان نکال رہا ہی۔ اور قلب پر برچھی کی نوک سی لگتی ہی۔ اُف ہاتھ پاؤن اینٹھے جاتے ہین ذرا کسی پہلو چین نہین آتا۔ انتہا کی بیقراری ہی بات کرنا پہاڑ ہی سپہر آرا کہان ہی۔ بہار النسا بہن کہان ہین۔

بہار۔ سب بیٹھے ہین تمھارے پاس تم گھبراؤ نہین ہم سب بیٹھے ہین۔ ذرا دل کو مضبوط رکھو۔ ڈاکٹر صاحب کہ گئے ہین کہ بہت باتین نہ کرین (قریب جاکر)۔ بہن بتاؤ تو ایسا کیا صدمہ پہونچا خدانخواستہ کہ دم کے دم مین یہ حالت ہو گئی صورت دیکھے ڈر معلوم ہوتا ہی۔

ڈاکٹر صاحب سے نواب صاحب نے پوچھا۔ ابتو خون کا مقام نہین ہی۔ سول سرجن نے کہا ابھی آرام نہین ہوا۔ طبیعت ٹھہر گئی ہی۔ صبح آکر ہم کچھ کہہ سکین گے۔

رات بھر حسن آرا تڑپا کی۔ بڑی بیگم آٹھ دس دفعہ اِدھر اُدھر جاکر مُنھ ڈھانپ ڈھانپ کر روئیں۔ بیمار النسا اور روح افزا آپس مین گلے مل مل کر اشکبار رہوئین اور سپہر آرا کی تو عجب ہی کیفیت تھی۔ اشک تمام شب آنکھون سے جاری رہے نواب صاحب نے سرہانے بیٹھے بیٹھے تڑکا کر دیا۔ مغلانیون اصیلون نے آنکھون مین رات کاٹی۔ باہر شہزادۂ ہمایون فر مثل ماہی بے آب تڑپ رہے تھے۔

رات کو دو مرتبہ شہزادۂ معزی الیہ ڈاکٹر صاحب کے پاس بھیجے گئے۔ صبح کے وقت حسن آرا کو اسقدر طاقت نہ تھی کہ بات کرسکتی۔ آنکھون کے اشارے سے باتین کرتی تھی۔ مگر بیکلی اور بے چینی صاف ظاہر ہوتی تھی۔

ٹھیک چھ بجے کے وقت سول سرجن صاحب تشریف لائے۔

سول۔ رات کو دوسری مرتبہ نسخہ لکھا اُسنے فائدہ کیا۔

ن۔ جی ہان ہچکیان بند ہوگئین۔

سول۔ بخار شب کو کیسا تھا۔

ن۔ کبھی کم کبھی زیادہ۔ تین بجے کے وقت اس قدر شدت تھی کہ پیشانی پر ہاتھ رکھنا محال تھا۔ سارا بدن پھنک رہا تھا۔ اور بار بار پانی مانگتی تھی۔

سول۔ (نبض دیکھکر) کم ہی۔

اس کے بعد صاحب سول سرجن نے ایک آلہ چوبی سے قلب اور جگر کا امتحان لیا اور باہر آکر نواب صاحب سے کہا۔ "بہت کم امید ہی"

اتنے مین ایک ماما نے اندر سے آن کر کہا۔ نواب صاحب حضور جلدی آیئے حسن آرا بیگم کی عجب حالت ہی۔ ہمایون فر اور حکیم صاحب سخت متحیر ہوئے اور نواب صاحب دوڑتے ہوئے اندر گئے۔ ڈاکٹر صاحب اور حکیم صاحب دونون بلوائے گئے۔

مغ۔ ٹھہر گئی۔ ٹھہر گئی۔ طبیعت۔

پیاری کی ماں۔ اُف۔ اُف۔ کیا جانے یہ ہوا کیا تھا۔

ماما۔ اللہ نے عزت رکھی۔

بابو۔ ڈاکٹر صاحب نے دو پہر کے بعد پھر جگر کا آلہ چوبی سے امتحان لیا۔ حکیم صاحب نے نبض دیکھی۔ دونون کی رائے کچھ کچھ کی نسبت اب ضعف زیادہ ہی فوراً صاحب سول سرجن طلب ہوئے اُنھون نے آنکر حال سُنا۔ اسسٹنٹ سرجن سے مشورہ کیا نسخہ لکھا۔ نواب صاحب کی طرف دیکھا۔ نواب صاحب کی شفی کی اور کہا دوا نے اثر دکھایا یا اب ہم کو ذرا تشفی ہوئی ابتک تو ہمکو یہی نہین معلوم تھا کہ دوا اثر کرے گی بھی یا نہین۔ شکر ہی کہ اب ہم کو تقویت ہوئی۔

حسن۔ دودھ بھائی۔ میرا کام تمام ہوا جاتا ہی۔

ن۔ نہین گھبراؤ نہین۔ دو چار گھنٹے مین افاقہ ہو جائیگا۔

بڑی بیگم نے نواب صاحب کو پردے کے پاس بُلا کر کہا۔ لو یہ دبّل اشرفیان صاحب کو دو۔ اور ہاتھ جوڑ کر کہو کہ اِس وقت یہین بیٹھین باہر نہ جائین نواب صاحب نے کہا اچھا۔ دبّل اشرفیان صاحب سول سرجن کو بطریق نذر دکھائین۔ اُنھون نے فوراً قبول کرلین۔

ن۔ جناب اُنکی والدہ بہت بیقرار ہین۔ فرماتی ہین کہ آپ مہربانی کرکے کچھ عرصے تک یہین تشریف رکھین۔

سول۔ ہان ہم ہین کچھ دیر تک۔ اور بابو صاحب بیٹھے ہین۔

حکیم۔ مین رخصت ہوتا ہون۔

ن ۔ نہین قبلہ ۔ آپ یہین تشریف رکھین ۔

حکیم ۔ گھر تک ہو نہ آؤن ۔

ن ۔ ہم تو اسوقت نہ جانے دینگے ۔

حکیم صاحب نہایت ہی خوش ہوئے کہ دو ڈاکٹرون کے سامنے اسقدر حظ ہوئی اور ڈاکٹر صاحب اپنے دل مین سوچے کہ ایسا نمونہ یہ لوگ دکھلائل یقین تو ہین ہی اور عورتون پر یہان دار مدار بھی زیادہ ہی ۔ کہین حکیم صاحب کا علاج نہ شروع کر دین ۔ اسسٹنٹ سرجن نے انگریزی مین کہا کہ ان لوگون کو ذرا بھی انگریزی ادویہ کا بھروسہ نہین ۔

حسن آرا نے سپہر آرا سے کہا بہن اب تو بچنے کی امید نہین ۔ تم لوگ تو چشم ظاہر بین سے دیکھتے ہو تمھین ہمارا حال کیا معلوم کہ قلب کی کیا کیفیت ہی ۔ بس یہی معلوم ہوتا ہی کہ زہر کی بجھی ہوئی برچھی کوئی بھونک رہا ہی ۔ اور اسوقت سب سے زیادہ یہ خیال ہی کہ آزاد پیارے ہمارے بعد کیا کرین گے ۔ ؎

ہر دم از فغان و آہ آتشین و چشم تر
رعد نالان برق سوزان ابر گریانیم ما

ادھر حسن آرا بیگم سپہر آرا سے آہستہ آہستہ گفتگو کرتی تھین اُدھر نواب صاحب کو حکیم جی پٹی پڑھا رہے تھے ۔

حکیم ۔ حضرت ان کے علاج سے تو زائلہ مرض معلوم ۔

ن ۔ دیکھیے خدا مالک ہی ۔

حکیم ۔ خدا جانے کیا الم غلم دیتے جاتے ہین ۔

ن ۔ درست ہی ۔

شہزادۂ میرزا ہمایون فر ڈاکٹرون کے اندیس معتقد تھے جھلا کر آہستہ سے کہا نواب صاحب آپ بھی عجیب آدمی ہین ۔ درست درست کہتے چلے جاتے ہین اور حکیم صاحب تو ڈاکٹرون کے خلاف کہا ہی چاہین ۔

اب سنیے کہ بڑی بیگم صاحب نماز پڑھ رہی ہین ۔ بہار النسا چھت پر مغلانی سے باتین کرتی ہین ۔ نواب صاحب اور میرزا ہمایون فر بہادر حکیم جی کی نسبت باتین کر رہے تھے حکیم صاحب ایک گھنٹے کے لیے رخصت ہو کر گھر گئے تھے محمد عسکری بھی ہمراہ رکاب حکیم صاحب چلے گئے تھے ۔ کہ دفعۃً اندر سے رونے کی آواز آئی ۔ سب دنگ کہ یا الٰہی یہ کیا ماجرا ہی ۔ نواب صاحب فوراً اپکے بڑی بیگم غل مچاتی ہوئی زنبون پر جاتی تھین ۔

ن ۔ کیا ہوا کیا ہوا ۔

بہار ۔ (سر پیٹ کر) جو کچھ ہونا تھا وہ ہو گیا ۔

سپہر آرا کونے مین کھڑی سر پیٹ رہی ہی ۔ روح افزا ۔ سر بالین زار زار روتی ہی بڑی بیگم صاحب اینٹ اُٹھائی اور زور سے سر پر لگائی ۔

نواب صاحب نے جا کر دیکھا تو حسن آرا بالکل مُردے کی طرح بے حس و حرکت پڑی تھی ۔

ن ۔ یہ کیا ہوا ۔

مغ ۔ ایک ہچکی آئی اور بس آنکھین پھر گئین ۔

نواب صاحب نے نبض دیکھی ۔ اور کہا نہین ابھی گرم ہی ۔ گھر بھر مصروف گریہ و زاری تھا ۔ کہرام مچا ہوا ۔ تمام محلے سے بکا اور رین کی آواز بلند تھی ۔ سپہر آرا نے تین دفعہ دیوار سے سر ٹکرایا تو خون جاری ہو گیا ۔ مغلانی نے لاکھ لاکھ سمجھایا مگر بیکار ۔

ن ۔ ارے ذرا چپ رہو ۔ مین ابھی ڈاکٹر کو لاتا ہون ۔

یہ کہکر نواب صاحب گاڑی پر سوار ہوئے ۔ اور ڈاکٹر کے ہان گئے ۔

قیدی کی رہائی

اتنے عرصے تک قید مین رہکر میان آزاد نہایت ہی پریشان ہوے ایک روز اُنھون نے وزیر جنگ کے نام خط لکھا۔

حضور اقدس۔

مین قید خانے مین بیٹھا ہوا اُس شخص کیطرف مخاطب ہوکر یہ شعر پڑھتا ہون جسکی بدولت مین ناکردہ گناہ قید ہوگیا۔ ؎

اگر بکردی تو مین ہیچ بہ انسان نہ کند
مرگ باجان نکند کفر بہ ایمان نہ کند

مگر افسوس ہی کہ گو اب وہ بھی میرے خلاف نہین ۔ مگر نامساعدت بخت کو کوئی کیا کرے۔ مین صاف صاف لکھونگا کہ حضور نے تحقیقات کامل نہ کی اور میان تلک اس معاملے مین اغماض فرمایا کہ ابتک میری خبر بھی نہین لی جرم تو یہی عائد ہوا نہ کہ مین روسی جاسوس ہون ۔ مگر ہندوستان اور انگلستان اور مالٹا تک سے خطوط آئے کہ یہ شخص روسی جاسوس نہین ہندی ہی لیکن اسپر بھی قید خانے سے نجات نہ ملی۔ افسوس عند افسوس مس میڈ جنھون نے مجھے روسی جاسوس بتایا وہ خود معترف ہین کہ اُن سے غلطی ہوئی۔ ہرمرجی کی کوٹھی مین فروش ہوا وہ اور اُنکے باپ دونون مجھسے واقف ہین لیفٹنٹ ایبلٹن ۔ اور کپتان اسمتھ نے شہادت دی مگر ہم قید خانے ہی مین ہین ۔ افسوس حیرت اور حسرت کی انتہا نہین اب یا تو میرے قتل کا حکم ہوجائے یا رہائی کا۔ کیونکہ اگر رہائی ہوئی تو جینے سے کیا فائدہ ہندوستان سے آئے تھے کہ ترکون کی طرف سے لڑین مگر اتفاق شامت اعمال۔ ؎

شوق ہر رنگ رقیب سر و سامان نکلا
قیس تصویر کے پردے سے بھی عریان نکلا

سمجھی مین نہین آتا کہ اب کس مصلحت سے قید ہون۔

عریضۂ فدوی آزاد مجرم

یہ خط صاحب سپرنٹنڈنٹ سول جیل کے ذریعے سے وزیر جنگ کے پاس بھیجا گیا اُنھون نے پڑھا اور اُسپر لکھدیا جلد رہائی ہوگی۔

میان آزاد کے پاس یہ جواب بھیجدیا گیا۔ پڑھکر خاموش ہورہے۔

اب سُنیے کہ دوسرے روز سول قید خانے مین ایک اور قیدی آیا۔ میان آزاد نے دیکھا کہ ایک سُرخ و سفید آدمی ہی۔ نہایت ہی حسین و وجیہ۔ باہم گفتگو ہونے لگی۔

آزاد۔ آپ کس ملک کے باشندے ہین۔

دوسرا قیدی۔ فرنچ ہون اور آپ۔

آزاد۔ ہندی۔

فرنچ۔ یہان کب سے ہین آپ۔

آزاد۔ ابھی چند ہی روز ہوے۔

ف۔ کس جرم مین سول جیل مین آنا ہوا۔

آزاد۔ کیا عرض کرون افسوس ہی۔

ف۔ ہماری نسبت مشہور کیا گیا ہی کہ روسی جاسوس ہی۔

آزاد۔ ہان! تو آپ ہمدرد ہین ہمارے۔

ف۔ کیا آپ پر بھی یہی جرم عائد ہوا ہی۔

آزاد۔ جی ہان۔

ف۔ اندھیر ہی اندھیر۔

آزاد۔ جنگ کا زمانہ ہی نہ۔ جاسوس کے نام سے تو لوگ

بھڑکا ہی جاہین۔

ف۔ یہ سچ مگر انتظام بھی ٹھیک نہین ہی۔

آزاد۔ ابھی ہین اسکی نسبت کچھ رائے نہین دیسکتا۔

ف۔ ہان۔ واقف نہین ہین بخوبی آپ۔

میان آزاد نے اس نوجوان فرانسیسی سے پوچھا آپ روسی زبان سے بھی واقف ہین۔ اُسنے کہا ہان خوب واقف ہون۔ ترکی فرانسیسی روسی تینون زبانین بول سکتا ہون۔ دوون آزاد اور فرانسیسی مل جُل کر رہے تھے کہ فرانسیسی نے کہا حضرت اب ہم اور آپ رازدان ہوجائین۔

آزاد۔ رازدان ہوجائین اسکے کیا معنی۔

ف۔ ہم آپ سے راز کی باتین کہین۔ آپ ہمسے۔

آزاد۔ بہتر۔

ف۔ ہم روسی جاسوس تو نہین۔ مگر جب سے قید ہوئے۔ تب سے ترکون کے خلاف ہوگئے۔

آزاد۔ افسوس صد افسوس۔

ف۔ افسوس کا ہے کا آئین۔ ہماری طبیعت۔

آزاد۔ ترک بڑے بانکے اور سچے آدمی ہین۔

ف۔ آپ ابھی واقف نہین ہمسے پوچھیے۔

آزاد۔ ہم ترکون کے عاشق ہین۔

ف۔ ابھی اس حالت مین بھی۔

آزاد۔ بیشک۔

ف۔ آپ کو بے وجہ قید کردیا۔

آزاد۔ خوب کیا۔

ف۔ خوب کیا تو ہم دشمن ہوگئے ہین بے وجہ قید کردیا۔

آزاد۔ جنگ کا وقت ہو نہ۔

ف۔ بڑا بُرا کیا۔

آزاد۔ اور کسی ملک مین ہوتے تو اب تک مار ڈالے گئے ہوتے۔

ف۔ فرانس مین ایسا نہوتا۔ جو ہمارا ملک ہی۔

آزاد۔ جی ہان۔ ؎

حب الوطن از ملک سلیمان خوشتر ہم	خار وطن از سنبل وریحان خوشتر
یوسف کہ بصر بادشاہی میکرد ہم	میگفت گدا بودن کنعان خوشتر

حب وطن کا تقاضا بھی تھا جو آپ نے فرمایا۔

ف۔ آپ جب برس چھ مہینے مہمان رہین گے تو کیفیت معلوم ہوگی۔

آزاد۔ ہان! مگر آدمی اچھے ہین۔

ف۔ اور گورنمنٹ۔

آزاد۔ ابھی رائے نہین دے سکتے۔

ف۔ سُنا اور پڑھا کیا ہی۔

آزاد۔ ع

شنیدہ کے بود مانند دیدہ

ف۔ ہان یہ سچ ہی۔

اس نوجوان قیدی نے میان آزاد سے پوچھا آپ یورپ کے علوم سے واقف ہین۔ آزاد نے کہا جی ہان کچھ کچھ۔ فرانسیسی نے پوچھا آپ جانتے ہین کہ شہاب ثاقب کی کیا اصلیت ہی آزاد نے کہا۔ اولاً جبل النار ارضی کے ٹکڑے بعض اوقات اجزاے کرہ متیہ ارضیہ کے جوش کھانے سے اوپر چلے جاتے ہین۔ ثانیاً۔ بخارات ارضیہ اوپر چڑھ جاتے ہین اور کچھ بصورت شہب نیچے گرتے ہین۔ ثالثاً۔ کرۂ قمر کے کوہ آتش فشان کے ٹکڑے زمین پر نازل ہوتے ہین۔ رابعاً شہاب بھی اور اجسام

کی طرح اجرام فلکی ہین۔

بوچھا کہ یہ پہاڑ جناب باری نے کس مصلحت سے بنائے آزاد نے کہا پہاڑون کی چوٹیان بادلون کے پانی کو منجذب کرلیتی ہین جس سے انسان فائدہ کثیر اٹھاتے ہین۔ پودے نشو ونما پاتے ہین۔ درخت خضارت ونضارت سے سبزان ہند کی یاد دلاتے ہین۔ کوسون سبزہ زار چشمہ سار اور دریا سے قہار بنجاتے ہین۔ دور دور کے ملک تراوٹ سے شاداب ہوجاتے ہین۔

ف۔ زلزلہ کے اسباب بیان کیجیے۔

آزاد۔ بہت اچھا۔

۔ اولاً کسی قسم کے اجزاے ارضیہ کبریتیہ وغیرہ جوش کھاتے ہین اور انسے انجزہ پیدا ہوتے ہین اور وہ انجزات محتبسہ باہر نکلنے کے واسطے متحرک ہوتے ہین جبکہ زمین کی کثافت کے باعث سے اسکے مجاری ومنافذ مسدود ہوجاتے ہین اور انجزہ مذکور نکل نہین سکتے۔ تو ناچار انکی حرکت سے زمین مین زلزلہ پیدا ہوتا ہے۔

ف۔ آپ بہت لائق آدمی ہین۔

آزاد۔ یہ آپکی ذاتی لیاقت اور حسن اخلاق ہے۔

ف۔ آپ فرنچ بخوبی بول سکتے ہین۔

آزاد۔ جی نہین مگر مطلب سمجھا دونگا۔

ف۔ آپ آئے کس غرض سے ہین۔

آزاد۔ شریک جنگ ہونے۔

ف۔ آپ کی حالت افسوس ناک ہے۔

آزاد۔ آئے تھے کہ میدان کارزار مین شمشیر لیاقت کے جوہر دکھائین گے۔ مگر یہ معلوم نہ تھا کہ قید خانے جائین گے ع

بر سر فرزند آدم ہر چہ آید بگذرد

اور۔ مصرعہ

نشاید زیستن ناشاد باید زیستن

ف۔ ایک شخص میان آزاد نامے آئے تھے۔

آزاد۔ آئے ہون گے۔

ف۔ آپ ہی کے ملک کے تو ہین۔

آزاد۔ ہون گے۔

ف۔ کیا آپ سے انسے ملاقات نہین ہے۔

آزاد۔ چار آنکھین کبھی نہین ہوئین۔

ف۔ سنا کہ کسی بیگم نے انکو بھیجا ہے۔

آزاد۔ باشد۔

ف۔ جنگ کے فنون سے آپ واقف ہین۔

آزاد۔ جی ہان واقف ہون۔

ف۔ مجھے بھولیے گا نہین۔

آزاد۔ نہین ایسی بات ہے بھلا۔

شب کو قیدی کا پتا نہ ملا۔ میان آزاد نے ادھر ادھر جستجو کی۔ مگر بے سود۔ لوگون سے پوچھا مگر بیکار۔ حیرت تھی کہ یا الٰہی یہ کیا اسرار ہے۔ معلوم ہوتا ہے قیدی بھاگ کھڑا ہوا۔ صبح کو وزیر جنگ کے پاس ایک شخص عرضی لیکر گیا جسکا یہ مضمون تھا۔

حضور والا۔

حسب الارشاد واجب الانقیاد خاکسار دو دن تک سول حیل مین رہا میان آزاد نامے قیدی سے ملاقات کی مختلف امور کی نسبت گفتگو ہوئی آدمی نہایت فہمیدہ وسنجیدہ وذیعلم ہے۔ روسی جاسوس کہنا اسپر تہمت تراشنا ہے۔

نہایت طول اور افسردہ ہی۔ خود مین نے کئی بار ترکون کی شکایت کی مگر آزاد نے مجھ سے اتفاق رائے نکیا۔ یہ شخص ترکون کا عاشق زار اور رروم کا جان نثار ہی۔ کمال قلق اور افسوس کا مقام ہی کہ ایسے جانباز دوست اور خیر طلب کے ساتھ لوگ اس طرح پیش آئین حضور از راہ نوازش و کرم اسیوقت اُس بیگناہ کی رہائی کا حکم صادر فرمائین۔ ورنہ وہ گڑھا گڑھکر مرجائے گا اور ہماری بڑی بدنامی ہوگی کہ ایسے جوان مرد کو قید کرکے مار ڈالا اور طرہ یہ کہ بیگناہ ہی۔ اور نہایت ذی علم۔

یہ عرضی پڑھکر وزیر جنگ نے حکم دیا کہ تم خود جاکر رہا کرو اور کہو پرسون ہمسے ملاقات کرین۔

یہ صاحب سینیر یعنے اعلےٰ ناظم قیدخانہ سول تھے۔ اور وزیر جنگ کے حکم بموجب میان آزاد کے پاس قیدیون کی مطلع رہے تھے تاکہ اس بہانے سے اُنکے کل حالات دریافت کرین۔ تھوڑی دیر مین ناظم ممدوح گھوڑے پر سوار ہوکر قیدخانے کے پھاٹک پر پہونچے حکم دیا کہ میان آزاد کو طلب کرو۔ آزاد آئے تو دیکھا کہ جو صاحب کل شام کو قیدی تھے۔ وہ اس وقت حاکم بنے ہوئے گھوڑے پر سوار سامنے کھڑے ہین۔

آزاد۔ کل تو آپ ہمارے ہمدرد بنے تھے۔ مگر خوب خوب بھرے دیے آپ نے فرانسیسی بنے تھے۔ بھلے کو کوئی کلمہ خلاف روم زبان سے نہ نکلا اور نکلتا کیونکر۔

ناظم۔ اب آپ رخصت ہون۔

آزاد۔ قیدخانے کو سلام ہی۔

ناظم۔ ہم بہت خوش ہوئے کہ آپ نے رہائی پائی۔ مگر افسوس ہی کہ اسقدر عرصے تک آپ کو مفت مین مصیبت سہنا پڑی۔

میان آزاد ہشاش بشاش قیدخانے سے چلے۔ ہرفرجی پارسی کی کوٹھی پر پہونچے۔ ہرفرجی نے بڑے تپاک سے مصافحہ کیا اور کہا مُیڈا ابھی اسی وقت یہان سے گئی ہین۔ وزیر جنگ نے اُنکو بلایا تھا۔ اگر کوئی اور ہوتا تو اسنے سخت پاتا مگر اس بری بیکی کی ادا نے عین غصے کے وقت ایسا مجبور کیا کہ سزا نہ دی بس اتنا کہا کہ مُیڈا اس شکل وصورت کے ساتھ سیرت بھی خدا نے تم کو اچھی دی ہوتی تو سبحان اللہ۔ مُیڈا نے گردن نیچی کرلی۔

میان آزاد اور ہرفرجی نے کھانا کھایا اور آرام کیا۔ شام کو خاتون مہ لقا مس مُیڈا تشریف لائین۔ اور بہت جھک کر میان آزاد کو سلام کیا۔ آزاد نے مسکراکر جواب دیا۔

مُیڈا۔ آپ سے قول و اقرار ہوگیا ہی کہ گذشتہ را صلواۃ یہ مسکرانا کیا معنی جو کچھ ہوا ہوا مین اپنی غلطی اور حماقت پر خود منفعل ہون۔

آزاد۔ مس مُیڈا کو لیکر ایک کمرے مین گئے۔ مُیڈا نے کہا آزاد مین نے تم کو سخت مصیبت مین مبتلا کیا۔ مجھے کمال افسوس ہی۔ مگر تم مطمئن رہو کہ مین اسکے عوض مین ایسا سلوک کرونگی کہ تم عمر بھر یاد کروگے۔ وزیر جنگ نے مجھے کل بُلایا تھا۔ مین نے ہاتھ جوڑکر اُن سے کہا کہ میرا قصور معاف کیجیے اور ایک التماس قبول فرمائیے۔ کہا ہمنے قصور معاف کیا۔ مین نے التجا کی کہ ایک التماس قبول فرمائیے۔ کہا بسر و چشم منظور۔ مین نے کہا۔ آزاد کو کوئی معزز فوجی عہدہ دیجیے۔ یہ کہکر مین بے اختیار رونے لگی۔ میری نشفی کی اور کہا کہ تین چار دن مین ہمان کو ایک افسری کا عہدہ دینگے۔ تم اپنے ساتھ اُن کو لاؤ پرسون کا

وعدہ ہی آپ میرے ساتھ چلیے گا۔

آزاد۔ زہے طالع۔

میڈا۔ ضرور چلیے گا۔

آزاد۔ بالضرور ایسی بات ہی بھلا۔

میڈا اور آزاد باہر آئے۔ ہرمزجی نے پوچھا کیا راز و نیاز کی باتین ہوتی تھین۔ آزاد اور میڈا دونون مسکرائے اور میڈا رخصت ہوین۔

عبرت اور نصیحت

لب چشمہ سار لطافت بار ایک گلشن پر بہار روکش گلزار فرخار مین ایک پری تمثال جادو جمال نوجوان عورت ہری ہری دوب پر سفید چاندنی بچھائے بصد انداز دلربائی و شان برنائی متمکن ہی اور سامنے ایک ادھیڑ عورت کھڑی باتین کر رہی ہی۔ نوجوان عورت کی باتون سے معلوم ہوتا ہی کہ کسی بڑی مصیبت سے بچ نکلی ہی اور ہنس ہنس کر اپنی پچھلی مصیبت کی نسبت گفتگو کرتی ہی۔

نوجوان (نو) اف بڑی مصیبت سے اللہ نے بچایا۔

خادمہ۔ (خ) کیسی بچی۔

نو۔ مگر سچ کہنا۔ کیا تدبیر سوجھی ہی۔ کیون۔

خ۔ اللہ جانتا ہی اور کون سوجھتی۔

نو۔ مگر پتہ لگاتے رہین گے کہ اب کیا کیفیت ہی۔

خ۔ مین روز روز کا کچا چٹھا کہ سناؤن گی۔

نو۔ ہان خوب یاد دلایا۔ تم سے کیا واسطہ مرے تو ہم تھے۔

خ۔ اللہ نہ کرے۔

نو۔ اف۔ اُسوقت تم سے ہنسی کیونکر ضبط ہو سکی۔

خ۔ بیوی مارے ہنسی کے بُرا حال تھا اور اُنکی یہ کیفیت کہ ڈھاڑین مار مار کر روئین۔ تو مین سمجھاؤن کہ دیکھو دیکھو ایسا نہو سب پر کھل جائے کہ زہر کھایا ہی۔ بڑی دل لگی ہوئی۔ چہرہ زرد ہو گیا۔ اور ایک دفعہ بڑی زور سے آہ سرد بھر کر نعرہ مارا اور گر پڑے کہا ہاے افسوس اتنے دن تک اُسکے پیچھے اوقات ضایع کی مگر نتیجہ یہ نکلا۔ بڑی دیر تک لڑتے رہے کہ مین بھی ساتھ چلون گا۔ مین نے کہا کچھ خیر ہی میان ہوش کی دوا کرو۔ ہم اپنے اللہ جانے کس تدبیر سے دفعا ہین۔ کس راہ سے جنازہ لیجاہین۔ ہمارا گالون ہمارا محلہ۔ تم لاش لیکر نکلو تو محلے بھر مین اکٹھا ہو جائے بہت روئے پیٹے۔

نو۔ اُنکو اپنے تن بدن کی تو سدھ ہی نہین۔ مین کھانا نہ دیتی تو دو دو دن تک فاقہ ہی کرتے جب کہون کھانا کھا لو کہین خدمتگار کو بلاؤ۔ افضل تفضل فضل۔ یہ۔ وہ۔ خدا جانے کیا کیا بکتے تھے واہی تباہی۔ ایک دن کہہ بیٹھے کہ تم ہو کیا بیچاری۔ مین ایسی پری کے ساتھ نکاح کرون کہ تم بھی شرما جاؤ۔ بس دل پر ملال گذرا۔ دن مین سو سو بار بہودہ کہین ہاتھی لاؤ۔ گھوڑا کسو۔ بگھی نکالو۔ اتھی تو بہ ناک مین دم کر دیا۔ مارے رنج کے کھانا پینا حرام تھا۔ بارے خدا خدا کر کے مصیبت سے بچی۔

م۔ ہان ہی تو سچ مگر آپ نے اچھا نہ کیا۔

نو۔ یہ کیون۔

خ۔ ہم ہوتے تو ضرور نکاح کر لیتے۔ آدمی صورت دار۔ ہزار روپیہ پاس۔ شریف پڑھا لکھا۔ بدھین۔ مفت مین ایسے روپیے والے کو ہاتھ سے کھو دیا۔ کوئی پوچھے

بلا کیا تم کو۔

نوجوان عورت نے اِس فقرے پر آہ سرد کھینچکر کہا تم کو کیا معلوم کہ ہم نے کس کو دل دیا ہی اُسکو دل دیا ہی جو اپنا دل کسی اور ہی کو دے چکا مگر خیر خدا ہمارا بھی مالک ہی یہ ایک راز کی بات ہی ہم کسی پر ظاہر نہ کرین گے۔

ناظرین باتمکین سمجھ ہی گئے ہونگے کہ یہ دونون عورتین کون ہین ان مین ایک جوگن ہی دوسری چمپا۔ اب اکثر اصحاب کو حیرت ہوگی کہ جوگن تو مری تھین۔ اُنھون نے زہر کھایا تھا۔ چمپا کا بھائی لاش کو دفنا آیا تھا۔ یہ پیدا کہان سے ہوگئین۔ سبب سُنیے۔

حقیقت حال یون ہی کہ جوگن نے چمپا کے ذریعے سے ایک شخص کو بلایا تھا جو موم کے کھلونے بنانے مین طاق تھا اُس شخص نے موم کے ہاتھی اور گھوڑے اور اونٹ بناکر یورپ کی نمایشگاہون مین بھیجے تھے۔ اور انعام پایا تھا جوگن نے اُسکو بلاکر کہا ایک عورت بنالاؤ۔ مگر ہاتھ پانون نقشہ چہرہ قد قامت بعینہٖ ہی ہمارا ہی سا ہو۔ چنانچہ وقت مقررہ پر وہ لے آیا جوگن جلی گئی۔ چمپا نے ایک چادر اُڑھادی اور جب رنگ گل کردیا تو حال ناظرین کو خود ہی معلوم ہی ناظرین کو یاد ہوگا کہ چمپا بار بار کہتی جاتی تھی کہ آپ ساتھ نہ چلیے۔ آپ الگ ہی رہیے۔ آپ علی نہ مچایئے۔ بڑی حسن لیاقت سے چمپا نے موم کی عورت کو اُٹھوایا۔ شہسوار کو ذرا بھی نہ معلوم ہوا کہ اُنھون نے کیا کارروائی کی ہی۔

جو۔ مین اپنا حال کیا بتاؤن۔ کہ میری تقدیر نے کس کس قدر پلٹے کھائے افسوس پہلے کیا تھی پھر کیا ہوئی۔ اب کیا ہون اور آیندہ خدا جانے کیا ہو مگر بھیا کی زندگی ہے کمائے نہین کھائی۔

سُنو چمپا اللہ جانتا ہی ایک وہ زمانہ تھا کہ ہم فٹن پر سوار ہوکر ٹھٹھے سے نکلتے تھے۔ بارہ بارہ سولہ سولہ کہار فٹن اُٹھاتے تھے۔ اور یا ایک زمانہ اب ہی۔ ایک وہ وقت تھا کہ لونڈیان اور اصیلین خدمت کے لیے تھین۔ یا اب ایسا وقت آن پڑا۔

ہاے یہ سب ہماری حماقت اور آوارگی کا نتیجہ بد ہی۔ نہین تو یہ دن ہم کیون دیکھتے۔ اور یہین ہمارے والدین کا بھی تصور تھا کہ ایک مسن آدمی سے بیاہ کردیا جسکے مُنھ مین دانت نہ پیٹ مین آنت۔ ہماری زندگی تلخ کردی۔ فعل بد کا نتیجہ بھی بد ہی ہاے تم مین نے کیا کیا۔ اُسوقت اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ میری یہ گت ہوگی تو کیون ایسا کرتی۔

چمپا۔ بیوی جو کچھ آپ نے کیا سو کیا۔ ہمین اُسکا حال نہین معلوم مگر یہ بہت بُرا کیا کہ اس خوبصورت روپیے والے کے ساتھ نکاح نہ پڑھوایا مگر اب بھی سو رہا ہی اور وہ آپ پر جان دیتا ہی۔

جو۔ چمپا تم کو ہمارے بھید سے اطلاع ہوتی تو تم ایسا نہ کہتین۔

چمپا۔ ہان اب لے مجھے کیا معلوم۔

جو۔ ہاے افسوس مین نے کیا کیا۔ بڑی بُری گھڑی تھی۔ یا خدا جوگت میری ہوئی کسی شریف زادی کی نہو۔

یہ کہکر جوگن بہت روئی چمپا نے لاکھ لاکھ سمجھایا مگر آنسو نہ رکے اور کیونکر رکتے خدا جانے کیا پیا تھا۔

کھٹے تھے کھٹے تھے مین گے آنسو رونا ہی یہ کچھ ہنسی نہین ہی	۴

جوگن نے چمپا سے کہا تم مجھے سمجھاتی کیا ہو۔ میری قسمت مین یہی لکھا ہی کہ مین عمر بھر رویا کرون۔ مین اپنی حماقت اور

بیوقوفی اور غلطی پر روتی ہون - یا خدا کبھی کوئی شریف زادی ایسی مصیبت مین مبتلا نہو جمپا متحیر تھی - اُسکو جوگن سے کے درد دل کی خبر نہ تھی - بہ اصرار کہا کہ بیوی اب کسی اور بات کا ذکر چھیڑو - اللہ جانے آپ کو اسوقت کیا یاد آیا میری عقل ہی نہین کام کرتی -

یہ باتین ہو رہی تھین کہ کسی شخص نے یہ شعر پڑھا - ؎

نہ داغ یاس سے گھبرا برآتی ہے کبھی امید گلون کے بعد ہوا کرتے ہین ثمر پیدا

جوگن نے جو یہ شعر سُنا تو ذرا ڈھارس ہوئی - اِدھر اُدھر دیکھنے لگی کہ یہ آواز کہان سے آئی - آخر کار ایک پیر مرد نظر آیا - جوگن اور پیر مرد کی آنکھین چار ہوئین تو پیر مرد نے جوگن سے کہا اگر مضایقہ نہو تو مین تیرے قریب آنکر بیٹھون ورنہ خیر -

جو - زہے نصیب آیئے -

پیر مرد - مین بڑی دیر سے دیکھ رہا ہون کہ تو اپنا حال تباہ کرتی ہے - دو گھنٹے سے زار زار روتے دیکھا - اُس کے دو ہی سبب ہین یا فراق و درد اشتیاق یا افعال بد پر نفس کو لعنت ملامت کرتی ہے -

جو - ہان بچہ ایسا ہی ہے -

جوگن نے کہا جب مین نے آپکو دیکھا تب بھی ڈر گئی تھی - وجہ یہ کہ آپ کے نہ داڑھی ہے نہ مونچھ اور پوشاک بھی دنیا سے نرالی ہے - پیر مرد نے مسکرا کر کہا ہان ہے تو ایسا ہی - مگر میری شکل اور وضع کا خیال نہ کرو - میری نصیحت پر دھیان رکھو -

یہ کہکر پیر مرد نے جوگن سے التجا کی کہ اگر جی چاہے اور عیب نہ سمجھو تو میرے ساتھ میرے گھر چلو -

جو - کوئی عذر نہین -

پیر مرد - جھٹپٹے وقت چلو -

جو - جب حکم ہو -

جب آفتاب لب بام آیا تو پیر مرد جوگن کو لیکر اپنے گھر کی طرف چلے - جمپا ساتھ ساتھ تھی -

جمپا - کیا آپ کا مکان یہان سے دور ہے -

پیر مرد - نہین پاس ہی ہے -

جمپا - پیسا ڈولی ٹکا ڈولی -

پیر مرد - دو قدم ہے -

جو - اس قدر بتا دیجیے کہ وہان کون کون ہوگا -

پیر مرد - مین اور ایک خادمہ -

جو - بس تو پھر کیا ہرج ہے -

تھوڑی دیر مین پیر مرد نے کہا لو یہ مکان ہے - جوگن اور جمپا کو لیکر پیر مرد اپنے مکان مین داخل ہوئے اور کہا کہ تم دونون یہان صحن مین مونڈھون پر بیٹھو مین آتا ہون - ابھی ابھی آیا - یہ کہکر پیر مرد دالان کے اندر گئے - چراغ روشن ہوا اور خادمہ نے آن کر کہا چلیے آپ کو بُلاتے ہین اور جمپا سے کہا تم یہین بیٹھی رہو - جوگن جانے لگی تو جمپا نے کان مین کہا کہ ہمین کچھ دال مین کالا کالا معلوم ہوتا ہے - اکیلا مکان ہے دو تار ایک چراغ اب روشن ہوا کبھی کی جان نہ پہچان - آپ نہ جایئے تو اچھا -

جو - گھبراؤ نہین خدا مالک ہے -

جمپا - جیسی خوشی ہو -

جوگن بے جھجک کمرے کے اندر چلی گئی - دیکھا کہ صاف ستھرے کمرے مین فرش مکلف بچھا ہی چراغ روشن ہی مگر کہین مدارد خادمہ سے پوچھا یہ مرد کہان گئے -

خادمہ - (مسکرا کر) آتے ہین -

اتنے مین جوگن کیا دیکھتی ہی کہ ایک بوڑھی عورت کوٹھری مین سے برآمد ہوئی - اور جوگن کے پاس آن کر بیٹھی - جوگن نے کہا آیئے - کیا آپ بھی ——— اسی مکان مین رہتی ہین -

ضعیفہ - ہان -

جو - کبھی دیکھا ہو تو پہچانون - بن دیکھے کوئی کسیکو کیا پہچانے -

ضعیفہ - مجھکو دیکھا ہو آپ نے -

جو - دیکھا ہوگا - یاد نہین آتا -

ضعیفہ - سوچیے - غور کیجیے -

جو - (خادمہ سے) پیر مرد کو بلاؤ کہ صاحب آپ آئیے -

خادمہ - (مسکرا کر) بہت خوب بلاتی ہون -

جو - اسمین ہنسی کی کون بات تھی - مین سمجھی نہین -

خادمہ - حضور کس کو بلاتی ہین -

جو - وہ جو پیر مرد ہمارے ساتھ آئے تھے - ہم کو ساتھ لائے تھے -

خادمہ - وہ یہ کیا بیٹھے ہین - (مسکرا کر) ہین کہ نہین -

ضعیفہ - مین نے تو عمداً پوچھا کہ پہچانا - مین پیر مرد نہین عورت ہون -

جو - مین نے تو پہلے ہی کہا تھا آپ سے کہ داڑھی نہ مونچھ اور مردانہ وضع بھی عجیب وغریب مگر یہ نہین سمجھی تھی کہ مرد نہین ہین - اچھا دھوکا ہوا - آپ عورت ہین -

ضعیفہ - اب تم چین سے یہان رہو اور جو کہنا سننا پوچھنا مشورہ لینا ہو مین حاضر ہون -

سنو اب مین تم سے اپنا حال صاف بیان کرون - میرا خاص پیشہ یہ ہی کہ شریفون کی بہو بیٹیون کو اموز نیک کی تعلیم دون اور سیدھے رستے پر لگاؤن تم دس بندرہ ہی دن اگر میرے ساتھ رہوگی تو سب حال تم پر کھل جائیگا کہ مین کیا کارروائی کرتی ہون - اور کن کن شریف خاندانون مین میرا گذر ہی - سب لوگ مجھکو استانی جی کہتے ہین -

منجملہ اور خاندانون کے استانی جی نے حسن آرا اور سپہر آرا کا بھی ذکر کیا کہ انکے ہان بھی مین جاتی آتی ہون - جوگن ان دونون کا نام سنکر جو نک پڑی اور متحیر ہو کر پوچھا کہ آپ انکو جانتی ہین -

استانی - بخوبی - دونون بہنون کو مثل اپنی خاص اولاد کے سمجھتی ہون -

امیرون کا کھلونا چھوٹا موٹا گھاگھو لونا

میان آزاد فرخ مہا دیپر فرخی بھائی کی کوٹھی مین بآرام تمام بیٹھے ناول پڑھ رہے تھے کہ ایک شخص نے دفعۃً غل مچا کر کہا - (اوگیدی نہوئی قرولی) آزاد کے کان کھڑے ہوئے این! یہ کس کی آواز آئی تھی - قرولی اور گیدی میان آزاد سخت متحیر ہوئے اٹھنے کو تھے کہ (پھر آواز آئی) قسم خدا کی کتا را کھینچ مارون گا اوگیدی -

آزاد۔ کوئی ہے۔

چپراسی۔ حکم حاضر ہو۔

آزاد۔ یہ باہر کیا غل مچ رہا ہے۔

چپراسی۔ ایک پستہ قد سا آدمی ہے۔ کہتا ہے کوٹھی کے اندر جانے دو۔

آزاد۔ آنے دو۔

چپراسی نے اُس آدمی سے جاکر کہا۔ اچھا چلیے اندر چلیے تشریف لائیے تو آزاد نے ہنسکر کہا۔ اخاہ خوجی ہیں آؤ بھئی خوب آئے۔

خو۔ شکر ہے کہ تم کو صحیح و تندرست پایا۔

آزاد۔ سخت مصیبت میں مبتلا ہوئے تھے۔

آزاد نے مختصر طور پر سب حال بیان کیا کہ اتنے عرصے تک قید خانے میں رہے۔ چھ چھ دفعہ تحقیقات ہوئی جرم کچھ ثابت نہوا مگر اتفاق وقت اور شامت اعمال قید سے رہائی نہوئی۔ آخر کار وزیر جنگ کی خدمت میں عرضی بھیجی۔ خدا خدا کر کے اب رہائی پائی۔

خوجی نے باستقلال یہ ساری داستان سُنی اور کہا سچ کہنا اسوقت ہوش ٹھکانے ہیں یا نہیں۔ آزاد نے قسم کھائی تو خوجی کا چہرہ مارے غصے کے سُرخ ہوگیا۔ پوچھا صاف صاف بتاؤ کس جرم میں ماخوذ ہوئے تھے۔ بتاؤ ٹھیک ٹھیک کل حال موبمو کہنا۔ آزاد نے کہا ایک عورت کے پھیر میں۔

خوجی بہت ہی محظوظ ہوئے اور کھپ گئی کہ اُس نوجوان جمیلہ کو ضرور عقد نکاح میں لائیں گے تھوڑی دیر غور کر کے میاں آزاد سے پوچھا ہاں یہ بتاؤ کہ قید کیونکر ہوئے یہ تو کوئی جرم نہیں کہ آپنے شادی کرنا قبول نکیا۔ آزاد نے ساری داستان بیان کی تو خوجی نیلے پیلے ہوئے۔

خو۔ سُنا میاں۔ ہم تمھارا بدلا لینگے۔ کل امور اور امور کی تہ سمجھ گئے ہیں۔ یہ اُس مہوش کا کام نہیں کسی نے ورغلا دیا ہے۔ مطلب یہ کہ کسی کی سکھائی پڑھائی تھی۔ مگر اُس مردود سے انشاء اللہ ہم کھڑے کھڑے بدلا لینگے۔ آخوہ اتنے دن قید خانے میں بھی رہے۔ افسوس صد افسوس بڑا رنج ہوا اسوقت واللہ کمال افسوس ہوا۔

آزاد۔ چلیے اب افسوس نہ کیجیے ماضی ماضی۔

خوجی نے کہا کہ ہم خوب بن ٹھن کے بیٹھتے ہیں شام کو ہمیں اُن کے پاس لیچلیے دیکھتے ہی عاشق نہو جائے تو سہی مگر استاد شرط یہ ہے کہ قرولی ہمارے پاس ضرور ہو ورنہ بے قرولی کے ہمسے کچھ نہ ہوسکے گا۔ آزاد نے کہا کیا لڑیگا بولے نہیں صاحب لڑنا کیسا۔ بے قرولی کے جوبن نہیں رہتے تو اپنی بن کے جانا چاہتے ہیں نہ۔ آپ یہ باتیں کیا جانیں ؎

کٹھاری تیغ کا منھ چڑھ کے لے لیا بوسہ کبھی نہ اسپہ ہم دب کے بانکپن میں رہے

آزاد۔ خوب کہا برجستہ شعر فرمایا ہے اور حسب حال۔

خو۔ اور نہیں کیا۔ یہاں تو بس یہ جانتے ہیں کہ۔ ؎

الٰہی یہ کس کو لکھ خطِ شوق کہ دل کی تڑپ نامہ بر ہوگئی

آزاد۔ یہ شعر اور بھی حسب حال ہے۔

اتفاق سے میڈا بھی انا البرق کہتی ہوئی تشریف لائیں۔

آزاد۔ لو وہ خود آگئیں۔

خو۔ ارے! غضب ہوگیا۔

آزاد۔ یہ کیوں۔

خو+ اجی بنے ٹھنے ہوتے تو سمجھتی۔

حضرت نے وحشت مین آنکر ہوٹل کی ایک میز کا کپڑا اوڑھ لیا اور تولیا سر مین باندھا اور ایک چھری (فورک) ہاتھ مین لیکر آکر فون بن کے کھڑے ہوئے۔

آزاد نے استادہ ہوکر مُیڈا سے مصافحہ کیا مُیڈا کا حوبن دیکھکر خوجی ہزار جان سے عاشق ہوگئے۔ اور بڑے غور سے گھورا کیے۔ آزاد سے کہنے لگے قسم خدا کی وہ جھکڑا ہی کہ دیدۂ شنید۔ ؎

بصورت تو بتے کمتر آفریدخدا	ترا کشیدہ دست از قلم کشید خدا
چو کردوصف تو بر صفحۂ وجود رقم	صد آفرین ز زبان قلم شنید خدا

مُیڈا نے جو اپنہ نظر ڈالی تو عجیب الخلقت آدمی دیکھکر مُسکرادی۔

خوجی از بس محظوظ ہوئے۔

خو۔ کیون میان آزاد سچ کہنا۔ ایجانب کے دیکھتے ہی کھل گئین نہ واہ رے ہم۔ جو عورت دیکھتی ہی گھنٹون گھورا کرتی ہی جوانی کی امنگ اور حسن گلوسوز بھی کیا چیز ہی ؎

من نگویم کہ یار کشت مرا	دل بے اختیار کشت مرا

مُیڈا نے آزاد سے پوچھا یہ کون شخص ہی۔ آزاد نے کہا یہ ایک پاگل ہی۔ اسکو خبط ہی کہ جو عورت مجھے دیکھتی ہی ریجھ جاتی ہی۔ تم ذرا اسکو بناؤ اسوقت۔ مُیڈا شوخ تو تھی ہی اتنی شہ پاتے ہی خوجی کو خوب بنایا اشارے سے اپنے قریب بُلایا۔ حضرت رشتہ خطی ہوگئے مُسکراتے ہوئے گئے اور قریب جاکر کرسی پر جا ڈٹے۔

مُیڈا۔ (ہاتھ مین ہاتھ دیکر) آپ کا نام کیا ہی۔

خو۔ (آزاد سے) سمجھاتے جاؤ جی۔

آزاد نے سمجھانا شروع کیا۔ یہ جو کہتی تھی۔ اُنکو سمجھاتے تھے اور وہ جو کچھ کہتے تھے اِن کو سمجھاتے تھے۔

خو۔ آپ کی ملاقات سے بہت خوش ہوا۔

مُیڈا۔ (مسکراکر) کل آپ کی دعوت ہی۔

خو۔ (تو ند پر ہاتھ رکھکر) منظور۔

مُیڈا۔ آپ شراب پیتے ہین۔

خو۔ ہان۔ نہین۔ مگر۔ اچھا۔ نہین نہین۔

آزاد۔ مرد آدمی ایک بات کہو تو مین سمجھاؤن یہ نہین اور ہان اور مگر اور اچھا کیا معنی۔

خو۔ کہو انیم پیتا ہون۔

مُیڈا۔ یہ آپ کا گلاب سا چہرہ کھلا جائیگا۔ انیم نہ پینا چاہیے شراب پیوگے۔

مُیڈا نے خوجی کا ہاتھ چوم لیا۔ اللہ اللہ اب کیا پوچھنا ہی الجھے دماغ عرش برین پر ہی۔ مزاج ہی نہین ملتا رکھلے جاتے ہین اکڑے اور آزاد کی طرف گھور کر دیکھا۔ اور کہا کیون اُستاد۔ سچ کہنا ہم کیسے جوان رعنا ہین اور تسپر بھی بنے ٹھنے نہین۔ ورنہ سیکڑون بار ہاتھ چوم لیتی۔ واہ رے ہم۔

آزاد۔ چین لکھتا ہی۔

خو۔ چلو۔ چلو۔ نظر نہ لگاؤ۔ واہ۔

مُیڈا۔ آپ کا نام کیا ہی۔ نام بتائیے۔

آزاد۔ (اُردو مین) انکا نام خوجی۔

خو۔ (بگڑکر) کس مردود کا نام خوجی ہی حضور مجھے لوگ جناب خواجہ بدیع صاحب کہتے ہین۔

مُیڈا۔ اچھا یہ کیا پیارا نام ہی۔

خو۔ (زمین دوز ہوکر سلام کیا) کیون کتنی تعریف کی ہو نام کی نہ کہوگے۔ اور جو خوجی کہتے تو نظرون سے گر جاتے۔

مُیڈا۔ آپ کچھ تھوڑا تھوڑا گانا بھی جانتے ہین۔

آزاد۔ انکار نہ کرنا۔ کہو ہان جانتا ہون ضرور۔

خو۔ ہان اور ناچنا بھی جانتا ہون۔

مُیڈا۔ اُہو ہو ہو۔ تو پھر ناچو۔

خوجی نے ناچنا شروع کیا۔ مُیڈا اور آزاد کی یہ کیفیت کہ مارے ہنسی کے پیٹ مین بل پڑ پڑ گئے۔

مُیڈا۔ اُف۔ بس۔ اَب ختم کرو۔

مُیڈا تھوڑی دیر مین ہوٹل سے گئین۔ تو میان خوجی کے دماغ عرش برین پر تھے۔ زمین پر قدم ہی نہین رکھتے تھے۔ میان آزاد نے کہا خواجہ صاحب ذرا اِدھر تشریف لائیے فرمایا ہشت۔ پھر آزاد نے کہا قبلہ ذرا اس طرف مخاطب ہو جیے۔ آپ نے کہا دھشت۔

آزاد۔ اب ایک کام کیجیے۔ کہ خوب بن ٹھن کے جائیے خوب نکھر کر جسمین وہ بھی کھلجائین کہ ہان ایسا جوان دیکھا۔

خو۔ ہونہہ۔ شانِ خدا۔ آپ اور ہمکو سکھائین۔

آزاد۔ سنا نہین پیر شو بیا موز۔

خو۔ افسوس کہ تم نے ہمین ابھی پہچانا ہی نہین کمال افسوس کا مقام ہو۔

آزاد۔ اجی ہنے آپ کی ذرات تک پہچان لی۔

خو۔ کوسو کوسو۔ گالیان دو۔ جسکا خدا بر کرے۔

آزاد۔ اُفوہ۔ مین تم کو ایسا نہین جانتا تھا۔

خوجی اپنے دل مین نہایت ہی خوش تھے۔ جامے مین پھولے نہین سماتے تھے اور میان آزاد دل ہی دل مین سوچتے تھے کہ اچھا اُلو پھنسا۔ یہ معلوم ہی نہین کہ مُیڈا اِسے بنا رہی ہو۔

تھوڑی دیر مین مُیڈا کا خط آیا۔ آدمی نے آن کر خوجی کو دیا اور کہا آپ کے نام ہو۔ آزاد بولے جناب خواجہ صاحب ہم کو تو ذرا خط دکھائیے۔

خو۔ بس بس چلیے الگ ہٹیے۔

آزاد۔ لاؤ ہم پڑھدین تم سے بھلا کیا پڑھا جائیگا۔

خو۔ (حامل خط سے) تم باہر ٹھہرو۔

حامل خط۔ بہت اچھا۔

خو۔ (آزاد سے) عجب آدمی ہین آپ۔ مین نے تو ایسا آدمی ہی نہین دیکھا۔ صریح دیکھتے ہین کہ مُیڈا کا نوکر جو خط لایا ہو وہ کھڑا سن رہا ہو اور کہنے لگے تمسے بھلا کیا پڑھا جائیگا بڑے عالم کے وہ بن کے آئے ہین وہان سے۔ لاحول ولا قوۃ۔

آزاد۔ اچھا اب تو دکھاؤ۔

خوجی نے خط کو تین بار چوما اور میان آزاد کو دے دیا۔ آزاد نے پڑھا تو یون لکھا تھا۔ میرے پیارے جوان تمھاری ایک ایک ادا نے میرے دل مین جگہ کر لی ہو تمھارا سرو ساقد اور تمھاری سارس کی سی گردن اور بیل کے سے گول گول دیدے اور بندر کی سی حرکتین جب یاد آتی ہین تو مین اُچھل اُچھل پڑتی ہون۔ اب یہ بتاؤ کہ آج کسوقت آؤگے۔ ایسا نہو کہ نہ آؤ۔ خط اپنے دوست آزاد کو نہ دکھانا مگر تمھین اُسی کی قسم جسکو سب سے زیادہ چاہتے ہو کہ اس خط کو گن کر سو بار چوم لینا۔ اور وعدے پر آنا ضرور آنا۔

میان آزاد نے یہ خط پڑھ کر خواجہ بدیع صاحب کو سنایا تو ازبس مسرور ہوئے۔

خو۔ افسوس ہی کہ تم کو کل حالات معلوم ہو گئے۔ مگر اس بری چہرہ سے نہ کہدینا۔

آزاد۔ ضرور کہون اور بالضرور کہون۔

خو۔ (ہاتھ مل کر) ارے غضب بڑی بری ہوئی۔

آزاد۔ یہ من تو جا کر شکایت کرونگا کہ ہمسے کیون مخفی رکھا۔ واہ کیا دل لگی ہی۔

خو۔ (سر پیٹ کر) لاحول لاحول بعنت بکار شیطان۔

آزاد۔ ہین ابھی ابھی ایک چٹھی بھیجتا ہون۔ آپ گھبرائیے نہین۔

خو۔ ارے ہاے افسوس اور مجھسے کہتے ہو کہ آپ گھبرائیے نہین۔

آزاد۔ بھائی سنو۔ یکو تو حسد ہوتا ہی۔

خو۔ پھر چاہے جو ہو۔ لے جائیے کہدیجیے۔ وہ ہم پر عاشق ہم اسکے عاشق زار تم ایسے ہزارگی لپٹی باتین کرین۔ ہوگا کیا ای تو بہ آپکی حقیقت ہی کیا ہی۔ لاحول ولا قوۃ۔

آزاد اپنے دل مین خوب ہی ہنسے۔ مگر خواجہ بدیع صاحب کو شک کی جگہ یقین بلکہ یہی ایمان و دین تھا کہ میڈا کی ہمپر جان جاتی ہی۔ آزاد اور بھی پُرچک دیتے جاتے تھے۔

آزاد۔ یار اب تمھارے ساتھ نہ رہین گے۔

خو۔ وجہ۔

آزاد۔ بس سمجھ گئے ہم اب ساتھ نہوگا۔

خو۔ آخر وجہ بتائیے۔

آزاد۔ غضب خدا کا میڈا اسی ماہرو اور ہمارے سامنے تمھارا عشق ظاہر کرے۔

خو۔ (کھلکھلا کر ہنس پڑے) ہا ہا ہا ہا۔ اب سمجھے۔ ہم جوان ہی ایسے ہین اسکو کوئی کیا کرے لیکن تم اگر خلاف ہو گئے تو واللہ مین میڈا سے بات تک نہ کرون۔ مجھکو جان ملک سے زیادہ تم عزیز ہو۔ قسم خدا کی اب دنیا مین تمھارے سوا اور کوئی میرا مربی اور سرپرست نہین ہی۔ باپ دادا مربی آقا جو کچھ ہو تم ہو۔ بس فقط تم اور کوئی نہین۔ اور ہم تو اب بوڑھے ہوئے۔ یہ بھی اس پریچہرہ کی عنایت ہی کہ ہمپر اور یہ کرم۔ مگر ہان اسمین شک نہین کہ ہم کھلے کھلے کے گبھرو جوان ہین۔

آزاد۔ یہ تو مین خود جانتا ہون۔

خو۔ ہان بس اسمین جو شک کرے وہ کافر۔

آزاد۔ ہر کہ شک آرد۔

خو۔ سگ ست۔

آزاد۔ مگر ایسا رکھی کہ ہاتھ تک چوم لیا۔ واہ وا۔

خو (اکڑکر) اجی اسکندریہ مین تم نہ تھے۔ وہان بھی ایک گران ڈیل اور خوبرو عورت ہمپر عاشق ہو گئی تھی۔ مگر خرابی کیا تھی۔ نہ ہم اسکی بات سمجھین نہ وہ ہماری سمجھ سکے۔ اشارون سے البتہ خوب باتین ہوئین۔

خوجی نے میان آزاد سے پوچھا کیون میان بھلا فارسی مین خط لکھین تو کیسا۔ آزاد نے کہا فارسی یہان کوئی کیا جانے بھلا۔ اردو مین لکھو تو سب سمجھ جائین۔ خوجی نے میڈا کے نام خط کا جواب اس طرح بھیجا۔

عزیز از جان سعادت نشان نور چشمی روشن لقا میڈا کو بعد سلام و نیاز کے گلدستون کے یہ واضح ہو جاے کہ تمھارا نیاز نامہ مورخہ تاریخ آج کا واسطے اسکے کہ مین آؤنگا نہین بیان کردون مین نے پایا۔ فردہ پیغام لایا ؎

ترے گھر اسکے شام جان مین طمع کی بو بھی نہین گئی ہی
بری ہی تو میہمان سے دامن یہ گرد چھو بھی نہین گئی ہی

خط مین نے بغور پڑھا - فاضلہ بخشا - اچھا لکھا ہی - بقول صفدر - ؎

ستم سہتے ہین نیمجان کیسے کیسے
وہ لیتے ہین روز امتحان کیسے کیسے

مین وقت مقررہ کے پہلے ہی آؤنگا - تم پر جان دیتا ہون - ہر روز صبح کو تمکو نام لیتا ہون برسون کا عاشق ہون -

خو - کیون بھئی گلدستہ کی فارسی کیا ہی -

آزاد - پھلستی -

خو - یہ تو اگرے کے ایک محلے کا نام ہی -

آزاد - اجی بگل - پھول - دستا - ستی -

خو - ہم پھلستا لکھین گے - دستی تھوڑا ہی ہر کچھ

آزاد - ہان ہان ہم ہی بھولے تھے -

خو - اہو ہو ہو - خوب یاد آیا - خدا گواہ ہی کانسل کے نام وہ خط لکھا کہ باید و شاید - اور سرخی یہ تھی بکھرتی ہوئی - ؎

ای قباے بادشاہی راست بر بالاے تو
مصرعہ ثانی حذف یا زنیت والاے تو

آزاد - این ہا ہج ہج لکھ ہی دیا -

خو - دن سے ایک عرضی داغ ہی تو دی -

میان خوجی دو سطرین لکھتے تھے اور دس منٹ تک مٹاتے تھے دو سطرین لکھین اور اٹھکر اکڑنے لگے آدمی نے دیکھا کہ حضرت کے مزاج کا تھلیڑا ہی نہین ٹہرکر کہا صاحب جواب دیجیے گا یا جاؤن - خوجی نے کہا ہون ہون جانا کیسا بیٹھ - پھر لون لکھنا شروع کیا -

مدتین ہوگئین کہ تم سے دل دوچار ہی - تیر یار ہی - آرزومند اور تمنا مند ہون کہ ازراہ کرم مہربانی کر کے اجازت دیجائے کہ آج ہی ساچق لیکر آؤن - ڈھول اور نقارہ اور کنکٹر کنکٹر جھیڑ جھیڑ کی صدا بلند ہو - پھر کیا پوچھنا ہی - بڑی دل لگی ہو واللہ اگر اجازت دو تو دولھا بنکر آؤن اور تم کو بیاہ لیجاؤن مگر شرط یہ کہ بعد جرح کرنے کے اس قدر رقم کے مین مطلب کو اپنے پہونچون - آگے جو راے ہو - بندہ راے کا ہون بندہ صلاح کا ہون اور باقی کچھ نہین - ؎

لیا جو ایک دل اُسنے تو دو دیے بوسے
ہزار شکر یہ سودا بہت گران نہ رہا

خواجہ صاحب نے خط لکھکر مس مُیڈا کے آدمی کو دیا اور اکڑ اکر آزاد سے کہا - کیون قبلہ کیسے - اب بولیے - ہونھ سمجھے تھے کہ بس ایک ہم ہی خوبرو جوان ہین - اجی فضلنا بعضکم علی بعض - اسنے بھی دیکھا کہ مسرح و سفید اور رنگین مزاج اور شگفتہ جبین آدمی ہی - بشرسے باتین برستا ہی اب اسکو چھوڑ کے اور کس کے ساتھ شادی کر دن چلیے ترے خط لکھ بھیجا - آزاد نے کہا - اسمین کیا فرق ہی - آپ ایک جوان رعنا اور زیبا اندام ہین - بھلا آپ پر نہ کیونکر رجھتی - اور آپ پر نہ رجھتی تو پھر کس پر رجھتی مگر خط تو گھٹوا لو - میان خلیفہ کو بلاؤ - خوجی نے فوراً حکم دیا کہ جاؤ ایک دمی حجام کو بلا لاؤ - حجام آیا خط بننے لگا -

خو - (گال پر ہاتھ رکھکر) گھوٹو - گھوٹو - ابھی گھوٹے جاؤ - ابھی کھونٹی باقی ہی - خوب گھوٹو -

حجام نے پھر استرہ پھیرا - خوجی نے پھر ٹوکا - اور گھوٹو - ابھی کھوٹی باقی ہی - خلیفہ نے پھر استرہ پھیرا

خواجہ صاحب نے جھلا کر کہا تم کچھ بھی نہیں جانتے کھونٹی کیون رکھی چلو گھوٹو۔

آزاد۔ گھوٹو نہ بھئی۔

حجام۔ تو حضور کب تک گھوٹا کرون۔

خو۔ دونی مزدوری دینگے ہم۔

حجام۔ مانا۔ مگر کوئی حد بھی ہو۔

خو۔ تم کو اس سے کیا مطلب۔

حجام۔ پیر و مرشد خون نکلنے لگے گا۔

آزاد۔ اور اچھا ہو۔ لوگ کہینگے نوشہ کے چہرے سے خون برستا ہو۔

خو۔ ہان واللہ خوب سوچے۔ گھوٹو۔

حجام رکھنیت سنبھالکر) آپ کسی اور نائی سے گھٹوا لیجے

آزاد۔ اچھا۔ اچھا پہلے تو کترتے جاؤ۔

خو۔ پہر قینچ کر دو۔

حجام نے جھلا کر آدھے بال کتر ڈالے ایک طرف کی آدھی مونچھ اڑا دی ڈاڑھی کے سفید سفید بال بدستور رہنے دیے الغرض چار ابرو کا صفایا کر دیا۔ خوجی ایک تو یون ہی بڑے حسین تھے حجام نے کتر کترا کے اور بھی ٹھیک بنایا۔

آزاد۔ خواجہ صاحب کے اور تو کل عضو بدن سانچے کے ڈھلے ہین مگر ناک ذرا ہیڈول ہو۔ ہو کہ نہین۔

خو۔ چلیے بس رہنے دیجیے۔

حجام۔ ہان ہو تو ہیڈول کیجے کتر لون ذرا سی ناک بھی۔

خوجی نے جو آئینے مین اپنی صورت دیکھی تو مو چھ نہین للڈورے بنے ہوے ہین جھلا کر کہا او گیدی یہ کیا کیا۔ میان خلیفہ ہوا ہو گئے کہ نہین خواجہ صاحب باز بیٹھین۔ جھلے آدمی تو ہین ہی۔

آزاد۔ کیون۔ کیون خفا کیون ہوتے ہی۔

خو۔ دیکھتے ہین آپ کیا قطع بنائی ہو۔ نہوئی قرولی۔ واللہ آنتون کا ڈھیر ہوتا سامنے اور آپ نے بھی نہ روکا۔

آزاد۔ آپ کو تو ہی خبط۔ بندہ خبطی نہین۔

خو۔ کیون خبط کیسا۔ بچے اول جلول کترے اور آپ نے ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم پر عمل کیا۔ واہ سبحان اللہ یہ تو وہی مثل ہوئی کہ۔

آزاد نے کہا مین سچ کہتا ہون آپ اسوقت انتہا کے حسین معلوم ہوتے ہین۔ اور روپے کی دوا تو لقمان کے پاس بھی نہ تھی۔

خو۔ کیون صاحب سہرے کی تو فکر کیجیے۔

آزاد۔ ہان ہان گھبراتے کیون ہو۔

خو۔ ہمکو یاد آتا ہو کہ نوشہ کے سامنے چھوٹے چھوٹے لڑکے غزلین پڑھتے ہین۔ دو ایک نوٹنڈے کرایہ پر منگوا لیجیے تو انکو غزلین رٹا دین۔

آزاد۔ بہت خوب یہ تو عمدہ تجویز ہو۔ اللہ۔

دو نوٹنڈے بارہ بارہ برس کے کرایہ پر منگوائے گئے اور میان خوجی انکو غزلین برزبان یاد کرانے لگے۔ ایک غزل تو میان آزاد نے یہ بتائی۔ ؎

لاحول ولا قوۃ یہ کون شعر ہو
سب صورت نگور فقط دم کی کسر ہو

خو۔ چلیے بس اب رہنے دیجیے۔ ہونھ اچھے ہلے۔

آزاد۔ اچھا اور غزل لکھوائے دیتے ہین۔ ؎

فغان ہی آہ ہی نالہ ہی سب قراری ہی
فراق یار مین حالت عجب ہماری ہی

خو - واہ - شادی کو اس شعر سے کیا واسطہ -

آزاد - اچھا صاحب یہ غزل یاد کرا دیجیے - ۵

کہا تھا بلبل سے حال مین نے ترے ستم کا بہت چھپا کر
یکس نے اُنکو خبر سنائی کہ ہنس پڑے پھول کھلکھلا کر
مرے جنازے کو اُنکے کوچے مین ناحق احباب لیکے آئے
نگاہ حسرت سے دیکھتے ہین وہ رخ سے پردہ اُٹھا اُٹھا کر

خو - واہ جنازے کو شادی سے کیا تعلق ہی بھلا -

آزاد - اور پر دالا شعر پسند ہی - مطلع -

خو - ہان ہنسنا اور کھلکھلانا ایسے لفظ ہون تو کیا پوچھنا -

آزاد - اچھا سُنیے اور سُنیے -

پریرو آدمی کا دل نہو کس طرح دیوانہ
تری مہکی ہین باتین اور تری چالین ہین مستانہ
سر مو فرق کچھ اس مین نہین شبیہ کامل ہی
کسی زلف پریشان کا دل صد چاک ہی شانہ
یدالٰہی مرا دل رنگ کیا کیا عشق بازی مین
کبھی بلبل ہی گلشن مین کبھی محفل مین پروانہ

اور کسی قسم کے شعر مطلوب ہون تو کوئی لالہ ڈھونڈ دیجیے مگر یہان کہان -

خوجی نے یہ غزل لکھ لی اور دونون لونڈون کو رٹانے لگے - دو گھنٹے کے بعد پوچھا کہو کیا یاد کیا - پہلا شعر تو پڑھو - ایک نے یون پڑھا - ۵

پریرو ہو نہو طرح ادا نہ | ترا مہک چاہن استانہ

خو - (جھلاکر) لاحول - لاحول - دوسرے سے تم پڑھو -

دوسرا بہت اکڑکر - ۵

پریرو ماہ دیوستانہ | بہمک بات اور مست مردانہ

خو - واہ من چش ام - برادر فلان من لبیار نش ست -

آزاد - یار یہ بڑی ٹیڑھی کھیر ہی -

خو - کچھ پوچھو نہ بھئی - لاحول ولاقوۃ - رٹاتے رٹاتے ناک مین دم آگیا - مگر گئے کی دم بارہ برس زمین مین گاڑی ٹیڑھی ہی نکلی -

آزاد - توبہ - توبہ

خو - ہان خوب یاد آیا آپ ذرا باجے والون کی تو فکر کیجیے - ہاتھی گھوڑا ہوادار فنس یا پالکی جھنڈی بردار - چوبدار نوبت والے - شہنائی والے کے بغیر شادی میسی مگر ہمارے لیے جو گھوڑا منگوایے گا ذرا شایستہ ہو - گو رسالداری اور رکیدانی کی حالت مین برسون گھوڑے پر سوار ہوئے ہین مگر اب رابطہ نہین ہی -

آزاد - دیکھیے سب فکر ہوئی جاتی ہی - بھلا گھوڑا نہ ملے تو پھر ہو تو کیسا -

خو - واہ آپ نے مجھے بھی کوئی گدھا مقرر کیا ہی -

آزاد - تو حضرت دریافت کر لینے مین کیا ہرج ہی -

میان آزاد نے ہر مرجی سے کہا کہ یہ شخص مسخرہ ہی - مگر سمجھتا ہی کہ مجھ سے بڑھکر حسین اور وجیہ کوئی دنیا مین نہین پیدا ہوا - مس مُیڈا کے بیاہنے کا شوق چرایا ہی - مین نے مُیڈا سے کہدیا تھا کہ انکو ذرا بناؤ - وہ تو آپ جانتے ہین ایک ہی شوخ طبع ہی انکا ہاتھ چوم لیا - بس پھر کیا تھا تب سے اینڈتے پھرتے ہین اب سنیے کہ مُیڈا نے گھر سے اپنے نام ایک خط بھیجا کہ میرے ساتھ شادی منظور ہو تو آج شام کو آؤ -

نائی کو بلا کر خط بنوایا ہو۔ ذرا قطع چلکر دیکھ لیجیے۔ اب کہتے ہین جس طرح ہندوستان مین برات نکلتی ہو اُسی طرح یہان بھی ہاتھی اور گھوڑے اور باجے لیکر میڈا کو بیاہنے جائین گے۔

ہرمز۔ آپ کہدیجیے کہ یہان بالکل شرع کے مطابق شادی ہوتی ہو۔

آزاد۔ چلیے آپ بھی چلیے۔

ہرمز۔ اچھا۔ مگر فیجہ سے ہنسی نہ ضبط ہو سکے گی۔

میان آزاد نے جاکر کہا کہ ہرمزجی صاحب کہتے ہین یہان شرع کے مطابق شادی ہوتی ہو۔ باجا لیکے نہین جاتے ہرمزجی نے کہا مبارک میڈا ایسی حسین عورت واقعی آپ ہی کے قابل ہو جیسی وہ خوشرو ہو۔ ویسے ہی خوش قطع آپ بھی ہین۔ مگر باجا لیکر چلیے گا۔ تو لوگ یہان ہنسین گے۔ ہان ایک بات ہو سکتی ہو کہ پھول کے برتن دس پانچ آدمیون کو دے دیجیے بانس کی کھپاچ سے دو بجاتے جائین۔ آواز کی آواز باجے کا باجا۔

خوجی نے اس رائے کو بہت پسند کیا۔

خو۔ میان آزاد کی رائے لیجیے۔

آزاد۔ بجا ہو۔

خو۔ بندوبست کیجیے پھر اب وقت تھوڑا ہو۔ اور سواری کی کیا فکر کیجیے گا۔

ہرمز۔ ہمارے نزدیک تو ہودل جائیے۔ یا جس طرح یہان اُمرا جاتے ہین اسی طرح جائیے۔ مگر آپ شاید پسند نہ کرین۔ آدمی کی گود مین۔

خو۔ منظور۔ مگر ہم کو اُٹھا سکے گا کوئی۔

آزاد۔ یہی تو بڑی ٹیڑھی کھیر ہو۔

ہرمز۔ ہم اسکا بندوبست کر دینگے۔ آپ گھبرائیے نہین۔

خو۔ اجی تو پھر اب کب بندوبست کیجیے گا۔ ایسا نہو وقت پر پھر جگت ہنسائی ہو مفت مین۔

ہرمز۔ کوئی جنازہ اُٹھانے والون مین سے دو ایک ہٹے کٹے آدمیون کو لے آؤ مگر خوب مضبوط ہون۔

بڑی دیر تک یہی گفتگو رہی دو گھڑی دن رہے ہوٹل سے خوجی کی برات چلی۔ تین مزدور پھول کے برتن کو لکڑی سے بجاتے جاتے ہین۔ دو لونڈے آگے پیچھے ساتھ خوجی ایک مزدور کی گود مین گیروے کپڑے پہنے ہوئے سر پر سیاہ پگڑی اور سہرا لٹکا ہوا۔ راہ مین جس طرف نکل جاتے ہین لوگ انگلیان اُٹھاتے ہین قہقہے پر قہقہہ پڑتا ہو۔ خوجی اکڑے بیٹھے ہین اور دل ہی دل مین سوچتے ہین کہ لوگ ہمین دیکھکر خوش ہوتے ہین ایسا وجیہ جوان کبھی کسی نے کاہیکو دیکھا تھا۔ لونڈون سے پوچھا۔ کہو غزل یاد ہو۔ ہان کمو پریرو آدمی۔ بولو۔ اب وہ بولین تو کیا بولین۔ بولین تو تب جب کچھ سمجھین۔ میان خوجی نے انکو خوب للکارا مگر کنکے کان پر جون بھی نہین رینگی۔

خو۔ اہا ہا ہا۔ ارے رے رے۔ لاحول ولا قوۃ۔ روک لو روک لو۔ برات روک لو۔ پنشاخے والے کہان ہین ہائین! کوئی بولتا ہی نہین۔ پردیس مین بھی انسان پر کیا مصیبت پڑتی ہو۔ افسوس صد افسوس اب مین دوھا بنکر رہون یا انتظام کرون یا جلوس کا بندوبست کرون۔ کرون تو کیا کرون۔ یہ دونون گیدی بڑے جانگلو نکلے تو یہ ہی بھلی۔

پھر یاد آیا کہ نشان کا ہاتھی تو ہی نہین۔ اتنے مین

ایک جمائی آئی - پھر ایک جمائی آئی - ارے ! ہو ہو افیم پینا بھول گئے - مارے خوشی کے یاد ہی نرہا - کہ افیم ابھی نہین کھائی ہو - اب کیا کیا جائے -

پھر یاد آیا کہ قرولی تو پاس ہی نہین - اُف غضب ہو گیا حکم دیا کہ لوٹا دو برات - چلو ہرمرچی کی کوٹھی مین چلیے برات ہرمرچی کی کوٹھی مین داخل ہوئی -

آزاد - یہ کیون واپس کیون آئے - بولو بھائی -

خو - کیا بولین میان - ؎

قیس فرہاد جو اس عہد مین زندہ ہوتے
پیتے دھو دھو کے مرے سنگ لحد کے تو ید

آزاد - سبحان اللہ شعر تو ایسے حسب حال پڑھ دیتے ہو کہ جی خوش ہو جاتا ہی مگر بے نیل مرام واپس آنے کی وجہ تو بتاؤ آخر یہ ہوا کیا -

خو - نشان کا ہاتھی تو تھا ہی نہین -

آزاد - بس اسی وجہ سے واپس آئے -

خو - قرولی تو پاس تھی ہی نہین -

آزاد - عجب آدمی ہو بھئی - آپ جنگ کے میدان مین جاتے ہین یا شادی کرنے پھر قرولی سے کیا واسطہ -

خو - جسمین بانکے معلوم ہون -

آزاد - راہ کہنے لگے بانکے معلوم ہون -

خو - ہاتھی منگوایئے -

آزاد - بھائی یہان ہاتھی کجا - یہ بھی ہندوستان ہی کچھ یہان ایک بات ہو سکتی ہی کہ خچر پر ایک جھنڈی رکھوا دین - یا تم خود ہی ایک جھنڈی ہاتھ مین لے لو -

خو - کیا مصیبت ہی بھئی - نوشہ بھی ہین ہین - جھنڈی بردار بھی ہین ہین - انتظام بھی ہین کرین - لاحول ولا قوۃ -

اتنے مین مس مُیڈ ابھی آگئین - آزاد نے کہا لو وہ تو خود یہان ہی آمین مُیڈ نے ہنستے ہوئے کہا ہم نے انکو بازار مین دیکھا تھا ایک مزدور کی گود مین بہت اکڑے ہوئے بیٹھے تھے اور خدا جانے کون چیز دو ایک آدمی بجاتے جاتے تھے خوجی نے جھک کر مُیڈ اکو سلام کیا اور مُسکرا کے مُیڈ انے سلام کا جواب دیا اور کہا واہ آپ خوب ہین - آزاد نے خوجی کو مید اکا مطلب سمجھا دیا خو - کمال خفیف ہوا انتہائی خفت ہی اس وقت -

وجہ یہ ہوئی کہ جب برات آدھی دور نکل گئی تو یاد آیا کہ ہاتھی نہین ہی پھر دس قدم پر جمائی آئی - یاد آیا کہ افیم نہین کھائی ہی اور تھوڑی دور چلا تھا کہ قرولی یاد آئی لہذا ثنا سے راہ سے واپس آیا - اب آپ فرمائیے کیا رائے ہی آپ کی -

مُیڈا - اب اسوقت تو جانے دیجیے کل سمجھا جائیگا -

مُیڈ انے کہا چلیے اس کمرے مین ہین کچھ کہنا ہی - خوجی کی باچھین کھل گئین - میان آزاد کیطرف بڑے غرور سے دیکھا اور مُیڈ اکے ساتھ کمرے مین گئے مُیڈ انے کمرے مین داخل ہوتے ہی تڑ سے ایک چپت دی اور پھرتی کے ساتھ کمرے کے باہر تھی - خوجی نے ٹوپی اٹھائی اور سوچا کہ بیڈھب سامنا ہی - اچھے گھر بیعانہ دیا - ابھی سے کھوپڑی سہلانے لگین - مگر کچھ مضائقہ نہین سمجھا جائیگا -

باہر تشریف لائے -

آزاد - کہو کیا کہا -

خو - ایک بوسہ لیا اور طرارہ بھرا تو کمرے کے باہر تھی -

آزاد - بڑے خوش قسمت ہو -

خو (ایک موچھ پر تاؤ دیکر) ہین ہی ۔ ہین نہین تو یون ہی۔

آزاد۔ تمنے بھی بوسہ لیا۔

خو۔ لیجئے کو تھا مگر وہ شوخی کے ساتھ چل دی۔

آزاد۔ اس مین شک نہین کہ یہ عورت پری ہی ۔ حور جنت واللہ حور بہشتی مگر مین نے تو پہلے ہی شادی سے انکار کیا تھا۔

خو۔ اگر آپنے یہ کلمہ اب دوہرایا تو قرولی بھونک کر خود مرجاؤن گا۔

اتفاق سے ایک بیجا بات زبان سے نکل گئی۔ ؎

چیست ہندو یا مسلمان کوزہ یک کوزہ گر
گرچہ کوزہ دو شمار آید ولیکن گل یکیست

آزاد۔ لے بس اب کھٹارا قصور معاف کردیا۔ ایسا برجستہ شعر تمنے پڑھ دیا حسب حال کہ جی خوش ہوگیا۔ جاؤ قصور معاف کیا۔ سلام کرو۔

مُیڈا نے خوجی سے کہا چلو باہر چاندنی مین سیر کرین خوجی نے کہا چلیے میان آزاد کو بھی ساتھ لیا۔ اور تینون سیر چمن کرنے لگے مُیڈا نے کہا آپ کا نام ہم بھول گئے۔ خوجی بولے کہ خواجہ بدیع صاحب میرا نام ہی۔

مُیڈا۔ یہان ایک فرانسیسی افسر ہی (روشفا) ۔ وہ مجھے عرصے سے چاہتا ہی پہلے تم اُس سے لڑو۔ پھر ہمارے ساتھ شادی ہو۔

ایک مرتبہ میان آزاد نے عمداً اور قصداً کہا۔ ارے میان خوجی ذرا ایک بات تو سُنو۔ خوجی کے غصّے کا پارہ ایک سو بیس درجے پر تھا۔

خوجی پر خدا کرے آسمان پھٹ پڑے۔ خوجی مردک ہی کون مرے خوجی۔ اسی دم خوجی گدھے سور کا جنازہ نکلے۔ خوجی مردود کی ایسی تیسی۔ اب خوش ہوئے معشوق کے سامنے رنگ پھیکا کرتے ہو۔ خوجی خوجی۔ ماں باپ نے خواجہ بدیع نام رکھا یارون دوستون نے خواجہ صاحب خواجہ صاحب کہا آپ خوجی بنائے دیتے ہین۔

آزاد۔ معاف کیجیے۔

خو۔ بھُنک کیا۔ بھُنک گیا۔ از سر تا پا بھونک دیا۔ خوجی کمکر معافی کے خواہان ہونا جلے کو اور جلانا۔

آزاد۔ اچھا پھر اب تو معاف کرو۔

خو۔ او۔ کرونگا کیا آخر معاف کرنے کے سوا اور کیا ہی۔ رنگ پھیکا کردیا۔

مُیڈا نے کہا کیسے پھر اُس افسر سے کس دن لڑائی ہوگی خوجی نے کہا ہم حاضر ہین پچاس افسرون سے جنگ کرنے پر آمادہ ہین۔ ہم کمیدانی کرچکے ہین۔ رسالدار رہ چکے ہین۔ نگلے والی پلٹن نے وہ نام کیا کہ باید و شاید ایسی لڑی ایسا لڑی۔ کہ واہ ہی اور رہنے والی پلٹن کی وہ رسالداری کی کہ دھوم ہی کوئی پلٹن ایسی نہ تھی۔ اختری۔ نادری۔ جنگی افسر جیسے وہ تھے ویسے ہم تھے۔ دونون فوجی افسر جب لڑین گے تو خوب لڑینگے مگر شرط یہ ہی کہ میان آزاد ہمکو ایک قرولی خرید دین۔

میان آزاد اور مس مُیڈا اور مسٹر فرجی نے باہم مشورہ کیا اور مشورہ کرکے خوجی سے کہا کہ کل صبح کو آپ تیار ہوجیے گا۔ خواجہ صاحب نے کہا جی ہم اب تیار ہین۔ سویرے منھ اندھیرے میان خوجی اُٹھے منھ ہاتھ دھویا۔ جوڑی کے کئی ہاتھ ہلائے کوئی تین چار جی اور مہین تو کیا سینکیا پہلوان ہین کہ باتین کپڑے پہن کر لیس ہورہے۔ تھوڑی دیر مین مُیڈا انارزدا نماز کے ساتھ اٹھلاتی ہوئی آئین۔

اور خوجی کی طرف دیکھکر مسکراتے ہین۔

خو۔ واہ رے مین مشوق نے دیکھا اور باچھین کھل گئین۔

آزاد نے ایک آدمی کو حکم دیا کہ عبید اللہ کو اس کمرے مین بیٹھے ہین ذرا انکو بلا لو عبید اللہ ایک مشہور و معروف ترکی پہلوان تھے۔ جیسے ہی وہ سامنے آئے اور میان آزاد نے کہا کہ لیجیے آپ کے رقیب یہی ہین۔ خوجی کے ہوش اڑ گئے یا الٰہی یہ تو وہ کاڈوہ۔ دنیا بھر کے آدمیون سے دوگنی اونچی اس سے عہدہ برآ ہونا محال ہے۔ آج ذلیل ہوئے مگر خیر شاید ڈیٹ مین آجائے۔ ترکی پہلوان نے جو سکھایا پڑھایا ہوا تھا فہرا آلود نظر ڈالی تو خوجی کے رہے سہے حواس اور بھی غائب ہو گئے۔ دل ہی دل مین سوچنے لگے کہ آج ہڈی پسلی ٹوٹی یہ تو کچا ہی کھا جائیگا ایک چپت دے تو ہم زمین مین دھنس جائین۔ مقابلہ اس سے کون کریگا بھلا۔ ترکی پہلوان نے پھر اُن کی طرف قہری نظر سے دیکھا خوجی مارے ڈر کے ذرا کھڑی دیر ہٹ بیٹھے۔ میڈ انے کہا آپ تو ابھی سے ڈرنے لگے۔ خوجی نے آؤ دیکھا نہ تاؤ ایک دفعہ بیٹھ گئے اور کہا یار ذرا ڈاکٹر کو بلاؤ۔ اس طرح کا درد ہو رہا ہے کہ کچھ نہ پوچھو۔ ایک دفعہ جب ہم گلے والی پلٹن مین نوکر تھے تب بھی ہوا تھا اور اب بھی ہو رہا ہے اگر مر گئے تو چلیے۔ ع۔

ہماری جان گئی آپ کی ادا ٹھہری

افسوس یہ ہے کہ ہم اسوقت اپنی پھکیتی اور پہلوانی کے جوہر نہ دکھا سکے واللہ ہم اٹھا کے پٹخنی دیتا تو تو یہ ہی بھلی۔ اتنے مین ترکی پہلوان نے ہاتھ پکڑ کر ایک جھٹکا دیا تو خوجی رسی پر سے دس قدم کے فاصلے پر جا گرے اور پیترے بدلکر کہا اوگیدی۔ نہوئی قرولی ورنہ ڈھیر کر دیتا۔

آخر کار اس بات پر فیصلہ ہوا کہ خوجی کا درد رفع ہو جائے تو پھر کسی روز زور آزمائی ہوگی۔

کہرام! کہرام!! کہرام!!!

ناظرین باتمکین کو یاد ہوگا کہ نواب نامدار نے جب حسن آرا بیگم کی حالت زار دیکھی تو ڈاکٹر صاحب کے پاس دوڑے گئے صاحب سول سرجن فوراً ساتھ آئے۔ ادھر میرزا ہمایون فرہاد صاحب السپکٹر جنرل ہسپتال کو بلا لائے حسن آرا کی اس کیفیت سے محلے بھر مین کہرام مچگیا جسے دیکھو کھڑا ماتم کر رہا ہے سپہر آرا بت بنی ہوئی کھڑی ہے بڑی بیگم کے سر سے خون کے شرارے جاری تھی۔ بہار النسا سر باسین بکا و بین کرتی تھین روح افزا سکتے کے عالم مین تھی۔ الغرض اندر باہر کہرام مچا ہوا تھا۔

بڑی بیگم نے رو رو کر کہا۔ ہائے میرے دل کی جین کلیجہ کی ٹھنڈک۔ ارے لوگو مین لٹ گئی۔ ہائے مجھ نصیبون جلی کی موت نہ آئی۔ ہائے یہ روز بد مین نے دیکھا حسن آرا اپنے ابا کے پاس چلین۔ ہائے کل بھائی کو روتی تھین آج خود ہی اٹھ گئین۔ سپہر آرا دوڑ کر بڑی بہن کی لاش سے چمٹ گئی۔ اور چھاتی سے لگا کر کہا۔ ہائے باجی جان۔ عدم کے جانے کی تیاریان کر دین ہمین ساتھ نہ لیا اب ہم کر کے کر مرین گے باجی جان دغا دے چلین۔ اُف اُف۔ اے مرے اللہ۔ (زور سے) ہائے ہائے ہائے ہائے ہائے۔ باجی جان کچھ قول بھی یاد ہے کہ ——— ارے ہائے ہائے کہکر حسن آرا کے تکیے پر سر رکھدیا۔

منلانی اور ایک مامانے سپہر آرا کو زبردستی وہانسے ہٹایا

کہ اتنے مین ہمارالنسا نے دولائی جونھ پر سے اٹھائی اور حسن آرا کا زرد زرد چہرہ نظر سے گذرا تو خوب زور سے سر پیٹا ہے ہے یہ وہی حسن آرا ہین ہاے لوگو دھوکا ہوا ہو حسین آرا نہین ہی (شانہ ہلاکر) بہن کب تک سویا کروگی نماز کا وقت آگیا بہن اٹھو۔ وضو تو کرلو۔ کیا اب نہ جاگوگی۔ ہاے (کان کے پاس منہ لیجاکر) بہن کیا اب سچ مچ نہ جاگوگی۔

(سر پیٹ کر) یہ دیکھتے ہی دیکھتے کیا ہوا۔

مغ۔ ابھی ابھی باتین کرتی تھین۔

ماما۔ ایک ہی ہچکی مین کام تمام ہوگیا۔

پیاری کی ماں۔ نصیبون کی گردش۔ ہاے نصیبون کی گردش۔

مغ۔ (چھاتی پیٹ کر) اللہ اس آفت مین ساتوین دشمن کو بھی نہ ڈالے۔

پڑوس کی ایک بوڑھی عورت نے سینے پر ہاتھ رکھا۔

بوڑھی۔ (سر پیٹ کر) ہی ہی بالکل سردی۔

سپہر آرا اٹھی کہ بہن کی لاش کو پھر گلے لگائے مگر لڑکھڑا کر گر پڑی پھر اٹھی تو مغلانی نے آہستہ سے ہاتھ پکڑ لیا۔ ادھر نہ جائیے ارے اے خدا ادھر نہ جائیے۔

سپہر۔ ہی ہی اب ہم آنکھ بھر کر دیکھین بھی نہین۔ دو گھڑی اور صورت دیکھنے دو۔ ارے للہ مجھے نہ روکو۔

اس فقرے پر کل عورتین انتہا سے زیادہ شکبار ہوئین اور ماتم کی آواز ایسی بلند ہوئی کہ الامان الحذر۔

ب۔ ہاے مدتون کی آس توڑی۔ مین ابھی ابھی باتین کرکے نیچے گئی کہ بس چٹ پٹ ہوگئی۔

یہ کہکر تین بار پٹی پر سر ٹکرایا۔ تو مغلانی نے کہا ہائین! ہائین! ابھی خون جاری ہی۔ یہ کیا کرتی ہین حضور آپ یہ کرینگی تو سپہر آرا بیگم کو کون سمجھائے گا۔

ب۔ مجھ فلک ستانی کو کیا معلوم تھا کہ یہ یون دیکھتے دیکھتے میری کمر توڑ جائینگی۔ ہاے برہون آمین اللہ کرکے پالا اب سیانی ہوئین تو دغا دے چلین۔ حسن آرا تم سے۔ ہاے (ہاتھ ملکر) لوگو مین کیا کرون۔

بہار النسا کا یہ حال تھا کہ کبھی سرہانے پر جاکر سر پیٹتی کبھی پائینتی۔

سپہر۔ (مغلانی سے دولائی ہٹاکر) ہمین کس کے سپرد کیے جاتی ہو باجی جان ہاے اتنا تو بتادو۔ اتا جان تو بیچارے بوڑھے ہین اور تم اور بھی انکی کمر توڑ چلین باجی ہاے باجی۔ ہم رؤین پیٹین اور تم ذرا خبر نہو۔

بڑی بیگم سپہر آرا کو گلے سے لگاکر خوب روئین۔

شہر بھر مین خبر ہوگئی جسنے سنا کف افسوس ملا۔ ڈولیون پر ڈولیان اور فینسون پر فینسین آنے لگین۔ باہر صدہا آدمیون کا جماؤ ٹھٹ کے ٹھٹ لگے ہوئے۔ آپس مین یہ باتین کرتے تھے۔

ایک۔ اٹھتی جوانی تھی ابھی۔

دوسرا۔ ہاے۔ ہاے۔

تیسرا۔ بڑی بیگم کی کمر توڑ چلین۔

چوتھا۔ اجی یہ تو یہان تھوڑے ہی دن سے رہتی ہین۔ مگر ہمارے مکان سے انکا مکان آمنے سامنے ہی۔ جھٹپٹے مین شام کے وقت بجرون پر دریا کی سیر کو جاتی تھین۔ مگر رہے نام اللہ کا۔

پانچوان۔ یہی بات ہی بھائی۔

چھٹا۔ سنا۔ بس دم کے دم مین جان نکل گئی۔

ساتوان - ایک بھی آئی تو بھی نہ تھا -
آٹھوان - وہ بھی تھی ملک الموت تھا -
نوان - اسی جگہ انسان بے بس ہے -
دسوان - ہائے ذرا بس نہیں چلتا -
گیارھوان - اوہ توبہ -
بارھوان - اور سنا بڑی پڑھی لکھی لڑکی تھی - ہائے -
تیرھوان - یہی کارخانے ہیں دنیا کے -

اتنے میں ایک مرد معمر سیاہ پوش نے تھوڑی دور جا کر کل جماعت کو مخاطب کر کے یوں تقریر کی - ؎

ہشیار باش خواجہ کہ از مرگ چارہ نیست ۔ غافل مشو کہ عمر عزیز دوبارہ نیست
در زندگی بکوش کہ در مملکت عدم ۔ دست ہیچ کس بجز عمل نیک را نیست

بھائیو - اسوقت تم جس قدر آدمی یہاں کھڑے ہو سب کا دل بھر آیا ہے - اور وجہ یہ کہ ایک نوجوان کی وفات کی خبر نے تم کو انتہا کا مغموم و ملول کر دیا ہے - یہ وہ حادثہ حسرت انگیز اور سانحہ عبرت خیز ہے کہ جس قدر زیادہ افسوس کریں کم ہے - یہ لڑکی جسنے اپنی جان شیریں جان آفرین کے سپرد کر دی ابھی بہت ہی کمسن تھی - اٹھتی جوانی اور اسقدر حسین و مہ جبین نازک اندام و نازنین کہ لاکھوں میں لاجواب کروروں میں انتخاب اگر ایک دفعہ بھی کوئی اسکو دیکھتا تو ہزار جان سے عاشق ہو جاتا - اور اس نازنین کی پاک محبت کا دم بھرتا - صورت میں جادو - سیرت میں جادو - چال ڈھال میں جادو - بال بال میں جادو - پور پور میں جادو - کوٹ کوٹ کر بھرا تھا - اور عفیفہ اس درجے کہ اسکی پاکدامنی کی قسم کھانی چاہیے صورت اور سیرت دونوں باتیں اللہ نے عطا کی تھیں - مگر جس خدا نے اسکو پیدا کیا تھا - اسنے واپس لے لیا - امانت تھی لے لی تھوڑی ہی دیر ہوئی کہ اگر اس مجمع کثیر میں سے کسی شخص کی اس دختر شکر لب پر نظر پڑتی تو کہہ اٹھتا کہ خدا کی قدرت کاملہ کا بہترین نمونہ ہے - اس صناع کی صناعی کے صدقے جس نے یہ پیاری صورت بنائی - ؎

بصورت آیتے کمتر ز فرِ پدخدا | نترا کشیدۂ دست از تکلم کشید خدا

ابرو شمشیر تران - بلکہ تیغ اصفہان چشم جادو دانہ - جمال مستانہ - ایک ایک اشارے میں لاکھ لاکھ انداز مجسم خوبی سراپا ناز - پیشانی نورانی جبین جبین رگ برگ گل - یا موج جام مل - مژگان سحر ساز - جادو طراز - زلف لخلخہ باز - سینہ بہار دم تقریر یہ معلوم ہوتا تھا کہ پھول جھڑ رہے ہیں - ؎

سر تا قدمش کرشمہ و ناز است ۔ ہم سرکش و عشق و ہم سر انداز است
افگندہ بدوش زلف چون مشک است ۔ او بیخبر و نظارہ گر مست است
معجون لبش بہ دُر فشانے ۔ پرورودہ بہ آب زندگانی

اب جا کر دیکھو تو وہی صورت جس کو دیکھکر کل خدا کی قدرت مجسم نظر آتی تھی بھیانک اور ڈراؤنی معلوم ہو - وہ آنکھیں جو کل سحر سامری کو سبق دینے کا دم بھرتی تھیں - اب بند ہیں - وہ دہن جو بقول شعر ارمزخدیث آن ترانی تھا اب حشر تک نہ کھلے گا - وہ گورا گورا رنگ جو گورے چاند کو شرماتا تھا اب خود گہنا گیا اور اس طرح گہن میں آیا کہ قیامت تک نہ چھوٹے گا - وہ لب لعل شکر فاب سیاہ ہو گئے - ابھی ابھی لبوں سے قند گھولتی تھی ہنستی بولتی تھی - اب لب ہلانے کی قسم کھا بیٹھی - ؎

صد حیف اگر خان کفن پوش شدند ۔ در خاطر ملک گر فراموش شدند
آنانکہ صد زبان سخن می گفتند ۔ آیا بہ شنیدند کہ خاموش شدند

اللہ بس باقی ہوس -

اعضا وہی ہین جسم وہی ہے۔ ہاتھ وہی۔ پانون وہی۔ مُنھ وہی۔ زبان وہی۔ مگر سب بیکار۔ آمین اللہ کرکے اُسکی مان نے پالا ہوگا۔ امیر کی لڑکی تھی۔ ناز و نعم مین پروردہ۔ مگر تھوڑی دیر مین بخوشی تمام خاص اسی کے اعزا و اقربا اس کو گورستان لیجائینگے اور دفنائینگے۔ وہ سیم بدن جو دھوپ مین نہ نکلی تھی سو باہر نہین نکلتی تھی اب خاک کے سپرد کیجائے گی۔ ع

این ماتم سخت ست کہ گویند جوان مرد

اٹھتی جوانی تھی۔ عین عالم شباب اور وہ آب و تاب کہ زاہد صد سالہ تک دیکھتا تو اسی کا کلمہ پڑھتا۔ ؎

حسن یوسف بھی کسکے آگے ماند
چہرہ زیبا مین جیسے ابر مین چاند

جلوۂ حسن رشک شعلۂ طور
چشم بدور آنکھین موتی چور

رخ پہ وہ کچھ کچھ بکھرے بکھرے بال
رنگ گل سے وہ ہونٹ پان سے لال

رنگ گل سی کمر لچکتی ہوئی
چوٹی ایڑی تلک لٹکتی ہوئی

وہی چوٹی اب بھی ہے مگر بیکار۔ ؎

در دست اجل کہ نیست درمان اورا
بر شاہ و گدا رحمت حکم فرمان اورا

شاہے کہ بجگر دوش کرمان میخورد
مروز ہمی خورند کرمان اورا

اس سے یہ نتیجہ نکالنا چاہیے۔ کہ انسان کو دو روزہ زندگی کے لیے بغض اور تعصب سے کنارہ کش ہونا لازم ہے۔ عداوت کس زندگی کیلیے افسوس صد افسوس ایک ایک دیوار کے جھگڑے پر لوگون نے اپنی جان دی ہے یا پڑوسی کی جان لی ہے مرگئے تو نہ ورسا ساتھ گیا نہ دیوار گئی۔ جانتے سب ہین کہ موت سے چارہ نہین مگر جو نتیجہ اس امر کے علم سے مستخرج ہونا چاہیے اُس سے ذرا سروکار نہین حیف صد حیف کیا معاملہ مشکل ہے ؎

بیندیشہ کہ اصل و فرع خود سیکو یافت
این ہمتی این سوختہ جان سو یافت

این جمع ہمی رود ان راکہ جہان میگوید
سرمشتہ یافت غیر خود ہر کو یافت

لوگون کا قاعدہ ہے کہ کار امروز بفردا مگذار کے مفہوم پر مطلق غور نہین ڈالتے سوچتے ہین کہ رفتہ رفتہ منہیات و معصیات سے اجتناب کرینگے۔ ساٹھ برس کے ہوینگے تو توبہ کرینگے مگر افسوس ہے کہ وہ غافل ذرا عبرت نہین حاصل کرتے۔ ذرا نہین سوچتے کہ آج مرے کل دوسرا دن زندگی کا بھر وسا کیا یہ کس پر ہے پر کہتے ہین کہ آج نہین کل۔ کل نہین پرسون جو کام آج نکمن ہے اسمین دریغ نہ کرو۔ کل کی کل سمجھی جائے گی۔ یہ سمجھنا کہ مرینگے تو خاک مین ملجائینگے پھر عذاب و ثواب کون بھگتے گا۔ بڑی غلطی ہے جسم چاہے جہان جائے مگر ملک جسم کے شہنشاہ سے اُسکا ضرور مواخذہ کیا جائے گا۔ ؎

صد سال اگر سخن زما خواہد رفت
آخر بہ نخست فیہ و اخوا ہد رفت

ہر کس گوید بخاک خواہم رفتن
فکرے نہ کہ اصل مین کی خواہد رفت

اسی دو روزہ زندگانی کے لیے حرص اور طمع اور حسد اور بغض اور تعصب اور نفسانیت اور خودی اور نخوت اور فساد اور عناد اور غضب اور غصہ یہ سب انسان کے روزمرہ کے مہمان ہین۔ ؎

خواہی کہ دست صاف شود چون آئینہ
او چیز برون کن ز درون سینہ

حرص و حسد و بخل و حرام و ریبت
بغض و غضب و کبر و ریا و کینہ

بعض آدمی سمجھتے ہین کہ جب ہم توبہ کرینگے تو خدا کے التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ وہ بالکل معصوم ہوجائے گا۔ یہ صحیح۔ مگر۔ ع۔

نکتہ ہا ہست بسے محرم اسرار کجا

دیکھو یہ نوجوان اور حسین لڑکی ابھی ابھی ہنس رہی تھی اور اب دم کے دم مین یہ کیفیت ہوگئی کہ وہ خود و دنیا و مافیہا سے بیخبر ہے۔ مگر اُس کے اعزہ و اقربا ماتم کرتے ہین۔ پر ظاہر ہے

کہ بات کی بات مین جان نکل گئی اس بے ثبات زندگی پر حسد اور نفسانیت یعنی حہ - اس دو روزہ زندگانی پر یہ گھمنڈ کہ ہم امیر کبیر ہین - ہم درویش کامل ہین - ہم حاکم - ہم مختار ہین ہم شاعر - ہم عالم و فاضل ہین - ہمچو من دیگرے نیست - ؎

این جہان نقشے بر آبی بیش نیست	موج آبے یا سرابے بیش نیست
پیش نور چشم عبرت بین ما	اوج گردون جز حبابے بیش نیست
انہمہ جوش و خروش ہر دو کون	جز خیالاتے و خوابے بیش نیست

اللہ بس باقی ہوس -

مقبول بندے خدا کے وہی ہین جو دنیا سے نفرت کرتے ہین -

ایک شخص نے اپنے دوست سے پوچھا کیون صاحب یہ انکی موچھہ نہ دارطبعی یہ کوئی خواجہ سرا تو نہین ہین اسکے دوست نے کہا آپ کو انکا حال ہی نہین معلوم یہ مرد نہین عورت ہین -

اُستانی جی اُستانی جی مشہور ہین -

اسکے بعد پیر مرد چلے گئے -

تھوڑی دیر مین اُستانی جی نے گھر پر جا کر کپڑے بدلے اور ڈولی منگرائی اور آئین تو دیکھا حشر بپا ہی - دور تک ٹھٹ کے ٹھٹ لگے ہوئے - ایک پر ایک گرا پڑتا ہی اُستانی جی اندر گئین -

اتنے مین نواب صاحب نے کہا پردہ کرو ڈاکٹر صاحب آتے ہین پردہ ہو گیا مگر بڑی بیگم حسن آرا کی لاش کے قریب ہی بیٹھی رہین - وقت ہی ایسا تھا - صاحب انسپکٹر جنرل اور صاحب سول سرجن تشریف لائے نبض دیکھی - آلات چوبی سے جگر کا امتحان کیا - انگریزی مین باہم یون گفتگو کرنے لگے -

سول سرجن - زندہ ہی -

انسپکٹر جنرل - ہان - ہان -

سول - یہ لوگ ناحق گھبرا گئے -

انسپکٹر - وجہ یہ ہی ایک تو بالکل بیہوش ہی - دوسرے نبض بڑی دقت سے ملتی ہی - انتہا کا ضعف ہی - کیا کوئی صدمہ پہونچا تھا -

سول - ہان گھر مین شاید کچھ لڑائی ہوئی تھی -

صاحب انسپکٹر جنرل نے نسخہ لکھا اور سول سرجن کو بھی دکھا دیا -

ب - کیا حال ہی -

سول - غفلت ہی گھبرائیے نہین - آپ لوگ -

ب - کیا زندہ ہی -

سول - ہان بیشک زندہ ہی - بیشک زندہ ہی -

ب - زندہ - زندہ ہی حسن آرا زندہ ہی - سچ !!!

سول - بیشک ابھی آنکھ کھول دینگی -

ب - اُف فوہ - ارے مین خواب دیکھ رہی ہون یا سچ مچ -

انسپکٹر - ابھی اچھی ہو جائے گی - آپ گھبرائیے نہین - ان دونون نے کچھ چٹکلے کیے تو وا کے آنے کے قبل ہی حسن آرا کی نبض گرم ہو گئی -

سول حضور بیگم صاحب ذرا نبض پر ہاتھ رکھیے -

بڑی بیگم نے جو نبض پر ہاتھ رکھا تو کما شکر ہی شکر ہی بہار النسا اور روح افزا اور سپہر آرا بڑی غور سے سن رہی تھین -

سپہر - شکر ہی - شکر ہی - ہزار شکر کا مقام ہی -

بہار - ہم سب جی اُٹھے -

روح - ابھی کیا معلوم -
بہار - بس اب ہمین کچھ فکر نہین -
دوا آئی فوراً پلائی گئی -
انسپکٹر - ہم باہر کوٹھی مین ٹھہرے ہین -
سول - جب یہ آپ سے یہ باتین کرینگی - تب ہم جائینگے -
سب - بندگی -
نواب صاحب اور محمد عسکری سول سرجن صاحب اور انسپکٹر جنرل صاحب کو ساتھ لیکر باہر آئے -
سول سرجن نے ہدایت کی تھی کہ دس دس منٹ کے بعد ایک ایک مارک دوا پلائی جائے - چنانچہ اُسی کے مطابق نواب صاحب دس دس منٹ کے بعد دوا پلاتے جاتے تھے - آدھ گھنٹے کے عرصے مین حسن آرا نے آنکھ کھول دی - سپہر آرا نے کہا باجی - اسکے بعد کچھ کہنے کو تھی کہ بڑی بیگم نے کہا اب ان کو بات نہ کرو - بہار النسا اور روح افزا اور مغلانیون نے بڑے خوشی کے گھیر لیا تھا - نواب صاحب نے سب کو پلنگ کے پاس سے ہٹا دیا -
ب - آج عمر بھر مین انگریز سے بات کی -
ن - ہان وقت ہی ایسا نازک تھا -
روح - چلیے اب اسکے ذکر سے کیا واسطہ -
نواب صاحب نے باہر جا کر کہا (ابھی آنکھ کھولی) -
سول - دس بارہ منٹ مین ہم بھی دیکھین گے -
ن - بہت خوب -
انسپکٹر - اب آپ دوسری شیشی کی دوا پلا دیجیے -
ن - کس قدر -
سول - جس قدر اس چھوٹی شیشی مین ہو سب دیدیجیے -
ن - بہت اچھا -
انسپکٹر - انکو تکلیف نہ دیجیے گا - نہ بہت باتین کیجیے گا آرام اور سکون مقدم ہے -
ن - درست -
نواب صاحب نے اندر آکر چھوٹی شیشی کی دوا حسن آرا کو پلا دی -
سپہر آرا - باجی جان -
ن - باتین نہ کرو انکو آرام سے لیٹے رہنے دو -
ب - مین نے تو پہلے ہی کہا تھا -
ن - ڈاکٹر صاحب خود آن کر دیکھین گے -
روح - پردہ کیا جائے -
ن - ابھی نہین -
روح - ڈاکٹر کا آج سے ہم کو عقیدہ ہو گیا -
سپہر - اب بھی نہوگا -
بہار - یہ کسکو امید تھی (اللہ جانتا ہے) ہم تو سمجھے تھے کہ -
ب - اوہو تو اس ذکر سے کیا واسطہ -
ن - مین ذرا ڈاکٹر صاحب کے پاس ہو آؤن -
نواب صاحب باہر تشریف لائے - ڈاکٹر صاحب سے کہا دوا پلا دی -
سول - ہم چلنا چاہتے ہین -
ن - تشریف لائیے -
سول سرجن صاحب چلے مگر انسپکٹر جنرل بیٹھے ہی رہے - نواب صاحب نے پوچھا کیا آپ نہ تشریف لے چلین گے - صاحب ممدوح نے کہا نہین صاحب اچھی طرح دیکھ لین گے - پردہ کیا گیا - سول سرجن نے بعد معائنہ و غور کے کہا - اب آرام ہے

ہم ایک نسخہ اور لکھتے ہین - جو دوا ابتک دی تھی اُب اس کی ضرورت نہین پھینک دیجائے نسخہ ٹھکر فرمایا کہ آدھ آدھ گھنٹے مین ایک ایک مارک دیجیے شام تک اور اس دوا کے قبل دو گولیان کھلا دیجیے گا - اُسکا یہ نسخہ ہی دروازے بند کر دیجیے اور پنکھا جھلوائیے - مگر غل اور شور نہونے پائے اِنکے ارد گرد بھیڑ نہو - اِس کمرے مین جو بولے آہستہ سے - بہت جلد آرام ہوجائے گا -

سول سرجن اور انسپکٹر جنرل گاڑی پر سوار ہونے لگے تو نواب صاحب نے کہا ذرا کوٹھی مین تشریف لائیے - کچھ عرض کرنا ہی -

سول - اچھا -

دونون صاحب تشریف لائے بیٹھے - نواب صاحب نے ایک ایک ہار نذر کیا اور سوسو اشرفیان -

سول - ہم بہت مشکور ہوئے -

انسپکٹر - ہم بھی شکر ادا کرتے ہین -

ن - جناب یہ تو اِسوقت نذر کیا جاتا ہی مگر خفت ہی کہ یہ رقم ہی کیا ہی جس روز مکمل صحت ہوگا اُس روز آپکو پھر تکلیف دیجائے گی -

سول - ایک گھنٹے مین ہمارے پاس حال کہلا بھیجیے گا شام کو ہم پھر آئین گے -

دونون صاحب سوار ہوگئے -

میرزا ہایون فرہاد نواب صاحب باتین کرنے لگے -

شہر - حضرت بلا تشبیہ مسیحا ہین اپنے وقت کے خدا کی قسم وہ کارنمایان کیا کہ باید و شاید سبحان اللہ سبحان اللہ جس قدر زیادہ تعریف کیجیے کم ہی مین تو آج سے اور بھی زیادہ معتقد ہوگیا اور حضرت حق تو یون ہی کہ مردے کو زندہ کر دیا - واہ ری حکمت ان - عرض کرون جو تحقیقات کامل انھون نے کی ہی کبھی کسی نے کاہے کو کی تھی اور جو تحقیقات ابتک کرتے جاتے ہین - اور لاکھون روپیہ صرف کرتے ہین اور ہر قسم کی بوٹی اور دوا اور پھول پھل کو تجربے کی کسوٹی پر کستے ہین - وہ کسی کو نصیب کہان -

مولوی صاحب - ہان پھر اب اِنکا تو راج ہی ہی جو چاہیے کہہ لیجیے - ورنہ جب ڈاکٹر نہ تھے تو کیا جیتا نہین بچتا تھا آدمی -

ن - یہ اور بات ہی مولوی صاحب - یون تو گاؤن کے باشندے بخار مین بھٹے کھاتے ہین - اس سے کیا مطلب -

مولوی - خداوند الناس علے دین ملوکہم -

شہر - نواب صاحب آپ لاکھ ثبوت دیجیے مولوی صاحب نہ مانین گے -

مولوی - یون کہیے مان لون - مگر عقیدے کو کیا کرون -

نواب صاحب محلسرا مین تشریف لیگئے حسن آرا بیگم نے ہاتھ اُٹھا کر سلام کیا - نواب صاحب نے کہا شکر ہی - شکر ہی آج تو بس غضب ہی ہوگیا تھا - دو تین گھڑی تک حواس ٹھکانے نہ تھے -

ب - ہمارے اللہ نے بڑی خیر کی -

سپہر آرا لیٹ رہی اور آنکھ لگ گئی -

حسن آرا ایک گھنٹے تک چپ چاپ لیٹی رہی - ایک گھنٹے کے بعد پانی مانگا پانی پی کر کہا اب ذرا ذرا آرام سا معلوم ہوتا ہی - اُف ہلکان ہوگئی مجھے کچھ خبر ہی نہین کہ کیا ہوا ہوش ہی نہ تھا خبر کیونکر ہوتی - اُف فوہ - اسکے بعد کہا ہمین نیند آتی ہی - بڑی بیگم نے کہا کیا معلوم سونا اِسوقت اچھا یا بُرا -

ن۔ ضرور سوئیں صحت کی دلیل ہے۔ اب آرام کیجیے۔ پنکھا برابر جھلا جائے۔ آدھ آدھ گھنٹے مین بدلی ہو۔ مگر زبر سے خدا غافل نہ مچنے پائے۔

روح افزا استانی جی کے پاس جاکر باتین کرنے لگین۔

استانی جی۔ مبارک ہو۔

دو گھنٹے کامل حسن آرا بیگم نے آرام کیا۔ جاگین منھ دھویا اور کہا اماجان اب طبیعت کچھ کچھ بحال ہے۔ اس عرصے مین بہار النسا اور محمد عسکری مین باہم جو گفتگو ہوئی سننے کے قابل ہے۔

بہار۔ محمد عسکری غضب ہی ہو گیا تھا۔ سمجھے کیا تھے ہوا کیا۔ جو اماجان کو یا کسی اور کو معلوم ہو جائے تو ہماری صورت سے بیزار ہو جائین۔ اف جان ہی لی تھی خدا نخواستہ بیچارہ کی۔

ع۔ ایک بات کہون بس اب خاموشی ہی کا موقع ہے۔ اسکا ذکر نہ کیجیے مین اپنے دل مین خود خفیف ہون۔

بہار۔ ہم تو حسن آرا کے معاملات مین دخل ہی نہ دین گے۔

ع۔ بالکل نہین کچھ واسطہ ہی نہ رکھنا چاہیے۔ ورنہ۔

بہار۔ ورنہ اب کی خدا جانے کیا ہو جائے بیٹھے بٹھائے۔

عسکر۔ اسمین کیا شک ہے خدا نے بڑی خیر کی ورنہ ایسا غضب ہوا تھا کہ شاید خون ہماری ہی گردن پر ہوتا

حسن آرا نے بڑی بیگم صاحب سے کہا اماجان گلوری کھانے کو جی چاہتا ہے۔ بڑی بیگم نے کہا بے ڈاکٹر کے پوچھے مین گلوری تو نہ دونگی مگر الائچی چاہے کھا لو۔

ایک الائچی حسن آرا بیگم کو دی۔

نواب صاحب نے کہا مین ڈاکٹر کے ہان گیا تھا مین نے کہا سو رہی ہین کہا صحت کی علامت ہے۔

ب۔ شکر ہے۔ شکر ہے۔ خدا کا شکر ہے۔

ن۔ فرمایا سونے دو جگانا نہین۔ خود ہی جاگین گی۔

ب۔ دو گھنٹے تو سوئین۔ اب اور کیا سوئین۔

ن۔ خود ہی جاگین نہ۔

حسن۔ جی ہان۔

ن۔ یہ دوا لایا ہون۔ ابھی پلا دیجیے۔ اسی وقت۔

حسن۔ کڑوی ہو گی۔

ن۔ اس درجہ خوشبو ہو کہ عطر کو بھول جاؤ سونگھ کر دیکھ لو چاہے۔

ب۔ نہین نہین۔ دوا کو سونگھتے نہین۔ اثر جاتا رہتا ہے۔

حسن۔ کیون اماجان۔

ب۔ اثر جاتا رہتا ہے۔

حسن آرا مسکرانے لگین۔ بڑی بیگم نے کہا تم نہ مانو مگر ہم تو سونگھنے نہ دینگے اسپر بہار النسا اور روح افزا اور سپہر آرا کھلکھلا کر ہنس پڑین۔ استانی جی بولین شکر ہے پاک پروردگار کا کہ اب ہم سب ہنس بول رہے ہین۔ شکر کرو۔ شکر کرو۔

الغرض ایک ہفتے کے بعد بڑی بیگم صاحب خیر دیون کو لے کر روانہ ہوئین۔

آزاد پاشا جونیر افسر افواج ٹرکی

ساقی بنور بادہ برافروز جام ما
مطرب بگو کہ کار جہان شد بکام ما

اللہ اللہ آج کچھ عجب سماں ہے۔ ہر سمت سے دشمنی کا ڈنکا بج رہا ہے۔ قلم کی باچھین کھلی جاتی ہین۔ نوخیز معشوقون کے مزاج کی طرح بل کرتا ہے اور کیون نہ ہو وہ مژدۂ طرب انگیز معرض بیان مین آتا ہے کہ ۔ ۵

برین فرزہ گر جان نشانم رواست
کہ این فرزہ آسایش جان ماست

نور کے تڑکے میان آزاد فرخ منا دبستر استراحت سے اُٹھے اور ہرمزجی کے گلگلون سرصرتنگ پر سوار ہوکر ساحل بحر کی راہ لی۔ کہ ادھر اُدھر ہوا کھائین۔ دو گھڑی دل بہلائین۔ صبح کا سُہانا سمان۔ بادِ گل بیز و نخلہٗ آمیز۔ مرغان خوشنوا اشجار پر بہار پر فرط طرب سے چہکتے تھے۔ انواع واقسام کے خوشنما پھول چوطرفہ مہکتے تھے۔ ؎

عجب ہنگام خدا لطف زنگ خاک چمن
ہوائی مشتے میں پابستان دم فرتار
نسیم گل مین ہی تاثیر معجز عیسےٰ
کہ نرگس کو کوئی دیدۂ نرگس کو کہے بیمار

میان آزاد کا دل غنچۂ گل کی طرح کھل گیا۔ بہار گلزار کے مزے اُڑاتے نرگس سے آنکھین لڑاتے حضرت ایک فرح بخش باغ مین بڑی دیر تک ٹہلتے رہے جس تختے کو دیکھتے ہین دُلھن ہی۔ سبزان چمن کا جوبن پھٹا پڑتا ہی۔ ؎

سرو دیتا ہی نوا ے فاختہ مستانہ ہی
دست ساقی شاخ ہی ہر ایک گل پیمانہ ہی
لڑکھڑاتی پھرتی ہی گلشن مین مستانہ نسیم
ساغر گل ساغر مے ہی چمن میخانہ ہی

قدرت حق مشاہدہ کرکے میان آزاد باد بادل شاد ہرمزجی کی کوٹھی پر واپس آئے ہرمزجی کے ساتھ کھانا کھایا۔ بعد فراغ طعام دونون مین باتین ہونے لگین۔

آزاد۔ خدا کرے کہین پروانہ تقرری آئے الانتظار اشد من الموت۔

ہرمز۔ گھبرائیے نہین آتا ہوگا صبح شام آیا دخل ہی۔ دل گواہی دیتا ہی دو ہی دن مین دیکھین گے کہ ہمارے کرم فرما میان آزاد جنگی وردی پہنے سوار چلے پر جا رہے ہین۔

آزاد۔ خدا وہ دن دکھائے ہکو تو نومیدی سی ہوگئی ہی۔

ہرمز۔ یہ کیون۔ مایوسی کیسی۔ کل تک ضرور پروانہ آئے گا۔

آزاد۔ سچ کہون یقین نہین آتا۔ خیر۔ دو دن اور سہی۔ دنیا با مید قائم۔ مگر اب ایک ایک دن ایک ایک برس کے برابر ہی۔ انتظار تا بہ کے۔

ہرمز۔ اب آپ تو اپنا ناول مطالعہ فرمائیے۔ اور مین یہ کتاب پڑھتا ہون۔

آزاد۔ یہ کون کتاب ہی حضرت۔ کوئی ناول ہی یا فکشن۔

ہرمز۔ شاہ سلس کا تذکرہ ہی۔ کیا کتاب ہی سبحان اللہ۔

آزاد۔ مین پڑھ چکا ہون نصف کے قریب ایک مرتبہ ترجمہ بھی کرچکا ہون دو چار شعر سُنیے گا۔ اب بھی تو فارسی سے واقف ہین۔ ؎

ای مقیمان ہمہ ستقے سپہر غدار
تا بکو رد پے اصنام خیال و افکار
کب تلک فکر ہم آغوشی محبوب امید
تا کجا خود غلط از بہر نشاط جاوید
کیا سمجھتے ہو کہ امید یہ بر آئے گی
آج یا کل کبھی حسرت نکل جائے گی
کب نکل سکتی ہی بیڑی مین بنا شباب
یہ خیالات تمھارے ہین فقط نقش پر آب
پُر تلسکین شہر سلس کا فسانہ دیکھو
آ فیا عتبروا یا اولی الابصار پڑھو

ہرمز۔ بہت خوب اردو لفظ دو ایک اچھی طرح نہین سمجھا۔ مگر جہان تک سمجھا مین ایمان سے کہتا ہون کہ ہو بہو ترجمہ ہی اور در دانگیز سبحان اللہ۔

آزاد۔ تسلیم۔ اسی طرح پر کوشش کی تھی مگر عدیم الفرصتی مانع ہوئی۔

ہرمز۔ اگر نصف کے قریب آپ ترجمہ کرچکے ہین تو وقت فرصت ہم کو اسکو پورا کرنا چاہیے۔ خدا کی قسم کیا ترجمہ کیا ہی جی خوش ہوگیا۔

آزاد۔ ان کلمات کو مین آپ کی ذاتی لیاقت اور حسن اخلاق پر محمول کرتا ہون ورنہ من آنم کہ من دانم حضرت حقیقت حال یہ ہی کہ ترجمہ سخت مشکل کام ہی جب تک دونون زبانون سے بخوبی واقف نہ ہو ممکن نہین کہ ترجمہ مین لطف آئے۔

یہ گفتگو ہوتی ہی تھی کہ ایک آدمی نے پوچھا میان آزاد میان فرکوش ہین۔ ہرمزجی نے اس آدمی کو غور سے دیکھا اور کہا۔ آپ مطلب کیا ہے۔ اُسنے کہا اُنکے نام ایک خط لایا ہون ہرمزجی نے کہا میان آزاد یہ بیٹھے ہین۔ خط انکو دیجیے۔ آزاد نے خط لیا کھولا۔ پڑھا تو اچھل پڑے اور کہا لیجیے حضرت عمدہ تو فضل خدا سے ملگیا۔

ہرمز۔ ہان! شکر ہی۔ شکر ہی۔ کیون مین نے کیا کہا تھا کہ صبح شام ہو دانہ آباد خل ہی۔ مبارک ہو۔ اب آپ تیاری کیجیے۔ خدا آپ کو اسی طرح کامیاب کرے۔

آزاد۔ رسالے مین جونیر کمیشن ملی۔ مگر خوشی یہ ہی کہ رسالے کی افسری عطا ہوئی۔

ہرمز۔ ہان امین کیا فلک ہی۔ ہم بھی رسالے ہی کو پسند کرتے ہین۔

آزاد نے خط پڑھکر سنایا۔

آزاد۔ حضور وزیر جنگ کے حکم سے آپکو اطلاع دیجاتی ہی۔ کہ آپ عساکر دولت ٹیویہ روم کے جونیر کمشنڈ افسر مقرر ہوئے آپ کو رسالے کی جونیر افسری حضور موفری الیہ نے عطا کی ہی۔ پارچمنٹ حسب ضابطہ آپکے پاس بھیجا جائیگا۔

ہرمز۔ اسوقت مین جامے مین پھولے نہین سماتا۔

آزاد۔ امید ہی آپ سے ایسی تھی۔ آپ میرے سچے دوست ہین۔

ہرمز۔ اب دعا یہ ہی کہ آپ کامیاب آئین اور میدان کارزار مین آپ کا نام ہو۔

آزاد۔ آمین سانشاء اللہ۔ یون تو ناکامی اور خوش نصیبی اتفاق پر منحصر ہی مگر مین اپنی طرف سے کوئی دقیقہ نہ اُٹھا رکھون گا۔ آیندہ اختیار بدست مختار۔ ؎

این بندہ چہ داند کہ چہ می باید خواست	دانندہ توئی ہر انچہ دانی آن دہ

ہرمز۔ میان خوجی سے تو خوشخبری کہیے۔ وہ ہین کہان اسوقت۔

آزاد۔ ہان خوب یاد آیا اُن کو تو بھول ہی گئے تھے ہم۔ بلوائیے۔ بلوائیے۔

ہرمز۔ ایک آدمی ادھر آؤ۔ اِنکے ساتھ جو صاحب آئے ہین اُنکو بلالاؤ۔

اب سنیے کہ خواجہ صاحب کو آدمی نے کوٹھری بھر مین ڈھونڈھ مارا۔ ہوٹل مین تلاش کیا چوطرفہ دیکھا۔ مگر اُنکا پتا ہی نہین۔ جب تھک گیا تو آکر کہا کہ حضور وہ تو کہین ملتے ہی نہین ہرمزجی نے مسکراکر کہین میڈا کی تلاش مین تو نہین گئے ہین میان آزاد اُٹھے کہ ہم ڈھونڈھین گے ہرمزجی اور دو چار آدمی ساتھ چلے۔ اِس کمرے مین دیکھا۔ اُس کمرے مین دیکھا۔ ادھر ڈھونڈھا اُدھر ڈھونڈھا۔ کہین پتا ہی نہین۔

ہرمز۔ کہین میڈا کے پھیرین تو نہین گئے ہین کہ صبح صبح۔

آزاد۔ جناب اُن سے کسی بات کا تعجب نہین عجب بے ڈھکا آدمی ہی۔ لاحول ولاقوۃ۔

ہرمز۔ یہ چلے کہان گئے کچھ دال مین کالا ضرور ہی۔

آزاد۔ خدا جانے لڑ بیٹھا کسی سے یا کسی کو گالی دے بیٹھا۔

خدا کی مار مردک پر۔

ہرمزد۔ یہ آپ انکو ساتھ کیون لائے۔ آپ بھی مل لگی باز آدمی ہین یہ باتین ہوتی تھین کہ ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا مسکرا کر کہا۔ حضور آئیے مین بتا دون کہان ہین۔ مگر جلد آئیے میان آزاد اور ہرمزدی اُس کے ساتھ چلے تو دیکھا کہ ایک کوٹھری مین انگیٹھی کے قریب سر نگون ہین۔ ایک ہاتھ مین دست پناہ دوسرے مین چلم۔ دونون کو بے اختیار ہنسی آئی۔ کھلکھلا کر ہنس پڑے۔ مگر وہ ہینگ ہی مین ہین۔

میان آزاد نے لکڑی سے سر کو سہلانا شروع کیا۔ تو یون منمنا کر بولے۔ او گیدی بھونک دون قرولی۔ آزاد جھلائے ہوئے تو تھے ہی۔ ایک چپت جمائی چپت کے کھاتے ہی خوجی آگ بگولہ ہو گئے۔ آنکھ کھولی تو دیکھا۔ ادھر انگیٹھی اُدھر چلم۔ اور چمٹا زمین پر اوندھے پڑے ہین۔ اور میان آزاد سات آٹھ آدمیون کو لیے لکے پر کھڑے ہین۔ چپ۔ ع۔

کالو تو لہو نہین بدن مین	

نہایت ہی خفیف ہوئے۔

میان آزاد خوجی کو کوٹھی مین لائے ہرمزدی نے کہا خواجہ صاحب مبارک ہو آپکے میان آزاد نے فوجی عہدہ پایا خوجی کی باچھین کھل گئین اچھل پڑے ہرمزدی کے ذقنون پر ٹوپی رکھدی اور کہا دیکھیے اور چاہے جس مرمین ہنسی مذاق کیجیے مگر اسمین نہین۔ اب سچ سچ بتائیے۔ کیا واقعی حکم آگیا۔

میان آزاد نے وہ پروانہ دکھا دیا خوجی نے چھین لیا اور دس بارہ مرتبے اُس پروانہ کو چوما اور رو رو کر کہا آزاد جس عنایت سے تم ہمارے ساتھ پیش آئے اُس کا شکریہ ہم ادا نہین کر سکتے ہین بس اب ہم چاہے زندہ رہین یا مر جائین کچھ پروا نہین اور تو ہم کسی مصرف کے ہین نہین سامنے کر دیجیے اسپر میان آزاد اور ہرمزدی مسکرائے۔ تو خواجہ بدیع صاحب بہت جھلا آئے۔ کچھ تمیز بھی ہو بس بس نہین ہے سامنے علم دریا ہے کچھ دل لگی نہین۔ برسون مین انسان کھُر پا لینا سیکھتا ہے جی ہر کسی کا کام نہین۔ ع۔

چہ داند بوزنہ لذات ادرک	

آزاد۔ سوچ لون تو جواب دون۔ جلدی کیا ہے۔ کہون گا۔ کہون گا۔

میان آزاد کمرے مین جا کر پلنگ پر لیٹے۔ کمرے کے دروازے سب بند کر دیے اور سوچنے لگے کہ ٹھکانا تو ہمارے پاس نہین اور ہم کیولری افسر یعنی رسالے کے افسر مقرر ہوئے جب دس ہزار روپیہ ہو تو نہین انتظام مناسب عمل مین آئے دس ہزار کے بغیر تیاری محال ہے۔ اور دس ہزار روپیہ ملنا غیر ممکن مردہ چاہے جی بھی اُٹھے مگر دس ہزار روپیہ ہم کو کوئی نہ دیگا اجنبی آدمی۔ پرایا ملک دس ہزار روپیہ یک مشت مل جانا کچھ خالہ جی کا گھر تھوڑا ہی ہے۔ گورنمنٹ ٹرکی سے پیشگی بطریق قرض مانگنا نامناسب ہے۔ ہرمزدی گو بڑے سچے دوست اور پکے عنایت فرما ہین مگر اُنسے اسقدر زر خطیر کیونکر مانگین ممکن نہین کہ دو دن کی ملاقات مین دس ہزار روپیہ کوئی دے نکلے مفت مین بات کھونا محض فضول ہے۔ اب روپیہ آئے تو کہان سے آئے۔ اس خیال نے میان آزاد کو منتشر اور پریشان خاطر کر دیا۔ مہانٹک کہ مایوس ہو گئے۔ اور سوچے کہ بس مدرسی سے جو کچھ ملے اسپر سبر کرو۔ ہندوستان واپس جانے کا نام زبان پر نہ لاؤ۔ بہر چہ باد باد۔ حسن آرا بیگم

بیوفا سمجھین گی مگر مجبوری ہی۔ اپنی حالت زار پر میان آزاد نے کمال افسوس کیا۔ سوچے کہ ہم آئے کس لیے تھے خاص اسی غرض سے کہ خلعتی عہدہ پائین اور سرخرو جائین اور حسن آرا بیگم کو بیاہین۔ مگر افسوس صد افسوس بعد خرابی بصرہ میان پہونچکر عہدہ بھی پایا لیکن بے سود۔ بخت برگشتہ یہان بھی ساتھ آیا۔ میان آزاد کی آنکھون مین آنسو ڈبڈبا آئے۔ ؎

داغ دل تازہ ہوا آہ دل ناشاد سے
ہوگیا روشن چراغ اپنا گزر باد سے

بڑی دیر تک میان آزاد اسی خیال مین آہ سرد بھرا کیے۔ یقین واثق ہوگیا کہ میدان کارزار مین جانا نصیب نہوگا۔ سوچے کہ رنج وغم کرنا فضول ہی۔ راضی بہ رضا رہین مگر ہندوستان نہ واپس جائینگے۔ اتنے مین ہرمزجی نے پکارا۔ میان آزاد۔ میان آزاد۔ آپ بہت سوئے آج۔

آزاد چپ چاپ سنا کیے تھوڑی دیر کے بعد دروازہ کھولا باہر آئے۔ اور میان آزاد اور ہرمزجی اور خوجی نے چلے پی۔ ہرمزجی نے کہا اسوقت میان آزاد کچھ افسردہ سے پائے جاتے ہین۔ وہ لطف صحبت اور وہ لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجی نہین ہی۔ بلبل کی طرح چہکتے ہوتے اسوقت مگر خلاف معمول جو اتنی دیر سوئے تو طبیعت منغص ہوگئی۔

آزاد۔ جی ہان اسوقت درد سر ہو اور طبیعت بھی پریشان ہے۔

چاے پیکر ہرمزجی اپنے ایک دوست کے ہان گئے۔ خوجی سے کہا کہ آج محفل قوص و سرود مین چلیے آپ کو بھی لے چلین۔ اور میان آزاد تو چلین ہی گے۔

آزاد نے زبان حال سے کہا۔ ؎

در محفل خود راہ مدہ ہمچو منے را
افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را

جب ہرمزجی نے اصرار کیا تو آزاد نے کہا۔ آج معاف فرمائیے۔ ہرمزجی نے خوجی کو ساتھ لیا اور چلے۔

اتنے مین مسٹر آئین بیطر و منیجر۔ کھلاتی ہوئی کرے مین تشریف لائین آزاد کو دیکھا کہ ایک کرسی پر بیٹھے کچھ سوچ رہے ہین۔ مسکرا کر مصافحہ کیا مگر آزاد کی سرد مہری پر کمال رنج ہوا قریب کی ایک کرسی پر بیٹھین جس تپاک کے ساتھ آزاد پیش آیا کرتے تھے۔ وہ منزلون کا فور تھا۔ ماتھا ٹھنکا۔ مسٹر ڈا۔ کیون طبیعت کیسی ہی۔ اسوقت چہرہ اترا ہوا ہی اور کمال ملول معلوم ہوتے ہو۔ کوئی نہ کوئی وجہ ضرور ہی۔ عہدہ فوجی ملنے کی ہم خبر پاتے ہی آئے کہ مبارکباد دین تمکو اسوقت مسرور ہونا چاہیے یا مغموم۔ یہ الٹی بات کیسی۔ جو کچھ سمجھ مین نہین آتا۔

آزاد۔ کچھ نہین طبیعت ہی تو ہی۔ اچھا ہون۔

مسٹر ڈا۔ کوئی وجہ ضرور ہی۔ بلا سبب انسان ملول نہین ہوتا۔ وجہ خاص بیان کیجیے۔ تعجب ہی کہ عہدہ فوجی پاتے ہی آپ افسردہ اور پژمردہ ہو گئے اسکا کیا سبب۔

آزاد نے مس مسٹر ڈا کے دست سیمین کو اپنے ہاتھ مین لیکر کہا۔ پیاری مسٹر ڈا تم صحیح کہتی ہو۔ مین واقعی ملول ہون بیشک میرے بشرے سے ملال اور غم اور رنج ظاہر ہوتا ہوگا۔ اور مجھے اسقدر رنج ہی کہ عمر بھر کبھی نہین ہوا تھا مگر درد لادوا ہی علاج ممکن نہین۔ مسٹر ڈا نے کہا آخر کچھ تو معلوم ہو۔ اگر درد لادوا ہی تو مجبوری کا مقام ہی۔ مگر سنین تو سہی آزاد نے کہا۔ پیاری مسٹر ڈا تم سے مین نے کوئی بات مخفی نہین رکھی

کل امور صاف صاف بیان کر دیے اب مین کمال انفعال کے ساتھ کہتا ہون کہ مجھے جونیر فسری رسالے کی ملی ہی لیکن میرا پاس نہین اور کم سے کم دس ہزار روپیہ ہو تو کام نکلے - یہان یہ کیفیت ہی کہ دس ہزار روپیہ کیا معنی - دو سو کا بھی کہین سہارا نہین حسین آرا بڑی مالدار ہین - اک ذرا سے اشارے مین ہزار ہزار روپیہ بھیجدین مگر حسن آرا سے روپیہ منگوایا تو عزت خاک مین مل گئی -

مُیڈرا - ے اب اسکی تم کچھ فکر نہ کرو - ہم سمجھ لین گے - دس ہزار روپیہ ہی نا - پھر یہ کون بات ہی مین ابھی آتی ہون -

مُیڈرا اُنسے رخصت ہوئین اور اُن کے میان آزاد کو ایک لفافہ دیا اور کہا اسوقت جاتی ہون کل آؤنگی اب اِدھر مُیڈرا رخصت ہوئین اُدھر میان آزاد نے لفافہ کھولا تو اچھل پڑے ستنبول بنک کے نام بیس ہزار کا چک پایا اور ایک خط جسکا یہ مطلب تھا -

جان سے زیادہ عزیز آزاد پاشا - یہ لفافہ نذر ہی بس اس بارے مین اور کچھ نہ کہونگی - اتنا یاد رہے کہ مین دل و جان سے تم پر عاشق ہون جانتی ہون کہ جو بات چاہتی ہون وہ غیر ممکن ہی تم قول کے سچے ہو - مگر تا ہم پیار کرتی ہون - ے

نہ تملّف نہ محبت نہ مروت نہ وفا
سادگی دیکھ کہ اسپر بھی مری جاتی ہون

خدا کرے تم نیکنامی حاصل کرو - اور منھ مانگی مراد پاؤ -

تمھاری پیاری مُیڈرا

آزاد حضور وزیر جنگ کی ملاقات کو گئے جھک کر آداب بجالائے اور کہا مین تیار ہون کہ اپنے لشکر مین شامل ہون - جس روز حکم دیجیے - حاضر خدمت ہون -

حضور وزیر جنگ بکمال عنایت و مہربانی پیش آئے - فرمایا - ہم تمسے نہایت خوش ہین دو تین دن مین تم ہمارا حکم پاؤگے یہ کہکر آزاد کو بیش بہا خلعت اشگاف تیغ آبدار دی اور کہا خدا کرے اس شمشیر بران سے تم بڑے بڑے کارنمایان کرو -

وزیر جنگ سے رخصت ہوکر آزاد پاشا بنک گئے - چک دیا اور ٹرکی کے چمکتے دمکتے سکے گنوائے بنک کے ایک اہلکار سے پوچھا کہ ہندوستان کے سکے کے مطابق یہ کس قدر روپیہ ہوا - اُسنے کہا بیس ہزار گھوڑے پر سوار ہوکر سرمزجی بھائی کی کوٹھی مین داخل ہوئے اور اُسی مالدار وذی وقار تاجر کے ذریعے سے انتظام خاطر خواہ کر لیا دوسرے دن صبح کو مُیڈرا آئی اور آزاد کو نہایت ہی مسرور و محظوظ پایا آزاد نے سروقد تعظیم کی ادب کے ساتھ ہاتھ ملایا اور مُیڈرا کو قریب کی کرسی پر بٹھایا -

آزاد - جان من بس اب ایک بات اور باقی ہی - صرف ایک ہی بات -

مُیڈرا - کہو کہو اسقدر اصرار کیون کرتے ہو -

آزاد - تم خوب جانتی ہو مُیڈرا کہ مین تمھارا کمال مشکور اور ممنون ہون -

مُیڈرا - ایسی باتین ہم سُننا ہی نہین چاہتے - صاف مطلب کہیے -

آزاد - اس درجہ احسان کرکے زبان پر نہ لانا بڑے عالی ظرفون کا کام ہی سچا عشق اسی کو کہتے ہین حق تو یہ ہی کہ تم بادۂ عشق کے نشے مین چور ہو - ے

صوفی از پرتو مے راز نہانی دریافت | آگہی ہر ہر کس ازین لعل توانی دانست

مُیڈرا - اس سے مغائرت پائی جاتی ہی اب ایسا کلمہ زبان پر نہ لانا -

یہ باتین ہوتی ہی تھین کہ آزاد کے نام وزیر جنگ کا پروانہ آیا۔ جسکے لفافے پر یہ لکھا تھا راپس آزاد پاشا جونیر کیولیری افسر کے پہونچے۔

بی شبّو جان مرجان مرنج
اور
میان سلار و خادم بذلہ سنج

جانانہ رنگین ادا ناظورہ ماہ سیما یعنی جوگن بیچاری اِس شہسوار سے جان بچاکر بھاگی مگر اُستانی کے ہان ایک اور بلا مین مبتلا ہوگئی۔ ۵

ایک آفت سے تو مرمر کے ہوا تھا جینا
پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی

کچھ دن تو اُستانی جی کے ہان خوش خوش آرام کے ساتھ رہین مگر ایک روز اُستانی جی باہر جو گئین تو پڑوس کی ایک ماما نے کہ گنتی بھی تھی اور جوگن کا حسن و جمال دیکھ جلی تھی تھانہ دار سے جاکے کہا کہ حضور آج وہ مال دکھاؤن کہ حضور بھی عش عش کر جائین عمر بھر لونڈی کے احسانمند رہین۔ تھانہ دار کی باچھین کھل گئین۔ کہا ارے خدا جلد لاؤ اور وہ پری ہمکو دکھاؤ دیکھو تو کون پرکالہ آتش ہی جسکی تم اسقدر تعریف کرتی ہو۔ ماما نے کہا حضور ہمارے ساتھ چلے چلین۔ وہ گھر گرہست ہین۔ دو بھروں مین راہ پر آؤن گی۔ تھانہ دار نے وردی اُتار ڈالی اور معمولی کپڑے پہن کر ماما کٹنی کے ہمراہ چلے۔ ماما پہلے چلی گئی دیکھا تو اُستانی جی کا لونڈا شمو بھی غائب ہی اور اُستانی جی بھی دو دن سے نہین آئی ہین۔ دو چار گھڑی جوگن سے باتین کین اور باہر جاکے تھانہ دار کو اشارہ کیا تو وہ دن سے مکان کے اندر موجود۔ جوگن سمجھی کوئی اہل غرض اُستانی جی کے پاس آیا ہوگا۔ کہا اُستانی جی نہین ہین۔ تھانہ دار نے جوان کو دیکھا تو نہار جان سے عاشق ہوگیا۔

تھانہ دار (رت) وہ نہین ہین تو جان من تم تو ہو۔ خدا پاک کی قسم کیا حُسن ہی۔ ایسی عورت کبھی نہین دیکھی ہی۔

ماما۔ اہی تو زری سنبھل کے بات چیت کیجیے گا میان۔

ت۔ کیون بی صاحب ہم کیا کوئی چار پا جولاہے ہین جانتی ہو کہ نہین مین شہر کا کوتوال ہون۔

ماما۔ یہ بیچاری کنواری لڑکی ہی اِس سے یہ ہنسو بولو۔

ت۔ کنواری ہی کی تو ہم کو بھی تلاش ہی۔ اگر یون نہ مانین گی تو آج ہی دو چار بدمعاشون کو بھیجکر نکلوا منگوا لون گا۔

اِتنے مین شمو آگیا۔ اور تھانہ دار دوسرے دروازے سے چلے گئے اور تھوڑی بیر مین دو برقندازلیکر دروازے پر آئے اور اندر دھنس پڑے۔

شمو۔ اہی میان زنانہ مکان ہی۔ پردے والیان رہتی ہین۔

ت۔ بچہ خفیہ خفیہ۔ افیم بیچتے ہو اور پردے والیان بتاتے ہو۔ تلاشی لو جی اور افیم برآمد ہو تو ایک سرے سے سب کو باندھ لیجلو۔ کیا دل لگی ہی۔

جوگن کا رنگ فق ہوگیا کہ دھری گئی اور ماما چپ چاپ کھڑی رہی اور شمو کل کا لونڈا ڈپٹ مین آگیا اور ادھر ایک برقندار نے کہا حضور افیم برآمد ہوئی۔ مخبر نے کتنا ٹھیک پتا دیا تھا۔ تھانہ دار نے کہا اچھا تم دونون کانسٹبل دروازے پر ٹھہرو۔ وہ دونون چلے گئے تو جوگن کے قریب آکر کہا۔ اگر ہمانوگی تو سات برس کو بھیجدونگا یہ کہکر قریب جاکے لپٹ کے ایک بوسہ لیا اور کہا جان من ہمارے ساتھ

چل کے رہو۔ یہان کہان پڑی ہو۔ شمو نے جان پر کھیل کر کہا صوبہ دار صاحب یہ بات اچھی نہین ہو۔ ادھر جوگن نے ہاتھ جوڑے اور عرض کی حضور کل شب کو کسی وقت آیئے گا اس وقت اُستانی جی آتی ہونگی۔ کوتوال نے کہا اچھا تو پھر ہم انعام کی رپٹ نہ لکھین گے۔ اگر کل وعدہ خلافی ہوئی تو جان ہی سے لون گا۔

کوتوال نے پھر ایک بوسہ لیا اور چلدیا مگر اُستانی جی کا نام سُنکر کسی قدر خائف ہوا کہ عورت بڑی رساہو ایسا نہو کہ مُجھسے مین پھنس جاؤن۔ جوگن نے اس ماما کو دہلیز مین بٹھایا اور شمو سے کہا ذری مین ایک کام کو جاتی ہون ابھی ابھی آتی ہون۔ یہ کہکر باہر گئی۔ بہت ہی سہمی ہوئی تھی جانا کہین تھا راستہ بھول گئی چلتے چلتے ایک نالا ملا۔ نالے مین دو چور بیٹھے چوری کے مال کے حصے بخرے کر رہے تھے۔ جوگن کے آنے کی آہٹ پاکر دونون بے تحاشا بھاگے مگر رقم ساتھ لیتے گئے۔ بدحواسی مین کوئی ستر روپیہ اور کچھ کپڑا وہین چھوٹ گیا جوگن سمجھ گئی کہ چور تھے مگر ایسی گھبرائی کہ قدم مکا اُٹھانا محال تھا۔ نالا بھیانک چوطرفہ لمبی لمبی گھاس کہین گتے بھونکتے کہین کانٹے چبھتے تھے کہین اونچے نیچے پر پانون پڑتا تھا۔ جب اس مقام پر پہونچی جہان چور بیٹھے تھے تو دو چار روپیہ پانون کے تلے آئے اور کس قدر کھنکھناہٹ بھی ہوئی جھک کر دیکھا تو روپیہ اور کپڑے جی چاہا کہ روپیہ اُٹھالے مگر جرأت نہوئی سردی کے سبب سے کانپ اٹھی تھی۔ کپڑون کو جو دیکھا تو جامہ وار کا تین چار گز کا ٹکڑا نظر آیا۔ فوراً اُٹھاکر اوڑھ لیا اور چلی خدا خدا کرکے وہ کافر نالا طے ہوا تو دیکھا کہ لالٹین لیے ایک آدمی سامنے سے آتا ہو اور اُسکے ساتھ ساتھ ایک سفید پوش ہین۔ سمجھی کہ سفید پوش آتا ہین اور خدمتگار کے ہاتھ مین لالٹین جب وہ قریب آئے تو جوگن نے جامہوار سے منھ کو چھپا لیا۔ سفید پوش آدمی تھے رنگین مزاج چٹکی سے چٹکی لی۔ جوگن شوخی کے ساتھ دبکی۔ سفید پوش نے چادر کو چہرے سے ہٹایا تو نور کا بکا نظر آیا۔ جوگن کی پیشانی نورانی اور چاند سا مکھڑا اور گورے گورے گال اور بیش بہا جامہ وار اوڑھے جو دیکھا تو سمجھے کہ کوئی رئیس زادی ہو مگر حیرت تھی کہ بین وسال حُسین وجمال اور آدمی تک ساتھ نہین۔

سفید پوش۔ حضور کی خدمت مین آداب۔

جو۔ (گردن پھیر کر خاموش)۔

سفید۔ گردن کیا فوارہ ہو۔

جو۔ (آہستہ) ہمین نہ چھیڑیے۔

سفید۔ اس لب ولہجے کے قربان۔

جو۔ خیر وقت کی بات ہو۔

سفید۔ یا الٰہی یہ کیا اسرار ہو تم۔ اسقدر طرحدار اور گلعذار۔ یہ مکھاری جوانی یہ بانکی ادا یہ چھب یہ مکھڑا اور اس شب تیرہ وتار مین یہ بیش بہا لباس زیب تن کرکے تنہا کہان جاتی ہو۔

جو۔ وقت کی بات ہو۔

سفید۔ شہزادی ہو۔ نواب زادی ہو۔ رئیس زادی ہو۔ آخر ہو کون۔

جو۔ غریب زادی ہون۔

سفید۔ غریب زادی ہو مگر شریف زادی ہو۔

جو۔ جیسا آپ سمجھیے۔

سفید۔ لیکن آوارہ۔

جو۔ (آہستہ ہوکر) خیر یون ہی سہی۔

سفید۔ سچی کیا معنی کچھ جھوٹ بھی ہے۔ بھلا کوئی شریف زادی بھی اس وقت تین بجے رات کو اس طرح پر باہر نکلے گی۔ لاحول ولاقوۃ اور بھارسے سن کی تو کوئی آوارہ مزاج بھی جرأت نہ کرے گی۔ تم کل حال بتاؤ ہماری سمجھ میں آتا ہے کہ تم اپنے میاں کی چوری سے نکل آئی ہو بس یہی بات ہے ہمیں کامل یقین ہوگیا ہے کہ تم کسی کی بیوی ہو۔

جو۔ آپ آدمی شریف ہیں صورت سے شرافت برستی ہے۔

سفید۔ اب ایک کام کیجیے۔ ہمارا کہنا مانیے۔ غریب خانہ قریب ہے وہاں تک چلی چلیے۔ بارام تمام بیٹھیے اور ہمیں اپنا کل حال بتائیے ہمیں دہشت ہوتی ہے کہ آپ اس درجہ حسین اور خوش پوش ہیں اور رزت کے وقت اس طرح تنہا نکلے گی اندر ——— الامان الامان۔

جو۔ مجھے آپ کے دولت خانہ تک جانے میں ذرا بھی تامل نہیں مگر شرط یہ ہے کہ میری عزت کے خلاف کوئی بات نہو۔

سفید۔ استغفراللہ۔

جو۔ پھر قول جان کے ساتھ ہے۔

سفید۔ بیشک۔

جو۔ چلنے کو تو ہم چلتے ہیں مگر قول مردان جان دارد۔

سفید۔ انشاء اللہ۔

جو۔ خیر چلیے۔

جوگن نے اپنے دل میں سوچا کہ اگر انکا کہنا نہ مانا تو جھٹکارا محال ہے۔ علاوہ بریں یہ بھی خوف تھا کہ مبادا تھانہ دار پکڑ لیجانے ایسا نہ ہو کہ ماما کہیں دیکھ پائے۔ تڑکا ہوا ہی چاہتا ہے۔ اب آخر جاؤں گی کہاں۔ انھیں کے گھر کو غنیمت سمجھو۔

سفید پوش دیکھنے میں تو شریف معلوم ہوتے تھے مگر دل کے بڑے کھوٹے تھے سوچے کہ یہاں سے لیچلکر ان کو سبز باغ دکھاؤ اور ایسی جگہ بند کر دو جہاں سے عمر بھر نکل نہ سکیں عورت تھی خوبصورت حضرت ریجھ گئے۔ خدمتگار کو حکم دیا کہ لالٹین کو گل کر دے اسنے بتی بجھادی۔ تو بالکل تاریکی ہوگئی جوگن کے ہاتھ میں ہاتھ دیکر چلنے لگے کبھی آہستہ سے چٹکی لیتے تھے۔ کبھی ہنس ہنس کر باتیں کرتے تھے۔ جوگن سمجھ گئی کہ یہ دق ضرور کرینگے جب انکی یہ کیفیت ہے کہ راہ میں میرا ہاتھ پکڑے بے دھڑک چلے آتے ہیں اور چھیڑتے جاتے ہیں تو خدا ہی حافظ ہے۔ مگر اسوقت کرتی کیا بیچاری مجبور تھی۔

جوگن نے سفید پوش سے کہا کہ میرا ہاتھ آپ چھوڑ دیجیے ایسا نہ ہو کوئی دیکھ لے تو بدنام ہو جاؤں۔ مگر سفید پوش نے ایک نہ مانی اور طوعاً و کرہاً جوگن کو بہ منت و سماجت لے گئے اور کہا ہم بڑے نامی وکیل ہیں۔ جوگن جو ان کے گھر گئی تو دیکھا کہ ایک کمرے میں ٹاٹ بیدری اور چاندنی بچھی ہے۔ ایک کونے میں چارپائی پر قالیچہ اور دو تکیے رکھے ہیں۔ میز پر بیس بیس کتابیں اور کاغذ قلم دوات ہے باقی اللہ اللہ خیر صلاح سوچی کہ یہ وکیل کوئی ٹھیٹھو نہیں ہے دیکھتے ہیں۔ انکے پاس تو کچھ بھی نہیں ہے۔

وکیل۔ آیئے بیٹھیے۔

جو۔ آنکھیں جھکی پڑتی ہیں۔

وکیل۔ سوئیے گا۔

جو۔ جی ہاں۔

وکیل۔ تو چارپائی تو ایک ہی ہے۔

جو۔ کچھ مضائقہ نہیں۔ ہم زمین پر سوئیں گے۔

وکیل - اچھا سو رہیے۔

جوگن جامہ دار اوڑھکر لیٹی لیٹتے ہی آنکھ لگ گئی۔ اور خراٹے لینے لگی وکیل نے حقہ پیا اور آدمی کو یون پٹی پڑھائی۔

وکیل - سلار بخش تم صبح کو ان سے کہنا کہ آپ بڑی خوش نصیب ہین وہ پوچھین گی وجہ - کہنا تم سے بڑھکر کوئی خوش قسمت ہی نہین - بڑی دیر کے بعد وجہ بتانا کہ میان ایسے جوان تم پر عاشق ہوئے اور ہماری بڑی تعریف کرنا کہنا یہ رئیس ہین ان کے باپ چکلہ دار و نائب بخشی الملک تھے اور ان کے بان و دکھیان ہین اور آدمیون کی تنخواہ مہینے مین تین سو روپیہ دیتے ہین اور کہنا میان بڑے سیدھے بھی ہین اور نواب صاحب کے بان سے قیمتی اسباب لے آنا۔

سلار بخش - قیمتی اسباب کیا یہ زیور کی قسم سے -

وکیل - اُلو ہی رہے نرے۔

سلار بخش - ہان جب سے آپ کے بان آیا۔

وکیل - بکو نہین بس۔

سلار بخش - میان آپ تو بھولے ہوئے ہین کچھ - بھلا وہ نہ کہین گی کہ اگر رئیس اور روپیہ والے ہین تو بھٹیے حالون کیون رہتے ہین - ایک تو کھٹیا آپ کے پاس اور اُسپر یہ باتین کہ ہم ایسے اور ہم ایسے۔

وکیل - آہستہ آہستہ باتین کرو۔

سلار بخش - مین اتنا کہدون گا کہ ہمارے حضور دل کے بڑے وہ ہین۔

وکیل - وہ کیا معنی۔

سلار بخش - اجی جالانک ہین۔

وکیل - ہان یہ مانا - کہنا دل کے جالاک ہین۔ جالانک نہین بولتے۔

سلار بخش - تو ہم کیا کچھ منغی ہین۔

وکیل - اچھا آج کھانا تو دل لگا کر پکانا۔

سلار بخش - تو کسی باورچی کو بلوا بھیجیے نہ - وہ خوب پکائیگا اچھے سے اچھا باورچی سے آؤن گا اور دو روپیہ خرچ کیجیے تو عمدہ سے عمدہ کھانا پکوا دون پھر چپٹ پٹ بولیے مگر ایک مین تو ہو کر آپ کا - ان کے لیے کوئی مامانو کر رکھیے بے اسکے بات نہ بنے گی - خداوند - ہان چاہیے مار ڈالیے ہمین - ہم جھوٹ نہ بولین گے کبھی۔

وکیل - دیکھو رفتہ رفتہ سب فکر ہو جائے گی۔

سلار بخش - فکر کیا خاک ہوگی - مقدمے والے تو آتے ہی نہین۔

وکیل - آئین گے آئین گے۔

سلار بخش نے اپنے آقا کو سمجھایا کہ میان اس پھیر مین نہ پڑو - روٹی کپڑے پر راضی ہو تو خیر اور جو ہگیر کے رہنا چاہین تو دھتا بتاؤ ورنہ بلٹ جائیے گا۔

وکیل - اجی ایک مقدمے مین عمر بھر کی کسر نکل جائیگی۔

سلار بخش - تو جب آپ کو پتیائے بھی کوئی۔

وکیل - کہتے ہین تمھین یقین ہی نہین آتا۔

سلار بخش - تو کیا ملے گا ایک مقدمے مین کون سی ایسی رقم مل جائے گی۔

وکیل - اجی ملنے کی نہ کہو ملے تو دولاکھ ملجائے۔

سلار بخش - ایں! اتنا جھوٹ - میان مین نوکری نہ کرنے کا

دیکھیے چھت نہ گر پڑے کہین۔ لوگ کہتے ہین کال پڑتا ہی۔ ہیضے کا زور ہوتا ہی۔ مینھ نہین برستا ہی۔ برسے کیا خاک۔ اس جھوٹ کو تو دیکھیے کچھ ٹھکانا ہی دو لاکھ ایک مقدمے مین آپ پائینگے۔ کبھی بابا راج دوہزار کی بھی صورت دیکھی تھی ہمنے تو آپ کے باوا کو بھی جوتیان چٹخاتے ہی دیکھا دو لاکھ پائین گے ہونگے۔ پاچکے وہ تو کہیے فقیر کی دعا سے روٹیان چلی جاتی ہین۔ یہی غنیمت سمجھو۔

وکیل۔ تم بڑے گستاخ ہو۔

سلاربخش۔ مین تو کھری کھری کہتا ہون۔

وکیل۔ ایسی کھری کھری کیون کہو کہ کسی کا دل دکھے۔

سلاربخش۔ تو گلی لپٹی ہمین نہین آتی۔

وکیل۔ اچھا ایک کام تو کرنا۔ ذرا دو ایک آدمیون کو لگا لانا۔

سلاربخش۔ کیا کرنا ہی۔

وکیل۔ دو چار آدمیون کو اہل مقدمہ بنا کر لے آنا۔

سلاربخش۔ یہ کیون۔

وکیل۔ یہ ایک مصلحت۔

سلاربخش۔ یہ تو خبط کہلاتا ہی۔

وکیل۔ تم تو ہو نا معقول سمجھنے نہین اور ہر بات مین شاخین نکالتے ہو تم نوکر ہو یا آقا۔ کہدیا کہ دو چار آدمیون کو مقدمہ والا بنا کر لے آؤ جسمین یہ سمجھین کہ ان کے پاس مقدمے بہت آتے ہین ہم تو رنگ جاتے ہین نہ اپنا۔ یہ بات سمجھے۔ وہ ہم کو بہت اچھا سمجھنے لگینگی اور ہمارا دم بھرینگی تم کو اس کھیڑے سے کیا واسطہ۔

سلاربخش۔ وہ بیکار باتین ہین آپ کی۔ جنکا سر نہ پیر اگر وہ ایک کو پھانس پھونس کے لانے بھی تو فائدہ کیا۔ ٹکا تو وصول نہوگا۔

وکیل۔ وہ کھین گی کہ یہ بہت بڑے وکیل ہین۔

سلاربخش۔ اجی چاہے صبح سے شام تک دو سو مقدمے والے آپ کے ہان آئین چاہے دن بھر سناٹا رہے اُن کو اپنے زیور ماما چھوچھو مہری الم غلم سے واسطہ ہی اور جو آپ کے ہان صبح سے شام تک پانچ ہزار آدمی بھی آئے اور انکو ایک چھلا بھی آپ نے نہ بنوا دیا تو کیا۔

وکیل۔ دیکھو فکر مین ہین ہم۔ کوئی نہ کوئی تدبیر نکالینگے انشاء اللہ۔

سلاربخش۔ آپ ایک کام تو کیجیے۔

وکیل۔ وہ کیا۔

سلاربخش۔ وہ بڑا ضروری کام ہی۔

وکیل۔ تو کچھ کہو گے بھی۔

سلاربخش۔ وہ ضروری کام یہ ہی کہ خود بھی سو رہین حضور اور غلام کو بھی آزاد کر دین۔

وکیل۔ خاصی بات ہی۔

سلاربخش۔ سلام۔

وکیل۔ مگر ہم کو اٹھانا نہین۔ ہم دوپہر تک سونا چاہتے ہین۔

سلاربخش۔ وہ آپ چاہتے کیا ہین ایسا تو ہونا ہی ہی۔ اب ٹرکا تو ہی ہی۔

وکیل اور اُسکے ہنر متگار بلکہ مصاحبان سلاربخش سو رہے۔ سوئے تو گھوڑے بیچ کر دنیا و مافیہا کی خبر ہی نہین۔

جوگن نے تمام شب سردی کھائی تھی اور رات بھر سونیکی بھی نوبت نہین آئی تھی - سوئی تو گیارہ بجے آنکھ کھلی -
سلارنجش نے پانی دیا مُنھ ہاتھ دھویا گلوری کھائی - اور کہا انکو جگاؤ وائب -

سلارنجش - حکم ہی کہ ۱۲ بجے جگانا -

جو - کس کا حکم ہی -

سلارنجش - ہمارے مالک کا -

جو - اب ہمارا راج ہی -

سلارنجش - بہت خوب -

جو - انکا نام کیا ہی -

سلارنجش - انکا نام ہینگن -

جو - کیا ؟

سلارنجش - ہینگن -

جو - اوہی ہینگن - تو تو شریف ضرور ہون گے - اور ان کے باپ کا نام کیا ہی ہینگن - ؟

سلارنجش - باپ کا نام مداری -

جو - واہ بس معلوم ہوگیا اور پیشہ کیا ہی - معلوم شد با فندگی -

سلارنجش - دلالی کرتے ہین -

جو - اچھا یہ دلال ہی -

سلارنجش - جی اور کیا - باپ دادا کے وقت سے دلالی ہوتی آتی ہی وکیل صاحب لیٹے لیٹے سُن رہے تھے اور دل ہی دل مین سلارنجش کو گالیان دیتے جاتے تھے کہ مردود نے جما جمایا رنگ بے کے پھیکا کردیا - حالانکہ سمجھا دیا تھا کہ خبردار خبردار ایسی ویسی بات مین نہ کرنا کہ بھڑک اُٹھے - مگر ایک ہی مردک ہی - ہمارا نام ہینگن بتا یا انتا کا نام مداری پیشہ دلالی اچھا بچہ -

اِتنے مین بارہ کی توپ دغی - اور ساتھ ہی حضرت وکیل بھی اُٹھ بیٹھے -

وکیل - پانی لاؤ -

سلارنجش - حاضر ہو اخداوند -

وکیل - (منھ دھوکر) آج وہ دوسرا خدمتگار کہان ہی - آہی -

سلارنجش - حضور چھٹی لے گیا ہی -

وکیل - کیسے آپ تو خوب گھوڑے بیچکر سوئین -

جوگن - اوہی ہی - ذری سیج کیجے گا - اور آپ اپنی نہین گے -

وکیل - آج مبارک قدم نہ آئی -

سلارنجش - رات اُسکے لڑکا ہوا ہی -

راوی - واہ رے خدمتگار - اچھا تک ملاتا جاتا ہی -

وکیل - اور کالے خان کہان مرگیا آج -

سلارنجش - لال خان کے پاس بھیجا ہی حضور -

وکیل - اور محرر نہ آیا ہمارا -

سلارنجش - حضور نواب صاحب نے بلوا بھیجا تھا -

وکیل - اہل مقدمہ کوئی آئے تھے -

سلارنجش - حضور سب واپس چلے گئے -

وکیل - کچھ پروا نہین - ہم تو مقدمون کی کچھ ایسی پروا نہین کرتے -

سلارنجش - حضور کے گھر کی ریاست کیا کم ہی -

وکیل نے جوگن سے کہا کہ آج آپ ایسی ہنرقدم آئین کہ آج کوئی آدمی ہی نظر نہین آتا -

جو۔ (تنک کر) جب کوئی ہو بھی۔ (مسکرا کر) بس ایک سلار بخش ہی سلار بخش نظر آتے ہین۔ ہین۔ اور ہان خوب یاد آیا۔ ذری آپ کا نام تو سنون۔

وکیل۔ ہمارا نام مولوی مرزا محمد صادق علی بیگ وکیل عدالت۔

جو۔ گھر کی بھٹکی باسی ساگ۔

وکیل۔ این! اور سنیے۔

جو۔ تمھارا نام ہینگن ہی۔ اور ہینگن کے لڑکے ہو اور دلالی کرتے ہو۔

وکیل۔ ہینگن کس مردود کا نام ہی۔

جو۔ سلار بخش تمھارے میان کا کیا نام ہی۔

سلار بخش۔ مرزا جی مرزا جی لوگ کہتے ہین۔ کوئی کوئی مرزا صاحب بھی کہتا ہی۔

جو۔ یہ نہین ہم پوچھتے ہین نام انکا کیا ہی۔

سلار بخش (مسکرا کر) ہمکو نہین یاد۔

وکیل۔ ارے نام کیون نہین بتاتا۔

سلار بخش۔ انسے کسی نے کہدیا کہ (مسکرا کر) ہینگن ہی۔

وکیل۔ (جھلا کر) اور اوپر سے ہنستا ہی۔ پاجی اور کون کہنے بیٹھا۔ تو ہی نے کہا ہوگا۔

سلار بخش۔ اب آپ کے پاس کیا مین ہی اکیلا نوکر ہون کچھ رات کو پندرہ بیس آدمی تھے۔ کسی نے بک دیا اسکو ہم کیا کرین لے بھلا۔

وکیل۔ آپ اس پاجی کے کہنے مین نہ جائیے اسی کے سبب سے ہمارے میان کوئی آدمی نہین ٹکتا۔ مین سنتا تھا کہ چپکے چپکے باتین کر رہا ہی ہینگن اور ہینگن نمکحرام کہین کا اور ہنستا ہی اوپر سے بے غیرت۔

سلار بخش آڑ مین کھڑا ہو کر خوب ہنسا۔

وکیل۔ ہمسے ایک مہت بڑے درویش نے کہا ہی کہ تم جلد بادشاہ ہونے والے ہو۔

جو۔ (ہنسکر) ہان پھر اُلو تمھارے سر پر بیٹھا ہی چاہتا ہی۔

وکیل۔ بڑی حاضر جواب اور زبان دراز ہو۔

جو۔ نہین اللہ جانتا ہی دو ہی طرح سے غریب آدمی بادشاہ ہو سکتا ہی یا تو ٹانگ توڑ ڈالے ادھر ٹانگ ٹوٹی ادھر تیمور کے طور پر چٹ بادشاہ ہو گیا۔ یا اُلو سر پر بیٹھے تو غریب آدمی بادشاہ ہو جائے۔

وکیل۔ (متحیر ہو کر) ہان!

جو۔ ہمنے تو ایسا ہی سنا ہی۔ جو کہین اُلو سر پر بیٹھے تو پھر آپ بھی بادشاہی کرین۔ مگر پھر ہمین کا ہے کو پوچھیے گا۔ پھر تو دماغ ہی نہ ملین گے۔

وکیل۔ واہ اب تمھارا ساتھ چھوٹ سکتا ہی۔

جو۔ آپ کی آمدنی کیا ہی۔

وکیل۔ یہ نہ پوچھو۔ کچھ روپیہ گانون سے آتا ہی۔ کچھ ذریعہ ہی۔ کچھ وکالت کے ذریعہ سے پیدا کرتے ہین اسطرح بسر ہوتی چلی جاتی ہی۔

جو۔ سواری کیا ہی تمھارے پاس فٹن ہوگی۔

سلار بخش۔ (آہستہ سے) گدھا۔

جوگن مسکرائی۔ وکیل نے کہا آج کل تو بس ایک پالکی ہی اور دو گھوڑے۔

سلار بخش اس فقرے پر ہنسے۔

وکیل - یہ کون ہنسا۔

سلارنجش - حضور مجھے ہنسی آئی۔

وکیل - کیون ہنسی کی اسمین کیا بات تھی۔

سلارنجش - حضور نے جو اسوقت کہا کہ دو گھوڑے ہین تو وہ دونون ہنہنائے۔

جو - کیا گھین پاس ہی بندھتے ہین۔

سلارنجش - جی ہان ادھر ایک اصطبل ہی اور اسکے پاس ہی فیلخانہ ہی۔

جو - کسکا فیلخانہ ہی۔

سلارنجش - (اشارے سے) انکا۔

جو - این اکیا فیل نشین ہین آپ۔

وکیل - نہین جی کہنے دو اسے یہ یون ہی کہا کرتا ہی۔

جو - ذری ہم کو دکھلاؤ۔

وکیل کے ہوش پران کہ گھوڑا کیسا ہیان گدھا تک تو ہی نہین ہم تو ڈینگ ہانکتے تھے کہ دو گھوڑے ہین ایک بانکی اس مرد دونے کہان سے سن لیا کہ ہنس دیا اور کہتا ہی کہ ہنہنانے کی آواز آتی ہی۔

جو - وکالت مین کیا ملتا ہوگا۔

وکیل - اب تو آج کل مقدمے ہی کم ہین۔

جو - تو بھی بھلا۔

سلارنجش - اسکی نہ پوچھیے کسی مہینے مین دو چار ہاتھی مختانے مین کسی مہینے مین دس پانچ اونٹ مل گئے کبھی دو گدھے آ گئے۔

وکیل - (خفا ہو کر) تو اٹھ جا یہان سے۔

جوگن نے لاکھ چاہا کہ ہنسی ضبط کرے مگر نہ کر سکی

جو - آدمی شریر معلوم ہوتا ہی یہ سلارنجش ملازم ہی کہ مصاحب

وکیل - ہزار بار کہدیا کہ مسخرے پن سے ہمکو نفرت ہی - نالائق۔

جو - اب غصے کو تھوک دو۔

جوگن ایک کامنی چھیل چھبیلی عورت اور پالے پڑی ایک انوکھے وکیل کے - وکیل نے پہلے ہی دن سے حماقت کا اظہار کرنا شروع کیا - کانا ٹٹو بدھو نفر ایک آدمی ٹٹرون ٹون وہ بھی منھ چڑھا - اور اپنے کو ظاہر کیا چاہین رئیس این رئیس مگر واہ رے سلارنجش جواب ترکی بہ ترکی دینے مین تم بھی خوب مشاق ہو وکیل نے پوچھا آج اما نہین آئی یہ بولے حضور کل اسکے لڑکا ہوا - وہ عذر بیان کیا کہ ایک مہینے تک کی غیر حاضری کے لیے کافی ہی حضرت نے پوچھا آج مقدمے والے نہین آئے کہا حضور سب پھر گئے آپ آرام مین تھے۔

ان وکیل صاحب کی بڑی لمبی چوڑی کہانی ہی جسکو ہم ضرور بیان کرینگے بالفعل یہ لطیفہ بھی سننے کے قابل ہی کہ وکیل نے سلارنجش کے کان مین جوگن کی چوری سے آہستہ آہستہ یون گفتگو کی۔

وکیل - سلارنجش وہ بات بھول گئے - کیون جی - ہو سو توقف کہ نہین۔

سلارنجش - کون بات میان - مجھے تو یاد ہی نہین ہی کچھ۔

وکیل - گولی مارو ایسے آدمی کو۔

سلارنجش - تو پھانسی بھی پائے۔

وکیل - مجھ سے کچھ کہا تھا تمنے۔

سلارنجش - آپ تو جلدی جلدی گھبرا گھبرا کر بہت کچھ کہہ گئے - اب سہی -

وکیل - کمبخت دو چار مقدمے والے بنا لا -

سلارنجش - ہان اچھا - مگر میان پہلے ان کے لیے کھانا تو پکواؤ -

وکیل - لاحول ولا قوۃ -

سلارنجش - اچھا آپ تشریف رکھین مین ابھی ابھی حاضر ہوتا ہون - دو چار کیا منھی دس پندرہ کو پھانس لاؤن - مگر یہ بھی میٹھی رہین جسمین لوگ سمجھین کہ وکیل کی بڑی آمدنی ہی - اور مین کہدون گا کہ گانا سننے کے لیے نوکر رکھا ہی سو روپیہ مہینہ دیتے ہین -

وکیل - سو نہین دو سو کہنا -

سلارنجش - وہی بات کہیے گا جو بے تکی ہو - بھلا کسی کو بھی دنیا مین یقین آئیگا کہ دو سو روپیہ یہ وکیل خرچ کر سکتا ہی -

وکیل - کیون یہ کیون -

سلارنجش - اجی اب آپ تو ہندی کی چندی نکالتے ہین - دھیلے دھیلے پر تو آپ مقدمے لیتے ہین - دو سو کی رقم بھلا گانے کے لیے کون خرچ کریگا آپ اپنے سوا اور سب کو پاگل سمجھتے ہین -

وکیل - اچھا بک نہ بہت جا پھانس لاؤ دو چار اہل مقدمہ کو -

سلارنجش - بہت اچھا -

وکیل - کہین اس نئے مہمان کے سامنے نہ ایسی ویسی باتین کر بیٹھنا -

سلارنجش - ہم تو کھری کھری کہتے ہین حضور -

سلارنجش باہر گئے کہ دو چار اہل مقدمہ کو پھانس لائین مطلب یہ کہ کسی جان پہچان اڑوسی پڑوسی کو سمجھا دین کہ میان ایک عورت کو کہین سے لائے ہین تم لوگ جلکر کہو کہ حضور ہمارا مقدمہ ہی - مگر گھنتا نے کی بڑی لمبی چوڑی قسمین بتانا جس مین وہ عورت بھڑکے مین آجائے اور میان کا دم بھرنے لگے -

سلارنجش ایک ہی شریر آدمی - دنیا بھر کا نیاریا - دس بارہ آدمیون کو پھانس لایا اور کہا کہ باری باری دو دو چار چار آؤ - مبادا یکدفعہ ہی بگڑ بگڑا کر نہ چلے آنا -

اندر آئے تو وکیل کو دیکھکر سلارنجش موچھون پر تاؤ دینے لگے مطلب یہ کہ آج وہ کارگزاری کی ہی کہ نام کا استحقاق ہوگیا وکیل از بس خوش جامے مین پھولے نہین سماتے کہ آج سونے کی چڑیا ہاتھ آئی چین ہی چین لکھتا ہی -

تھوڑی دیر کے بعد سلارنجش حقہ بھر لایا - حقہ مٹی کا جسمین تین سیر پانی آئے نیچے بھدا - جبتک ایک اچھا منھ نہ کھولے پی نہ سکے - چلم وہ جسمین آدھ سیر تمباکو بھر لو خدمتگارنے جو گن کے سامنے حقہ رکھا -

جو - کیا کلکڑ والے کی دوکان سے لائے - نگوڑے کلکڑ والے بھی تو ایسا بھدا حقہ نہین رکھتے یا تمباکو والے کی دکان سے لائے ہو - ہٹا لیجاؤ ہٹا لیجاؤ ہم نہ پینگے گھین مدریا بھی نہین جڑتا -

وکیل - ارے سلارنجش -

سلارنجش - خداوند -

وکیل - یہ حقہ کہان سے اٹھا لایا - اتنے چاندی کے جوڑ ہین

وہ حقہ کہان رکھا جو نصیر الدین حیدر کے پینے کا تھا۔
وہ چمپر کہان ہی جو سیٹھ سے لیا تھا جسپر مور بنا تھا اور پینے کے ساتھ ہی مور کی جھنکار محل بھر کو رنگ کر دیتی ہی
وہ گنگا جمنی گڑگڑی کہان ہی جو ہمارے سالے نے بھیجی تھی۔

سلارنجش۔ وہ جو حضور کے سالے نے بھیجی تھی وہ تو حضور کے بہنوئی لیگئے۔

وکیل۔ بہنوئی ہمارے کون۔

سلارنجش۔ وہ نہین ہین ٹھنگنے ٹھنگنے۔

وکیل۔ وہ تو ہمارے سالے ہین۔

سلارنجش۔ مگر وہ تو بہنوئی بتاتے تھے چلیے ہمارے نزدیک جیسے آپ کے سالے ویسے آپ کے بہنوئی دونون یکسان۔ ہم آپکے بھی تابعدار اُن کے بھی تابعدار۔

وکیل۔ تو آخر پیچوان اور چاندی کا حقہ اور زیر انداز اور چمپر کیون نہین نکالتے جو یہ بھدا سیل حقہ اُٹھالائے وہان سے جو حرکت ہی آپ کی وہ ایسی ناشائستہ ہے لاؤ جاکے۔

سلارنجش۔ خداوندا وہ تو سب بند ہی۔ وہ خدمتگار آج آیا کہان۔

جو۔ تو چلو ہٹاؤ یہان سے۔

سلارنجش۔ حضور ایک دم لگا ین گے۔

وکیل۔ بس معاف کیجیے اُٹھا لیجاؤ۔

جو۔ ہم تو مدریا ہی منگواؤ۔ یہ سب سامان بند کہان ہی۔ ذری سا راتو مکان۔ مرغی کے ٹاپے کے برابر برابر وہ کن کوٹھون مین بند ہی سب کا سب۔

اتنے مین کسی شخص نے پکارا طالب او طالب۔ سلارنجش نے کہا کون ہی اُسے تاہم مقدمے والے وکیل ازبس محظوظ ہوئے کہ سلارنجش پھانس لایا۔ فرمایا بلالو۔ سلارنجش نے کہا آؤ جی۔ حضور بلاتے ہین۔ کوٹھے کا یہ راستہ ہی۔

مقدمے والا آیا سلارنجش نے کہا سامنے جاؤ اب دل لگی دیکھیے کہ مقدمے والے کے ایک ہاتھ مین جھاڑو دوسرے مین پنجہ۔ آتے ہی جھاڑو کونے مین کھڑی کردی اور پنجہ ٹیک کر بیٹھا وکیل از سر تا پا بھنک گیا پوچھا تم کون ہی اُسنے کہا ہم بھنگی ہین صاحب۔ جوگن مسکرائی۔ وکیل نے سلارنجش کیطرف دیکھا۔ سلارنجش سر کھجلانے لگا۔

وکیل۔ تم کیا کرنے آیا ہی یہان تمھارا کون کام۔

بھنگی۔ حضور کا بہتر ہون۔ میری ٹلی کا ایک بانس کوئی نکال لیگیا ایک شخص پر شک ہی۔ تو حضور کو وکیل کرنے آیا ہون۔ غلام ہون خداوند۔

وکیل۔ کوئی ہی نکال دو اس پاجی کو چل جا یہان سے۔

سلارنجش۔ خداوندا میرونکا مقدمہ تو آپ لین اور غریبون کا کون لے اُس دن وہ راجہ آئے جنکے ساتھ بیس سوار تھے حضور نے اپنی جگہ چھوڑی اور وہ ہاتھ ہی جوڑا کیے۔ وکیل تو درزی کی سوئی ہی کبھی زربفت مین کبھی ٹھٹھے مین۔ امیرون کا مقدمہ آپ لین اور غریبون کا کون لے۔

وکیل۔ غریبون کا غریب وکیل لے۔

راوی - بجا ارشاد ہوا۔ حضور تو ایڈورکیٹ خبرل ہین۔
مہاراجہ ملہر راؤ نے چیف بالٹائن کو ناحق ہی ولایت سے بلوایا۔ حضور تو [redacted] ہی تھے۔

سلار بخش - اچھا مہتر دیتا لو کیا دوگے۔

مہتر - (ٹینٹ سے پیسے نکال کر) ہمارے پاس تو دو مدوسا ہی ہین۔

وکیل (جھلاکر) نکالو نکالو اس کمبخت کو۔

وکیل صاحب اسقدر جھلائے کہ جھاڑو دے کر مہتر پر خوب ہاتھ صاف کیا۔ وہ جھاڑو پنجہ چھوڑ کر بھاگا۔ تو حضرت جوگن کے قریب جانے لگے۔

جو - (بھاگ کر) الگ ہی رہنا میان الگ ہی رہنا۔

وکیل - کیون۔ کیون۔

جو - ارے مہتر کی جھاڑو چھوئی اور فرش پر چلے آئے۔

وکیل - ہاے ہاے بھول گئے۔

جو - اوئی اللہ مین کہان پھنسی آن کے۔

وکیل - پھر اب کیا کرون۔

جو - غسل کرو۔

وکیل - ہاے افسوس یہ تو نہوسکیگا۔ آج بڑی سردی ہی۔

جو - پھر اللہ جانتا ہی غسل کرو نہین تو چھو مین گے نہین۔

سلار بخش - ہان سچ تو کہتی ہین۔

وکیل - تو چپ رہ مردود۔

سلار دشمن پر تو پرے سرے کا تھا ہی مسکرانے لگا۔ اسپر وکیل صاحب اور بھی جھلائے اور سلار کو مارنے دوڑے تو سلار بخش نے کہا دہائی ہی حضور کی (جوگن کی طرف اشارہ کرکے) جوگن نے کہا بس خبردار۔ ہاتھ نہ اٹھانا۔

وکیل صاحب خاموش ہو رہے۔

جو - اب آپ حمام جائیے۔

سلار بخش - ای ہی۔ کہین یہ صلاح بھی نہ دینا۔ میان انیمی آدمی نہانے کے نام سے کانپ اٹھتے ہین۔ جھوٹ موٹے کہدین گے کہ حمام خانے گیا تھا اور یون ہی کورے چلے آئین گے۔

وکیل - دیکھو اب مین اسکو پیٹے چلون گا۔

جو - ای آخر تو نہاؤ گے یا یون ہی بیٹھے رہوگے۔

وکیل - اُف اسوقت تو نہانے کے نام سے روح لرزتی ہی جگر تک کھٹکھٹا جاتا ہی۔

جوگن نے سلار بخش کو حکم دیا کہ تم پانی بھرو۔ سلار بخش پانی بھر لائے وکیل صاحب نے روتے روتے کپڑے اُتارے لنگی باندھی۔ سلار بخش نے کہا لیجیے نہائیے جیسے ہی بدن پر پانی پڑا حضرت غل مچاکر بھاگے اور سلار بخش چمڑے کا ڈول لیے ہوئے پیچھے دوڑا۔ پھر پانی پڑا پھر روئے۔ جوگن مارے ہنسی کے لوٹ لوٹ گئی۔ الغرض بعد خرابی بصرہ آپ نے غسل سے فراغت پائی تھر تھر کانپتے تھے۔ سلار بخش نے اسپر ہوا کیا کہ پنکھا جھلنے لگا۔ تب تو اور بھی جھلائے اور کس کے دو تین لاتین لگائین۔ مگر سلار وہان سے کھڑے ہوئے۔ جوگن نے دگلا دیا۔ سلار بخش انگیٹھی مین آگ لے آیا تاپنے لگے۔

جو - اب یہ چاندنی تو اُٹھواؤ۔

وکیل - کیون چاندنی نے کیا قصور کیا ہی بیچاری نے۔

سلار بخش - حضور بھنگی اسی پر تو بیٹھا تھا۔

وکیل - ارے تو پھر بولا سنا سلار بخش مارنے مارتے

اُدھیڑ کے دھر دونگا۔

سلارنجش ۔ خداوند مالک ہین ہمارے ۔ مارڈالیے تو بھی حشر کے دن ہم دامن نہ پکڑینگے ۔

سلارنجش ایک لونڈے کو بلالایا ۔ اُسنے چاندنی اُٹھائی تو قلعی کھل گئی چاندنی کے نیچے ایک پھٹا پُرانا ٹاٹ بچھا تھا ۔ بابا آدم کے وقت کا اور دری نہ کوئی فرش ۔

وکیل کٹ گئے ۔ جوگن نے کہا لے اب کوئی فرش اسپر بچھواؤ ۔

وکیل ۔ وہ بڑی دری لے آؤ جو چھکڑے پر لد کر آئی تھی ۔

سلارنجش ۔ وہ ۔ اُسکو تو ایک لونڈا چُرالے گیا ۔

جو ۔ اونی چھکڑے پر لد کے تو موئی دری آئی اور ذرا سا لونڈا انگوٹھا چُرا لیگیا ۔

وکیل ۔ تو بھنگ تو نہین پی گیا سلارو ۔

سلارنجش ۔ کون ؟ ۔ سلارو ! سلارو میان مدارو کے ہان رہتے ہونگے ۔

وکیل ۔ بھلا اتنی بڑی دری چور کیونکر لیجاتا ۔ اور پھر لونڈا تمھارے باپ سے تو اٹھتی نہین ۔

سلارنجش ۔ بیشک ۔ ہمارے باپ کوئی سر بلو جیسے یا فرورے تو تھے نہین ۔ ہم جانتے ہین لونڈا اپنے ساتھ اونٹ لیکر آیا تھا ۔ جب ہی لیگیا ۔

وکیل ۔ اچھا وہ قالینچے اُٹھاؤ جو جیل خانے سے بنکر آئے ہین بیس بیس روپیہ جوڑی ۔

سلارنجش ۔ خداوندہ تو سب بند پڑے ہین ۔

وکیل ۔ اچھا جاکر دیکھو جو کچھ ملے اُٹھالاؤ ۔

سلارنجش جاکر اپنا کمل اور ایک دسترخوان اُٹھالائے وکیل تو بہر آمدے سے بازار کی سیر دیکھتے تھے اُسنے جھپ سے کمل بچھایا اور دسترخوان اُسپر رکھدیا اور کہا آئیے میان بچھ گیا ۔ وکیل صاحب [illegible] اور دسترخوان اور جوگن ٹھلکھلاکر ہنس رہی ہے ۔ وکیل نہایت برافروختہ ہوئے سلارنجش ایک کوٹھری مین جھپ رہا تھا ۔ وکیل نے ڈنڈا نکالا ۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے دو چار بار سوت مجت سے کھوپڑی سہلائی ۔ سلارو ہاتھ باندھے کھڑا رہا ۔

وکیل ۔ آخر کمبخت تو جو میرا نمک کھاتا ہے تو رنگ کیون بھیکا کرتا ہے ۔ مین ایک کہون تو دو کہا کر ۔ خیرخواہی کے معنی ہین سمجھلا دیا سمجھا دیا کہ ہم جو کچھ مانگین کہدے بندہے ہندی کی چندی نکالتا ہے ۔ نامعقول خبردار اب توبہ کر ۔

سلارنجش ۔ توبہ (کان پکڑکر) توبہ (پھر کان پکڑکر) توبہ ! تو اب تک تو ہم یہ سمجھے ہی نہ تھے کہ آپ کیا چاہتے ہین ۔ اب آپ ایک کہین گے مین دو کہون گا اور جو کچھ آپ مانگین گے مین کہدونگا بندہے بس یا پچھڑا اور بھی جو کچھ سمجھانا ہو سمجھا لیجیے پھر مین نہین جانتا ۔ ہان !

وکیل ۔ اچھا ہم جاتے ہین تو آنکر کہنا قصور معاف کیجیے ۔ اور رونا خوب ۔

وکیل صاحب یہ ہدایت کرکے چلے گئے جاکر چارپائی پر جوگن کے پاس بیٹھے ہی تھے کہ سلارنجش روتا سر پیٹتا ہوا آیا جوگن دھک سے رہگئی سمجھی کہ انکا کوئی عزیز مرگیا ہے ۔ وکیل صاحب کے ہوش تران کہ یا الٰہی کیا ماجرا ہے پوچھا کیا ہوا خیر تو ہے ۔ ارے آخر کچھ بتائیگا بھی یا سر ہی پیٹے گا ۔ کیا ہوا کیا ۔ کیا کوئی مرگیا خدانخواستہ ۔ سلارو تھوڑی دیر تک خوب رولے اور وکیل کے قدمون پر گرکر کہا ۔

(حضور یہ اِقصور معاف فرمائین) -

وکیل - لاحول ولاقوۃ - لاحول ولاقوۃ - نرا گنوار ہی کمبخت - جی چاہتا ہی اپنا منھ پیٹ لون -

جو - اچھا جاؤ معاف کیا - کوئی اس طرح روتا ہی اللہ جانتا ہی - ہم سمجھے کہ خدانخواستہ کوئی بچارہ آپ کے عزیزوں سے ب کیا کہون - جان نکل گئی تھی کہ کہین گے اچھی سبز قدم آئی -

اتنے مین وکیل صاحب کے نام ایک خط آیا - وکیل کمرے کے باہر خط پڑھنے لگے سلارو بھی قریب کھڑے تھے - جوگن نے پوچھا - آپ کے ابا جان ہین زندہ -

سلارنجبش - حضور کے باپ؟ ہان - دو باپ ہین -

وکیل نے تیکھی چتون سے سلارو پر نظر ڈالی معلوم ہوتا تھا کہ پھاڑ کھائین گے سلارو نے چپکے سے کہا حضور تو کہہ کر بھول جاتے ہین - آپ ہی نے تو کہا تھا کہ ہم ایک کہین تو تم دو کہنا - قریب تھا کہ وکیل صاحب پیٹ چلین مگر جوگن آگئی تو دانت نپیکر رہ گئے -

جو - یہ کیا پڑھ رہے ہو -

وکیل - صاحب کے پاس سے ایک چٹھی آئی ہی -

جو - کون صاحب - کرنی انگریز ہین -

وکیل - ہان ضلع کے صاحب ہین - ہمسے یارانہ ہی -

سلارنجبش - آپ سے نہ - جی ہان اُنسے اور دوسرے صاحب سے بھی تو ہی - مجھون نے جرمانہ ٹھونک دیا تھا -

وکیل - صاحب نے ہین بُلایا ہی -

جو - آخر تم کچھ کھاتے پیتے بھی ہو یا یون ہی ہوا پھانک کے چلتے ہو کچھ ٹھکانا ہی - دوپہر ہونے کو آئی - پیٹ مین کاٹھ کی روٹی باندھے ہو -

سلارنجبش - ہونھ - دوپہر ہونے کو آئی! ایک بجا چاہتا ہی - آپ کہتی ہین دوپہر ہونے کو آئی -

جو - کیا ایک ہی وقت کھاتے ہو کیا - تو ہم تو بے موت مرے میان -

وکیل - ارے سلارو کھانا پکّا -

سلارنجبش - بندہی -

وکیل - بندہی تو بازار سے خرید لا -

سلارنجبش - بندہی -

وکیل - کیا بندہی -

سلارنجبش - بازار -

وکیل - کی بجین گے -

سلارنجبش - دو -

جو - ابن! ابھی ایک کہا اب کہتا ہی دو -

سلارنجبش - حکم ہی کہ ایک کے دو کہو -

وکیل - کھانا پکاؤ - جھٹ پٹ -

سلارنجبش - بندہی -

جو - ای آگ لگے تیرے اِس مسخرے پن کو - یہان آنتین تک قل ہو اللہ پڑھتی ہین - اسے دل لگیان سوجھتی ہین -

بڑی دیر کے بعد سلارنجبش نے کھانا پکایا اور آن کر دست بستہ کہا خداوند خاصہ تیار ہی - وکیل صاحب نے فرمایا لاؤ - کھانا آیا تو آٹھ موٹی موٹی روٹیان - ایک پیالے مین دال ماش - دوسرے مین آدھ پاؤ گوشت اور آدھ سیر آلو جوگن بھوکی تو تھی ہی اِسی کو غنیمت سمجھی اور وکیل کا شکریہ

ادا کر کے کھانا کھایا۔

وکیل۔ آج پلاؤ نہین پکا۔

سلار بخش۔ حضور بلی کھا گئی۔

وکیل۔ اور گوشت بس ایک ہی طرح کا پکایا۔

سلار بخش۔ خداوند اور آدمی تو ہی نہین مین پانی بھرنے گیا کتا چلھ گیا۔

جو۔ بلی اور کتا یہان بڑے لاگو ہین۔

سلار بخش۔ کچھ پوچھیے نہ بس۔

وکیل نے جوگن سے پوچھا کہ آپ کا اسم شریف کیا ہی جوگن نے کہا ہمارا نام شبو۔ وکیل نے کہا یہ تو کھا نام ہے۔ شریف زادیون کا نام شبّو نہین سُنا آج تک جوگن بولی اپنے اپنے ملک کی ریت ہی۔ ہماری طرف ایسے ہی نام ہوتے ہین۔

اتنے مین کسی نے دروازے پر زور سے ہاتھ مارا اور کہا میان سلار وہین سلار نے جواب دیا کہ آئیے کون صاحب ہین۔ اخاہ۔ آؤ آؤ۔ کوٹھے پر چڑھ آؤ۔ وہ داہنی ہاتھ کی طرف زینے کا راستہ ہی۔

وکیل۔ کون صاحب ہین۔ کون صاحب ہین۔ ایسا نہو مامون صاحب چلے آئین۔

سلار بخش۔ پھر آنے دیجیے۔ دیکھین گے تو اور خوش ہونگے کہ بھانجا ہو منہ نہ نکلا۔

اتنے مین جینے پکارا تھا وہ اوپر آن پہونچا۔

وکیل۔ اُدھر ہی رہنا خبردار بے اطلاع کے ادھر نہ آنا۔

سلار بخش حضور وہ ہی ممن تیلی۔

وکیل۔ ممن تیلی کون۔ ہم تیل دیل نہ لین گے۔ راستہ کو لمپ جلتے ہین ہمارے ہان یا موم کی تی۔ اور کھانے مین تیل آتا نہین۔ پھر تیلی کا یہان کیا کام نکال دو ایسے دیسون کو کمرے مین نہ بلا لیا کرو۔

سلار بخش۔ مقدمہ لایا ہی حضور۔ سامنے حاضر ہو۔

تیلی جو سامنے آیا تو وکیل آگ ہو گیا۔ تیلی اُسوقت میلے کچیلے پھٹے پُرانے کپڑے پہنے تھا ہاتھون مین ایک کپی۔ آن کر ٹاٹ پر بیٹھ گیا۔

وکیل۔ کیا مانگتا ہی۔

تیلی۔ ہمپر نالش کر دی ہی۔

وکیل۔ دووے گیا۔

سلار بخش۔ (سر پیٹ کر) ہاے ہاے۔ اجی پہلے اسکی فریاد تو سنو کہ وہ کہتا کیا ہی بس یہی تو ان مین بڑی خرابی ہی کہ مقدمہ والا آیا اور انھون نے اُسکا ٹینٹوا لیا۔ پہلے یہ بتاؤ کہ دیگا کیا تو۔ بس مردہ چاہے دوزخ مین جائے چاہے بہشت مین اپنے حلوے مانڈے سے مطلب ہی پہلے سُن لیجیے کہ وہ کہتا کیا ہی۔ کچھ جھوٹ سچ اُسکو سمجھا ہے دو چار سوال کیجیے یہ نہین کہ آتے ہی ہاتھ پھیلا دیا۔ اچھا بتاؤ تم ہی بتاؤ کیا دو گے۔

تیلی۔ ایک پلی تیل۔

وکیل۔ نکال دو اسکو نکالدو ابھی ابھی۔

تیلی۔ اچھا صاحب تین پلی لے لو۔

سلار بخش۔ اچھا آدھی کپی تیل دو۔ بس اتنا کہنا مانو۔

وکیل۔ ہائین! ہائین! کیا شرح بگاڑتے ہو۔ تم جاؤ جی۔

سلار بخش - پہلے دیکھیے تو آدھی کی پیراہنی بھی ہوتا ہی وہ -
تیلی چلا گیا اور وکیل نے سلار بخش کو ڈانٹنا شروع کیا -
کہ تو سخت نابکار ہی مجکو کہنے کہا کہ بیچ مین بول اٹھا کر تو اپنے
تئین کیا سمجھتا ہی - آخر تو کون ہی - مکے کا خدمتگار اور رہابین
بنا تا ہی اوپر سے - آخر تو ہی کون -
سلار بخش نے دبے دانتون کہا ہم مصاحب ہین اور
ہین کون - جوگن متحیر تھی کہ کیس قطع کے آدمی ہین اور خدمتگار
کو کیون اسقدر سر چڑھا رکھا ہی -
سلار بخش حضور شام کو کیا پکے گا - ابھی سے تیاری کرون
وکیل - چولھے مین گیا -
سلار بخش - تو خداوند آپ کا کھانا جو ٹھا چھوڑ بھاڑ مین جائے
چاہے مگر غلام تو دو روپیہ مہینے اور کھانے پر نوکر ہی - اگر
یون ہی کھانا جائیگا تو ہم تو مین ہو جائینگے آپ نہ کھائین ہمارے
واسطے تو تجویز کیجے -
وکیل - تجویز نا کیا معنے - اپنے واسطے چھیچھڑے
لے آجا کے -
سلار بخش - (دبے دانتون) وہ بھی جب بچنے پائین
آپ سے -
جوگن نے جو یہ فقرہ سنا تو بے اختیار ہنس پڑی
وکیل نے متحیر ہو کر پوچھا کس بات پر ہنسین - آخر
کچھ بتاؤ تو اسوقت تو ہنسی کی کوئی بات نہین ہوئی -
افاہ - اب مین سمجھا - یہ جو مین نے چھیچھڑون کا فقرہ
کہا اسپر ہنسین - مین ایسی ہی کتا ہون - اسپر جوگن کو
اور بھی ہنسی آئی -
وکیل - اللہ ری شوخی کچھ ٹھکانا ہے - ؎

خوبرو جتنے ہین دل لیتی ہی سب کی شوخی
ہی مگر آپ کی شوخی تو غضب کی شوخی

جو - آپ نے جو کہا کہ چھیچھڑے پکا کر کھاؤ تو مجھے -
سلار بخش - اور مین نے جھٹی اپنے اوپر کہی وہ سنی
ہی نہین آپ نے ——
وکیل - وہ کیا -
سلار بخش - مین نے کہا کچھ کتے نے کاٹا ہی مجھے -
وکیل - خوب چھیچھڑے کیلیے کتے کا اچھا لفظ ہی - مگر پلے
کیون پڑتے ہو -
سلار بخش - یہ ڈوریے کا انگرکھا پہنے ہین نہ آپ -
جو - ای واہ ہی - میان اور خدمتگار مین جگت بازی
ہونے لگی جیسے میان ویسے میان کے آدمی -
اتنے مین آواز آئی - سلجم - گھیان - مولی - بیگن ساگو
توتر کاری کو - جوگن نے کہا آلو خرید لو ایک دو پیسے کے
شام کو پکین گے سلار بخش نے مسکرا کر پکارا - ادھر - ادھر
اوکٹرن ادھر اس پھاٹک مین آ -
وکیل - آلو کتنے سیر ہین سچ سچ بتانا -
کٹرن - مول تول کردن یا واجبی کہون -
سلار بخش - پہلے مول تول کرو - پھر واجبی کہو -
کٹرن - تین پیسے سیر آئین گے چاہے لو چاہے نہ لو -
وکیل - واہ - کل تو ہمنے ملکے سیر لیے تھے - کیون
سلار بخش -
سلار بخش - واہ ایک آنے خریدے تھے -
وکیل - خوب نالائق ہی تو -
سلار بخش - ہر شاید ایسا ہی ہو -

وکیل - صریح وہ کہتی ہو کہ تین پیسے سیر دونگی اور تو کہتا ہو ایک آنے سیر لیے تھے - بھاؤ لگاڑتا ہو -

سلارنجش - آپ کا حکم تھا نہ کہ ایک ایک کے دو دو کہا کرو آپ نے کہا سٹکے سیر ہمنے اُسکا دونا کہا ایک آنے سیر خود ہی تو ایک بات کہتے ہین آپ اور خود ہی بھول جاتے ہین - کہا نہ تھا کہ مین ایک کہون تو تو دو کہنا - اب کیسے ایک کے عوض چار کہون - کسی طرح آپ خوش تو ہون -

جوگن نے سیر بھر آلو خریدے اور پیسے اپنے پاس سے دیے - کبڑن چلی گئی تو جوگن نے کہا یہ آدمی نکالدینے کے قابل ہو کسی مقام پر مسخرے پن سے نہین چوکتا ہو - جب دیکھو بات کاٹ دیتا ہو - یہ بُری بات ہو -

وکیل - بی شبو جان صاحب -

سلارنجش - کیا گل شبو ہین -

جو - ہان جسے گنوار لوگ گلگری کا پھول کہتے ہین -

وکیل - واہ - وہ اور یہ اور -

سلارنجش - حضور گل شبو ہین جب ہی کھلی جاتی ہین -

وکیل - اور گلبدن غنچہ دہن -

سلارنجش - آپ بھی تو جامے مین پھولے نہین سماتے -

وکیل - تم کو کیون خار ہوتا ہو -

سلارنجش - تو چلتے کیون ہین حضور -

وکیل - جہان گل ہو وہان خار ہو -

سلارنجش - واہ دود و بار -

جوگن کو اپنی حالت زار پر اسوقت کمال افسوس تھا کہے تو دھری جائے نہ کہے تو دل بیقرار ہو - شہسوار کے خوف سے رات کو بھاگتا اور ساری رات جاگتا - اپنا نہ بیگانہ خویش نہ بیگانہ - عزیز نہ رشتہ دار بیکس نہ بے بس - پھر اُستانی جی کی مہربانی سے اُسکی پریشانی وحیرانی کا دور ہونا اُستانی جی کی عدم موجودگی مین تھانہ دار کا آنا - اور شادی کا شوق چرانا - جوگن کی تنہائی اور پارسائی - تھانہ دار کی فقرہ بازی - یہ باتین یاد کرکے طبیعت اُلجھی بیقرار تھی - لاکھ ضبط کیا مگر اشک جاری ہی ہوگئے ؎

دل مین اک درد اُٹھا آنکھ مین آنسو بھر آئے	بیٹھے بیٹھے ہمین کیا جانیے کیا یاد آیا

سلارنجش - میان - میان - بوتے ہی نہین میان -

وکیل - کیا میان اور طیان نکالا ہو -

سلارنجش - (اپنے دل مین) پھانس تو نہین کھا گیا ہو - (وکیل) آپ تو بات کرتے کاٹے کھاتے ہین - سیدھی بوتے ہی نہین - آخر یہ روتی کیون ہین بولیے -

وکیل - بولون کیا تیرا سر کوئی بات ذہن مین آتی ہی نہین کہ کیا ماجرا ہو ہمسے تو کوئی قصور نہین ہوا - ہوا تو کس طرح کا قصور ہو ہمین بتائین نہ چاہین مگر معاف کردین - ابھی تو خاصے طور سے کھلکھلا رہی تھین اور ابھی یہ حال ہو -

سلارنجش - یہ نہ کہیے - یون کہیے کہ چاہے قصور نہ معاف ہو مگر بتا تو دیجیے کہ کونسا قصور سرزد ہوا -

وکیل - معاف نہ کرین تو فائدہ -

سلارنجش - فائدہ! فائدہ یہ کتنا بڑا ہو کہ پھر کبھی وہ قصور نہ سرزد ہوگا - بولیے - اور جو قصور معاف کیا اور آپ سے پھر وہی خطا ہوئی پھر روٹھ جاوینگی - گتھی کو سلجھانا آپ نہین جانتے آپ صرف بات بڑھانا

جانتے ہین - باقی اللہ اللہ خیر صلاح -

وکیل - ہان ہی تو بات غمدہ - مگر جو قصور بتا دیا اور معاف نہ کیا تو خانی خولی بتانے سے کیا فائدہ -

سلار بخش - ہاے ہاے - میان تم وکالت کیا خاک کرتے ہو -

اس فقرے پر جو گن ہنس پڑی -

وکیل - شکر اللہ شکر ہی - سلار وبات تو تم نے کسی قدر سخت کہی تھی مگر نی شبو کو روتے سے ہنسا دیا - اس سبب سے تمکو ہمنے چھوڑ دیا -

راوی (کسی قدر) کے لفظ نے پھڑکا دیا - اب اور کیا گا لیان دیتا -

وکیل - بی شبو جان صاحب ذری ادھر دیکھیے -

وکیل نے بڑی منت وسماجت کی کہ اگر ہمسے کوئی قصور سرزد ہوا ہو تو معاف کرو - مگر ہمین اس قدر تو بتاؤ کہ کون سا ایسا قصور ہوا جس کے سبب سے آپ خفا ہو گئین -

جو - اللہ جانتا ہی اس بات پر نہین روئی - ہمین خدا جانے اسوقت کیا یاد آیا - دل ہی تو ہی تم قصور نہ کرو تم نے رات کو سونے کو جگہ دی - کھانا کھلایا - دلجوئی کی - مین کیسے بھلا کیون خفا ہونے لگی کوئی بات بھی ہو تب یا یونہی آپ ہی آپ خفا ہو جاؤنگی -

وکیل - (ہاتھ جوڑ کر) زر خرید غلام ہون - مگر ؎

۱	ہر دم آزردگی غیر سبب راچہ علاج ما گندشتیم ز لطف تو غضب راچہ علاج

جو - ہم ناخواندہ ہین - عورت ذات فارسی کیا جانین -

وکیل - ایک ایک ادا پر عاشق ہون بس اتنا سمجھ لیجیے -

سلار بخش - دو دو - حضور ایک ایک نہین بلکہ دو دو -

وکیل - کیا تو بکتا کیا ہی - دو دو کیا معنے -

سلار بخش - حکم ہی ہین کہ ہم ایک کہین تو تم دو کہو - ہے کہ نہین -

اتفاق سے اس روز وکیل کے نام ایک منی آرڈر آیا - بیس روپیہ کا منی آرڈر اسکے ساتھ ہی ایک خط بھی تھا جسمین یہ عبارت درج تھی -

لفافہ بعونہ الخ

بشرف ملاحظہ مخدوم ومطاع بندہ میرزا صادق علی صاحب ایجنٹ مال بگذرد -

خط - اجی حضرت آداب - مزاج مقطع - یار تمھاری دوستی بھی کچے (سوت) کا ڈورا ہی - میان اور نہین ہماری فرمایشون ہی کی تعمیل کر دیا کرو - بیس روپیہ کا منی آرڈر بھیجتا ہون - چلیے آپ کا قرضہ ادا ہو گیا - اب سنیے کہ لالہ مگن مل کو ایک بمبو کارٹ چاہیے - اگر پچاس تک ملے تو خرید لو دام فوراً بھیجدین گے مگر تمسے امید نہین - یہان جو آتا ہی تمھاری شکایت کرتا آتا ہی - کوئی تو کہتا ہی کہ خلل دماغ ہی کوئی کہتا ہی انھین پاگل خانے کب تک بھیجیے گا - یہ تمکو ہو کیا گیا - اور رہا آپ کے سالار بخش تو بے ادبی معاف آپکے بھی چچا ہین - مصرعہ

وزیرے چنین شہریارے چنان

سنا آج کل آمدنی نکاسی نہین ہی پھر آخر بسر کیونکر ہوتی ہی ایک شخص نے کہا صاحب جائینٹ مجسٹریٹ سے آپ بھڑ پڑے تھے - یہ تمکو سوجھی کیا آخر کوئی اہلکار رشوت لے

چاہے جبر کرے آپ کوئی خدائی فوجدار ہین والسلام اس محرر نے بڑی انسانیت کی ورنہ آپ دھر لیے جاتے۔ رونیوالنٹیر رکھی رہتی اور ڈپلومابھی تشریف لے جاتا۔

ہان خوب یاد آیا اور یہ آپ نے سررشتہ دار سے کیون عداوت پیدا کرلی۔ ای لعنت خدا۔ یار تمکو جنون ہوگیا ہی فصد کے بغیر اچھے ہوتے نہین نظر آتے۔

منشی نعمت خان صاحب بندگی عرض کرتے ہین اور آپ کی شان مین یہ شعر لکھتے ہین۔

آدمیت اور شی علم ہی کچھ اور چیز
لاکھ طوطے کو پڑھایا پر وہ حیوان ہی رہا
فقط

جو۔ این! ہم تو وکیل سمجھے تھے رونیو ایجنٹ نکلے۔ این گل دیگر شگفت اتبو آپ کی قلعی کھلگئی۔ بس۔

ایجنٹ نے بیس روپیہ کا نوٹ پایا تو جامے مین پھولے نہین سمائے۔ سوچے کہ پانچ چھ روز خوب گلچھرے اڑائینگے اُس خط کا جواب اپنے دوست کو یون لکھا۔

"مشفقی"۔ بندگی۔ بیس روپیہ کا نوٹ مین نے پایا شکر ہی کہ تمنے ہمین یاد تو کیا۔

راوی۔ کیا خوب۔ اُن کے لیے (تمنے) اور اپنے لیے (ہمین)۔

"باقی جو کچھ لکھا ہی جھک مارا ہی اور آیندہ ایسا لکھو گے تو نالش دائر دونگا۔ مجھے کوئی ایسا ویسا وکیل نہ سمجھیے گا اور آیندہ خط لکھیے تو ان الفاظ کا استعمال نہو"

ہان بیشک ہم سررشتہ دار سے لڑپڑے۔ ہم کسی کو سمجھتے کیا ہین۔ ہم خوشامد نہ کرینگے کسی کی کیا مجال اور صاحب سے بھی ہم لڑپڑے تھے کبھی اُنکا وار چلتا ہی کبھی ہمارا ہمکو کہا کہ موٹے آدمی ہو اور تمھاری عقل بھی بھدی ہی۔ ہمنے فرمایا کہ "——"

راوی۔ کیا خوب آپ نے فرمایا اور حاکم نے عرض کیا "ہمنے فرمایا کہ تم چھوٹے آدمی ہو اور تمھاری عقل بھی چھوٹی ہی۔

"ہمکو آپ نے کیا سمجھکر ایسا لکھا کہ پاگل ہو اور فصد لو —— لوگ یون کہتے ہین اور یون کہتے ہین۔

راوی۔ حضرات ناظرین اس چیستان کو ابھی نہ سمجھ سکینگے۔ مگر ہم بہت جلد کل امور پوست کندہ معرض بیان مین لائینگے اور ان حضرت کی ساری داستان کہہ سُنائین گے۔

"بس آیندہ اگر ایسے خطوط آئے تو بگاڑ ہوجائیگا ہماری شان کے خلاف کوئی کلمہ زبان پر نہ آئے آج سے ہم کوئی ایسے ویسے وکیل نہین ہین۔

راوی۔ جی آپ کی وکالت کی دھوم ہی۔

"اور اگر پھر کبھی ہمکو خبطی بنایا یا کوئی کلمہ ہماری شان وکالت کے خلاف لکھا تو آیندہ ع

القط ہی قلم کی دوستداری

راقم مولوی مرزا صادق علی بیگ وکیل

راوی۔ صاحب کا لفظ نہ آگے بڑھا دیا۔

جو۔ یہ دوسرا خط کہان سے آیا ہی۔

وکیل۔ کلکتہ سے ایک مہاجن نے بھیجا ہی۔

سلار بخش۔ قرضے کا تقاضہ کیا ہوگا۔

وکیل۔ (برافروختہ ہوکر) کیا۔

سلار بخش۔ کچھ نہین۔

وکیل - قرضہ کیسا۔

سلارنجش - مہاجن نے آپ سے قرض لیا تھا۔ (مسکراکر) یاد ہو۔

وکیل اپنے دل مین سخت نادم ہوئے کہ مین نے مہاجن کا نام کیون لیا شبو کے دل مین کھب گئی ہوگی کہ یہ قرضدار ہین۔ اس مردک سلار کو سوجھی کیا کہ واہی تباہی بک دیا۔ ہم تو کہتے ہین مہاجن کا خط آیا ہی جبھین شبو سمجھین کہ بڑے بڑے مہاجنون سے انکا یارانہ ہی اور یہ کہتا ہی کہ میان قرضہ کے تقاضے کا خط ہوگا۔

وکیل - سلارنجش نیچے سے چارپائی اٹھالاؤ۔

سلارنجش - لے آؤنگا۔ ذرا پیار انکرلون۔

وکیل - پھر کرلینا۔

سلارنجش - نہین میان سب خراب ہوجائیگا۔

وکیل - (جھلاکر) آپ کی بلا سے۔

وکیل صاحب چاہتے تھے کہ سلارنجش کو نیچے لیجاکر خوب پیٹین اسی لیے کہا تھا کہ چارپائی لے آؤ۔ اور سوچے تھے کہ وہ نیچے گیا اور مدم کے ساتھ ہم بھی پہونچے۔ مگر وہ ایک ہی کائیان پہلے ہی سمجھ گیا

وکیل - جاؤ لے آؤ۔

سلارنجش - تو لاؤن کیا۔ بتائیے کیا لاؤن۔

وکیل - چارپائی۔

سلارنجش - چارپائی تو اوپر بچھی ہی

وکیل - اچھا جھاڑو لاؤ۔

سلارنجش - جھاڑو اب اسوقت کیا ہوگی۔

جو - ایک جھاڑو چھوٹی تو سردی مین منانا پڑا اب دوسری جھاڑو پھر چھوؤگے۔

وکیل - آپ اس بات مین نہ پڑیے۔

سلارنجش نے کہا بیوی نے دیکھتی جائیے ہمنے کچھ کہا نہ سنا اور یہ ہمکو لیجاکر پیٹنے پر آمادہ ہین آپ ذری یہان آنکر کھڑی ہوجائین تو جو کچھ کہین مین اٹھالاؤن نیچے سے۔ یا انکو جانے دیجیے بس دو ہی باتین۔ یا یہ آپکے پاس رہین۔ یا آپ یہان آنکر انکو روکیے۔

جو - آخر اُسنے اسوقت کیا کہا جو دانت پیس رہے ہو کھڑے اسوقت تو کوئی کام بگاڑا بھی نہین۔ بیکار بیکار کو آدمی کو چھیڑتا آپ کی بھی کیا حرکتین ہین۔ کیا مانگتے کیا ہو۔ بولو۔ کیا چاہیے کیا۔ مین لادون جاکے۔

سلارنجش - نہ بیوی۔ ایسا غضب بھی نہ کرنا کہین تم نیچے گئین اور انھون نے بخار نکالا مجھپر۔

شب کو بھٹیاری کی چارپائی شبو کے لیے منگوائی گئی اور انھون نے آرام کیا جب مرغ نے ککڑون کون کی بانگ دی وکیل صاحب سمجھے کہ تڑکا ہی لحاف ہی کے اندر پڑے پڑے شبو کو آواز دی۔

وکیل - (لحاف ہی کے اندر سے) بی شبو جان۔

بی شبو جان صاحب (اپنے دل مین) سوتی ہین ابھی پھر جوانی کی نیند تو مشہور ہی ہی۔ اچھا سونے دو۔ اب تو انشاءاللہ ہم اور یہ میان بیوی کہلائینگے۔ انشاءاللہ سہرا بندھے اس اٹھوارے مین اور گھوڑے پر سوار ہون ہم اسی اٹھوارے مین نوشاہ بنین تو سہی۔ میان سلارو۔ ارے سلارنجش۔ کیا سانپ سونگھ گیا چلو اٹھو حقہ بھرو۔ جلد لاؤ حقہ۔

سلار وانکی باتین سب سنتا جاتا تھا مگر عمد آ مسٹ مارے پڑا تھا۔ وکیل نے پھر للکارا۔ اُٹھتا ہی یا مین اُٹھون پھر ایسے خدمتگار رہنے نہین دیکھے کہ جب آقا آنکو جگائے تب بیدار ہون۔ خدمتگار کے یہ معنی کہ تڑکے گجردم اُٹھے پانی بھرے حقہ تازہ کرے نہ کہ میان جگائین اور نوکر کی آواز تک نہ نکلے جواب تک نہ دے۔

مگر ابھی تک لحاف سے منہ نہین نکالتے۔ لحاف ہی مین سے للکار رہے ہین سلار ونے انگڑائی لی اور دور سے اون اون کی آواز آئی تو اُنھون نے کہا کیا بڑے رئیس کے بچے بنے ہین۔ ابھی انگڑائی ہی لے رہے ہین۔

سلار بخش۔ کیا بک بک لگائی ہی۔ میان ابھی تین تو بجے نہین اور آپ غل مچانے لگے۔ واہیات بات!۔

وکیل (جھلاکر) او نابکار۔ اُٹھ تو ذرا۔ ارے تڑکا ہوگیا۔ لُٹ گئے ہم۔

سلار و۔ (گھبراکر) کیون کیون۔ کیا ہوا کیا چوری ہوگئی۔

وکیل۔ اُٹھے گا بھی یا لیٹے ہی لیٹے باتین بنائیگا۔

سلار و۔ تو حضور مین سردی مین اُٹھکر کیا کرون۔ اگر چوری ہوئی ہی تو میرے اُٹھنے سے چور واپس نہ آئیگا۔ پھر بھلا مجکو سردی مین کیون دق کرتے ہو۔ بھائی جان۔

وکیل آگ ہوگئے۔ ایک تو اُٹھتا نہین دوسرے غرّاتا ہی۔ اور گفتگو تو سُنیے آقا سے کہتا ہی اتنا کیون بکتے ہو۔ اب اُٹھنے سے کیا فائدہ چور واپس آنے سے رہا۔ آخر مین آقا کیلیے بھائی جان کا لفظ بھی کسقدر موزون ہی۔

وکیل نے آنکر ایک لات لگائی تو سلار و اُٹھ بیٹھے۔

سلار بخش۔ وہ چور لیگیا ہوگا۔ ہے کیا آپ کے پاس جو چور لیجاتا۔

وکیل۔ ارے کمبخت ادھر آ۔ دیکھ یہ جگہ خالی پڑی ہی۔

سلار۔ ارے شبوجان صاحب ابھی شبوجان صاحب۔ ابی بی شبوجان کدھر گئین۔ ذرا دیکھیے تو۔

وکیل۔ ہمارے تو ہاتھ پاؤن پھول گئے۔

سلار۔ آیئے گھر بھر مین دیکھین۔

وکیل۔ بی شبوجان صاحب۔ بس اب چلی آیئے۔ یہ دل لگی بازی ہمکو پسند نہین۔ بس اب دل لگی ہو چکی۔

وکیل اور سلار ونے گھر بھر مین تلاش کی مگر شبوجان کا پتہ ہی نہین۔ وہ بوے گل کی طرح روان ہوگئی تھین۔ پھر شبو تو تھین ہی۔

وکیل۔ سلار و۔

سلار۔ حکم خداوند۔

وکیل (آبدیدہ ہوکر) ہماری قسمت۔

سلار۔ پھوٹ گئی خداوند۔ آپ کی قسمت پھوٹ گئی۔

وکیل۔ پھر اب۔

سلار۔ کیا عرض کرون حضور۔

وکیل۔ گھر بھر مین تلاش کر چکے نہ تم۔

سلار۔ ہان خداوند۔ اور تو سب دیکھ چکا۔ مگر اب بس ایک بدرو باقی ہی وہان آپ جھانک لین۔

عید الضحی کی تیاریان

عید قربان ہی یہی دن تو ہے قربانی کا
آج تلوار کے مانند گلے مل قاتل

وکیل - قرضہ کیسا۔

سلار بخش - مہاجن نے آپ سے قرض لیا تھا۔ (مسکرا کر) یاد ہو۔

وکیل اپنے دل مین سخت نادم ہوئے کہ مین نے مہاجن کا نام کیون لیا شبو کے دل مین کھٹک گئی ہوگی کہ یہ قرضدار ہین۔ اس مردک سلار کو سوجھی کیا کہ واہی تباہی بک دیا۔ ہم تو کہتے ہین مہاجن کا خط آیا ہی جبھین شبو سمجھین کہ بڑے بڑے مہاجنون سے انکا یارانہ ہی اور یہ کہتا ہی کہ میان قرضہ کے تقاضے کا خط ہوگا۔

وکیل - سلار بخش نیچے سے چارپائی اٹھالاؤ۔

سلار بخش - لے آؤنگا۔ ذرا پیانکہ تو لون۔

وکیل - پھر کہ لینا۔

سلار بخش - نہین میان سب خراب ہو جائیگا۔

وکیل - (جھلا کر) آپ کی بلا سے۔

وکیل صاحب چاہتے تھے کہ سلار بخش کو نیچے لیجا کر خوب پیٹین اسی لیے کہا تھا کہ چارپائی لے آؤ۔ اور سوچے تھے کہ وہ نیچے گیا اور مردم کے ساتھ ہم بھی پہونچے۔ مگر وہ ایک ہی کا ئیان پہلے ہی سمجھ گیا

وکیل - جاؤ لے آؤ۔

سلار بخش - تو لاؤن کیا۔ بتائیے کیا لاؤن۔

وکیل - چارپائی۔

سلار بخش - چارپائی تو اوپر بچھی ہی

وکیل - اچھا جھاڑو لاؤ۔

سلار بخش - جھاڑو اب اسوقت کیا ہوگی۔

جو - ایک جھاڑو چھوٹی تو سردی مین مہنا پڑا اب دوسری جھاڑو پھر چھوؤگے۔

وکیل - آپ اس بات مین نہ پڑیے۔

سلار بخش نے کہا بیوی نے دیکھتی جائیے ہمنے کچھ کہا نہ سنا اور یہ ہمکو لیجا کر پیٹنے پر آمادہ ہین آپ ذری یہان آنکر کھڑی ہو جائین تو جو کچھ کہین مین اٹھا لاؤن نیچے سے۔ یا انکو جانے دیجیے بس دو ہی باتین۔ یا یہ آپکے پاس رہین۔ یا آپ یہان آنکر انکو روکیے۔

جو - آخر اسنے اسوقت کیا کہا جو دانت پیس رہے ہو کھڑے اسوقت تو کوئی کام بگاڑا بھی نہین۔ بیکار بیکار کو آدمی کو چھیڑتا آپ کی بھی کیا حرکتین ہین۔ کیا مانگتے کیا ہو۔ بولو۔ کیا چاہیے کیا۔ مین لادون جا کے۔

سلار بخش - نہ بیوی۔ ایسا غضب بھی نہ کرنا کہین تم نیچے گئین اور انھون نے بخار نکالا مجھپر۔

شب کو بھٹیاری کی چارپائی شبو کے لیے منگوائی گئی اور انھون نے آرام کیا جب مرغے نے ککڑون کون کی بانگ دی وکیل صاحب سمجھے کہ تڑکا ہی لحاف ہی کے اندر پڑے پڑے شبو کو آواز دی۔

وکیل - (لحاف ہی کے اندر سے) بی شبو جان۔

بی شبو جان صاحب (اپنے دل مین) سوتی ہین ابھی پھر جوانی کی نیند تو مشہور ہی ہی۔ اچھا سونے دو۔ اب تو انشاء اللہ ہم اور یہ میان بیوی کہلائینگے۔ انشاء اللہ سہرا بندھے اس اٹھوارے مین اور گھوڑے پر سوار ہون ہم اسی اٹھوارے مین نوشاہ بنین تو سہی۔ میان سلارو۔ ارے سلار بخش۔ کیا سانپ سونگھ گیا چلو اٹھو حقہ بھرو۔ جلد لاؤ حقہ۔

سلار وانکی باتین سب سُنتا جاتا تھا مگر عمداً مُسٹ مارے پڑا تھا۔ وکیل نے پھر للکارا۔ اُٹھتا ہی یا مین اُٹھون پھر ایسے خدمتگار رہنے نہین دیکھے کہ جب آقا آنکو جگائے تب بیدار ہون۔ خدمتگار کے یہ معنی کہ تڑکے گجر دم اُٹھے پانی بھرے حقہ تازہ کرے نہ کہ میان جگائین اور نوکر کی آواز تک نہ نکلے جواب تک نہ دے۔

مگر ابھی تک لحاف سے منھ نہین نکالتے۔ لحاف ہی مین سے للکار رہے ہین سلار دنے انگڑائی لی اور دور سے اون اون کی آواز آئی تو اُنھون نے کہا کیا بڑے رئیس کے بچے بنے ہین۔ ابھی انگڑائی ہی لے رہے ہین۔

سلار بخش۔ کیا بک بک لگائی ہی۔ میان ابھی تین تو نہ بجے نہین اور آپ غل مچانے لگے۔ واہیات بات!۔

وکیل (جھلاکر) او نابکار۔ اُٹھ تو ذرا۔ ارے تڑکا ہوگیا۔ لُٹ گئے ہم۔

سلار و۔ (گھبراکر) کیون کیون۔ کیا ہوا کیا چوری ہوگئی۔

وکیل۔ اُٹھے گا بھی یا لیٹے ہی لیٹے باتین بنائیگا۔

سلار و۔ تو حضور مین سردی مین اُٹھکر کیا کرون۔ اگر چوری ہوئی ہی تو میرے اُٹھنے سے چور واپس نہ آئیگا۔ پھر بھلا مجکو سردی مین کیون دق کرتے ہو۔ بھائی جان۔

وکیل آگ ہوگئے۔ ایک تو اُٹھتا نہین دوسرے غراتا ہی۔ اور گفتگو تو سُنیے آقا سے کہتا ہی اتنا کیون بکتے ہو۔ اب اُٹھنے سے کیا فائدہ چور واپس آنے سے رہا۔ آخر مین آقا کیلیے بھائی جان کا لفظ بھی کسقدر موزون ہی۔

وکیل نے آنکر ایک لات لگائی تو سلار و اُٹھ بیٹھے۔

سلار بخش۔ وہ چور لیگیا ہوگا۔ ہے کیا آپ کے پاس جو چور لیجاتا۔

وکیل۔ ارے کمبخت ادھر آ۔ دیکھ یہ جگہ خالی پڑی ہی۔

سلار۔ ارے شبوجان صاحب اجی شبوجان صاحب۔

اجی شبوجان کدھر گئین۔ ذرا دیکھیے تو۔

وکیل۔ ہمارے تو ہاتھ پاؤن پھول گئے۔

سلار۔ آیئے گھر بھر مین دیکھین۔

وکیل۔ بی شبوجان صاحب۔ بس اب چلی آیئے۔ یہ دل لگی بازی ہمکو پسند نہین۔ بس اب دل لگی ہو چکی۔

وکیل اور سلار و نے گھر بھر مین تلاش کی مگر شبوجان کا پتہ ہی نہین۔ وہ تو بوسے گل کی طرح روان ہوگئی تھین۔ پھر شبو تو تھین ہی۔

وکیل۔ سلار و۔

سلار۔ حکم خداوند۔

وکیل (آبدیدہ ہوکر) ہماری قسمت۔

سلار۔ پھوٹ گئی خداوند۔ آپ کی قسمت پھوٹ گئی۔

وکیل۔ پھر اب۔

سلار۔ کیا عرض کرون حضور۔

وکیل۔ گھر بھر مین تلاش کر چکے نہ تم۔

سلار۔ ہان خداوند۔ اور تو سب دیکھ چکا۔ مگر اب بس ایک بدرو باقی ہی وہان آپ جھانک لین۔

عید الضحیٰ کی تیاریان

عید قربان ہی یہی دن تو ہے قربانی کا
آج تلوار کے مانند گلے مل قاتل

عید سعید کے ایک دن قبل عروس ماہ سیما حسن آرا اور خاتون رنگین ادا سپہر آرا پردہ کرا کر مصروف گلگشت چمن و تماشائے نسرین و نسترن تھین کہ اتنے مین ایک دربان نے مہری کو پکار کر کہا۔ عباسی ذرا پردہ کرد و سواریان اُتر تینگی۔

سپہر۔ لو باجی گیتی آرا اور جہان آرا بہن آگئین۔

حسن۔ چلو جلدی سے پردہ ہو جائے۔

دونون بہنین طرارہ بھرکے مکان کے اندر ہو رہین۔ بگھی ٹھہر کھڑاتی ہوئی احاطے مین آئی اور پھاٹک کے قریب ٹھہری کہ چمین اور دربان اور سپاہی الگ ہٹ گئے۔ پہلے نواب صاحب گاڑی پر سے اُترے اسکے بعد مہریون نے چارون طرف پردہ کر لیا۔ جہان آرا بیگم اور گیتی آرا بیگم بدن کو چُرائے ناز و ادا سے قدم اُٹھائے چھم چھم کرتی ہوئین اندر تشریف لیگئین۔ حسن آرا اور سپہر آرا سے ملین اور سب کی سب ملکر بڑی بیگم صاحب کے پاس گئین۔

گیتی آرا۔ آداب عرض ہے امی جان۔

سپہر۔ امی جان بندگی۔

بڑی۔ جیتی رہو۔ ممتاز دولھا نہین آئے کیا۔

گیتی۔ آئے تو ہین۔

سپہر۔ اسباب وسباب اُتروا تے ہونگے گاڑی پر سے

بڑی۔ روح افزا کی آنکھین ڈھونڈھتی تھین تم دونون کو۔

جہان آرا۔ امی جان پارسال حسین کا تیجا کر کے کوئی دوسرے دن ملی تھین ہمسے مگر ہان اُسسے ملنے کو البتہ کوئی ——— کر برس ہوئے ہون گے (گیتی آرا کی طرف مخاطب ہو کر)۔

گیتی۔ اہ کوئی ڈیڑھ برس ہوا ہوگا۔

اتنے مین نواب ممتاز علیخان بہادر جہان آرا بیگم کے شوہر بھی آئے بڑی بیگم صاحب کیخدمت مین باادب آداب بجالائے اُنھون دعا دی پاس بٹھایا باتین کین۔ ایک فراخ کمرا جو فرش و فروش مکلف سے آراستہ تھا اُنکے لیے تجویز آگیا دو گھڑی دن رہے حضور بیگم صاحب نے مہری کو حکم دیا کہ مالیون سے کہو مہندی توڑ کر بھیجین مگر پتی پتی الگ ہو۔ سر شام ہی آجائے۔ مہری نے تعمیل کی مالی جھٹپٹے وقت جھوبے مین مہندی لیکر ڈیوڑھی پر حاضر ہوا عباسی مہری باہر آئی مہری لگن لے آئی جب لگن مین مہندی بھر چکی تو مالی نے کہا بڑی بیگم صاحب کو دعا دے دولت پہنچا دو کہ حضور کو نگادین مہندی توڑ لایا۔ عباسی بیگم صاحب کے پاس لگن لیگئی آداب بجالائی اور کہا حضور مہندی حاضر ہے۔

بڑی۔ پتی پتی الگ ہے نہ۔ بڑھل تو نہین ہے۔

مہری۔ جی نہین حضور۔

بڑی۔ خواصون کو حکم دو کہ اچھی طرح دیکھ لین کوئی کیڑا دیڑا نہو اور دھو کر پیش خدمتون کو دین کہ وہ خوب باریک سرمہ سا بیس لائین آج تو بجے لڑکیون کے ہاتھون مین لگائی جائے گی۔ بی مغلانی ذری سوہا ہاتھ باندھنے کے لیے ہمارے توشہ خانے سے نکال لینا۔ خوش رنگ ہو اور پکا ملکا ہو۔

سب حکم کے مطابق چلین۔ اور اپنے اپنے کام مین مصروف ہوئین۔ بڑی بیگم صاحب نے دونون کو حکم دیا کہ عطر کے کنٹر اور خوشبودار تیل لے آؤ شام کے وقت منشی نثار حسین صاحب کے کارخانے سے عطر کے کنٹر اور تیل لائے

بیگم صاحب کی خدمت مین بھیجے۔

مہری ۔ رتو نے یہ کنٹر لائے ہین۔ پسند کر لیجیے۔

بڑی ۔ جہان آرا پسند کرو۔

جہان آرا بیگم نے ہر طرح کے عطر کو سونگھ کر کہا امی جان ہمین تو پسند ہے کیتکی کا عطر کیسی نازک اور بھینی خوشبو ہے حنا کا عطر بھی اچھا ہے مگر بہت تیز ہے۔

بڑی ۔ اچھا کیتکی کے عطر کا کنٹر رکھ لو تم بھی پسند کرو۔

گیتی آرا ۔

گیتی ۔ ہم تو موتیا کا عطر لینگے۔

بڑی ۔ دونون کنٹر رکھ لو باقی پھیر دو۔

اتنے مین آٹھ بجے اور نورن نے آکر عرض کیا کہ حضور خاصہ تیار ہے حکم ہو انکالو۔ پیش خدمتین اور خواصین حکم پاتے ہی اٹھین باورچی خانے گئین۔ خوانون مین رکابیان اور قابین لگانی شروع کر دین۔ ایک خوان مین پیالے لگائے۔ کسی مین شیرمال اور پراٹھے کسی مین دودھ اور کباب و پلاؤ وغیرہ۔ کسی مین اچار مربا۔ خوانون پر کھانچے ڈھکے۔ اور خوان پوش ڈھانپ کر عرض کیا حضور کھانا نکالا گیا۔ خواصین سلفچی آفتابہ لائین ہاتھ دھلایا ایک خواص نے دسترخوان بچھایا۔ دوسری نے دسترخوان کے چارون طرف اگالدان رکھے۔ پیش خدمتون نے دسترخوان پر پیالے چننے شروع کیے جب چن چکین تو آداب بجا لائین اور ہٹ گئین۔ آبدارخانے والی صراحی اور گلاس لیکر باادب کھڑی ہوئی سب نے بسم اللہ کہکر کھانا تناول فرمانا شروع کیا جہان آرا بیگم اور ان کے شوہر باوقار علحدہ کرسے عین کھانا کھاتے تھے قابلون مین پلاؤ تھا۔ کسی مین کوکو پلاؤ کسی مین زیرہ بریانی کسی مین قند کے چاول۔ کندن قلیہ۔ مرغ پلاؤ۔ شامی کباب۔ تلی ارویان۔ بمربا۔ اچار۔ اچار جاشنی دار بیچ کی سراکا۔ نورتن چٹنی انواع و اقسام کی اغذیہ لذیذ چنی ہوئی۔

سپہر ۔ آج پلاؤ مین ذرا نمک کم کر دیا ہے۔

حسن ۔ ذری کندن قلیہ لیجیے۔

گیتی ۔ زیرہ بریانی خوب خوشبو ذائقہ کی ہے امین سلونا پن ہے۔

سپہر ۔ شامی کباب۔

بڑی ۔ پلاؤ مین ذری نمک کم ہے اور تو سب ہمین پسند ہے۔

گیتی ۔ یہ اچار کہان کا ہے امی جان۔

بڑی ۔ بیچ کی سراکا۔

گیتی ۔ آج کیا جانے کتنے دن بعد امی جان کے ساتھ کھانا کھایا۔

حسن ۔ جی ہان جہان آرا بہن تو کبھی کبھی خط لکھتی بھی تھین مگر آپ نے وہ سون کھینچی کہ توبہ ہی بھلی۔

اب سنیے کہ ادھر تو یہ نینون نہین بڑی بیگم صاحب کے ساتھ کھانا کھاتی تھین ادھر نواب صاحب اور جہان آرا بیگم مین مزے مزے کی باتین ہوتی جاتی تھین۔

نواب ۔ بڑی خوش خور ہین آپ کی امی جان صاحب۔

جہان ۔ ہی ہین۔

ن ۔ درین چہ شک۔

جہان ۔ اے آخر یہ کیون۔ یہ کاہے سے کہا آپ نے۔

ن ۔ اور تو خیر مگر پلاؤ ماشاءاللہ خوب پکا ہے۔

آب و نمک کتنا درست ہی۔

جہان (مسکرا کر) یا الٰہی بندہ بشر ہی۔ ذری نمک کم ہو گیا تو طعنے دینے لگے آپ کا باورچی سو برس کے بھی زندہ ہو تو ایسا کھانا قلیہ نہ پکا سکے۔

ان (جھینپکر) ہمتو اس پلاؤ پر عاشق ہین۔

جہان - چلو بس بہت باتین بنانے کو رہنے دو۔

ان - زیر بریانی خوش ذائقہ ہی۔ اور اچار تو ایسا ہم نے کبھی نہین کھایا تھا۔ امان کی بات ہی۔

جہان - یہ دلی سے آیا ہی حسین کنیز کے ہاتھ کا اور یہ آم کا اچار بیچ کی مرتبان کا ہی۔

ادھر بڑی بیگم صاحب نے حکم دیا کہ کھانا چنو اور مغلانیون نے خوانون مین قاب اور کا بیان لگا کر کھانا چنا۔ ایک پیش خدمت دسترخوان بچھا کر لے گئی۔ ایک خواص تسلہ لائی دوسری خواص پانی لے کر آئی بیگم صاحب نے گرم پانی سے ہاتھ دھویا۔ اسکے بعد لڑکیون نے خواص سے دست پاک حاضر کیا۔ ہاتھ پونچھے خوانچون مین پان الائچی لونگ وغیرہ مین گلوریان رکھکر سامنے حاضر کیا۔ بھنڈی خانے والی چوان تیار کر لائی بیگم صاحب پلنگڑی پر بیٹھ کر مشکبو اور دھوان دھار چوان پینے لگین۔ اتنے مین جہان آرا بیگم بھی آئین اور چاروں مہنین علیحدہ کمرے مین جاکر باتین کرنے لگین۔

بڑی - مہدی پس کے تیار رہو۔

مغلانی - حاضر ہی حضور۔

بڑی - لڑکیون کو بلاؤ۔

مغلانی - بہت خوب۔

مغلانی نے جاکر کہا۔ بیگم صاحب یاد فرماتی ہین۔

مغلانیون نے دونون نا کتخداؤن کے ہاتھون مین پہلے مہندی لگائی اور ہتھیلی پر چھلا رکھکر ازار بند کے پتے لپیٹ دیے۔ اوپر سوہا لپیٹا اور زرفت کا ازار بند باندھا۔ پھر جہان آرا اور گیتی آرا کے ہاتھون مین مہندی لگائی اور اسی طرح ازار بند کے پتے اور سوہا لپیٹ کر اطلس کا ازار بند باندھا۔

جہان - بی مغلانی امی جان کے ہاتھون مین تو لگاؤ۔

بڑی - نہین بس صرف پورون پر۔

بی مغلانی نے بیگم صاحب کے دسون پورون پر مہندی لگائی۔ حسن آرا سپہر آرا نے ایک ہی پلنگڑی پر آرام کیا پلنگڑی کے نیچے ایک مغلانی لیٹی رہی کہ ازار بند کھل نہ جائے۔

بڑی - دیکھو تم دیکھتی رہنا کہیں نیند ہی۔

سپہر - نہین امان جان۔ مجال ہی کھل جائے۔

حسن - اچھا تو بی مغلانی کو یہان سونے دو نہ۔

گیتی - ہماری پلنگڑی بھی پاس ہی لاکے بچھا دو۔

گیتی آرا بھی بہنون کے پاس ہی پلنگڑی پر لیٹین۔

حسن - اماجان سے ابکی ہم لڑ لڑکے عیدی لین گے۔

گیتی - اور ہم۔ پارسال بھی۔ ہم یہان نہین تھے۔

سپہر - آپکو تو کوئی تیسرا برس ہی کہ عید یہان نہین ہوئی۔

گیتی - ہان تیسرا سال ہی حسن آرا کھو وہ حال تو کہہ چلو۔

حسن - کہین گے بہن۔

سپہر - عسکری نے انکے ساتھ کیا جانے کب کی عداوت نکالی تھی جھوٹ موٹ لگا دی بس انکی بری حالت خدا کا کردہ ہو گئی ملا اماجان نے ہم دونون سے بولنا تک ترک کر دیا تھا اور ادھر بہا لنسا بہن نے اماجان کو بھڑانا شروع کیا کہ حسن آرا اور محمد عسکری کی شادی ٹھہر جائے اور باجی جان کی یہ کیفیت کہ دن کو گریہ وزاری،

رات کو اختر شماری - ایکبار ہی اخبار مین کیا جانے کیا واہی تباہی چھپوا دیا - سب جھوٹی باتین - جنکا سر نہ پیر - وہ تو اللہ نے فضل کیا - ہی ہی ایک روز تو ایسی بُری گھڑی -

گیتی - ہم سن چکے ہین - اب اسوقت اُن باتون کا ذکر نکرو - اُن بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہین سُنتے سے ہی ہی - اللہ سا تو ین دشمن کو بھی ایسی گھڑی نہ دکھائے - ہمنے جسوقت سُنا پاؤن تلے سے مٹی نکل گئی - بس دھک سے رہگئی کہ اللہ یہ کیا ہوا -

حسن - مین کس سے کہون بہن کہ میرے قلب پر کیسی گذرتی تھی

گیتی - اور یہ بہار النسا بہن کو کیا سوجھی اُنسے تو ہم کہہ چکے تھے

سپہر - کہنے لگین ہمنے بھی اُڑتی سی خبر پائی ہی -

حسن - ہماری زندگی تھی کہ بجیائی سے بچگئے - ورنہ کوئی دقیقہ اُٹھا نہین رکھا گیا مگر بہن اتنا ضرور کہین گے کہ وہ اپنی دانست مین ہمارے بھلے کے لیے کہتی تھین -

گیتی - او نہین تو کیا کچھ دشمن تھوڑا ہی ہین تمھارے -

حسن - اور نواب دولھا نے جو لکھا تھا کہ ہم آئینگے -

گیتی - اہی اسٹیشن تک تو آئے تھے ہمکو پہونچا کے چلے گئے اماجان سے تو کہدیا تھا ممتاز دولھا نے -

سپہر - قسمین دیکھے آئی ہوتین -

گیتی - نہین اُنھین ایک ضروری کام تھا -

جہان آرا بیگم اپنے کمرے مین حضور نواب صاحب سے مزے مزے کی باتین کرتی تھین -

ن - تمھاری سب بہنون مین حسن آرا بیگم چشم بد دور بڑی نستعلیق ہین -

جہان - ہی ہین - اور آپ کی ہمشیرہ جان بس کی گانٹھ

ساس سے دو گھڑی بھی نہین بنتی - شادی کے دوسرے ہی مہینے ماں بیٹون مین تیغ چلوا دی -

ن - بجا ہی - اُنھون نے لڑوا دیا وہ خود کٹ مری - لڑکے سے اُن سے بنتی ہی کب تھی - اور تم اپنی بہار النسا کو بھول جاتی ہو - خدا کی قسم اُنکے میان ہمسے کہتے تھے کہ بھائی بعض اوقات ناک مین دم آجاتا ہی ایکدفعہ کہ بیٹھین کہ تم ساس کاہے کو ہو تم تو میری سوت ہو - بھلا یہ باتین کہین شریفنی ہو بہو بیٹیون مین جائز ہین - مگر ہم خدا کا شکر کرتے ہین کہ ہمکو نہ سیدہ بیوی ملی اللہ جانتا ہی جو بہار النسا کی سی بیوی ملتی نہ تو -

جہان - اہی کیا باتین کرتے ہو یہ ملتی وہ ملتی اب سونے دو - تڑکے اُٹھنا ہی - ذری سی منھدی تم بھی لگا لو -

ن - اجی ہٹاؤ بھی -

جہان - ہماری خاطر سے -

ن - مین اس عورتون کے جھگڑے مین نہین پڑتا -

جہان - نہین خدا کی قسم تمکو لگانا پڑیگی - مین نہ مانونگی کسی صورت -

ن - تم بھی ایک نیا رنگ لاتی ہو ناحق قسم کھا بیٹھتی ہو - بے سمجھے بوجھے -

جہان - پھر لگاؤ - اتنا ہمارا ہی کہنا کرو -

ن - تمھاری وہ بھی عجیب ضد ہی باہر جاؤنگا تو لوگ ہنسینگے یہ ننگا عورتون کو نہ دیکھا ہی - یا ہمکو مفت مین نکو بنوا دیگی -

جہان - اہی واہ آج شب عید ہی سب ہی لگاتے ہین ہان جو آدمیت سے خارج ہین اُنکی اور بات ہی (مسکرا کر) -

ن - چلیے ہم آدمیت سے خارج ہی سہی -

جہان - واہ تو ہم کیونکر مانین - لے لگاؤ ہمارے سر کی قسم -

ن - اچھا صاحب لاؤ تمھاری خاطر منظور ہی - تم ضد ہی کرتی ہو تو ہم مجبور ہین -

جہان - تو امی تو سب ہی لگاتے ہین جانور کا ذکر نہین -

ن - تو یہ کچھ فرض ہی کہ جو نہ لگائے وہ جانور ہی بنجائے -

نواب صاحب نے ایک ہاتھ مین تھوڑی منھدی ملی - اور کہا گرم پانی منگواؤ ہم دھوئین گے -

جہان - واہ وا - اچھا خوش ابھی لگائی کیا تم نے - ملو تو اچھی طرح ورنہ اس سے تو نہ لگائی ہوتی -

ن - لہو لگا کے شہیدون مین داخل ہوگئے -

گرم پانی سے تسلے مین ہاتھ دھوکر نواب صاحب نے گلوریان کھائین -

بیگم صاحب نے حکم دیا کہ چار بجے ہمین جگا دینا پیش خدمتین اور بی مغلانی ٹھیک چار بجے اٹھین -

مغلانی - (آہستہ سے پانون دبا کے) حضور؟ -

بیگم (بیدار ہوکر) کیا بجے -

مغ - حضور چار بج گئے -

بڑی حسن آرا و سپہر آرا و گیتی آرا کو جگا دو اور اُن کو بھی اُٹھاؤ - (جہان آرا کو) -

مغ - شمع لاؤ - تسلہ لاؤ -

حسن آرا بیگم اور سپہر آرا کو جگایا گیتی آرا بھی اٹھین - مگر جہان آرا ابھی خواب نازمین ہین - خیر لگن مین ہاتھ دھوئے گئے پیش خدمتون نے منھدی چھڑائی -

حسن - بس اب چھوٹ گئی - پانی کا لوٹا لاؤ -

گرم پانی کیا ہی یا نہین -

پیشخدمت - جی ہان -

سپہر - اُفوہ - مثال آگ گرم ہی - ذری ٹھنڈا پانی ملا لو

جب سب لڑکیان ہاتھ دھو چکین تو بڑی بیگم صاحب نے حکم دیا کہ عطر کے کنٹر لاؤ - مغلانی دو شیشیون مین عطر لائی - لڑکیان شمع کے سامنے ہاتھ لیگئین - مغلانیون نے عطر ملا -

بڑی - اسی شمع کے سامنے ہاتھ نہ لیجاؤ - رنگ شرما جاتا ہی -

حسن - بہت خوب (نزاکت سے ہاتھ ہٹاکر) -

سپہر - اس بات کے تو ہم بھی قائل ہین -

گیتی - یہ تو ہی ہی - رنگ بیشک شرما جاتا ہی -

حسن - جی ہان - کیون نہین -

بڑی - حسن آرا کا ہیکو ماننے لگین بھلا -

گیتی - یہ نہ مانین امی جان انکے نہ ماننے سے کیا ہوتا ہی -

ایک مغلانی نے جاکر خواص سے کہا کہ جہان آرا بیگم کو جگا دو - بیگم صاحب فرماتی ہین کہ بیدار کردو - جہان آرا بیگم جوانی کی نیند کے نشہ مین متوالی ہو رہی تھین - لاکھ لاکھ جگایا مگر انگڑائیان لے لے کر کروٹین بدلا کین - بارے خدا خدا کر کے پانچ بجے آنکھ کھلی -

خواص - حضور صبح ہوگئی -

جہان - اوئی سونے دو ذری -

خواص - بیگم صاحب نے بھیجا ہی کہ اُٹھیے ہاتھ دھوئیے -

جہان - لوٹا اور تسلہ منگواؤ -

خواص - سب حاضر ہی -

خواص نے حنا بند کھولا تمون کو الگ کیا منھدی لگن مین چھڑائی ہاتھ پر پانی ڈالا پیش خدمت نے دست پاک پیش کیا -

جہان - ہمارا صندوقچہ لاؤ - اور عطر نکالو -

عطر ہاتھون مین ملکر نواب صاحب کو جگایا اور کہا دیکھو ہمارے ہاتھ مین منھدی کیسی رچی ہی -

ن - دست نگارین کو چوم کر - ۵

منھدی ملکر ہے چوٹ مرجان پر
ہاتھ لانا نگار کیا کہنا

جہان - گھوڑے بیچ کر سوئے تھے - دیکھو خاصہ تڑکا ہو -

ن - تڑکا نہین بلکہ دھوپ نکل آئی خدا جھوٹ نہ بلائے چار تو بجے نہونگے - ذرا حقہ منگواؤ -

جہان - اُٹھ کے بیٹھو - عید ہو آج - لیٹے کیا ہو -

ن - ہماری تو عید شب کو ہوگی جلسے ہون گے دیکھینگے -

جہان آرا بیگم منھ تو دھو ہی چکی تھین - دوپٹہ سنبھال کر ادب کے ساتھ بڑی بیگم صاحب کی خدمت مین جا حاضر ہوئین - اور آداب بجالا کر بیٹھین -

بڑی - منھدی اچھی طرح لگائی تھی رات ؟ -

جہان - جی ہان امی جان مگر چھلا رکھنا بھول گئی -

بڑی - بی مغلانی ممتاز دولھا کو بھی جگا دو -

مغ - حضور اُٹھے ہین -

عید کے بیش بہا جوڑے پہلے ہی سے تیار ہوگئے تھے - امیر کا گھر - کسی چیز کی کمی نہین لاکھون روپیہ کا اسباب زیور جواہرات کپڑا پوشاکین سب ہی کچھ تھا - مغلانیون اور خواصون اور نوکرون چاکرون کنیلے بھی اُنکی حیثیت کے موافق جوڑے بنے تھے بی مغلانی کی لڑکی پیاری کی آنکھ جو کھلی تو لحاف ہی کے اندر سے پکارا کہ حضور ہمارا جوڑا اب نکلوا دیجیے تو ہم پہن لین -

مغ - ائین - ائی واہ ہو ابھی لحاف ہی کے اندر پڑی ہو اور جوڑے کی فرمایشین ہونے لگین - اُٹھو بیٹا - بڑی حضور کو آداب بجالاؤ - اور سب کو بندگی کرو نہاؤ منھ ہاتھ دھوؤ - تو پہنو یہ گھر اہٹ ! کچھ ٹھکانا ہو -

سپہر - پیاری کے لیے کچھ بنا ہی نہین ابکی -

پیاری - واہ ہمسے بڑی بیگم صاحب نے فرمادیا ہو آپ نکلو جھٹلاتی ہین ہمین سب معلوم ہو -

گیتی - (آہستہ سے) پہلے میان تو کوئی تجویز ہو پھر جوڑا پھڑکانا -

پیاری - حضور مہو تیرے ہو جائینگے -

اس بھولے پن کے ساتھ پیاری نے یہ فقرہ کہا کہ چاروں بہنین کھلکھلا کر ہنس پڑین - بڑی بیگم صاحب نے پوچھا کیا ہنسین سپہر آرا بولین کچھ نہین اماجان اس پیاری کی باتون پر ہنسی آئی - ہزار داستان کی طرح چہکتی ہو -

حسن - اب اُٹھتی ہو لحاف سے کہ نہین -

پیاری - حضور ہمین تو سردی معلوم ہوتی ہو -

سپہر - ہان ! اچھا تو ٹھنڈ اٹھنڈا پانی ڈالین تب اُٹھے گی -

پیاری - ای ہو نہین بیوی - لو مین اُٹھ بیٹھی - اب جوڑا لائیے -

سپہر - اچھا گاؤ تو جوڑا دین -

پیاری - پہلے لائیے یا مقبولہ کیجیے -

سپہر - بڑی ایک ہو -

مغ - ای تو گھر اہٹ ایسی کیا ہو بیٹی حضور حکم دیتی ہین گاؤ گاتی کیون نہین -

جہان - مگری ہوئی جاتی ہو دن بدن -

پیاری - آج عید کی صبح ہو آج نہ کچھ کیجیے -

اس فقرے پر بھی ایک فرمایشی قہقہہ پڑا مگر بڑی بیگم صاحب

خبر ہی نہین کہ کیا باتین ہو رہی ہین - وہ اسی پھیر مین تھین کہ آج کس کس قسم کا پلاؤ پکے - کباب کی طرح کے ہون - تنکی کس سے پکوائین - لڑکیون کو عیدی کیا دین ممتاز دولھا برسون کے بعد آئے ہین - اور عید بڑی - کبھی یہان تھے نہین انکو عیدی کتنی اشرفیان دین لونگرون اور رتونون اور مالیون اور چاکرون اور اصیلون مغلانیون پیش خدمتون خواصون مہریون کو کیا انعام دیا جائے الغرض انواع و اقسام کے خیالات انکے دل مین جاگزین تھے -

لڑکیون کو اس سے کوئی واسطہ نہ تھا کہ کس کو کیا دین - صبح عید کی خوشی تھی - جہان آرا اور گیتی آرا حسن آرا سپہر آرا برسون کے بعد ملی تھین - اور بشاش تھین کہ سب ہنس ملکر خوش روزہ کرینگے -

حسن - اب ذری اوردن چڑھے تو مہتابی پر چلکر دریا کی سیر کیجیین - چلوگی بہن -

جہان - ضرور پر ہزار کام چھوڑ کے -

گیتی - مگر بے پردگی تو نہوگی - ممتاز دولھا کو اسکی بڑی چڑھ ہے - ریل پر لائے تو اس طرح کہ بس اللہ جانتا ہے دم گھٹ گھٹ جاتا تھا اور مجال کیا کہ بچہ تک بول سکے -

جہان - مجھے تو وہان پر غصہ آیا جہان ریل ٹھہری تھی - دو چوکیون کے بعد کہتی ہون کہ پیاس لگی ہے صراحی مین پانی نہین ہے - کہتے ہین یہان نہ لیو - ایک ملاقاتی کھڑا ہے - آگے چل کے پانی ملجائیگا -

گیتی - ہان وہان دونون مین خوب ہوئی -

حسن - اب دیکھیے ہم بھی ایک دن لڑوا دینگے -

جہان - شاباش - چھوٹی بہنین ایسا ہی کرتی ہین -

حسن - ہان خوب یاد آیا - یہ تو کہنا بھول ہی گئے تھے جب بہار النسا بہن یہان آئین تو خورشید دولھا بھی آئے تھے یہان کوئی مہینہ بھر رہے - تو پہلے دن بڑی دل لگی ہوئی - مگر کہین کسی سے ذکر نکرنا - اون چاہیے تو نہین تھا ہمکو - روح افزا بہن نے مجبور کیا - ہم چپکے چپکے بہار النسا بہن اور دولھا بھائی کی باتین سننے لگے - اسوقت دونون آہستہ آہستہ باتین کر رہے تھے - دروازے سب بند تھے - مگر آواز آتی تھی -

جہان - اچھا! یہ کہو - اب ہمارے بھی کان ہوئے -

سپہر - نہین باجی اب روز روز کیا - ایک دفعہ کہین بچپنے کی حرکت ہوگئی -

بیگم صاحب صفائی اور فرش فروش اور تنکی اور پلاؤ اور انعام اور جوڑون کی فکر مین غلطان پیچان تھین حکم تھا کہ آج کوئی تیل یا مُردے یا جنازے یا تابوت کا لفظ زبان پر نہ لائے - کوئی چھینکنے نہ پائے - یا اگر ضعیف الاعتقاد بھی تو کتنی - بات کرتے زبان اور چھینکتے تاک کٹتی ہے خدا خیر کرے - مغلانیان اور پیش خدمتین اونکے ساتھ حکم کی تعمیل مین مصروف تھین - خواصین بھی ڈر رہی تھین کہ کہین ناک سے چھینک یا زبان سے کوئی کلمہ بدنہ نکل جائے تو بڑی بیگم صاحب بد دماغ ہو جائین -

بڑی - کل شام کو جو باتین تمنے سکھائی تھین یاد ہین -

مغلانیان - ہان حضور -

خواصین - کیا مجال جو ان باتون کے خلاف کرین -

پیش خدمتین - سب یاد ہین حضور -

عباسی مہری حضور برسون سے ہین اس سرکار مین -

کیا اتنا بھی نہیں جانتے۔

حسن ۔ اماجان بیابانی کی ڈومنیوں کو بلایا ہے۔

بڑی ۔ ڈومنیاں حاضر ہونگی فوراً آج انھیں کی تو عید ہے۔ انعام لینے نہ آئینگی کیا۔ اب ذری دھوپ نکلے تو نہاؤ حمام کرو۔ کپڑے پہنو ۔ ڈومنیاں دومنیاں سب آپ ہی حاضر ہون گی۔

اتنے مین رؤنے نے عباسی مہری کو پکارا اور وہ چمکتی ہوئی باہر گئی۔

رؤنا ۔ وہ کنٹر جو ہم کل لائے تھے اُن مین سے جو پسند ہو وہ رکھ لو۔ اور جو پسند نہو وہ واپس کر دو۔

مہری ۔ ہم لائے تھے ! مین لایا تھا نہین۔ کہتا آج عید نہوتی تو مفلوا دیتی کھڑے کھڑے۔

بڑی بیگم صاحب کے ہان چھ مہینے دھر کل مغلانیان اور مہریان اور خواصین بوڑھی عورتین تھین مگر یہ عباسی مہری جو کوئی ایک مہینے سے نوکر ہوئی تھی نوجوان اور بلا کی حسینہ تھی جوانی اور جوبن پھٹا پڑتا تھا اور شوخی ایک ایک گ مین کوٹ کوٹکر بھری تھی حسن آرا بیگم اور سپہر آرا دونون اسکے ساتھ غنایت سے پیش آتی تھین۔ گو عباسی نوکر تھی مگر ہمجولی تھی۔ عباسی نے جو رؤنے کو للکارا تو وہ خاموش ہو رہا۔ اتنے مین نواب صاحب کی جو مس طرار اور گلعذار مہری پر نظر پڑی تو میٹھی میٹھی باتین کرنے لگے۔

ن ۔ کیا ہے بی مہری صاحب۔

عباسی (انگلیان مٹکا کر) اے حضور ہے کیا یہ ملکے کا آدمی اور ہمسے جب بات کرتا ہے تو اپنے کو ہم کہتا ہے۔ مواگنوار۔

ن ۔ اچھا جانے دو۔ اب تم اپنی طرف دیکھو۔

عباسی ۔ اے حضور مین کچھ کہتی تھوڑا ہی ہون مگر یہ بدتمیز آدمی ہے محلات کی ڈیوڑھی پر آج سے نہ آنے پائے جو بیگم صاحب سے یا صاحبزادیون سے جا کے کہدون ۔ موا ہولا خبطہ۔

رؤنا ۔ حضور یہ تو اندر کی جانے والی ہے۔ جو چاہے وہان جا کے کہدے مگر مین سچ کہتا ہون کہ فقط عطر کے کنٹر مانگے تھے۔ بس ہزارون صلواتین سُنائین۔

ن ۔ اچھا چپ رہو بدتمیز۔ کنٹر آجائین گے۔

عباسی ایک عورت طرار سمجھ گئی کہ میان رجھے ہین سر کو اس زور سے جھٹکا دیا کہ دوپٹہ کھسک گیا اور گوری گوری گردن صاف نظر آئی نواب صاحب اور بھی ہزار جان سے عاشق زار ہو گئے۔ اور بگھورنا شروع کیا۔ رؤنا بوڑھا خرانٹ اور تجربہ کار آدمی تھا۔ چٹونون سے تاڑ گیا کہ نواب صاحب کا اِس نوخیز مہری پر دل آیا ہے۔ عباسی کے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ خطا معاف کرو۔ اور کنٹر ذرا لا دو۔

ن ۔ جو عطر پسند آیا ہو وہ رکھ لو۔ باقی پھیر دو۔

عباسی (چمک کر) حضور کل ہی شب کو پھیر دیے گئے تھے یہ تو موا سودائی ہے سبزی پی پی کر ڈیوڑھی پر آتا ہے ٹھہر جا عید ہوے تو نکلوا دون اللہ جانتا ہے کھڑے کھڑے نکلوا دون۔ اُس دوسرے رؤنے سے پوچھ جا کے۔

عباسی دل مین کھلی جاتی تھی کہ نواب کی نظر پڑی۔ اب چاندی ہے یا بچون کھچی مین ہین۔ اور رؤنا جلا مرتا تھا بخان لی کہ چاہے نوکری جائے مگر کسی نہ کسی کے ذریعہ سے بیگم صاحب کو ضرور اسبات کی اطلاع دون گا کہ نواب صاحب عباسی مہری پر ریجھ گئے اور کہلا بھیجون گا کہ بے طور دل آیا ہے جاتے کہان ہین میری نوکری جائے تو پروا نہین مگر عباسی

نہ رہنے پائے جس دن نواب صاحب کے گھر مین معلوم ہو گیا اُسی دن نکالی جائے تو سہی۔ رونا اِدھر اُدھر ہٹ گیا نواب صاحب نے دربان کو حکم دیا کہ جاکر دیکھو عیدگاہ مین لوگ جمع ہوئے یا نہین۔ وہ سپاہی کو حکم دینے گیا اِدھر نواب صاحب نے میدان خالی پاکر عباسی سے اشارت آمیز گفتگو شروع کی۔

ن۔ بی عباسی صاحب مزاج اچھے ہین۔

عباسی۔ (لجاکر) دعا کرتی ہون۔

ن۔ خدا کرے ہماری بھی دعا قبول ہو۔

عباسی۔ آمین۔

ن (مسکراکر) پوچھو تو کہ دعا کیا مانگتے ہین ہم۔

عباسی۔ اللہ جانے۔

ن۔ بھلا کیا جانتی ہو۔

اتنے مین عباسی اندر چلی گئی۔

بڑی بیگم صاحب نے محلدار سے کہا کہ چوبدار کو باغ بھیجو اور کہو دیکھ آئے حمام تیار ہی۔ کہو دوڑ جائے۔ چوبدار فوراً روانہ ہوا اور آن کر مہری کو پکارا۔ عباسی باہر آئی۔ چوبدار نے کہا کہدو حمام تیار ہی۔

بڑی بیگم نے جہان آرا سے کہا ممتاز دوھا سے کہدو کہ پہلے وہ حمام کرآئین پھر سواریان جائینگی۔ جہان آرا نواب صاحب کے پاس گئین۔

جہان۔ (اندر بلواکر) امی جان کہتی ہین تم جاکے حمام کرآؤ تو پھر ہم سب جائین گے۔

ن۔ سردی مین تو ہم ابھی نہ جائینگے۔

جہان۔ ای واہ اچھی سردی ہی۔ جاؤ ہمارے سر کی قسم امی جان کی خوشی کرو۔

نواب صاحب دوشالہ اوڑھکر اُٹھے۔ ساس کی خدمت مین آداب عرض کیا۔ بڑی بیگم نے کہا جیتے رہو۔ جاؤ پہلے تم حمام کرآؤ تو پھر سواریان جائین ہم عورتون کے نہانے مین بڑا بکھیڑا ہوتا ہی۔

اِدھر محلدار نے ڈیوڑھی پر حکم دیا کہ ممتاز دوھا برآمد ہوتے ہین چوبدار اور خدمتگار تیار رہین اور بگھی بھی تیار ہو رہے حمام خانے جائینگے۔ سب نے تعمیل حکم کی۔

اتنے مین نواب صاحب برآمد ہوئے اور سوار ہو کر چلے۔ ہرکارہ پہلے ہی سے دوڑ گیا تھا حمامی سے کہا نواب صاحب آتے ہین تیار رہو جب سواری داخل ہوئی تو حمامی آداب بجالائے۔ چوبدار نے پردہ اُٹھایا حمام کا دروازہ کھولا۔ تشریف لیگئے۔ پانچ منٹ تک توقف کرکے کپڑے اُتارنے لگی باندھی۔ حمامی نے بھی کپڑے اُتارے اور کھڑاؤن سامنے رکھی۔ ایک حمامی نے کھیسا اُٹھایا۔ دوسرے نے دروازہ کھولا۔ حمام کے اندر داخل ہو کر حوض پر متمکن ہوئے۔ اور نہاکر گھر گئے۔

محلدار۔ (بڑی بیگم سے) حضور تشریف لے آئے۔

بیگم۔ حکم دو کہ فنسین نکالی جائین۔ سواریان جائین گی۔ مہریان تیار ہون۔

فنسین نکالی گئین قنات گھر گئی۔ چار فنسون پر چار دن سوار ہوئین مہریان بصد شان دلربائی فنس کا کونا دبائے نازسے قدم بڑھائے ساتھ ساتھ جاتی تھین اور اپنی اپنی ادائے رنگین سے تماشائیون کو لبھاتی تھین سپاہی اور چوبدار بھی ہمراہ تھے۔ بڑے ٹھسّے سے سواریان حمام مین داخل ہوئین۔ حمامی فنس کے قریب آنکر آداب بجالائے۔ الغرض حمام کرکے اپنے دولتخانے پر

تشریف لائیں۔ یہہان بڑی بیگم صاحب نے محلدار سے کہا۔ جاؤ چوبدار کو حکم دو کہ امیرن چوڑی والی کو بلا لائے۔ چوڑی والی آئی۔ پہلے حسن آرا اور سپہر آرا کو چوڑیاں پہنائیں اُسکے بعد بڑی بیگم صاحب نے جہان آرا اور گیتی آرا سے کہا ذری آگے بڑھ بیٹھو۔ چوڑی والی نے اُنکے ہاتھ کی چوڑیاں الگ کین جہان آرا بیگم نے ایک سلمے کا جوڑا پسند کیا جسکے بندون پر موتی جڑے ہوئے تھے۔ اور سبز بانک تھی چوڑی والی نے جوڑا لگایا۔

اتفاق سے جہان آرا کے سر سے دوپٹہ ٹھک گیا تھا بڑی بیگم صاحب ضعیف الاعتقاد تو تھین ہی کسی قدر ترش ہوکر کہا۔ بٹیا سر پر دوپٹہ ڈال لو ننگے سر چوڑی نہ پہنو۔ جب چوڑیان پہن چکین تو دونون نے چوڑی والی کو سلام کیا اُسنے دعا دی کہ دارث زندہ رہے۔ کوکھ مانگ سے ٹھنڈی رہو۔

جہان۔ (اُٹھکر) اماجان بندگی۔

گیتی۔ اماجان تسلیمات عرض ہے۔

بڑی۔ پھلو پھلو۔ پوتا کھلاؤ۔

بڑی بیگم نے حکم دیا کہ دیوان خانے مین دُنبے اور مینڈھے اور بکرے ذبح کراؤ۔ پھر کیا تھا اُن بے زبانون پر چھری تیز ہونے لگی۔

عباسی۔ دیکھتے رہنا یہ لوگ بوٹیان نہ اڑا دین۔

چوبدار۔ بہت خوب۔

عباسی۔ کہین بھیڑیے تو نہین ہے کوئی۔

چوبدار۔ کیا مجال۔ حلال کرکے دھردون بوچڑ کو۔

عباسی۔ کام تو یہ لوگ ایسا ہی کرتے ہین۔

بوچڑ۔ ہان مگر کھانے کے وقت بھی یاد رہتا ہے۔

چوبدار۔ اسوقت فرے سے ہتے لگاتے ہین۔

بوچڑ۔ اور کیا۔

لگنون اور کٹھرون مین پارچے الگ کیے گئے۔

ادھر بڑی بیگم صاحب نے دوسرا اہتمام شروع کیا۔

بڑی۔ مغلانی جہان آرا اور گیتی آرا کی چوٹی گوندھو شیخ خدمت نے آئینہ سامنے رکھا۔ خواص نے چنبیلی کا تیل سر مین ڈالا۔ کنگھی سے بال صاف کیے چوٹی گوندھی۔ جوبن اور بھی دوبالا ہوگیا۔ دونون بہنون کی چوٹی گندھ گئی۔

بڑی۔ پوشاک بدلو۔

جہان آرا اور گیتی آرا نے لباس بیش بہا زیب تن کیا۔ سبز گرنٹ کا پائجامہ۔ سپہر کار چوبی آڑی جیل کا کام موتیون کی بنت کی ہوئی سنہری کرن لگی ہوئی۔ لونزات کی گوٹ دوپٹہ جامدانی کا اُس پر کام کامدانی کا۔

دوسری کا دوپٹہ ململ کا پیازی رنگا ہوا ہلکا۔ اُتوئی ہوئی اودی گوٹ شلو کا بھنسا ہوا آستینون دار کامدانی کا خوشرنگ گلنار۔ ایک کی جامہ دار کی رزائی۔ دوسری کی فوق البھڑک دلائی۔ موتیون کا چھپکا زیب سر۔ ماتھے پر جڑاؤ چاند ٹیکی۔ چوٹی پر سیس پھول کانون مین پتے جھمکے انتیان۔ بجلیان کرن پھول گلے مین دھکدھکی چنپا کلی موتیون کا ہار۔ مڑنٹ پر نورتن جوشن۔ دست سیمین مین ہیرے کے کڑے موتیون کی پھلیان جوہے دتیان۔ پانون مین چھڑے کڑے چھاگل۔

جہان آرا بیگم ہر ہفت آرایش سے مزین اور گیتی آرا چہل پیرائش سے مشین ہوئین تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ کوہ قاف کی پریان آئی ہین۔ ایک تو یون ہی کم سن اور نوخیز تھین اس آرایش اور نکھارنے جوبن کی آگ کو اور بھی بھڑکا دیا۔

زاہد صد سالہ کی بھی نظر پڑتی تو انکا کلمہ پڑھنے لگتا۔ ؎

ملایک دوش پر رخسار خوبت آیۃ الکرسی
ہمیخوانند دمی گفتند رخسار این چنین باید

گو گیتی آرا بھی آنت کا پرکالہ تھی اور ابھی نام خدا شانزدہ سالہ تھی مگر جہان آرا پر عالم ہی اور تھا۔ رخسار تابان گل تر ملک رشک قمر۔ ؎

نگار خانۂ صبح ست این نہ رخسار ست
نگاہ کن ورق سادۂ چہ بکار ست

بڑی۔ (خواص سے) اپنا شاک بدلی۔

خواص۔ ہان حضور۔

بڑی۔ زیور پہنچا دیا گیا۔

خواص۔ ہان حضور۔

بڑی۔ حسن آرا اور سپہر آرا بھی پہن چکیں۔

خواص۔ اب پہنتی ہین حضور۔

بڑی۔ جہان آرا اپنے میان سے کہو عیدگاہ جائین اور نماز دوگانہ پڑھ آئین۔ اب وقت بہت تنگ رہگیا ہی۔

جہان آرا بیگم بصد ناز و ادا سے دلربا اُٹھین اور چھم چھم کرتی ہوئی چلین۔ ؎

نہ ہی حلقہ زدن نالۂ من ہفت دنباش
خبر از رفتن دل می دہد آواز خلخالش

نواب صاحب نے جو اپنی چاہیتی و بیوی کے جمال کا نظارہ کیا تو نور کا عالم نظر آیا۔ مسکرائے۔

جہان۔ امی جان کہتی ہین کہ عیدگاہ ہو آؤ۔

ن۔ یہ تمھاری چوٹی کس نے گوندھی ہی۔

جہان۔ کیون آخر پوچھنے کی وجہ۔

ن۔ قسم خدا کی ہم اسکو انعام دینگے۔

جہان۔ آپ اپنا انعام رہنے دین۔ اجی چلو ٹھوآپ۔

ن۔ خدا کی قسم آج تو وہ نور برسں ——

جہان۔ چلو چلو۔ آخر بڑی بوڑھی کا کہنا بھی نہ مانوگے کیا۔

نواب صاحب نے کپڑے پہنے۔ دوشالہ اوڑھا اور بڑی بیگم صاحب کے پاس گئے۔

ن۔ آداب عرض ہی۔

بڑی۔ اللہ زندگی دے۔

ن۔ (نذر دکھاکر) قبول کیجیے۔

بڑی بیگم صاحب نے ممتاز دولھا کو چھاتی سے لگایا بلائین لین دعا دی۔ جوانی کا سکھ دیکھو۔ خوش رہو اسکے بعد خاصدان مین دس اشرفیان رکھکر خاصدان سامنے بڑھایا۔

بڑی۔ لو یہ عیدگاہ کا خرچ ہی۔

نواب صاحب نے آداب عرض کرکے اشرفیان اُٹھالین جب چلنے لگے تو سالیون نے کہا ہمارے واسطے کیا لاؤگے دولھا بھائی۔

ن۔ جو کہو۔

حسن۔ جو آپ کا جی چاہے۔

سپہر۔ جو شوخ آپ کو پسند ہو۔

ن۔ نہین جو کہو۔

حسن۔ آپ ہی کی رائے پر چھوڑا۔

بڑی۔ اجی تو کس سواری پر جاؤگے بیٹا۔

ن۔ جی گھی پر۔

بڑی۔ نہین نہین بھٹیارے کے مین کہین گھوڑے نہ بھڑکین۔

ہوادار نکلواؤ۔ یا فس پر جاؤ نہین مجھے خفقان رہے گا۔

ن۔ ہوادار پر تو آجتک کبھی سوار ہی نہین ہوا۔

حسن۔ اجی تو آج ہوادار پر سوار ہو جائیے۔

ن۔ اچھا اب تو باہر جاتا ہون پھر سمجھا جائیگا۔

نواب صاحب باہر تشریف لیگئے عباسی عمداً اور قصداً خوب بن ٹھن کر دروازے کے پاس کھڑی تھی سر سے پیر تک گرنٹ کا لہنگا۔ پڑاتے کی ہاتھ بھر چوڑی گوٹ گوٹ پر آٹھ آٹھ پلیٹین اسپر تاج بنے ہوئے سرخ گرنٹ کا نیفہ جو یاقوت احمر کو خون رُلائے۔ اُسپین لاہور کا اودا ریشمی ازار بند پڑا ہوا گچھے دار اور کرن ٹکی ہوئی۔ پور پور چھلے کانون مین انتیان۔

ن۔ اونھ اونھ۔ اسوقت تو بڑے ٹھسّے سے کھڑی ہو۔

عباسی۔ (گلوری چباکر) جی ہان حضور سب حضور ہی کی جوتیون کا صدقہ ہے۔

ن۔ چلو تمکو عیدگاہ لیچلین۔

عباسی۔ (مسکراکر) بندگی۔

ن۔ کیون کیا کچھ ہرج ہے بھی پر بیٹھ لینا۔

عباسی۔ کیا نکلوائیے گا گھر سے۔

ن۔ اب ہمکو دو چار روز اور ٹکنا پڑا یہان۔

عباسی۔ (دوپٹے کو سنبھال کر) یہ کاہے سے۔

ن۔ کہین جانو۔

عباسی۔ حضور کوئی آنہ جائے اب سوار ہو جائیے۔

ن۔ بہت اچھا مگر۔

مگر کہہ ہی چکے تھے کہ محلدار آپڑی۔ نواب صاحب نے پردہ اُٹھایا اور نیچے سے باہر ہو رہے۔

چوبدار نے کہا بسم اللہ حضرت فٹن پر سوار ہو کر عیدگاہ گئے۔

اُدھر بڑی بیگم صاحب نے دریافت کیا کہ حسن آرا اور سپہر آرا نے پوشاک بدلی مغلانی نے کہا حضور پہن رہی ہین۔

اِنکی پوشاک کا حال سُنیے دونون بہنون کے لیے ایک ہی قسم کا جوڑا بنا تھا سنہرا اطلس کا پائجامہ چھڑیان ٹکی ہوئین۔ گوٹ کے اوپر پھل۔ کریب کا بہار دار دوپٹہ بانکڑی ٹکی ہوئی۔ کانون مین کرن پھول اور بجلیان گلے مین آڑی ہیکل جگنو۔ دھکدھکی۔ ہاتھون مین ہیرے کے کڑے اور جڑاؤ کنگن۔ بازوون پر نورتن۔ پانون مین پازیب اور چھڑے۔

حسن آرا اور سپہر آرا کی پوشاک اور زیور مین فرق صرف اسقدر تھا کہ حسن آرا کریب کا دوپٹہ اوڑھے تھین اور سپہر آرا کا مدنی کا گلابی تھا گیتی آرا کا ڈوپٹہ آبی تھا۔

اِن دونون بہنون کی اُٹھتی جوانی اور رخسارتابان اور پیشانی نورانی دست حنائی شان برنائی و دلربائی اُسوقت عجب لطف و بہار دکھاتی تھی جہان آرا نے مسکراکر کہا چشم بد دور ہماری دونون بہنین چندے آفتاب چندے مہتاب ہین۔

حسن۔ (لجاکر) بنائیے۔ بنائیے۔

سپہر۔ اللہ جانتا ہے جہان آرا بہن کی سی شاید ہزار دو ہزار مین کوئی اگا دُگا نکلے۔ حسن اسے کہتے ہین۔

جہان۔ بے بس اب تعریفین نہ کیجیے

گیتی۔ بہار النسا بہن سے کہین تو وہ اترا جائین۔

حسن۔ اجی واہ یون کیا کم اتراتی ہین۔

گیتی۔ اب بھی وہ خبط ہے کہ دن رات مانگ چوٹی مین

گرفتار رہتی ہین۔

حسن - اجی کیسا کچھ - دو گھنٹے تک ایک دن چھپکا ہی نہین درست ہوا۔

سپہر آرا - اور روح افزا بہن ہنستی ہین اُنکو۔

حسن - ہنسا ہی چاہین۔

سپہر - گھنٹون آئینہ سامنے رہتا ہی۔

جہان - بی مغلانی - ذری سُننا - یہان آؤ — (کان مین) کس سواری پر گئے ہین - ہوادار پر تو نہین گئے ہون گے۔

مغ - بھلا ہوادار پر کیا جاتے - دو ایک صاحب اور آ گئے تھے سب کے سب گاڑی پر سوار ہو کر گئے ہین - اسمین خوف ہی کیا ہی مگر بڑی حضور سے کون کہے لے اَب۔

حسن - ہم تو پہلے ہی سمجھے تھے کہ گھوڑے پر یا بگھی پر جائینگے - اب پالکی یا ہوادار پر کون سوار ہوتا ہی - ہی کس رئیس کے یہان۔

اتنے مین بڑی بیگم نے پوچھا ای مغلانی ممتاز دولھا کس سواری پر عیدگاہ گئے - مغلانی نے کہا حضور کچھ معلوم نہین دریافت کر لون۔

بڑی - ذری باہر پوچھو تو۔

مغلانی بہت خوب حضور کہکر باہر گئی - ڈیوڑھی مین کھڑی رہی - پوچھے کس سے جانتی تو تھی کہ فٹن پر گئے ہین - تھوڑی دیر کے بعد یون عرض کیا۔

مغ - حضور ہوادار بھی نکلوایا تھا اور گاڑی بھی - مگر سوار نہین ہوئے تھے دو چار نواب زادون سے باتین کرتے ہوئے جاٹے کے باہر آہستہ آہستہ جا تے تھے۔

بڑی - تو شاید ہوادار ہی پر گئے ہین۔

گیتی - ہان امی جان ہوادار ہی پر گئے ہونگے (ہنسکر) آپ اتنا گھبراتی کیون ہین امی جان - گاڑی بھی گھوڑے پر روز سب ہی جایا کرتے ہین - کیا آج ہی انوکھی عید ہوئی ہی ہوادار پر بھلا کیا جاتے۔

بڑی - جب ہماری برابر ہوگی تب معلوم ہوگا حال۔

سپہر - ابھی ہمنے کوٹھے پر دیکھا پچاسون بگھیان اور گھوڑے اور رتھ بھی جاتے تھے۔

گیتی - ادھر کیون آتے ہین لوگ شہر کو چھوڑ کر اسطرف کیا کرنے آتے ہین۔

حسن - عیدگاہ اس طرف تو ہی ہی۔

سپہر - اماجان ڈومنیان کب آئین گی۔

بڑی - آتی ہونگی گھبراتی کیون ہو۔

گیتی - عیدکی صبح کو بھی کیا سمان ہوتا ہی۔

حسن - ہماری تو عید کل ہی تھی کہ آپ آئین ؎

بخانۂ آمدت عید عشرت افروز ست
مبارک ست کہ امروز روز نوروز ست

سپہر - ہمین بھی عیدگاہ کا ایک شعر یاد ہی۔

جہان - چلو اوپر چلین۔

حسن - ذری ٹھہر جاؤ ابھی چلتے ہین۔

سپہر - اوپر والے کمرے مین چلکر بیٹھیے۔

چارون بہنین کمرے مین گئین۔

بچھڑے ہوئے بعد مدت کے ملے

مضمون وکیل کا حال تو یہان چھوڑا - انکو سر پیٹنے دیجیے

اب سُنیے کہ صباحت و وجاہت کی کان بی شبو جان صاحب شب کو کمال سراسیمگی و پریشانی مین مصنوعی وکیل کے گھر سے میان سلارو کی صلاح سے بھاگین اثنا راہ مین ایک کانسٹبل نے للکارا - کون - کون جاتا ہی یہ کون کترایا ہوا چلا جاتا ہی صدائے برنخاست - جواب ندارد - جوگن طرار سے بھرتی ہوئی گلیون گلیون بھاگی کانسٹبل اپنے دل مین سوچا کہ بھاگتے کا پیچھا کرنا فضول ہی شاید پھرتی اور تیزی کے ساتھ نکل جائے - اور یہ ادھر یہ حضرت بھی چنپت ہون - جوگن تو بے تحاشا بھاگ کر نکل گئی - مگر میان سلارو کو اُسنے پکڑ لیا - پھر جوگن بچاری مصیبت مین پڑی - یکہ و تنہا اپنا نہ بیگانہ خویش نہ یگانہ - شب تیرہ و تار جوان عورت - تھانہ دار دشمن - گلیون گلیون سراسیمگی کے ساتھ جاتی تھی - ذرا کھٹ ہوا اور کانپ اُٹھی کسی نے آواز دی اور دبک رہی - کوئی بولا اسکے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے - چلتے چلتے ایک میدان مین پہونچی - ہو کا عالم آدھی رات کا وقت جابجا تک گھونسلون مین دبکے دبکائے پڑے تھے - جوگن جو دیکھتی ہی تو چوطرفہ سناٹا اوپر آسمان نیچے زمین اور چوطرفہ تاریکی - اس مقام پر جوگن ڈاڑھین مار مار کر زار زار روئی سوچی کہ جاؤن تو کدھر جاؤن - اور کرون تو کیا کرون - گو اسوقت مصیبت کے سبب سے اسکو معلوم نہین ہوا مگر وہ دو کوس زمین طے کر آئی تھی تھوڑی دیر تک اسی قدر دور میدان مین جو ایک ایک چپے سے صدہا نوید صورتین دکھاتا تھا - کھڑی سوچا کی کہ کیا کرے - آخر کار ایک سمت کو چلی - قدم قدم پر خوف معلوم ہوتا تھا - کہ مبادا کوئی درندہ آن کر مار ڈالے کھا جائے - زخمی کرے کوئی بھوت پریت ستائے - چلتے چلتے ایک مقام پر اسکے کان مین آواز آئی (غرغرا ہا ہا) اس آواز اور انوکھی بولی کے سنتے ہی جوگن کے ہوش اُڑ گئے - ع

کاٹو تو لہو نہین بدن مین -

اس درجہ خائف ہوئی کہ بدن تھر تھر کانپنے لگا اور قدم اُٹھانیکی طاقت تک باقی نہین رہی - آٹھ آٹھ آنسو روئی اور خدا سے دعا مانگی کہ بارخدایا مجھے اس مصیبت سے بچا - اور آگے بڑھی تو ایک ندی پر پہونچی - لب جو بیٹھکر جوگن نے رونا شروع کیا - اتنے مین کسی شخص نے آواز دی (ارے نیکمرد یا نیک عورت یا جو کوئی ہو - تو کون ہی اور بستی سے اسقدر فاصلے پر آدھی رات کو کیا کام ہی اور اسقدر زار زار رونے کا کیا سبب خاص ہی) جوگن نے جو ہمجنس کی آواز سنی تو جان مین جان آئی کسی قدر تسکین ہوئی - ادھر اُدھر دیکھنے لگی مگر آدمی نہ آدم زاد متحیر کہ یہ آواز کدھر سے آئی - پھر اُسی شخص نے یون مخاطب کیا (اے نیک بندے خدا کے مجھے اپنے درد دل سے اطلاع دے شاید کچھ علاج کر سکون - ورنہ تن بہ تقدیر) جوگن کھڑی ہو کر ادھر اُدھر بغور دیکھنے لگی - پورب کے سمت آن روبرو چشمہ سا - تھوڑی تھوڑی روشنی نظر آئی پہلے تو ڈری کہ شاید اگیا بیتال ہو لڑکپن مین ایسی کہانیان اپنے والدین سے سنی تھین اور وہی خیالات دل مین جمے ہوئے تھے - مگر تھوڑی دیر مین یہ خیالات دور ہو گئے - وہ روشنی چراغ کی تھی - دیکھا کہ ایک جھوپڑے سے ایک پیر مرد چراغ ہاتھ مین لیکر دریا کی طرف آتا ہی - جب قریب آیا تو جوگن نے اُسکو بغور دیکھا - پشت پیرانہ سالی کے سبب سے

خم ہوگئی تھی - آنکھون کی روشنی بھی یون ہی سی باقی تھی کیونکہ گو چراغ ہاتھ مین تھا مگر ٹٹول ٹٹول کر قدم رکھتا تھا۔ لب جو آتے ہی ہوا نے وہ زور باندھا کہ چراغ گل اور پیر مرد (ہاے) کہکر خاموش ہوگیا۔

جوگن - ابا جان ہمین اس مصیبت سے بچاؤ - ہاے اسوقت ہمارا یہان کوئی نہین ہی -

پیر مرد - بیٹا ہوا کو بھی تیرے ساتھ عداوت ہی - چراغ کو گل کردیا -

جوگن - مجھے اب کسی طرح اپنے پاس بلاؤ - مین یہان گرکھ کر مرجاؤن گی -

پیر مرد نے کپڑے اتارے ننگی باندھی اور فوراً ندی مین داخل ہوئے - ندی پایاب تھی - اس کنارے پر آئے تو مشل - سو برس کا سن - کمر خم - لٹھیا ٹیک کے دس بارہ قدم چلنا بھی دوبھر تھا - سردی کی راتین میدان فراخ ندی کا واسطہ کانپ اٹھے - جوگن بیچاری کے پاس وہ جامہ وار کا ٹکڑا بھی نہ تھا - معاً دوپٹہ اڑھا دیا تھوڑی دیر کے بعد پیر مرد نے آنکھ کھولی اور کہا اب تاب وطاقت نہین کہ پار جاؤن اور اگر تمام شب یہان پڑا رہا تو اور بھی ستم کا سامنا ہی - صبح کو بالکل کنکر بنا ہوا نظر آؤن گا - اگر جرأت کرکے پار جاتا ہون تو خوف ہی کہ مبادا جاتے ہی جاتے تحلیل ہوجاؤن - مگر تم اس جھونپڑے سے نکل نکال کر مجھے اڑھا دینا -

جوگن - ابا جان یہ تو ہم سب کچھ کرین مگر دریا مین قدم رکھتے ہوئے جان نکلتی ہی ہم تو پیرنا جانتے ہی نہین ذرا پانون ڈگمگایا اور گئے گذرے -

پیر مرد - پانی بہت کم ہی دریا پایاب ہی - خدا کا نام لیکر چلو بیٹا -

جوگن کی آنکھون مین آنسو بھر آئے - مگر کرتی تو کیا کرتی - ناچار پیر مرد کا ہاتھ پکڑ کر چلی - اور تھوڑی دیر مین اس پار پہونچی -

پیر مرد - اس مرتبہ بیسی سردی نہین معلوم ہوئی -

جوگن - شکر ہی شکر ہی - اب چلیے سایے مین چلین -

پیر مرد جوگن کو لیکر اپنے کلبۂ احزان مین آگئے -

پیر مرد - بابا ہم ایک مصیبت زدہ اور ستم رسیدہ آدمی ہین - دنیا و مافیہا سے سرد کار نہین اپنی بیتی تھوڑی دیر مین سناؤنگا پہلے تو اپنا حال کہو سنا -

جوگن - ابا جان ہم اسوقت شل ہین اور مارے بھوک کے کلیجہ کو منھ کو آتا ہی -

پیر مرد نے کہا جو کچھ حاضر ہی مین سامنے لاتا ہون کھاؤ یہ کہکر پیر مرد ایک رکابی مین دو روٹیان اور ایک پیالے مین ساگ لائے - جوگن نے اندھیرے ہی مین بیٹھکر روٹیان کھائین - ان موٹی موٹی روٹیون اور ساگ کی ترکاری مین وہ لطف آیا کہ کبھی کسی قسم کی غذا مین نہین آیا تھا -

پیر مرد - بابا ہم اسی کو نہار غنیمت سمجھکر کھاتے ہین -

جوگن - اسوقت جو لطف کھانا کھانے مین آیا وہ تمام عمر نہین آیا تھا -

پیر مرد - کھانا کھاکر لیٹو اور لیٹے لیٹے اپنا حال بیان کرو -

جوگن - غم کی داستان کیا سناؤن -

پیر مرد - ہماری داستان سے بڑھکر نہوگی -

جوگن - مین نے کھانے سے فراغت پائی اب آپ تکلیف نکرین

آپ مجھے بتادین کہ پانی کہان رکھا ہی بس مین اُٹھکے پی لون۔
پیر مرد۔ مجھے اُبھ اُٹھنے کی طاقت ہی نہین رہی مین مارے سردی کے مرہا ہون اور ٹھٹھرا جاتا ہون۔ اُسطرف کونے مین ٹھلیا رکھی ہی۔
جوگن نے منھ دھویا پانی پیا۔ پوچھا مین کہان لیٹون۔
پیر مرد۔ اُس کونے مین دو کمل ہین سفید کو اوڑھو اور سیاہ کو بچھاؤ بڑے گرم ہین۔
جوگن نے بہزار دقت کونے سے دونون کمل نکالے اب اندھیرے مین سفید اور سیاہ کی کیونکر تمیز ہو ایک بچھا کر لیٹی اور دوسرا اوڑھا۔
جوگن۔ کیا اس جنگل مین بھوت پریت بھی ہین۔
پیر مرد مجھے اسمین رہتے ہوئے عرصہ ہوا مگر مین نے بھوت پریت کی شکل تک نہین دیکھی اور نہ مجھے کبھی کسی نے ستایا۔
جوگن۔ راہ مین ندی کے اُسطرف عجیب طرح کی آواز کان مین آئی۔ میرے بدن کے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ تھر تھر کانپنے لگی۔
پیر مرد۔ اس جنگل مین طرح طرح کے پرند ہین اور اُنکے پتون سے طرح طرح کی آوازین نکلتی ہین تم شہر کی رہنے والی ہو۔ یہ باتین کیا جانو کسی درخت کے پتے کی آواز ہوگی۔
جوگن۔ شیر تو اس جنگل مین نہین ہین؟۔
پیر مرد۔ بستی سے اسقدر دور فاصلہ پر جنگل نہین ہی کہ یہان شیر رہ سکے۔
جوگن۔ آپ کب سے یہان رہتے ہین۔
پیر مرد (ٹھنڈی سانس بھر کے) کیا بتاؤن۔ ناگفتہ بہ۔

مین ایک روز اپنی چاہیتی بیوی کو لیکر سیر مین فرد کش ہوا۔ باہر مین سویا۔ اندر کی کوٹھری مین اپنے ڈیڑھ مہینے کے ایک معصوم بچے کو لیکر وہ سوئی شب کو ڈاکو دن نے بھاپا اور دوسری کوٹھری سے سیندھ دیکر چاہا کہ زیور نکال لین۔ سوچے ہونگے کہ شاید زیور نکالنے مین جاگ اُٹھے۔ مع زیور اسکو غائب کردیا صبح کو دیکھا کہ وہ غائب ہین مگر ڈیڑھ مہینے کا معصوم بچہ چارپائی پر پڑا بلک رہا ہی۔ اِدھر وہ بیچاری تڑپتی ہوگی اُدھر مین ماہی بے آب کیطرح اسکی جدائی مین تڑپا کیا بچہ ماں سے چھٹکر ایک دن جیا دوسرے روز اُسنے بھی آنکھین پھیرلین اور چل بسا مین نے اُس معصوم بچے کو مسافرت کے عالم مین ایک مقام پر زمین کے سپرد کردیا۔ ؎

اے خاک تیرہ خاطر مہمان نگاہ دار
کین نور چشم ماست کہ در برگرفتۂ

ہاے اسوقت دل بھر آیا۔ وہ بیچاری لڑکے کی جدائی سے کس درجہ بیقرار ہوئی ہوگی۔ اور شیشۂ ناموس جو چکنا چور ہوا وہ اس سے بڑھکر ستم ہی۔ میرے بڑبھس پر خدا کی مار کہ پیرانہ سالی مین مین نے پھر شادی کی اور نتیجہ یہ ہوا کہ بیوی کا پتہ نہین ملتا۔ اُنسے جاکر کسی نے کہدیا کہ تمھارے میان مرگئے حالانکہ مین بدبخت ابھی تک زندہ ہون۔ جوگن نے جو یہ فقرے سُنے تو دریاے حیرت مین غوطہ کھانے لگی۔
شاید یہ بھید اکثر حضرات ناظرین کی سمجھ مین نہ آیا ہو۔ یہ پیر مرد وہی حضرت ہین جنکے نام اُنکی بیوی نے ایک مذاق کا خط بھیجا تھا۔ اور میان آزاد نے اُس خط کا جواب لکھا تھا جوگن انھین کی بیوی ہین جب اُنکے مرنے کی خبر مشہور ہوئی تو اُنکا نام بھی اور طرح مشہور ہوا۔ اور یہ اب جوگن ہوگئی ہین۔

جو خط اُنھون نے اُس زمانے مین اس پیر مرد (اپنے شوہر) کے نام لکھا تھا اسکو ہم ذیل مین نقل کرتے ہین تاکہ ناظرین کی سمجھ مین سلسلۂ سخن آجائے۔

وہو ھذا

میرے کھوسٹ شوہر خدا تمسے سمجھے سیکنڈ ظلمات سے پہلیا آیا مگر تمنے آبحیات کے دو چار قطرے ضرور پی لیے ہین جب ہی مرنے کا نام نہین لیتے کچھ اوپر سو برس کا تو سن ہو گیا اب کیا عاقبت کے بورے سمیٹوگے ہزارون نوخیز کفن پوش ہوتے جاتے ہین مگر تم ٹیان سے موجود۔ ڈنکو بھی آیا مگر تم جیسے کے تیسے ہیضے کے باپ کو چت کر جاؤ اور ڈکا تک نہ و ہی ہی مین کس ساعت تمھارے پائے پڑی۔ ہاتھون مین رعشہ منھ مین دانت نہ پیٹ مین آنت۔ کمر کمان کی طرح خم مگر بیاہ کرنے کا شوق چرایا اور مجھے کہین کا نر کھا الخ

اسکا جواب یون لکھا گیا تھا۔

وہو ھذا

میری البیلی چھبیلی چھبیلی نازکبدن غنچہ دہن بیوی کو اُسکے سن رسیدہ گرگ باران دیدہ شوہر کی آنکھتی جوانی دیکھتا نصیب ہو۔ اٹھارہ لڑکے ہون اور چھتیس لڑکیان جب مین دلہیز مین قدم رکھون سب بچے کہین ابا آئے ابا آئے مٹھائی لائے مگر خدا کیلیے کہین اُنکے دیکھا دیکھی تم ابا نہ کہنے لگنا۔ مجھے تمھاری دادی کی خالہ کا گڑیان کھیلنا اس طرح یاد ہی جیسے کسی کو صبح کا کھانا یاد ہو مین بوڑھا تو ہون مگر دل جوان ہی۔ مانا کہ آنکھون مین نور نہین مگر چشم نگران ست۔ قوت سامعہ سے بے بہرہ ہی ہی مگر گوش بر آواز زن جوان ست تم عصاے پیری ہو تمھارا پیارا اکھڑا۔ وہ خندہ شکر آمیزہ زعفت عنبر بیز وہ خال مشکین وہ لعل نگارین صحن سے جو طرارہ بھاتو ترے بام پر۔ یہ چلبلاپن۔ اور وہان سے ایک دقن مین متابی پر ہو رہین۔

تمھارا نابالغ شوہر

جوگن نے اُنکی آواز پہچانی تو بے اختیار آنسو بھر آئے۔ عجب اتفاق ہی عام مین خبر مشہور ہو گئی تھی کہ یہ مرد جل بسے اور یہ جیتے جاگتے موجود ہین۔ سوچی کہ اُنسے اپنا حال بیان کردون یا نہ کردون۔

اتنے مین پیر مرد نے کہا ہماری پہلی بیوی کا تو پتا ہی نہین۔ مگر ڈاکوؤن نے اُسکو قتل کر ڈالا ہوگا۔ دوسری بیوی کا حال سُنکر ہمکو کمال قلق ہوا۔ مگر ہمسے ایسی ہی حماقت سرزد ہوئی تھی۔ خود کردہ را چہ علاج مقام مجبوری ہو ہماری سسرال کی جہری جنتا نے شادی کے قبل ہمکو مبہت کچھ سمجھایا تھا کہ میان لڑکا کو ابھی تیرھوین سال ہی اور تم سو برس کے ہو شادی نکرو مگر ہمنے ایک نہ سنی اب پچھتاتے ہین تم خاموش کیون ہو گئین۔

جوگن۔ رہنے دو باتون ایون ہی۔

پیر مرد۔ نہین کوئی وجہ ضرور ہی۔

راوی۔ اس اثنا مین جوگن کو اور بھی رنج ہوا۔ بوڑھے میان نے تو اُنکو پہچانا نہ تھا مگر یہ اُنکو خوب پہچان گئی تھی۔

جوگن۔ بھلا دوسری بیوی کا نام کیا تھا تم کو کچھ یاد ہی۔

راوی۔ پیر مرد کو سخت حیرت ہوئی کہ یہ کل کی لڑکی اور مجھ بوڑھے کو آپ کے عوض تم کہتی ہی۔ یہ معلوم ہی نہ تھا کہ اس کا درجہ مساوی تھا تم ہی کہنا جائز تھا۔ آپ کا لفظ اُس کی زبان سے نہ نکلا۔

پیر مرد۔ ہماری دوسری بیوی کا نام ثریا بیگم تھا۔

جوگن کو اور بھی یقین کامل ہوگیا - اپنا نام بعد مدت سُنکر آہستہ آہستہ رونے لگی - مدت مدید کے بعد یہ نام سُنا تھا کوئی شبو جان کہتا تھا کوئی جوگن کوئی کچھ کوئی کچھ -

پیر مرد - کیا تم جانتی ہو اُنکو -

جوگن - نہین - مین کیا جانون -

پیر مرد - ہمنے اُسکی زندگی خراب کی -

جوگن - (اپنے دل مین) ہی تو سچ اسمین شک نہین -

پیر مرد نے کہا اب آرام کرو تھکی ہوئی ہو اور مین بھی اسوقت مارے سردی کے کانپ رہا ہون صبح کو بات چیت ہوگی مگر اپنا حال صاف صاف کہہ سُناؤ -

جوگن - بہت اچھا اب آرام کیجیے -

سویرے جوگن کی آنکھ کھلی تو دیکھا کہ پیر مرد اینٹھے پڑے ہین - چہرے پر ہاتھ رکھا تو سرد - نبض دیکھی تو ساقط -

اتنے مین ایک عورت نے آواز دی بابا ہم اندر آئین - جوگن نے کہا آؤ آؤ - خیر اللہ نے صورت تو آدمی کی دکھائی - یہ جنکو تم بابا کہہ کے پکارتی ہو وہ چل بسے -

عورت نے کہا ارے ابا ہے ہے - دیکھون - چہرے پر ہاتھ لیگئی تو برف ہاتھ بالکل سرد - پانون ہمیں حرکت - اور اوپر کی سانس لیے جاتے ہین -

عورت - گذر گئے اب ختم ہوگئے یہ تو اچھے ہوگئے - مگر ہم اب جنگل مین اکیلے رہ گئے - ہاے اب ہم کس سے بولینگے - ہمارے دراوڈھ مین کون شریک ہوگا - ہاے بابا غارے گئے - اس جنگل مین بس اُنھین کے سبب سے جیتے تھے اب کڑھ کڑھ کے مرین گے - مگر خیر اب کہانتک روؤن -

اتنے مین بادل گرجے اور ننھی ننھی بوندیان پڑنے لگین -

عورت - لو اب اور بھی مصیبت آئی - اور یہان جب آن فصل مین مینھ برستا ہی تو دو دو دن برابر برساہی کرتا ہی بڑی بیڈھب بات ہوئی -

جوگن (پیر مرد کے کان مین) کیا داغ دے چلے - اُف اُف - ہی ذری دیکھو تو - ہاے مین اسوقت بیوہ ہوئی جاتی ہون - ہاے میرے اللہ - ارے لوگون - مین ابتک سہاگن تھی -

عورت (متحیر ہوکر) کیا کہا ؟ ہم سمجھے نہین -

جوگن - ہاے کس سے کہون -

عورت - اب ذرا اسوقت رونا موقوف کرو - مردے پر عذاب ہوتا ہی -

جوگن (آنسو پوچھکر) اچھا -

جوگن کو وہ وقت یاد آیا جب ایک شخص نے آن کر جھوٹ موٹ کہدیا تھا کہ اُن کے میان مرگئے اور جوگن کی مان اور خود جوگن نے شادیانے بجائے تھے کہ چلو موا بوڑھا مکوسٹ چل بسا اچھا ہوا - کہا وہ وقت تھا اور کہا یہ وقت ہی کہ زانو پر پیر مرد کا سر ہی اور یہ بیٹھی رو رہی ہین - جوگن کا دل اور بھی بھر آیا اسے خوب یاد تھا جب میری ہنستی ہنستی باہر سے آئی تھی - (لو مبارک بڑھو ڈھلک گئے) اسپر جوگن اُچھل پڑی اور کہا موے درگور - پچھا چھوٹا جائے جہنم مین - جوگن کی مان لڑکی سے ملکر بولین کہ لو دیکھا ہم تو کہتے ہی تھے کہ بوڑھا مکوسٹ دو دن کا مہمان ہے - آج موا کل دوسرا دن آخر شب ہی ہوا نہ - ان باتون کی جوگن کے سامنے تصویر کھینچی ہوئی تھی -

عورت - اُف تم اُخرا نکی کون ہو جو اس قدر رو رہی ہو -

جوگن - کیا بتاؤن بہن -

عورت ۔نہین ہے کچھ بھید آمین اپنی ایک رشتہ دار کا نام اکثر زبان پر لاتے تھے ۔ تمھارا کیا نام ہے سچ سچ بتانا ۔

جوگن ۔ شریا بیگم ۔

عورت ۔ (متحیر ہوکر) ارے ۔ ہاے ہاے ۔ ملین بھی تو ایسے وقت مین ۔

عورت نے باآواز بلند پکار کر کہا بابا ۔ شریا بیگم آگئین ۔ ایک ذری آنکھ کھول کر دیکھو تو شریا بیگم آگئین ۔

جوگن ۔ کس سے کہتی ہو بہن ۔

عورت ۔ (ہاتھ مل کر) ہاے ہاے ۔ اسوقت دنیا سے اور بھی جی ہٹ گیا ۔ ہاے اسوقت ایک گھڑی کے لیے ہوش آجائے تو اُنسے کہدین کہ شریا بیگم آئی ہین ۔ آنکھ بھر کر دیکھ تو لین کہ جسکا نام روز زبان پر لاتے تھے اُسی کے زانو پر سر رکھکر جان دی ۔

پیر مرد پر کملون کے اوپر ایک دری بھی ڈال دی تھی کہ سردی کم اثر کرے گو دونون کو شک کے عوض یقین ہوگیا تھا کہ اب اُنکا بچنا دشوار ہی نہین بلکہ غیر ممکن ہے مگر اس لحاظ سے گرمی پہونچائی تھین کہ نزع کے وقت آرام سے جان دے سردی سے نہ کھٹکے کہ بے موت ہی مرجائے ۔ عورت بولی ابھی جان باقی ہے ۔ جوگن نے کہا اسوقت کو تو دیکھو کھٹکا نا ہو ۔ منھ کہتا ہے کہ مین آج ہی برسون گا ۔ ہوا کہتی ہے کہ مین آج ہی بلونگی ۔ درخت کہتے ہین کہ ہم آج ہی گرین گے ۔ دریا کہتا ہے کہ آج ہی طوفان آئیگا ۔ بادل کہتا ہے کہ آج ہی گرجون گا ۔ بجلی کہتی ہے کہ آج ہی کو ندونگی ۔ اور یہ کہتے ہین کہ ہم اسی وقت دم توڑین گے ۔ اور تاریکی کہتی ہے کہ مین مرتے دم انکی صورت نہ دیکھنے دونگی یہ کہکر جوگن خوب روئی یہان تک کہ کمل کا ایک کونا تر ہوگیا اور آنسو نہ تھمے ۔ عورت نے آنسو پوچھے اور کہا سنو انکے مرنے پر رونا تو بیوقوفی ہے انکا مرنا ہی بہتر تھا یہ مرتے نہین ہین انکا مرنا گویا جی اُٹھنا ہے ۔ ہان اگلی پچھلی باتین یاد کرکے اگر روتی ہو تو وہ اور بات ہے مگر مین جو اپنی مصیبت بیان کرنے پر آؤن تو تم اپنی مصیبت بالکل بھول جاؤ ۔

ایک مقام پر اُن لوگون نے گڈھا کھودا اور لاش کو دفنایا ۔

جوگن جھونپڑے مین واپس آئی وہ تینون آدمی رخصت ہوے ۔ جب جھونپڑے مین پہونچی تو جوگن نے عورت سے ساری داستان بیان کی ۔

عورت ۔ اب ہمکو یہ تو معلوم ہوگیا کہ شریا بیگم آپ ہی ہین ۔

جوگن ۔ ہان تم نے اس طرح پر پوچھا کہ مجبور ہوکر مجھے کہنا ہی پڑا ۔

عورت ۔ تم کس محلے مین رہتی ہو ۔

جوگن ۔ نیب ٹولے مین ۔

عورت ۔ ٹھیک ہے بڑے میان کو کبھی تمنے خط بھیجا تھا ۔

جوگن ۔ ہان عمر بھر مین ایک دفعہ ۔

عورت ۔ اُسمین کیا لکھا تھا ۔

جوگن ۔ اُس مین مین نے یہی لکھا تھا کہ تم مرو تم کو موت بھی نہین آتی ۔ جوان آدمی مرتے جاتے ہین ۔ تم ٹھیان سے موجود ہو ۔ ہیضے سے بھی تم کو خوف نہین ۔ بڑے ہیجیا ہو ۔ تمنے میری زندگی تلخ کردی ۔ یا تم کو موت آئے یا ہمکو تو چھٹکارا ہو ۔

عورت ۔ بیشک تمھین ہوا سمین شک نہین ۔

عورت نے بکمال ایمانداری کہا کہ پیر مرد کے پاس

ایک ڈبیا ہی۔ خدا جانے اُسمین کیا ہی مگر کم سے کم پچاس ہزار روپیہ کے جواہرات ہون گے۔ یہ کہکر ڈبیہ زمین سے کھودی اور جوگن لکھ پتی بن گئی۔

شریا بیگم نے جوڈبے کو کھولا تو جواہرات اور اشرفیان دیکھ تو بہت ہوئی کہ خدا نے چھپر پھاڑ کر دولت دی مگر سوچی کہ اس دولت کو صرف مین کیونکر لاسکونگی اول تو اس جنگل سے چھٹکارا ہی آسان نہین جس طرف نکل جاؤنگی لوگون کی نظر پڑے گی۔ اور اس دشت بلا خیز مین اگر کوئی قتل بھی کر ڈالے تو کسی کو کانون کان خبر نہو۔ پھر اپنے حسن گلسوز اور نورِ علم افروز اور اُٹھتی جوانی سے بھی واقف تھی۔ سوچی کہ مبادا کوئی بد آدمی زبردستی پکڑ لیجائے اور پھر گھر سے نکلنے نہ دے تو اور بھی مصیبت پڑے دوسرا خیال یہ تھا کہ جواہرات اور اشرفیان بیچون کس کے ہاتھ۔ اور اگر بیچون تو لوگ کہین گے کہ یہ لائی کہان سے۔ کئی گھنٹے تک تدبیرین سوچا کی مگر عقل نے کام نہ کیا۔ آخر کار اس عورت سے کہا کہ بہن اس مین تم بھی تو کچھ لو۔ اس قدر جواہرات لیکر ہم کیا کرینگے۔ اکیلا دم کھانے بھر کو اللہ بہت کچھ دیتا جائے گا پھر ہم جو جواہرات اور اشرفیون سے تمکو محروم کرین تو فائدہ کیا۔ کس دن کے لیے۔ عورت نے کہا مین اسمین سے کچھ نہ لونگی مین تو اس جنگل مین دنیا سے الگ تھلگ رہتی ہون اشرفیان میرے کس کام کی یہ تمھارے شوہر کی جائداد ہی اور اسپر تمھارا حق پہونچتا ہی۔ اگر میرے کام کی ہوتین تو مین ضرور لیتی بلکہ تم سے مانگتی اور کہتی کہ میرے گاڑھے وقت کام آؤ۔ ان باتون سے جوگن کا دل بھر آیا۔ سوچی کہ ایک یہ عورت کہ جوگن ہوگئی تھی اور اب روپیہ دیکھکر پھسل پڑی۔ دو تین گھنٹے کے بعد اسی عورت کو ہمراہ لے کر شریا بیگم اُستانی جی کے بان گئین اور ساری داستان کہہ سنائی اور جواہرات کا ڈبا اُنکے حوالے کر دیا کہ آپ جانین آپ کا کام۔

روز عید اور چہل پہل

نواب گردون مدار مع یاران موافق و احباب صادق عیدگاہ مین تشریف لیگئے دیکھا کہ ساتنین بناؤ چناؤ کے ٹھسے کے ساتھ بیٹھی ہین تختون پر سفید سفید چاندنیان بچھی ہین۔ سامنے پاندان رکھا ہی۔ برنجی حقے لگے ہوئے ہین دائین بائین ایک ایک لگن نیچے آگ روشن۔ چلمین بھرنے کے لیے دو آدمی حاضر ہین یاران سرپل کا جھرمٹ ہی پالون اور چھولداریون مین گھس گھس کے دم لگاتے ہین۔ آسمان تک لوہو پہونچاتے ہین کسی کی چھولداری مین دائرہ بج رہا ہی۔ کہین ساقن کے سامنے مٹی ڈھولکی پر گاتی ہی اور چمک دمک کے تماشائیون کو لبھاتی ہی ساتھی چکار و بکلاتے ہین بیٹکے پھبتیان سُناتے ہین۔ حلوائیون کی دکان پر دھوم ہے انمیون اور چٹورون کا ہجوم ہی کھلونے والے بھوے بھالے کھلونے رکھے دکان جمائے دونون ہاتھون سے لوٹتے ہین۔ ننھے ننھے بچے مچل رہے ہین کہ ہم تو مٹی کا ہوا لینگے دو پیسے دین گے۔ عیدگاہ کے پھاٹک پر پہونچے تو ہودے اور گاڑی اور فٹن اور گھوڑون کا تانتا لگا ہوا۔ حوض پر بیٹھے۔ منھ ہاتھ دھویا دست پاک سے ہاتھ پونچھا اتنے مین آواز آئی (الصلوٰۃ الصلوٰۃ) نمازی مجھک پڑے صفین بندھین بیش نماز آگے کھڑے ہوئے

نواب صاحب بھی ایک صف مین داخل ہوگئے نماز پڑھکر احباب سے بغلگیر ہوئے۔

نواب - بھائی نثار علی صاحب ہین - آج شب کو ضرور آئیے گا۔

نثار علی - بہت خوب جلسہ ولسہ دکھائیے گا۔

نواب - ضرور ضرور۔

سبحان علی خان - حضرت اب اس شہر مین کوئی اس قابل ہی نہین کہ گانا سُنے اور دو ایک ہین بھی تو صورت حرام۔

نواب - خیر دو گھڑی کا لطف ہی سہی - آپ بھی ضرور آئیے گا۔

سبحان علیخان - انشاء اللہ۔

نواب - انشاء اللہ نہین۔ کیسے ضرور آؤنگا۔

نثار علی - اجی ہم لیتے آئینگے - انکو اور محلے بھر کو۔

چوبداروں کو نواب صاحب نے حکم دیا کہ بیڑی اور جوڑی خرید لو کھلونے والون سے کھلونے لو اور رنگسازون مین کاٹھ کی قنسین اور گڑیون کے پلنگ اور رنگے ہوئے صندوق اور کشتیان لے آؤ - خدام باادب نے کل سودا خرید کر دوسری کوٹھی مین رکھدیا اور حضور نواب صاحب روانہ ہوئے چنگیون مین گھر پہونچے باہر کمرے مین بیٹھے - رفقا نے تدر دکھائی اس کے بعد اندر تشریف لیگئے محلدار نے پردہ اٹھایا - خدمتگارون اور چوبدارون نے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہا۔

بڑی بیگم - آگئے - کہو عیدگاہ مین کچھ مجمع وجمع تھا۔

نواب - جی ہان - کچھ تھا تو - مگر آگے کا سا بھیڑ بھڑکا کہان۔

بڑی بیگم - میلا اچھا تھا۔

نواب - جی ہان ساتھون کی دکانین کثرت سے تھین۔

بڑی - نماز کے قبل تو پہونچ گئے ہوگے۔

نواب - آدھ گھنٹے کی دیر تھی۔

حسن آرا - دولھا بھائی ہماری عیدی لائیے۔

سپہر آرا - اماجان نے پانچ پانچ اشرفیان دی ہین۔

نواب صاحب نے جیب مین ہاتھ ڈال کر اشرفیان نکالین اور دو دو اشرفیان دونون چھوٹی سالیون کو دین۔ بیگم صاحب کو آداب عرض کر کے کمرے کی طرف چلے کمرے مین پلنگ پر بیٹھے - پان کھایا - جہان آرا بیگم بھی اٹھکر گئین اور انکے پیچھے پیچھے گیتی آرا۔

گیتی آرا - دولھا بھائی ہماری عیدی۔

نواب - شام کو دینگے۔

گیتی آرا - واہ ابھی ہنسی ہنسی مین عیدی اڑا دی - لائیے لائیے۔

نواب - (مسکراکر) کہہ تو دیا۔

گیتی آرا - اللہ جانتا ہی ہم آپ کا بڑا لحاظ کرتے ہین اور آپ ہمسے ہنستے ہین۔

جہان آرا - ہی ہان وہ لحاظ کرتی ہی اور تم ہنستے ہو پھر وہ بھی کچھ کہے تو شکایت نکرنا ہمسے۔

نواب - تو مین ہنسا کیا۔

گیتی آرا - (مسکراکر) ہی تو کچھ ہنسے ہی نہین۔

اتنے مین رکابدار نے محلدار کو پکارا۔

محلدار - کہو کیا کام ہے -

رکابدار - یہ ڈالی پہونچا دو -

دو قابون مین نان خطائی - ایک قاب مین جوزی کسی مین نہایت خستہ پلاؤ سے بسیہ بھرسمنک مین آٹھ سیر گھی کھپایا ہوا اچاری مین بیٹھے کی سُرخ سُرخ مچھلیان معلوم ہوتا تھا کہ سچ مچ مچھلیان تیر رہی ہین قوام آبدار اور برف سا سفید اچاری پر سُرخ اطلس اور کلاتون کی ڈوری بندھی ہوئی - ادھر اُدھر مقیش کے پھندنے ٹنکتے ہوئے -

بیگم صاحب کے سامنے ڈالی لگائی گئی - اِس کے بعد رحیم بخش باورچی آیا - ایک قاب مین شامی کباب ایک مین پراٹھے بلدار مغلی خستہ کسی مین پسندے کباب کسی مین کوفتے کباب سرخ عمدہ باقرخانی ایک قاب مین ہوائی روٹی ایک مین نان پشیر - کوری کاغذی ہنڈیان خشکہ قند کی گلتھی -

برابر کی بالائی دی ہوئی کیورڑا پڑا - یہ ڈالی بھی بیگم صاحب کے سامنے پیش ہوئی - اسکے بعد خوشیا کبڑن آئی اُسکی بیٹی سمندر یا بھی اُسکے ساتھ تھی - گلبدن کا لھنگا بھڑکتا ہوا گلشن لوٹ کا دوپٹہ اودی گوٹ لھنگے کے سامنے ایک بٹوا لٹک رہا ہے - دونون نے آداب عرض پیش کیے ڈالیان پیش کین ڈالی مین کیلے کے ہرے بڑے بڑے پتے بچھے ہوئے - رنگترے کوے امرود کیلے گنڈیریان - چکوترے متبادل کل فواکہ قرینے کے ساتھ رکھے ہوئے تھے محبوبن کیسگران ایک خوان مین کاغذی آبخورے صراحیان - توتیان - جھجھریان مٹی کے کبوتر - توتے - مور - لگا کر لائی اور ڈالی پیش کی -

بڑی بیگم صاحب نے کہا ممتاز دولھا کے سامنے لے جاؤ - کہو جو تمہین پسند ہو رکھ لین -

پیشخدمتین اور خلایان ادب کے ساتھ لیگئین -

نواب - انہون یہ سب کاہے کو اُٹھا لائین -

پیشخدمت - حضور حکم دیا ہے - بیگم صاحب نے -

نواب - تو اسقدر قابین اور خوان کیون اُٹھا لائین - اچھا خیر - جوزی اور یہ اچاری سُرخ مچھلیون کی اور شامی کباب یہان رکھدو - باقی سب اُٹھا لیجاؤ -

پیشخدمت - حضور یہ چکوترے رکھ لیجیے -

نواب - اچھا رکھدو -

پیش خدمت - اسمین سے کچھ نہ پسند فرمائیے گا -

محبوبن جو لائی ہے -

نواب - اچھا لاؤ صراحیان رکھتی جاؤ -

پھر اُٹھا کر بیگم صاحب کے پاس لیگئین - لڑکیون نے اپنی اپنی پسند کے موافق چیزین چُن لین - مغلانی کی ملڑکی پیاری کو کھلونے دیے -

بیگم صاحب نے صندوقچہ کھولا - اور انعام تقسیم کیا - باورچی کو ایک اشرفی رکابدار کو دو اشرفیان - محبوبن کو دس روپے کبڑن کو دس روپیہ -

بڑی بیگم - (محلدار سے) رؤنے کو حکم دو کہ بیابانی کی ڈومنیون کو تاکید کر آئے کہ پانچ بجے یہان حاضر ہو جائین -

محلدار - بہت خوب -

محلدار نے رؤنے کو حکم سنایا -

رؤنا - وہان تو کئی گھر ہین - بیابانی کے تکیے پر تو کئی ڈومنیان رہتی ہین بوجھ آؤں کس کے ہان جائین -

محلدار - (تنگ کر) تو تو ہندی کی چندی نکالتا ہے -

رونا۔ واہ بے سمجھے بوجھے کیونکر جاؤں۔

محلدار (بیگم صاحب سے) ای حضور رونا پوچھتا ہی بیابانی کے تکیے پر کس ڈومنی کے پاس جاؤں۔

بڑی بیگم۔ سب گھر ہوآئیں۔

حسن آرا۔ کل تو آدمی کہہ آیا تھا۔

بڑی بیگم۔ ہاں بس اسی کو بھیجدو۔

سمیع آرا۔ اماجان سب تو نہ آسکیں گی۔

حسن آرا۔ ہاں اور جگہ سے بھی بلوا آیا ہوگا۔

بڑی بیگم۔ دیکھو ممتاز دولھا سے جاکر کہدو کہ اگر جلسہ دیکھیں تو چوبدار کو حکم دے دیں۔ ابھی سے بندوبست ہوجائے۔

محلدار (نواب صاحب) حضور بیگم صاحب فرماتی ہیں کہ جو جلسہ دیکھیے تو محلدار کو ابھی سے بھیج دیجیے۔

اتنے میں عباسی بھری کھی آئی۔

نواب۔ خدا جانے آجکل یہاں کون کون ہے تجھیں معلوم ہے۔

بی عباسی۔

عباسی۔ حضور نچیا ڈومنی کو بلوائیے۔

نواب۔ این اعقول۔ نچیا ڈومنی کی ایک ہی کہی۔ کھلا تمھارا سانقشہ ہے بیچ کہنا۔

عباسی۔ (شرماکر) حضور تو دل لگی کرتے ہیں۔

نواب۔ (محلدار سے) جاکے کہدو کہ ہم سب بندوبست کیے لیتے ہیں۔

نواب صاحب نے حکم دیا چوبدار فلان فلان زنانے اور ایک مرد انے طلائیے کو کچھ دے آئے۔ اور ہمیں اطلاع دے۔ محلدار نے بیگم صاحب سے جاکر کہا۔ بیگم صاحب نے کہا تین زنانے طلائیے ہوں اور ایک مردانہ۔ صندوقچہ کھول کر چار روپیہ محلدار کو دیے اور کہا چوبدار کو حکم دو کہ فوراً جائے اور پکڑ دے آئے۔ وقت ممتاز دولھا سے دریافت کرلو۔

محلدار۔ حضور طائفے کس وقت تک آجائیں۔

نواب۔ یہی کوئی نو بجے تک۔

عباسی۔ تو آٹھ بجے بلوائیے سازندے آئینگے پہلے نشے جمائینگے۔ بے چنڈو پیے ہوئے آچکے۔ اس موے چنڈو نے شہر کو اور بھی غارت کردیا۔

نواب۔ تمھارے میاں تو نہیں پیتے۔

عباسی۔ (تنک کر) اونہ اللہ نہ کرے۔

محلدار نے چوبدار کو چار روپیہ دیے اور حکم سنایا۔ کہا ابھی ابھی جاؤ اور جلد آؤ۔ تاکید کردی ہے۔

چوبدار۔ ابھی لو۔

چوبدار روانہ ہوا۔ ادھر بیگم صاحب نے محلدار کو حکم دیا کہ ممتاز دولھا سے پوچھو آپ کے یاروں دوستوں کے واسطے کیا پکے فوراً داروغہ کو حکم دو کہ باہر ہی پکوائیں۔ محلدار نے دریافت کیا تو نواب صاحب نے یہ فرمائش کی۔ پلاؤ۔ شیرمال۔ باقرخانی۔ تلی ہوئی ارویاں تلے ہوئے آلو۔ قورمہ دوقسم کے کباب۔ فیرنی۔ زردہ۔ بس یہی سب پکواؤ۔ کوئی چالیس آدمی ہوں گے۔ محلدار نے داروغہ صاحب سے کہا کہ بیگم صاحب نے حکم دیا ہے۔ آٹھ بجے کھانا تیار ملے داروغہ نے کہا یہ کون بڑی بات ہے۔

نواب۔ ہاں خوب یاد آیا۔ عباسی۔

مغلانی۔ آئی حضور۔

نواب - ذرا مہری کو بھیجدینا۔

حسن آرا - (سپہر آرا کے کان مین) مہری کو دولھا بھائی بیطور گھڑی گھڑی بلاتے ہین -

سپہر آرا - (مسکرا کر) ہان -

عباسی مہری چمکتی ہوئی چلین -

نواب - داروغہ سے جاکر کہدو کہ شام کو برف کی قتلیان بھی تیار رہین -

عباسی - بہت خوب -

اتنے مین حسن آرا کی خالہ زاد بہنین آئین - پردہ کرایا گیا فنسون پر سے اُترین - سب بہنون سے بغلگیر ہوئین -

نظیر بیگم - جہان آرا کب آئین -

حسن آرا - کل کہلا نہین بھیجا تھا -

نظیر بیگم - ہم سے تو تمہری نے نہین کہا -

سپہر آرا - عباسی تمھے نکلے میان جانے کہ یہ نہین کہا کہ جہان آرا بیگم اور گیتی آرا بیگم آئی ہین - واہ وا واہ - پوری بات تو سُن لیا کرو -

زیب النسا - اور جبسے پوچھا بھی - مگر یہ اماجان سے باتین کرتی رہین - اِنھون نے سُنا نہین - کیا ممتاز دولھا بھی آئے ہین -

جہان آرا - ہان -

زیب النسا - دیکھو تو سہی آج ہم کیسا آڑے ہاتھون لیتے ہین - اللہ جانتا ہی ہمکو بڑا سخ ہی -

نظیر بیگم - (جہان آرا کے کان مین) آج تو بڑا جوبن ہی بہن اور کیون نہو ممتاز دولھا بھی تو یہین ہین

جہان آرا - (مسکرا کر) آپ سے کم ہی کم -

اسکے بعد اور سواریان آئین اور تھوڑی ہی دیر مین صحن کھلا ہوا نظر آنے لگا -

نواب صاحب نے خبر بھیجی کہ نظیر بیگم اور زیب النسا بیگم آئی ہین - محلدار سے کہا کہ زیب النسا بیگم سے ہمارا سلام کہدو جاکے -

محلدار - (زیب النسا سے) نواب صاحب نے کہا ہمارا سلام کہدو -

زیب النسا - کہو آپ اپنا سلام رہنے دین -

محلدار نے جاکر کہا حضور وہ کہتی ہین کہ آپ اپنا سلام رہنے دین - نواب صاحب ہنسے - کہا جاکر پوچھ آؤ کہ آپ خفا کیون ہین - یہ کونسی انسانیت ہی کہ ہم آداب عرض کرتے ہین اور آپ کہتی ہین کہ اپنا سلام رہنے دو - محلدار نے نواب صاحب کا پیغام کہا - تو نظیر بیگم اور گیتی کھلکھلا کر ہنس پڑین -

زیب النسا - کہیے - اچھا ہم انسان نہین حیوان ہی سہی مگر حیوان اور انسان فعلون سے پہچانا جاتا ہی - ہم آپسے بولتے ہی نہین - آپ کیون ہمین چھیڑتے ہین -

محلدار نے کہا مجھے اچھی سزا ملی - ادھر آؤن پھر اُدھر جاؤن - جاکر کہا - خداوندا وہ خفا ہوتی ہین - کہتی ہین ہم آپسے نہین بولتے ہین - آپ کیون بار بار چھیڑ خانی کرتے ہین -

نواب - (مسکرا کر) نظیر بیگم سے کہو کہ دیکھیے آپ کی بہن سلام کا جواب تک نہین دیتین -

محلدار نے نظیر بیگم سے کہا -

نظیر بیگم - کہو آپ جانین وہ جانین ہمسے کیا واسطہ -

محلدار - حضور وہ کہتی ہین وہ جانین آپ جانین -

نواب ۔ زیب النسا بیگم سے کہو آپ کے میاں آجکل کہان ہین۔

مخلدار نے یہ فقرہ کہا تو زیب النسا اور بھی تلملی ہوئین کہا جا کے کہدو یہ سب کانٹے تمھارے ہی بوئے ہوئے ہین مین خوب جانتی ہون بس اب بہت بڑھ بڑھکر باتین نہ بنائین میری زبان نہ کھلوائین۔

ان فقرون پر نواب صاحب بہت ہنسے۔ مگر حسن آرا اور سپہر آرا اور گیتی آرا دنگ تھین کہ ان دونون مین کیون چ چلی۔

اب سُنیے کہ زیب النسا بیگم کے شوہر اور ممتاز علی خان بہادر مین رشتہ کے علاوہ دلی دوستی تھی۔ انھون نے ایک دن کہا ہم چاہتے ہین کہ ایک شادی اور کرین مگر ہو بی حسین اور تربیت یافتہ ہو۔ نواب صاحب نے کہا بہتر ہے۔ تین چار دن کے بعد رقعہ لکھا کہ ایک رئیس سے جنکی صاحبزادی تربیت یافتہ اور خوبرو قوس ابرو ہین ہمنے آپ کی نسبت کا ذکر کیا ہی۔ دیکھین خوش قسمت ہو یا بدنصیب ایسی حسینہ بڑے خوش نصیبون کو ملتی ہین۔ زیب النسا کے چھوٹے دیور نے یہ خط اتفاق سے پڑھا یا اور بھاوج کو حرف بحرف سنا دیا۔ سنتیا ڈاہ۔ سنتے ہی آگ ہوگئین خط پھر پڑھوایا۔

دیور۔ اپنے بہنوئی کی باتین دیکھین آپ نے۔

زیب النسا۔ مین تو سر سے پاؤن تک جھنک رہی ہون اس وقت۔

دیور۔ مگر بھائی صاحب سے ہمارا نام نہ لے دیجیے گا۔

زیب النسا۔ رفوہ کچھ کھٹکا ہی۔ یہ اندر ہی اندر ہنڈیا پک رہی ہی حسین اور پڑھی لکھی ڈھونڈھی جاتی ہی ایڑی چوٹی پر قربان کردون۔

اب سالی اور بہنوئی کا جھگڑا ناظرین کی سمجھ مین آگیا ہوگا۔

امشب ایں محفل رنگین زحنا بندان ست	نوان گفت بہشت ست کہ صد چندان ست

اللہ اللہ آج تو بڑی بیگم صاحب کے یہان واقعی غنچے ہی کھلا ہی جو ہی رنگین ادا اور ماہ سیما ہی۔ ہمجولیان ملکے باہم عید سعید کی خوشی مناتی ہین۔ چہل اور دل لگیان ہوتی جاتی ہین۔ جو ہو نوعمر و نوخیز۔ حاضر جواب و تیز۔ زبان دراز و طناز۔

ادھر نواب نامدار کے رفقا سلیقہ شعار نے مکرون کو دلھن کی طرح سجا تھا۔ اور مکرے کے سامنے ایک شامیانہ عیش کا شانہ نصب کیا تھا۔

چھ بجے بیابانی کی پری چہرہ اور شیرین حرکات ڈومنیان ڈولیون سے اترنے لگین۔ اندر جاکر بہ ادب آداب بجالائین اور قرینے اور تمیز کے ساتھ فرش پر متمکن ہوئین۔

سات بجے سے ڈومنیون نے گانا شروع کیا اور رودنگ جماکہ تڑکے تک دھما چوکڑی مچی رہی۔ ؎

مبارک شب قدر سے بھی وہ شب بھی	تحرک مہ و مشتری کا قران تھا
وہ شب تھی کہ تھی روشنی جسمین دن کی	زمین پر سے اک نور تا آسمان تھا
عروسی کی شب کی علامت تھی حاصل	فرحناک تھی روح دل شادمان تھا
مشاہد جمال پری کی تھین آنکھین	مکان وصل کا اک طلسمی مکان تھا

یون تو سب ڈومنیان بلا کی شوخ و طرار پر یرو اور گاھذار تھین مگر منی ڈومنی پر جو سب کے کمسن تھی ستم کا حوبن تھا۔ اسکے بناؤ چناؤ پر سب کی نظر پڑتی تھی۔ کسی مشاطہ چابکدست نے گیسو ایسے سنوارے تھے کہ غضب ڈھایا تھا۔ اسکی نوک جھونک اور بھولی تقریر نے حسن آرا اور اسکی ہمجولیون پر بڑا اثر کیا۔

گانا جو شروع کیا تو فرمائشین ہونے لگین - وہ فرط مستی سے جھوم جھوم کر گاتی تھین اور محفل بھر کو لبھاتی تھین -

زیب النسا - کیون بہن منی کی شادی ہوئی یا نہین -

حسن آرا - اچھا بوجھو -

نظیر بیگم - اوئی کیا کچھ چیستان ہے -

حسن آرا - اچھا تمھاری سمجھ مین کیا آتا ہے بیاہی ہے کہ بن بیاہی -

نظیر بیگم - چیتونون سے تو کنوارپن پایا جاتا ہے -

زیب النسا - ہان بیٹک ابھی شادی نہین ہوئی ہے -

سپہر آرا - اے باجی جان - کیا سچ مچ ڈومنیون کی شادی ہوا کرتی ہے -

اس فقرے پر حسن آرا اور زیب النسا کو ہنسی آئی تو سپہر آرا نے کہا بھلا اسمین ہنسی کی کونسی بات ہے جو آپ ہنس دین ایک شی نہین معلوم ہے مکو تو پوچھ لین -

آٹھ بجے کے وقت سے ارباب نشاط کی آمد شروع ہوئی نو بجے تک سب آگئے اور کوئی آدھ گھنٹے مین ناچ شروع ہوا - ہر سمت صدائے تحسین بلند تھی واقف کار آدمی علم موسیقی کے جاننے والے گردن ہلاتے تھے داد دیتے جاتے تھے اِدھر اُدھر ارباب نشاط کا جھمگٹا جسے دیکھیو ؎

ہوش خرد و شنگ بیباک چست و چالاک -

ورے ۱۰ کے وقت نواب صاحب نے کہا حضرت ہم تو ذرا بعد مو آئینگے آپ سب صاحب ناچ دیکھیے -

ظریف - چہ خوش چرا نباشد - ع

طاقت مہمان نہ داشت خانہ بمہمان گذاشت

نواب - جی نہین ایک سبب ہے -

ظریف - بس ایک ہی سبب ہے فرمائیے کیا سبب ہے -

نواب - دردسر - واللہ سر پھٹا پڑتا ہے -

ظریف - جی ہان کیون نہین - ؎

صندلی رنگون سے ماتا دل ملا دردسر کی کس کے ماتھے جائیگی

احباب نے اصرار کیا کہ آپ اندر نہ جائیے - دردسر ہے تو یہان ہی پلنگ پر آرام فرمائیے - مگر نواب صاحب نے خوشامد کی کہ جانے دیجیے طبیعت کسی قدر بے لطف ہے یہان نیند نہ آئیگی یہ کہکر حسب اجازت احباب زنان خانے مین تشریف لے گئے وہان ڈومنیان گاتی تھین - اور بھجولیان فرط طرب سے ٹھمکے لگاتی تھین - یہ چپکے سے اپنے کمرے مین تشریف لیگئے پیش خدمت سے کہا حقہ بھر لاؤ - وہ حقہ بھر لیگئی - تو بڑی بیگم صاحب نے دریافت کیا کہ حقہ کون مانگتا ہے - عرض کیا حضور نواب صاحب تشریف لائے ہین -

بڑی بیگم - کیون یہان کیون حقہ بھروانے بھیجا طبیعت تو اچھی ہے - ذری جاکے پوچھ آؤ -

خواص (نواب صاحب سے) حضور بیگم صاحب پوچھتی ہین کہ مزاج تو اچھا ہے -

نواب - ہان ہان فضل الٰہی ہے کہ دو دن کو سونے کا عادی ہون آج لیٹا تک نہین - مین نے کہا ذرا مکر سیجی کرون گھبرائیے نہین مین اچھا ہون -

خواص نے جاکر عرض کیا کہ دن کو سوتے نہین تھے اس سے چلے آئے طبیعت اللہ کے فضل سے اچھی ہے -

نظیر بیگم - (جہان آرا کے کان مین) ہم سمجھ گئے -

گیتی آرا - (آہستہ سے) آپ کی سمجھ کے قربان -

حسن آرا - جہان آرا بہن شرماتی کیون ہو۔

جہان آرا - اخاہ تمکو بھی ہمارے لیے زبان آئی۔

سپہر آرا - اے بہن دولھا بھائی جلسہ چھوڑ کے کیون چلے آئے۔

حسن آرا - (مسکراکر) انکو کیا معلوم - یہ دولھا بھائی جانین۔

جہان آرا - جھوٹی ہو - اب کیا کہون۔

اتنے مین بڑی بیگم صاحب نے کہا جہان آرا جاؤ دو گھڑی تم بھی سو رہو تم کبھی آج دن بھر نہین سوئین - کہین خدا نخواستہ طبیعت مین ہرج نہوجائے مہون نے مسکرانا شروع کیا جہان آرا بیٹھی رہین تو بڑی بیگم نے کہا - اے چلے لیٹ رہو - پھر جلد اٹھو - ہائین جہان آرا اٹھین تو منجولیون نے آنکھ سے اشارہ بازی شروع کی۔

ایک - اے ذری بیٹھو بہن جلدی کیا ہی جانا۔

دوسری - اونھ اونھ - اللہ ری شتابی - اف ری عجلت جائیے جائیے۔

تیسری - اس بیتابی کو تو دیکھیے - اللہ اللہ۔

چوتھی - اے تو ہے پر نہ ٹوکو بہن - کس شوق سے جاتی تھین بیچاری۔

جہان آرا پھر کچھ جھیپ کر بیٹھ گئین تو سب بہنین مسکرانے لگین اور عباسی بھی ایک ادائے دلربا کے ساتھ زیر لب مسکرائین یہ اور بھی شرمائین۔

بڑی بیگم - اے جانے دو - کیون دق کرتی ہو سب کی سب ملکر۔

زیب النسا - ہم کیا کچھ روکتے ہین خالہ جان۔

نظیر بیگم - اے جاؤ نہ - ہمارے ہی کہنے سے تو بیٹھ گئی ہین نہ اونھ۔

حسن آرا - جائیے جائیے - دیکھیے اماجان کا حکم ہی۔

بڑی بیگم - جاؤ بیٹی ایک دم کے لیے لیٹ رہو - دن بھر کی تھکی ہو۔

زیب النسا - (مسکراکر آہستہ سے) اوہ بہت تھک گئی ہین۔

جہان آرا جھیپ کر پائینچے اٹھاتی ناز و ادا سے قدم رکھتی چلین کمرے مین پہونچین - تو نواب صاحب نے کہا آخاہ بہت جلد آئین آپ - دروازہ تاکتے تاکتے آنکھین تھک گئین بارے اتنی دیر کے بعد کہین چھم چھم کی آواز کان مین آئی۔

جہان آرا - (تنک کر) اے آج تم کہان گھر مین گھسے آن کے آج باہر کی سیر ہی یا یہان کی - ہم گانا سن رہے تھے کہ آپ داخل ہوے - یہ سوجھی کیا - خالہ جان نے بار بار کہا جاؤ جاؤ تو اٹھنا پڑا - ورنہ اللہ جانتا ہی - ہم تو ہرگز نہ اٹھتے - منجولیان اشارے کرنے لگین تمھارے سبب آج ہمین جھینپنا پڑا۔

نواب - چلو خیر عید کے دن سب معاف ہی۔

پردے پڑ گئے خواص باہر چلی آئی۔

ادھر ڈومنیان کسی کا آنچل پکڑتی ہین - کسی کا دوپٹہ کھینچ چھوڑتین - روپیہ دو روپیہ اٹھنی چونی جس نے دیا لے لیا اور پھر ستانا شروع کیا۔

چار بجے جہان آرا کی آنکھ کھلی جھپکے سے اٹھین اوڑھکر دبے پاؤن جانے ہی کو تھین کہ نواب صاحب بھی جاگ اٹھے۔

نواب - کہان جاتی ہو سردی مین۔

جہان - اے واہ چہ خوش - اے لو - اور سنو

سردی کی اچھی کہی۔

نواب ۔ ٹھہرو ٹھہرو۔ منہ دھوؤ۔ پان کھاؤ۔ جانا جلدی کیا ہی۔

جہان آرا ۔ اہی واہ۔

(اہی واہ) کہکر جانے ہی کو تھین کہ نواب صاحب نے دلائی پکڑلی۔ تو جہان آرا بیگم نے دلربائی کے ساتھ جھٹک کر کہا چلو۔ چھوڑو بس ہین یہ ہنسی نہین بھاتی وہان سب ہین ہنسینگی تمنے تو بیحیائی کا جامہ پہن لیا یار دوست ہنسینگے ہنسین تمھین پرواہ کیا ہی اسکی۔ اٹھو باہر جاؤ۔

نواب صاحب آنکھ ملتے ہوئے اٹھے۔ افوہ ابھی تو تین بھی نہین بجے جہان آرا تو چار کا گجر اپنے کانون سن چکی تھین۔ کہا کچھ تمکو خبر بھی ہی آدھ گھنٹہ بدتے ہو۔ تین بج گئے۔ نواب صاحب نے کہا آدھ بدتے ہین۔

جہان آرا ۔ کیا کیا بدتے ہو۔

نواب ۔ ایک اشرفی لاؤ ہاتھ پر ہاتھ مارو۔

جہان آرا ۔ ہم لے لینگے۔ اللہ جانتا ہی۔ تم بدبد کے مکرتے ہو ہم نہین بدتے۔

نواب ۔ نکل گئین نہ۔ ہم نہین جانتے۔ ہم ایک اشرفی لین گے۔

جہان آرا ۔ اور جو ہار گئے تم۔

نواب ۔ تو ایک اشرفی دینگے۔ قرآن کی قسم۔

جہان آرا نے کہا دیکھو شرعی قسم کھائی ہی یاد رکھنا عباسی کہ بجے ہونگے۔ عباسی نے کہا حضور اب پانچ بجینگے چار بج گئے دیر ہوئی۔

جہان آرا ۔ لائیے اشرفی اشرفی ہوئی۔

نواب صاحب نے کہا۔ ارے پانچ کا عمل ہے۔

لاحول ولاقوۃ۔

نواب صاحب باہر تشریف لے گئے تو یار دون نے بجانا شروع کیا۔ اب تو ردسر نہین ہی حضرت۔ فرمائیے یقین ہی اب سرکار در دجاتا رہا ہوگا۔

ادھر جہان آرا جو کمرے مین پہونچین تو انکی بہنون نے انکو ہنسنا شروع کیا۔

زیب النسا ۔ آپ تشریف لائین۔

حسن آرا ۔ باجی جان بندگی (مسکراکر) اے لو ہم تو ادب سے بندگی کرتے ہین۔ اور آپ تیکھی ہوکر گھورتی ہین۔ واہ رہین واہ۔

نظیر بیگم ۔ ایتو آنکھین نہین جھکی پڑتین۔

جہان آرا ۔ تو تم کو شاید سورہنے مین بھینپی ہوتی ہی دھیپ کر چھیڑخانی سے باز نہین آتین۔

ڈومنیون نے جہان آرا بیگم کا آنچل پکڑا۔ اور کہا لائیے۔ جہان آرا نے دو روپیہ دیے۔

ڈومنی ۔ اہی واہ سبحان اللہ۔ آپ سے اور دو روپیہ لین۔

جہان آرا ۔ (دو اور ملاکر) اچھا لو۔

ڈومنی ۔ خیر سوقت تو لیے لیتے ہین۔ مگر پھر دینا ہوگا۔ آپکو آپ تو جاکر سو رہین۔ اور یہان مین نے ان سب سے دس دس دفعہ پیل لی۔ آپ اب آئی ہین۔ مگر بے لیے ہم نہ مانین گے۔

جہان آرا ۔ (مسکراکر) اچھا یہ تو لو۔

ڈومنی ۔ خیر جو حکم۔ مگر اسکی سند نہین۔

جہان آرا۔ اُنھون نے دس دفعہ بیل دی تو کیا کمال کیا گانا بھی تو سنا ہنسنے کچھ گانا سُنا تھا۔

ڈومنی۔ (مسکراکر) اے حضور آپ نہ سُنین تو ہم کیا کرین۔ ہم تو آپ ہی سب کا دیا کھاتے ہین۔ اللہ کرے نواب صاحب تا دور قیامت زندہ رہین آپ کو کھ مانگ سے ٹھنڈی رہین۔

حسن آرا۔ اے اب سویرا ہوجاتا ہے۔ ایک آدھ چیز اور کہو۔

ڈومنی۔ بہت خوب جو حکم ہو۔

سپہر آرا۔ ساس بہو کی لڑائی کی نقل کرو۔

زیب النسا۔ اسوقت ہمارا النسا ہین نہین۔ کیا کہیے ایک بوڑھی ڈومنی ساس اور بڑی منی بہو نہین کیفیت قابل دید تھی۔ بوڑھی زمانہ دیکھے ہوئے۔ خراٹ پوٹے مُنھ سے نئے نئے محاورے ادا کرتی تھی اور منی اُنگلیان مٹکا مٹکا کر ہاتھ پھیلا پھیلا کر جواب ترکی بہ ترکی دیتی تھی۔ بڑی بیگم تک ہنس پڑتی تھین۔ بس نقل کی انتہا تعریف یہ ہے کہ بڑی بیگم کو ہنستے کسی نے کم دیکھا ہوگا۔ حسن آرا اور سپہر آرا اور اُنکی خالہ زاد بہنون اور بھجیون کی یہ کیفیت تھی کہ مارے ہنسی کے پیٹ مین بل پڑ پڑ گئے۔

نظر بیگم۔ منی سے اور اُنکی ساس سے خوب بنیگی۔

حسن آرا۔ لڑنے بھڑنے کی تو اسی سن سے تعلیم پا چکی ہین۔

زیب النسا۔ کیسی کچھ ناک مین دم آجائے گا اُن کی ساس کا۔

صبح کو جلسہ برخاست ہوا

ادھر نواب صاحب محفل مین گئے تو کہروے کی فرمایش کی تین پریون نے بصد شان و ادا بائی کہروا ناچنا شروع کیا۔ دو کی زلف پریشان سم ڈھاتی تھی اور ایک کہروا ناچتے ناچتے شرما جاتی تھی۔

نواب۔ این! واہ یہ کیا بات آدھے چکر کی سند نہین پورا ہو۔

سازندہ۔ حضور لجاتی ہین۔

نواب۔ واہ وا۔

ظریف۔ تم طریقہ بتا دو بڑے میان۔

سازندہ۔ (دانت کھول کر) خداوندیہ ہمکو سکھائین گی یا ہم اِن کو۔

ظریف۔ اَبے یہ ناچا ہی کرینگی۔ یا مُنھ سے بھی کچھ کہین گی سر سے تو کھیل چکین اب مُنھ سے بھی بولین۔

گوری دھیرے چلو گگری چھلک نا جاے ؎ کی آواز دلربا بلند ہوئی۔ محفل عشرت کی رونق دوچند ہوئی۔

سویرے جلسہ برخاست۔ دو ایک صاحبون نے کہا حضرت ہم بھیرویں سُنے بغیر نہ جائین گے۔ مگر سب رات کے تھکے تھے سُرہو گئے۔

نواب صاحب حمام کر کے اندر تشریف لے گئے۔ نظر بیگم سے نوک جھونک ہونے لگی۔

فوج ظفر موج

میان آزاد ہرمزجی بھائی کی کوٹھی سے رخصت ہو کر اپنے رجمنٹ مین شریک ہونے گئے تھے۔ تھوڑی دیر مین گڑگڑاہٹ کی آواز آئی خوجی نے (چونک کر) کہا یہ کیا ہے یہ آواز کیسی آئی انوہ کس قدر گڑگڑاہٹ ہے کہ خدا کی پناہ۔ اخاہ۔ اب ہم اسکے لم سمجھ گئے۔ زلزلہ آنے والا ہے۔ ہرمزجی زلزلہ کے معنے نہین سمجھے مگر خوجی کو شک کے عوض یقین کامل تھا کہ ضرور

زلزلہ آنے والا ہو ایک مرتبہ میان آزاد سے سن چکے تھے کہ جب زلزلہ آتا ہو تو اکثر مقامات پر قبل زلزلہ زمین کے اندر سے ایک قسم کی آواز آنے لگتی ہو اور معلوم ہوتا ہو کہ جیسے کوئی شخص زمین کے اندر بند بیٹھا رو رہا ہو - یا چاند ماری ہوتی ہو -

اتنے مین ہرمزجی کے آدمی نے کہا حضور فوج جاتی ہو - ہرمزجی اور مسٹیڈا اور میان خواجہ بدیع صاحب کوٹھے پر گئے دیکھا فوج سامنے آرہی ہو پہلے توپخانہ دیکھا یہ اسی کی گھڑگھڑاہٹ تھی - اسکے بعد پایہ بہ پایہ قریب پہنچ کر فوج آتی ہی دیکھتے دیکھتے مس مسٹیڈا کی نظر میان آزاد پر پڑی - بائین ہاتھ سے گھوڑے کی باگ اٹھائے عظمت وصولت کے ساتھ بیٹھے ران پڑی جاتے یہ جا وہ جا - خوجی کی سنیے کوٹھے پر سے پکارتے ہین - میان آزاد - میان آزاد ہوت ارے میان ادھر ادھر -

ہرمز - ہائین ! خاموش رہو جی - بھلا یہ کوئی موقع ہے کسی کے پکارنے کا -

خوجی - واہ خدا جانے کیا گا لیان دے رہے ہین سنتا اور سمجھتا کون ہو -

ہرمزجی نے ایک اردو دان کو بلوایا اور کہا انکو سمجھا دو کہ جب فوج جاتی ہو تو اس طرح بیدھڑک نہ پکارا کرین اسوقت غل مچاکر میان آزاد میان آزاد پکارا کیے عجب وحشی ہو - اور ہم سمجھاتے ہین تو جواب ہی نہین دیتے اردو دان ہندی آدمی تھے - خانسامان خوجی سے کہتے ہوئے کسی قدر ڈرے کیونکہ انکے مزاج سے سب واقف تھے - ہرمزجی نے باصرار کہا کہ جو ہم کہتے ہین وہ انکو سمجھا دو مگر ذرا ملائم الفاظ مین انکو بات کی تاب نہین ہو -

خانسامان - حضور کہتے ہین کہ فوج کا واسطے بیدھب ہو اب کبھی اسطور پر نہ پکاریے گا - آپ نے شاید نہین سنے آزاد آزاد کہکر پکارا تھا -

خوجی - واہ ہو - خوب ڈرپوک آدمی ہین - کیا کوئی گولی مارتا یا توپ کھینچ مارتا ہم بھی تو پلٹنون مین رہ چکے ہین بھائی رسالدار ہین - کمیدانیان کہین - سپاہی پر سپاہی کا ہاتھ ہرگز نہ اٹھے گا -

خانسامان نے ہرمزجی کو سمجھا دیا -

ہرمز - پوچھو تمھارے غل مچانے سے وہ چلے آئے ؟ بس آنا پوچھو تو م جو چلائے دشت مین آنکر تو اس سے تمھین یہ امید تھی کہ وہ چلے ہی آئینگے -

خوجی - (خانسامان سے) پوچھو یہ جھنجھٹ کیا ہو - آپ کو ان باتون سے کیا مطلب ہو - میان آزاد نے اس طرف دیکھا تھا - ہماری انکی چار آنکھین بھی ہوئین -

ہرمز - (مسٹیڈا سے) کیا میان آزاد نے اسطرف نظر کی تھی ہمنے نہین دیکھا -

مسٹیڈا - وہ سیونت روڈ مین چلے جاتے تھے انکو تو شاید یہ بھی معلوم ہوا ہو گا کہ مسٹر ہرمزجی کی کوٹھی ہو یا کوئی اور مقام ہو -

اب سنیے جس وقت شہر سے فوج ظفرموج جنگی سامان اور آن بان کے ساتھ معرکہ ریزی کے لیے چلی - تو تمام شہر مین دھوم مچ گئی کہ لشکر فیروزی اثر مورچے پر جاتا ہو گا افسران فوجی اور ترکی سپاہی سب خوبرو اور سب کڑیل جوان تھے مگر بسالت کے نہنگ تحریر آشام مشہور خاص و عام حمیت اسلام کے عاشق دل داد، میان آزاد آزاد وہ پیرو رہی عالم تھا -

گلگون باد رفتار و ہوشکار زمین پر قدم نہین رکھتا تھا میان آزاد کے چہرے سے شان سپہ سالاری عیان تھی معلوم ہوتا تھا کہ کوئی شہزادہ یا سند ارادہ یا کوئی جنرل جلیل القدر ہے ۔ سے

بالاے سرش زہوشمندی
میتافت ستارۂ بلندی

ازسرتا پا غرق و ہرق بحر نور مین غرق ۔ خلق خدا دعا مین دیتی تھی ۔ جرأت بلا مین لیتی تھی ۔ گھوڑے کا ناز معشوقانہ لطف دکھاتا تھا ۔ تیزی اور شوخی سے اٹھکھیلیان کرتا جاتا تھا ۔ زن و مرد پیر ان کہن سال اور جوان نوعمر عوام اور عمائد اور رؤساے شہر اور خاتونان بلقیس مرتبت مکانون اور دکانون اور کوٹھیون اور چھتون اور بازارون مین بصد جوش و خروش اظہار مسرت کرتے تھے ۔ کسی نے لشکر فیروزی اثر کو دیکھکر ۔ وہاں ہلایا ۔ کسی نے مرحبا مرحبا کا شور مچایا ۔ کسی نے دعا مانگی کہ بار خدایا ان ملک کے خیر خواہون کو شاد و بامراد رکھ ۔ سرخرو واپس آئین ۔ خوشی کے ڈنکے بجائین غنیم شکست فاش پائے ۔ ترکی رنگ ریزان منائین سلطنت عثمانیہ کی سطوت و عظمت کا علم بلند ہو ۔ اقبال و جلال کی ترقی دہ چند ہو ۔ ترک دوست مسجدون مین گھی کے چراغ جلائین ۔ حساد بدنہاد نیچا دیکھین ۔ اعدا منھ کی کھائین ۔ کوئی جزاک اللہ کا نعرہ بلند کرتا تھا کوئی سپاہیون کی نمک حلالی کا دم بھرتا تھا لڑکے تالیان بجاتے تھے ۔ بوڑھے دل ہی دل مین دعاے فیروزی دیتے جاتے تھے ۔ شہر مین اس درجہ جوش تھا کہ ہر فرد بشر نشۂ بادۂ حمیت سے مدہوش تھا ۔

میان آزاد زبان حال و مقال سے یہی کہتے تھے کہ سے

آن نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پشت من
آن منم کاندر میان خاک و خون بینی سرے

ترکون کی فوج دیکھنے کے قابل ہوتی ہے جو سپاہی ہے خوبرو نی کی جان ۔ جوانمرد سبالت کی کان ۔ جوان طنناز کشیدہ قامت خوش انداز خوبرو ۔ خوشخو ۔ بہار طبع رنگین مزاج بڑے کس بل کے لوگ ہین اور جھوٹ جیسے ۔ میدان کارزار مین پہونچے اور شیر ژیان بنگئے اور ملک کے نام پر جان دیتے ہین ۔ چاہے دو دن تک کھانا نہ ملے مگر غنیم کو پشت نہ دکھائینگے قتل کرینگے اور مرجائین گے ۔ دن کی شدت آفتاب کی حدت سردی کی کثرت ایک کو نہ مانین چاہے برف گرے ۔ چاہے کہرا پڑے یا ہوا سے جگر تک ٹھٹھر جائے مگر ترکی سپاہی کا قدم پیچھے نہ ہٹے گا ۔ اس مین ہرچہ باداباد ۔ اور یون تو شکست کھانے سے کوئی قوم روے زمین پر نہین بچی ہے یہ دنیا کارخانے ہین جس مین انسان کو دخل نہین ۔ ؎

شکست و فتح نصیبون سے ہی ولے اے میر
مقابلہ تو دل ناتوان نے خوب کیا

ترکون کے حسن گلوسوز کا ادنی ثبوت ہے کہ جن ترکون کو قید کرکے روسی لیگئے تھے جب انکو رہا کیا اور وہ ٹرکی کی طرف واپس آنے لگے تو روسی لیڈیون نے رونا شروع کیا اور مچل گئین کہ انکے ساتھ ہم جائین گے ۔ اکثر لیڈیون کو بڑی مشکل سے روسیون نے باز رکھا ۔ ورنہ ان خوشرو جوانون سے وہ اس درجہ مانوس ہوگئی تھین کہ گھر سے نکلی جاتی تھین ۔

سچ ہے ۔ ؎

سعدیا روزازل حسن بہ ترکان دادند
یہ پیشینگی ایک جنگ کا حال ہے ۔

یہی اُسوقت بہت ہی بھیبے جب ریل کے اسٹیشن پر
شتر اشتی جوان اور نوخیز لیڈیان نکھر نکھر کر ٹوٹ گئیں اور کہا کہ ان
ترکون کے ساتھ ہمین بھی جانے دو۔ ہمارا انکی ادا پر دل آیا ہی
بعض بعض ڈاڑھیون مار مار کر روئین اور اکثر بدیدہ ہوگئین۔
ان ترکون کے دل کی اس وقت عجب کیفیت ہوگئی۔
انکے جمال مبین کا ادنی ثبوت یہ تھا۔

جس وقت فوج شہر سے باہر جاتی تھی ایک میلا سا جما ہوا
تھا کوٹھے پیٹے پر کوٹھے تمام شائی زمین سے کہ ایک ایک پتے کے
لیے لڑتے تھے۔ ایک نوجوان خاتون ترکی لیڈی جھروکے سے
فوج پر نظر ڈال رہی تھی کہ اپنے پیارے اور محبوب شوہر کو شہر
کے باہر جانے سے قبل آنکھ بھر کر دیکھ لے اور بصد حسرت دل
مین سوچتی تھی کہ خدا جانے یہ آخری دیدار ہی پھر بھی اپنے جری
شوہر سے ملونگی۔ مگر افسوس کہ اسکی آرزو پوری نہوئی اور اسکے
شوہر کا گھوڑا اسکو نظر نہ آیا۔ ایک بوڑھا سو برس کا آدمی عصا
کے سہارے سے کھڑا دیکھتا ہی کہ اسکا نور بصر لخت جگر پیش نظر
آئے تو اسکی آنکھ نور موفور پائے۔ یہ لڑکا اپنے باپ سے لڑکر
گیا تھا۔ بوڑھے کی یہی ایک اولاد اور ساری خدائی مین یہی ایک
عزیز تھا اس نے باپ سے انکر جو گفتگو کی تھی اس سے ترکی سپاہیون
کی جرأت اور جان نثاری صاف ظاہر ہی۔

بیٹا۔ ابا۔ اب ہمین رخصت کرو۔ ہم فوج کے ساتھ ضرور جائینگے۔

بوڑھا۔ جان بابا ع

اک ذرا ہوش سنبھالو بھی دنیا دیکھو	

جمعہ جمعہ آٹھ دن کی پیدائش۔ میدان جنگ مین بڑے بڑے
بہادرون کے چھکے چھوٹے جاتے ہین۔

بیٹا۔ ابا جان چاہے ادھر کی دنیا اُدھر ہو جائے۔ مین
نہ مانونگا۔

بوڑھا۔ بیٹا تم ناکردہ کار ہو جاکے کیا بناؤگے۔

بیٹا۔ ابا ہم زخمیون کو پانی پلائین گے۔

بوڑھا۔ بیٹا اس خیال سے درگذرو۔ یہان ہم اکیلے
مرے جاتے ہین تمھارے بغیر۔

بیٹا۔ (زار زار روکر) ابا جان تم مرجاؤ تو خیر۔ مگر زخمیون کی خبرگیری
مقدم ہی۔ میرا تصور اسوقت معاف کرنا۔ ایک تمھاری جان جانیسے
اگر سو کا بھلا ہوتو تا تم اپنی جان کا خیال نہ کرو۔

باپ نے بیٹے کو گلے لگایا اور یہ واقعیت سرشک سے اسکا
دامن تر کردیا۔ اور کہا جان بابا تم کو اب ہم نہ روکین گے تمھاری بس
اتنی ہی زندگی تھی مگر خیر۔ بیٹے نے کہا ہماری جان کی کوئی بنیاد
نہین۔ جو جوان مرد ہمارے ملک اور ہمارے ظل سبحانی
اور خلیفۃ الرحمانی کے لیے جان دینے جائین انکی جان ہماری
جان سے زیادہ قیمتی ہی۔ یہ کہکر لڑکا اٹھ کھڑا ہوا۔ بوڑھے
نے کہا فی امان اللہ۔ آداب بجالایا اور چلا۔ بوڑھا بیچارہ مصیبت
کا مارا کھڑا تاک رہا تھا کہ ایک نظر بھر دیکھون جب لڑکا فوج
کے ساتھ اس مقام پر پہونچا جہان بوڑھا کھڑا تھا تو دونون کی
چار آنکھین ہوئین۔

ادھر اُدھر کچھ جوانین نازو ادا کے ساتھ ان جوانون پر
گل افشانی کرتی تھین ان مین ایک یہودن بھی تھی۔ صندلی رنگ۔
شنج و شنگ آگ بھبوکا۔ اس پری نے بصد شان دلبری ایک مرتبہ
میان آزاد پر تاک کر پھول پھینکا تو آزاد نے ہاتھ سے روک کر
پھول کو چوم لیا اور آنکھون سے لگا کر بٹن مین لگا لیا۔ اس بت
نازنین ادا اور ناظورۂ ماہ سیما نے پھر اپنی مٹھڑی والی اور زبان
حال وقال سے یہ اشعار آبدار پڑھنے لگی ؎

سرو از سرناز جلوہ گر کن ۔ بر ما بغلط سیکے نظر کن
از خرمن گل چومی خرامی ۔ بر سوختہ خرمنے نظر کن

رسالہ آگے بڑھا ۔ تو ایک مقام پر مکتب کے چند لڑکون نے نعرہ مارا اور ترکی زبان مین دعا مانگی کہ خداوندان نوجوانون کو نیک نام اور فائز المرام کر۔

الغرض تمام شہر مین دھوم مچی تھی اور خلق خدا دست بدعا تھی کہ غنیم ایک ہی حملے مین بول جائے ۔ چھوٹے بڑے امیر فقیر آیندو روند سب یہی دعا مانگتے تھے ۔ سچ ہے ؎

حب الوطن از ملک سلیمان خوشتر ۔ خار وطن از سنبل وریحان خوشتر
یوسف کہ بملک مصر شاہی میکرد ۔ میگفت گدا بودن کنعان خوشتر

جس مین حب وطن نہین وہ آدمی نہین ۔

جب فوج شہر سے باہر پہونچی تو آزاد پاشا اور ایک افسر علیقو پاشا نامے سے باتین ہونے لگین ۔

علیقو ۔ آپ نے ملاحظہ کیا کسقدر جوش ہے ۔

آزاد ۔ بیشک اور یہ جوش قابل قدر ہے ۔

علیقو پاشا نے میان آزاد سے پوچھا کہ غنیم اب کس مقام پر ہے اتنے مین کیا دیکھتے ہین کہ شہر کیطرف سے گرد نمودار ہوئی اور رفتہ رفتہ بلند ہونے لگی ۔ لشکریون نے بھانپ لیا کہ وزیر جنگ نے کچھ ہدایت کی ہے کئی سوار بگٹٹ اور سرپٹ گھوڑے دوڑاتے آتے ہین ورنہ اسقدر گرد بلند نہوتی شہر مین تو خیریون ہی سب کے سب لون ہی کیسقدر قرینے کے ساتھ آئے تھے مگر شہر پناہ کے باہر پہونچکر پورے جنگی قاعدے سے جاتے تھے ۔ جسوقت گھوڑون کی ٹاپون کی آواز آئی ۔ افسر کمانیر نے حکم دیا کہ فوج آگے نہ بڑھے سب رک گئے مگر کچھ دیر تک بچگرد کے اور کچھ نظر نہ آیا اور بچر ٹاپون کے اور کوئی آواز نہ سنی جب قریب آئے تو دیکھا کہ دس سوار سارا مارچلے آتے ہین ۔ سوارون نے آن کر کہا وزیر جنگ کا حکم لائے ہین ۔ افسر کمانیر نے وزیر جنگ کا خط لیا اور پڑھکر لشکریون کو سنایا ۔ اسکے بعد آزاد پاشا کو حکم دیا کہ کل سوارون اور جوانون اور توپخانے والون کو سنا دو ۔ آزاد پاشا نے گھوڑا اپنی صف سے نکالا ۔ وہ کاغذ لیکر گھوڑا بڑھایا اور سب کو اسکا مطلب سنا دیا ۔ اس کے بعد افسر کمانیر نے سب کو مخاطب کرکے یون کہا ۔

ای میرے پیارے جوانو ۔ تمکو حضور وزیر جنگ کی ہدایت سے معلوم ہوا ہوگا کہ روسیہ لشکر نوے ہزار آدمی و ریاسے ڈینیوب کے اس پار عبور کر آئے آنکے روکنے کا کامل بندوبست کیا گیا تھا مگر واللہ اعلم کس راہ سے چلے آئے ۔ جب ہماری فوج اُن کے مقابلے کے لیگئی تو کوئی پچیس ہزار روسی اُتر آئے تھے اس جماعت نے ہماری فوج سے جو تعداد مین غنیم سے کم تھی مقابلہ کیا گو ہماری جماعت کم تھی مگر حوصلہ دراز تھا دشمن سے ہمت مردانہ اور جرأت کے ساتھ مقابلہ کرتی رہی اور باوجود حملہ ہاے متواتر اپنی جگہ سے نہ ہٹی اس جنگ سے روسیون کو ایسا موقع ملا کہ باقیماندہ فوج بھی اُتر آئی اب یہ وقت ہے کہ ایک ایک ترکی اپنے عدو کے خون کا پیاسا ہو ۔ اور غنیم کو نیچا دکھائے ۔

ایک افسر ۔ (جوش کے ساتھ) بسمی منیخ الاتمام من اللہ ۔

دوسرا افسر ۔ ابتو یہ شمشیر آبدار ہے اور میدان کارزار ہے ۔

تیسرا افسر ۔ یہ خنجر براں ہے اور ہماری جان ناتوان ہے ۔

چوتھا افسر ۔ (آواز بلند) ؎

معرکے پڑتے ہی اُٹھ جائین گے غیرون کے قدم
جب سمجھنا ہو سمجھ لین سر میدان ہم سے

افسر کمانیر ۔ ای حمیت قومی جوش مین آ ۔ ای ہمدردی مدد فرما

لشکری - آمین - آمین ثم آمین -

افسر کمانیر - کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھنا -

لشکری - کیا مجال - کیا طاقت - ہم لوگ اُن مین نہین ہین جو بھاگ جایا کرتے ہین -

علیقو پاشا - شاباش ہی جوانان روئین تن -

افسر کمانیر - حضور وزیر جنگ فرماتے ہین کہ آزاد پاشا اور اُس کمسن لڑکے کو جو اپنے باپ سے لڑ لڑکے فوج کے ساتھ گیا ہی بہت عزیز رکھنا -

لشکری - دل و جان سے زیادہ دونون عزیز ہین -

آزاد - آزاد خادم نام اسلام ہی آزاد خادم اہل روم و شام ہے میدان جنگ مین جان بکف جاتا ہی آزاد زندہ واپس نہ آئیگا - اور اگر آئیگا تو پہلے رسیہ کو نیچا دکھائے گا ؎

تیرے گلشن کو فقط اک نفسِ دل کافی ہی
راگ لانا کہین بلبل نالان ہم سے

لشکر نے نعرہ مارا اور فوج آگے بڑھی رخصت ہوئے -

علیقو پاشا نے میان آزاد سے پھر گفتگو شروع کی -

علیقو - جس دوشیزۂ پری چہرہ کی ہدایت کے بموجب آپ یہان آئے اُسکا نام کیا ہی -

آزاد - (فخر کے ساتھ) حسن آرا بیگم -

علیقو - اگر کامیاب گئے تو فبہا المراد - ورنہ بیچاری سمجھے گی کہ اُسنے ہم کو قتل کیا -

آزاد - نہین قضا سے کسی حالت مین انسان کو مفر نہین ہی ؎

خونریز ہوا ہی وہ صنم حکم قضا سے
جلاد کبھی مورد الزام نہین ہے

اور مجھے جان کی تو فکر ہی نہین فکر ہی تو اسقدر کہ اس بت عربدہ جو کی آرزو بر آئے -

الغرض علیقو پاشا اور میان آزاد سے عرصۂ دراز تک گفتگو ہی - قریب شام ایک گاؤن کے متصل باغ مین فوج نے پڑاؤ ڈالا اور سپاہی رنگ رلیان منانے لگے - کوئی گاتا ہی کوئی شادیانے بجاتا ہی -

ناشاد و دولھا

اخاہ - میان خواجہ بدیع الزمان ہین - آیئے حضرت مزاج مقطع ہا شار اللہ کیا طرح طرح نوربرس رہا ہی - ع

سب صورت نگور فقط دوم کی کسر ہے

قد و قامت پر نظر ڈالیے تو پون پانچ مگر سمجھتے ہین ہی کہ ہم گران ڈیل جوان ہین ع - ہیکل قوی چون تناور درخت - کوئی عضو مین عنایت ایزدی سے سڈول نہین کوئی کل درست نہین - آنکھین بڑی گاؤدیدہ ایک ابرو صفا چٹ -

میان خوجی ہر مرجی بھائی کی گاڑی پر سوار ہو کر مس روز کیطرف گئے گیل باغ پر فضا مین ٹہل رہی تھی - ان سب پریزادون سے ہرمرجی نے انکو ملا دیا تھا اور یہ سب انکو بناتی تھین - خوجی گاڑی سے اُترے اور گیل کو بندگی عرض کر کے یون ہمکلام ہوئے -

خوجی - مس روز کجا ست - کارفت کجا بود -

گیل - (مسکرا کر) ہم نہین سمجھتے -

خوجی - من بدیع برمی گویدا مالعبد از شکوک اللہ -

گیل - (اشارے سے) بیٹھو -

خوجی - من بدیع میرود - برائے ملاقات معشوقۂ خود

کہ بڑی پیکری ست۔

گیل نے ایک ترکی باغبان سے کہا کہ انکو سمجھا دو کہ بس روز اومس میڈا ہوا کھانے گئی ہین۔ آپ بیٹھیے آتی ہون گی۔ باغبان نے کہا بیٹھو آدین۔ دونون گیا باہر۔

خوجی۔ تم ہندوستان سے آئے ہو۔

باغبان۔ آن (ہان) کلکتہ گیا۔ دو برس۔ بس چلے۔

خوجی۔ ان سے کہدو ہم جاتے ہین ہمارے مکان پر خط لکھوا کے بھیجدین۔

باغبان۔ کہدین۔ یم کیون۔ اچا۔ (اچھا)۔

خوجی نے مس گیل سے ہاتھ ملایا اور گاڑی پر سوار ہوکر روانہ ہوئے ادھر ہرمزجی کو جو دل لگی سوجھی تو اُنھون نے مس گیل اور مس میڈا سے کہا کہ کل ہم خوجی کی برات نکلوائینگے تینون مین باہم خوب مشورہ ہوا۔ اتنے مین خوجی آن پہونچے ہرمزجی نے کہا لو تمھاری شادی کی فکر ہوگئی مس روز راضی ہین کل برات لیکر آؤ۔ جاندی ہے۔ جین کرو۔ خانسامان بلوایا گیا تاکہ خواجہ صاحب گفتگو سمجھتے جائین۔

خوجی۔ خدا کرے وزیر جنگ وغیرہ بھی خود برات مین رونق فروز ہون۔

ہرمزجی۔ کل اُمرائے عظام اس نادر روزگار برات کو آکر بیشتم خود ملاحظہ فرمائین گے۔

خوجی۔ واللہ تو پھر بندوبست کر لیجیے۔

میڈا۔ ہاتھی کا ملنا محال ہے سوا رونٹ خواجہ صاحب کو ناپسند کا واک اور کیڈا جانور ہے نہ

ہرمزجی۔ یہ کیون۔

خوجی۔ اجی ایک روز مین چلا جاتا تھا سامنے سے ایک شتربان آتا تھا باتون باتون مین بگڑ گیا مین نے کہا مارے قرولیون کے چوندھیا دونگا سنکر ہنسکر کہا بیدھا تو نہین ہے۔ بس مین پسکا۔ اب لاکھ لاکھ تدبیر کرتا ہون اُس تک ہاتھ نہین پہونچتا۔ تب سے مین نے اس جانور پر لاحول بھیجا۔

ہرمزجی۔ گھوڑا شریر ہوتا ہے۔ اور بیل اور گدھا واہیات جانور ہین۔ خچر کی راے بہتر ہے۔

خوجی۔ خوب سوجھی استاد۔ خچر تو امیرون کی سواری مین رہتا ہے۔ عمدہ خچر کی جوڑی ہزار سے تو کم کو نہ آئے گی مگر یار طبلے پر تھاپ ضرور ہو۔

ہرمز۔ یہان شادی بیاہ مین آدمی کا ناچ بالکل ممنوع ہے۔ ای ہے جو کہین کوئی عورت ناچے تو تم ہی ہو جائے۔

خوجی۔ اچھا پھر کسی سیل سے ناچ کا تو نام ہو جائے۔

ہرمز۔ اسکی تدبیر یون کیجیے کہ کسی ریچھ بایندر نچانے والے کو بلا لیجیے کم خرچ اور لطف کا لطف تین بندر والے کافی ہین۔

خوجی۔ حضرت تین جانرمین۔ پانچ فال مبارک ہے۔

ہرمز۔ خیر وہ پانچ سہی۔

خوجی۔ مگر وہ ہر شخص سے کہدیا کرین کہ صرف راہ گیرون کے خوش کرنے کو تماشا دکھاتے ہین تاکہ دولھا انعام دین اور برات کی طرف سے رقص و سرود کا سامان علیحدہ ہو اور عروس کے گھر انواع و اقسام کا ناچ رنگ ہوتا رہے گا جب لوگ باہر سُن چکین گے کہ یہ منجانب دولھا ہے تو اندر کون تحقیقات کرنے بیٹھے گا کہ کس کی طرف سے ناچ ہے خرچین وہ اور نام یارون کا۔ کہین یار لوگ چوکنے والے ہین بھلا۔

ہرمز۔ اُہو ہو بھئی واللہ کیا سوجھی ہے۔ باقی رہی روشنی مشعل لیجانا۔ باعث الزام شمعدان و لمپ دھکے مین ٹوٹ جائیگا

پھر دس پانچ آدمی بڑے بڑے چراغون مین تیل بھر کر ماش کے پتے جلاتے چلین تو کیسا۔

خوجی - ابھی یہان ایسا سمجھنے والا کون ہوگا - لوگ غور کرین گے تو سمجھ جائین گے کہ پیچھے اور بندر والے رات کو تماشا دکھانے کے لیے روشنی ساتھ لیے پھرتے ہین۔

دوسرے دن قریب شام سب سامان فراہم ہوا - خوجی سج سجا کر سوار ہونے لگے۔

ہرمزجی - اس قزلی نے تو اور بھی آپ کو اوپچی بنا دیا۔

خوجی - (خوشی مین آن کر یہ شعر پڑھنے لگے)۔

گرد ڈنڈ کنم گنبد گردون لرزد
اور اٹھا بیٹھ کنم تخت فریدون لرزد

ہرمز - (مسکرا کر) شادی مبارک ہو۔

خوجی - ؎

برات عاشقان برشاخ آہو اسکو مت سمجھو
چلے ہین بیاہنے مسرال کو بانک کنوارے ہم

بدیع الزمان کی جورو کی شادی ہو۔

ہرمزجی جوڑی پر سوار ہو کر مینڈا کے یہان پہونچے۔

مینڈا - (ہنسکر) اور برات۔

ہرمزجی - چل چکی ہو۔ ذرا آج قطع مبارک دیکھیے گا۔

مینڈا - تو چلیے ہم سب ملکر لب سڑک بارہ دری مین بیٹھین۔

ہرمزجی اور مینڈا اور مس روز سب ملکر بارہ دری مین بیٹھے اور چار ملازم دروازے پر کھڑے ہو گئے۔

برات چلی - آگے نشان کا خچر - پیچھے رنڈی اور بندر - اسکے بعد دس پانچ آدمی روشنی لیے ہوئے - کہین لڑکے تالیان بجاتے ہین - بیفکرے مسخرے آتے ہین۔

ہرمزجی اور خوجی مین پہلے سے مشورہ ہو چکا تھا کہ برات مین باجے کے عوض تالیان بجین اور خچر پر برات کا نشان ہو۔ اور سلا بعلم بھی ساتھ ہون - یہ بلیچ سات طلبہ جن کو فارسی اردو کے اشعار کئی دن سے رٹا دیے تھے اور دس بارہ نوکر اغل بغل چلے جاتے تھے بیچ مین خوجی ٹٹو پر سوار اکڑے ہوے بیٹھے ہین - چوبی قزلی سنبھالتے گیروے رنگ کی پوشاک - سیاہ پگڑی - اوپر پھولون کا سہرا - انیون کی ڈوبیا کمر مین باربار ٹٹو لیتے جاتے تھے - ٹٹو کی دم اور پیشانی سرخ اور تمام بدن نیلے نیلے رنگ کے گول گول داغ - خاصے زیبرا کے موانگ بنے تھے - رات تھی چاندنی خوجی کی صورت دیکھ دیکھ کر لڑکے بے اختیار ہنستے تھے جدھر سواری جاتی تھی اس طوفان بے تمیزی کو دیکھکر لوگ قہقہے لگاتے تھے - خوجی نے جھنجھلا کر کہا کیا ہو بھئی۔

لڑکے جس گل زمین سے آپکی سواری مثل باد بہاری گذرتی ہو جس محلہ سے آپ کی ٹٹوی نکلتی ہو وہ زعفران زار ہو جاتا ہو۔

خوجی - یہ تو مین پہلے ہی سمجھا تھا - ایسی مہذب برات یہان والون نے کہان دیکھی ہوگی۔

ایک تماشائی - (ہرمزجی کے ملازم سے) کیون بھئی یہ کیا رنگ ہو۔

ملازم - یہ بونا مسخرہ بہروپیا ہو۔

تماشائی ہندی - واہ رے بہروپیے۔

خوجی - اولعون بہروپیے خبردار - اسوقت میرے ہاتھ مین قزلی ہو (ملازم سے) کبھی ہوشیار ہو بہنا بہروپیا آپہونچا۔

سواری کا ٹٹو نہایت سست اور مریل تھا۔

بغیر مار کھائے نو دن چلے اڑھائی کوس - خوجی اُسکی پیٹھ پر اچھل اچھل کر اپڑ لگاتے جاتے تھے - اور لوگ پھبتیون پر پھبتیان سُناتے جاتے تھے لڑکون سے کہتے جاتے تھے کہ خبردار غول بھولنے نہ پائے او باجے والے زور سے بجا شگلی مل کے قدم بقدم چلو - بھائی دیکھو نامعقول نشان کا خچر بہت بڑھگیا - برات چوک مین داخل ہوئی -

ہرمزجی - (مَیڈا سے) لیجیے برات آپہونچی - یہ نشان کا خچر سامنے آرہا ہے -

مس روز ہنستے ہنستے لوٹ لوٹ گئین -

گیل - رچھ اور بندر کیسے -

ہرمزجی - یہ ناچنے کے لیے آئے ہین -

مس روز - این - ناچنے کا بھی سامان ہے -

ہرمز - کیسا پکے کمیدان صاحب ہین کہ باتین -

اتنے مین خوجی نمودار ہوئے - ملازمون نے بھیڑ کو اغل بغل ہٹا دیا - خوجی کی صورت نظر آتے ہی مس روز اور مس مَیڈا اور مس گیل اور ہرمزجی ہنستے ہنستے بیتاب ہو گئے -

مَیڈا - ٹٹو کو تو آپ نے خوب ہی رنگ دیا ہے -

ہرمز - ایسے رنگیلے سجیلے جوان سفید ٹٹو پر سوار ہون بھلا -

مس روز - اور اُنکی کمر مین یہ کیا ہے -

ہرمز - کمر سے لکڑی کی قرولی لگی ہے - دیا سلائی والی ٹین کی ڈبیا بجائے جیب گھڑی ہے -

مس روز - اور یہ لڑکے تماشائی ہین نہ -

ہرمزجی - جی نہین مدرسہ کے طلبہ ہین - غرّہ لخوانی ہوگی - فوج طفلان مفت -

اسپر ایک فرمایشی قہقہہ پڑا - اس مقام پر جو لوگون نے گھبرا اور تالیان بجا بجا کر اس زور سے قہقہے لگائے تو خوجی کا ٹٹو بیٹھ گیا -

خوجی - او جانگلو - او مسخرے ہنستے کیا ہو - جلد کوئی تدبیر بتاؤ - ورنہ مارے قرولیون کے بولا دون گا - اسوقت تمام زمانے کی نظر مجھ دولھا پر پڑتی ہوگی -

ملازم - مین اس گھوڑے کی عادت خوب جانتا ہون یہ بغیر چابک کھائے اُٹھنے والا نہین -

خوجی - یہان مصلحت کرتے ہو یا کسی تدبیر سے ٹٹو کو مناتے ہو -

ایک دل لگی باز نے شتراپ شتراپ چابک جمانے شروع کیے اتفاق سے خوجی پر بھی ایک چابک پڑ گیا -

خوجی - اوہ ہا اوہ سا - او نامعقول یہ کیا کیا تو نے -

دل لگی باز - تعمیل حکم -

خوجی - تو گھوڑے کو مارتا تھا - یا مجکو خیر اب بھی کوئی تدبیر کروگے کہ بکنو -

ملازم - تدبیر یہی ہے کہ آپ اُتر پڑیے -

ملازم نے ٹٹو کو مار کر اُٹھایا - خوجی پھر سوار ہونے چلے - ایک پاؤن رکاب پر رکھکر دوسرا اُٹھایا ہی تھا کہ ٹٹو چلنے لگا خوجی ادھر ادھر کر دھم سے زمین پر آرہے پگڑی یہ گری - قرولی وہ گری ڈبیا ایک طرف ٹٹو ایک طرف -

خوجی - او گیدی او نامعقول بہروپیے - اچھا دیدہ خواہد شد - اسوقت ذرا عجلت مین ہون -

دل لگی باز - اُٹھیے اور پھرتی سے سوار ہو لیجیے - گھوڑے پر سے گرنا شہسوار دلاوری کا کام ہے جسے گھوڑا نصیب نہین وہ کیا کرے گا

خوجی۔ یہ بات ہی ہو مگر بڑی خیریت گذری کہ مین گھوڑے پر نہ گرا۔ نہ میرے بوجھ سے تو اُسکا کام ہی تمام ہوجاتا۔

تماشائی۔ بجا ارشاد ہوا۔

خوجی نے پھر سر پر پگڑی رکھی قرولی کمر سے لگائی اور ایک لڑکے سے پوچھا آئینہ تو یہان نہوگا تمھارے پاس۔

لڑکا۔ ضرور۔

خوجی۔ پھر سے پوشاک سجی ہو۔ ذرا آئینہ تو دیکھ لیتے۔

لڑکا۔ نہ آئینہ ملے تو پانی مین منھ دیکھ لیجیے۔

خوجی نے کہا ہان ہان۔ (ایک ملازم سے) ایک گلاس پانی تو جلد کہین سے مانگ لینا۔ ایک ٹھٹھول آدمی نے گلاس دیا مگر پانی ندارد۔ خوجی انیم کی پینک مین تو تھے ہی دیکھکر کہا سب پلس ہو معاملہ۔ دو چار قدم چلکر خوجی کو یاد آیا کہ مس روز کی سکونت دریافت ہی نہین کی چلا اٹھے یار غضب ہوگیا تھم جاؤ۔ جلدی سے روک لو۔

ملازم۔ خیریت تو ہو۔

خوجی۔ ہر فرجی بڑے خراب آدمی ہین۔ مجکو مکان کا پتہ تک نہین بتایا مگر تم جانتے ہوگے۔

ملازم۔ کون مکان۔ کیسا مکان۔

خوجی۔ وہی جی جہان چلنا ہو۔

ملازم۔ مجکو کیا معلوم جدھر کہیے چلون۔

خوجی۔ مجھے تو کثرت کار سے فرصت نہ ملی۔ مگر تم لوگ عجیب شخص ہو۔ برات چلی اور عروس کے مکان کا پتہ تک نہ دریافت کیا غضب ہی کر دیا۔

ملازم۔ خیر تو نام بتائیے دریافت کرلیا جائے۔

خوجی۔ ارے بھی دولھا کو دُلھن کا نام نہ لینا چاہیے۔ انکل سے چلیے چلو اُسی طرف تو پھر میری سسرال کیون نہین چلے چلتے۔

ملازم۔ یا الٰہی تو کچھ نام تو بتائیے۔

خوجی۔ گو یم مشکل وگرنہ گویم مشکل۔ اچھا پھر دریافت ہی کرلو۔ پری سبز کوہ کی قاف۔ پورا نام ہم نہ لینگے۔

ملازم۔ (ایک آدمی سے) اجی سبز پری کہان رہتی ہین۔

آدمی۔ پرستان مین۔

خوجی۔ دربن چپ شک۔ آج وہان وہ تیاریان ہوئی ہین کہ پرستان بھی مات ہو مگر پوچھ لو کس طرف سے جائین۔

ایک طرف چار سنار دکان پر بیٹھے ہوئے تھے ملازم نے پوچھا کہ کوئی پری یہان رہتی ہو۔ ایک سُنار نے کہا مجھے اور تو معلوم نہین مگر شہر باہر پورب کی طرف جو ایک تالاب اور بڑا درخت ہو وہان پرسال ایک درویش ٹکے ٹکے اُسکے پاس ایک پری تھی۔

ملازم۔ لیجیے پتہ ملگیا چلیے۔

خوجی دس بیس قدم چلے ہونگے کہ میڈا کی کوٹھی کا تالاب یاد آیا۔ چلا اٹھے۔ اخاہ یار وہ اُس تالاب کی سیاوٹ آج قابل دید ہوگی طلسمات کا نقشہ نمایان ہوگا طلسمات کا۔

ملازم۔ پھر چلیے کدھر۔

خوجی۔ اب خواہ مخواہ کہلایا ہی چاہتے ہو تو سنو۔ ہم تینون عروس چاردہ سالہ کو ہمیشہ میڈا کی کوٹھی مین دیکھا کیے ہین وہین برات چلے۔

ملازم۔ تو آپ نے پہلے ہی کیون نہ بتادیا۔ تک برات بہونچ گئی ہوتی۔ میڈا صاحب تو نہایت مشہور آدمی ہین چوک کے متصل کوٹھی ہو۔

خوجی - پھر اور نہین کیا - کچھ ایسے ویسے کے گھر ہم شادی کرنے جاتے ہین بھلا -

وڈھ صاحب نامے ملک سپین کے ایک ملک التجار کی کوٹھی قسطنطنیہ مین تھی بڑے مالدار آدمی تھے ایک مرتبہ کسی انگریز دوست سے اُنھون نے سپین کے آرمیڈا نامے مشہور جہاز کے بیڑے کی بہت تعریف کی - دوست نے ہنسکر جواب دیا کہ وہان مُیڈا صاحب کو مگر بھاگتے راہ نہ ملی تب سے جناب ازراہ مذاق اُنکو مُیڈا صاحب کہتے تھے بعد چندے وہ کوٹھی عوام مین مُیڈا صاحب کی کوٹھی کے نام سے مشہور ہوگئی - مُیڈا صاحب نہایت ترش رو سرکہ جبین آدمی تھے - اُنکے دو جوان لڑکے تھے - دونون کا بیاہ ٹھہرا ہوا تھا - مہینون سے تیاریان ہوتی تھین احباب دور دور سے بلائے گئے تھے - اتفاق سے اُنکی میم علیل ہوکر تین چار دن مین چل بسین تیسرے دن ایک لڑکا علیل ہوا - لاکھ لاکھ تدبیر کی مگر بے سود تین ہی دن بعد کے بعد دیگرے دونون چل بسے مُیڈا صاحب کے نام سے برات اُنھین کی کوٹھی پر چلی —

مس روز کا ملازم سب حال سن رہا تھا - اُسنے آکر اُن سے کل کیفیت بیان کردی -

مس روز - این گل دیگر شگفت -

ہرمزجی - کیڑا چاہیے کون کمبخت صاحب کوڈی کرتی ہین - کہلا بھیجیے کہ برات لوٹ آئے -

گیبل - غضب ہوگیا - وہان اس ہفتے مین کئی حادثے ہوئے ہین -

ہرمزجی (نوکر سے) ذرا ہرمزجی کے آدمی کو بھجا دو - وہ کہدے گا کہ یہ بھرو پیا بیاہ کی خبر سنکر آیا ہی حادثے کا حال اسکو معلوم نہین - ورنہ بھرو پیا کی جان پر بن آئیگی -

برات کوٹھی کے پھاٹک پر پہونچکر ذرا اڑ گئی -

حادثے کے دوسرے روز آٹھ بجے شب کو صاحب نہایت ملول ہو رہے تھے کہ کان مین شور اور غل کی آواز آئی نیند اچٹ گئی - پوچھا یہ کیسا غل ہی - آدمی نے باہر نکلکر سپاہیون سے کہا دیکھو کون غل مچاتا ہی - خوب پیٹو بدمعاش کو - دو تین آدمی پھاٹک سے برآمد ہوئے -

خوجی - واہ وارے آپ کے یہان کی امارت و انتظام - کب سے برات کھڑی ہی دروازے پر روشنی تک ندارد - وہ لوگ بہت بگڑے - ایک نے کہا جی گرون ناپو بس مرک کی اور خوب پیٹو مرد و رکو -

خوجی (سمجھ گئے کہ گالیان دین) او گیدی یہ گالیان کیسی -

صاحب کے آدمی نے غصے مین آکر سائیس کو ایک ٹھوکر ماری وہ گر پڑا - خوجی کے سر پر ایک چپت رسید کی تو بگڑی وہ جا گری دوسرے نے ایک ڈنڈا لگایا - ٹٹو کے پاؤن مین لگا وہ بیٹھ گیا - اب لگی خوجی کے سر پر چپت بازی ہونے -

خوجی - نہ بھائی ایسی دل لگی نہ کرو (پھر بگڑکر) کچھ کھٹکی تو نہین آئی تم سب کی دیر ہوتی جاتی ہی - اور اندر خبر نہین کرتے مالک سنین گے تو نکال ہی کے چھوڑینگے تم سب کو -

دس پانچ آدمی اور کڑکڑ بڑکر تے اندر سے نکل آئے - بچارے بندوقچی نیوٹون پر بے بھاؤ کی پڑین - چراغ والے چراغ پھینک کر بھاگنے لگے اور سرے سے منتشر ہوگئے -

اتنے مین ہرمزجی کے نوکر نے کہدیا کہ یہ بھرو پیا بیاہ کی خبر سنکر انعام کے لالچ سے آیا تھا حادثے کا حال اسکو نہین معلوم سمجھا کرو -

آدمی - نجکو معلوم نہین کہ صاحب آج بدحواس ہین اور مارے رنج کے اُنکی جنون کی سی کیفیت ہو رہی ہو۔
خانسامان نے اسکا مطلب سمجھایا۔

آدمی - آج تمھارا خون ہوگا یہان۔

خوجی - زہے نصیب جو معشوق کے کوچے مین جان جائے۔
ایک آدمی نے خوجی پر بھی دو ایک لگا دین۔
دوسرے نے دس پانچ ٹھوکر ٹھونسا پڑے ٹٹو ہنہناتا ہوا بھاگا اور خوجی اپنا سا منھ لیکر شرمرغی کی کوٹھی کو واپس آئے۔

میدان کارزار

بیاساقی بیار ہی دل نوازم — کہ بے تو ہمچو شمع اندر گدازم
دلی دارم نظیر از مہ درین باغ — بر رنگ لالۂ فانوس صد داغ
بمن یک جام وہ زان راحت جان — کہ بی او خاطری دارم پریشان
ذی بامن اگر باشی ہم آہنگ — نوائی برکشم در پردۂ چنگ
صلائے دل کشی بر خیز از من — کہ رقصد از سماعش روح در تن
ز بزم آن دم بسوی رزم آیم — بہ رودم در رویں پیکار آزمایم

رستم سیستان شجاعت پہلوان ہفتخوان منازل بسالت میان آزاد فرخ نہاد رجمبٹ کے ساتھ کئی دن تک مختلف مقامات مین پڑاؤ ڈالتے ایکدن ایک دلکش مقام پر پہونچے۔ درخت پھلے پھولے۔ شاخین ہری بھری گلبن غالیہ بار چیہ چیہ رکش فرخار۔ میان آزاد پشت توسن سے اُتر کر لب چشمہ سار علیقو پاشا کے ساتھ ٹہلنے لگے۔

علیقو - ہماری سپاہ جرار اور افسران آزمودہ کار کا جوش و خروش روز بروز بڑھتا ہی جاتا ہی۔ دو سمت جنگ چھڑ گئی ہی۔ ایک یہان دوسری ایشیا مین۔ حمد مختار پاشا افواج متعینۂ ایشیائے کوچک کے سپہ سالار مقرر ہوے ہین دیکھیے کیا نتیجہ نکلتا ہی۔ جنگ دوسرا رو۔ خدا جسکو فتح دے۔

آزاد - احمد مختار پاشا جری اور جنگ آزما ہین بالیسے ویسے۔

علیقو - ایسے ویسے نہین۔ بڑے تجربے کار آدمی ہین اور پابند صوم وصلوٰۃ۔

ادھر یہ باتین ہوتی تھین ادھر لشکری سفر کے تھکے ہوے گھوڑے کھول رہے تھے۔ کوئی گھوڑے سے اُتر کر ستانے لگا کسی نے سبزہ زار پر فرس باد رفتار کو چھوڑ دیا کہ آزادی کے ساتھ پھرے۔ کوئی ترکی چرٹ پیتا ہی کوئی دریا کی موج زنی دیکھتا ہی۔ الغرض سب اپنے اپنے کام مین تھے کہ دفعتہً گرد نمودار ہوئی۔ سب کی نظر گرد ہی کی طرف تھی۔ یا الٰہی یہ گرد کیسی۔ میان آزاد بھی حیرت سے دیکھنے لگے کہ دفعتہً کسی شخص نے انکو مخاطب کر کے یہ شعر سنایا ؎

خاکساران جہان را بہ حقارت منگر
تو چہ دانی کہ درین گرد سواری باشد

میان آزاد نے جو نظر ڈالی تو دیکھا کہ ایک شخیم آدمی ہی گھوڑا سفید و شیہن پر شخص رجمبٹ کے ساتھ تھا میان آزاد کچھ پوچھنے ہی کو تھے کہ سامنے سے کئی سوار نظر آئے۔ افسر کمانیر اپنے خیمے سے بدحواس ہو کر نکلے اور فرط اشتیاق سے کوئی دس بارہ قدم بڑھکر سوارون کا استقبال کیا ایک نوجوان سوار نے لفافہ دیکر کہا۔ وزیر جنگ نے دیا ہی۔

افسر کمانیر نے لفافہ پڑھا تو خاص وزیر جنگ کے ہاتھ کا لکھا ہوا۔ کھولا خط پڑھا۔

افسر کمانیر - کوچ - کوچ کا حکم ہی۔

اُنکے ماتحت افسرون نے کہا کوچ مین کوئی عذر نہین مگر ابھی فوج تھکی ماندی چلی آتی ہی - اگر اسی دم کوچ کردیا تو بڑی خرابی واقع ہوگی - افسر کمانیر نے وزیر جنگ کا حکم سُنا کر کہا اب ہم ایک دم نہین رک سکتے حکم ہی یہ ہی -

وزیر جنگ نے لکھا تھا کہ اگر ذرا بھی توقف ہوا تو تمھاری سپاہ کو روسی بالکل بھون ڈالین گے تھوڑی دیر تک افسرون مین سرگوشی ہوتی رہی -

علیقو پاشا - اور جو ایک فانیگ کام بھیجدین تو کیسا ہو -

افسر کمانیر - کُل رجمنٹ کو حکم ہی کہ فوراً کوچ کرے اور آگے بڑھے -

آزاد پاشا - آج راہ ذرا خراب تھی - پڑاؤ کا مقام توصاف ہی مگر راستے مین بڑی بڑی مصیبتین پڑین - اگر ایسی راہ اب بھی ملے گی تو بس تڑکا ہی ہو جائے گا - اور رات کے وقت اور بھی وقت ہی -

احمد مختار پاشا - اب وقت ضائع ہوتا ہی -

افسر کمانیر - کوچ کا حکم دو -

قاعدے کے موافق کوچ کا حکم دیا گیا تو لشکری سخت متحیر ہوے کہ یا الٰہی کون آفت آنے والی ہی کہ پھر بجتے دیر نہین اور کوچ کا حکم ہوگیا مگر بندگی بجا رہی - طرّہ اسپر یہ ہی کہ پاس حمیت - جوش و خروش کی یہ کیفیت کہ سپاہی زمین پر قدم ہی نہین رکھتے دل سے لگی ہی کہ فوج روسیہ کو نیچا دکھائین وہ وہ تدبیرین عمل مین لائین کہ دشمن مُنہ کی کھائین اور پھر حشر تک مقابلے پر نہ آئین حکم پانے کی دیر تھی دم کے دم مین سب لیس - قرینے کے ساتھ کوچ ہوا شام تک فوج نے باسانی و آرام راستہ طے کیا - مگر آفتاب کے غروب ہوتے ہی وہ تاریکی چھائی کہ الامان - افسر کمانیر نے پہلے ہی سے روشنی کا انتظام مناسب کردیا تھا - بعد خرابی بصرہ ایک مقام پر پہونچے جہان چوطرفہ جھاڑیان تھین - افسر کمانیر نے دو چار واقف کار آدمیون سے پوچھا کہ پہلے پڑاؤ سے یہ مقام کس قدر فاصلے پر ہی معلوم ہوا کہ پہلے پڑاؤ سے گیارہ کوس زمین طے کر آئے -

اب سنیے کہ وہان خیمہ نہ خرگاہ نہ کوئی عالی شان محل جسمین لشکری رہین رات کا وقت گانون اُجاڑ - رہین تو کہان رہین -

علیقو پاشا - یہان تو بڑی دقت ہوگی سوئینگے کہان -

آزاد پاشا - شاید بایذرستین ناشاد و بایذرستین -

احمد مختار پاشا - خدا جانے وزیر جنگ کو کیا سوجھی - گرداوری کے لیے کسی کو ضرور بھیجنا چاہیے معلوم تو ہو کہ غنیم ہی کہان -

آزاد - تیس سوار اور ایک جونیر افسر کو وزیر جنگ نے روانہ کردیا ہی مگر ابھی تک وہ واپس نہین آئے -

سپاہیون نے ادھر اُدھر دیکھا کہ شاید کوئی عمدہ مقام ہاتھ آئے مگر بجز ایک قبرستان کے اور کچھ نہ دیکھا سب کی صلاح ہوئی کہ قبرستان ہی مین پڑاؤ ڈالین - افسر اور سپاہی اور سوار اور کُل سب قبرستان مین داخل ہوئے -

افسر کمانیر (ایک افسر سے) اتنا سا گانون اور اتنا بڑا قبرستان - اسکی وجہ سمجھے - یہان ایک جنگ عظیم ہوئی تھی والد بزرگوار اسی جنگ مین جان بحق تسلیم ہوئے تھے -

افسر - تو اُنکی قبر بھی شاید اسی ٹیلے مین ہوگی -

افسر کمانیر - ہان وہ سامنے والی اونچی قبر ہی - (آبدیدہ ہوکر)

زمین پہ سوئے ہین چھوڑا ہی شہ نشینون کو
اجل کہانسے کہان لائی ہے مکینون کو

سوارون نے گھوڑے باندھے اور قبرون پر لیٹنا شروع کیا۔ دن بھر کے سفر اور کوچ و کوچ نے ازبس مضمحل اور شل کر دیا تھا۔ گو قبرون اور تھمرون پر لیٹنے مین کوئی آرام نتھا لیکن اسوقت قبر ہوا کے تکیے اور تھیر فرش گل سے بھی زیادہ آرام دیتے تھے نصف سے زیادہ لشکری قبرون پر لیٹے تھے بعض بعض نے ہتھیار بھی اتار رکھے تھے بعض بعض مسلح ہی سو رہے کہ جبتک کوئی اور بندوبست ہو تب تک ذرا آرام تو کر لین۔

علیقو پاشا اور آزاد پاشا مین بڑا یارانہ تھا ایک ہی قبر پر لیٹے کر باتین کرنے لگے۔ علیقو پاشا نے کہا آدمیون اور گھوڑون کی جسقدر قلت ہو گئی اُسیقدر آسانی سے فوج کو کوچ کرے گی۔ اگر کالم بڑا ہو تو سڑک پر کوچ کے وقت سخت دقت پڑے گی جتنے افسر کسی کالم کی کمان کرتے ہون انکو دائین بائین کے کالمون کا حال معلوم رہنا چاہیے۔ آج اس مرتبہ کے کوچ مین ذرا گڑبڑ ہو گیا تھا۔ چار میل انسان ایک گھنٹے مین چل سکتا ہے لیکن سپاہی فوج کے ساتھ ایک گھنٹے مین چار میل نہین جا سکتا۔ اور اسقدر بار لیکر اسکے علاوہ جب کوچ کر کے منزل مقصود پر پہونچا تو آرام نہین ملتا۔ نہ گدگدا بچھونا پاتا ہے نہ عمدہ غذا۔ زمین پر سونا نصیب ہوتا ہے ادھر پڑا اُدھر پہونچتے ہی حکم ہوتا ہے کہ فلان ڈیوٹی (کام) پر جاؤ اور کھانا اکثر خراب ملتا ہے۔

آزاد پاشا۔ یورپ کے ملکون مین اوسط وقت کوچ کرنے کا کیا ہے۔

علیقو پاشا۔ فوج پیادہ کے لیے تین میل فی گھنٹہ۔ رسالے کیلیے پانچ میل اور توپخانے کے لیے بھی پانچ میل

اگر کالم بڑے بڑے ہوے اور فوج زیادہ ہوئی تو اس سے بھی کم زمین طے کریگی۔ فوج پیادہ انتہا ڈھائی میل فی گھنٹہ جائیگی اور سڑک خراب ہوئی تو ڈیڑھ میل سے زیادہ گھنٹے مین فوج نہین جا سکتی۔

اکثر بڑی بڑی لڑائیون کی کوچ کی حالتون اور اور امور پر بحث کرنے غور کیا ہے۔ ایک مقام ہے مینگھا۔ وہان تو میل زمین پانچ گھنٹے مین طے کی حالانکہ بڑی عجلت تھی افسر کمانیر نے تاکید حکم دیا تھا کہ بہت جلد جاؤ سنہ ۱۸۶۶ء مین آسٹریا کا ایک لشکری چودہ گھنٹون مین صرف بارہ میل جا سکا۔

آزاد پاشا۔ ہراول کی فوج کے ساتھ ہم کئی بار مصنوعی جنگ مین گئے تھے۔

علیقو پاشا۔ ہم کو بکٹ کی فوج کے ساتھ رہنا بہت ہی پسند ہے۔

اسپر ایک لفٹنٹ نے مسکرا کر کہا ہمکو تو دن رات سونا اور آرام کرنا پسند ہے بکٹ اور طلایہ اور ہراول سب سے طبیعت کو نفور ہے۔

اتنے مین آواز آئی دھنا۔ این؟ یہ توپ کیسی دغی۔ سب کے کان کھڑے ہوے افسر کمانیر سخت متحیر تھے۔ کہ یہ آواز کہان سے آئی اور واقعی حیرت اور پریشانی کی بات ہی تھی۔ اتنے مین پھر آواز آئی دھنا۔ جو لوگ غافل سو رہے تھے وہ تک جاگ اُٹھے۔ اب تمام لشکر مین کھلبلی پڑ گئی این کیا روسی آ گئے۔ یہ توپ کہان دغی فوراً حکم ہوا کہ جو کمر کسے ہوے مسلح ہین وہ گھوڑون پر کاٹھیان دھریں اور جو مسلح نہین ہین وہ کمر کسین اور مہا تیار ہو جائین۔ دو منٹ کے عرصے مین ہراول کے سوار گھوڑے دوڑاتے ہوے آن پہونچے

آتے ہی غل مچا کر ایک ایک نے کچھ چٹھا کہہ سنایا۔
ایک سوار۔ فوراً پشت تو سن پر آؤ۔
دوسرا سوار۔ اب وقت بہت تنگ ہی۔ غنیم سر پر آن پہونچا۔
تیسرا سوار۔ اُٹھو اُٹھو۔ آرام اب منزلون دور ہی۔
افسر کمانیر نے حال دریافت کیا تو سوارون نے کہا کہ یہان سے آدھ میل کے فاصلے پر ایک قلعہ ہی اُسمین ترکی فوج کے چند سپاہی تھے چھ ہزار روسیون نے انکو گھیر لیا ترکون کی قلت اور روسیون کی کثرت سے یہ نتیجہ ہوا کہ قلعہ کی ایک دیوار توڑکر ترکی نکل گئے قلعہ خالی پاکر روسی اپنے قبضے مین لے آئے اب اُنکو گوید ون نے خبر دی کہ ترکی فوج آن پہونچی۔ افسر کمانیر نے کہا کہ ہاسی سمجھ مین نہین آتا کہ گولے کیون چلانے شروع کیے معلوم ہوتا ہی کہ روسیون کی جماعت ہماری جماعت سے کم ہی۔ خوف دلانے کے لیے گولہ اندازی شروع کردی۔ ورنہ اگر روسی سپاہ کافی ہوتی تو اس وقت وہ دو چار کالمون سے ہمین گھیر لیتے۔ کل افسرون اور جونیر افسرون کو بلاکر مشورہ کیا۔ اور مشورہ کے بعد انواع واقسام کے احکام مناسب جاری کرنے لگے۔ تاکہ فوج قرینے سے آہستہ ہوجائے۔
افسر کمانیر۔ رن ہتا بین روشن کرد
آزاد پاشا۔ اب آخری راے کیا قرار پائی۔ گڑھی پر حملہ ہوگا یا ملتوی ہوگا۔
علیقو پاشا۔ حملہ ہونہو۔ توپ کا جواب ضروری دینا چاہیے۔
احمد مختار پاشا۔ پہلے اس قبرستان سے تھوڑی دور میدان مین مجتمع کرکل کالمون کو درستی کے ساتھ آراستہ کیجیے پھر توپخانے سے کام لیجیے۔ اتنے مین پھر توپ دغی اور ادھر سے اسکا جواب دیا گیا۔
اب سنیے کہ یہ قصبہ دریاے ڈینیوب سے کئی کوس کے فاصلے پر واقع تھا بیچ مین قلعہ خاص تھا نہایت مستحکم اور عظیم الشان اردگرد چھوٹے چھوٹے قلعے۔ چاردن کونون پر ایک ایک یہ قلعے گو وسعت مین چھوٹے تھے مگر سر بفلک کشیدہ۔ اور بس مضبوط اور سب مین تو مین بڑھی ہوئی اس قلعے مین ایک بہت بڑی توپ تھی ترکی اپنی زبان مین اسکو صوف شکن کہتے تھے اُسکی غلمت کی ادنی تعریف یہ ہی کہ ورزی اسمین بیٹھکر سی سکتے تھے اس صوف شکن کی پیشانی پر یہ مصرعہ کندہ تھا ع

بترس از آہ مظلومان کہ آتش در دہد ہامون وارم

اس توپ پر روسیون کو بڑا ناز تھا۔ جب ترکون نے قلعے کو خالی کیا تو صوف شکن مین کیل ٹھونک دی تھی قاعدہ ہے کہ جب کبھی میدان مین لڑائی ہوتی ہی تو بھاگنے کے وقت اکثر توپ مین کیل ٹھونک دیتے ہین تاکہ غنیم آئے تو فوراً توپ کو کام مین نہ لاسکے قلعہ خاص کا بہت بڑا رقبہ تھا قلعہ کیا گویا ایک شہر آباد تھا۔ زراعت بھی اسمین ہوتی تھی دریا سے کاٹ کر ایک نہر لائے تھے جو قلعے کے چارون طرف جاری تھی نہر کے اردگرد کچھ فاصلے پر نیسواڑی تھی۔ اس درجہ گھنی کہ گولہ وقت سے اُس پار جائے نیسواڑی کے بعد ببول کے درخت یہ بھی گھنے تھے انکے بعد ایک اور نہر تھی۔ نہایت عمیق۔ نہر کے بعد گہری گہری کھائیان۔ اُنکے بعد اونچی نیچی زمین اور پھر ریت اور بالو۔ ان سب کے بعد پھر نیسواڑی اور چارون کونون کے اردگرد نہرین اور کھائیان اور جنگل۔
ترکی اس قلعے کو نہ چھوڑتے۔ مگر خرابی یہ ہوئی کہ جب

نوے ہزار روسیون کے دریاے ڈینیوب کے اس پار آجانے کی خبر آئی تو اس قلعے کی فوج کو حکم ہوا کہ فوراً اس لشکر کی مدد کو جائے جو فوج روس سے لڑنے کے لیے بھیجا گیا ہے۔ بس قلعے مین معدودے چند ہی سپاہی رہگئے اور رسد بھی مکتفی نہ تھی لہذا قلعے کی دیوار توڑ کر وہ بھاگ گئے۔ روسی سمجھتے تھے کہ اس قلعے کے قبضے سے ملک کا ایک حصہ گویا انکے زیر نگین ہوا اور تھا بھی ایسا ہی مگر جب اُنھون نے یہ خبر وحشت اثر سنی کہ ترکی فوج ظفر موج آن پہونچی اور سامان جنگ سب لیس ہے تو پاؤن تلے سے مٹی نکل گئی۔ روسیون کے صرف ڈیڑھ ہزار آدمی اس قلعے مین تھے۔ قریب تھا کہ رسد کا سامان بہم پہونچائین مگر ترکون نے اسقدر مہلت نہ دی۔

حضرت وزیر جنگ کی طبیعت داری کے صدقے کہ دارالسلطنت ہی مین بیٹھے بیٹھے اس قلعے کی فکر کی ورنہ روسی اسمین جم جاتے تو نکالنا مشکل تھا روسیون نے ترکی فوج کے آنے کی خبر پاکر توپین داغنا شروع کین۔ دونون طرف سن ناٹا مین روشن ہوئین اور توپون پر بتیان پڑنے لگین اور دھنا دھن کی آوازین آنے لگین۔

افسر کمانیر نے دو چار سوارون سے جو اس قلعہ کے حالات سے خوب واقف تھے طرح طرح کے سوال کیے اور جوابون پر خوب غور کیا۔

کمانیر۔ اس قلعے کے ارد گرد تو چار برج ہین نہ۔

سوار۔ ہان اور چارون مضبوط۔

کمانیر۔ اور توپین چڑھی ہین۔

سوار۔ جی ہان ایک برج مین جو پورب کے رخ ہے برنجی توپین ہین۔

کمانیر۔ خوب معلوم ہے؟۔

سوار۔ حضور مین اس قلعے مین چھ مہینے رہ گیا ہون۔

کمانیر۔ بھلا کسی ایسے گاؤن والے سے پوچھو جو تمھارا دوست ہو۔

سوار۔ آپ کو جو کچھ دریافت کرنا ہو کہ لیجیے تو پھر مین گاؤن والون سے اور خبرین لاؤن۔

کمانیر۔ بسسوار یہان جو اسمین تمھین وہ ہین یا نہین۔

سوار۔ اب ایسی بودی بھی نہین ہے کہ گری ہی پڑتی ہو۔

کمانیر۔ ہان ہم سمجھے۔ خیر۔

سوار سے اور بھی بہت سے سوال کر کے کمانیر نے حکم دیا کہ تو پخانہ تھوڑی دور اور بڑھاؤ۔ اور اسکے بعد طلایہ کے سوارون سے پوچھا کہ قلعہ یہان سے کس قدر فاصلہ پر ہے سوارون نے کہا آدھ کوس مگر اس سوار نے جو چھ مہینے تک قلعے مین رہ چکا تھا۔ اسکی تردید کی اور کہا آدھ کوس سے زیادہ ہے کمانیر نے کہا گاؤن کے لوگون سے دریافت کرو کہ ٹھیک فاصلہ کسقدر ہے۔

چھ سوار گاؤن مین پہونچے۔ دیہاتی بیچارے مارے خوف کے لرز رہے تھے کہ خدا خیر کرے۔ جنگ کے نام سے رعایا منزلون بھاگتی ہے قاعدہ ہے۔ لوگ خوب جانتے ہین۔ کہ تجارت پر اوس پڑ جائیگی۔ خون کی ندیان بہینگی ملک تباہ ہوگا۔ گاؤن جلا دیے جائین گے۔ رعایا صید الم ہوگی۔ انواع و اقسام کی مصیبتین پڑینگی۔

طرفین سے لوگون کی بوچھار ہونے لگی اور ایک گولہ عین فوج مین آکر پھٹا تو ایک ٹکڑا علیقو پاشا کے گھوڑے کے پچھلے پر پڑا۔ اور میان آزاد کا سمند و غا پسند بھی

کسی قدر جھجکا۔ علیقو پاشا کا گھوڑا گرا۔ مگر وہ پھرتی کے ساتھ اُچک گئے۔

آزاد۔ شاباش۔ بچے؟

بچے کہا ہی تھا کہ ایک سوار کا گھوڑا دوسرے گولے کے ٹکڑے سے دھم سے زمین پر آرہا۔ اور میان آزاد کے کان کے پاس سے بھی ایک گولی سنسناتی ہوئی نکل گئی۔

آزاد و پاشا۔ این یہ گولی کہان سے آئی۔

ایک افسر۔ (غل مچاکر) این! اگر قلعہ دو میل ہو تو گولی کہان سے اتنی دور آئی۔

دوسرا افسر۔ بیشک دو میل۔

یہ باتین ہو ہی رہی تھین کہ پشت پر سے روسیون نے باڑھ ماری۔ وائین۔ وائین۔ وائین تمام فوج مین کھل بلی مچ گئی۔

طرفین سے گولہ اندازون نے گولے اُتارے توپون کے دغنے کی آواز سُنکر گانون والون کا زہرہ آب آب ہوا جاتا تھا۔ اور آواز بازگشت اور بھی ستم ڈھاتی تھی ترکی گولہ اندازون نے چار گولے ایسے اُتارے کہ ایک قلعے کے بُرج کو ڈھا دیا اتنے مین گھنگھور گھٹا چھائی اور بجلی اس زور سے کوندنے لگی کہ گھوڑے بیقرار ہو گئے ترکون نے باایں ہمہ گولہ اندازی موقوف نہ کی مگر روسیون نے جواب دینا بند کر دیا گو روسی محفوظ مقام مین تھے قلعہ اربس مستحکم تھا۔ صف شکن توپ ستم کا توڑ کر رہی تھی۔ اور ترک اسکے برعکس کھلے ہوئے میدان مین تھے۔ لیکن رسد کی قلت کے سبب سے روسی مایوس ہو رہے تھے ترکون نے بھی مقتضائے مصلحت سکوت اختیار کیا افسر کمانیر نے ایک کامل کو پشت کی طرف قاعدہ سے بھیجدیا تھا۔ تاکہ جو روسی کامل اس طرف سے جنگ کرنے آتا ہو اُسکا جواب دینے جائے مگر آخر کو معلوم ہوا کہ وہ تھوڑے سے آدمی تھے گھٹا چھاتے ہی قلعے مین ہو رہے۔ ترکی فوج کانپ رہی تھی کہ مبادا منجہ برسے تو بڑی ابتری اور خرابی واقع ہو۔ جاے ماذن نہ پاے رفتن۔ مفر کا کوئی مقام نہین۔ بارے خدا خدا کر کے مینھ نہین برسا مگر تمام رات بجلی چمکتی رہی اور کالے کالے بادل آسمان پر نظر آتے تھے۔

اتنے مین ایک شخص نے آکر بیان کیا کہ یہان سے آدھ کوس کے فاصلے پر ایک جنگل ہو۔ اسمین پہلے درندہ جانور کثرت سے رہتے تھے مگر فوج نے شکار کر کے جنگل کو خالی کر دیا۔ اگر شب کو فوج وہان ہی رہے تو مفر کی صورت ہو۔

کمانیر۔ ایک جونیر افسر اور بیس سوار جاکر موقع دیکھ آوین اور فوراً رپورٹ کرین۔

آزاد نے کہا مین جاتا ہون۔ بیس سوار لیکر گئے اور فوراً واپس آئے۔

افسر کمانیر۔ دیکھ آئے۔ ہی اچھا مقام۔

آزاد۔ بڑا گھنا جنگل ہو اور فوج بآرام رات کو رہ سکتی ہی۔

ایک سوار۔ اس میدان سے کہین بہتر ہی۔

دوسرا سوار۔ جب ہم اس قلعے مین تھے تو اس جنگل مین خوب شکار کھیلتے تھے مگر سلطان کا حکم آگیا تھا کہ شکار محفوظ رہے اتنا جانور کا وہان نام ہی نہین ہی۔

تیسرا سوار۔ نہین ہی تو اکا دکا ضرور مگر بہت کم۔

چوتھا سوار۔ اب اور بھی گھوڑون کی ٹاپون کی آواز سُنکر بھاگ جائین گے۔

افسر کمانیر نے حکم دیا کہ جنگل کے قریب چلکر ٹھہرو۔

فوج روانہ ہوئی - روسیون کو بھی گوندون نے خبر دی کہ ترکی اُس جنگل کیطرف گئے افسر کمانیر نے حکم دیا کہ دو سو سوار مسلح اِردگرد پہاڑیون اور ریکٹ کے لیے چار سو آدمی مقرر ہون اِسکے بعد کچھ لوگ نہایت بیچینی کے ساتھ سوئے اور اکثر بیٹھے ہی بیٹھے اونگھنے لگے -

خاکی شادی کا خاکہ

خورشید وحشت و جہالت کے مشرقستان میان بدیع الزمان (ناشاد دودھا) کی خاکی شادی کا حال نذر ناظرین نخبۂ خصال ہو چکا ہے - چاند سی بیوی کی تمنائے ہم آغوشی اور عین گرمجوشی مین چاند گہنی ہو گئی اوس ہی پر گئی - مس روز تو ہتھے نہ چڑھین مگر غم والم کے تیر جگر دوز نے سینہ چاک کر دیا خوب بے بھاؤ کی پڑین - ٹوپی سے زمین پر ٹھکنی کھائی اور جگت ہنسائی جو ہوئی وہ گھاتے مین - دو بار دودھا بنے پرانے سر پر نئی دستار جمائی مگر آرزو نہ بر آئی - سیکڑون ارمانون کا خون ہوا -

خوجی کے دل مین کھُب گئی کہ لڑکون کی شرارت سے اُنپر اوس پڑی نہ وہ منحوس اشعار زبان پر لاتے - نہ یہ جوتیان کھاتے - اپنے حافظے پر بھی دانت کٹکٹا کے رہ جاتے تھے کہ مس روز کا نام کیون نہ یاد آیا بڑا اُغپا کھایا - سر دُھنتے تھے تنکے چنتے تھے ہر مزحی کا ہنسنا اور بنانا مس مَیڈا کا زیر لب مسکرانا مس کیل کا انگلیون پر نچانا اور بھی ستم تھا خون پی کے رہ جاتے تھے اُف تک زبان پر نہین لاتے تھے - اِس استقلال کے قربان - اِس تحمل کے صدقے -

ایک شاعر غرّا نے معاً ناشاد دودھا کی خاکی شادی کا خاکہ اُڑا دیا اور تاریخ شادی خاکی بطریق نذر پیشکش کی -

	وہو ہذا
بیا اے خانۂ نیرنگ پرداز	سرود شادیانہ ساز کن ساز
نوائے میکشم در نشۂ مے	بآہنگ حجازو نائہ نے
بیا سازم دمے جشن دل افروز	کہ عقد خواجہ بارو زست امروز
زمن بشنو کنون تفصیل روداد	کہ چون بر جنگ یکّہ تاخت آزاد
ہوس در خاطر خواجہ پے افشرد	ہوائے وصل رو زد راز جابرد
زبعد شورۂ چندے ظریفان	روان شد بہر دامادی بدخشان
ہجوم کو دکان از ہر کنارہ	ہمانا شانزدہ اندر شمارہ
غزلخوانان شدہ ہمراہ باوی	ولے ہر یک سوار توسن نے
دہل از یک طرف اندر صدا بود	نوای تہنیت گوش آشنا بود
ز طرف شعلہ آواز گل کرد	صدا از تارہای ساز گل کرد
ز طفلان حلقۂ در دف نوازی	گرد ہے زان میان دُنبکہ سازی
بناگہ زاختلاف چار ناچار	جدل مابین طفلان شد ببازار
بسوئے خواجہ طفلے زان میان تاخت	ز پشت توسنش بر خاک انداخت
یکے در گوشمالی ہمچو استاد	بگوشہ بررس ضربت ضربتہ داد
مدار آتش نمودہ شد چو بسیار	بمسکن راہ دادند آخر کار
اگر تاریخ این خاکہ شماری	سہ بار اعداد خاکہ جمع آری
چو سال ہجرتش پرسی محاسب	زمن بشنو اگر دانی مناسب
زجیم خواجہ تخمینہ بکر ر	بضرب شانزدہ تاریخ بنگر

سبحان اللہ کیا تاریخ بدیع ہے - پہلے جیم خواجہ کے جیم کے تین عدد - ۳ تین کا مجذور ۹ - اور مجذور مکرر یعنے مجذور کا مجذور کیا ہوا - ۸۱ - ۹ × ۹ - اب شاعر کہتا ہے کہ اس مجذور کے مجذور یعنے اکاسی کو سولہ سے ضرب دو بضرب شانزدہ کہا ہے نہ تو حساب یون ہوا -

ہجری ۱۲۹۶ = ۱۶ + ۸۱

خوب تاریخ موزون فرمائی ہی۔ ایک زندہ دل ظریف طبع نے خوجی کے نام خط لکھا اور خط مین تاریخ بھی لکھدی۔ خط کی عبارت سننے کے قابل ہی۔

ایہا الخوجی۔ والسلام۔ کیسے مزاج مقطع۔ کھوپڑی کا حال تو کیسے کہ پلپلی ہوگئی یا نہین۔ بھلا کیون صاحب۔ ایک پانون تو آپ قبر مین لٹکائے بیٹھے ہین یہ شادی کا شوق کیسا چرایا۔ اس بڈھ بھس کے صدقے۔ اے لاحول۔ اے پھٹکار۔ اس عقل پر خدا کی مار۔ ؎

پیرے کہ دمِ زعشق زند بس غنیمت ست
وز شاخ کہنہ میوۂ نورس غنیمت ست

منھ مین دانت نہ پیٹ مین آنت اور چلے دولھا بنکے پری کو بیاہنے تم اور اُس کلبدن گلرخسار۔ نازک اندام طرحدار پر یہ بھجو۔ اے تیری قدرت۔ پہلے منھ تو نہواؤ۔ ؎

غالب اِن سیمین ذقنون کے واسطے
چاہنے والا بھی اچھا چاہیے

یہ کوہ قاف کی پریان وجیہ اور خوشرو جوانون کے لیے ہین یا تم ایسے بونون کے لیے۔ ؎

بت کرین آرزو خدائی کی | شان ہی تیری کبریائی کی

میان اس خیال خام سے درگذرو۔ ورنہ مفت مین اور پٹو گے۔ اپنی خاکی شادی کا خاکہ پڑھو۔ خبردار اب اُدھر رخ نہ کرنا۔ مین بھی ہندی ہون لہذا دیکھنہ سکا کہ اس ملک کے باشندے تمکو بنائین اور ہم منھ دیکھ کر رہ جائین۔ جمنے سمجھا دیا اب تمھین اختیار ہی۔ ؎

سمجھانے سے تھا ہمین مگر کا | اب مان نہ مان تو ہی مختار

اس خط اور خاکی شادی کے خاکے کو پڑھکر میان خواجہ بدیع الزمان صاحب نے اپنا سر پیٹ لیا۔ کئی بار اشعار پڑھے اور بہت ہی جھلائے۔ ٹھان لی کہ اس شاعر کی کسی وقت جب ذرا طبیعت ٹھکانے ہوگی خوب دل کھولکر ہجو کرینگے۔ ٹھہر تو سہی تو خواجہ بدیع جو اس سے بڑھکر ہجو کرون۔ ہم شاید شعری کہنا نہین جانتے تھوڑی دیر کے بعد سرفرجی کے ایک آدمی نے دوسرا رقعہ دیا۔ سمجھے مس روز کا محبت نامہ ہی۔ لیا۔ چوما۔ سر پر رکھا۔ پھر بوسے لیے۔ کھولا۔ تو یہ قطعہ خواجہ صاحب کی نظر فیض اثر سے گذرا

قطعۂ تاریخ شادی ناشاد و دولھا

جلکت آشنا خواجۂ نامدار	چلے بیاہ کرنے کو ہوا کے خط
سرراہ چیتین سر پاک پر	فقط دوسو سولہ پرین بے نقط

اب اور بھی جھلائے۔ مارے غصے کے منھ تمتمانے لگا۔ ابین! اور سنیے یک نشہ دوشد بے نقط سناتا ہی۔ اچھا سمجھا جائیگا۔ اور دوسو سولہ کا یہ کون حساب ہی پرین تو ضرور مگر دوسو سولہ کس بھکوے کے سر پر پڑین۔ سر نہوا طبلہ ہوا کہ جب دیکھیے ہاتھ پڑ رہا ہی اور سر راہ کس پر پڑین در دانہ پر سسرال والون نے دل لگی دل لگی مین ہاتھ گرایا تھا۔ سٹرک تھی وہ اور پڑین کس پر ہمین یہی نہین یاد ہی۔ وہ تو سر سہلاتے تھے۔

خوجی۔ (سرفرجی کے آدمی سے) یہ خط کون لایا تھا بے۔

آدمی۔ ہمکو نہین معلوم۔ ہم نہین جانتے۔

احمد نے سامنے آکر کہا یہ خط ایک شخص دے گئے تھے کشیدہ قامت ہین چھوٹی چھوٹی داڑھی۔ گاؤدیدہ۔ رنگ کھلتا ہی۔ ایک ایک موچھ ایک ایک چھپر کے برابر۔ خانساماں نے اسکا مطلب سمجھا یا تو خواجہ صاحب نے جھلاکر کہا اسکا نام بھی کچھ ہی یا گمنام تھا۔

خوجی - اچھا ہم بھی بجبہ کرینگے - دیکھ تو سہی -

شاعرے آمدہ زہندستان	در فن نظم و شعر ابحر خوان
خط ہذا شدہ زہوش گم	دل خواجہ شست گفتم تم
قم بہ اذن بدیع معنی رس	پندرہ بیس شعر کہدے بس
ہجو کہنا ہی اب شعار مرا	ہو نہ کم روم مین وقار مرا
کام میرا ہی ڈھال اور تلوار	شاعری سے نہین مجھے سروکار
گئی پشتون سے ہون سیاہی داد	ہمدم و مونس میان آزاد
گرز و خنجر ہین مثل جان و روح	جنگ میدان کیمیائے فتوح
ایسے شاعر سے مین سمجھ لونگا	کیا کوئی ایسا ویسا مین ہونگا

راوی - اے سبحان اللہ - ہونگا کہنا پیارا محاورہ ہی - خوجی کیا عمر و عیار کی زنبیل ہین - رسالدار کیدان بلم بردار شہسوار کشتی گیر شاعر - کوئی فن خبر سے چھوٹا نہین - اور طبیعت کسقدر حاضر ہی - اللہم زد فزد -

تھوڑی دیر کے بعد خوجی سوچے کہ دیکھین مادۂ تاریخ صحیح ہی یا نہین - پہلے اس تاریخ پر غور کرنے لگے گویا سمجھ ہی تو جائینگے -

سر براہ چیتین سر پاک پر	نقط دو سو سولہ پڑین بے نقط

اپنے دل مین سوچے کہ دو سو سولہ کی قید کیون لگائی - اس سے نہ سمت نہ عیسوی نہ ہجری سال نکلتا ہی - تاریخ کیا چیستان ہی اور چیستان کا حل کرنا سیکھا ہی نہین سوچتے سوچتے رقعہ کی پشت پر نظر پڑی تو حل معما لکھا پایا - اسکی عبارت درج ذیل ہی -

خوجی صاحب کہو کبھی پہیلی بھی بوجھی ہی - آپ کا سر سخ خوجی کا سر سخ ہی نہ - اچھا سخ کے کتنے عدد ہوئے ۶۰۰ ٹھیک دو سو سولہ سے ضرب دو - تو کتنے ہوئے ۱۲۹۶۰۰ -

مگر مطلوب ۱۲۹۶ ہی - یہ دو نقطے کہان جائین - شاعر کہتا ہی بے نقط دونون نقطے اڑا دیجیے - تو باقی کیا رہا - ۱۲۹۶ - وہو المطلوب -

خوجی نے کئی بار اسپر غور کیا اور جب سمجھے تو دل ہی دل مین شاعر کی بڑی تعریف کی کہ گو ہمارا دشمن اور باغی ہی مگر بے نقط کی اچھی کہی - اب دو سو سولہ کا مطلب اتنی دیر مین معلوم ہوا - اچھا تو خواجہ بدیع الزمان بدیع جوین بھی تاریخ کہون اور اس سے بڑھکر - انشاء اللہ کون بات ہی - ۵

بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد	اگر خارے بود گلدستہ گردد

شبخون

بیا ساقیا جان مستان بیا	بیا راحت می پرستان بیا
بیا ساقی گلبدن لالہ رنگ	بدہ جام اکشا مرا بید رنگ
بہارست اے ساقی گلعذار	خمار ابر اندڑی و سوڑ بیار
بمن دہ یکے جام خورشید رنگ	
کہ بارد سیان دارم آہنگ جنگ	

صف شکنون کی جان و روح معزز و ممدوح میان آزاد فرح بہادر نے اس دشت بلا خیز مین لشکریون کے ساتھ شب کو قیام کیا سپاہیون اور سوارون نے اشجار سر فلک کشیدہ کے سایہ مین آگ روشن کی تاکہ زمستان کی سرد مہری پر اوس پڑ جائے اور فوج ظفر موج باد خنک کے جھوکون سے نجات پائے ادھر آگ کے شعلے بھڑکے ادھر مرغان خوش الحان نشیمن اور آشیان سے زمین پر گرنے لگے - جن لوگون کے دل چوٹ کھائے ہوئے تھے انکو ان بے زبانون کی حالت زار پر رحم آیا جھپٹ کے

طیور دمی شعور کو اُٹھایا مگر اُن مین طاقت پرواز کہان تھی بیڑے مین ہر قسم کے آدمی ہوتے ہین۔ بعض بعض شکم بندہ گرسنہ چشمون نے چڑیون کو بھون بھون کھایا۔ جو گھونسلے نیچے کی شاخون پر تھے وہ شعلون کی گرمی سے جل بھن کے خاک سیاہ ہو گئے ع۔ واے بیدردی کوئی تا پے کسی کا گھر جلے۔ اکثر آشیانون کے چھوٹے چھوٹے بچے بھی کباب ہو گئے ؎

آشیانہ نہ قفس مین نہ چمن یاد آیا
آنکھ کھلنے بھی نہ پائی تھی کہ صیاد آیا

اپنے آرام اور اپنے ذائقے کے لیے حضرت انسان ان بے زبانون پر کیا کیا ستم ڈھاتے ہین اور یا انہیمہ اشرف المخلوقات ہونے کا دم بھرتے ہین اپنے منھ میان مٹھو۔ طوطون کو ذرا ذرا سے پنجرون مین بند کرکے نبی جی بھیجو اور ست گو ردت پڑھاتے ہین۔ یہ کچھ اس خیال سے نہین کہ طوطے بھی بہشت یا سرگ کی ہوا کھائین بلکہ صرف اپنا دل بہلانے کے لیے تاکہ اُن کے ہرے ہرے پر دبال اور اُنکی لال لال چونچ اور پیاری پیاری بولی سے دو گھڑی اپنا غم غلط کرین۔

میان آزاد کا دل بھر آیا پہلے تو خون پی کے رہ گئے۔ مگر ضبط نہ کر سکے اور بیڑے کے جوانون کی طرف مخاطب ہو کر یون کہنے لگے۔

ای پیارے بھائیو تم سب جان کف میدان کارزار مین آئے ہو کسی کو پوری پوری امید نہین کہ مورچے سے زندہ واپس جائے۔ ایک نہ ایک کے برابر گولی ہمارے خرمن زندگی کے جھلسا دینے کو کافی ہے اتنے آدمیون مین شاید ایک بھی ایسا نہ ہوگا جسکا کوئی غریز نہو رشتہ دار نہو۔ دوست نہو غمگسار نہو۔ کسی کی پیاری چاہتی بیوی راتونکو خواب مین چونک پڑتی ہوگی کہ ہاے میرے پیارے شوہر کا کیا جانے کیا حال ہوگا۔ کسی کی بوڑھی مان کا دل روتا ہوگا کہ خدا جانے اب اپنے نور بصر لخت جگر کے دیدار سے شاد ہون یا نہون۔ کسی کا بھائی دن رات دست بدعا ہوگا کہ بارخدایا میرے قوت بازو کو میدان جنگ سے صحیح وسلامت لا کسی کا دلی دوست اخبارون مین بڑے شوق سے دیکھتا ہوگا کہ فلان رجمنٹ کہان ہے۔ ہمارا یار وفادار تو بخیریت ہو کوئی اپنے پیارے لڑکے اپنے دل کی راحت اور زندگی کے چین کو یاد کرکے آشفتہ حال ہوتا ہوگا کہ خدا کرے ہم اس جنگ مین بچ جائین۔ مگر اسوقت ان بیچارے بیگناہ جانوران صحرائی کی حالت زار پر کسی نے رحم نہ کھایا۔ ہاے یہ بیچارے اپنی عقل یا شعور کے موافق کس کس ناز ونعم سے اپنے بچون کی پرورش کرتے ہونگے ہمیشہ یہی کوشش رہتی ہوگی کہ چاہے وہ خود مر جائین مگر اُنکے بچون پر آنچ نہ آنے پائے۔ ہاے یہ خبر ہی نہ تھی کہ گھونسلون ہی مین وہ بیگناہ جل جل کے کباب ہو جائینگے اور آنکھ بھی اچھی طرح نہ کھولنے پائینگے۔ ؎

تو اے کبوتر بام حرم چہ میدانی
طپیدن دل مرغان شتہ بر پارا

تم لوگون نے انواع اقسام کی بدعتون سے اُنکی جان لی یہ میان سوار جو میرے سامنے بیٹھے ہین انھون نے جانور کی ایک ٹانگ لی اور شعلے کے قریب لے گئے۔ وہ بیچارہ پھڑ پھڑانے لگا تو حضرت کو یہ دل لگی سوجھی کہ چونچ پکڑ کر جیتے جی آگ مین ڈالدیا۔ اتفاق سے وہ ایسے مقام پر گرا جہان آگ بہت کم تھی اور کئی منٹ مین تڑپ تڑپ کر اُسکی جان نکلی۔ ایک سائیس نے ٹانگ ہاتھ مین پھڑپھڑاتے ہوے

جانور کو بھونا - اُف ری بیرحمی -

حسن اتفاق سے حضرت کمانیر بھی چپکے چپکے میان آزاد کی تقریر سنتے جاتے تھے جب میان آزاد کہہ چکے تو دس بارہ آدمیون نے بھونے ہوے جانورون کو اُٹھا کر پھینکدیا اور سخت خفیف ہوے اُنکی تقریر سحر تکمیر نے بڑا اثر کیا - اِسکے بعد آزاد نے اُنکی بڑی تعریف کی - شاباش جوانو - بہادری کے یہی معنی ہین ع این کار از تو آید و مردان چنین کنند + شجاعت اسی کو کہتے ہین جو رحم دل نہین وہ شجاع نہین - وقت رستخیز یہی کوشش کرنا چاہیے کہ غنیم کو بید رنغ تہ تیغ کرین گولہ ایسا اُتارین کہ کام کے کام ڈھیر ہو جائین گولی ایسی چلائین کہ ایک بھی زندہ نہ باقی رہے مگر جب دشمن کو عاجز کر دیا تو اسپر ستم روا نہین ہی ؎

مردی نبود فتادہ را پائے زدن
گر دست فتادۂ بگیرے مردی

افسر کمانیر - کوئی ہی -

پہرے والا - حاضر - حکم - سب بس ہی حضور -

افسر کمانیر - یہ کون بول رہا تھا ابھی ابھی کون باتین کر رہا تھا

پہرے والا - خداوند ایک جونیر افسر رسالہ ہین -

میان آزاد پاشا -

افسر کمانیر - اچھا آزاد پاشا کو کہو کہ اگر تکلیف نہو تو ذرا یہانتک آئین - پھر جانا ہے جلد چلے جائین - اور اگر تکلیف ہو تو خیر - کل کہدینگے -

آزاد - مین خود حاضر ہوتا ہون - (قریب جاکر) - ارشاد فرمائیے -

افسر کمانیر - ہم آپ کی تقریر سے کمال محظوظ ہوے اور ہم بہت جلد آپکے لیے کوئی عمدہ عمدہ تجویز کرینگے - آپکی تقریر ترجمان دل ہی - آپ بڑے جری اور مستقل مزاج اور شجاع افسر ہین -

آزاد - (آداب عرض کرکے) مین حضور کی نوازش کا کمال مشکور ہون - مین کچھ عہدے پانے یا دولت حاصل کرنے کے لیے نہین آیا ہون - غرض صرف یہ ہی کہ ترکی کے نام پر جان دون -

افسر کمانیر - شاباش ع - آفرین باد بریں ہمت مردانۂ تو

حماک اللہ عن شر النوائب	جزاک اللہ فی الدارین خیرا

اب آپ جاکے آرام کرین صبح کو پھر غنیم سے مقابلہ ہی -

میان آزاد آداب عرض کرکے اپنی جگہ پر واپس آئے اور ایک درخت کے سایہ مین لیٹتے ہی آنکھ لگ گئی - فوج دن بھر کی تھکی تو تھی ہی جو لیٹا اُسکو فوراً نیند آگئی - اب کوئی پانچ چھ گھڑی رات باقی رہی ہوگی کہ ایک بیاگل کھلا - بہت قریب سے گھوڑون کی ٹاپون کی آواز آئی تو سب کے سب بدحواس ہوکر اُٹھ کھڑے ہوے - خیریت ہی خیریت ہی خیریت ہی - یا الٰہی خیر کیجیو - یا خدا مدد ے - اللھم احفظنا من کل البلیات - افسر اور سوار سب حیران و پریشان - سمجھ گئے کہ روسیون کی فوج آگئی - ہاتھ پانون پھول گئے اور بات ہی ایسی تھی خوب جانتے تھے کہ غنیم سر پر آن موجود ہوا - اب کوچہ گریز بھی نہ ہین - اس عجلت مین بھلا کیا ہو سکیگا تن بتقدیر جلدی جلدی مسلح ہونے لگے - افسر کمانیر بلائے کی فوج کی غفلت پر دانت پیس پیسکر رہ جاتے تھے - مگر فوج کو بآواز بلند ڈھارس دیتے جاتے تھے کہ گھبرانے کی بات نہین ہی - اطمینان کے ساتھ مکر کسو اور پشت توسن پر آکر

غنیم سے مقابلہ کرو اور مردانہ وار لڑو۔

اتنے مین سوار کلے پر آ گئے۔ ارے! لاحول ولا قوۃ۔ بُرا دھوکا ہوا یہ تو ہماری ہی فوج کے سوار ہین دیکھا کہ پچاس سوار طلائے کے آتے ہین۔

افسر کمانیر۔ (استقلال کے ساتھ) کیون کیا خبر لائے ہو خیریت ہے؟۔

سوار۔ خیریت اسی مین ہے کہ جسقدر جلد ممکن ہو تیار ہو جائیے۔ روسی آن پہونچے۔ بس اب چھاپہ مارا ہی چاہتے ہین آئے داخل ہین۔ اب دیر نہین ہے۔

افسر کمانیر۔ سب لیس ہو جاؤ۔ کچھ پروا نہین۔ آنے دو آئین آئین۔ شوق سے آئین۔ ہم بھی مستعد ہین۔

اس استقلال کے قربان۔ جنرل ہو تو ایسا۔ کس مستقل مزاجی کے ساتھ فرماتے ہین کہ کچھ مضائقہ نہین آنے دو فوراً حکم دیا کہ یہ سوار معاً بکٹ کے سوارون سے جا ملین اور کہین کہ وہ روس کے لشکر سے تب تک مقابلہ کرین ہم بھی کمک کو پہونچتے ہین مگر دو سوار یہان رہین۔ دو سوار حسب الحکم افسر کے پاس رہے باقی گھوڑے کڑکڑاتے ہوے بکٹ کی فوج سے جا ملے اور حکم سُنا دیا۔

اُدھر کمانیر نے اُن دونون سوارون سے سوال کیے۔

افسر کمانیر۔ روسی فوج کس طرف سے آتی ہے۔

سوار۔ حضور سامنے سے۔

افسر کمانیر۔ کیا قلعے کے دروازے سے آتی ہے۔

سوار۔ نہین حضور وہ جو پورب کے رُخ بُرج ہے اُسکے نیچے ایک تہ خانہ ہے اُس تہ خانہ مین سے زینہ لگا کر آئے اور میدان مین قلعے کی دیوار کی آڑ مین ٹھہرے اور گھوڑے اُس رخ سے باہر نکالے۔

افسر کمانیر۔ یہ کسی معتبر آدمی نے بیان کیا ہے۔

سوار۔ ایک سوار گانون کے ایک جولاہے کے ساتھ خبر لانے گیا تھا اُسی نے بیان کیا۔ خبر بہت صحیح ہے۔ اس مین کسی طرح کا فرق نہین ہے۔

افسر کمانیر۔ کچھ سمجھ مین نہین آتا۔ تہ خانہ اور بُرج اور یہ سب الم غلم بکتے ہو۔ تم کتنے روز سے فوج مین نوکر ہوے ہو کوئی دو چار مہینے۔

ایک سوار۔ بس جنگ سردیہ سے ہم فوج مین بھرتی ہوے ہین۔

دوسرا۔ خداوند مین چار برس سے نوکر ہون۔ مگر میرا بکٹ اس طرف نہ تھا۔ ذرا فاصلے پر تھا۔ مین نے فقط اتنا سُنا کہ روسی میدان مین جمع ہوے اور قلعے سے نکل آئے۔ مگر واللہ اعلم بھاگنے کی نیت سے نکلے ہین یا شبخون کی نیت سے۔

احمد پاشا۔ ساٹھ ستر سوارون کو بھیجنے ہی کی کیا ضرورت تھی بھلا۔

افسر کمانیر۔ نہین یہ تو دانائی کی تاکہ توپون کی آواز دور ہی سے سُنکر دے یہ تو اچھی بات کی۔ فوراً کوچ ہو سب کا لم آرستہ ہو جائے۔

کمانیر نے اِدھر اُدھر گھوڑا پھیر کر فوج کو ایک نظر دیکھا۔ اور کہا صرف دو توپین ساتھ چلین اور باقی کی حفاظت کے لیے دو سو سوار یہان ہی رہین کافی ہین۔

یہ حکم دیکر فوج کو کوچ کی اجازت دی۔

آدھ کوس پر فوج گئی ہوگی کہ ایک گوندے نے

آنکر بگٹ کی فوج کا خط علیقو پاشا کو دیا اُنھون نے پڑھا اور کمانیر کے حوالے کیا یہ مضمون یہ تھا۔

روسی ہمسے لڑنے پر آمادہ ہین۔ اب اُنکی طرف سے توپ دغا ہی چاہتی ہی آپ کی فوج دو طرف سے گھر گئی ہی۔ روسی فوج کا کالم اُس جنگل کی پشت پر بھی ہی۔ وہ اِدھر سے حملہ آور ہو گا اور قلعے کی فوج جو باہر تھی وہ پھر اندر چلی گئی یا شاید وہی فوج اِسطرف چلی گئی ہو۔ بہرکیف اِدھر تو قلعے سے توپ دغے گی اور اُدھر پشت پر سے بڑھ چلیگی۔

کمانیر نے کُل فوج کو یہ مضمون سُنایا اور کہا جنگل مین تو ہمارے سوار موجود ہی ہین روسی فوج کے کالم کو بخوبی روکینگے اور توپین بھی ہین بگٹ کی فوج کو اپنے پاس بُلا لینا چاہیے تاکہ قلعہ سے جو گولہ آئے اُس سے ہمین ضرر نہ پہونچے۔ یہ کہکر فوراً بگٹ کی فوج کے پاس حکم بھیجا کہ تم معاً ہمارے کالم سے آ ملو۔ اگر روسی فوج میدان ہو تو بڑھ چلو۔ ہم سمجھ جائینگے قلعے مین ہو تو مقابلہ فضول ہی فوراً ہمسے ملجاؤ اور باہر ہو تو بندوقین سر کرو خبردار ہٹنا نہین۔

تھوڑی دیر مین بگٹ کی فوج اپنے جنرل کے کالم سے ملگئی مگر قلعے سے توپ کی آواز نہ آئی۔ کمانیر نے اپنے اسسٹنٹون سے مشورہ کیا۔ اور بہت جلد یہ رائے قرار پائی کہ جو سوار جنگل مین ہین اُنکی کمک اِسوقت ضرور ہی۔ جنرل نے نصف فوج تو اُسی میدان مین چھوڑی۔ اُس حصہ فوج کے پاس صرف دو توپین تھین۔ باقی ماندہ فوج لیکر چلے ہی تھے کہ جنگل کیطرف سے دائین دائین کی آوازین آنے لگین۔ جنگ شروع ہوگئی۔ کمانیر نے ایک فلانیک کالم سیدگی آزاد پاشا جو نیز افسر رسالہ روانہ کیا۔ فلانیگ کالم فوج سے تیز جاتا ہی۔ عجلت یہ تھی کہ سوارون کو ڈھارس ہو اور کمک وقت سے پہلے ہی پہونچ جائے۔ اب سُنیے کہ دو سوارون مین سے صرف اسیقدر عرصے مین بیس زخمی اور دس ضائع ہو چکے تھے۔ اور چھ گھوڑون پر گولیان پڑی تھین یہ لوگ اپنی جگہ سے نہین ہٹے۔ مگر روسی فوج بہت بڑھ آئی تھی روسیون کی طرف صرف دس سوار زخمی ہوے اور دوسرے جسمین ایک افسر تھا۔ آزاد پاشا کے کالم نے سوارون کو مدد دی۔ اور طرفین سے بندوقین دغنے لگین۔ خیر پر خیر اُڑتی تھی روسیون کے دو سو سوار جنگل کے ایک اور سمت پر سے آکر اس کالم پر گرے اور اب مصیبت یہ پڑی کہ اِدھر تو بارہ پر بارہ پڑتی تھی اور اُدھر تلوار کی لڑائی دست بدست شروع ہوگئی۔ جبتک جنرل کا کالم کمک کو آئے روسیون نے کسی قدر غلبہ حاصل کر لیا اور اِن سوارون مین چند ہی باقی رہگئے تھے کہ جنرل فوج ترکی بھی دھم سے آکودی۔ پھر کیا تھا۔ روسی فوج کا جو کالم آگے بڑھا تھا اور جس سے دست بدست جنگ ہوتی تھی اُسکو ترکون نے کاٹ کر پھینکدیا اور اِدھر آزاد پاشا کا کالم بڑھا تو روسی فوج نے اُس سے مقابلہ کیا۔ تھوڑی دیر تک روسی غالب رہے مگر آزاد پاشا بکمال بسالت بڑھتے ہی گئے اِنکا فرس وغا پسند سب سے دس قدم آگے جاتا تھا جب روسیون نے دیکھا کہ ترکی فوج آن ہی پہونچی تو دریا مین گھوڑے ڈال دیے۔

یہ وہ دریا تھا جس سے نہرین کنکر قلعہ معلی کے اِرد گرد جاری تھین ادھر روسیون نے دریا مین گھوڑے ڈالے اُدھر ترکون نے باڑھ ماری۔ روسی پلٹ پڑے اور بکمال شجاعت

ترکون کی فوج تک آ گئے۔ لیکن نصف سے زیادہ کو آزاد پاشا کے کالم نے فی النار کر دیا۔ اس مقام پر روسیون نے بڑی چالاکی کی تھی وہ خوب جانتے تھے کہ اگر دریا سے باہر نہین آتے ہین تو ترکی رسالہ ہمارے ایک سوار کو بھی نہ چھوڑیگا اور سب اسی دریا مین تہ نہنگ اجل ہونگے۔ لہذا دریا سے گھوڑے نکالے اور برسر مقابلہ آئے۔ جب روسیون نے دیکھا کہ نصف سے زیادہ مردان کاری کام آئے تو تلوارین سوت سوت کر چڑھ دوڑے۔ ترکون نے اب بھی بندوق ہی سے کام لیا اور نصف کے قریب باقیماندہ روسیون کا بھی وہین قصہ پاک ہوگیا۔ ترکی فوج اس مقام پر نہایت استقلال کے ساتھ ٹری۔ اب روسیون کے کوئی سو آدمی باقی رہ گئے وہ بھی جان بلب ترکون پر آگرے۔ تلوار کی لڑائی شروع ہوئی تین روسیون نے آزاد پاشا کے گھوڑے کو زخمی کیا مگر واہ رے آزاد۔ ایک روسی نے گھوڑے کے پیچھے پر تلوار لگائی ہی تھی کہ آزاد نے تلوا ہوا ہاتھ لگایا تو بھٹہ ارانک کھل گیا۔ دوسرا جھپٹا اُسنے تاک کے سر اُڑانا چاہا تھا مگر ایک ترکی سوار نے خود روسی کا سر بھٹا سا اُڑا دیا تیسرے روسی نے بڑھکر آزاد کے گھوڑے کی ٹانگ پر ہاتھ لگایا اور گھوڑا تڑپ کر دس پانچ قدم پیچھے ہٹا مگر ایک ترک نے روسی کی دونون ٹانگین ایک ضرب شمشیر مین اُڑا دین۔

الغرض تھوڑے ہی عرصے مین ترکی فوج نے غنیم کو کاٹ کے پھینک دیا اور جنرل کے کالم سے جا ملی تین سو بندوقین دو سو تلوارین اور پچاس گھوڑے ترکون کے ہاتھ آئے۔

قلعہ کے لشکر روسیہ نے جو اس شکست کی خبر سُنی تو ہاتھ پانو پھول گئے سٹی پٹی سب بھول گئے۔ چال تو اچھی چلے تھے مگر سپہ سالار افواج ترک نے اُنکی سیکڑون آرزوون کا خون کیا۔ بکٹ کی فوج قلعہ کے پاس چھوڑ کر خود جنگل کیطرف بڑھ دوڑے اور ایک فلانگ کالم فوراً روانہ کر دیا جب آزاد پاشا واپس آئے تو سپہ سالار نے اُنکی تعریف کی اور کہا کہ سینیر افسر رسالہ کی علالت کے سبب سے مناسب معلوم ہوا کہ آزاد پاشا ہی بھیجے جائین۔ اِسکے بعد حکم دیا کہ بکٹ کے سوارون سے قلعے کی فوج روس کا حال دریافت کرنے کے لیے سوار بھیجے جائین فوراً تعمیل حکم ہوئی اور سوارون نے آکر کہا کہ قلعے سے تمام شب ایک توپ بھی نہین دغی۔ مگر ارد گرد کے قلعون مین کئی بار رن مہتا بین روشن ہوئی تھین معلوم ہوتا ہے۔ افسران فوج دورمین کے ذریعے سے جنگ کی کیفیت دیکھتے ہونگے۔ ایکبار کوئی چالیس سوار دریا کے اِس پار نظر آئے تھے۔ شاید وہ کمک کو جاتے ہون اور شاید اور سوار بھی اُنکے پیچھے ہون مگر بکٹ کی فوج نے اُنپر گولیان چلائین تو وہ بھاگ کے قلعے مین ہو رہے اور جنگل کی فوج کو روسی مدد نہ پہونچا سکے۔ میان آزاد کا سینہ فرط طرب سے باغ باغ تھا۔ عرش برین پر دماغ تھا۔ جامے مین پھولے نہین سماتے تھے۔ کھلے جاتے تھے کہ آج پہلی فتح پائی۔ اور ہمت مردانہ اور یاوری طالع سے روسیون نے شکست کھائی اب کچھ کچھ آثار سحر نمودار ہوے۔ کمانیر نے قلعے کے حالات کی تحقیقات کے لیے طرح طرح کی تدبیرین کین۔ فوج ایسے مقام پر کھڑی تھی کہ حتی الوسع روسی گولے وہانتک نہ پہونچنے پائین علیقو پاشا۔ کل شام تک انشاء اللہ قلعہ بھی خالی کرا لینگے بڑا مضبوط قلعہ ہے۔

احمد پاشا۔ کیا تم نے کبھی اس قلعہ کی سیر نہین کی۔ ہم تو کئی بار جا چکے ہین۔

آزاد پاشا۔ اب شام تک انشاء اللہ اس قلعے کی سیر کر رہے ہونگے۔

اِسکی عظمت کے تو ابھی سے ہم قائل ہو گئے اور سُنا ہمین ایک بہت بڑی توپ ہی جسکی پیشانی پر لکھا ہی ع بترس از مدعی ازمن کہ آتش در دہن دارم۔

احمد پاشا۔ مگر ایک بات یاد رکھیے گا جب کبھی غنیم سے میدان مین مقابلہ ہو تو اُسکو یہ موقع نہ دیجیے گا کہ ایک حصہ فوج لیکر کسی جانب سے آپکی بقیہ فوج پر جا گرے جیسا کہ آج ہوا۔ یہ عیب ہی۔

آزاد پاشا۔ سنیے تو کہ خاص باعث کیا ہوا۔ ہم نشیب مین تھے۔ غنیم بلندی پر وہ ہمکو بخوبی دیکھ سکتا تھا۔ مگر ہم کچھ نہین کر سکتے تھے تو مین جان پر کھیل کر بڑھا گیا ورنہ سب کے سب خاک و خون مین لوٹتے ہوتے۔

احمد مختار پاشا۔ تو صحیح ہی۔ ہمکو یہ نہین معلوم تھا۔ ہم اور علیقو پاشا تو دیکھتے جانتے تھے۔ مگر کچھ کچھ کارروائی نظر آتی تھی۔ اتنے مین تڑکا ہو گیا۔

کیونکر نہ ہنسین سُنکر حالِ دلِ عاشق کو
کم سن ہین وہ کیا جانین ارمان کسے کہتے ہین

اِلٰہی خیر کیجیو۔ آج بڑی بیگم صاحب کے ایوان فلک توامان کی صنابی پریون کا جمگھٹا سا طور نظر آتا ہی۔ اِلٰہی یہ اندر کا اکھاڑا ہی یا حوران بہشتی زمین پر اُتر آئین۔ جہان آرا جادو جمال گیتی آرا مشتری خصال حسن آرا عالم نور از پا تا فرق۔ سپہر آرا زرق برق۔ چاردن نوعمر۔ چاردن نوخیز لگا ہین اشارت اشنا ادائین دلاویز۔ وہ جامہ دار کی رعنائیان اور نگین دلآئیان۔ وہ نستعلیق چال وہ گورے گورے گال کہ عابد شب زندہ دار کی بھی قلیا تمام ہو جائے۔ آہو چشمون کی چھل بل دیکھکر رام ہو جائے اور یہ شعر زبان پر لائے۔ ؎

بعشقم مبتلا کردی چہ کردی	دلم درد آشنا کردی چہ کردی

اتنے مین شہزادۂ عالی گہر مرزا ہمایون فر کے ایک مصاحب خاص نے اپنے آقائے نامدار سے جاکر کہا حضور ذرا کوٹھے پر تو تشریف لائین۔ سامنے والے محلسرا پر پریون کا تخت اُتر آیا ہی ایسی پیاری پیاری صورتین خیال نے کبھی خواب مین بھی نہ دیکھی ہونگی۔ خصوصاً ایک تو بس چھلا دا ہی۔ ؎

	بتے رنگین دائے سرو قدے یا سمن بدے
	چو لالہ آتشین روی چو سنبل مو پریشانی

ہمایون فر کی باچھین کھل گئین۔ بت ماہ سیما سپہر آرا کے درد فراق مین شب روز سرد بھنتے تھے یہ نوید بجبت خیر اور مژدۂ طرب انگیز سُنکر جان مین جان آئی۔ دفور مسرت سے آنکھون مین آنسو بھر آئے دوڑتے ہوے کوٹھے پر آئے۔ اور آتے ہی یہ شعر حسرت بار زبان پر لائے۔ ؎

	بدام زلف دلم را شکار خود کردی
	ترحمے بکن اکنون کہ کار خود کردی

چارون بہنین دریا کی موج زنی اور روانی کے مزے لوٹ رہی تھین اور یہ خبر ہی نہین کہ عاشق زار مصروف نظارہ بازی ہی۔ شہزادۂ دلدادہ نے بآواز بلند عین حالت بیتابی مین اس بیت کو جسکے ایک ایک لفظ سے حسرت ٹپکتی ہی ترجمان دل کیا۔ ؎

یا بمن دہ دل غمین مرا	یا شنو نالۂ حزین مرا

یہ شعر سنتے ہی وہ چارون طرف بھر کر نظر سے اوجھل ہو گئین

ہمایون فر- ہاے اس زبان کو کہان بند کردون - حرف عشق زبان پر آتے ہی آنکھین انکو ڈھونڈھنے لگین - اے کاش چپ ہی رہتا تو شاید کچھ دیر اور دو ہی سے آنکھین سیکنے مین آتین - دیکھتے ہی دیکھتے غائب ہوگئین ہاے اگر ایسا ہی پردہ تھا تو آنا ہی کیا ضرور تھا - ع

اس ہجر مین ہین ہم تو ندارد کوئی دم مین
اللہ سلامت رکھے انکو وہ جہان ہون

رفیق - خداوند یہ بھی ایک شوخی تھی - ع -

معشوق ہین اگر ایسی کجی نہو

ہمایون فر - ہمارے درد دل کا تو کچھ علاج کرین - کیا عشق بھی چھپائے سے چھپتا ہے -

رفیق - یہ سچ ہے - ع

سادگی سے سخن عشق دُر گوش نہین
ابھی کم سن ہین کسی بات کا کچھ ہوش نہین

اتنے مین شہزادۂ خون در جگر بیقرار و مضطر کے ایک دلی دوست آئے مرزا ہمایون فر نے بادل سرد و آہ پُر درد اپنے عشق اور اُنکے استغنا کا حال کہ سُنایا - اور پھر ٹھنڈی سانسین بھرنے لگے دوست نے مسکرا کر کہا آپ عاشق تو ہوے مگر ذرا صبر و تحمل نہین - ہمایون فر نے اُسکے جواب مین یہ شعر پڑھ دیا - ع

عاشق سے بھی ہوتا ہے کہین صبر و تحمل
اس بات کو کہتا ہے جو آتی نہین مجھ کو

ہمارا عشق ہی ہماری جان کا گاہک ہے یہ دل کا سودا ہے دل لگی نہین ہے اُنکے دوست نے کہا صحیح ہے مگر عشق اور ضبط لازم و ملزوم ہے - ع

دعوی جو عشق کا ہے تو فریاد کس لیے
یہ ہاے ہاے اے دل ناشاد کس لیے

ع - عشق کے صدمے اُٹھانے کو جگر بھی چاہیے - ع

عاشق تو ہوے پہ میر زانی نہ گئی
بس ایک کرنی میان اُٹھائی نہ گئی

میرزا ہمایون فر چھت ہی پر دوزانو بیٹھ گئے اُنکے دوست نواب احمد مرزا صاحب نے سمجھایا کہ اُٹھکر کمرے مین بیٹھیے - وہان سے بھی تو نظارۂ جمال ممکن ہے -

ہمایون فر - یہ سچ ہے مگر بندہ نواز -

آئین رضوان بھی جو لیتے تو نہ جاون سو جلد
ٹھن گیا کوچۂ جانان کا ارادہ دل مین

سمجھا بجھا کر کمرے مین لیگئے - شہزادہ بلند ارادہ نے کہا آپ مجھے کوئی پاگل نہ سمجھ لیجیے گا مگر کیا کرون دل ہاتھ سے جاتا رہا - سیکڑون ہی تدبیرین کین مگر تنے پر نہ چڑھین - نواب صاحب نے کہا بھائی کچھ خیر ہے بھلا وہان کسی کا گذر کیونکر ممکن ہے - اس خیال سے درگذرو - ورنہ مفت مین جگت ہنسائی ہوگی - ع

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانے

شہزادہ - بھائی مین تو نکاح کرنا چاہتا ہون - یہ بھی کوئی گناہ ہے -

نواب - واللہ! تو پھر یہ ہاے ہاے کاہے کی ہے یہ کون مشکل بات ہے -

شہزادہ - ہاے مشکل تو یہی ہے کہ آسان نہین - آپ ہی ہماری مشکل آسان کیجیے تو جانین -

نواب - مین بیڑا اُٹھاتا ہون - اُٹھوارے کی مہلت دیجیے بس زیادہ نہین -

شہزادہ - ارے یار تم جھلاتے ہو -

نواب - کیا خوب - اس وحشت کے صدقے -

آپ ذرا صبر تو کیجیے۔

شہزادہ۔ واہ بس یہی تو مشکل ہی سنا نہین۔ ؎

بکوے صبر عاشق رہ نیابد | رہِ عشق و صبوری مشترک نیست

نواب۔ حضرت سیسے وہ جو آپ سنتے اور پرانی کتابون مین پڑھتے آئے ہین کہ عاشقون کا حال ابتر ہوتا ہی اور شہزادون نے تاج و تخت پر پامردی سے لات ماری اور توتے کی زبانی کسی شہزادی کے حسن گلوسوز کی گرما گرمی سُنکر جنگل اور کوہ و ہامون کی راہ لی اور وہان ساحر ملا اُسنے کہا آنکھ بند کر آنکھ بند کی اور منزل مقصود پر دن سے داخل ہوگئے اور وہان ایک دیو سے مقابلہ کیا اور اُسکو نیچا دکھایا اور بادشاہ نے پوچھا بول کیا مانگتا ہی کہا ہم صرف یہ چاہتے ہین کہ شہزادی کے ساتھ عقد ہو یہ تو سب دھکوسلا ہی حسب عقل و حسب عادت دونون طرح محال ہی۔ لیکن اگر ایسے ہی آپ از خود رفتہ ہین تو مین فکر کرونگا۔ آپ مطمئن رہیے۔ آپ بادشاہ کی نسل سے ہین اور ماشاء اللہ حسین خوبرو کم سن تربیت یافتہ ہونہار خوش سلیقہ متمول وجہ کیا کہ شادی نہو اور محبوب مطلوب نہ ملے۔

شہزادہ۔ آپ کی تقریر دلچسپ دلپذیر ہوتی ہی کہ جادو بھی اُسکے مقابل مین گرد ہی۔

نواب۔ کیا! دلچسپ دلپذیر تقریر کیا معنی۔ اجی مین کل ہی تو فکر کرتا ہون۔

شہزادہ۔ کچھ ہمنے اتنے دنون خاک چھان کر پایا کچھ آپ اب تدبیر کرینگے۔

نواب۔ گستاخی معاف آپ کی تدبیر تو خالی از جنون نہ تھی اور ہم ایک قرنے سے چلینگے۔ تدبیر تدبیر مین بھی زمین آسمان کا فرق ہی۔

شہزادہ۔ ہمنے تو وہ وہ فکر کی کہ آپکے وہم و گمان مین بھی نہوگی۔ عورت کا بھیس بدلکر اُنسے مل آئے اور پھر اپنے ظاہر کردیا کہ ہمایون فر ہین ہین۔ ؎

آن مقامون پہ مقدر نے مجھے پہونچایا
منزلون مجھ سے مرے وہم و گمان دور رہے

نواب۔ لاحول ولا قوۃ۔ یہی تو پاگل پن ہی آپ کا۔ بھلا کسی کے یہان اسطرح چلا جانا کونسی دانائی ہی جب ہی آپ سے وہ کھٹکی ہوئی ہین سمجھ گئی ہونگی آدمی خطرے ہی۔

شہزادہ۔ ارے یار جو جا ہو کہو۔ مگر وہان حسن چھکی ہوئی دیکھیں تو ہزار جان سے گاہک کیون نہون۔ اسکو جنون کہو یا فطرت یا سودا۔ ہم تو یہ سودا ضرور خریدینگے۔ ؎

وہ گیسو مشکین مری آنکھون سے نہان ہی
سودے کا سا عالم ہی نہایت خفقان ہی

واللہ آنکھ بھر دیکھا بھی نہ تھا کہ نظر سے نہان ہوگئین۔

اُدھر تو یہ باتین ہوتی تھین اب اِدھر کا حال سنیے کہ نامحرم کو دیکھکر چار دن پریان شوخی اور ادا کے ساتھ طرارہ بھر کے نظر سے غائب ہوگئین۔

حسن آرا اور سپہر آرا تو ہمایون فر سے خوب واقف تھین مگر جہان آرا اور گیتی آرا نے دانتون کے تلے اُنگلی دبائی اور متحیر ہوکر یون باتین کرنے لگین۔

جہان آرا۔ اے کون تھا۔ شکل صورت سے تو کوئی رئیس معلوم ہوتا ہی۔

حسن آرا۔ (دبے دانتون) ہین ایک۔ اِسی مکان مین رہتے ہین۔

سپہر آرا۔ کبھی باہر رہتے ہین کبھی سامنے والی کوٹھی مین۔

گیتی آرا - یہ دبے دانتون کیون کہتی ہو - بتاؤ تو آخر ماجرا کیا ہی -

جہان آرا - ہان ہی کچھ دال مین کالا کالا ضرور جب تک آگ نہین ہوتی دھوان نہین اٹھتا -

حسن آرا - اوہو واہ ہی - اور سنیے گا - اب رنگ لائی گلہری -

جہان آرا - ہین ہمین یہ گنجلک کی باتین اچھی نہین معلوم ہوتین

حسن آرا - (مسکراکر) اوہو اچھی آئین -

گیتی آرا - یہ ہی کون - بے جان پہچان کے آنا ڈھیٹ نہ ہوتا -

سپہر آرا - اوہی خیر ہی ہو کہان اسوقت -

گیتی آرا - ہین تو وہین ہون جہان تم ہو - مگر -

سپہر آرا - ہان مگر ——— کیا - بس مگر ہی مگر -

حسن آرا - مگر دریا مین -

سپہر آرا - یہان مگر کا کیا کام -

گیتی آرا - تو اب اس بکھیڑے سے کیا واسطہ - صاف صاف بتا دو نہ -

حسن آرا - بہن ایک شہزادے ہین - بڑے امیر آدمی ہین - اسوقت ہم سب کو یہان بیحجاب کھڑے دیکھ لیا ہمین کیا معلوم تھا کہ اتنے وقت یہ بھی کوٹھے پر برآمد ہونگے ورنہ نہ آتے -

سپہر آرا - تو آخر آپ دونون بہنون کی سمجھ مین کیا آتا ہی -

گیتی آرا - اب مین کیا کہون (مسکراکر) بڑا ٹیڑھا سوال ہی -

سپہر آرا - (تنک کر) اوہو واہ ہی - خوب یک نشد دو شد -

یہ باتین ہوتی ہی تھین کہ عباسی مہری ولایتی انار اور سیب لائی جہان آرا بیگم نے کہا عباسی یہ سامنے والی کوٹھی مین کون رہتا ہی - عباسی مسکراکر بولی حضور یہ حال ہمسے نہ پوچھیے یہ بڑی کہانی ہی - کسی دن فرصت کے وقت عرض کرونگی -

جہان آرا اور گیتی آرا کا ماتھا ٹھنکا اب یقین واثق ہوگیا کہ اُن کا گمان بے اصل نہ تھا - کہا - نہین اسی دم بتاؤ اور ضرور بتاؤ -

عباسی حضور اسمین ایک شہزادے رہتے ہین - ہمایون فر بھی اُٹھتی جوانی ہی - کوئی بیس بائیس برس کا سن ہوگا - بڑے قبول صورت اور کھلے کھلے گھر و ہین - سپہر آرا بیگم کے ساتھ نکاح پڑھوانا چاہتے ہین ہین جب نادر مرزا کے ہان نوکر تھی تو اُنکی سالی نے آن کر کل باتین کہی تھین - اور ہمایون فر کے حُسن کی بڑی تعریف کرتی تھین -

گیتی آرا - کن کی سالی نے کہا ؟ ہمایون فر کی ؟ -

جہان آرا - کیا شادی ہوگئی -

عباسی حضور نادر مرزا صاحب کی سالی کی زبانی مین نے سُنا تھا - ہمایون فر کی شادی ابھی نہین ہوئی - وہ کہتے ہین کہ شادی ہو تو سپہر آرا ہی کے ساتھ ہو - اور نہین تو پھر نہو -

سپہر آرا - (ہنسکر) اوہی چپ بھی رہ واہ بڑی وہ بنکے آئی ہی دہان سے -

عباسی - لو اس مین چوری کیا ہی - کیا بیاہ کسی کا ہوتا نہین ؟ -

سپہر آرا - (ہنسکر) اللہ جانتا ہی ہمین ہنسی آتی ہی -

راوی - کیون نہین - ہنسی ضرور آتی ہوگی -

کیونکر نہ بنسیں سنکر حال دل عاشق کو
کم سن ہیں وہ کیا جانیں یہاں کیسے کہتے ہیں

اتنے مین کسی نے ہمایون فر کے محل سے یہ شعر گانا شروع کیا۔

تم ذرا پہلو سے اُٹھے ہم پھڑک کر رہ گئے
یون بھی دیکھا تھا کسی کا دم نکلجاتے ہوے

عباسی - یہ حضور اُنھین کی آواز ہی - اللہ جانتا ہی وہی ہین -

سپہر آرا - (ہنسکر) اہی کیون جھوٹ موٹ قسم کھاتی ہو عباسی -

حسن آرا - اُنکو ہمایون فر نے کچھ رشوت دی ہی جب ہی اُنکی سی کہ رہی ہین -

گیتی آرا - جو یہ بات ہی تو ہم خالہ جان سے کہینگے - کیا بُرا کیا ہی - ابھی تو عمر ہین بیس اکیس برس کا سن اور شہزادے حسین - روپیہ والے - کیا بُرائی کیا ہی - ہم خالہ سے ضرور کہینگے -

جہان آرا - مگر پہلے اُنکی (حسن آرا) کی تو فکر کرو -

گیتی آرا - اِس بکھیڑے مین ہم نہ پڑینگے مگر سپہر آرا کے لیے تو خالہ جان سے ضرور کہینگے چاہے ادھر کی دنیا اُدھر ہو جائے - ہمایون فر کو ہمنے اِسوقت آنکھ بھر کے دیکھ لیا ہی - بڑے خوبصورت ہین اور ابھی چشم بددور کل کے لڑکے ہین -

سپہر آرا - (ہنسکر) وہ خوبصورت کیا معنی بلا تشبیہ یوسف ثانی سہی مگر اپنی اپنی پسند ہی - شادی بیاہ مین کسی کا کیا اجارہ - اور کل کے لڑکے کیا معنی - کیا تمھے ہین کچھ :-

جہان آرا - بہن سنو - تم چاہے لاکھ بنو - دل کی بات کہین چھپی رہتی ہی - آنکھین کہدیتی ہین - انداز چھپانے سے نہین چھپتے - کوئی لاکھ پوشیدہ رکھے تو کیا ہوتا ہی -

عباسی - حضور شہزادے بہادر کا خدا نخواستہ بُرا حال ہی - دن رات یہی کہتے ہین کہ کسی طرح سپہر آرا کے ساتھ نکاح ہو -

سپہر آرا - (تنک کر) سنا عباسی تم ان باتون مین نہ بہت دخل دو معقولات دیا کرو - تم نہ جاکے نکاح پڑھوالو تم بھی تو جوان جہان ہو -

عباسی - اہی حضور مجھ غریبنی کے ساتھ کون شادی کریگا بھلا - اور نہ کہ شہزادے بادشاہ کی اولاد - وہ تو نظر اُٹھاکر بھی نہ دیکھین -

سپہر آرا (ہنسکر) ہان ! سچ کہنا جاکے دیکھ لو - دیکھو نظر اُٹھاتے ہین کہ نہین -

گیتی آرا - باتین بناتی ہی لڑکی - ہم ابتک بولتے نہ تھے کہ چھوٹی بہن ہی کون کہے - شادی نہ کروگی تو کیا بن بیاہی ہی رہوگی - آخر بُرائی کیا ہی اللہ کا دیا سب کچھ ہی بزرگون کا نام - باپ دادا شاہی کرتے تھے ہمہ شما ہزار دن خدمت کو -

اِسپر حسن آرا ہنس دی اور بہن کو گلے لگا کر بولی - گیتی آرا بہن ذرا سمجھ بوجھ کے بات کیا کرو کہنے کو تو کہہ جاتی ہو مگر خیال نہین رہتا کہ مین کیا کہتی ہون - یہ ابھی کونسا کلمہ کہا تھا - گیتی آرا نے کہا تم تو سب ہی بات کبھی کرتین ہی نہین بہن - سیدھی باتین کرو جو سب کی سمجھ مین آئین - یہ تم ہنسین کس بات پر اسوقت تو ہنسی کی کوئی بات

ہوتی نہین۔

سپہر آرا۔ ہم سمجھ گئے۔ آپ نے کہا نہ تھا ہمہ شما خدمت کے لیے رہتے تھے۔

سپہر آرا بہت ہی ہنسی۔ گیتی آرا نے کہا کھلی ہی جاتی ہین کہ ہماری سفارش کرنے بہن جاتی ہو۔ دل مین پیار اور ظاہر مین انکار۔ مگر ہمسے کبتک اُڑوگی بھلا۔

جہان آرا اور گیتی آرا دونون بہنین ملکر بڑی بیگم کے پاس پہونچین۔ جہان آرا نے بڑی بیگم سے یون گفتگو کی۔

جہان آرا۔ خالہ جان اب دعوتین نہ کھلوائیے گا کیا منظور کیا ہو۔

بڑی بیگم۔ کیسی دعوتین بیٹی۔ جو جی چاہے پکوا کھاؤ منع کس نے کیا ہو۔

جہان آرا۔ اے یہ دعوتین نہین خالہ جان۔ بڑی دعوت جس مین آپ کے ہزارون روپیہ صرف ہون اور مغنون تک ناچ رنگ رہے۔

بڑی بیگم۔ کیا کہا۔ ہم سمجھے نہین۔ ناچ رنگ کیسا۔ ابھی تو دو مہینون کا گانا سن چکی ہو اس روز جی چاہے تو پھر بلوا بھیجنا۔

گیتی آرا۔ نہین خالہ جان۔ یہ نہین۔ انکا مطلب یہ ہو کہ اب ہماری بہنون کی شادی کی فکر نہ کیجیے گا۔ اب اللہ کی عنایت سے سیانی ہوئی ہین۔ اب کچھ فکر تو ضرور کیجیے۔

بڑی بیگم۔ اب کسی دن فرصت کیوقت کہونگی۔ وہ جانین تم جانو۔

گیتی آرا۔ خالہ جان یہ جو سامنے رہتے ہین شہزادے یہ کیا برے ہین کچھ۔

بڑی بیگم۔ سچ تو کہتی ہو ہمین ابتک خیال ہی نہ تھا انکا۔

گیتی آرا۔ کوئی ایسے ویسے ہین کیا۔

بڑی بیگم۔ اچھا دیکھو۔ فکر کرونگی۔ سپہر آرا کے لیے۔ اچھے ہین۔ ابھی لڑکا ہی تو ہو۔

بڑی بیگم سے پگی پوڑھی کر کے جہان آرا اور گیتی آرا پھر چھت پر آئین حسن آرا بیگم مینا بازار پڑھ رہی تھین۔ دکان جوہری کھلا ہ کہ درۃ التاج سربلندی دقرۃ العین عزیزی وجگر گوشۂ ارجمندی ست مملو بدریا دریا قرۃ العین صدف دلالمال بمعدن معدن جگر گوشۂ کان ست۔

گیتی آرا۔ چلو اسے رکھو مطلب کی بات سنو ہنسے خالہ جان سے جا کر کہا انھون نے منظور کر لیا۔ ہنسے کہا کہ یہ شہزادے جو سامنے رہتے ہین کیا برے ہین۔ بڑی تعریف کی خالہ جان نے کہا ہمکو بھی پسند ہو یہ کرینگی کیا بیچاری اماجان کا کہنا ٹال دینگی اور وجہ کیا کوئی کالا کلوٹا ہوتا تو ہم خود نہ کہتے۔

سپہر آرا مہتابی پر ہمایون فر کی چاہ مین گئین۔ لگی بری ہوتی ہو لگتیون سے چپکے چپکے شہزادے پر نظر ڈالی۔ اسوقت مرزا ہمایون فر دوشالہ اوڑھے ہوے کمرے مین بیٹھے حقہ پی رہے تھے۔ سپہر آرا نے آہستہ سے کنکری پھینکی۔ شہزادے نے جو گردن پھیری تو سپہر آرا کا چاند سا مکھڑا نظر آیا۔ مگر سپہر آرا جھپ دکھا کر نور آہٹ گئی۔

ہمایون فر۔ واہ۔ بھلا ایسی ستم ظریفی سے کیا ملتا ہو۔ خدا کے لیے ایک نظر دیکھ لو۔

س۔ آڑمین کھڑی تھی صورت تو نہین دکھائی مگر دوپٹے کے آنچل کو ہوا کے رخ چھوڑ دیا۔

ایک خدمتگار نے جو انکی تقریر سنی تو اوپر آیا۔ دیکھا اکیلے کھڑے ہوے ہین گھبرایا کہ یہ ماجرا کیا ہو۔

ڈرتے ڈرتے یون کہا۔

خدمتگار۔ حضور کس سے باتین کرتے تھے۔

ہ۔ دیوار و در سے۔

خ۔ یہان تو کوئی آدم زاد اسوقت نہین ہی۔

ہ۔ اچھا تم جاؤ حقہ بھر لاؤ۔

خ۔ حضور حقہ بھرا رکھا ہی۔ ابھی سُلگا بھی نہین خداوند۔

ہ۔ اچھا جاؤ پان بنا لاؤ۔

خ۔ گلوریان بھی خاصدان مین نی رکھی ہین۔

ہ۔ اچھا کچھ اوڑھنے کے لیے لاؤ جاکے۔

خ۔ خداوند۔ وہ کیا دوشالہ رکھا ہی۔

ہ۔ (جھلاکر) پھر جہنم مین جا کمبخت۔

خ۔ فوراً نیچے چلا گیا۔

وہان اکثر آدمیون سے کہا کہ آج حضور کا مزاج کچھ بگڑا ہوا پایا۔ پان مانگے۔ مین نے کہا سامنے رکھے ہین خداوند۔ کہا حقہ بھر لاؤ۔ عرض کیا بھرا ہوا ہی۔ پھر اوڑھنے کو مانگا عرض کیا کہ دوشالہ حاضر ہی بس اسپر جھلا اُٹھے۔

مصاحب۔ سزا تمھاری۔

دوسرا مصاحب۔ تم اسی لائق ہو۔ جانگلو بیوقوف۔

سپاہی۔ خدمتگاری کرنے چلے ہین کبھی کسی رئیس کے ہان رہے ہو۔

رفیق۔ مطلب سرکار کا یہ تھا کہ اسوقت ٹل جاؤ۔

خدمتگار۔ یہ کیون۔

رفیق۔ تمھارا سر اور کیون۔ پاگل کہین کا۔

خ۔ ہم تو کچھ سمجھے و سمجھے نہین۔

سپاہی۔ اجی وہ سامنے والی چھوکریان جانتے ہو کہ نہین جانتے۔

خ۔ ہان ہان بیگمین۔

س۔ بس اُنھین پر سرکار رجھے ہوے ہین۔

خ۔ بس جاؤ بھی۔ مٹری مرگئے اولاد چھوڑ گئے کہان وہ کہان ہمارا کوٹھا۔ عجب آدمی ہو تم۔

س۔ اب تم کسی کی مانو گے تھوڑا ہی۔

ر۔ اچھا اس بکھیڑے سے کیا مطلب۔ تم ایسے وقت وہان سے ٹل جایا کرو۔

شہزادے نے یہ شعر باواز بلند پڑھا۔

	گنجگجو کجکلہان صلح و صفا نیز کنند غنچہ سازند دل و کار صبا نیز کنند

واسطے خدا کے ایک نظر ادھر دیکھو صورت تو دکھا دو۔

سپہر آرا نے ہاتھ دکھایا۔

ہ۔ اِس دست حنائی کے قربان۔ مگر۔

قانع بہ تجلی نشود شایق دیدار پروانہ بہ مہتاب تسلی نتوان کرد	

مین تو صورت کے نظارے کا طالب ہون۔ ہ

طالب نظارہ ام پردہ برافگن زرخ پیش صف راستان شعبدہ بازی مکن	

جب سپہر آرا بیگم کو معلوم ہوا کہ گیتی آرا اور جہان آرا آگئین تو دل مین سوچی کہ بیڑا ڈوب ہوئی اب یہ دونون تار جائینگی۔ ناچار رضامندی سے اُتری۔ جہان آرا نے کمرے مین حسن آرا سے پوچھا کہ سپہر آرا کہان ہی۔

حسن آرا۔ ابھی ابھی یہان تھین۔ کیا جانے کہان چلی گئین۔

مغلانی - وہ کیا اُتر رہی ہین مہتابی پر سے -

جہان آرا - (گردن پھیرکر) این! اے لو وہ تو مہتابی کی ہوا کھا رہی تھین -

گیتی آرا - (مسکراکر) چہ خوش - یہ کہیے -

سپہر آرا بہت ہی شرمائی مگر مجبوری کا مقام تھا - کرتی کیا مہتابی سے اُترتے ہوے مغلانی اور نینون بہنون نے دیکھ لیا تھا اب جہان آرا نے بنانا شروع کیا -

جہان آرا - کہان گئی تھین آپ -

سپہر آرا - (لجاکر) واہ مین دیکھتی تھی کہ وہ ہین یا چلے گئے -

ج - اے تو منھ کیون لال ہوا جاتا ہے -

گ - آخر شرماتی کیون ہو -

س - اے واہ - دونون بہنین ملکر ہمین بناتی ہو -

گ - بتاؤ تو آخر ش مہتابی پر کسکو دیکھنے گئی تھین -

س - بس اب چھیڑ خانی نہ کرو باجی -

گ - اے لو پھر شرمائین -

ج - نہین اب شادی ہونا مشکل نہین ہے -

گ - سپہر آرا کی چٹنونون سے ہم پہلے ہی تاڑ گئے تھے -

س - جی ہان - آپ کا کیا کہنا - آپ یون ہی تاڑ لیا کرتی ہین -

ج - وہ تو بہت گرویدہ ہین مگر ڈھیل ہماری ہی طرف سے ہوئی -

گ - ڈھیل نہین اسے بیوقوفی کہتے ہین - ہم پوچھتے ہین آخر اُن مین عیب کیا ہے - بولو - نک سک سے درست ہین گورے چٹے ہین - روپیہ والے ہین - ابھی ماشاء اللہ کم سن ہین - خاندان ایسا کہ لاکھون کروڑون مین ایک پھر بُرائی کیا ہے -

جہان آرا - بہن تو ناحق منھ تھکاتی ہو - یہ شادی ٹل نہین سکتی -

سپہر آرا - اے اللہ اللہ کرو بہن -

ج - چلو بس خاموش رہو - آپ ہین کیا اُنکے مقابل مین

سپہر آرا - ایڑی چوٹی پر ایسے بادن ہزار کو قربان کردون -

گیتی آرا - اونھ - اونھ - اپنے حسن کا بُرا غرہ ہے آپ کو -

ج - نوج کوئی کسی کا دل یون بیدردی سے دُکھائے -

حسن آرا - آپ آماجان سے کہیے اور ہمارے سامنے کہلا دیجیے تو بس پھر چٹ پٹ فکر ہو جائے -

س - چٹ مری منگنی اور پٹ مرا بیاہ - (مسکراکر) یہی مثل یاد آئی ہوگی - اچھا صاحب یون ہی سہی -

گ - جو وہ سُن لین - کہ گیتی آرا بیگم ہماری سفارش کرتی ہین تو ہمارے بڑے احسانمند ہون -

س - آپ ہین کس خیال مین -

گ - اِس خیال مین کہ تمھارا اور ہمایون فر کا عقد ہو -

س - ہو چکا ہمین پسند ہی نہین -

ج - کیا نہین پسند ہے -

س - نکاح کرنا - ہم بن بیاہے ہی رہینگے - ہم شادی کرنا چاہتے ہی نہین - اِسمین کسی کا کیا اجارہ ہے -

گ - دنیا جہان مین ایسی کوئی بھی عورت تھی جس نے شادی نہ کی ہو -

سپہر آرا - ایک زیب النسا ہی تھی -

گیتی آرا - کون زیب النسا - اے یہ نادر مرزا دانی زیب النسا دو در کے آگے کھیلتے ہین تمھارے نزدیک اُسکا بیاہ ہی نہین ہوا - واہ -

سپہر آرا - خوب سمجھین (مسکراکر) خوب سمجھ گئین -

گ - چلو بیٹھی رہو بس -

سپہر آرا - اُس زیب النسا کا ذکر کرتی ہون جو عالمگیر بادشاہ کی بیٹی تھی -

گیتی آرا - تو بادشاہ کی بیٹی بن بیاہی رہی -

سپہر آرا - خاتون جنت کی قسم بن بیاہی تھی -

گ - اے ہے - چلو بس جھوٹی قسمین نہ کھاؤ -

سپہر آرا دل ہی دل مین کھلی جاتی تھی کہ اب ہمایون فر کے ساتھ شادی ہوئی اور برسون کی تمنائین پوری ہونگی - مگر ظاہر مین گویا دل لگی ہو رہی تھی اس طرح پیش آتی تھین بات ہوئی اور مسکرادیا بات ہوئی اور قہقہہ لگایا - حسن آرا نے بھانپ لیا کہ سپہر آرا کا عشق روز بروز بڑھتا جاتا ہے لہذا انکو جرأت ہوئی کہ اس معاملے مین بات چیت کرین بڑی بیگم کے پاس جاکر کہا کیون اماجان گیتی آرا بہن کتنی تو ٹھیک ہین - پھر اب کچھ فکر ہونی چاہیے -

بڑی بیگم - ہان ہان - مین غافل نہین ہون -

ج - تو پھر اب کب -

ب - دیکھو کسی سے کہون سنون -

گ - اُنکے کوئی عزیز رشتہ دار ہین ؟ ضرور ہونگے -

ب - ہان ہان - نواب جعفر کے ہان اُنکی پھوپی کی بیٹی بیاہی ہے اور مرزا سکندر بخت اُنکے حقیقی چچا ہین اُنکی ہوی سے ہم سے بھی دور دراز کا رشتہ ہے -

حسن آرا - بس اُنھین کو بلائیے -

ب - آج بھیجونگی مہری کو -

عباسی - حضور ان دونون خاندانون کو مین جانتی ہون جب کہیے جاؤن -

ج - ذرا بناؤ چناؤ کرکے جانا -

راوی - وہ یون ہی بناؤ چناؤ کیے رہتی ہین آپ کی تعلیم کی کیا ضرورت ہے - اور لاکھ بناؤ کا ایک بناؤ بی عباسی کی جوانی ہے -

ج - سمجھی کہ نہین -

ع - حضور یہ تو آپ تب کہین جب کبھی بولی حیران دیکھا ہو - لڈ جھڈ رہنے سے ہمین آپ نفرت ہے - اس گھسّے سے جاؤن کہ ہمایون فرہادر کی لونڈی پر بھی نگاہ پڑے -

ج - کیسا دیدہ دلیل ہے - بڑی زبان دراز عورت ہے -

گ - یہ چھوکری تو گھوڑے پر سے شہسوار کو اُتار لے وہ بلا کی عورت ہے یہ -

ح - جی اور کیا بوٹی بوٹی مین شوخی بھری ہے -

ج - لے خالہ جان پھر عباسی کو بھیجو -

ب - ذرا تامل کرو بیٹی - دو ایک سے پوچھ لین سوچ سمجھ لین - کسی سے پوچھین کسی سے کچھین تب تو کہین یا یون ہی اٹکل پچو -

ج - ہان اچھا یہانتک تو مضائقہ نہین ہے -

ح - اسمین ہم خوش ہمارا خدا خوش -

بڑی بیگم سنو ری سپہر آرا سے تو پوچھ لو۔ دیکھو منظور ہی یا نہین۔

حسن آرا۔ ہمسے پوچھ لیجیے آماجان۔

گیتی آرا۔ (ہنسکر) ایں! اسکے کیا معنی۔

جہان آرا اور گیتی آرا نے ملکر حسن آرا کو خوب بنایا اور حسن آرا بیچاری اسوقت بن گئی بڑی بیگم نے کہا تھا کہ سپہر آرا سے پہلے دریافت کرلو۔ اسپر حسن آرا بولین کہ ہمسے پوچھ لیجیے۔ مطلب یہ تھا کہ ہم سپہر آرا کے دلکی باتین خوب جانتے ہین ہم سے دریافت فرمائیے۔ ہم انکی ٹھیک ٹھیک رائے سے اطلاع دینگے۔ مگر ان دونون نے صرف حسن آرا کے چھیڑنے اور دو گھڑی کی دل لگی کے لیے یہ معنی لگائے کہ حسن آرا اپنی شادی چاہتی ہین۔ جب ہی کہتی ہین کہ ہمسے پوچھ لیجیے۔ مطلب یہ کہ پہلے ہمسے دریافت فرمائیے پھر سپہر آرا سے پوچھیے گا۔ حالانکہ حسن آرا کا مطلب یہ نہ تھا۔

جہان آرا۔ ہان تو پہلے تم سے پوچھین۔ اچھا پوچھا جواب دو۔

گ۔ تو پوچھنے کے طرق سے پوچھو یہ کیونکر پوچھتی ہو۔

ج۔ اچھا حسن آرا بہن اگر مرزا ہمایون فر کے ساتھ تمھاری شادی ہو تو تمکو پسند ہی یا نہین۔

حسن آرا۔ تو تمنے یہ کہا تھا کہ ہمسے پوچھو ہمنے تو یہ کہا تھا کہ سپہر آرا سے کیا پوچھتی ہو۔

گیتی آرا اور جہان آرا حسن آرا کو لیکر ہنستی ہوئی اوپر گئین۔ دیکھا سپہر آرا بڑے غصے سے ٹہل رہی ہین۔

جہان آرا۔ لو سب بات ٹھیک ہوگئی۔ اب ذرا سی بھی کسر نہین ہی۔

گ۔ اللہ جانتا ہی۔ ہنستے نہین خالہ جان نے منظور کرلیا اور کہا سپہر آرا سے بھی ذکر کردو۔

سپہر آرا۔ ذکر کیسا۔ واہ۔ ایک عورت شادی ہی نہین کرتی آپ کی کچھ زبردستی ہی یا آماجان کی زبردستی ہی۔ اللہ جانتا ہی ہم نہ مانینگے۔ نہ مانینگے اپنے اپنے اوپر سب کو اختیار ہی۔ اسمین کسی کا اجارہ تھوڑا ہی ہی کچھ۔

ج۔ اور حسن آرا بیگم تو کچھ اور ہی کہ آئین۔

س۔ کیا کہ آئین باجی جان۔ کہین ایسا غضب نہ کردینا ہم نہ مانینگے۔

ج۔ یہ تو خود ہی کودی پڑتی ہین۔ وہان کہ آئین کہ پہلے ہمارے لیے پیغام ہو۔ پھر سپہر آرا کے لیے۔ اب تم جانو یہ جانین ہم نہین جانتے۔

گ۔ ہان بس ہم سے کیا واسطہ مگر خالہ جان نے بھیجا ہی کہ جاکے پوچھو جو کہو وہ ہم اُنسے کہدین۔ ہمکو کیا۔

ج۔ ہمکو تو سمجھانے سے کام تھا۔ بیاہ تمھارا ہوگا جین تم کروگی شہر بھر کی شہزادیون اور شہزادون سے رشتہ ہوگا بادشاہزادی بنکے رہوگی لاکھون کے جواہرات پاس ہین۔ زیور کی انتہا ہی نہین۔ نقد روپیہ الگ نوٹ الگ اور ساڑھے تین ہزار کا وثیقہ مہینے کے مہینے ملتا ہی پھر بھلا کس بات کی کمی ہی۔

سپہر آرا۔ وثیقہ کہین بھی مہینے بھر مین ملجاتا ہی۔

گ۔ ہی وہ دس برس مین ملا سہی۔ حساب تو ماہواری ہی اور خوبصورت ابھی مسین بھیگتی ہین۔

حسن آرا۔ تو تم اُنسے استقدر اصرار کیون کرتی ہو ہم نے تو کہدیا کہ منظور ہی۔ منظور۔ منظور۔ منظور۔

جہان آرا - تم کو تو اپنے لیے منظور ہی اور ہم کو اُن کے لیے منظور ہوئے -

حسن آرا - آپ تو بات بات مین مذاق کرتی ہین اور ہم معاملے کی بات کہتے ہین - سپہر آرا کہدو منظور ہی -

سپہر آرا - باجی جان آج رات کو غور کرلین تو پھر عرض کرین -

جہان آرا اور گیتی آرا دونون ہنس پڑین اور کہا یو مبارک -

حسن آرا بولین ہم تو پہلے ہی سے جانتے تھے بہن مگر کبھی موقع نہ ملا -

اور پھر یہ بات بھی تھی کہ اماجان سے ہنسے دیدہ دانستہ ان باتون کا تذکرہ نہ کیا - اسکی ایک خاص وجہ بھی اب آپ دونون نے کہا تو ہنسے بھی ساتھ دیا - مگر اب ہمکو یقین ہی کہ صبح گھڑی شادی ہو جائیگی - اب بیاہ رُک نہین سکتا کسی طرح سے رُکتا نظر نہین آتا اللہ کرے صبح گھڑی نکاح ہو دونون دولھا دُلھن ہنسی خوشی رہین - جہان آرا بولی ابھی سے دولھا دُلھن نہ بناؤ - شاید وہ نہ منظور کرین - حسن آرا نے کہا - واہ وہ اور نہ منظور کرین ! کہین ایسا ہو سکتا ہی -

ج - کیسا ہی خوش ہی اسوقت کہ بس کچھ نہ پوچھو اللہ جانتا ہی -

گ - اللہ کرے جلد دروازے پر شہنائی کی آواز آئے -

اسکے بعد حسن آرا اور سپہر آرا تخلیے مین باتین کرنے لگین -

قلعے کا محاصرہ

دوسرے روز سے ترکون نے قلعہ کا محاصرہ شروع کر دیا تین جانب سے قلعے کو محصور کر لیا - اگرچہ تھی صرف دقت تھی اول تو وہانتک جانے کے لیے ایک دریا حائل تھا - ترکی انجنیر دریا عبور کرنے کی آسانی سے فکر کر سکتے تھے مگر دریا قلعے کی دیوار سے ملتی تھا اور اُسی مقام پر روسیون کی توپین چڑھی ہوئی تھین روسی گولہ انداز خدا سے دعا مانگتے تھے کہ ترکی اس طرف آئین تو ہم پرے کے پرے توپ کے مُہرے اُڑا دین -

ترکی کالم اُس طرف بڑھا تو روسیون نے قلعے سے توپین چلائین - گیارہ ترکی زخمی ہوے اور دو پیادے اُسی مقام پر ڈھیر ہو گئے - روسیون نے بہت عجلت کی ورنہ اگر ذرا اور ٹھہر جاتے تو پھر پورے کالم کی خیر نہ تھی افسر کمانیر نے اسوقت کسیقدر ٹھہر کر کہا شکر ہی کہ روسی کے ماتھے لگی ورنہ بڑی بیڈھب ہوتی - اب ترکون نے چوتھی جانب سے قلعے کے گھیرنے کا عزم فسخ کر دیا روسی قلعے مین چپ چاپ بیٹھے تھے - انکو خوب معلوم تھا کہ ترکی فوج قلعہ خالی کر لیگی لہذا بھاگ جانے کی ایک راہ تجویز کر چکے تھے اور سوچتے تھے کہ اگر ترکون نے گولہ اندازی شروع کر دی تو جبتک ہمارے پاس گولہ بارود ہی تب تک جواب دینگے اور جب سامان ختم ہو جائیگا تب چپکے سے قلعہ چھوڑ کر نکل بھاگینگے - دونون اپنی اپنی گھات مین تھے - افسر کمانیر نے کہا کہ گانون سے دو کوس پورب کے رُخ روسیون کا ایک رسالہ آ ہو نچا ہی - دس سوار خبر لانے جائین - ورنہ پھر ذرا دیر بھی کھیر ہی -

ایک پاشا - آپ کو کیونکر معلوم ہوا کہ روسیون کا رسالہ آ گیا ہی -

کمانیر - ابھی ایک شخص نے آن کر بیان کیا - خبر معتبر معلوم ہوتی ہی -

دوسرا پاشا - ایک رسالہ آن پہونچا - فوراً خبر لانی چاہیے -

تیسرا پاشا - قلعے کی تو قلعی کھل گئی - یہاں تو بالکل سناٹا ہی -

علیقو پاشا - ہان نہین تو اب تک گولہ نہ چلتا ہوتا -

آزاد - تو اگر اُدھر سے نہ چلے تو کیا کچھ فرض ہی کہ ہم بھی خاموش ہی رہین ہم تو گولے اُتارین - اُنکا مصالح تو خالی ہوگیا - نہین دم نہ لیتے -

کمانیر - ہمنے سُنا ہی کہ اس کانون کے پورب کے رخ روسیون کا رسالہ قلعے والون کی کمک کے لیے آن پہونچا ہی جب تک اس خبر کی تصدیق یا تکذیب نہو گی ہم کوئی کارروائی نہ کرینگے -

آزاد پاشا نے اجازت لیکر گھوڑے کی باگ اُٹھائی دس سوار ساتھ لیے اور چلے کوئی کوس بھر کے فاصلے پر گئے ہونگے کہ روسیون کا رسالہ سامنے سے نظر آیا جو سوار گردآوری کر رہے تھے اُنمین سے کوئی چالیس پینتالیس اُنکی طرف جھپٹے - اِدھر آزاد پاشا نے گھوڑا بھگایا اُدھر انھون نے اِنکا پیچھا کیا - آزاد کا گھوڑا برتیز اور سبک خیز تھا مگر روس کے دو افسر اور تین سوارون نے اِنکے گھوڑے کے قریب آن کر للکارا - اب آزاد پاشا کے ساتھ نو سوار رہگئے تھے ایک سوار کو روسیون نے اثنائے راہ مین قتل کر ڈالا تھا آزاد پاشا نے دیکھا کہ جا بجا تیز گھوڑا جائے اِنسے آگے نہ بڑھنے پائیگا ناچار مع نو سوارون اُنھون نے گھوڑے کی باگ پھیر دی - اب اُنسے اور ایک روسی افسر سے مقابلہ ہونے لگا - اُسنے بندوق سر کی - دائین - یہ گھوڑا پھر کر الگ ہو رہے اور فوراً سبلہی پر ہاتھ تھا - دائین نشانہ خالی گیا - دونون نے تلوار ین سونتین - اُسنے ایک ہاتھ لگایا - تلوار آزاد پاشا کے فرس تند خو کے کان تک آئی تھی کہ آزاد نے روسی افسر کا ہاتھ اُڑا دیا - ہنگتی اسے کہتے ہین - اتنے مین طرفین سے سوار آگئے - ترکی سوارون نے بندوقین چلائین تو روسیون کے دو گھوڑے زخمی ہوکر گر پڑے اور تین آدمی لوٹنے لگے - ادھر آزاد پاشا کے گھوڑے کے پچھے کے پاس زخم لگا اور خون جاری ہوگیا - الغرض ادھر یہ اور اُدھر وہ دونون اپنے اپنے پڑاؤ کی طرف چلے - وہ اپنے بیڑے مین پہونچے تو ایک افسر کا ہاتھ ندارد - تین سوار غائب - ایک گھوڑے کی پشت پر سوار ندارد - دو گھوڑون کا پتا نہین آزاد پاشا اپنے خیمے مین آئے تو گھوڑا زخمی - ایک سوار کا پتا نہین - ایک گھوڑا نہین نظر آتا - دس بھیجے تھے نو ہی واپس آئے - دو سوار سخت زخمی ہوگئے تھے مگر ایک گھوڑے پر دو آدمی ایک ترکی دردی پہنے دوسرا روسی - اسپر لشکریون نے خوشی کا نعرہ مارا کہ ایک روسی کو قید کرکے لے آئے -

کمانیر - یہ مڈبھیڑ کس مقام پر ہوئی -

آزاد - یہان سے کوئی سوا کوس کے فاصلے پر -

کمانیر - کیا روسی سوا کوس پر ہین -؟

آزاد - نہین کوئی دو کوس پر - مگر گردآوری کے سوارون سے ہمسے مقابلہ ہوگیا - ہم تو دیکھ بھال کر واپس آئے تھے مگر اُنھون نے پیچھا کیا - ہمنے گھوڑے بھگائے کہ آپکو اطلاع دین لیکن جب وہ کلے ہی پر آگئے تو مجبور ہوکر خوب دل کھول کے مقابلہ کیا - اتنے مین سوارون نے آزاد کی تعریف کی - نو سوارون

مین سے آٹھ اُنکے کمال ملاح تھے اور نوین سوار کو زخم کی تکلیف و پیاس کی شدت کے سبب سے بولنے کی طاقت نتھی

ایک سوار- آزاد پاشا نے گھوڑا پھیر کر روسی افسر کا مقابلہ کیا- اور اس خوبصورتی کے ساتھ کہ ایک ہی وار مین اُسکا ہاتھ کاٹ کے پھینکدیا-

دوسرا سوار- پہلے دونون کی بندوقون کا نشانہ خالی گیا مگر آزاد پاشا بڑی جوانمردی سے لڑے-

تیسرا سوار- ایسے مقام پر گھوڑا پھیرنا اور بچانا ذرا دل لگی نہین ہی-

چوتھا سوار- جبتک ہم لوگ پہونچین یہ روسی افسر کا ہاتھ کاٹ چکے تھے بالکل بے بس کر دیا تھا- افسر ہو تو ویسا پہلے تو بالکین اُٹھا کر ہم سب واپس لے تھے مگر جب وہ لوگ کلے پر آ گئے تو بجز مقابلے کے چارہ نہ رہا- آزاد پاشا پلٹ پڑے اور ہم سب بھی ساتھ ہی ساتھ پلٹے- تلوار چلنے لگی- ہم غالب رہے-

پانچوان سوار- ہم نے دور سے دیکھا کہ روسی سوار پرے جمائے آمادۂ کوچ کھڑے تھے-

کمانیر- ہون! (ذرا غور کرکے) تو اب قلعے کا خالی کرانا ایک کام ہی اور اُس رسالے سے مقابلہ کرکے اُسکو ہٹانا دوسرا کام ہی اگر ہم اُدھر جاتے ہین تو ادھر یہ لوگ قلعہ چھوڑ کر نکل جاتے ہین یا شاید ادھر سے یہ مقابلہ کرین اُدھر سے وہ- اگر ہم نہین بڑھتے تو وہ رسالہ بڑھتا ہی- اِس صورت مین ہم دو جانب سے گھر جائینگے- غور طلب بات ہی- اچھا جبتک وہ رسالہ آئے- قلعے پر توپ گولہ اندازی شروع کر دو- مگر ذرا اور غور کرنے دو یہ تعجیل کار ے شیاطین بود- کئی پاشا شورے کے لیے آئے اور آخر کار یہ راے قرار پائی کہ پھر سوار بھیجے جائین اور وہ جاکر غور دیکھین کہ روسی رسالہ کس طرف جانے کا قصد رکھتا ہی-

آزاد پاشا نے کہا مین جاتا ہون- کمانیر نے کہا نہین تم ابھی کسی قدر تھکے ہوے چلے آتے ہو- یا فی پاشا بیس سوارے کر جائین اور دو گوندے بھیجے ایک سوار نے جو اُس قلعے مین سے نکلا- وہ چکا تھا کہا مین جاکے دو آدمیونکو گانون سے بھیجتا ہون- دودھ بیچنے کے بہانے سے وہ جائینگے- کمانیر نے کہا بہتر ہی- سوار گانون گیا اور ایک بوڑھے آدمی کو بلا لیا گانون مین کہا کہ یہان سے کوئی دو تین دو کوس کے فاصلے پر روسیون کی فوج آئی ہی جاکر ٹوہ لو کہ کدھر جاتے ہین اور کتنے آدمی اُنکے ساتھ ہین بوڑھا ایک اور آدمی کو لے کر چلا تو ادھر روسی قیدی اور ترکون مین باتین ہونے لگین-

روسی- (آزاد سے) ہمسے بڑی بڑی قواعد لیجاتی ہی- ذرا چوک ہوئی اور کوڑے پڑنے لگے پچاس کوڑے تک سزا جائز ہی- چاہے کیسا ہی سخت جرم ہو پچاس کوڑون سے زیادہ سزا نہین دی جاسکتی سب سے سخت سزا یہ ہی کہ لاکھ دن تک ایک تیرہ وتار کوٹھری مین تنہا قید کر دیتے ہین- اور کوٹھری تیرہ سے زیادہ تنگ ہوتی ہی- ہم روسی سپاہی اپنے افسر کے حکم کی تعمیل کو تمغاے بسالت سمجھتے ہین- اب روس مین بارہ مدارس حرب ہین- ہمارے ہان کے افسر بڑے عیاش اور باشش ہوتے ہین اور اکثر ناخواندہ و جاہل ہم روسیون کو اُس پر البتہ ناز ہی کہ سپاہی اور افسر نہایت جری جیوٹ مستقل مزاج اور کرارے ہوتے ہین- آج ہمنے شراب کا ایک قطرہ بھی نہین پیا ہی- اسوقت ہمائیون کی

ڈاک بیٹھی ہوئی ہی - ہم لوگ شراب کے عاشق ہین - کوئی روسی سپاہی ایسا نہین جو شراب پی کے غین نہو جاتا ہو ہم لوگ اسقدر آوارہ ہین کہ ہمارے اسپتالون کو کبھی خالی نہ پائیگا مگر مصیبت کو جسقدر ہم برداشت کرسکتے ممکن کیا کوئی اور سپاہی مقابلہ کرسکے -

آزاد - تمھارے ملک مین ایک بڑی خرابی ہی کہ سوار دن اور سپاہیون کی بھرمار کردیتے ہین مگر افسر معدودے چند ہی ہوتے ہین اور افسرون کی تنخواہین بھی صرف برائے نام ہوتی ہین - پورے جنرل کی تنخواہ تین سو پونڈ یعنی تین ہزار روپیہ سالانہ سے زیادہ نہین ہوتی ہی - سنتے ہین کہ روسی افسر اکثر بے ایمانی بھی کرتے ہین -

روسی - مگر وقت جنگ پچاس فی صدی کے حساب سے تنخواہ بڑھادی جاسکتی ہی -

علیقو - یہ کوئی بڑی تعریف کی بات نہین ہی - کیونکہ وہ بڑے بڑے کارنمایان کرتے ہین -

روسی - ہمارے جنرل بڑی شیرین زبانی سے پیش آتے ہین - کاسک سپاہی ہمارے لشکر کے جزو اعظم ہین - یہ لوگ بالکل وحوش ہوتے ہین مگر بڑے جری اور شہسواری مین طاق -

علیقو - بھلا ترکون کو تم کیسا سپاہی سمجھتے ہو -

روسی - بس ہمارا ہی دل جانتا ہی - خوش رو جوان شیر کی سی کلائی چیتے کی سی کمر سینے چوڑے شانے بھرے ہوے اور گول گردنین تیار - جسے دیکھیے کلے ٹھلے کا جوان مگر کاسک بھی اُنسے ڈٹ کے چلنے والے نہین -

علیقو - (مسکراکر) اور ہمارے ہان کے باشی بزدوقو کو بھول گئے -

روسی - ہان اچھی جوڑ ہی -

روسی قیدی نہایت جوش وخروش مین کھڑا ہوکر بڑی ڈانٹ ڈپٹ کے ساتھ بولنے لگا - منھ سے شعلے نکلتے تھے روسی زبان مین کئی بار کہا کہ ہاے اسوقت میرے پاس تلوار نہین ورنہ کل ترکون کا سر بھٹا سا اُڑا دیتا - اسپر ایک ترکی سپاہی کو جوش آگیا آنکھون مین خون اُتر آیا - ڈپٹ کے کہا سنو بھئی تم بھی سپاہی اور ہم بھی سپاہی ہین - ہمارا تمھارا ایک پیشہ ہی مگر اسوقت فرق یہ ہی کہ تم قیدی ہو اور مین آزاد ہون - مین اسوقت تمھاری بات کا جواب نہین دینا چاہتا - بس اور کچھ نہ کہونگا - روسی قیدی نے ایک آہ سرد کھینچی اور اس شعر کو ترجمان دل کیا -

بلبلو کسکو دکھاتی ہو غروج پرواز ہم بھی اس باغ مین تھے قید سے آزاد کبھی

علیقو یاشا یہ کلمہ سنکر روسی قیدی کے پاس گئے اور یون گفتگو کی - تمھارے قلعہ مین ایک اژدر دہان توپ تھی جسکی پیشانی پر یہ مصرع کندہ ہی - ع -

ترس اے مدعی از من کہ آتش در دہن دارم

ہم نے اپنی بسالت اور جوانمردی سے اس مصرع کا جواب یون دیا - ع -

بلف جان عزیز خود بر خونین کفن دارم

روسی قیدی نے کہا ہم فارسی زبان سے واقف نہین ہین - ایک ترکی افسر نے اسکا ترجمہ کیا تو روسی قیدی پھڑک گیا - کہا ہم تو اسوقت قیدی ہین جو چاہو سو کہو جس طرح چاہو پیش آؤ - چاہے قتل کردو چاہے گردن مارو تمھارے

بس مین ہین - اسپر کئی ترکون نے نہایت جوش و خروش سے کہا ہم سپاہی ہین جو شخص ہمارے بس مین آیا اُسکا قتل کرنا ہماری وضع کے خلاف ہی ہمارے امکان مین ہی کہ اسوقت تمھین قتل کر ڈالین یا چورنگ کرین یا کھڑا چنوا دین سنگسار کرین جو چاہین کرین مگر ؎

مردی نہ بود فتادہ را پائی دن | گر دست فتادہ را بگیری مردی

ہم اِس مسلک کے سالک ہین -

روسی - ہم مرد میدان ہین - ہم جوانمرد ہین مگر اسوقت قیدی ہین اگر تم سپاہی اور بہادر ہو تو ہمکو شراب پلاؤ -

علیقو پاشا اس فقرے پر بہت ہنسے - روسی قیدی نے جھلا کر کہا - آپ ہنسیے اگر آپ سچے سپاہی ہین تو برانڈی کا ایک جام پلایئے - ورنہ ہم تو قیدی ہین -

ترکی سپاہی - ہم تمکو مثل اپنے بھائیون کے سمجھتے ہین تم اسوقت ہرگز یہ خیال نہ کرو کہ ہم تمکو قیدی سمجھ کر بنانا چاہتے ہین ہرگز نہین ہم خوب جانتے ہین کہ ہمارے سپاہی اور سوار بھی کسی وقت مین قیدی ہو جائینگے جنگ و سردار خدا جانے اِس جنگ عظیم کا نتیجہ کیا ہو لیکن یہ ہمکو خوب یقین ہی کہ ترکی اور روسی دونون سپاہی ہین اگر ترکونکو روسی قید کر لینگے تو مثل اپنے بھائیون کے سمجھین گے اور فی الحال اگر ترکی روسیونکو قید کرے گئے تو وہ بھی اپنے قیدیون پر ستم روا نہ رکھینگے -

جو سوار ریاض پاشا کے ساتھ روسیون کے رسالے کی خبر لانے کے لیے گئے تھے وہ اتنے مین واپس آئے - انھون نے کہا روسیون کا رسالہ خاص قلعے والون کی کمک کو آیا ہی بیرونی مدد دیکر وہ قلعے کی فوج کو اپنے ساتھ لیجائینگے یا اگر موقع ملا تو - ہمکو یہان سے ہٹا دینگے - مگر رسالے کے گھوڑے اور سوار سب جوان اور خوبصورت ہین - اور جوش خروش سے آتے ہین - قلعے سے اُنکے پاس لوگ گئے تھے - کل شب کی شکست کا حال سُنکر روسی بہت ہی جھلائے ہوے ہین اور تلے ہوے ہین کہ بدلا لین -

اتنے مین وہ دونون جاسوس بھی آئے - جس ظرف مین دودھ بیچنے لے گئے تھے وہ سامنے پھینک دیے گئے سوارون نے بڑھکر پوچھا کہو کچھ پتا لگایا - کوئی امر دریافت ہوا -

بوڑھا - بڑی فوج ہی - اور دردیان ایسی چمکتی ہین جیسے شیشہ -

سوار - کبھی پہلے بھی فوج دیکھی تھی -

بوڑھا - ہونہہ - عمر گذر گئی - بیسون لڑائیان دیکھ ڈالین - یہ ایک دو لیے پھرتے ہین -

سوار - دودھ بکایا نہین بکا -

بوڑھا - فوج مین دودھ لے کر گئے ہم - پہلے تو دو ایک افسرون نے پوچھا تم کون ہی ہمنے کہا دودھ بیچنے آئے ہین کہا دودھ مین سکھیا تو نہین ہی - ہمنے کہا چکھ کے دیکھ لو - اسپر وہ لوگ ہنسے اور کہا چکھتے ہی لوٹ جائین - مین نے تھوڑا سا دودھ خود کھا یا - تب دودھ لیا اور دام دیے -

پاشا - ہم لوگون کا حال کچھ پوچھتے تھے -

ب - بہت کچھ پوچھا رات کو جو لڑائی ہوئی اُسکا حال ہمنے کہا دونون طرف سے بڑھ چلتی تھی - ہم دبے دبکائے اپنے جھونپڑون مین بیٹھے تھے صبح کو معلوم ہوا کہ روسی ہار گئے اور ترکون نے فتح پائی لاشین تو ہم نے بھی دیکھی تھین -

پاشا - کچھ سنا کہ کس طرف جانے والے ہین -
بوڑھا - ہان ہان - اسی طرف آتے ہین -
سوار - خوب معلوم ہی کہ اسطرف آئینگے -
ب - ہان بس کوئی دو گھنٹے مین اسطرف پہنچینگے -
کمانیر - (سوارون سے) تم کو دیکھ کر روسیون نے پیچھا نہین کیا -
سوار - نہین - ہم آڑ مین تھے - جھاڑی کی آڑ مین کھڑے تھے ہم - جب ہمنے دیکھا کہ گرد آوری کے ساتھ آتے ہین تو آہستہ آہستہ چل کھڑے ہوے مگر ہمنے کئی بار دیکھا فوج مین بڑا جوش و خروش تھا - تین توپین ہم کو نظر آئین - ایک کوئی چودہ پنی تھی -
پاشا - توپخانہ بھی ساتھ ہی -
کمانیر - ہماری راے یہ ہی کہ نصف فوج یہان مورچہ بندی کرے اور قلعے پر گولے چلائے تین طرف سے قلعے کو ہمنے محصور کر لیا - نصف نصف فوج ہر سمت رہے - اور باقیماندہ فوج روسی رسالے کیطرف بڑھ رہے تاکہ اسکو راستے ہی مین روک دے آگے نہ بڑھنے پائے اور ہم صرف دو سو سوار لیکر وسط مین ٹھہرین تاکہ طرفین کا حال ہمین معلوم رہے -
اس راے سے کل افسرون نے اتفاق کر لیا فوج ترتیب کے ساتھ آراستہ ہوئی اور چلی آزاد پاشا اس کالم کے ہمراہ تھے جو پچھم رخ پر قلعے کا محاصرہ کیے ہوے تھا -
علیقو پاشا اس کالم کے ہمراہ گئے جو فوج روسیہ سے مقابلہ کرنے گیا تھا -
اب سنیے کہ ایک کوس کے فاصلے پر ترکی رسالہ رک گیا اور جنگ شروع ہو گئی کمانیر کے کان مین دائین دائین کی آواز آنا شروع ہوئی - سوارون نے غل مچایا کہ وہ جنگ شروع ہو گئی - جو کالم قلعے کو گھیرے ہوے تھے انھون نے بھی آواز سنی اور دفعتاً قلعے سے بھی گولہ چلنے لگا - دھنا دھن اور تین طرف سے گولے برسانے لگے کمانیر جنرل افواج دونون طرفون کی جنگ کا حال دیکھ رہے تھے -
ترکون کے ایک گولے نے پچھم رخ کے بیرونی قلعے کے برج کو ڈھایا - اور کئی توپین مع چالیس روسیون اور گولہ اندازون کے اڑا کر گرا دین اور اس برج نے تیس گھوڑون اور گیارہ سائیسون کی بھی جان لی اس برج کے نیچے ہی گھوڑے بندھے تھے - ترکون نے خوشی کا نعرہ بلند کیا - اسپر روسی اور بھی جھلا کے جھلا کر گولے اتارنے لگے کہ اتنے مین ترکون کا ایک گولہ قلعۂ معلی کے ایک کونے پر پڑا - جسکے ٹکڑون سے تین روسی افسر دو گولہ انداز دو سپاہی اسی دم ٹھنڈے ہو گئے -
روسی افسرون نے دیکھا کہ معاملہ نازک ہوتا جاتا ہی بڑی تشویش ہوئی تسکین فقط یہ تھی کہ بیرونی کمک آیا چاہتی ہی مگر یہ خیال خام تھا - پانچ چھ افسر ایک بلند مقام سے دوربین لگا کر میدان کیطرف دیکھنے لگے - دیکھا کہ افسر کمانیر کچھ سوارون کو لے کر وسط مین ہی اور روسی اور ترکون سے برابر گولی چل رہی ہی - انھون نے نعرۂ خوشی مارا کہ ہمارے سوار ٹھہر کر ہماری مدد کو ضرور آئینگے - مگر عین دفور خوشی کی حالت مین ترکی گولہ اس بلند مقام پر پڑا جہان یہ روسی افسر دوربین سے دیکھ رہے تھے اور اسی دم وہ سب افسر دنیا سے کوچ کر گئے اپنے رسالے کو دوربین کے ذریعے سے دیکھ کر بہت خوش ہوتے تھے مگر یہ آخری خوشی تھی

اِسکے بعد اُنکو فوج اور جنگ سے مطلق سروکار نہ رہا۔
ترکون نے تھوڑی دیر مین قلعے کی مغربی دیوار کو جو ازبس مستحکم تھی مارے گولون اور گولیون کے چھلنی بنا دیا اور مغرب کے علاوہ اور دو جانب سے بھی آگ برسا رہے تھے روسیون کے پاس قلعے مین اسقدر سامان نہ تھا کہ تین طرف سے غنیم کا مقابلہ کرتے۔
الغرض جب ترکون نے تین جانب سے قلعے کو گھیر لیا اور تینون طرف سے گولی اور گولے برسانے لگے روسیونکو قلعے کے اندر سخت عاجز کیا قلعہ کا ایک برج گولون سے اُڑا دیا کئی روسی افسرون کو جو وہین سے اُس فوج کو دیکھتے تھے جو بیرونی مدد دینے کو آئی تھی ایک ہی گولے مین ٹھنڈا کیا ترکون کا دل اور بھی بڑھا۔
مگر روسی اپنی تشویش ناک حالت پر افسوس کرتے تھے خصوصاً جب اُنھون نے دیکھا کہ جو فوج اُنکی کمک کے لیے آتی تھی وہ روک دی گئی اور ترکون کے ایک کالم نے بڑھکر اُنکا مقابلہ کیا اور تین جانب سے دوسرے کالم نے قلعے کو گھیر لیا تو رہی سہی امید بھی جاتی رہی اور افسران روس قلعے مین باہم مشورہ کرنے لگے کہ اب کیا کرنا چاہیے۔
ایک افسر۔ بات بیڈھب ہوئی۔ اب کچھ نہ کچھ لڑکر کرنا چاہیے۔
دوسرا افسر۔ بجز اسکے اور کوئی تدبیر نہین ہے کہ قلعہ چھوڑ دین اور چپکے سے نکل جائین۔
تیسرا افسر۔ ہان صحیح ہے۔ مگر قلعہ چھوڑا اور دریا کیطرف کے کالم نے ہمارا تعاقب کیا بس پھر جان بری محال ہو جائیگی اور کتّے کی موت جان جائیگی پھر کرتے دھرتے کچھ نہ بن پڑیگی۔
چوتھے افسر نے جو سب سے زیادہ تجربہ کار تھے کہا کہ کچھ گولہ انداز دریا کیطرف والے برج مین رہین جب ہم لوگ نکل جائین تب وہ بھی بھاگ کھڑے ہون اس عرصے مین اگر ترکون کے کالم متعینہ نے دریا کیطرف جانے کی کوشش کی تو گولہ انداز اوپر سے آگ برسائین۔ ہمکو موقع ملیگا کامیابی کے ساتھ نکلجائین۔
یہ گفتگو قلعے کے اندر خاص خاص افسرون مین ہو ہی رہی تھی کہ ترکون کا ایک گولہ دوسرے برج پر گرا اور دیوار سے ٹکرایا برج کو گراتا ہوا صحن قلعہ مین پہنچا تو چونتیس آدمیونکو زخمی کیا۔ دو سپاہیون اور ایک لفٹنٹ کی جان لی اور بھی کھل بلی مچی۔ یہ گولہ ہنوز سرد نہوا تھا کہ ایک گولہ آیا جس سے برج رہا سہا اور بھی خاک مین ملگیا اور روسیون کے جان و مال کا نقصان ہوا۔ ہنوز یہ گولا ٹھنڈا نہ ہوا تھا کہ ایک اور گولا آیا اور پھٹتے ہی تین آدمیون کو ٹھنڈا کر دیا اسکے بعد ترکون نے گولون کی بھرمار کر دی۔ اور تمام میدان مین دھنناد دھنا کی آواز گونجنے لگی روسی جنرل نے اپنے گولہ اندازون کو حکم دیا کہ جتنی توپین ہین سب پر تیلی پڑے اور صف شکن بھی گولے برسائے گولہ اندازون کو پوری پوری خوراک دیجائے گی تو تھوڑی ہی دیر مین سناٹا ہو جائے گا۔ خالی توپین پھینکنے سے رہے ہم گولے اُتارتے ہین تو مگر سامان کہان سے لائین۔
ادھر یہ گفتگو ہوتی تھی اُدھر میدان مین ایک اور گل کھلا روسیون کا کالم اسقدر قریب آگیا کہ گولے کی لڑائی بیکار ہوگئی گو ترکون نے برابر باڑھ پر باڑھ ماری مگر روسی گرتے گرتے دراتے ہوئے فوج کو لے ہی آئے تاکہ اِس کالم کو شکست دیکر

قلعے والون کی مدد کو پہونچین اگر یہ کالم شکست یا تا بھی تو روسیون کی تمنا نہ بر آتی۔ تین طرف سے فوج قلعے کا محاصرہ کیے ہوے تھی اور قلعے کی فوج روسیہ کے پاس سامان بھی نہ تھا کہ دو گھنٹے مقابلہ کرتی روسیون نے تلوار لی اور جھپٹے ترکون نے بھی دست بدست جنگ کی مگر دفعتہً ایسی گھنگھور گھٹا چھائی کہ کل میدان اور دشت نبرد تیرہ و تار ہو گیا۔ وہ گھٹا ٹوپ اندھیرا کہ کچھ نظر ہی نہین آتا تھا۔ جو جس مقام پر کھڑا تھا مثل پیکر تصویر خاموش کھڑا رہا۔ قلعے کی فوج روس نے چاہا کہ نکل بھاگے مگر راستہ ہی نہین سوجھتا تھا بڑے بوڑھے آدمیون کا قول ہی کہ ایسی تاریکی اور ایسے کالے کالے بادل کبھی نہین دیکھے تھے۔

آزاد پاشا اور علیتو پاشا اور احمد پاشا اپنے اپنے کالمون کو چھوڑ کر ادھر ادھر ٹٹول ٹٹول کر گشت کرنے لگے۔ اور بگل بجنا شروع ہوا کہ سب اپنی اپنی جگہ پر رہو جب کچھ یون ہی سی تاریکی کم ہوئی تو یہ تینون دوست ایک مقام پر باہم گفتگو کرنے لگے۔ مگر ایک کی بھی شکل نہین نظر آتی تھی۔ سرویا کی تو کیا اصل وحقیقت تھی کہ ٹرکی کا مقابلہ کرتا مگر روسیون نے بھرے وے دیکر جنگ پر چڑھایا۔ سرویا کو شک کی جگہ یقین تھا بلکہ یہی ایمان و دین تھا کہ اگر ترک ذرا بھی غالب آئے تو روسی ہمارا ہاتھ بٹائینگے اور ہم ترکون کو نیچا دکھائینگے مگر جب مقابلہ ہوا تو سرویا کے چھکے چھوٹ گئے اُسنے کھلم کھلا تیاری کی تھی کہ ٹرکی سے نبرد آزما ہو۔ روس اور فرانس اور اسٹریا کے سفیرون نے سرویہ کو سمجھایا کہ خبردار جنگ کا قصد نکرنا لیکن روس کا سمجھانا صرف برائے نام تھا۔ در پردہ شہ دیتا جاتا تھا۔ جون کے مہینے مین سرویا کی فوج جنگ کے قصد سے سرحد کیطرف بڑھی۔ اور کوئی چھبیس ستائیس دن کے بعد اعلان جنگ دیا تو گورنمنٹ سرویا نے اپنے ملک مین مشتہر کیا کہ سرکار اہل سرویا کو اغیار کی اطاعت اور ماتحتی اور غلامی سے آزاد کرنے کے لیے جنگ کرتی ہی اور جو غلامی اس ملک مین پیشتر تھی اُسی کو از سر نو قائم کرنا چاہتی ہی دانا کے ایک اخبار سے معلوم ہوا کہ سرویا نے پوری پوری تیاری جنگ کی ہی۔

سرویا کے وزیر جنگ نے حکم دیا کہ جہان جہان مدارس ہین سب بند کر دیے جائین اور فوج کے زخمیون کے لیے وہ بطریق اسپتال بنا کے جائین۔ سرکاری عمارتون مین کہین سرد اور کہین میگزین کا سامان رکھا گیا۔

شہزادۂ ملن سے جب سلطنت عثمانیہ نے دریافت کیا کہ یہ جنگی تیاریان کس مقصد سے ہو رہی ہین تو شہزادے نے این وآن اور چین وچنان کے بعد کچھ آئین بائین شائین گپ اُڑا دی کہا کہ حاشا ہم سلطنت روم سے مقابلہ نہین کرنا چاہتے اسکے بعد ایک سفیر بحضور سلطان اعظم بھیجا اور اُسکو تاکید کی کہ حضرت سلطان کی خدمت مین شہزادۂ ملن کیطرف سے کہے کہ سرویا دل وجان سے مطیع و منقاد گورنمنٹ ترکی ہی مگر ٹرکی سمجھ گئی کہ دال مین کچھ کالا کالا لاضرور ہی۔ گورنمنٹ ٹرکی نے سرویا سے خراج طلب کیا۔ اور لکھا کہ سرحد سے فوراً اپنی فوج واپس لیجاؤ اور یہ بھی خواہش ظاہر کی کہ مراد نیچی تخت نشین ہون اور ایک سو اکیس ضرب توپ کی سلامی اُترے اسکے جواب مین سرویا نے اپنی اور فوج بھی سرحد پر روانہ کی اس عرصے مین مانٹی نیگرو کے تیور بھی بگڑنے لگے۔ سرویا کی دیکھا دیکھی اُسنے بھی پر و بال نکالے۔ مانٹی نیگرو

کے اخبار مین چھپا کہ وہ لوگ بھی اہل سرویا کا ساتھ دینگے اور سب ملکر ترکون سے نبرد آزما ہونگے - اب سنیے کہ بوسنیا اور ہرزیگوینا بھی بگڑ گئے اور اسی عرصے مین بلغارستان بھی بگڑ کھڑا ہوا -

ادھر تو یہ ہو رہا تھا اُدھر سرویا کے شہزادے نے وزیر جنگ کے نام خط بھیجا کہ جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ ہم اعلان جنگ کرتے ہین -

تار برقی نے ساری خدائی مین گھر گھر یہ خبر پہونچائی - سرویا کی فوج کے سپہ سالار روسی جنرل سرنیاف تھے اُنھون نے سرویا کو کسی قدر روپیہ بھی دیا کہ سامان جنگ بہم پہونچاؤ - اسوقت شہزادہ ملن کا صرف اکیس برس کا سن تھا - سرویا کے پاس کوئی بارہ ہزار آدمی تھے مگر اُن مین قواعد دان اور آزمودہ کار شاید پانچہزار ہون - بانی ناواقف محض الغرض ۱۸۸۶ء مین جنگ روم و سرویا شروع ہوئی -

روسی جنرل کی راے کے مطابق سرویا کی فوج کارروائی کرتی تھی -

آزاد - رومیون کو تو ابتدا ہی سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ یہ سب روسیون کی سازش سے ہوا -

علیقو - بخوبی - پیشتر ہی سے معلوم تھا -

احمد پاشا - وہ تو تیور چھپے ہی نہین رہتے -

آزاد - مگر اہل سرویا تو بڑے بودے نکلے -

احمد - بالکل کچھ جانتے ہی نہین - کسی میدان مین سرسبز نہ ہوے ہر مقام پر شکست پائی جو جنگ ہوئی بھاگتے راہ نہ ملی -

آزاد - ہان صاحب پھر کسی جنگ کا تو حال بیان کیجیے - رومی تو مقام نس مین تھے اور سرویا کی فوج مقام انکسینٹر مین نس بہت ہی عمدہ مقام تھا - سرویا اور بلغارستان دونون کے قبضے کے لیے راس سے زیادہ مقام نہ تھا -

سرویا نے اپنی فوج کے دو کالم بنائے - اور روسی جنرل کی چالاکی سے دونون کالم یکے بعد دیگرے نس کے پہاڑون پر چڑھ گئے اور وہان سے اُترے تو دونون کالم دو مختلف راستون سے چلے - ترکون کے پاس پینتیس ہزار آدمی تھے -

آزاد - کیون صاحب یہ فوج پہاڑون پر چڑھ کیونکر گئی -

علیقو - غفلت کے سبب سے -

آزاد - افوہ اتنی غفلت -

علیقو - حضرت سلطان تک خبر پہونچی - جواب طلب کیا گیا عبد الکریم پاشا سپہ سالار افواج بھیجے گئے کہ اس کمانیر سے باز پرس کرین -

آزاد - ضرور چاہیے تھا -

علیقو - بس پھر تو ترکون نے چھکے چھوڑا دیے -

آزاد - اخبارون مین پڑھا تھا -

علیقو - مار کے اُڑا دیا - شکست پر شکست دی بھاگنے راہ نہ ملی -

آزاد - سرویا نک داخل ہو گئے تھے -

علیقو - جی ہان - ۳۱ - جولائی کو سرویا کی سلطنت مین ترک داخل ہوے مگر بڑی جنگ کے بعد سرویا مین جانے پائے -

آزاد - اور وہ روسی جنرل کیا ہوے -

علیقو - روسی جنرل اور کئی افسر سرویا کی مدد کو آئے تھے

گورنمنٹ روس نے اُنکو درپردہ بھیجا تھا کہ مدد دین مگر اہل سردیا کی جنبیت نے اُنکو بھی کہین کا نہ رکھا۔ کئی سوار ہمسے کہتے تھے کہ جب سردیا کے سپاہی ایک جنگ مین بھاگنے لگے تو روسی افسرون نے بندوق کے کندون سے مارنا شروع کیا اور للکار للکار کر کہا کہ اے نامردو آگے بڑھو یا گولی کھاکے مرو۔ بھاگے تو پیچھے پھر کر دیکھنا محال تھا۔ بھاگے سو بھاگے۔

آزاد۔ لاحول ولاقوۃ۔

احمد پاشا۔ (ہنسکر) واللہ اسطرح بھاگے کہ کچھ پوچھیے نہ بس بڑے بودے۔ اور بودے نہ بھی ہوتے تو ہمارا مقابلہ کیا خاک کرتے۔ اے لاحول۔

علیقو۔ پھر تو حضرت سلامت سردیا مین چوطرفہ ہمارا ڈنکا بجنے لگا اور غنیم بھاگ کر اور بھی دور ہو رہا۔

آزاد۔ اِسکے کیا معنی دور ہو رہا کیا معنی۔

علیقو۔ مطلب یہ کہ ملک کے اندرونی حصہ مین چلا گیا۔

احمد۔ ہمارے دوست بھی سردیا کی کئی لڑائیون مین شریک تھے

آزاد۔ کون دوست۔

احمد۔ حسن پاشا۔

علیقو۔ شہزادۂ ملن چکرائے۔ ہاتھ پانون پھول گئے سوچے کہ بڑی غلطی ہوئی۔ ۱۸۔ اگست کو ذرا کو ملوایا ایک مجلس شوریٰ منعقد کی بعض وزرانے کہا کہ صلح کر لیجیے۔ ورنہ اِس سے زیادہ تباہی پڑیگی۔ اب بھی سویرا ہے مگر اکثرون کی یہی راے ہوئی کہ چاہے انجام جو کچھ ہو صلح کی درخواست کرنا فضول ہے۔ ہرچہ باداباد۔

ترک تو بڑے مقتے آتے ہی تھے سردیا کی فوج کو اُنھون نے پھر شکست دی چند ہی روز مین ترکون نے ایسا نچا دکھایا کہ سردیا کے صدر مقام الگزیٹر تک دڑاتے ہوے چلے گئے۔

آزاد۔ (خوش ہوکر) ہان یہ تو ہمنے اخبار مین پڑھا تھا۔

علیقو۔ اب شہزادۂ ملن گھبرائے۔ اور دول خارجہ کے سفیرون کو محل شاہی مین طلب کرکے کہا کہ اب ہم صلح کے خواستگار ہین۔ آپ لوگ صلح کرا دیجیے۔

آزاد۔ (خوش ہو) بات تیرے کی۔

علیقو۔ یکم ستمبر کو سردیا نے ایسی شکست فاش پائی کہ تمام عمر نہ بھولیگے ترکی سپاہیون نے جوش مین آکر ایسا نچا دکھایا کہ تلملانے لگے مجبور ہوکر بھاگنا پڑا۔ اِس جنگ مین مین بھی شریک تھا۔ یہ اُنکے صدر مقام کے پاس ہوئی تھی۔ سردیا کے سپاہی جنگ کے قابل نہین ہین۔ مگر اِس جنگ مین اُنکے گولہ اندازون نے بڑا کارنمایان کیا۔

احمد۔ بس اب شکست کے بعد ہی تو روس کے والنٹیر آئے تھے۔

علیقو۔ روسی جنرل افسر سپاہی والنٹیر سب آئے تھے اِسی سبب سے تو جنگ نے طول کھینچا ورنہ سردیا دے تو کب کے بول گئے ہوتے۔ اب دل لگی دیکھیے کہ پہلے تو روس نے تھوڑے ہی سے آدمی بھیجے مگر جب ترکون نے سردیا کی فوج کے ہر جنگ اور ہر مقام پر دانت کھٹے کر دیے تو روس نے جھلا کر بہت سے سپاہی اور والنٹیر بھیجدیے روسیون کو سردیا کی فوج سے نفرت ہو گئی اور سردیا کے سپاہی روسیون سے حسد کرنے لگے سوچے کہ یہ ظاہر تو ہمارے ساتھ ہمدردی کرتے ہین اور کہتے ہین کہ ہم تمھاری کمک کو آئے ہین مگر باطن مین ہمارا ملک چھیننے اور ہمارے غلام بنانے کی فکر مین ہین چلیے دونون تومونین ایک قسم کی

ناچاقی ہوگئی۔

آزاد۔ اچھی دل لگی ہے۔

احمد۔ ایک افسر فوج سرویا مجھ سے کہتا تھا کہ روسی جنرل سرویا کے سپاہیون کی جنبیت پر دانت پیس پیسکر رہ جاتے تھے اور ہماری فوج کا دل بڑھتا جاتا تھا۔ سرویا کو اچھی سزا ملی۔ بہت چل نکلا تھا۔

علیقو۔ یہانتک نوبت آئی کہ ادھر ترکون نے مقابلہ کیا اُدھر بند وقیین اور توپین چھوڑ چھوڑ کر بھاگے افسر بیچارے کئی مقام پر اکیلے رہ گئے سپاہی اور سوار دن کا تپاہی نہین افسر مُردون کون کھڑے ہوے ہین آخر کار سلاطین یورپ نے یہ فیصلہ کیا کہ دو ہفتے تک جنگ بندی رہے۔ ترک فتح پاکر شرمسار ہوگئے تھے اُنکو مہلت منظور نہ تھی مگر جب اُنھون نے دیکھا کہ سلطنتین متفق الرائے ہین تو بدرجۂ مجبوری منظور کرلیا۔ مگر ہم تو اہل مانٹی نیگرو کی تعریف کرینگے واقعہ سپاہی ہون تو ایسے ہون۔

احمد۔ اور شہزادۂ ملن کی حماقت دیکھیے۔ انکو روسیون نے یہ پٹی پڑھائی کہ تم بوسینا اور سرویا کے بادشاہ ہونے کا اعلان کردو۔ اُنھون نے اپنے ملک مین چوطرفہ مشہور کردیا کہ ہم بادشاہ ہین لڑائی پھر شروع ہوگئی اور ترکون نے پھر سرویا کو دبایا۔

آزاد۔ ہم نے بڑی کوشش کی تھی کہ اس جنگ مین شریک ہون مگر بوجوہ چند در چند آزرو نہ برآئی۔ خیر۔ ترکون نے سرویا کو نیچا تو دکھایا بس یہی خوشی کا باعث ہے۔

احمد۔ ایک مرتبہ البتہ سرویا نے بڑا سخت حملہ کیا تھا۔ ۲۸۔ ستمبر کو۔

علیقو۔ واہ۔ کیا خالی سرویا نے حملہ کیا تھا؟ اہل مونٹی نیگرو اور روسی اور مانٹی نیگرو کی فوج نے مل کر چڑھائی کی۔ گر تعریف نہ کیجیے گا کہ کس بسالت سے ہٹا دیا۔

احمد۔ تو کیا آپ افسر تھے۔

علیقو۔ اجی وہ ہم نہین ہمارے بھائی سہی۔ سرنیاف تو اُس دن فتح فرور حاصل کرتے مگر اُنکے پاس اسقدر فوج نہ تھی اور ترکون کا جوش وخروش درجۂ اعتدال سے بڑھا ہوا تھا۔ بڑی دیر تک جنگ رہی۔ سرویا کو یقین ہوگیا تھا کہ ترکون پر غالب آجائینگے مگر آخر کار ترکون نے مار کے ہٹا دیا۔ اس جنگ مین طرفین نے بڑا نقصان اُٹھایا اور روسیون کے کوئی بہتر افسر دنکی لاشین میدان مین ملین۔ تبھی ترکون کی بن آئی سرویا نے شکست پر شکست پائی۔ اور روسیون کو نجوبی معلوم ہوگیا کہ ترکی اہل سرویا سے بدرجہا بڑھ چڑھ کر ہین۔ سمجھ گئے کہ اسلحج کی مدد سے خاک فائدہ نہ نکلے گا اور آخر اکتوبر تک سرویا کی طاقت خاک مین ملگئی۔ نومبر کی پہلی تاریخ کو صدر مقام پر ترکون کا قبضہ ہوگیا۔

آزاد۔ سلطان مراد کی جگہ پر تو عبد الحمید خان اواخر گست مین تخت نشین ہوے تھے نہ؟

علیقو۔ ہان۔ ۳۱۔ اگست کو۔ سلطان مراد بیچارے کی حالت سخت افسوسناک تھی۔ ابھی نام خدا چونتیسوان سال ہے۔

آزاد۔ خدا خضر والیاس کی عمر عطا کرے۔

علیقو۔ من آمین ثم آمین۔ ہین تو ہونہار۔

آزاد۔ گر اُنکے اس جوش وخروش کو دیکھیے گا اسوقت

بھی جنگ کا ذکر ہو رہا ہے۔

علیقو۔ سپاہی جہان میدان مین گیا بس پھر اُسکو جان کا مطلق خیال نہین رہتا۔

اتنے مین بادل چھٹنے لگے اور کچھ کچھ روشنی نمودار ہوئی۔ روسی سمجھے تھے کہ ترک ابھی کچھ دیر تک خاموش رہینگے اور ہمکو موقع ملیگا کہ دریا کی طرف بھاگ جائین لیکن یہ سوچ ہی رہے تھے کہ ترکون نے توپ پر بتی دی اور دھنناتا گرتا ہوا گولا آیا۔ ارے ا۔ افوہ۔ ہم سمجھے تھے کہ ترک غافل ہوگئے ہونگے مگر وہ کب چوکنے والے ہین۔ ابھی تک بادل منتشر نہین ہوے۔ تاریکی موجود ہی مگر اُنھون نے گولا چلا ہی دیا۔ دوسرا آیا۔ تیسرا آیا۔ مجبور ہوکر روسیون نے چند جرّی گولا اندازون کو قلعے کے ایک برج مین چھوڑا اور تیار ہوگئے کہ نکل بھاگین مگر چند آدمیون نے صلاح دی کہ وحشت اور عجلت کی کارروائی فضول اور فنون سپہ گری کے خلاف ہے پہلے دیکھو کہ ترک کیا کارروائی کر رہے ہین۔ تخمینہ کرو کہ اُنکے کسقدر آدمی ہین۔ پھر بالبتہ قلعہ چھوڑنے کا قصد کرو تو مضائقہ نہین۔ اسپر سب متفق ہوکر قلعے والون نے رندون سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ دریا کی طرف جماعت کثیر ہے چند گولا انداز اُنکو کسی طرح پر نہین روک سکتے اب بڑی پریشانی ہے۔ بھاگین تو قتل ہون اور قلعے مین رہین تو گولون سے کھوپڑی پھٹتی ہے۔

یون تو فوج ترک کا ہر ایک سپاہی شیر دل جوانمرد اور نہایت جرّی تھا لیکن آزاد پاشا سب سے دل ہاتھ بڑھ چڑھ کے تھے اُنکے دل سے لگی تھی کہ غنیم روسیہ کو بھگا کر اپنے تئین شمالی سرحد تک پہونچا ئین۔

اب سنیے کہ آزاد پاشا چھ جرّی اور دلاور ترکون کو لیکر قلعے کی طرف چلے۔ دو زینے ساتھ تھے چار مزدور لیٹ کر اُن چوبی زینون کو آہستہ آہستہ لیے جاتے تھے۔ آزاد پاشا کے ساتھ وہ سوار بھی تھا جو قلعے مین عرصہ دراز تک رہ چکا تھا قلعے کی ایک کھائی اور دو نمبر سو ڈیون اور کئی جھاڑیون کو ٹپ کر کے آزاد پاشا بڑی دیر مین ایک ایسے مقام پر پہونچے جہان میدان ہی میدان تھا۔ آڑ مین کھڑے رہے جب مزدور زینے لیکر آئے تو سوار سے اُنھون نے انواع و اقسام کے سوالات کرنا شروع کیے۔

آزاد۔ قلعے مین تو بالکل سناٹا ہے۔

سوار۔ آدمی کم ہین۔ سب کے سب قلعہ خاص مین جمع ہوگئے۔

آزاد۔ پھر ہمارا کالم کیون نہین آتا روکنے والا کون ہے۔

س۔ یہ فقط ہمارا خیال ہی خیال تھا کہ یہ مقام خالی ہوگا اگر فوج آتی اور اوپر سے روسی گولہ اندازی کرتے تو کالم کا کالم اُڑ جاتا یا نہین اسی سبب سے تو پانچ چھ آدمی آئے کہ اگر مارے بھی ڈالے گئے تو کیا۔ وطن مالوف کے نام پر جان گئی۔ گئی۔

آزاد۔ اچھا اب فوج کو بُلوا لین۔

س۔ ہان اسکا مضائقہ نہین۔

آزاد۔ اب یہانتک آئے ہین تو قلعے کی سیر بھی کر لین۔ تھوڑی دیر کے بعد آزاد پاشا ایسے مقام پر پہونچے جہان سے قلعہ خاص کی دیوار بہت قریب تھی ترکی گولہ انداز اب بچا بچا کر گولے اُتارنے لگے تاکہ آزاد پاشا پر کوئی ٹکڑا نہ پڑ جائے کل فوج دست بدعا تھی کہ خداوندا آزاد کو بچا تا۔ اور زندہ

وصحیح وسلامت لانا۔ آزاد پاشا جان بکف تو گئے تھے ڈراتے ہوے قلعے کی دیوار کے نیچے جا کھڑے ہوے۔
آزاد۔ زینہ لگاکر اندر کی کیفیت تو دیکھیں۔
سوار۔ دیوار اسقدر بلند ہے کہ الامان۔ زینے اسقدر بلند کہان ہین کہ قلعے کا حال معلوم ہو جائے۔
آزاد۔ اہا ہا۔ وہ دیکھو دیوار گری ہوئی ہے۔ ہمارے گولے نے ایک حصہ دیوار کو خاک مین ملا دیا ہے۔ وہان سے زینہ لگاکر دیکھین۔
سوار۔ بڑا نازک معاملہ ہے۔ معلوم ہوتا ہے آپ کا کوئی رونے والا نہین ہے۔
اس فقرے پر آزاد کو حسن آرا اور سپہر آرا اور اصغر کبھی اور اختر النسا اور زینت النسا اور دنیا اور مس مینٹ یاد آئین لیکن زینہ لگاکر آواز بلند بسم اللہ کہکر کھٹ کھٹ کرتے ہوے چڑھ گئے۔ دوسرا زینہ بھی لگایا گیا چھ سپاہی اور سوار جو ساتھ تھے وہ چڑھنے لگے۔ جب آخری سیڑھی پر پہونچے تو پھر بسم اللہ کہکر میان آزاد نے اسپر پاؤن رکھا اور دونون زینون سے لا الہ الا اللہ کی آواز بلند کی اور قلعے کیطرف جھانکا اور سب نے ملکر تالیان بجا دین روسیون نے جو یہ آواز سنی اور آزاد پاشا اور دو آدمیون کو دیکھا کہ قلعے کے اوپر آگئے تو سمجھے فوج کی فوج مثل بحر مواج امنڈ آئی۔ ایک پر ایک گرنے لگا بلا مشورہ واجازت سپاہی اور سوار اور افسر اور جتنے تھے سب کے سب دریا دے راستے سے بھاگے گولہ انداز بھی غایب اور افسر بھی ندارد آزاد نے اور انکے ساتھیون نے پھر نعرہ بلند کیا۔ اس نعرے کی آواز ترکی فوج تک نہین گئی مگر جب ترکون کے ایک کالم نے دیکھا کہ روسی فوج دریا کی جانب سے نکلی جاتی ہے تو دو طرف سے اسپر حملہ کیا۔ اور ایک کالم قلعہ کے اندر داخل ہو گیا ان دونون کالمون نے فوج روس کو گھیر لیا۔ روسی اسوقت بے بس سمجھے جب دیکھا کہ دو طرف سے مجبور ہو گئے اور اب کوچہ گریز بند ہے تو سخت متوحش ہوے۔
اتنے مین قلعے مین سے آزاد پاشا نے بندوق سر کی مگر ترکون نے اشارے سے منع کیا کہ گولی ابھی نہ چلنے پائے اور ایک سوار روسیون کے پاس بھیجا گیا اسکو ہدایت ہوئی کہ اسطرح پر امور متنازعہ فیہ کا تصفیہ کرے۔
سوار نے فوراً جاکر ان لوگون سے یون گفتگو کی۔
سوار۔ افسر فوج ترک نے ہمین بھیجا ہے اور کہا ہے کہ دریا کر دیہ لوگ جان دینا چاہتے ہین یا نہین۔
ایک افسر۔ ہم دونون طرف سے محصور ہین۔ یہ ہمین خوب معلوم ہے۔
سوار۔ دو ہی طرف سے نہین ادھر قلعے کی جانب بھی نظر ڈالو۔
روسیون نے قلعے کیطرف دیکھا تو ترک ڈٹے ہوے ہوش اڑ گئے۔
دوسرا افسر۔ ہم اسوقت بالکل بے بس ہین۔
سوار۔ پھر کیا ضرور ہے کہ خواہ مخواہ جان دیجیے۔
افسر۔ ہم اب لڑنا نہین چاہتے۔
سوار۔ تو ہتھیار رکھدو۔
راوی۔ مثل مشہور ہے کہ دبلی بلی چوہے سے کان کتروانی ہے باہم مشورہ کرنے لگے۔
کرنل۔ ہتھیار رکھنا تو بڑی شرم کی بات ہے۔

لفٹنٹ - مگراب اور تو چارہ بھی نہین -

جنرل - وہ ہتھیار ہی کتنے ہین ذرا گنو تو -

ل - ہان سچ تو ہے - شاید دس پانچ تلوارین ہون اور پندرہ بیس بندوقین -

ک - اچھا ہم ہتھیار رکھے دیتے ہین -

س - ہان بس رکھدو -

روسیون نے ہتھیار رکھدیے اور ترکون نے اُن کو چارون طرف سے گھیر کر قید کر لیا - اور قلعے مین لے گئے - اسوقت ایک روسی افسر کی آنکھ سے اشک جاری ہو گئے دل ہی دل مین سوچنے لگا کہ اب تک اس قلعہ پر قبضہ کیے ہوئے غنیم سے لڑتے تھے اور اب قید مین ہین -

یہ افسر جنگ کریمیا مین کارنمایان کر چکا تھا اور کئی لڑائیون مین اسنے فتحے پائے تھے - آخیر کسی جنگ مین اسنے شکست نہین پائی تھی - مگر اس قلعے مین آکر ایسے پھنسے کہ قید ہو گئے - اس افسر نے علیقو پاشا کو غور سے دیکھا اور علیقو پاشا نے اسپر غور سے نظر ڈالی -

علیقو - کیا ہوا انقلاب زمانہ تو مشہور ہی ہے - کبھی ہم غالب کبھی تم غالب -

افسر - (خونخوار ہوکر) اتفاق -

ع - ایسا ہی اتفاق سب کو ہوتا ہے -

افسر - (چین بہ جبین ہوکر) کیا بزدلون کی سی باتین کرتا ہے -

ع - اب قید مین ہو اس سے چھوڑے دیتا ہون ورنہ -

ایک پاشا - اس بحث سے کیا واسطہ -

دوسرا - قیدی سے کیا جھگڑتے ہو -

تیسرا - بیکار اُسکے منھ لگتے ہو -

چوتھا - جانتے ہو یہ ہی کون - یہ بڑے نامی گرامی افسر ہین -

علیقو - ہونہہ - مجھ سے کہتے ہین - جنگ کریمیا مین میرا انکا مقابلہ ہو چکا ہے جب ہی تو جھلا رہا ہے دھوکے دھوکے ہین مین قید ہو گیا تھا اور یہی افسر مجھے گرفتار کرکے لیا تھا -

آزاد - اخاہ جب ہی یہ باتین رمز و کنایہ کی ہو رہی ہین -

علیقو - اور کیا -

روس کے ایک افسر نے آزاد پاشا کی طرف اشارہ کرکے پوچھا یہ بھی ترکی جنٹلمین ہین - ترکون نے کہا ہان مگر یہ ترک کیون کیا کسی اور ملک کے باشندے معلوم ہوتے ہین - روسی نے کہا نہین - ہین تو مسخ و سفید اور خاص یوروپین یہ بھی مگر انکا لب و لہجہ بعض اوقات ترکون کا سا نہین پایا جاتا لوگون نے کہدیا کہ یہ ہندی ہین -

ترک قلعے کی سیر کرنے لگے - جو سوار اور افسر اس قلعے مین رہ چکے تھے - وہ پرانی باتون کو یاد کرتے اور پرانے مقامون کو دیکھتے تھے اور جو لوگ نہین آئے تھے وہ اون سے کل حال پوچھتے جاتے تھے - الغرض ترک فتح مزے سے قلعے مین ڈنڈاتے تھے -

آزاد - آج بہت تھکے -

سوار - کارنمایان کیا - آفرین - آفرین -

دوسرا سوار - ہم ڈرتے تھے کہ کہین کوئی روسی دیکھ نہ لے -

اب ادھر کا حال سنیے - روسی اور ترکی دونون دست بدست جنگ پر آمادہ ہو گئے تھے مگر تاریکی کے سبب سے دونون کچھ کچھ پیچھے ہٹتے گئے حتی کہ فاصلہ زیادہ ہو گیا - کمانیر نے ٹیلے پر سے دیکھ ہی لیا تھا کہ انکی فوج نے قلعہ خالی کرالیا - فوراً اپنے دو سو سوارون کو حکم دیا کہ اس کالم سے جاکر ملجاؤ

جو میدان مین پرے جمائے کھڑا ہی - سوار ردانہ ہوے اور ادھر قلعے سے سوار طلب کیے - میان آزاد نے چاہا کہ سواروں کے ساتھ خود بھی جائین مگر اسقدر رش ہوگئے تھے کہ اٹھنا محال تھا

علیقو - تم نہ جاؤ - ہم جاتے ہین -

احمد - ہمکو نہ جانے دو ؟ -

ع - نہین ہم خود جائینگے -

راوی - سپاہی ایسے ہونے ہین - نہ کہ سردیہ کے بزدلون کے سے -

آزاد - قسطنطنیہ مین اکثر آدمیون کی راے ہی کہ افواج ترک کے افسر جرمی تو ہوتے ہین مگر اصول جنگ سے کماحقہ واقفیت نہین رکھتے -

افسر - یہ سچ ہی - یہ کوئی قاعدہ عام نہین ہی - اکثر افسر بڑے جنگ آزما اور تجربہ کار ہین - مگر ترکی فوج کے افسرون کی ہم اسقدر تعریف نہین کر سکتے جسقدر ترکی سپاہیون کی تعریف کر سکتے ہین - ترک طاقت ور مضبوط مستقل مزاج شجیع سپاہی ہین - جنگ کیوقت جان بکف رہتے ہین مگر افسر اچھے نہین اسکی وجہ یہ کہ افسر اکثر سفارشی مقرر ہوجاتے ہین اگر استحقاق اور لیاقت کے لحاظ سے مقرر ہون تو کیا کوئی یورپین انکا مقابلہ کر سکے - لاحول ولا قوۃ -

آزاد - وقت صلح کوئی نوے ہزار کے قریب سپاہ رہتی ہی -

افسر - ہان اسکے قریب ہی قریب - کوئی ایک لاکھ آدمی

آزاد - اور وقت جنگ -

افسر - پونے دو لاکھ تک - مگر جنگ کیوقت مصر پر بھی فرض ہی کہ فوج سے مدد دے -

آزاد - اب احمد مختار پاشا تو ایشیا کی افواج ترک کے سپہ سالار ہین اور عبدالکریم پاشا یورپ کی فوج کے - اور ہوبرٹ پاشا انسپکٹر جنرل افواج بحری ہین -

افسر - ان سے آپ واقف ہین -

آزاد - صرف اسقدر سنا ہی کہ انگریز ہین - کپتان ہوبرٹ مگر انکی لیاقت کی بڑی تعریف ہی - سنا بڑے آزمودہ کار افسر ہین - انکے بدیر پذیرگار کوئی بڑے امیر آدمی تھے -

افسر - ارل آف بکنگھم کے لڑکے ہین ۱۸۳۲ع مین پیدا ہوے تھے - اب ۵۴ برس کا سن ہی - چھ برس سے ترکونکی فوج بحری مین نوکر ہین برٹش گورنمنٹ نے انکا نام کاٹ دیا - انھون نے بہت کچھ منت وسماجت کی کہ میرا نام افسران فوج بحری انگلستان کے زمرے مین بھی شامل رہے لارڈ ڈربی نے منظور کر لیا - مگر جنگ روم وروس شروع ہوئی تو انسے کہا گیا کہ یا آپ انگلستان کے افسر فوج بحری رہین یا ترکی کے - انھون نے لکھا کہ مجھے ترکی کی افسری پسند ہی مین واپس آنا نہین چاہتا لہذا انکا نام پھر خارج کیا گیا -

آزاد - کارنمایان کر رہا ہی -

افسر - اسمین کیا شک ہی -

آزاد - روسیون کا جواب دینے والا وہی تو ہوا ایک -

اسکے بعد ایک روسی افسر نے جو قید ہوگیا تھا کہا کہ تم لاکھ لشترانی کی لو مگر دیکھو ہم کس جوانمردی اور استقلال کے ساتھ دریاے ڈینیوب عبور کر آئے -

آزاد - دریاے ڈینیوب پر تو کئی قلعے ہین -

روسی - گنتے جائیے - رشچک - تلتسا - میجن - اسکاکچا نکوپلس - دون -

آزاد - پرسوڈا - سلسٹریا - ترنکائی -

روسی - ان قلعون مین سلسٹریا سب سے مضبوط قلعہ ہی - اتنے مین دس پندرہ آدمیون نے قلعے کے برج سے کہا کہ وہ بھاگے - وہ بھاگے جاتے ہین - ہان سوار دشاباش جانے نہ پائین - جانے نہ پائین - آزاد پاشا اور کل افسرون و سوارون وسپاہ ترک اور روسی قیدیون کے کان کھڑے ہوے کہ یہ کیا کہہ رہے ہین - کون بھاگا - سمجھ گئے کہ روسی بھاگے ہینگے -

برج پر جاکر دیکھا تو ترک تعاقب کر رہے ہین اور روسی سوار پلٹٹ بھاگے جاتے ہین سب نے ملکر نعرۂ خوشی بلند کیا اور جو لوگ قلعے مین تھے انھون نے بھی برج والون کی دیکھا دیکھی نعرہ مارا -

آزاد - بالا ہمارے ہاتھ ہی (خوش ہوکر) ؎

ساقی کو پڑا ہی ہمسے اچھا پالا	مینخانے مین جب گئے تو ہیچا پالا
جب دیکھیے ہاتھ مین ہی مرکی بوتل	اہی قدر یہ ہم نے خوب طوطا پالا

ترک اسکا مطلب نہ سمجھے مگر آزاد اسوقت دو فو رطرب سے جامے مین پھولے نہین سماتے تھے -

ایک افسر نے دوربین کے ذریعے سے دیکھکر کہا بالا تو ہم جیت گئے مگر ایک خرابی ہی - خدا جانے اگر روسی رسالہ اس ٹیلے پر پہونچ گیا تو ہم دب جائینگے -

آزاد - ہمکو وہ ٹیلا نہین سوجھتا -

افسر - ایک عینک اور چڑھائیے -

آزاد - (مسکراکر) دالمد ہمین نہین سوجھتا -

افسر - اب بہت قریب ہی - خدا نہ کرے کہ ٹیلے پر پہونچ جائین -

آزاد - ہان اب نظر آیا - خدا خیر کرے -

روسی قیدیون مین سے دو افسرون نے درخواست کی کہ اگر ترک اجازت دین تو وہ بھی برجون پر سے دیکھین -

سوار یہان سے بھی روانہ ہوے اور تھوڑی دیر مین میدان کے کالم سے ملکر گھوڑے کرکرا دیے تو روسیونکو بھاگتے راہ نہ ملی ترکون نے انکا تعاقب کیا - ترک فتح حاصل کرکے قلعہ مین شیخی کی لینے لگے جیسا کہ ہر ایک فاتح فوج کا قاعدہ ہی -

ایک سپاہی - ہماری قوم تو جنگی قوم ہی - سلف سے آجتک سپہ گری ترکون کا پیشہ ہی - یہی ہمارے آباو اجداد کا پیشہ تھا - ممکن نہین کہ رگ تاتار جوش زن نہو ترکونکو کوئی میدان کارزار سے بھاگتے نہ دیکھیگا - ترک گھر جائین پشت پائین یہ ممکن ہی - مگر روز جنگ غنیم کو پشت نہ دکھائینگے -

افسر - محمود ثانی کے وقت سے ہماری قوم نے یورپ کے فنون حرب مین واقفیت حاصل کی ورنہ گو پہلے بھی ترک جنگ مین بسالت اور جوانمردی ظاہر کرتے تھے لیکن طرز حرب سے چندان واقف نہ تھے صرف اپنے ہاتھ پانون اور اپنی جرأت و شجاعت کے زعم پر انکو ناز تھا اور انکا ناز بیجا نہ تھا جب یونان نے سلطان مغفرلہ کے عہد مین علم بغاوت بلند کیا تو محمود نے یوروپین تواعد جنگی کے مطابق فوج کو لڑایا - روس اسوقت بھی چڑھائی کی تیاریان کر رہا تھا - اور بعض بعض صوبے بھی باغی ہوگئے تھے - ایسے وقت نازک مین نئے قاعدے سے فوج کو میدان جنگ مین لڑوانا آسان امر نہ تھا - ترکی سپاہی مدت العمر سے ایک خاص قاعدے کے مطابق لڑتے آئے تھے - نئے قاعدے سے انکو کمال دقت ہوئی - نتیجہ اسکا یہ ہوا کہ ترکون کی ناتجربہ کاری سے روسیون نے فائدہ اٹھایا

اور غالب آگئے لیکن چونکہ ترک سنٹیفک اصول کے مطابق لڑے تھے لہذا روسیون کے بھی چھکے چھوٹ گئے۔

آزاد۔ آگے عیسائیون کو بھی تو فوج مین بھرتی کرتے تھے۔

افسر۔ ہان کچھ دن تک عیسائی بھی فوج مین بھرتی کیے گئے مگر بعض بعض شرطین سخت تھین۔

آزاد۔ اب اسوقت قلعے مین جو فوج ہی اسمین یورپین ترکی کے لوگ زیادہ ہین یا ایشیا کے۔

افسر۔ ایشیائی ترکی کے لوگ زیادہ ہین۔

آزاد۔ مدرسہ حرب صرف قسطنطنیہ مین ہی یا کہین اور بھی۔

افسر۔ کئی مدرسے ہین ان مدرسون مین فنون حرب انجینری کے علاوہ فرانسیسی اور عربی اور ترکی زبان کی بھی تعلیم ہوتی ہی اور تاریخ اور جغرافیہ اور ریاضی اور علم ہئیت بھی سکھایا جاتا ہی۔

آزاد۔ ہان یہ تو ہم اُس مدرسے مین دیکھ چکے ہین جو قسطنطنیہ کے قریب ہی۔ روسیون نے بڑی کوشش کی کہ ٹیلے پر چڑھ جائین مگر ترکی سوارون نے دم نہ لینے دیا۔ کئی سو سواران روس ٹیلے پر چڑھ گئے۔ مگر بیقیماندہ ایسے بدحواس بھاگے کہ پیچھے پھر کر دیکھنا قسم تھا۔ جو سوار ٹیلے پر تھے اُنھون نے باڑھ مارنا شروع کی جس سے ترکون کا کسی قدر نقصان ہوا۔ ایک افسر نے فوراً فوج کے دو کالم کر دیے۔ ایک کالم نے ٹیلے کی سیاہ روس سے مقابلہ کیا اور دوسرا کالم ان سواران روس کا تعاقب کرتا گیا جو بھاگے جاتے تھے آخر کار نتیجہ یہ ہوا کہ وہ سوار تو بھاگ نکلے مگر ٹیلے کے سوارون نے ترکونکو بہت نقصان پہونچایا اگر تعداد مین کافی ہوتے تو ترکون کو وہان سے ہٹ جانا پڑتا مگر ترکون کی جماعت کثیر نے اُنکے رخ پھیر دیے۔ اور تھوڑی دیر مین نصف سے زیادہ کو جل کے سپرد کر دیا باقیماندہ بھاگ کھڑے ہوے شام تک کل فوج ترک قلعے کے اندر دندناتی تھی۔ شب کو ترکی فوج نے انواع و اقسام کی دل لگیون سے خوشیان منائین فتح پاکر سپاہی کا دل ہاتھون بلکہ بانسون بڑھ جاتا ہی دو سوار جا کر ایک چمارو سالہ چھوکری کو لے آئے۔ اور وہ ناچنے لگی۔ میان آزاد سے زیادہ کھلے ہوے تھے اور میٹھی نیند سو رہے تھے کہ ایک افسر نے جاکر اُنکو جگایا۔

افسر۔ آزاد۔ آزاد۔ آزاد پاشا۔

آزاد۔ (انگڑائی لیکر) کہو بھئی۔

افسر۔ ذرا آنکھ تو کھولو۔

آزاد۔ آپ ہین۔ حضرت ذرا سونے دیجیے۔

افسر۔ واللہ ہم نہ مانینگے۔

اتنے مین علیقو پاشا آئے۔ اُنھون نے آزاد کو جگایا۔ اور کہا چلو یہان کا ناچ دکھائین۔

آزاد۔ یہ کون ہی۔ ہی تو حسین۔

علیقو۔ پرکالہ آتش ہی۔ کافر بہ اندیش ہی۔ چھلاوا ہی۔

آزاد۔ یہ ترکی ہی۔

علیقو۔ بلگیریا کی ہی۔ جسکو بلغارستان کہتے ہین۔

آزاد۔ اسکی وضع تو مردانی ہی۔

افسر۔ یہان عورتین یہی پہنتی ہین۔

آزاد۔ چغہ بھی ہی اور اچکن بھی ہی اور شلوار بھی ہی۔

افسر۔ اور کمربند مرصع بھی ہی۔

آزاد۔ مگر کیا ادا ہی۔ سبحان اللہ۔ سبحان اللہ۔

افسر۔ ہم تو اس کمربند پر جان دیتے ہین۔

راوی - حضرات ناظرین اس بیان کو یاد رکھیے گا -
آزاد - قسم خدا کی آنے دارد -
افسر - بلغارستان مین دو بیٹیان مشہور ہین حسن و جمال مین بے نظیر اور پسند و دلپذیر -
آزاد - پھر ہم کیونکر دیکھینگے -
افسر - اگر زندگی ہی تو دکھا دینگے ورنہ مجبوری ہی -
آزاد - آزاد انشاء اللہ - یار زندہ و صحبت باقی -

اُس بُت جادو جمال نے ترکی غزلین گائین مگر میان آزاد کو پسند نہ آئین بان اُسکے حسن کلوسوز پر البتہ فریفتہ ہوگئے اور اُسکی ادا نے اِنکے دل پر تاثیر کیا -

آزاد - کوئی فارسی غزل بھی یاد ہی -
افسر - فارسی غزلین کیا جانین - فارس جانے کا کبھی کاہے کو اتفاق ہوا ہوگا -

یہ فقرہ سُنکر وہ مسکرانے لگی - آزاد پاشا نے کہا یہ فارس ضرور گئی ہین اسمین ذرا شک نہین وہ اور بھی مُسکرائی - تب اُس افسر کو بھی یقین ہوگیا فارسی غزل گانے کی فرمائش کی تو اُسنے لسان الغیب حافظ شیرازی کے یہ اشعار گائے - ؎

نوائے مے کہ نسبتی دلا مبارکباد	تہور نفس نغمہ را مبارکباد
ہمیشہ نغمہ شنو عیش کن دریک امروز	بلند نغمہ تری این نوا مبارکباد

تُرکی دیر تک دھما چوکڑی مچی رہی اِسکے بعد آزاد اور دو ترکی افسر اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ کر یون ہمکلام ہوے -
آزاد - جرمنی در پردہ روس کے معین ہین -
محمود پاشا - اِسمین کیا شک ہی - دونو نمین دانت کاٹی روٹی ہی -
حامد پاشا - بس یہی تو ہمین خوف ہی کہ کئی سلطنتین باہم ملی ہوئی ہین -
محمود - وزیر کی تو رائے ہی کہ جرمنی ضرور مدد دیگی فرانس سے اور روس سے جانی دشمنی ہی - وہ روس کو اپنا دوست بنائیگی اور اطالیہ صوبجات بیوے اور تاہیس پر قبضہ کریگا اور آسٹریا کو بوسینا اور ہرزیگووینا دے دینگے - اور انگلستان مصر اور کنیڈا پائیگا -
آزاد - یہ غلط ہی انگلستان مصر نہ لیگا - اور مصر ایسا ملک ہی نہین جسپر کسی خاص یوروپین سلطنت کا قبضہ ہو جاوے -
حامد - وجہ - یہ آپ کو کیونکر معلوم ہوا -
آزاد - نہر سویز کا جھگڑا یاد ہی - بس سمجھ جائیے -
حامد - مگر انگلستان ہمکو ضرور مدد دیگا -
آزاد - انگلستان نے صاف کہدیا ہی کہ ہم کسی طرف نہونگے مگر ہان ایک بات ہی کہ قسطنطنیہ پر کسی کو قابض نہونے دینگے اِسکو یاد رکھیے گا اِسکے خلاف نہوگا -
حامد - اچھا اطالیہ کو تو حصے بخرے کرنے کی خواہش ہی -
آزاد - لاحول ولاقوۃ - اطالیہ اور آسٹریا دونون اگر ملجائین تو بھی جرمنی کا مقابلہ نہین کرسکتے - ہان روس اور جرمنی کی سازش بُری ہی دونون طاقت ور سلطنتین ہین -
محمود - روس کی خواہش نہین ہی کہ قسطنطنیہ پر قابض ہو مگر روسی بس اسقدر چاہتے ہین کہ اور کوئی ترکی کے معاملات مین کچھ دخل نہ دے -
آزاد - اور کوئی دخل نہ دیگا -

محمود۔ نہین انگلستان ضرور دخل دیگا۔
آزاد۔ ہان انگلستان دخل دیگا مگر فوجی مدد نہ دیگا۔
حامد۔ ہندوستان مین ہمارے شکایے زمینون کے لیے چندہ جمع ہو رہا ہے۔
محمود۔ فرانس اب کسی مین نہین ہے۔
آزاد۔ ۱۸۷۰ء کی لڑائی نے رہی سہی طاقت اور بھی توڑ دی۔
محمود۔ اور اصل تو یہ ہے کہ سلطنت جمہوری نے اور بھی مٹی خراب کی۔
آزاد۔ اس راے سے جمین اتفاق ہے۔
محمود۔ یہ غزل ونصب تو دنیا کا کارخانہ ہے۔
آزاد۔ مسٹر ڈزریلی کی حکمت عملی دور اندیشی سے خالی نہین ہے۔
محمود۔ ہان کیسی کچھ۔ اور پرنس بسمارک کی حکمت عملی کیا کم ہے۔
حامد۔ جتنے ہین سب فہمیدہ ہین۔ کونٹ اینڈریسی کیا کچھ کم ہین۔
آزاد۔ پرنس بسمارک ہون یا کونٹ اینڈریسی۔ جبتک ہماری سلطنت کے وزرا لیاقت سے کام کرینگے کسی کا کیا خوف نہین ہے۔ بال تک بیکا نہین ہو سکتا۔
حامد۔ خدا مالک ہے۔
محمود۔ مگر آزاد پاشا آدمی لائق ہین۔
بڑی دیر تک ان معاملات کی نسبت گفتگو رہی اسکے بعد احمد پاشا نے کہا کہ ہمارے ملک کو ناچاقی اور نااتفاقی نے غارت کر دیا۔ ورنہ ؎

دو دل یک شود چو بشکند کوہ را	پراگندگی آرد انبوہ را

اگر جلوگ متفق ہو کر رہین تو کیا بات ہے۔
آزاد۔ مگر مسلمانون کا ایکا دیکھ کر تو ہم عش عش کرنے لگے۔
احمد۔ ہان پھر اتنا بھی نہ ہو۔ ایک دن مدحت پاشا کے محل مین مجلس شوریٰ منعقد ہوئی۔ بڑی سرگرمی سے بحث ہو رہی تھی کہ ایک افسر سرکیشیا نے آکر حسن ادنی وزیر جنگ پر گولی چلائی۔ بندوق کے دغتے ہی گل وزرا بھاگ کر اندر کے کمرے مین چلے گئے۔ مگر رشید پاشا وزیر خارجہ و احمد پاشا وزیر بحریہ بیٹھے رہے۔ رشید پاشا تو ہٹکنے کے نام نہ لیتے تھے مگر احمد پاشا اس شقی کے کلے پر پہونچ گئے۔ اس نے انکے بھی گھتا ہوا مگر انھون نے اپنا ہاتھ چھوڑا لیا۔ اور انکو کئی مقام پر زخمی کیا۔ مجبور ہو کر انھون نے چھوڑ دیا۔ حسن ادنی کو زخم تو کاری لگا تھا مگر جان باقی تھی۔ اس شقی القلب نے چلتے چلتے ایک اور ہاتھ لگایا اور وزیر مجروح کا کام تمام ہو گیا۔ ؎

سانس دیکھی تن بسمل مین جو آتے جاتے
اور جی کا دیا جلاد نے جاتے جاتے

اب سنیے کہ رشید پاشا اپنی جگہ پر بیٹھے رہے اور کچھ ایسا اتفاق ہوا کہ بیٹھے ہی بیٹھے مر گئے اسکے بعد اس کمرے کیطرف جہان اور وزرا تھے گیا اور دروازہ بلا کر کہا۔ وزیر اعظم دروازہ کھولدین تم پر گولی نہ چلاؤنگا۔ خاطر جمع رکھو مدحت پاشا نے جواب دیا کہ اس وقت مین نہ کھولونگا تم دیوانے ہو۔ اسنے دروازے مین گولی ماری لیکن کمرے مین کسی پر بڑی نہین دو وزرا کمرے مین اسکے گرفتار کرنے کو گئے۔ مگر اسنے گولی چلائی۔ جب پولیس والے آئے تو دیکھا کہ وہ

شخص کھڑا ہی اور اِدھر اُدھر لاشین پڑی ہین - ایک پولیس افسر مقتول ہوا - چھ سپاہی اور کانسٹبل مجروح ہوے تب کہین اُس دیوانے کو گرفتار کیا -

آزاد - آخر پھر کچھ سزا بھی ہوئی - یا تلوہ بچ نکلا -

احمد - خون کا - خون - قصاص - حکم ہوا کہ کل زندہ نہ رہنے پائے -

حامد - ہمنے اُسکو دیکھا - ہر عضو بدن مین زخم تھا -

آزاد - ہان - خود بھی زخمی ہوا -

حامد - اور جراحون کو قریب نہین جانے دیتا تھا -

آزاد - کوئی وجہ بھی دریافت ہوئی یا نہین -

حامد - قاتل نے تو کچھ بتایا نہین مگر لوگون کا قیاس ہی کہ سلطان عبد العزیز کے تخت سے اُترنے پر وہ جھنڈا اُٹھا اور ازخود رفتہ ہوگیا لہذا وزرا سے بدلا لینے گیا -

آزاد - اور وزرا مین سے کسی نے گرفتار نہ کیا -

حامد - وزرا اُسوقت مسلح تو تھے نہین کچھ - وہ تو باہم مشورہ کررہے تھے -

احمد - وہ مسلح طیار - آمادہ ہوکر لڑنے کو آیا تھا - اُنکا مقابلہ اُسوقت آسان نہ تھا اور تین وزیرون نے مقابلہ کیا بھی مگر مسلح اور نہتے مین بڑا فرق ہوتا ہی -

آزاد - سُنا کہ اُسکے سپاہی بڑا ظلم کررہے ہین -

حامد - میرے سامنے نام نہ لیجیے - وہ سپاہی نہین لوٹیرے ہین -

احمد - اسمین کیا شک ہی - ظلم اور تعدی سپاہی کا کام نہین ہی -

آزاد - صلح اور جنگ دونون وقت ان لوگونکی یہی نیت رہتی ہی کہ کسی نہ کسی طرح لوٹ مار کرین - پرایا مال ہاتھ آئے سپاہی کو اس سے کیا کام ہی -

احمد - بس اُنکا مقابلہ ہمارے باشی بزوق ہی کرسکتے ہین -

آزاد - دونون کو ارے اور کس پل کے جوان ہین یہ یون صاحب سلطان عبد العزیز نے جسوقت یہ حال سُنا ہوگا کہ دہ تخت سے اُتارے جائینگے - اُنکے دل کی کیا کیفیت ہوئی ہوگی - خدا یہ وقت کسی کو نہ دکھائے اور سلطان مراد کے طرفدارون نے گھی کے چراغ جلائے ہونگے -

احمد - سلطان کو یہ معلوم ہی نہ تھا کہ یہان کیا ہنڈیا پک رہی ہی -

انسے حافظ پاشا نے جو مقرب تھے کہا کہ حضور کی نسبت یہ تجویز ہوئی ہی - اُسپر اُنھون نے وزیر جنگ کو طلب کیا اور وزیر جنگ نے صاف انکار کیا کہا ہم نہ آئینگے - جسوقت سلطان عبد العزیز کا آدمی پہونچا وزیر جنگ کمیٹی مین تھے -

آزاد - اور کون کون تھا -

حامد - اور کئی وزیر تھے - اور ملا بھی تھے -

آزاد - سلطان کو کسقدر رنج ہوا ہوگا کہ ہم وزیر کو بلاتے ہین اور وہ نہین آتا -

احمد - بس سمجھ گئے کہ اب ہم سلطان نہین ہین -

آزاد - افسوس صد افسوس -

حامد - شیخ الاسلام نے بھی راے دے دی کہ سلطان اُتارے جائین -

آزاد - محمد مراد آفندی بھی تو شیخ الاسلام کی راے سے جانشین قرار پائے تھے -

حامد - جی ہان - کونسل مین جسوقت شیخ الاسلام کی تحریر آئی

اور پڑھی گئی مین بھی وہان موجود تھا۔ کسی نے اس رائے سے اختلاف نہ کیا۔

محمود۔ سلطان نے کچھ بندوبست نہ کیا۔

آزاد۔ بندوبست کرتے تو کیا کرتے۔

محمود۔ کل وزرا اور رعایا اور وقصات ایک طرف تھے۔

احمد۔ محل معلّٰی کو چوطرفہ سے گھیر لیا تھا۔

محمود۔ لیکن خرابی یہ ہوئی کہ شہزادہ مراد سلطان ہی کے پاس تھے۔

احمد۔ ہان جب ہی توقف ہوا۔

احمد۔ جی ہان۔ سلطان نے اُنکی دعوت کی تھی۔ وہ مدعو تھے۔

محمود۔ چار سلاطین روم کا مراد نام تھا۔ یہ مراد پنجم ہین

احمد۔ آخر ایک ضرب توپ کی شلک سے کل رعایا کو معلوم ہوگیا کہ اب نئے سلطان تخت نشین ہوے مختلف صوبوں کے گورنرون کے پاس تار بھیجا گیا کہ سلطان مراد کی عملداری ہے ردیف پاشا اُسی صبح کو سلطان عبدالعزیز کے پاس گئے۔ سلطان محلسرا مین تھے اطلاع کرائی۔ چند خواجہ سراؤن نے خوب غل مچایا اور ردیف پاشا کو اندر نہ جانے دیا مگر سپاہیون نے اُن خواجہ سراؤن کو گرفتار کرلیا۔ سلطان عبدالعزیز نے کہلا بھیجا کہ ہم ملاقات نہ کرینگے۔ اِسپر ردیف پاشا نے کہا کہ اگر آپ تشریف نہین لائینگے تو مین مع سپاہیون کے زنانے مین چلا آؤنگا۔

آزاد۔ افسوس کا مقام ہے۔

محمود۔ پھر سلطان کو مجبور ہوکر باہر آنا پڑا۔

احمد۔ ہاے اُسوقت مین بھی تھا۔

آزاد۔ اُنکے دل کا حال اُنکے بشرے سے ظاہر ہوتا ہوگا۔

احمد۔ اسمین کیا شک ہے۔ اور اُنکی والدہ بیچاری باتیرک ساتھ آئی تھین اِسپر میان آزاد کی آنکھ سے آنسو نکل پڑے

احمد۔ بال بکھرے ہوے تھے اور روتی جاتی تھین۔

آزاد۔ پھر اُنسے کیا کہا گیا۔

احمد۔ کہا کہ اب سلطان نہین ہین آپ۔ حکمرانی کا اب فاتحہ ہے۔

آزاد۔ توبہ۔ توبہ۔ کیا انقلاب زمانہ ہے۔

احمد۔ اور سنیے۔ اُنسے کہا گیا کہ محل بھی خالی کردیجیے۔

آزاد۔ افسوس صد افسوس

احمد۔ سلطان عبدالعزیز نے جھلا کر کہا تم جھوٹ بولتے ہو ردیف پاشا نے کہا ذرا کھڑکی سے جھانک کر باہر دیکھیے۔ دیکھا کہ فوج پرے جمائے ہوے باہر کھڑی ہے۔ ہوش اڑ گئے اتنے مین کہا گیا کہ اگر جان عزیز ہے تو فوراً محل چھوڑ دیجیے۔

محمود۔ جب جہاز پر سوار ہوکر جانے لگے تو کہا (اگر مین جانتا کہ میرا بھتیجا ایسا پودا ہے تو اس پودے کو مین زہر سے سینچتا)

آزاد۔ اگر ایک مکان کسی کے قبضے سے نکلجائے تو عمر بھر رنج رہے نہ کہ ملک۔

احمد۔ تو قبلہ سلطان عبدالعزیز کو وزرا اور شیخ الاسلام نے بوجہ تخت سے نہین اُتارا۔ اگر وہ تخت نشین رہتے تو سلطنت کے حق مین اچھا نہوتا۔

آزاد۔ ہان ہے تو ایسا ہی۔

محمود۔ سلطان مراد تو اُنسے زیادہ ناواقف ہین۔

آزاد۔ لیکن حق تو مراد ہی کا ہے۔

محمود - بلاشبہہ جب ہی تو سلطان روم ہوے -
احمد - ۴ - جون کو یہ خبر آئی کہ سلطان عبد العزیز مردہ پڑے ملے -
آزاد - کیا کسی نے قتل کر ڈالا - یا واقعی خودکشی کی -
احمد - خودکشی کی -
محمود - مراد کو مبارکبادی کا خط بھی لکھا تھا -
آزاد - ہان! کیا لکھا تھا -
محمود - لکھا تھا کہ مین مبارکباد دیتا ہون - خدا کرے تم کامیاب ہو - مگر اس مقام پر مین نہین رہنا چاہتا - دوسری جگہ بھیجدو -
احمد - دماغ مین کسی قدر خلل ہو گیا تھا -
محمود - ہوا ہی چاہیے -
آزاد - ہتھیار تو انکے پاس نہین تھے -
محمود - بُری حفاظت کی گئی تھی مگر ایکدن دیکھا کہ مسہری پر پڑے ہین اور ایک ٹانگ نیچے لٹکی ہوئی ہے - خون کے شرارے جاری ہین -
احمد - ۱۹ - ڈاکٹر گئے - جسمین برٹش سفارش کے ڈاکٹر بھی تھے اور خدا جانے کس کس ملک کے اطبا تھے مگر جان ہی باقی نہین بھی کرتے کیا -
محمود - قینچی سے انھون نے رگین کاٹ ڈالین تھین -
احمد - بڑا افسوس ہوا - خدا جانتا ہے جسنے سنا افسوس کیا - مگر مجبوری کا مقام تھا -
آزاد - مراد تو خوش ہوے ہونگے کہ اب کوئی اندیشہ نہین رہا -
احمد - اسمین کیا شک ہے -

محمود - مگر سلطان مراد نے عبد العزیز کی قید کی حالتمین خاطر بہت کی ہے -
احمد - بیشک - اور چاہیے بھی ایسا ہی -
آزاد نے کہا مانٹی نیگرو کے آدمیون کو ہمنے اب تک نہین دیکھا ہے - اتنے دن تک قسطنطنیہ مین رہے ہر ملک کا آدمی دیکھا - مگر نہین دیکھا تو مانٹی نیگرو کا آدمی -
احمد - ترکون سے اور انسے اکثر جھگڑا رہا ہے -
محمود - بڑے بہادر ہین -
آزاد - بڑی تعریف سنی ہے -
محمود - مورچے سے بھاگنا تو جانتے ہی نہین -
آزاد - ہم جانتے ہین ایسے جری سپاہی تمام عالم مین نہ ہونگے -
محمود - آدمی کاہے کو دیو ہین -
آزاد - اگر مانٹی نیگرو کے سپاہی اسوقت ہمکو مدد دین تو کاسک سے اور انسے خوب ہو -
محمود - کاسک کی کیا اصل وحقیقت ہے -
آزاد - اللہ اللہ اتنے بڑھے ہوے ہین -
احمد - ایک ایک بچہ سپاہی ہے اور ایسا سپاہی جسکا کوئی مقابلہ نہ کر سکے -
آزاد - اگر زندہ بچے اور قسطنطنیہ کو دیکھنا نصیب ہوا تو مانٹی نیگرو بھی جائینگے - قابل دید مقام ہے -
احمد - آپ بشرط خیریت کل یورپ کی سیر کیجیے -
آزاد - آپ کس کس ملک گئے ہین -
احمد - سرویہ - بلگیریا - مانٹی نیگرو - سرکیشیا - فرانس جرمنی -

آزاد - (محمود پاشا سے) اور آپ ؟ -

محمود - یورپ کا تو کوئی ملک ہمسے بچنے نہین پایا ہی اور ایشیا مین عرب اور فارس اور آرمینیا اور سرکیشیا دیکھا ہی اور ادھر مصر تک ہو آئے ہین -

آزاد - ہان ! تو آپ دونون صاحب سیاح ہین اور زبان کون کون بول سکتے ہین آپ -

احمد - فارسی - عربی - ترکی - فرانسیسی -

محمود - ہم فارسی - عربی - فرانسیسی اور انگریزی بول سکتے ہین -

آزاد - (ہنسکر) اور ترکی ؟ -

محمود - (مسکراکر) کیا خوب - اب ترکی بھی نہ بول سکینگے بھلا -

آزاد - ترکی شعر تو پڑھیے کوئی -

محمود نے شعر پڑھا جسکا مطلب یہ تھا کہ سیف اور خنجر ہمارا ہتیار ہی مگر میدان کارزار ہی - قبر سے ہمین خوف نہین اگر مورچے پر مارے جائین تو ہمسے زیادہ خوش نصیب کوئی نہین -

آزاد - کل یہ اشعار ہمکو لکھدیجیے گا -

دوسرے روز صبح کے وقت میان آزاد افسران فوج سے جنگ کی نسبت باتین کرنے لگے - ایک افسر نے کہا ہم لوگ پہلے ہی سے جانتے تھے کہ ادھر جنگ سرویہ ختم ہوئی ادھر روس خود میدان مین آئیگا - وہی ہوا - اور سرویہ کی جنگ مین تو وہ شریک ہی تھا - بلگیریا اور سرویہ اور بوسینا اور ہرزیگوینا کو روس نے ورغلانا شروع کیا تھا کہ ترکون کے خلاف ہتیار اٹھاؤ - جب سرویہ نے شکست پائی تو روس اور بھی جھلایا مگر اس جھلانے سے ہوتا کیا ہی لاحول ولا قوۃ مطلب اسکا یہ تھا کہ سلطان کی عملداری مین کئی صوبون مین علیحدہ علیحدہ گورنمنٹ قائم ہو جائے اور ٹرکی سلطنت کو ضعف آئے اور پھر رفتہ رفتہ اُن صوبون کو اپنے زیر نگین کرے - اِس استادی کو تو دیکھیے گا - بے ایمانی تو کوئی روس سے سیکھے -

آزاد - اگر سرویہ فتحیاب ہوتی اور بلگیریا اور بوسینا وغیرہ مقامات مین غدر ہو جاتا تو روس خاموش رہتا - خوش ہوتا کہ ترکی کی مختلف ریاستون اور صوبون مین غدر ہو گیا اور لطف یہ کہ روس سے کوئی سلطنت باز پرس نہ کر سکتی - روسی صاف کہدیتے کہ ہمسے کچھ واسطہ نہین ہم نہین جانتے - ٹرکی کے صوبے ٹرکی کے جبر سے تنگ آکر آزاد ہونے کے لیے کوشش کرتے ہین ہمسے کیا واسطہ -

افسر - روس کا ہر طرح فائدہ تھا -

آزاد - اگر سرویہ اور بلغارستان ترکی سے شکست بھی پاتے تو روس کا کیا نقصان ہی -

افسر - ہی تو - مگر کم -

آزاد - مطلب یہ کہ اسکا کوئی صوبہ تو نکلجانے والا نہین اگر کوئی نکلجائیگا تو ٹرکی کا -

افسر - ہان یہی تو ہم بھی سوچے ہین -

دوسرا افسر - ۲۶ ستمبر کو کونٹ شوولاف نے وزیر صیغۂ خارجہ کے نام ایک مراسلہ بھیجا تھا -

آزاد - لارڈ ڈربی کے نام -

افسر - ہان لکھا تھا کہ سرویہ کی جنگ اب ختم ہونی چاہیے اور اگر ٹرکی صلح نکرے تو سب سلطنتین ملکر کارروائی کرین بلگیریا روس کو دیا جاوے اور بوسینا اسٹریا کو -

آزاد- اپنا حصہ ضرور لگا ینگے-

افسر- شہنشاہ روس نے بھی شہنشاہ آسٹریا کے نام یہ سپاہی خط بھیجا تھا-

آزاد- کیا لکھا تھا-

افسر- لکھا تھا کہ ٹرکی مین کمال بدنظمی ہی- لہذا ہم سب پر فرض ہی کہ حصے بخرے کر لین-

آزاد- اور اپنے ہان کے نہلسٹ کی خبر ہی نہین-

افسر- جی ہان-

آزاد- انگلستان ایسی تجویز سے ہرگز اتفاق نہ کریگا-

افسر- اور نہ آسٹریا نے پسند کیا- نہ اور روس اپنا منھ لیکر رہ گئے-

آزاد- انگلستان نے اسقدر البتہ منظور کیا تھا کہ جنگ مین ایک مہینے کی مہلت ملے اور وہ بھی روس کی استدعا کے موافق- روس کی دلی خواہش تھی کہ سرویہ اور ٹرکی کی جنگ ملتوی ہو جائے-

سر ہنری ایسٹ کو گورنمنٹ انگلستان نے حکم دیا کہ اگر ٹرکی التوائے جنگ پر راضی نہو تو فوراً قسطنطنیہ سے واپس آؤ- اور کہ دو کہ انگلستان کی دلی خواہش ہی کہ ٹرکی کی بہبودی ہو لیکن اگر سلطنت عثمانیہ التوائے جنگ پر راضی نہین ہوتی تو آج سے انگلستان اسکے معاملات مین دخل نہ دیگا-

آزاد- جب ہی تو جنگ ملتوی ہو گئی-

افسر- اور کیا- جب کل سلطنتون کا اتفاق ہوتا ہی تو ایک سلطنت کو بدرجۂ مجبوری تعمیل کرنی ہی پڑتی ہی-

آزاد- ظاہر ہی مگر سرویہ عمر بھر ٹرکی کی سپاہیون کی طاقت نہ بھولے گا-

افسر- اہل سرویہ تو بالکل بودے نکلے-

آزاد- سرویہ تو شہزادۂ ملن کے قبضے مین ہی اور رومینیا؟-

افسر- رومینیا کے حکمران شہزادۂ چارلس ہین-

آزاد- کیا یہ بھی روس کے بس مین ہین-؟-

افسر- کیسے کچھ-

آزاد- تو روس نے ٹرکی کے کسی صوبے کو بغیر سازش اور اغوا کے نہین چھوڑا- کوئی مقام باقی ہی نہین رکھا- عجب سلطنت ہی- بڑے ایماندار لوگ ہین چشم بد دور-

افسر- روس کے قول و فعل کا کوئی ذی عقل ہرگز اعتبار نہ کریگا-

آزاد- ٹرکی نے تو ایک یادداشت مین لکھا تھا کہ روسی سرویہ کی مدد کرتے ہین روس کے افسر اور سپاہی سرویہ مین کثرت سے ہین- روس کی مدد کے سبب سے سرویہ اترا رہا ہی اور صلح پر آسانی کے ساتھ راضی نہوگا- سرویہ کی گورنمنٹ کو شک کے عوض یقین ہی کہ روس آخر دم تک اسکو ٹرکی سے بچائیگا ورنہ کبھی جنگ پر راضی نہوتے-

افسر- ایک اخبار مین مین نے پڑھا تھا کہ جنگ سرویہ کی نسبت روس کے ہر شہر اور قصبے بلکہ گانون تک مین چندہ جمع ہو رہا ہی- غریب سے غریب بھی خوشی کے ساتھ چندہ دیتے ہین- اکثر آدمیون نے قرض لیکر سرویہ کی مدد کے لیے چندہ دیا- والنٹیر جب سرویہ کی مدد کو چلے تو پادریون نے انکو دعائین دین اور جب سرویہ سے بعد التوائے جنگ از سر نو لڑائی شروع ہوئی تو جوش و خروش کی کچھ انتہا ہی نہ تھی اور ادھر ترکون کا بحر خروش موج زن تھا- ترکون نے غصے کے بجائے اشتہار چھکا دیے کہ اگر ذرا مین سے کوئی شخص ایسا

کارروائی کریگا جو ٹرکی کی عظمت اور جبروت کے خلاف ہی تو رعایا اُسکو گولی مار دیگی۔

آزاد۔ اللہ اللہ۔

افسر۔ آپ تو یہان تھے نہین۔ ہمسے اِسکا حال پوچھیے

آزاد۔ صحیح ہی۔

افسر۔ اب سُنیے کہ روس نے خواہش کی کہ چھ ہفتے کی مہلت ملے مگر ٹرکی کو منظور نہ تھا۔

آزاد۔ ہان ہمین ٹرکی کا نقصان ہی کیا تھا۔

افسر۔ ٹرکی نے کہا کہ چھ ہفتے کی مہلت مین ہمارا نقصان ہی۔ اگر مہلت ہو تو کم سے کم چھ مہینے کی۔ روس نے منظور نہ کیا اور کہا چھ مہینے تک سرویہ اپنی فوج کا بار نہ اُٹھا سکے گا۔ اطالیہ نے بھی روس کی سی کہی تب برٹش گورنمنٹ نے پرنس بسمارک کو لکھا کہ آپ بھی اِس بارے مین ہماری مدد کرین اور سرویہ کو سمجھائین کہ چھ مہینے کی مہلت منظور کرے پرنس بسمارک نے کہا چھ مہینے کی مہلت ہمارے نزدیک کچھ مضائقہ نہین ہی مگر ہم یہ نہین چاہتے کہ کسی سلطنت پر زور ڈالین۔ اگر سرویہ مان لے تو خیر ورنہ ہم روس یا سرویہ یا اطالیہ پر زور نہین ڈالنا چاہتے۔

آزاد۔ مطلب یہ کہ روس کا ساتھ دیا۔

افسر۔ چھ مہینے کی مہلت مین روس کا نقصان ہوتا۔

آزاد۔ جب تو منظور نہ کیا۔ ایک ہی کا یمان ہی۔

افسر۔ روس اور جرمنی اور اطالیہ تو متفق الرائے تھے مگر فرانس نے مخالفت کی۔

آزاد۔ (مسکراکر) وہ تو جس طرف جرمنی ہی اُسکے خلاف فرانس ضرور ہوگا۔

افسر۔ آسٹریا نے فرانس کا ساتھ دیا۔

آزاد۔ دو ایک طرف ہو گئے۔

افسر۔ اِس تھوڑے ہی عرصے مین روس خدا جانے کتنے مرتبہ جھوٹ بولا۔

آزاد۔ یہ تو پرانی بات ہی۔

افسر۔ زار روس نے سفیر برٹش سے خود کہا تھا کہ میرا منشا قسطنطنیہ پر قبضہ کرنیکا نہین ہی اگر اشد ضرورت ہوئی تو شاید بلگیریا کے ایک حصے پر قابض ہو جاؤن۔

آزاد۔ کیا جواب۔ اشد ضرورت کے یہ معنی کہ بلگیریا کو اب ہم نہ چھوڑینگے۔

افسر۔ جی ہان۔

آزاد۔ ہندوستان کے قبضہ کی نسبت بھی تو کہا تھا کہ لوگون نے مفت مین ہماری سلطنت پر تہمت تراشی ہی کہ ہندوستان کو روسی فتح کرنا چاہتے ہین یہ محض غلط ہی مگر کوئی پوچھے کہ آپکی بات کا یقین کس مردود کو ہی۔

افسر۔ ۱۸۷۴ء مین روس نے صاف کہدیا تھا کہ ہم خیوا کو شامل سلطنت روس نکرینگے۔ جب اعتراض کیا گیا تو کہا کہ ہمنے ضلع خیوا پر قبضہ کیا ہی مگر شہر خیوا پر قابض نہین ہوے اور نہ خان خیوا کو تخت سے اُتارا۔

آزاد۔ اِس بے ایمانی کو دیکھیے گا۔

افسر۔ لاحول ولا قوہ۔

آزاد۔ اتنی بڑی سلطنت اور یہ کیفیت۔ افسوس۔

افسر۔ کئی بار وسیون نے برٹش گورنمنٹ کو منت وسماجت کے ساتھ لکھا کہ آپ ہماری طرف سے بدظن نہون ہم صلح کے خواہان ہین صلح کُل ہمارا خاص مسلک ہی۔ مگر جب دیکھا کہ اپنا

مطلب ہی فوراً عہد شکنی کی۔

آزاد۔ ظاہر ہی۔

افسر۔ جب ٹرکی نے صلح منظور کرلی تو زار روس نے شہر ماسکو کی کونسل کے ممبرون کے سامنے ایک اسپیچ دی اور کہا کہ آپ لوگون کو بخوبی معلوم ہی کہ ہماری خواہش کے بموجب ٹرکی نے صلح منظور کرلی۔ اس صلح سے سرویا اور مانٹی نیگرو مین کشت وخون نہونے پائیگا اس موقع پر اہل مانٹی نیگرو نے ثابت کردیا کہ وہ واقعی بڑے بہادر اور بڑے جوانمرد سپاہی ہین اور یہ ذرا سا صوبہ ہمیشہ اپنے باشندون کی جرأت اور شجاعت کے لیے مشہور رہا ہی۔ افسوس ہی کہ سرویا کی نسبت ہم یہ نہین کہہ سکتے کہ اُس ملک کے باشندے جری ہین۔ گو ہمارے ملک کے وانٹیر بھی اُنکی فوج مین شریک تھے مگر اہل سرویہ میدان سے بھاگ ہی کھڑے ہوئے اُن سے کسی طرح کی امید نہین ہوسکتی ہم یہ نہین چاہتے کہ ہماری رعایا کا ہمارے سبب سے خون بہے ہمکو اُسکا سچا فائدہ دل و جان سے عزیز ہی۔

آزاد۔ کیا بڑے رحمدل بنتے ہین۔

افسر۔ جی ہان۔ دلی خواہش ہی کہ صلح ہو۔

آزاد۔ بیشتی آدمی ہین بیچارے۔

افسر۔ کیسے کچھ۔

آزاد۔ اس اسپیچ کے جواب مین کونسل نے کیا کہا۔

افسر۔ کونسل کے ممبر نے کہا (اے شہنشاہ روس ہمکو گ حضور کے کمال شکر گذار ہین)۔

آزاد۔ ادھر تو صلح صلح پکارتے تھے اُدھر جنگ کی تیاریان کرتے تھے۔

افسر۔ اجی بڑی وعدہ خلاف سلطنت ہی۔

آزاد۔ نار روس کی شکل سے شان خسروی تو ظاہر ہی اُو شہنشاہ جرمنی کی صورت سے بھی۔

افسر۔ آسٹریا جرمنی اور روس تینون سلطنتون کے شہنشاہون کا چہرہ رعب دار ہی۔

آزاد۔ آپ نے اسمعیل پاشا کو دیکھا ہوگا۔

افسر۔ (مسکراکر) کیا خوب۔ مین مصر مین برسون رہا ہون۔

آزاد۔ لارڈ سالسبری ہی تو سلطنطنیہ کی کانفرنس مین منجانب برٹش گورنمنٹ گئے تھے۔

افسر۔ ہان لارڈ سالسبری آئے تھے۔

اتنے مین اس افسر کے پاس ایک خط آیا۔ خط کھولا اور میان آزاد کو مخاطب کرکے یون گفتگو کی۔

افسر۔ یہ ایشیائی ٹرکی سے خط آیا ہی۔

آزاد۔ ہان! کسی دوست نے بھیجا ہی۔

افسر۔ ہمارے چچا کے لڑکے کا خط ہی۔ وہ لفٹنٹ ہین۔

آزاد۔ وہان کی جنگ کا کیا حال لکھتے ہین۔

افسر۔ لکھا ہی کہ سردی کی گرم بازاری ہی۔ اور برف کثرت سے گرتی ہی روسی آہستہ آہستہ بڑھتے آتے ہین مگر راستے مین بڑا ظلم کرتے ہین۔ ایک دل لگی یاد رکھنے کے قابل ہی ہم لوگون نے سرکیشیا والون کو ورغلان کر روس کی عملداری مین غدر کرادیا کوہ قاف کی کئی قومین روس سے باغی ہوگئی ہین۔

آزاد۔ (خوش ہوکر) خوب ہوا۔ مین بہت خوش ہوا۔

افسر۔ سنیے کہ روسی جابر تو ہین ہی اُنکے ظلم سے اہل سرکیشیا کی ناک مین دم آگیا تھا۔ دیوانہ راہوئے بس ست ترکون کی شہ پاتے ہی بگڑ کھڑے ہوئے۔ ابتدا ابتدا مین روسیون نے کسیقدر کامیابی حاصل کی تھی۔ آرمینیا مین دو چار فتوحات پائی تھین

لیکن ۲۶ - اپریل کو باطوم مین ایسا نچا دیکھا کہ یاد ہی تو کرتے ہونگے -

آزاد - قلعۂ باطوم سے قلعۂ ارطون کسقدر فاصلے پر ہے -

افسر - کوئی پینتالیس میل کے قریب -

آزاد - کس جانب ہے -

افسر - جنوب کیطرف اُسپر روسی قابض ہوگئے ہین -

آزاد - روسی افسر بہت جلد جلد بڑھ آئے -

افسر - مگر بُرا کیا - اُنکے حق مین مضر ہوگا -

آزاد - یہ کیون - اِس سے ہمین اتفاق نہین ہے -

افسر - ایک وجہ ہے - مین عرض کرون - اگر مع سامان رسد فوج آئے تو اچھا ہے لیکن یہ لوگ تو دو منزل طے کر کے آتے ہین - اتنی دور بڑھ آئے ہین کہ اگر ایک شکست ہو تو ہوش اُڑ جائین - بڑی غلطی کی - احمد مختار پاشا تجربہ کار آدمی ہین - عجب نہین کہ عمداً اور قصداً بڑھنے دیا ہو کہ بڑھکر جائینگے کہان - دو ایک کالم کا مقابلہ مشکل نہین -

آزاد - خاص فوج سے تو روس کے بڑھتے ہوے کالم فاصلے پر ہین -

افسر - تو یہی تو خرابی ہے -

آزاد - ہان خط تو ختم کیجیے -

افسر - ہمنے کئی مقامون پر بندوبست کر لیا ہے کہ روسیون کے پاس رسد نہ جانے پائے اور نہ وہ اپنی فوج سے خط کتابت کر سکین احمد مختار پاشا ہمارے سپہ سالار کے مزاج مین حرارت نام کو نہین ہے - بڑے سنجیدہ آدمی ہین اور زمانہ گزار متشرع - روسیون کے جنرل کا نام سنا ہی ہوگا گرینڈیوک میکائیل جوان آدمی ہین - اور جری -

قسطنطنیہ کے کانفرنس کی نسبت کہا کہ ٹرکی کی طرف سے صفوت پاشا اور ادہم پاشا مقرر ہوے - صفوت پاشا ذیر صیغۂ خارجہ ہین اور نپولین ثالث کے وقت مین سفیر فرانس مین تھے بڑے تجربہ کار آدمی ہین اور ادہم پاشا بھی یورپ کے پولیٹکل امور سے واقفیت رکھتے ہین -

آزاد - جرمنی کیطرف سے تو صرف ایک سفیر تھا -

افسر - ہان جرمنی اور اطالیہ اور روس کیطرف سے ایک ہی ایک سفیر تھا -

آزاد - اور انگلستان کیطرف سے -

افسر - دو انگلستان فرانس ٹرکی اور اسٹریا نے دو دو سفیر بھیجے تھے -

آزاد - اور پریسیڈنٹ کون تھا -

افسر - صفوت پاشا - ترکون نے اپنے صوبون کی بغاوت کی نسبت ایک کاغذ پڑھا -

آزاد - جنرل اغناٹیف بھی تھے -

افسر - انھین کے سبب سے تو دو مہینے کی مہلت دیگئی چار گھنٹے تک بحث رہی - سلطان نے لارڈ سالسبری سے کہا کہ ہم اُن شرائط کو قبول نہین کر سکتے جو ہماری رعایا کی مرضی کے خلاف ہون - ورنہ وہ لوگ ہمین کو قتل کر ڈالینگے اور تھا بھی ایسا ہی -

آزاد - جوش کے سبب سے -

افسر - لارڈ سالسبری نے بلگیریا کے جبر و تعدی کا ذکر کیا تو سلطان المعظم نے فرمایا کہ ترکون کا قصور نہین ہے - وہ خاص روسیون کا قصور ہے - انھین کے سبب سے یہ جبر و تعدی ہوئی -

یہ باتین ہوہی رہی تھین کہ ایک شخص نے آکر کہا کچھ اور بھی سوار روسی آگئے۔ اتنا سُننا تھا کہ لوگ گھبرا گئے۔
آزاد۔ کون آئے ہین؟ روسی۔ کہان سے آئے۔
صفوت پاشا۔ خدا جانے یہ کہتے کیا ہین۔
آزاد۔ کچھ گھبرائے ہوے سے ہین۔
اُس شخص نے کہا یہ خط پڑھ لیجیے۔ خط پڑھا تو یہ مضمون نظر سے گذرا۔ جنرل کمینڈر۔ روسی اُس قلعے سے جسمین ہم اجکل ہو سات میل کے فاصلے پر آگئے ہین اُن کے پاس سات ہزار فوج پیادہ اور چار ہزار سوار اور دس توپین ہین خاص اس نیت سے آتے ہین کہ قلعہ پر قبضہ کرین۔ کل تک قلعے کے قریب پہونچ جائینگے دو روز تک ہم مدد نہین پہونچا سکتے اگر پرسون تک تم اُنکا مقابلہ کرو تو ہم ایک کالم بھیجین ہماری فوج کا ایک رسالہ بندیکیا گیا ہی ایشیا مین روسی بڑھتے آتے ہین۔

شادی کی چھیڑ چھاڑ

ناظرین کو یاد ہو گا کہ میرزا ہمایون فرہاد مدت کے بعد اپنے گلبدن غنچہ دہن معشوق کا جمال باکمال مشاہدہ کرکے از خود رفتہ ہو گئے تھے اور ادھر جہان آرا اور گیتی آرا بیگم نے اپنی خالہ سے کہنا شروع کیا کہ شہزادے کے ساتھ سپہر آرا بیگم کی شادی قرار پائے تو بڑی خوشی کی بات ہی سپہر آرا بیگم دل مین تو خوش ہوئین کہ اگر شہزادۂ ہمایون فر سے شادی ہو تو مدت کی آرزو بر آئے مگر ظاہر مین منظور نہین کرتی تھین۔
جہان آرا۔ میرزا ہمایون فر مین آپ نے عیب کیا دیکھا۔
گیتی آرا۔ اے ہین۔ وہ بھدیسل شل نہین سُنتی۔ من بھائے مونڈیا ہلائے۔
سپہر آرا۔ ہم ایسی باتین سنتے ہی نہین۔
حسن آرا۔ تو بولتی کیون ہو پھر۔
سپہر۔ کیا باتین کرنے مین کسی کا اجارہ ہی کچھ۔ واہ اب کوئی بولے بھی نہین۔
جہان۔ اللہ جانتا ہی دل مین کھلی جاتی ہین۔
گیتی۔ خالہ جان کی منظوری کا ہمین انتظار تھا۔ اُنھون نے منظور کر لیا۔ اب کیا ہوتا ہی۔ شادی ہوئی داخل ہی۔
سپہر۔ تو آپ گھڑی گھڑی چھیڑ خانی کیون کرتی ہین۔
جہان۔ اب شادی نہین رُکتی۔ جوڑی اچھی ہی۔ دونون گورے چٹے۔
حسن۔ یہ آپ نے اتنی جلدی دیکھا کیونکر۔
جہان۔ اور سُنو۔ کیا خدانخواستہ کوئی آنکھون کا اندھا ہی
گیتی۔ ایک ہفتے تک ہم ڈومنیون کا ناچ دیکھین گے۔
حسن۔ آپکے طفیل مین ہم بھی دیکھ لینگے۔
عباسی۔ اے حضور کیا سچ مچ نکاح ٹھہر ہی گیا ہی۔ مبارک مبارک۔
سپہر۔ سُنا عباسی تم نہ بیچ مین بولا کرو۔ ہماری باتون مین تم کون بولنے والی ہو۔
حسن۔ اب مبارکباد بھی نہ دے۔
عباسی۔ حضور آپ کہنے دیجیے۔ اللہ وہ دن جلد دکھائے تو لونڈی جھک کر سلام کریگی۔
سپہر۔ اور تمھارے میان کہان ہین عباسی۔
عباسی۔ (مسکرا کر) خدا بیچ پھوپھے موادانہ سا تھا۔
سپہر۔ تم تو خوش ہوگی۔
عباسی۔ جی مجھے بیچ ہوا نہ خوشی۔ اپنا مزاج ہی اور طرح کا ہی

جہان - اب یہ تو بتاؤ کہ ہمایون فر کا نام کیا رکھا جائیگا۔
حسن - ہمایون دولھا۔
جہان - اہی نہین - بڈھا نام - کوئی اور اچھا سا نام تجویز ہو
ہمایون دولھا بھی کوئی نامون مین نام ہی۔
گیتی - پھر تم کوئی جوان خطاب تجویز دنہ۔
حسن - شہزادے دولھا۔
جہان - یہ بھی نہین - دیکھو ہم ہی تجویز نینگے اور تم سب
سُنکے خوش ہو جاؤ گی۔
حسن - (مسکراکر) مبارک دولھا۔
سپہر - نہین مبارک قدم دولھا (شرماکر) ہی نہ اچھا
خطاب۔
جہان - تو دولھا کیا آپ کے ہان کی لونڈی ہین یہ اچھا
خطاب تجویز ا - کیا کہنا۔
جہان حسن آرا سے کہو - جو ساری کتابین چاٹے بیٹھی ہین
حسن - ہم تو فرخ دولھا کہا کرینگے - بس اس سے اچھا خطاب
نہ ملیگا - جسکا جی چاہے جو کہے ہمکو یہی نام پسند ہی - فرخ دولھا
دیکھو آماجان سے پوچھین - دیکھین وہ کیا کہتی ہین۔
حسن آرا بیگم ناز و ادا سے دلربا کے ساتھ بڑی بیگم کے
پاس گئین اور بھولے پن سے پوچھا کیون آماجان سپہر آرا
کے دولھا کا خطاب کیا تجویز ہی - بڑی بیگم نے حسن آرا کو
سر سے پانون تک دیکھا مگر جواب نہین دیا - تو انھون نے
پھر پوچھا آماجان بتائیے مرزا ہمایون فر کا خطاب کیا
ہوگا۔
بڑی بیگم - کچھ خیر ہی - ہا - ابھی بات نہ چیت خطاب
کی فکر پڑ گئی۔

حسن - فرخ دولھا خطاب رکھیے گا۔
بڑی بیگم - تو بیٹا ابھی زبان سے نہ نکالو - جب سب باتین
ٹھیک ہو جائین تب خطاب سوچ لینا۔
مغلانی اور محلدار مسکرائین اور حسن آرا کے شوق اور
بھولے پن کا عرصے تک ذکر رہا۔
حسن آرا نے آکر جہان آرا سے کہا آماجان کہتی ہین کہ
ابھی کسی سے ذکر نہ کرین - جہان آرا نے مسکراکر کہا ذکر کرنا کیسا
کیا کوئی ڈھنڈھورا پٹوانا ہی - اپنی جگہ آپسمین باتین کرتے
ہین - کیا تمنے سچ مچ انسے پوچھا ہی جاکر - حسن آرا بولی ہان
مین نے پوچھا کہ مرزا ہمایون فر کا خطاب کیا تجویز ہی تو میری
طرف سر سے پانون تک دیکھا اور چپکی ہو رہین مین کچھ سمجھی
نہین - مین نے کہا فرخ دولھا ہو تو کیسا - اسپر کسیقدر ناراض
سی ہوئین اور سمجھانے لگین کہ ابھی اس بات کا کسی سے
ذکر نہ کرنا - جب نکاح ہوگا تو خطاب تجویز ا جائیگا - ابھی سے
کیا جلدی ہی۔
اتنے مین پیاری چھوکری نے آن کر کہا کہ بڑی بیگم صاحب
پوچھتی ہین کچھ مٹھائی کھائیے گا - ابھی تازی تازی شیرینی
آئی ہی - حکم ہو تو لاؤن۔
حسن - کہان سے آئی ہی۔
سپہر - آماجان نے مول منگائی ہوگی۔
پیاری - جی نہین حضور وہ جو سامنے شہزادے رہتے ہین
انکے ہان سے آئی ہی۔
سپہر آرا نے جو شہزادے کا نام سنا تو جھینپنے لگی۔
حسن آرا نے مسکراکر کہا فرخ دولھا نے ہمارے واسطے مٹھائی
بھیجی ہوگی - جہان آرا نے ہنسکر کہا مبارک قدم دولھا کے

ہان سے آئی ہو۔

گیتی۔ جاؤ پیاری لے آؤ۔ کہو مانگتی ہین۔

جہان۔ اب یہ نہین معلوم ہوا کسکے واسطے بھیجی۔

پیاری مٹھائی لائی۔ سپہر آرا کے سوا اور سب بہنون نے کھائی۔

جہان۔ اے اب بہت شرماؤ نہین۔ کھاتی کیون نہین ہو۔

سپہر۔ جی کی خوشی۔ ہم نہین کھاتے۔

گیتی۔ جسمین معلوم ہو کہ اِنکے میان کے ہان سے آئی ہو۔

جہان۔ اے ہو تو ابھی سے اِنکے میان کیون کہتی ہو۔

سپہر۔ دیکھتی جاؤ جان آرا بہن۔ ہمکو چھیڑے جاتی ہین۔ پھر ہم کچھ کینگے تو بُرا مانینگی۔

گیتی۔ (ہنسکر) اے تو ہمنے کہا کیا بہن۔ خواہی نخواہی اِسی بُرا مانتی ہو۔

سپہر۔ میان میان تمنے نہین کہا۔

اسپر قہقہہ پڑا اور سپہر آرا بیگم اُٹھ کے چلدین۔ جاتے ہی بڑی بیگم سے جڑدی دیکھیے آما جان ہمین سب مل کے دق کرتی ہین۔ بڑی بیگم نے کہا تم روز بروز بچہ ہی بنی جاتی ہو۔ دق کیا کرتی ہین۔ چٹکیان لیتی ہین کاٹے کھاتی ہین آخر دق کیا کرتی ہین۔ سپہر آرا نے کہا واہیات باتین کرتی ہین۔ بڑی بیگم مسکرا مین خدا جانے کتنے سال کے بعد آج ذرا مسکرا دین۔ پوچھا کیا واہیات باتین کچھ کہو گی بھی۔

سپہر۔ میان ٹیان کرتی ہین۔

بڑی بیگم۔ واہ وا واہ۔ چلو تم اپنا کام کرو۔ بہنین ہین ہنستی ہین دو گھڑی۔

سپہر۔ تو ہمین ایسی ہنسی گوارا نہین ہو۔

بڑی بیگم۔ تمنے مٹھائی کھائی۔

سپہر۔ نہین آما جان ہمنے تو چھوئی تک نہین۔

بڑی بیگم۔ یہ کیون۔

سپہر۔ اسوقت خواہش نہ تھی۔

بڑی بیگم نے سپہر آرا کو مٹھائی کھلائی اور سمجھایا کہ اب تم سیانی ہوئین بہنون سے ذرا ذراسی بات پر بگڑا نہ کرو کوئی بچہ تو ہو نہین۔ بڑی بہنین ہین اگر ایک بات بیجا بھی کہی تو اُسکا بُرا ماننا کیا۔

سپہر۔ اور تو کوئی کچھ نہین کہتا تھا مگر گیتی آرا بہن بہت بڑھ چڑھ کے باتین بناتی ہین۔

اتنے مین بڑی بیگم کو ٹھے پر پہونچ گئین۔

عباسی۔ حضور ادھر دیکھیے۔

گیتی آرا نے پوچھا خالہ جان خیر تو ہی۔ اِس وقت آپ کہان آئین۔ بڑی بیگم نے کہا تم سب ملکے ہماری لڑکی کو دق کرتی ہو اسکی کیا وجہ وہ بیچاری ہمارے پاس دوڑی آئی۔

گیتی۔ خالہ جان یہ بنتی ہین۔

حسن۔ پوچھیے ہوا کیا تھا۔

بڑی بیگم۔ اب کیا جانین ہمسے تو انکر کہا کہ گیتی آرا بہن ہمسے واہیات باتین کرتی ہین۔ مین نے کہا کچھ خیر ہم لڑکی واہیات بات کیا گالیان دیتی ہین۔

جہان۔ خالہ جان ہوا یہ کہ انھون نے کہا تم مٹھائی نہ چھوؤ یہ ہمارے واسطے سامنے والے محل سے آئی ہی۔

اسپر قہقہہ پڑا۔ بڑی بیگم نے کہا تم برابر والیان آپس مین ہنسو۔ ہم جاتے ہین۔

سپہر۔ جسنے کہا ہوا سکے دبدے تم ہوجائین۔
حسن۔ اہی کوستی کیون ہو۔
سپہر۔ ہمنے کہا تھا کہ ہمارے واسطے مٹھائی آئی ہی۔
جہان۔ نہین کہا تھا؟ بھلا قسم تو کھاؤ۔
عباسی۔ حضور جو بُرا نہ مانین تو عرض کردن۔
سپہر۔ کیا۔ کہتی کیا ہو۔
عباسی۔ حضور نے اسقدر تو ضرور کہا تھا کہ ہمارے واسطے آئی ہی۔

سپہر آرا نے کہا سنا عباسی تم بہت چل نکلی ہو تم سے بیس بار کہدیا سمجھا دیا اور تم نہین مانتین اسکے کیا معنی تم کوئی برابر والی ہو جو ہمارے بیچ مین بولتی ہو۔ عباسی کے مزاج مین مسخرہ پن بہت تھا اور پھر منھ لگی بھی منھ لگائی ڈومنی گا دے تال بے تال۔ ادھر تو سپہر آرا بیگم جھلا کر للکارتی تھین اُدھر عباسی نے یہ شعر پڑھنا شروع کیا۔ ؎

پھر بہار آئی کفِ ہر شاخ پر پیمانہ ہی
ہر روش مین جلوۂ بادِ صبا مستانہ ہی

سپہر۔ تم اب نکالی جاؤگی۔ بس اتنا ہمین معلوم ہوگیا ہی ہم تو خفا ہوتے ہین اور تم شعر پڑھ رہی ہو۔
عباسی نے ہاتھ جوڑ کر کہا حضور خفگی کسکی۔ لونڈی ہون جو حکم دیجیے۔
عباسی مہری نے مرزا ہمایون فر کے ایک خدمتگار سے باتون باتون مین کہا کہ تمھارے شہزادے کا نکاح ہونیوالا اور وہ متحیر ہوا کہ نکاح کیسا۔ کہا ہمنے تو ابھی تک نہین سُنا۔ شاید ہو۔ کہان کس گھر مین۔
عباسی۔ ہماری سرکار مین۔

خدمتگار۔ ہان واہ تو پھر کیا ہی۔
عباسی۔ پڑوس ہی مین دولھا دلھن دونون۔
خدمتگار۔ کیسی ہین۔ ہین کچھ قبول صورت۔
عباسی۔ چاند سا ٹکڑا ہی۔
خدمتگار۔ ہمارے شہزادے بھی تو حسین ہین۔
عباسی۔ اہی وہ اُنسے کہین حسین ہین بوٹا سا قد۔ آنکھین بالکل ہرن کی سی۔
خدمتگار۔ بڑی بہن کے ساتھ یا چھوٹی بہن کے ساتھ۔
عباسی۔ چھوٹی بہن کے ساتھ۔
خدمتگار۔ اُنکا نام کیا ہی۔
عباسی۔ سپہر آرا بیگم دیکھنے سے تعلق رکھتا ہی۔
خدمتگار۔ تو مین جاکے سرکار سے کہون۔ مگر کیا اُن کو اطلاع ہی نہوئی ہوگی۔
عباسی۔ اطلاع تیرا سر ہوئی ہوگی۔ ابھی ابھی کی تو بات ہی اطلاع کیونکر ہوتی بھلا۔
خدمتگار۔ دیکھو جاکے انعام مانگونگا۔
عباسی۔ تو میرا نام لے دینا۔
خدمتگار۔ مین کہونگا خداوند میرے آقا کی شادی بیگم صاحب کے ساتھ ہوتی ہی اور میری شادی بی عباسی کے ساتھ قرار پائی ہی۔
عباسی۔ اہی دُر بوئے در گور ایڑی چوٹی پر قربان کردن۔
خدمتگار۔ ایسی تو صورت دار بھی نہین ہو۔
عباسی۔ اہی واہ صورت دار نہین ہم بدصورت ہی سہی بس۔
خدمتگار۔ تو آخر ہمارے ساتھ بیاہ کرنے مین عذر کیا ہی۔
عباسی۔ اللہ جانتا ہی مین ہزارون گالیان دونگی۔

خدمتگار - پھر ہو گا کیا - ہزاروں نہیں لاکھوں گا یہاں وتو کیا پرواہ ہے تو مین جاکر حضور کو اطلاع دون -

عباسی - ہان ہان کہتی تو جاتی ہون اب کیونکر کہون - خدمتگار نے سات بار جھک کر سلام کیا اور کہا خداوند اسوقت ایک خوشخبری سنی ہے اور بہت بڑے معتبر آدمی کی زبانی سنی ہے حضور سنینگے تو بہت ہی خوش ہونگے مگر خداوند بے انعام لیے نہ بتاؤنگا -

شہزادہ - اگر انعام کے قابل بات ہوگی تو دینگے -

خدمتگار - حضور کے نکاح کی باتین ہو رہی ہین -

شہزادہ - پاگل ہو گیا ہے ؟ -

خدمتگار قسم کھا کر عرض کرتا ہون خداوند کہ سامنے والی بیگم صاحب کی چھوٹی صاحبزادی کے ساتھ نکاح ہونیوالا ہے - عباسی سہری لی تھی اُسنے کہا ہماری طرف سے آداب بجالانا اور کہنا مبارک ہو خداوند بہت بھلی خبر ہے -

تماشا

ایک قصر رفیع و عالیشان کے سہ منزے پر دلکش دریا کے مین ایک خاتون آئینہ زانو نو خیز و خوبرو فرش تکلف پر تمکن تھین اور دریچے کی رنگین جق سے بازار سراپا بہار کی سیر دیکھ رہی تھین کہ سامنے کے ایک پھاٹک پر نظر پڑی تو دیکھا کہ گز بھر کے ایک کاغذ پر مختلف الوان کی روشنائی سے انگریزی مین کچھ عبارت لکھی ہے - حیرت ہوئی کہ یا خدا یہ کاغذ کیسا ہے - ابتک تو کبھی نہین دیکھا تھا - فوراً مغلانی کو بلایا اور یون گفتگو کی -

خاتون - بی مغلانی - ذری ادھر تو آنا - دیکھو یہ کاغذ یہان کیسا چپکا ہے -

مغلانی - ہان حضور چپکا تو ہے - مگر اللہ جانے کس نے چپکایا -

خاتون - ہمین بھی حیرت ہے کہ یہ کہان سے آیا روز ہم اسی جھروکے سے بازار کی سیر کرتے تھے - یہ کاغذ کبھی نہین دیکھا اور رنگ برنگ کے حرف ہین - نیلے بھی ہین پیلے بھی آبی بھی ہین - گلابی بھی ہین - دھانی بھی ہین ارغوانی بھی ہین -

مغلانی - جھنڈی تو نہین گڑی ہے - جو جھنڈی گڑی ہو تو سمجھ جائیے کہ کسی کا (تالیقہ) ہونے والا ہے یہ پھاٹک تو نور محمد زردوز کے مکان کا ہے -

خاتون - کسی سے دریافت کرو ذری کہ یہ ہے کیا بھلا -

بی مغلانی باہر گئین - دربان سے کہا احمد بیگ ذری کسی سے پوچھو تو نور محمد زردوز کے مکان پر یہ رنگ برنگی کاغذ کیسا چپکا ہے - پھاٹک پر ہے دربان نے کہا اسوقت ڈیوڑھی پر کوئی آدمی نہین ہے چوبدار آئے تو جاؤن - مغلانی تنک کر بولی - اجی کچھ سڑی ہے - دروازے پر سے پوچھ لے کہ یہ کاغذ کیسا ہے - دربان نے باہر جاکر دریافت کیا - ایک شخص نے کہا کسی کے گھر مین کرکی (قرقی) ہونے والی ہے) دوسرے نے کہا - اجی نہین کہین نیلام ہوگا - اسباب کی فہرست ہے الغرض جتنی زبانین اُتنی باتین تھوڑی دیر مین نور محمد زردوز بھی آگیا دربان نے اُس سے دریافت کیا تو اُسنے ٹھیک ٹھیک حال بتادیا - دربان نے مغلانی سے کہا - مغلانی اوپر گئی اور یون تقریر کی -

مغلانی - حضور کوئی کچھ کہتا تھا کوئی کچھ - ایک موئے نے کہا

کہ قرنی ہونیوالی ہی دوسرے نے کہا کہین نیلام ہوگا - مگر نورمحمد خود آگئے اُنھونے بتایا کہ تماشہ ہونیوالا ہی -

خاتون - تماشا کیسا - کیا کہین میلا ہی -

مغلانی - وہ تو یہی کہتے تھے کہ انگریزون کی ولایت سے کچھ تماشا کرنے والے آئے ہین - صاحب لوگ ساتھ ہین - میمین ہین - گھوڑے ہاتھی - ہرن پاڑھے اور سُناہن ہانس بھی ہین اور نورمحمد کہتے تھے کہ گھوڑ مونہے آدمی بھی اُنکے ساتھ ہین وہ دانتون سے کپڑا سیتے ہین -

خاتون - اہی ہی تمھارے اِس جھوٹ کو آگ لگے کہین دانتون سے کپڑا سی سکتا ہی کوئی - اچھا اُس گھوڑمونہے کو لاؤ - ہمارے سامنے دانت سے کپڑا سی دے تو ہم ایک ہزار دین - چاہے سو روپیہ پیشگی لے لو -

مغلانی - وہ قسمین کھاکر کہتے تھے اور اُنھون نے یہ بھی کہا کہ ایک میم ہی وہ اُلٹی ٹنگ جاتی ہی اور دانت سے توپ اُٹھاکر داغ دیتی ہی -

خاتون - بی مغلانی تم کسی طبیب سے علاج کرواؤ -

مغلانی - بس حضور کو تو یقین ہی نہین آتا - اسکو ہم کیا کرین -

خاتون - اور جو بات ہی دانتون ہی سے ہوتی ہی -

مغلانی - اب مین کیا جانون نورمحمد کہتے تھے -

خاتون - اچھا چوبدار کو حکم دو - کہ وہ بھی جاکے پوچھ آئے -

بی مغلانی نیچے گئین - چوبدار کو حکم دیا کہ جاکے کسی سے پوچھو یہ کاغذ آج کیسا چپکا ہی - پھاٹک پر ایک بڑا سا کاغذ ہی اور اِسپر نیلے اور ہرے اور زرد اور لال موٹے موٹے حرف ہین - چوبدار گیا اور تھوڑی دیر مین واپس آیا -

چوبدار - ماماجی - دداجی - ذری بی مغلانی سے کہدیجیے چوبدار حاضر ہی -

مغلانی - پوچھا لوگون نے کیا کہا -

چوبدار - پرسون تماشا ہوگا - شیر لڑینگے -

مغلانی - اوئی اہی شیرون سے لڑیگا کون -

چوبدار - ایک صاحب لڑیگا -

مغلانی - اوئی اللہ - شیر سے آدمی لڑے ؟ اللہ پناہ مین رکھے -

چوبدار - خدا کی قسم کھاکر کہتا ہون کہ شیر سے آدمی لڑیگا -

مغلانی - حضور سے مین نے جاکر کہا - اُن کو یقین ہی نہین آتا -

چوبدار - اب اِسکو ہم کیا کرین -

مغلانی - مین پردے کے پاس بُلا لاؤن -

چوبدار - اب یہ تمکو اختیار ہی -

مغلانی اوپر گئی اور کہا حضور ہم نے جو کہا تھا - وہ سب صحیح نکلا - چوبدار کہتا ہی کہ شیر سے آدمی لڑینگے اور شیرون کو تمچیان ماریگے -

خاتون - آف - اِس جھوٹ سے خدا سمجھے -

مغلانی - اہی تو بیوی مجھ سے کیا واسطہ -

خاتون - تم کیون قسمین کھاتی ہو -

مغلانی - ہم تو ہزارآدمیون کی زبانی سُن چکے ہین حضور -

خاتون - کیا سُن چکی ہو - یہ سُن چکی ہو کہ شیر انسان سے لڑینگے -

مغلانی - ہان ہان - اللہ جانتا ہی -

خاتون - قسم خدا کی اگر آدمی شیر سے لڑے نہ تو ہم دو ہزار روپیہ بدتے ہین -

مغلانی - تو حضور مین غریبنی دو ہزار کسکے گھر سے لاؤنگی -

خاتون - اچھا تم ہار تو دو آنے دو - اور ہم ہارین تو دو ہزار روپیہ دین -

مغلانی - حضور قسم خدا کی دربان نے نور محمد زردوز نے اور چوبدار نے اور کئی اور آدمیون نے کہا کہ شیر سے لڑینگے -

خاتون - اے تو کون لڑیگا - آدمی ؟

مغلانی - جی ہان - آدمی - آدمی -

خاتون - تم نشے مین تو نہین ہو اسوقت -

مغلانی - (دانتون کے تلے انگلی دباکر) اے ہے حضور کیا مجال ہے -

خاتون - اچھا پھر کیا ؟ -

مغلانی - مین سمجھی نہین حضور - مگر لوگ یہی کہتے ہین کہ تماشے والون کے پاس تین چار شیر ہین اور شیر دن سے وہ لوگ لڑتے ہین - آدمی برابر نیچیان پر نیچیان جماتا ہے اور شیر بکری کی طرح کان دباکر کوڑے کھاتے ہین اور چون تک نہین کرتے -

خاتون - چلو بس اب چپ رہو -

مغلانی - بہت خوب -

خاتون - شیر کو انسان جو ایک جھنگے سے بھی کم ہے مارے کوڑے لگائے - نیچیان جمائے - اور شیر چون تک نہ کرے نیچیان کھائے اور آدمی کو چیر پھاڑ کے نہ پھینکے - مجھکو اسکا یقین نہ آئیگا اگر مجھکو کوئی دکھادے کہ آدمی شیر سے لڑتا ہے اور شیر کو کوڑے لگاتا ہے اور شیر چون تک نہین کرتا تو ہم قائل ہوجائین مگر یہ تو کبھی گمان بھی نہین ہوسکتا کہ انسان کوڑے لگائے اور شیر ذرا نہ بولے -

مغلانی - تو حضور مین اسکا اقرار نہین کرسکتی -

خاتون - داروغہ کو بلاؤ - کہو اوپر چلے آئین -

مغلانی نے داروغہ صاحب سے کہا چلیے حضور نے یاد کیا ہے - نادری حکم ہے کہ ابھی ابھی داروغہ صاحب کو لاؤ داروغہ نے کہا خیر تو ہے - داروغہ بیچارے سے کیا قصور ہوا کہ اتنا کڑا حکم دیا گیا - اچھا چلیے - کہدیجیے داروغہ حاضر ہے - داروغہ اوپر گئے دہان سے سہ منزلے پر زینے پر کھڑے ہوے کہا اطلاع دو مغلانی نے اطلاع دی حکم ہوا بچ کے اُس طرف بلاؤ - داروغہ صاحب پہونچے - ارشاد -

خاتون - اے داروغہ صاحب -

داروغہ - آداب عرض ہے حضور -

خاتون - یہ تم کیا واہیات باتین کرتے ہو - شیر سے آدمی لڑیگا - سب واہیات بات - اور تمکو ان سب باتون کا یقین بھی آگیا - ؟

داروغہ - حضور لکھا ہی ہے - کہیے اشتہار لے آؤن -

خاتون - یہ بال تمنے دھوپ مین سفید کیے ہین - کیا ؟ بھلا کہین دانتون سے کپڑا بھی سیا گیا ہے - سی دو تو دو ہزار روپیہ دین -

داروغہ - حضور اگر ایسا کمال حاصل ہوتا تو پانچ روپیہ کی نوکری کیون کرتا - مین بھی کہین چار پانچ سو روپیہ کا نوکر ہوتا -

خاتون - اچھا اشتہار لے آؤ - اور ہمین پڑھ کے سناؤ -

داروغہ - بہت اچھا - ابھی حاضر کرتا ہون -

داروغہ صاحب ایک اشتہار کو پھاڑنے لگے - اتفاق سے تماشے والے صاحب نے دیکھ لیا پوچھا تم کون - کہا ہم میر افضل ہین - کون میر افضل ؟ اجی ہم میر افضل ہین کون کے کیا معنی - کون میر افضل کی ایک ہی کہی صاحب نے کہا تم اشتہار کیون اُکھاڑتا تھا - ہم سے اور اشتہارلے - صاحب نے اُردو کا ایک اشتہار دیا - داروغہ صاحب اشتہار لیکر دوڑتے ہوے آئے -

مغلانی - کہو میر صاحب لائے -

داروغہ - اسّی برس کی عمر ہوئی - پانچ کی نوکری بھی کی اور پچاس کی بھی کی مگر یہ باتین کس مردک سے آجتک سُنی بھی ہون جواب اس پیرانہ سالی مین سننا پڑتی ہین پوچھیے مجکو ان باتون سے کیا مطلب ہین تماشے والا نہین بندر والا نہین ریچھ والا نہین مجھے جھوٹ بولنے سے کیا فائدہ - مگر خواہ مخواہ کو حضور بُرا بھلا کہنے لگین -

مغلانی - تو اب اس تقریر سے کیا فائدہ ہی - اشتہار لائے کہ نہین لائے -

داروغہ - نہ لانا کیا معنی - یہ اشتہار نہین تو اور کیا ہی -

مغلانی - بس اب بات بن گئی چلیے چھٹ پٹ -

داروغہ اور مغلانی اوپر پہونچے تو بیگم صاحب نے مہری سے کہا دیکھو آگئے نہ مہری نے کہا حضور داروغہ جی آئے ہین اتنے مین مغلانی کمرے کے اندر داخل ہوئی اور ہنسکر بولی - لیجیے وہ اشتہار تو لائے حکم ہوا کہ چق کے پاس آرام کرسی بچھے اور ایک پٹ بھیڑ دیا جائے -

خاتون - کہو صاحب اشتہار آگیا ؟ -

داروغہ - ہان حضور حاضر ہی -

خاتون - وہی اشتہار ہی -

داروغہ - وہی خاص وہی اشتہار -

خاتون - بھلا اسکا کیا ثبوت ہی کہ وہی اشتہار ہی -

داروغہ نے بی مغلانی کی طرف اشارہ کرکے اپنی پیشانی پر زور سے ہاتھ لگایا - اس اشارے کا مطلب یہ تھا کہ قسمت پھوٹ گئی - اب ہم ایسے ہو گئے کہ ہماری بات کا انکو یقین ہی نہین آتا - کہا اسکا ثبوت یہ ہی کہ اگر غلط ہو تو شیر کے کٹہرے مین غلام کو ہاتھ پانوں باندھکر چھوڑ دیجیے -

خاتون - اچھا پڑھکر سناؤ تو -

داروغہ - حضور آپ فرمائیے گا کہ اسکا کیا ثبوت ہی کہ جو کچھ پڑھا وہ سب سچ ہی تو اسکا جواب مین کیا دونگا -

خاتون - میرے سوال کا جواب تم دوگے یا مین خود ہی دونگی -

داروغہ - حضور کے سوال کا جواب مین دونگی -

راوی - (دونگی) کی ایک ہی کہی - شیر کا کٹہرا دیکھا ہی نہین اور ابھی سے گھبرا گئے خدا ہی حافظ ہی اگر یہی بدحواسی ہی تو شیر کے کٹہرے مین خود ہی نہ گھس جائیے گا کہین -

خاتون - آپ جواب دینگی ؟ خیر -

مغلانی - اے میر صاحب اسوقت آپ ہین کہان -

خاتون - شیر کے کٹہرے مین ہین -

مغلانی - نہین اللہ جانتا ہی آج کچھ عجب بہکی بہکی باتین کرتے ہین -

داروغہ - مین تو آدمی ہون - اور تم بی مغلانی —— بس اب کیا کہون -

خاتون - آدمی تو نہین ہمین تو بن مانس معلوم ہوتے ہو

مغلانی - (مسکراکر) تو حضور دانت سے کپڑا بھی سی لیتے ہونگے -

اس فقرے پر مہری اور مغلانی اور بیگم صاحب کھلکھلا کر ہنس پڑین - مگر داروغہ دل ہی دل مین سب کو بُرا بھلا کہتے جاتے تھے -

مغلانی - (مسکراکر) میر صاحب حکم ہو تو لاؤن -

داروغہ - کیا شے ؟ -

مغلانی - جی سوئی تاگا -

خاتون - ہان ہان لاؤ - ضرور لاؤ -

مغلانی - ایسا نہو میر صاحب ہنسے خفا ہو جائین - مگر اللہ جانتا ہی بن مانس کا تماشا دیکھنے کو جی چاہتا ہی - کیون میر صاحب سوئی تاگا لاؤن -

داروغہ صاحب نے اشتہار پڑھ کر سُنایا -

تماشا! تماشا!! تماشا!!!

زندگی زندہ دلی کا ہی نام مردہ دل خاک جیا کرتے ہین	

خوش مذاقون خوش مزاجون زندہ دلون تماشا بینون رنگین طبعون کو مژدہ ہو کہ ڈوبلے صاحب کی کمپنی ۱۲ بجے حال سے اس شہر مین طرح طرح کے تماشے دکھائیگی اور تماشا بینون کو عجب اور تماشے سے دچار مین لائیگی ایسے تماشے کسی نے آنکھون دیکھے نہ کانون سنے جو ہر اپنے فن مین طاق ہی - چستی اور پھرتی مین شہرۂ آفاق ہی با وصف پیرانہ سالی ایسے چابکدست اور کامل فن تماشے والے نہ دیکھے ہونگے جنکی رگ رگ مین خون کے ساتھ کمال بھی کوٹ کوٹ کے بھرا ہی -

ہمارے ساتھ انواع و اقسام کے طیور ذی شعور اور مرغان خوشنوا اور جانوران صحرائی بھی ہین جو مختلف ملکون سے ہم لائے ہین زبرنام کا ایک جانور ہی یہ جانور قریب قریب گورخر کی شکل کا ہوتا ہی قد گدھے سے کچھ بڑا ہی - خچر کے برابر - مگر تمام جسم مین الوان کے خط ہوتے ہین سفید سیاہ اور زرد - تاریخ سے ثابت ہی کہ اس وحشی جانور کو آجتک کوئی پالو نہین کر سکا اسکی بھڑک مٹ ہی نہین سکتی - رگ رگ مین وحشت بھری ہی -

بابنس یہ مہیب جانور جنگل کا دیو ہی - ارنا بھینسے کی قسم مین اسکا درجہ سب سے بڑھا ہوا ہی - ہندوستان کا موٹے سے موٹا بھینسا جسامت اور قدوقامت مین اسکا مقابلہ نہین کر سکتا - اسکی شکل بھیانک اور ڈراؤنی ہی - بن مانس اسکا نام اور نیگ اٹینک ہی حضرت انسان سے شکل بہت ملتی ہی آدمی کیطرح کھڑا ہو سکتا ہی - دنیا مین انسان کے سوا یہی ایک مخلوق ہی جو لکڑی لے کر لڑتا ہی نر اور مادہ دونون ایک ہی کٹہرے مین بند ہین یہ جانور جسکو بن مانس کہتے ہین قابل دید ہی -

بنگال کے احاطے کے تین شیر ہین - انمین ایک شیر بہت بڑا ہی - ان شیرون سے مسٹر جان لڑینگے اور شیرون کو اُٹھا کے دے دے ماریگے -

خاتون - گھر کی ٹیکی اور باسی ساگ -

مغلانی - (دبی - اللہ جانتا ہی سنتے سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے -

مہری - تم اپنی نہ کہو - تم تو نگوڑی چھپکلی تک سے ڈر جاتی ہو -

مغلانی - اور تم - ابتک تو گھوڑے پر سے سوار کو اُتار لیتی تھین اب شیر سے بھی مقابلہ کروگی - اللہ جانتا ہی ہماری تو روح لرزتی ہی -

مہری - اخاہ - یہ جب ہی کانپ رہی ہو -

مغلانی - ہان خوب بوجھین -

خاتون - یہ اسمین لکھا ہی کہ شیر سے آدمی لڑیگا ؟ -

داروغہ - حضور مجکو تو نظر آتا ہی شاید نہ لکھا ہو اب آپ ایک کام کیجیے کسی اور سے پڑھوایئے تو آپکو یقین آئے -

خاتون - اینٹ کی اینٹ لگا کے پڑھو -

داروغہ - مین سو برس کا بوڑھا شاید نظر نہ کام کرتی ہو -

مغلانی - ای میر صاحب ابھی تو آپ اسّی برس کے تھے اور بات کرتے ہی سو برس کے بن بیٹھے تو ایک گھڑی کے آپکے ہان بیس برس ہوتے ہین -

داروغہ - لاحول ولا قوۃ -

خاتون - اب کہین بھاگ نہ جایئے گا -

مغلانی - اچھا آگے پڑھیے -

داروغہ - ان شیرون پر مسٹر جان قبجیان لگائینگے -

خاتون - کیا لگائینگے قبجیان -

مغلانی - قبجیان -

خاتون - (مسکراکر) ای واہ - تو میان جی ہوے مکتب خانہ بنایا ہی - قبجیان پڑینگی معلوم ہوتا ہی شیر کھلندڑے ہین -

داروغہ - جو لکھا ہی وہ مین پڑھتا ہون -

مغلانی - میر صاحب دیکھیے ایک وہ مردوے ہین کہ شیر سے لڑتے ہین اور ایک آپ ہین کہ اُس دن بلیان جو لڑین تو آپ نے کوٹھری مین سونا چھوڑ دیا -

داروغہ - تو بلی کیا کچھ کم ہی - بلی بھی شیر کی خالہ کہلاتی ہی -

خاتون - ایکدن افیم کی پینک مین تم بھی تو کہتے تھے کہ ہم شیر ہین تو تمھاری بھی خالہ جان ہوئین - برا نہ مانیے گا ہمنے ایک بات کہی - اچھا ہان پڑھیے -

داروغہ - شیر کے کان پکڑینگے اور بٹھا دینگے - تین کٹہرے کھولینگے اور تینون شیرون سے ایک ہی دفعہ مقابلہ کرینگے - کسی پر قبجی جمائینگے - کسی کو تھپڑ لگائینگے کسی کو دے ماریگے اور اُسپر پانون رکھکر دوسرے شیر سے لڑینگے -

خاتون - یہ آدمی ہین یا دیو زاد -

مغلانی - حضور سب جھوٹھ ہی - جو رتی بھر بھی صحیح ہو -

داروغہ - اسمین یہی لکھا ہی - جو لکھا ہی وہ پڑھون یا اپنی طرف سے کچھ ملا دون -

مغلانی - تماشا دیکھنے جایئے گا ؟ -

داروغہ - اگر حضور نے ٹکٹ کے دام دیے تو بیشک جاؤنگا

خاتون - ہم ایک شرط سے دام دینگے -

داروغہ - وہ کیا -

خاتون - شیر کے کٹہرے مین جاؤ - اور اُس سے لڑو -

داروغہ - حضور غلام کو ٹکٹ کے دام نہین چاہییں - دو روپیہ کا لالچ کرون اور وہان شیر ایک تھپڑ مین کام تمام کردے غلام ایسے تماشے سے درگذرا -

مغلانی - تھپڑ کیسا - ای میر صاحب کٹہرے مین جاتے جاتے تو آپ کی روح فنا ہو جائیگی -

داروغہ - ہان یہ بھی سچ ہی -

مغلانی - جس کی خالہ سے آپ ڈرے اُس سے بھلا کیا جیتیے گا -

خاتون - اور پھر انسمی آدمی -
مغلانی - جی اور کیا - آف - نوابصاحب کے ہان ایک شیرنی تھی دور سے دیکھ کے آدمی ڈر جاتا تھا - نہ کہ کٹہرے مین جا کے لڑنا ذری ایک جھونک مارے تو آدمی کے حواس پیترا ہو جائین - یہ سب ڈھکوسلا ہی -
داروغہ - ہان پھر جھوٹ ہی لکھا ہوگا -
خاتون - ای تم اس لکھنے کو اللہ جانے کیا سمجھتے ہو ہماری عقل ہی کام نہین کرتی -
داروغہ - اِسکے بعد لکھا ہی کہ طرح طرح کے بندر ہمارے پاس ہین اور جتنے بندر ہین سب شہسوار ہین -
خاتون - شہسوار ہین ؟ بھلا کوئی فیلبان بھی ہی -
داروغہ - (جھلاکر) اب یہ اُنسے پوچھا جائے -
خاتون - نہین - ایمان کی قسم ہم ہاتھی خریدنے والے ہین - ایک فیلبان چاہیے -
مغلانی - ہان بندر تو خوب فیلبانی کرے -
داروغہ - ایک خوبصورت اور نوجوان مس مشکی گھوڑے پر سوار ہوکر طرح طرح کے مشکل اور نازک کرتبین کرینگی اور وہ کرتب دکھائینگی کہ اچھے اچھے شہسوار شرما جائینگے -
شہسوار کے لفظ پر خاتون پریزاد کے کان کھڑے ہوے - اِسکے بعد داروغہ نے یون پڑھنا شروع کیا - یہ مشکی گھوڑا کہ مین ڈوبا ہوا ہی بینڈ باجے کی لے کے موافق میدان مین تھرکے گا -
ابتدا مین باجا بجیگا اِسکے بعد پندرہ بیس گھوڑے آئینگے اور تھوڑی سی جگہ مین کا دا دیا جائیگا - اس کمپنی کے ساتھ چالیس گھوڑے ہین اور بارہ یا بو - گھوڑے سب بادرفتار اور مرصع ترنگ اور بیش بہا اور خوبصورت ہین اور ایسے یا بو ہندوستان مین کسی نے نہ دیکھے ہونگے - یہ مقام شٹلینڈ سے بہ صرف زر کثیر منگوائے گئے ہین اِنکے علاوہ اور بھی کئی قسم کے نایاب جانور ہین - بیل اور گائین بکردن کی برابر اور ایک یا بو بکرے سے بھی کسیقدر چھوٹا ہی -
خاتون - تمام دنیا کی نایاب چیزین ان کے پاس موجود ہین -
مغلانی - بھلا کوئی گدھا بھی ہی ؟ -
داروغہ - ابھی تک تو گدھے کا ذکر نہین آیا -
مغلانی - کہین خچر کا ذکر ہی - ؟
داروغہ - پڑھنے دیجیے - اِسکے بعد لکھا ہی کہ کئی کتے طرح طرح کے تماشے کرینگے - اور گھوڑے پر سوار ہونگے -
مغلانی - ادئی کتے اور گھوڑے پر سوار ہون ؟ - سب جھونٹھ کتے اور بلیان گدھے اور گھوڑے پر سوار ہون - یہ تو آج ہی سُنا -
داروغہ - اچھا پھر دیکھ لیجیے گا - اِسکے بعد لکھا ہی کہ برھما کا ایک سفید ہاتھی بھی اِس کمپنی کے ساتھ ہی -
مغلانی - کیسا ہاتھی ؟ -
داروغہ - سفید ہاتھی -
مغلانی - کچھ عقل گئی ہی -
داروغہ - قدرت خدا سے کیا کچھ بعید ہی ؟ بولیے -
مغلانی - اور لال ہاتھی بھی ہوگا -
مہری - بنیجنی ہاتھی ہو تو ہم بھی دیکھنے جائین -
مغلانی - اور جو چمپئی ہو -

داروغہ ان فقرہ بازیون پر بہت جھلائے کاغذ پھینکدیا اور کہا بس اب ہم نہ پڑھینگے مفت مین رنج ہوتا ہی ہم کسی کے نہ لینے مین نہ دینے مین تماشے والے کی صورت بھی دیکھی نہین کہ شاید کسی کو یہ احتمال ہو کہ رشوت لے لی۔

منغلانی نے اشتہار اُٹھا کر دیا اور کہا حضور فرماتی ہین کہ کل پڑھ کر سنائیے۔ داروغہ نے کہا غلام کو حکم کی تعمیل مین عذر نہین ہی مگر حضور کو جب یقین ہی نہین آتا تو پھر پڑھنے سے کیا فائدہ اور یون کیسے پڑھ دون لکھا ہی کہ یہ کمپنی ملک اطالیہ سے آئی ہی اور دنیا کے کل بڑے بڑے ملکون مین اسکی تعریف ہوئی ہی۔ کوئی ملک ایسا نہین جہان کے اخبارون نے تعریف نہ کی ہو۔

دو تین مسین ناچینگی اور ایک خوش گلو مس کی نازک آوازی سنم ڈھائیگی یہ نازک اندام گلفام مس ہین۔ بچپن ہی سے علم موسیقی مین تعلیم پائی ہی۔ جنسے انکا گانا نہین سنا وہ علم موسیقی سے واقف ہی نہین ہی۔

خاتون۔ مس مس کیا پڑھتے ہو۔

داروغہ۔ انگریزی لفظ ہی۔

خاتون۔ کچھ معنے بھی ہین یا یون ہی کہدیا۔

داروغہ۔ کنواری چھوکری کو کہتے ہین۔

خاتون۔ ہونگی کوئی بیس بیس برس کی۔

داروغہ۔ ایسے جھوٹ کہ دون ورنہ اسمین لکھا تو یہی ہی۔

اتنے مین پڑوس کی چوڑی والی آئی اور آتے ہی کہا بیگم صاحب برسون یہان بڑا تماشا ہوگا۔ آپ نے چلیے تو ہم بھی آپکے طفیل مین دیکھ لین سنا بڑا اچھا تماشا ہوگا داروغہ صاحب کی باچھین کھل گئین کہا کیون حضور مین جھوٹ تو نہین عرض کرتا تھا۔ چوڑی والی کو اشتہار دکھا کر کہا یہ اسی تماشے کا اشتہار ہی۔

چوڑی والی۔ ہنسکے تو سنا ہی کہ شیرون کا رسالہ ان کے ساتھ ہی۔ ایک شیر پر بندر ہوگا دوسرے پر بھینس تیسرے پر چیتا۔ چوتھے پر لنگور۔ بڑی سیر ہوگی۔

منغلانی۔ اجی انھون نے اور بھی اندھیر کردیا۔ شیر پر بھینس اور لنگور!!!۔

خاتون۔ اچھا باقی اشتہار تو ختم کرو۔

داروغہ۔ ۸ بجے دروازہ کھلیگا نا کل تماشائی رہنے کی سیر کرسکین اور سب جانورونکو بخوبی دیکھین۔ ۹ بجے سے تماشا شروع ہوگا اور ۱۲ بجے ختم ہوجائیگا۔

درجۂ اعلی کا ٹکٹ ۱۵ درجۂ دوم کا ۸ درجۂ سوم کا ۴ اگر کوئی درجۂ اعلی کے بھی آگے بیٹھنا چاہے تو چوبیس روپیہ دے چھ کرسیان بیٹھینگی۔ درجۂ دوم مین بنچین ہین مگر خالی اُنپر فرش نہین ہی۔ اگر رئیس زادیان یا عام ہندوستانی عورتین تماشا دیکھنا چاہین تو اُنکے لیے پردے کا کافی انتظام ہوجائیگا مگر درجۂ اول کے پانچ روپیہ اور درجۂ دوم کا ایکروپیہ لیا جائیگا اسمین دو ہی درجے ہین اور دوسری دوسری چقین پڑی ہوئی ہین۔

منغلانی۔ حضور کی پرورش ہو تو ہم بھی جائین۔

مہری۔ واہ۔ تم جاؤ اور ہم نہ جائین۔

چوڑی والی۔ پھر تم دونون کو بیگم صاحب بھیجینگی تو کیا ہم نے کچھ چوری کی ہی۔

منغلانی۔ سب چلینگے دس بارہ روپیہ کی تو بات ہی۔

چوڑی والی۔ اور تماشا کتنے دن ہوگا۔

مغلانی - یہی کوئی دو تین روز -

داروغہ - چار روز - ۱۲ - ۱۳ - ۱۴ - ۱۵ - بدھ - جمعرات جمعہ - ہفتہ - اب تو یقین آگیا حضور یا اب بھی یقین نہین آیا -

مہری - اگر بے پردگی نہو اور دُہری دُہری موٹی موٹی چقین پڑی ہون تو بیگم صاحب بھی چلی چلین - آپ داروغہ صاحب کو ایک دن بھیجدین تو وہ دیکھ آئین اگر بے پردگی نہو تو کیا ہرج ہی -

داروغہ - جی ہان مین جاکر سب دیکھ لونگا -

مہری - ہزارون ہی آدمی ٹوٹ پڑینگے -

داروغہ - ہزارون - اجی سیکڑون آدمی آئینگے - بڑا بھاری تماشا ہی -

مغلانی - (ہنسکر) اِس وحشت کے صدقے میان -

خاتون - اِنکے حواس آج برجا نہین ہین - جب سے شیرون کا حال سُنا بدحواس ہوگئے -

مہری - ہزارون نہین ہزارون سے بڑھ کر سیکڑون آئین گے !!! -

چوڑی والی - گنتی بھی نہین آتی -

داروغہ - ایک بات زبان سے نکل گئی -

مہری - ہان چمڑے کی زبان ہی پھسل گئی -

داروغہ - یا اِلٰہی ایک بات کے چیتھڑے اُڑا دیتی ہین -

خاتون - پرسون ضرور جاکے دریافت کرنا اور اچھی طرح پوچھ آنا - جو جانے کے قابل ہو تو ہم جائین - ورنہ جاکے نکو بننا اور دس آدمیون مین ذلیل ہونا کون عقلمندی ہی - لیکن عقل سے تو انھین بہرہ ہی نہین - خدا جانے وہان جانے بھی پائین یا نہین -

داروغہ - حضور چار روپیہ عنایت کرین تو رئیس بن کے غلام جائے اور سب باتین دریافت کر آئے -

تیسرے روز شام کے وقت میر افضل صاحب داروغہ پرانے فشن کے ایک میانے پر سوار ہوکر تماشا دیکھنے تشریف لیگئے اسّی برس کا سن - پوپلا منھ - ہاتھون مین عشہ جسم لاغر دراز - کمر خم - سر پر شملہ - شالی چپکن پہنے ہوئے خیمے کے دروازے پر کہارون نے میانہ رکھدیا میر افضل صاحب بسم اللہ کہکر اُترے تو دیکھا کہ میدان مین طلسمات کا سماں ہی - ہزارون تماشائی ڈٹے ہوئے اور یورپین لیڈیان اور جنٹلمین ٹھٹ کے ٹھٹ لگائے کھڑے ہین - انگریزون سے جان پہچان تو تھی نہین سوچے کہ اگر آگے بڑھین تو شاید ذلیل ہوجائین اِس سے بہتر یہی ہی کہ گھر واپس جائین کہارون سے باتین کرنے لگے -

داروغہ - یہان تو ہندوستانیون کے دیکھنے کا موقع نہین ہی -

کہار - ہان حضور -

داروغہ - مگر لوگ موجود تو ہین -

کہار - ہزارون آدمی آئے ہین -

داروغہ - بھلا اب ٹکٹ یہان کہان خریدین - ؟

کہار - "اب" کسوسے دریافت کرین تو بات بنے - مگر ایسا نہو کہ صاحب یہان کھڑے ہوے دیکھ لے تو بن ناحق کو پیٹ چلے -

ایک شخص نے کہا ٹکٹ سامنے بٹ رہے ہین وہین جاکے خرید لو - سب مول لے رہے ہین - میر صاحب نے کہار کو

حکم دیا کہ چار روپیہ کا ایک ٹکٹ خرید لا۔ کہار نے کہا حضور بھاری پوشاک پہنے ہین حضور ہی جاکے لائین ہم کو دو دھکے دے کے صاحب نکالدینگے۔ داروغہ بولے نہین ہم نہ جائینگے اگر تم پر دو چار جھپٹین پڑ گئین تو کیا پرواہی۔ کہار تو ہو ہی اور جو ہم پر ایک آدھ پڑی تو ستم ہی ہو جائیگا

داروغہ صاحب تھوڑی دیر کے بعد اترے۔ میانہ کا ڈنڈا پکڑ کر ٹکٹ بیچنے والے کی طرف دیکھا۔ سیکڑون آدمی ٹکٹ خرید رہے تھے۔ چاہا کہ خود بھی پہونچین مگر انگریزونکو دیکھکر خائف ہوے کہ مبادا کوئی خفا ہو جاے کہ یہان تم کیون آئے۔ کہارون نے سمجھایا کہ حضور اتنے انگریز اور ہندوستانی چلے جاتے ہین کوئی چون بھی نہین کرتا۔ ایک ڈرہی تو بس آپ ہی کو ہی۔ لائیے ہم ٹکٹ لادین۔ کہار جاکر درجۂ اول کا ٹکٹ خرید لایا۔

اتنے مین تماشا شروع ہو گیا داروغہ نے کئی بار پوچھا کہ کہار آیا۔ کہارون نے کہا حضور آتا تو آپ ہی کے پاس آتا یا کہین بھاگ جاتا۔ اسکا کہین پتا ہی نہین ہی داروغہ نے کہا ہان پتا کیونکر ہو۔ وہ تو جعلی ٹکٹ تھا۔ گنوار سمجھ کر کوئی کاغذ اٹھا دیا ہوگا۔ اچھا ہوا کہ ہمارے پاس نہ تھا نہین تو ہم بھی دھر لیے جاتے۔ اندر نے بڑا فضل کیا۔ کہار وہان مزے سے تماشا دیکھ رہا ہی۔ یہان یہ خدا کا شکر کرتے ہین کہ ٹکٹ انکے پاس نہ تھا ورنہ حوالات بھیجے جاتے۔ تینون کہار سمجھ گئے کہ وہ ٹکٹ لیکر تماشا دیکھنے چلا گیا اور میان کو خوب آلو بنایا آدھ گھنٹے کے بعد داروغہ نے کہا ارے کیا مر گیا۔ کہار بولے یہ اسکو معلوم ہوگا۔ ہم کیا جانین ہم بھی آپ ہی کے پاس کھڑے ہین۔ کسی کے مرنے جینے کا حال کیا معلوم۔

داروغہ۔ اچھا میانہ اٹھاکر درخت کے سایہ مین لے چلو

کہار۔ اور اٹھائے کون۔

داروغہ۔ اس کے کیا معنی۔ تمھارے سوا کوئی اور بھی اٹھائے گا۔

کہار۔ تو خداوند چوتھے کا تو پتا ہی نہین۔

داروغہ۔ کسی سے کہو کہ ذرا مدد دے دے۔

کہار۔ حضور اور تو کوئی یہان نظر نہین آتا ذری آپ ہی کاندھا لگا دین۔

داروغہ۔ ہم کاندھا لگا دین! اسکے کیا معنی۔

کہار۔ چوتھے کہار کے عوض آپ ہی ایک طرف زور لگائین۔

داروغہ۔ تم لوگ داروہیکر تو نہین آئے ہو۔

کہار۔ خداوند۔ داروہندو کہار پیتے ہین۔ یہان ایک ہندو ہین دو مسلمان اور ایک ہندو ٹکٹ لیکر غائب ہو گیا۔

داروغہ۔ ذرا اسکا پتا تو لگاؤ جی۔

اتنے مین دس منٹ کے لیے تماشا ملتوی کیا گیا اور لوگ بھڑ بھڑاکر باہر نکلنے لگے۔ تو کہارون نے میانہ اٹھاکر درخت کے نیچے رکھا داروغہ نے حکم دیا کہ دو کہار جاکر اسکو ڈھونڈھ لاؤ دو کہار چلے۔

اتنے مین میان واحد العین سے تین تین آنکھین ہوئین ایک کو نا آباد تھا۔

واحد العین۔ کیون کیسا گھبرا چکا دیا۔ سچ کہنا۔

ایک کہار۔ اب کیا تماشا نہوگا۔ بس اتنی ہی دیر۔

و۔ ہوگا کیون نہین۔ چھٹی دی ہی کہ جسکا جی چاہے باہر جاکے کھا پی آئے۔

دوسرا کہار۔ تو اب ٹکٹ ہم کو دیدو۔

و۔ اچھا اب تم دیکھ آؤ۔

فقیرے کہار نے ٹکٹ لیا جب گھنٹی بجی اور لوگ جانے لگے تو یہ بھی اندر گیا میان واحد العین موچھون پر تاؤ دیتے ہوے پہونچے۔

داروغہ۔ ارے تو کہان مرر ہا تھا۔

و۔ لوگون سے پوچھتے پھرتے تھے۔

و۔ تو اب تک کہان رہا۔

و۔ رہے کہان ادھر اُدھر۔

و۔ ارے کمبخت ادھر اُدھر اتنی دیر لگائی۔

و۔ تو مین نے دو جگہ لگائے نہ۔ ایک کو نا تو یہان دیر ہی آپکی طرح دو آنکھین تو ہین نہین۔ بس ایک ہی طرف کے آدمی دیکھ پاتا ہون باقی خیر صلاح۔

د۔ لوگون نے کیا کہا۔

و۔ حضور اس ٹکٹ کا کچھ ٹھیک نہین ہی۔

د۔ اے لعنت خدا تم پر۔ چلو میانہ اُٹھاؤ۔

کہار۔ اُٹھائین کیونکر۔ چوتھا غائب ہی۔

د۔ (جھلاکر) ارے یہ چوتھا پھر غائب ہوگیا۔

ک۔ ہان خداوند۔

د۔ نکالدو۔ آج سے نہ رہنے پائے۔ آخر یہ گیا کہان۔

د۔ حضور جب مجھکو پتا نہ ملا تو فقیرے کو ٹکٹ دیا کہ بھئی تم بھی جاکے لوگون سے دریافت کرو۔ شاید کوئی تم ہی کو بتادے ہمسے تو لوگ دل لگی بازی کرتے تھے۔ جدھر گئے لوگون نے کہنا شروع کیا۔ "ایک لکڑیا بانسے کی کانی آنکھ تماشے کی" بتاتا وتاتا کوئی نہ تھا۔ سب ٹھیکون پر اُڑاتے تھے۔

و۔ بھئی فقیرے کو بلاؤ۔

اب سنیے کہ میان فقیرے سیدھے سادھے آدمی تھے واحد العین کی طرح شریر تو تھے نہین۔ صاحب نے جو دیکھا کہ درجۂ اعلیٰ مین بیٹھا ہی تو اسکے پاس آئے۔ اور غور کرکے قطع شریف کو دیکھا۔

صاحب۔ تم کون۔

فقیرے۔ (کھڑے ہوکر) خداوند (کانپ کر) خداوند۔

ص۔ تم کون ہی۔

ف۔ حضور مین کہار ہون۔

ص۔ کیا پیشہ کرتا ہی۔

ف۔ پچھلیان بیچتا ہون اور ڈولی اُٹھاتا ہون۔

ایک لیڈی نے جو قریب کی کرسی پر بیٹھی تھین کہا اسکو اُٹھا دو۔ ہم یہ نہین کہتے کہ تماشا نہ دیکھنے پائے مگر ہمارے پاس نہ بیٹھے۔ صاحب نے فقیرے کو فوراً اُٹھا دیا اور کہا ہم تم کو پولیس کے سپرد کرتے ہین نہین بتاؤ یہ ٹکٹ کہان سے لائے۔

ف۔ ہم جنکو میانہ پر لائے ہین اُنکا ٹکٹ ہی۔

ص۔ وہ کہان ہی۔

ف۔ باہر ہین۔

ص۔ چلو باہر۔ ہمکو دکھاؤ وہ کہان ہین۔

ف۔ بہت اچھا۔ چلیے۔ میانہ باہر ہی۔

صاحب کے ساتھ فقیرے باہر آئے اِدھر اُدھر میانہ ڈھونڈھا صاحب کو لیگئے۔

ف۔ داروغہ صاحب۔ ذرا میانے سے باہر آئیے۔

ص۔ کدھر ہی۔ کون ہی۔ کسکا ٹکٹ ہی۔

صاحب نے جو جھلا جھلا کر کئی بار بید سے بید سے سوال کیے تو داروغہ صاحب کے ہاتھ پانوں پھول گئے۔ شک کی جگہ یقین ہو گیا کہ جعلی ٹکٹ تھا۔ اب پھانسی ہوئی کانپتے ہوئے میدانے سے باہر نکلے اور ہاتھ جوڑ کر کہا حضور غلام ضابطے سے ناواقف ہے۔ صاحب خبکو داروغہ کوئی بڑا جلیل القدر عہدہ دار سمجھتے تھے اطالیہ کے قلی تھے مگر خفت نے ہاتھ جوڑے اور ٹھہر ٹھہراتے ہوئے اپنی ناواقفیت کا اظہار کیا اے لاحول۔

صاحب۔ یہ ٹکٹ کسکا ہے آپ کا ہے۔

داروغہ۔ حضور غلام کی سمجھ مین نہین آتا۔

ص۔ تمھارا ٹکٹ ہے یا کسی اور کا ہے۔

د۔ ہم پھر نہین سمجھے۔ خداوند ہم ہندوستان کا آدمی ہے۔ اب سنیے کہ میان فقیرے سے جو اندر صاحب نے گفتگو کی تھی تو ایک انگریز سمجھا جاتا تھا۔ مگر یہان فقط صاحب اور داروغہ اور اردگرد کھڑے صاحب نے ایک یوروپین کو بلایا اور کہا آپ انکو سمجھاتے جائیے اب سوال وجواب شروع ہوے۔

ص۔ یہ ٹکٹ اس قلی کے پاس کہان سے آیا۔ اسکی حیثیت نہین ہے کہ ٹکٹ خریدے۔ یہ چار روپے کا ٹکٹ ہے۔

د۔ یہ ٹکٹ؟ یہی نہ۔

ص۔ ہان ہان۔ یہ اول درجہ کا ہے۔ صاحب پوچھتے ہین کہ اسکے پاس کہان سے آیا۔ یہ غریب آدمی چار روپیہ کا ٹکٹ کہان سے خرید سکیگا۔ آپ کا ٹکٹ تو نہین ہے۔

د۔ حضور بیس روپیہ جرمانہ لے لین۔

ص۔ آپ گھبراتے کیون ہین۔

د۔ مجھ کو نہین معلوم تھا کہ یہ جعلی ٹکٹ ہے۔

ص۔ جعلی نہین ہے۔ درجہ اول کا ہے۔

داروغہ کی جان مین جان آئی صاحب نے سمجھایا کہ ٹکٹ جعلی نہین ہے مگر تماشے والے پوچھتے ہین کہ اس قلی کے پاس کہان سے آیا۔ یہ درجہ اول مین بیٹھکر تماشا دیکھتا تھا۔ تب تو داروغہ کہا رون پر جھلائے اور کہا نابکار کسی روز آبرو یوگے ہماری۔ تین گھنٹے تک ہمین یہان بٹھا رکھا اور خود تماشا دیکھا کیے صاحب سے کہا کہ اجازت ہو تو ذرا مین بھی دیکھ لون صاحب نے کہا ہان آپ آئیے۔ داروغہ صاحب تماشا دیکھنے تشریف لیگئے۔

د۔ اگر عورتین آئین تو کہان سے دیکھین۔

ص۔ وہ کیا چقین پڑی ہین۔

د۔ ہان پردہ تو ہے۔ صورت نہین دکھائی دیتی۔

ص۔ صورت دکھائی دے تو کوئی آئے کیون۔

د۔ ہم بھی بیگم صاحب کو لائینگے۔

ص۔ ہان آپکو اختیار ہے۔ پانچ روپیہ دیجیے۔ اول درجے مین بیٹھین۔ ایک روپیہ دین دوم مین۔

داروغہ صاحب نے صرف آدھ گھنٹے تماشا دیکھا ہوگا کہ جلسہ برخاست ہو گیا۔ داروغہ گھر آئے۔ بارہ بجے پہونچے اسوقت بیگم صاحب آرام مین تھین مگر حکم تھا کہ داروغہ جسوقت آئین اسی دم ہمکو جگا دو۔ دربان نے اطلاع دی کہ داروغہ صاحب آگئے۔ خفا نی نے بیگم صاحب کو جگایا۔

داروغہ صاحب صحن مین آئے۔ اوپر سے بیگم صاحب نے باتین کین۔

بیگم۔ کہو سچ نکلا۔

داروغہ۔ حضور سچ۔ بالکل سچ۔ ہزارون کی بھیڑ تھی۔

ب۔ بن مانس بھی تھے۔؟

داروغہ - حضور بن مانس تھے مگر دانت سے پکڑا سیتے نہیں دیکھا -

بیگم - شیر تھے ؟ -

و - حضور بس کچھ نہ پوچھے - شیر کیا بکرے تھے -

ب - ای ہی - پھر یہ کیا تعریفیں تھیں کہ آدمی شیر سے لڑیگا اور کان پکڑ کے بٹھا دیگا سب جھوٹ مرے ہوئے شیروں سے لڑنا کون مشکل ہی - دبلے پتلے ہونگے - کھانا نہ پاتے ہونگے -

و - حضور ایسے بڑے بڑے شیر کہ آدمی صورت دیکھے ڈر جائے -

ب - ہاں اور آدمی سے لڑے تھے -

و - قسم خدا کی تسمے پر تسما لگاتا تھا اور شیر چون تک نہیں کرتے تھے -

ب - اوئی اللہ جانتا ہی آدمی کیا دیو ہی -

و - اور خداوند - کوئی بیس برس کا سن -

ب - ڈیل ڈول کیسا ہی -

و - میانہ قامت ہی - نہ دبلا ہی نہ موٹا تازہ ہی -

ب - ایک ایک شیر سے لڑا تھا -

و - تینوں شیروں سے لڑا اور اٹھا اٹھا کر دیدے مارا عقل نہیں کام کرتی -

ب - اچھا اب یہ بتاؤ کہ ہمارے دیکھنے کا بھی ٹھکانا ہی -

و - جی ہاں چقین پڑی ہوئی ہین - بہت سی عورتین کھچا کھچ بھری تھین -

بیگم صاحب نے داروغہ سے کہا دو ٹکٹ پانچ پانچ روپیہ والے اور چار ٹکٹ ایک ایک روپیہ والے ابھی سے لا رکھو جمعین پھر کل وقت نہ واقع ہو - داروغہ صاحب نے چودہ روپیہ لیے اور بیمانے پر سوار ہو کر گئے - ٹکٹ خرید کے دو تین آدمیون سے پڑھوائے - گھر آئے -

داروغہ - مہری عرض کر دو ٹکٹ لے آئے -

مہری - پوچھتی ہین کتنے ٹکٹ ہین -

و - حضور دو تو درجۂ اول کے ہین - پانچ پانچ روپیہ والے اور چار درجۂ دوم کے ایک ایک روپیہ والے کل چھ ٹکٹ ہین - بہ آرام تمام تماشا دیکھیے گا -

ب - اچھا تم اپنے واسطے لائے یا نہین لائے -

و - مجھ سے کسی نے کہا نہین تھا -

ب - ای تو اتنا تو سوچیے کہ ہم کسکے ساتھ جائینگے اب منگوا لو -

داروغہ نے اپنے واسطے بھی درجۂ اعلیٰ کا ٹکٹ منگوایا -

تیسرے روز بیگم صاحب مع خواصون کے تشریف لے گئین -

نامۂ آزاد

میان آزاد فرخ نہاد اور چند افسر اور کئی ہزار سوار اور پیادے قلعہ کی حفاظت کے لیے مقرر ہوے اور کچھ فوج روسیون کے مقابلے کے لیے روانہ کی گئی گرد آوری کے لیے جو سوار بھیجے گئے تھے انھون نے اطلاع دی کہ پانچ میل کے فاصلے پر روسیون کا لشکر جرار مقیم ہی - لشکر خاص اس غرض سے آتا ہی کہ قلعے کو خالی کراوے اور اسی قلعہ کو اپنا صدر مقام بنائے -

افسر کمانیر- وزیر جنگ کی تاکید ایکدہی کہ یہ قلعہ ہمارہی قبضے مین رہے اگر غنیم اس قلعے پر قابض ہوگیا تو ہمارے حق مین اچھا نہین ہی- یہ قلعہ یورپین ٹرکی کی کنجی ہی لہذا ہماری سپاہ کو اُسکی حفاظت مین مردی کے ساتھ پیش آنا چاہیے-

ایک افسر- وزیر جنگ کے پاس خط کتابت جاری ہی یا نہین-

کمانیر- برابر راستہ جاری ہی-

افسر- تو بیشک ہماری کامیابی مین شک نہین-

کمانیر- مگر ہماری فوج کمکی اگر آجائے تو ہم کو کوئی بٹا نہ سکے-

افسر- وزیر جنگ کو لکھیے- سپہ سالار کو لکھیے-

کمانیر- لکھ چکا ہون- فوج کمکی بہت جلد آنے والی ہی-

میان آزاد کو جو معلوم ہوا کہ قسطنطنیہ تک خط کتابت اور آمد رفت جاری ہی تو انھون نے حسن آرا کے نام خط لکھا-

میدان جنگ- قلعۂ معلی- جولائی- ۲۷- ۱۸۰۸ء

جان آزاد- اب میدان کارزار ہی اور یلان روم کی شمشیر آبدار- اب جنگ اور توپ و تفنگ سے کام ہی جس وقت صف جنگ مین غنیم کے سامنے جاتا ہون یہ خیال کہ سرخرو ہونے مین تمھارے ساتھ نکاح ہوگا آتش جوانمردی کو اور بھی مشتعل کرتا ہی- خدا کرے میری آرزو بر آئے آمین-

اب یہان کا حال سنو- روس اور روم کے درمیان مین ایک دریا ہے زرخار ہی- ڈنیوب- یہ دریا دریاے گنگ سے بڑا ہی- اور اسکے کنارون پر بڑے بڑے اور مشہور مشہور شہر واقع ہین- بارش کے سبب سے آجکل دریا بہت بڑھا ہوا ہی- روسیون نے سعی بلیغ کی کہ عبور کرآئین- مگر عرصے تک ناکام رہے-

روس نے صوبۂ دبنیا سے جو روم کا ماتحت ہی سازش کرلی- جب ترکون کو یہ خبر معلوم ہوئی تو انھون نے قصبۂ بکٹ واقع دبنیا پر قبضہ کرلیا- روسی شمالی کنارہ دریا کیطرف بڑھتے گئے- یہانتک کہ ۱۸- مئی تک کوئی بونے دو لاکھ آدمی جمع ہوگئے- ترکون نے ایک جہاز جسکے ساتھ کشتیون پر توپین تھین ایک ٹاپو کی طرف بڑھایا اور ایسے مقام پر لنگر انداز ہوے کہ جنگل کی آڑ کے سبب سے روسیونکو اُنکا جہاز اچھی طرح نظر نہین آتا تھا- مگر تین سول البتہ درختون سے بھی اونچے تھے- اُنکے سبب سے روسیونکو معلوم ہوگیا- کہ ترک کینگاہ مین ہین- روس کے گولہ انداز دن نے چھوٹی چھوٹی توپون سے گولے اُتارنے شروع کیے- مگر ترکون کا بال بیکا نہوا- اُسکے بعد دو بڑی بڑی توپون سے گولے اُتارے اُنھون نے چالاکی یہ کی کہ ایک بلند مقام سے گولے مارے آخر کار ایک گولا ہمارے جہاز پر پڑا اور میگزین کو اُڑا دیا- جسوقت روسیون نے دیکھا کہ جہاز سے دھوان اُٹھا تو نعرۂ خوشی بلند کیا-

اسقدر میان آزاد لکھ چکے تھے کہ ایک افسر نے آن کر پوچھا کیا لکھ رہے ہو-

آزاد- ایک خط لکھتا ہون-

افسر- (مسکرا کر) کسی معشوق کے نام-

آزاد- (جھنجھلکر) ہان ہی تو معشوق کے نام-

افسر- تو پھر ہم اس وقت باتین نہ کرینگے- دل لگا کر لکھیے-

جب جہاز ڈوبنے لگا تو روسیون نے دو چھوٹی چھوٹی کشتیان بھیجین۔ اُنھون نے نشان لے لیا۔ ترکون کے جہاز پر کوئی سوا دو سو آدمیون کے قریب تھے جنمین سے پانچ چھہ آدمی بچ نکلے۔

ایک اخبار سے معلوم ہوا کہ روسی اس فتح سے بہت ہی خوش ہوئے۔ توپیان اُچھلنے لگین۔ سپاہی افسرون اور افسر سپاہیون کے گلے ملنے لگے۔ کچھ دن کا عرصہ ہوا کہ روس اور روم کے جہاز ایک دوسرے کے مقابل لنگر انداز تھے۔ جب ترکون کو معلوم ہوا کہ شب کو روسیون کا جہاز بھی آگیا ہی اور تاریکی کے سبب سے اُنکو مطلق نظر نہین آیا تو قصد کیا کہ دہان سے چلین۔ پو پھٹتے ہی چلے مگر روسی جہاز نے تعاقب کیا۔ اب سنیے کہ ایک مقام پر روسیون نے آلۂ تارپیڈو چھوڑا۔ تم نے اسکا نام بھی نہ سُنا ہوگا یہ بڑا مہیب آلہ ہی۔ اسکے ذریعہ سے جہاز فوراً پھٹ کر تہ آب بیٹھ جاتا ہی یہ آلہ پانی کے اندر جاکر جہاز کے نیچے پھٹتا ہی اور نیچے ہی سے جہاز کو اُڑا دیتا ہی۔ ترکون کو معلوم ہوگیا کہ غنیم نے تارپیڈو چھوڑا ہی اُنھون نے بھی ایک تارپیڈو چھوڑا اور وسط مین دونون باہم ٹکرائے اور سرد ہوگئے۔ جب روسیون کو معلوم ہوا کہ ترکون نے جواب ترکی بہ ترکی دیا تو سخت خفیف ہوے۔ اب سنیے کہ ترکون کے جہاز کا کپتان ایک بڑے اونچے مستول پر جاکر کھڑا ہوا۔ روسیون نے اسکی جرأت دیکھ کر گولہ مارا۔ کپتان نے سر کو ذرا ہٹا لیا گولہ دور جاکر دریا مین گرا اور ٹھنڈا ہوگیا۔ روسی گولہ انداز جھلائے۔ پھر تاک کر دوسرا گولہ چلایا ترکی کپتان نے پھر سر ہٹا لیا اور نشانہ خالی گیا۔

اب روسی گولہ انداز سخت نادم ہوے جو گولہ انداز قادر انداز اور کامل فن تھا اُسنے بیڑا اُٹھا لیا کہ ابکی اگر کپتان اسی مقام پر کھڑا ہوا تو اُڑا دونگا۔ یہ کہکر گولہ آتارا۔ اس مرتبہ ترکی کپتان نے گولے کے قریب پہونچنے کے وقت تک ذرا بھی جنبش نہ کی اور اُس سے پچاس گز کے فاصلے پر گولہ پھٹا تب تو ترکون نے تالیان بجائین۔ نعرۂ خوشی بلند کیا اور ہمارے کپتان نے ٹوپی اُتار کر روسیون کو ٹوپی سے تین بار سلام کیا اور مستول سے اُترے۔ روسیون نے اس لائق افسر کی خود تعریف کی اور بہت ہی شرمندہ ہوے کہ اُنکے گولہ انداز دن کے گولے نے تین بار نشانہ خطا کیا۔ روس اور روم اور جرمنی اور آسٹریا اور فرانس اور انگلستان کُل ملکون کے اخبار ہمارے کپتان کی تعریف مین غدب البیان ہین ہوبرٹ پاشا جو صیغۂ جنگ بحری کے افسر ہین بڑے بڑے کا نمایان کر رہے ہین۔ گو روسیون کے پاس تارپیڈو کثرت سے ہین مگر ہوبرٹ پاشا نے اُنکی دال نہ گلنے دی۔

ترکون کے افسر اچھے نہین ہین میرا دل روتا ہی کہ یہ لوگ کیا کر رہے ہین ہان ترکی سپاہیون کا ساری خدائی مین کوئی مقابلہ نہین کرسکتا جرأت مین اور استقلال مین بے نظیر ہمدردی مین لاجواب مصیبت برداشت کرنے مین علیم الشیم خوشرو۔ گران ذیل کرانے جوان جان جائے اور قدم پیچھے نہ ہٹیگا۔ مگر افسوس صد افسوس کہ افسر اچھے نہین ملے دل روتا ہی خدا کی قسم دل روتا ہی۔ اور اگر ترکون نے خدانخواستہ شکست بھی پائی تو مین یہی کہونگا کہ ترکی سپاہی بسالت مین کسی قوم سے کم نہین ہین اسوقت میرا دل بھر آیا۔ مین لکھتا جاتا ہون اور روتا جاتا ہون کہ یا خدا اگر افسرون کی کارروائی اور بے پروائی

کا یہی حال ہی تو انجام کیا ہونا ہی - خدا کرے افسر بھی سپاہیون کی طرح جان لڑادین - آمین آمین ثم آمین -
ع ابن دعا از من و از جملہ جہان آمین باد - روم کی سپاہ پر روم کو ناز ہی مگر ؎

طاؤس را نقش و نگاری کہ ہست خلق
تحسین کنند و او خجل از پای زشت خویش

جسوقت افسرونکی کارروائی پر نظر ڈالتا ہون بے اختیار رو دیتا ہون اگر ترکی خدا نخواستہ شکست بھی پائین تو ساری خدائی مین کوئی یہ نہ کہیگا کہ ترک جری نہین ہین کیا مجال ترکون کی جرأت کے جھنڈے گڑے ہوے ہین اگر ہم غنیم کے مقابلے مین دب بھی نکلین تو روسی سپاہی کی نظر روسی سپاہی کے سامنے نہ بچی نہوگی کیا طاقت - بلکہ ہمارے ملک کے جوانمرد اور شیر دل سپاہی زبان حال سے یہی کہینگے کہ ؎

تمھاری تیغ کا منھ چڑھ کے لے لیا بوسہ
کبھی نہ آپ سے ہم دب کے بانکپن مین رہے

ماہ مئی کے شروع ہی مین کرب کی تو یہین مقام باسفورس ہونی چاہیے تھین مگر افسوس ہی کہ اسکی کسی نے فکر نہ کی - پھر دل جلے یا نہ جلے - جہاز اچھی حالت مین نہین - مرمت تک نہین ہوئی - افسوس صد افسوس - اب فرمائیے سپاہ بیچاری کیا کرے - ترکون کو یہانتک منظور ہی کہ تنخواہ نہ ملے مگر آلات حرب تو درست ہون - ہاے افسر لائق ہوتے تو ترک ابتک روس کے چھکے چھوڑا دیتے - مگر افسرونکی لیاقت ظاہر ہی - کسی بات کی پرواہی نہین اور سب سے زیادہ ستم یہ ہی کہ رشوت کی گرم بازاری ہی - روسی رشوت دینے اور سازش کرنے مین طاق ہین خدا ہی خیر کرے لیکن ع بیدل نیم ہنوز بہ بنیم چہ بیشود - ترکی مین بارہ بارہ برس کے لڑکے ہتھیار اٹھانے کے لیے آمادہ ہین اور ترک کسی بات مین غنیم سے کم نہین مگر افسرون کو کیا کرین - سپاہ کے جوش و خروش وفاداری اور جانبازی کا ادنی ثبوت یہ ہی کہ جب کوئی افسر اچھی کارروائی کرتا ہی تو سوار اور پیادے نماز کے وقت دعا مانگتے ہین کہ بار خدایا اسکی عمر دراز ہو - اور اسی کی طرح کل افسر نیکنام اور فاتح مرام ہون - تین مرتبہ دو دو ہزار سپاہیون نے میرے قدم لیے ہین اور کہا ہی کہ آزاد پاشا ہم سب تمھارے درم ناخریدہ غلام ہین کہ تنکے فلان میدان اور فلان جنگ مین روم کی عزت رکھ لی خدا ان جان نثارون کو سرخرو کرے - آمین - ع - آفرین باد برین ہمت مردانہ تو -

وزیر جنگ پر فرض تھا کہ افواج ترک متعینۂ ایشیا کی - زیادہ خبرداری کرتے مگر وہ اپنی جگہ سے ہلتے تک نہین اور نہ انھین اچھی طرح معلوم ہی کہ ایشیائی ترکی مین جنگ کی حالت کیا ہی - سپاہی ہاتھ جوڑ کر بہ منت و سماجت کہتے ہین کہ ہم جان بکف آئے ہین اب ہم زندہ واپس جانا نہین چاہتے ہماری دلی آرزو یہی ہی کہ ہم لڑین اور کٹ مرین اور غنیم سے میدان جنگ مین دب نہ چلین - مگر افسر اور ہی دھن مین ہین - اور ہی ادھیڑ بن مین ہین -

افسرون کا یہ حال ہی کہ ایک دوسرے کے دشمن اگر کسی افسر فوج نے اچھی کارروائی کی تو اور افسر جل مرتے ہین - ہاے افسوس ہمدردی کا انمین نام تک نہین ہی بے پروائی مزاج مین حد سے زیادہ ہی عاقبت اندیشی برائے

نام بھی نہین بعض مراد آفندی کے عزل پر کف افسوس ملتے ہین اور بیدلی سے کارروائی کرتے ہین بعض سلطان ہبرو کا ابتک طنبہ کرتے ہین - حالانکہ اب وہ وقت ہی کہ چاہیے مراد آفندی سلطان روم ہون چاہے عبدالحمید خان نبوج کو یکسان کارروائی کرنی چاہیے - اب باہمی رنجش کو بالاے طاق رکھنا لازم ہی - اب وہ وقت ہی کہ کل ترک ایک جان دو قالب ہوکر غنیم سے لڑین - مگر یہ بات سپاہ مین تو ہے مگر افسرون مین مطلق نہین پائی جاتی - اعلیٰ افسر ادنیٰ افسر کے خلاف - ماتحت افسر کا دشمن پھر بات کیونکر بنے - خدا جانے یہ لوگ اس پھوٹ اور نا چاقی سے کیا کرینگے - ہاے افسوس واے افسوس -

جرمنی مین بہت سے آدمی متفق ہوکر اس بات پر آمادہ ہوے کہ وزیر جنگ موقوف کردیے جائین اور سلطان المعظم کے ایک رشتہ دار کا نام لیکر کہا کہ وہ بھی موقوفی کے قابل ہین - یہ لوگ یہان کے پارلیمنٹ مین جو اس قسم کے ملکی مشورون کی اعلیٰ انجمن ہی جمع ہوے اور کہا کہ اگر ہماری درخواست کے بموجب کارروائی نہ ہوگی تو ہم بغاوت کرینگے سلطان المعظم نے انکی درخواست قبول کی اور انمین سے بعض کو گرفتار کرلیا - وجہ یہ کہ مقربان بارگاہ سلطانی نے سچا سچا حال نہین بتایا تھا - حالانکہ یہ درخواست قابل پذیرائی تھی -

روس کی آبادی نو کرور ہے - روم کی آبادی تین کرور کے قریب ہی - تگنے کا فرق ہی دونون سلطنتون مین روپیہ نہین ہی - دونون کی اندرونی حالت خراب ہی - رشوت کی دونون ملکون مین گرم بازاری ہی مگر ترک راست باز ہین تین پانچ نہین جانتے - روسی عہد خلاف اور عہد شکن ہین - ترکون نے جو کہا وہ کیا اور جو کیا وہ وعدے اور عہد کے موافق کیا - ترک ابتک نشے سے نفرت کرتے ہین درجۂ اول کے خوش مزاج اور پاکباز جنٹلمین ہین - انکی جرات کا ایک زمانہ معترف ہی اگر کوئی دق کرے یا چھیڑے تو آگ ہو جائین اور شیر کیطرح بھر پڑین ورنہ انکی مہمان نوازی اور انسانیت مین اصلا فرق نہین -

ایک لائق انگریز کی راے ہی کہ تمام عالم مین جانورون کے ساتھ بربرداری کے ساتھ انسان اس رحمدلی اور سلوک کے ساتھ نہین پیش آتے جسقدر رحم دلی اور محبت کے ساتھ ترک پیش آتے ہین -

ایک عیسائی پادری کے سامنے چند آدمیون نے کہا کہ ترک بڑے عیاش ہوتے ہین - پادری صاحب نے جوابدیا کہ بااین ہمہ جن عیسائیون کا ہمارے ملک مین زبانی داخلہ ہی انکا سچا برتاؤ ترکی ہی مین ہوتا ہی -

ہان خوب یاد آیا ہی - مین تو روسیون کے ڈینیوب عبور کرنے کا حال بیان کرتا تھا - جب روسیون نے دیکھا کہ دریا کی طغیانی کم نہین ہوتی تو سخت پریشان ہوے - اس حالت مین پلون کا بنانا محال تھا شمالی کنارۂ دریا پر روسی فوج بیکار پڑی تھی مگر اس سے روسیون کا فائدہ بھی ہوا انھون نے اس عرصے مین خوب تیاری کرلی اور قبس علی ہذا ترکون نے بھی تیاری کی مگر عین کا فائدہ ہوا افسوس یہ ہی کہ ترکون کی کل کارروائیون سے روسی واقف ہوتے جاتے تھے مگر روسیون کی کارروائیان خفیہ رہتی تھین اس مقام پر پھر پھوٹ کے رونا آتا ہی - یہ افسرونکی غلطی اور سخت بے پروائی کا

نتیجہ ہی۔ سپاہی بیچارون کا کیا قصور۔ روسیون نے لاکھون آدمی دریا پر جمع کر دیے اور ترکون کو کانون کان خبر ہی نہین اگر رعایا کو خبر ہو جاتی تو وزیر جنگ اور بعض افسرون کو فوراً گرفتار کر لیتے کہ ہمارے ملک کی عزت تمھارے ہاتھ ہی اور تم غافل ہو مگر رعایا کو اسکی خبر ہی نہ تھی کہ روسی کیا کارروائی کر رہے ہین۔ سپاہی جان بکف آمادہ تھے کہ ٹرکی کے نام پر اپنا خون بہا ئین اور غنیم کو نیچا دکھائین مگر جب افسر ہی ویسے ہون۔ کتنی حسرت کی بات ہی۔

اس غفلت سے خدا سمجھے کہ روسی ڈینیوب کے کنارے قلعے بنائے جاتے تھے اور ترک ذرا بھی اسکا دفع خلل نہین کرتے تھے آخر کار انکے بوٹ آنا شروع ہوے۔ پہلے بوٹ کے آدمی جب اترے تو ترکون نے انکا مقابلہ کیا اتنے مین اور بوٹ آئے۔

اس جنگ کی نسبت سرکاری طور پر مشتہر ہوا ہی کہ روسیون کی جماعت کم تھی مگر وہ ایک ایسے مقام پر تھے جہان سے غنیم اپنر گولے برساتا تھا اور وہ اس آسانی سے روسیونکو نقصان نہین پہونچا سکتے تھے۔

معتبر طور پر معلوم ہوا ہی کہ ترکون نے اس جنگ مین روسیون کے لوحۂ دل پر اپنی بسالت کا نقش منقوش کر دیا روسی افسر خود مقر ہین کہ انھون نے باوصف تجربہ کاری تمام عمر مین ایسے جری لڑنے والے نہین دیکھے تھے۔ گولی پر گولی کھاتے تھے اور دراتے ہوے چلے جاتے تھے۔

اس جنگ مین ترکون کے ساتھ سرکیشیا کی فوج بھی تھی۔ ان سوارون نے اعلیٰ درجے کی شجاعت کے ساتھ جنگ کی۔ لڑنے کے وقت ایسے خونخوار ہو جاتے تھے کہ الامان جو مشہور ہوا ہی کہ ترکون نے بڑے بڑے جبر کیے اسکی اصلیت یہ ہی کہ سرکیشیا کے باشندون کو روس سے جانی دشمنی ہی انکو خوب یاد ہی کہ روسیون نے انپر سخت ظلم کیے تھے لہذا جب کبھی روسی میدان جنگ مین زخمی ہوتے تھے سرکیشیا کے سوار فوراً گھوڑون سے اتر کر انکی ناک اور کان کاٹ لیتے تھے۔

میدان جنگ مین جو کچھ کارروائی مین نے کی اسکا بیان شاید شنجی پر محمول ہو۔ مگر اسقدر مین ضرور لکھونگا کہ جب اس قلعے مین جسمین بیٹھکر مین یہ خط لکھ رہا ہون۔ روسی فوج مقیم تھی اور جب تین طرف سے ترک اس قلعے کا محاصرہ کیے ہوے تھے اور دونون طرف سے تفنگ آتش فشانی کرتی تھی تو تمھارا پیارا آزاد جان پر کھیل کر صرف پانچ سوارون کو ساتھ لے کر قلعے کے اندر گیا تھا۔ جب روسیون کا ایک کالم رات کو تقریباً دفعۃً جنگل کے ایک کونے سے ہماری فوج پر حملہ آور ہوا تھا تو تمھارا پیارا آزاد ہی اسکے مقابلے کے لیے بھیجا گیا تھا۔ اور غنیم کو شکست فاش دی تھی۔ نازک نازک وقتون مین جبکہ غنیم کی خبر لانا اور اسکی نقل و حرکت کا حال دریافت کرنا نہایت ہی جرأت کا کام تھا۔ آزاد ہی صرف دس بارہ سوار لیکر جاتا تھا اور خبر لاتا تھا۔ آزاد نے روسی افسر سالہ سے دست بدست جنگ کی اور اسکو زخمی کر کے اپنے سوارون کو بچا لایا اور اپنی فوج کو روسیون کی نقل و حرکت سے اطلاع دی۔

آن نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پشت من آن منم کاندر میان خاک و خون بینی سرے

میرے ممدوح بسالت پر یہ خیال تازیانے کا کام کرتا ہی کہ اگر اسی طرح مین کامیاب اور سرخرو رہا تو ایکروز حسن آرا بیگم

پیاری حسن آرا آزاد کی چاہینی بیوی ہونگی جو کسی کو استوقت یہ معلوم ہو جائے کہ تمنے اس اقرار سے مجھے ترکی بھیجا ہے کہ خسرو آؤن اور ترکون کیطرف سے مورچے پر جاؤن اور پھر تمھارے ساتھ نکاح ہو تو تمکو ضرور ہنسے کیونکہ ہندوستان کی رسوم کے خلاف ہے مگر تمنے مجھے جس غرض سے بھیجا ہے وہ تمھاری حمیت پر دال ہے۔ کوئی شریف زادہ تم پر حرف نہین رکھ سکتا ع ہمہ عالم گواہ عصمت اوست ٭ تمھاری پاکبازی اور پاکدامنی کا حال خدا خوب جانتا ہے۔ مجھے ہر دم یہی خیال رہتا ہے کہ خدا جانے میری جدائی سے تم پر کیا گذرتا ہوگا مگر استقلال کو ہاتھ سے نہ دینا۔ صبر عجب نعمت ہے ع۔ صبر تلخ ست ولیکن بر شیرین دارد ٭ ؎

کتنے مزے کا غم ہے امید وصال مین
مل جل کے رہ گئی ہے خوشی بھی ملال مین

خدا چاہے ادھر کی دنیا اُدھر ہو جاے مگر وصال فرد ہو اس جان ناتوان پر لاکھون مصیبتین ٹوٹین سب جھیل لونگا مگر ایک نظر اپنے معشوق پری پیکر کو ضرور دیکھ لون اور کوئی آرزو بر آئے یا نہین مگر یہ مراد ضرور پوری ہو۔ آمین۔ ؎

ایک دنیا ہو نہ ہو پر دا نہین مطلق ہمین
مین ہون یارب اور مرا معشوق رشک ماہ ہو

اب وعدہ وفائی آپ کے ہاتھ ہے۔ ہم تو صرف قول کے موافق یہان چلے آئے اور اترا رہے ہین کہ وعدہ ضرور وفا ہوگا۔ ؎

وعدے پہ کل کے آج قسم کھائے جاتے ہین
ہم ہین کہ انکی بات پہ اترائے جاتے ہین

قاصد بشارت رسان اس خط کا جواب لائے تو ہمارے ہان عید ہو جائے۔ ہم تو جان کو ہتھیلی پر لیکر آئے ہین اگر معشوق کی خیر و عافیت کی خبر سنین تو نخل جان تازگی پھر پھر درنہ جان کچھ دن کی مہمان ہے سوچ لیے ہین کہ مرنا برحق ہے۔ پھر جوانمردی ہی سے کیون نہ جان دین جسکو دل دیا اُسکے حکم سے جان دینے بھی آئے دل بھی تمھارا۔ جان بھی تمھاری ملکیت ہے۔ اسکو نادان عزیز رکھتے ہین۔ ؎

ز منجنیق فلک سنگ فتنہ مے بارد
من ابلہانہ گریزم بہ آبگینہ حصار

اگر گولی لگی تو یہی لباس کفن ہوگا زمین تابوت اور رسالت نوحہ خوان یہی کافی ہے ؎

منم آن سیر جان گشتہ کہ بانیغ دکفن
بدر خانۂ جلاد غزل خوان رفتم

خدا کی خدائی مین بس ایک آرزو ہے تو یہ ہے کہ وصال جانان ہو کوئی مصر کی شاہی بھی دے تو تمھاری گلی چھوڑ کر نہ جاؤن ہرگز نہ جاؤن وہان یہ لطف کہان ؎

آئین خوان بھی جو لینے تو نہ جاؤن سوے خلد
ٹھن گیا کوچۂ جانان کا ارادہ دل مین

خدا نہ کرے کہ میرے دل کی آرزو رشتہ ہو۔ پیاری سپہر آرا کو یہ خط حرف بحرف پڑھا دینا۔ میری روانگی کے وقت اُس بیچاری کی عجب حالت تھی۔ ہاے وہ رونا اور تم کو سمجھانا کہ ماجی جان آزاد کو اتنی دور کیون بھیجتی ہو جسوقت یاد آتا ہے گھنٹون رویا کرتا ہون عید کا دن بڑی مصیبت مین گذرا۔ اب ہماری عید تو اسی دن ہوگی جس زلف مشک ریز دگیسوے لخلخہ بیز کی بوے عنبر نثار سے ہم

دماغ تشک عطار ہوگا - دست نگارین ہاتھ مین درد سے تابان مقابل مین بغیر رنج کے خوشی حاصل ہی نہین ہوتی جبتک درد نہین ہوتا آرام کا مزا انسان نہین جانتا - غنی

ای متاع درد در بازار جان انداختہ
گوہر ہر سود در جیب زیان انداختہ

یہان کے افسر مجھ سے بہت خوش ہین وزیر جنگ مداح افسر اعلی میرا دم بھرتے ہین -

خوجی مسخرے کو مین قسطنطنیہ ہی مین چھوڑ آیا ہون لیکن اگر قلعے مین جمنا ہوا تو بلا لونگا -

عدم رسی خط کی شکایت تو ضرور کرتی ہوگی مگر ؎

توای کبوتر بام حرم چہ میدانی
طپیدن دل مرغان رشتہ بر پارا

میدان جنگ سے کیونکر خط بھیجون بعض بعض مقامون پر ابتک رستہ بند تھا - آمد و رفت محال تھی - یہان سے یہ خط قسطنطنیہ جائیگا - اور وہان سے ہندوستان تمھارے پاس عرصے مین پہونچیگا -

سپہر آرا کو دلاسا دیا کر و سع

ابھی کم سن ہین کسی بات کا کچھ ہوش نہین

اس خط کا جواب اس پتہ سے بھیجنا - قسطنطنیہ روم کوٹھی ہرمز جی بھائی نزد آزاد پاشا برسد -

نومید مہجور از وطن دور - آزاد -

یہ خط لکھکر میان آزاد قلعے مین ادھر ادھر سیر کرنے لگے دو چار افسر انکے ہمراہ تھے -

آزاد - خالی خولی بیٹھنا تو اچھا نہین معلوم ہوتا تھا -

علیقو - ہان بس اب تو جنگ سر پر سوار ہی -

ریاض پاشا - کل افعال قبیحہ سے توبہ کی اب توبہ کرکے مرنے جاتے ہین گر ؎

تو بیعصیت کی بھر دسا نہین ریاض
ہم حوصلہ پہ عفو کے اترائے جاتے ہین

آزاد - تو مغفرت تو ہو جائیگی -

علیقو - اس جنگ مین شہید ہون تو بال بال کی مغفرت ہو جائے -

آزاد - بچنے کی امید تو بہت کم ہی

ریاض - سپاہی کو ہر دم کفن پوش رہنا چاہیے اور ہم اللہ سے لو لگائے بیٹھے ہین - اب دنیا ہی کو چھوڑ دیا دنیا کی کوئی بات پسند نہ آئی عاقبت کے لیے توشہ ہمارے پاس موجود ہی اور اگر جنگ مین گئی جان تو ہمارے دلی ہونے مین شک نہین - برسون سے دنیا چھوڑے بیٹھے ہین - ؎

ہم سے ریاض ہونگے ولایت آب کم
کافر ہو شک جو لائے ہمارے کمال مین

آزاد - کلی فوج آئے تو ہم یہان سے ٹل نہ سکین -

محمد پاشا - ہمکو تو یہ قلعہ پھاڑے کھاتا ہی -

علیقو - قس علی ہذا -

آزاد - افسوس ہی کہ اس کالم کے ساتھ ہم نہ بھیجے گئے -

محمد پاشا - چلیے شکار کھیلین -

تھا اپنے ہی سوچ مین وہ سنسان | دھن راگ کی بھی نہ رنگ کا دھیان

بے وقت وہ راگ خوش نہ آیا
بے فصل وہ پھاگ خوش نہ آیا

اٹھے اور روانہ ہوئے کہ ڈاک لیکر کون لوگ جائینگے

اُنسے جاکر کہا کہ بھائی واسطے خدا کے ذرا حفاظت سے ڈاک لیجانا۔ ہائے لگی بھی کیا بُری ہوتی ہے۔

سوار۔ بہت حفاظت سے لیجائینگے۔ کیا حضور کا بھی کوئی خط ہی۔

آزاد۔ ہان بُرا ضروری خط ہی۔

سوار۔ آپ خاطر جمع رکھیے راستہ صاف ہی۔

آزاد۔ ہان راستہ تو صاف ہی۔

میان آزاد قلعے کے ایک بُرج پر جاکر دوربین سے جنگل کو دیکھنے لگے دیکھا کہ چوطرفہ میدان ہی اور جانب جنوب ترکی فوج مقیم ہی۔ قلعے کے ایک سمت دریا لہرین مارتا ہی سوچے کہ چل کے بوٹ پر سوار ہون اور دو گھڑی دل بہلائین۔ دو چار آدمیون کو ساتھ لیا اور چلے۔ ایک بوٹ پر سوار ہوے۔ دریا کی روانی کے مزے اُڑاتے چلے جاتے تھے کہ دفعتہً گرد نمودار ہوئی۔

آزاد۔ یہ گرد کیسی ہی۔

مانجھی۔ کیا روسی تو نہین آگئے۔

آزاد۔ لاحول ولا قوۃ۔

مانجھی۔ مگر گرد زیادہ نہین ہی۔

سوار۔ دس سے زیادہ آدمی نہین ہین۔

مانجھی۔ معلوم ہوا جاتا ہی۔

آزاد۔ ہان ہین تو سوار مگر کم۔

سوار۔ چھ بند دقین ہملوگون کے پاس ہین اور سب بھری ہین اگر روسی ہوے اور اُنھون نے بندوق سر کی تو ہم بھی گولی چلائینگے۔ مگر روسیون کو جرأت کیونکر ہوئی کہ بیدھڑک قلعے کے قریب چلے آتے اور پھر گرد آدمی کے سوار اُنکو نہ دیکھتے۔ یہ صرف شک ہی شک ہی۔ روسی وروسی نہین ہین۔

آزاد۔ روسی گولی چلائین تو جان جانے کی پروا نہین مگر خرابی یہ ہی کہ بلا کار نمایان کیے ہوے جان جائیگی اگر کسی بڑی جنگ مین قتل ہون اور شمشیر جرأت کے کچھ جوہر دکھائین تو مضائقہ نہین۔ دل کا حوصلہ تو نکلے یہ کیا کہ کشتی پر دس بارہ آدمی سیر دریا کر رہے ہین اور گولی پڑی چلے لوٹ گئے۔ خدا کرے روسی نہون آؤ کنارے پر اُتر رہین۔

اتنے مین ترکون نے قلعہ کے برج سے کہا (فوج آگئی) فوج آگئی) آزاد نے کہا لو فوج کمکی آگئی۔ برج والے دور مین سے دیکھ رہے ہین معلوم ہوتا ہی ہماری ہی فوج ہی۔ ورنہ اب تک ہل چل مچ گئی ہوتی۔

ایک سوار نے اشارے سے اہل برج سے دریافت کیا کہ کیا ہماری فوج کمکی آگئی اُسنے اشارے سے کہا ہان اور پندرہ بیس آدمیون نے نعرۂ خوشی بلند کیا۔ ادھر بوٹ پر سے لوگون نے مارے خوشی کے غل مچایا۔ میان آزاد نے حکم دیا کہ کشتی کنارے لگاؤ مانجھی نے فوراً تعمیل حکم کی۔ آزاد نے ایک سوار کو بھجوایا کہ خبر لاؤ۔ سوار نے قلعے کے اندر جاکر دیکھا چوبیس سوار آئے ہین کل حال پوچھا اور کشتی کی طرف واپس چلا۔ آزاد سے یون حال بیان کیا۔

سوار۔ حضور کمکی فوج یہان سے ایک میل پر آگئی ہی۔ آج تھکی ہی کل تک یہان پہونچ جائیگی۔ گرد آدمی کے سوار اطلاع کے لیے آئے ہین افسر کمانیر نے اُسی وقت اُس کا لم کو بھی اطلاع دی ہی جو قلعہ کے باہر ہی۔

آزاد - کتنے آدمی ہین - ہین کوئی پانچ چھ ہزار -
سوار - یہ تو نہین پوچھا - دریافت کرآؤن لیک کے -
آزاد - نہین کچھ ضرورت نہین (مانجھی سے) چلو جنگل کے رخ -
مانجھی - بہت خوب خداوند - اسوقت جنگل ہی کے چلنے کی بہار ہی دریا گھوم گھام کر جگر کھاتا ہوا گیا ہی اور بعض بعض مقامون پر اونچے اونچے درختون کے سایے سے دریا بالکل تیرہ وتار ہی گھنے درختون نے بالکل تاریک کردیا ہی -
آزاد - بس ایسے مقام سے ہم بہت خوش ہوتے ہین -
مانجھی - حضور ضرور چلیے اور روز چلا کیجیے بس کوئی چار گھڑی دن رہے چلا کیجیے - بڑی سیر ہوتی ہی بس ادھر ادھر شکار کیجیے - اور بھون بھون کے گوشت کھائیے - آجکل شکار کی بہار ہی -
آزاد - یہ ندی کس دریا سے ملی ہی ؟ -
مانجھی - دریاے ڈنیوب سے ملی ہی یہان سے دو کوس کے بعد اسکا پاٹ اور بھی چوڑا ہی -
آزاد - یہان پر تو بالکل ذرا سا پاٹ ہی -
مانجھی - دیکھیے سامنے ہی کے جنگل مین شکار کے لیے وزیر اور سلطان آگے جایا کرتے تھے -

اب اُس مقام پر پہونچے جہان اشجار رفیع دریا کے دو رویہ اسقدر گھنے تھے کہ دریا کا پانی اُن کے سایے کے سبب سے بالکل سیاہ نظر آتا تھا اور جا بجا کنارے کے نشیب وفراز اور دریا کا چکر کھا کر بہنا اور درختون پر طیور خوشنوا کا جھرمٹ عجب لطف دکھاتا ہی یہان آزاد نے ایک بندوق باد ہوائی سر کی تو آواز تمام جنگل مین گونجنے لگی ریاض پاشا اور محمد پاشا وغیرہ جو شکار کھیلنے گئے تھے بندوق کی آواز سُنکر متحیر ہوے اُنکی بندوقون کی آواز یہ تو سنتے تھے مگر انکو معلوم تھا کہ شکار کھیلنے گئے ہین -
ریاض - یہ بندوق کیسی دغی - اور آواز دریا کے رخ آئی ہی -
محمد - ہان بیشک آئی تو اسی طرف سے -
سوار - مین جاکر دیکھتا ہون - شاید کسی گانون والے نے سر کی ہو -
ریاض - دو تین آدمی ساتھ جاکر دیکھین -
محمد - اجی کوئی ہمارے ہی لشکر کا ہوگا -
ریاض - تو اس طرف سے آواز کیونکر آئی -

اتنے مین یہان آزاد نے پھر گولی چلائی - اب ریاض پاشا متوحش ہوے جتنے آدمی اُنکے ساتھ موجود تھے سب سے کہا کہ بندوقین بھرو اور دو سوارون کو حکم دیا کہ جسطرف سے گولی کی آواز آئی ادھر جاکر دیکھو کون ہی -
سوار - اگر وہ ہمپر گولی چلائین تو ہم جواب دین یا یہ دین -
ریاض - بیشک جواب دو - مگر ہمکو بھی اطلاع ہونی چاہیے -
سوار - ایک آدمی دوڑا دینگے -

یہ کہکر سوار اسطرف چلا - یہان آزاد نے اپنے ساتھیون سے کہا کہ جب سے ہم نے گولی چلائی ادھر سے ایک گولی کی بھی آواز نہ آئی - معلوم ہوتا ہی وہ لوگ خائف ہوگئے شاید سمجھے ہون کہ فہیم کمین گاہ مین تھا ورنہ وجہ کیا کہ بندوق کی آواز نہ آئی اسنے مین تین ترکی سوارون نے کشتی دیکھی -
ایک سوار - یہ تو ہمارے ہی لشکر کے ہین -
دوسرا سوار - ہان ہان وہ آزاد پاشا بیٹھے ہین -

تیسرا سوار- بندوق بھی انکے ہاتھ مین ہی-

ادھر بیان آزاد اور اُنکے ساتھیون نے ان سوارون کو دیکھا جب کشتی کے قریب آئے تو ایک سوار نے کہا کہ ادھر آپ نے گویان چلائین اور ادھر ہلوگ متحیر ہوے کہ یا الٰہی یہ کون ہی-

الغرض آزاد پاشا اور ریاض پاشا کشتی پر سوار ہوے اور قلعہ مین داخل ہوکر کمکی فوج سے حالات دریافت کرنے لگے کمکی فوج کے ایک افسر رسالہ نظام پاشا نے یون بیان کیا-

نظام پاشا- جب دریاے ڈینیوب سے روسی اسطرف عبور کرآئے تو مقام نکوپولس مین جنگ ہوئی- روسی اور اہل رومینیا دونون ملکر ترکون کی فوج پر گولے برساتے تھے- ایک مقام سے ترکون کو ہٹ آنا پڑا مگر اس عجلت سے ہی کہ کسی قدر سامان رسد وغیرہ وہین چھوٹ گیا اور روسیون نے اُسپر قبضہ کرلیا- بڑی سخت جنگ ہوئی اور عرصہ دراز تک توپون کی آواز سنی میدان گونج رہا تھا- اس جنگ مین روسیون اور رومینیا کی فوج کے بہت سے آدمی مقتول ہوے- کئی ہزار آدمی کام آئے وجہ اسکی یہ بھی کہ ترکون نے اِس مقام پر خوب ہی مقابلہ کیا سوار اُس بسالت سے لڑے کہ باید وشاید اور فوج پیادہ نے بھی وہ کام کیا کہ روسیون کے چھکے چھڑا دیے-

آزاد- الحمدللہ- شکر خدا-

ریاض- جنگ نکوپولس ہمارے اہل وطن کی جرأت کا نمونہ ہی-

علیقو- ابھی دیکھتے جائیے-

سوار- خون کی ندیان بہینگی-

ریاض- پھر جنگ کا تو قاعدہ یہی ہی-

سوار- جنگ کریمیا کے وقت ہمارا سن کوئی انیس برس کا تھا- ہمین طرفین کی کارروائی کا حال بخوبی یاد ہی-

ریاض- نکوپولس کی جنگ کا اچھا انجام نہوا-

نظام- کئی گھنٹے تک جنگ رہی- دونون طرف سے آگ برستی تھی مگر روسیون کی جماعت زیادہ تھی ترک کم تھے- گو مقابلہ تو ایسا کیا کہ روسی فوج آجتک مداح ہین مگر ایک کی دو اور دس آدمی کہین نتو کا مقابلہ کرسکتے ہین-

آزاد- فوج مین اسقدر کمی وزیادتی قیامت ہی- ترک کہان تک لڑے- ہان اگر بیرونی مدد پہونچتی تو روسی تماشہ دیکھ لیتے- چھکے چھوٹ جاتے پھر ایک تدبیر کارگر نہوتی-

نظام- جب ترکون نے دیکھا کہ فوج روس کی جماعت بہت زیادہ ہی تو قلعے مین چلے گئے مگر انکے کالم نے روس کی اِس فوج پر حملہ کیا جو آگے بڑھی ہوئی تھی روسی گھبرا گئے اور قریب تھا کہ بھاگین مگر رومینیا کی فوج نے بلند مقامون سے باڑھ ماری- اب فرمائیے فوج ایک کالم سے لڑے یا دو کالمون سے اور پھر ایسی حالت مین کہ وہ دونون کالم جماعت مین زیادہ ہون بڑا نازک وقت تھا- ترکون نے رات کو قلعہ خالی کردیا- اور مقتضاے مصلحت بھی یہی تھا ورنہ دوسرے روز روسی محاصرہ کرکے داخل ہوجاتے-

آزاد- قلعے کی رسد تو نہین رہ گئی تھی-

نظام- نہین ترکون نے قلعہ خالی کرنیکے قبل کل سامان کو جلا دیا اور خاص خاص عمارتین بھی سوخت کردین-

ایسے کچے تھوڑے ہی ہین - مگر ان کا رروائیون مین صرف سوار اور سپاہی قابل تعریف ہین - افسرون نے جنگی امور کی لیاقت مطلق نہین ظاہر کی - ایک زمانہ یہی کہتا ہے -

ریاض - کچھ آدمی قید بھی تو ہو گئے -

نظام - ہان مگر ترکون کی جنیت کے سبب سے قید نہین ہوے سبب صرف یہ تھا کہ افسرون نے عاقبت اندیشی سے کام نہین لیا -

ریاض - افسوس صد افسوس -

آزاد - بس یہی تو رونا ہے -

نظام - قسطنطنیہ مین ایک ایک بچہ جان بکف ہے -

آزاد - یا خدا یہی جوش افسرون مین بھی آجائے -

نظام - اگر افسر لیاقت سے کام کرتے تو توپخانہ پولس استعدر جلد خالی نہونے پاتا - ترک جس جوانمردی سے لڑتے ہین اُسکا حال کوئی غنیم سے پوچھے - خود روسیون کی مراسلت سے یہ ظاہر ہے - اگر افسران ترک کی رگ حمیت بھی مثل سپاہ جوش زن ہوتی تو توپخانہ پولس اور سٹوا کے درمیان مین آمد و رفت بند کر دیتے اور پھر روسیون کے کرتے دھرتے ایک نہ بن پڑتی - کوئی ایسی تدبیر کرتے کہ پل شکست ہو جاتا -

ریاض - ایشیائی ترکی مین ابھی اچھی کارروائی ہو رہی ہے -

نظام - وہان ابھی تک ہم کسی قدر غالب ہین - روسی دور تک بڑھ آئے تھے مگر بے تکے پن کے ساتھ - اب وہ ہٹا دیے گئے اور خود اُنکے ایک صوبہ مین پھوٹ پڑ گئی ہے -

نظام پاشا نے کل حالات مفصل بیان کیے شب کو کوئی دو بجے کے وقت گرد آوری کے سواروں نے آکر افسر کمانیر کو اطلاع دی کہ جو کالم باہر بھیجا گیا تھا اُس سے روس کے ایک کالم سے چھڑ گئی اور ہماری فوج کو مدد کی بڑی ضرورت ہے - افسر کمانیر نے اُسی وقت حکم دیا کہ فوج فوراً تیار ہو - حکم پاتے ہی سوارون اور پیادون اور افسرون نے تیاری کی ادھر بگل بجا ادھر فوج جھٹ پٹ تیار ہو گئی اور قاعدے کے موافق پرے جمائے ہوے قلعے سے چلی - افسر کمانیر بھی ساتھ ہوے شہزاد پاشا بھی اس فوج کے ساتھ تھے - راستہ مین انھین خیال تھا تو صرف استدر تھا کہ اُنکا خط حسن آرا بیگم کے پاس پہونچ جانے مدت سے کوئی خط نہین بھیجا ہے - وہ بیچاری خدا جانے اس کو تاہ قلمی کو کس امر پر محمول کرتی ہونگی دل مین طرح طرح کے خیالات راہ پاتے ہونگے - کبھی کہتی ہونگی کہ آزاد دیکھو بھول گئے ہون کبھی سوچتی ہونگی کہ شاید لڑائی مین قتل کیے گئے ہون کبھی خیال کرتی ہونگی کہ شاید فوج مین کوئی عہدہ نہ ملا ہو یا خدا میرا خط جلد پہونچا دے ایسا نہو کہ راستہ مین ڈاک لٹجائے یا کوئی اور حادثہ ہو اور خط وہان تک نہ پہونچے - ۵

ایسے جا تا ہی نامۂ بیکس	بال بیکا نہو کبوتر کا

پانچ میل پر فوج ملکی اُس کالم سے ملی - معلوم ہوا کہ روسیون کا مورچہ سامنے ہے - روسیون نے چارگولے چلائے ترکون نے بھی جوابدیا مگر پھر گولہ اندازی موقوف ہو گئی فوج ایک کانون کے قریب ٹھہری تھی یہان آزاد نے دیکھا کہ ایک ہندی اس کانون کے ایک درخت کے سایے مین بیٹھا ہوا

حقہ پی رہا ہے۔ قریب جاکر غور سے دیکھا تو گھٹنا اور کرتا اور انگرکھا اور چوگوشیہ ٹوپی اور چڑھاوان مخملی جوتا۔ پوچھا آپ ہندوستان مین رہتے ہین اس شخص نے مسکراکر کہا جی ہان۔

آزاد۔ کس شہر مین دولتخانہ ہے خانصاحب۔

خان۔ آپ تو خوب پہچان گئے کہ خانصاحب ہین مین رام پور مین رہتا ہون۔

آزاد۔ یہان کس تقریب سے آنا ہوا۔

خان۔ ایک صاحب کو پڑھاتا ہون۔ انھین کے ساتھ چلا آیا۔

آزاد۔ تو میدان جنگ مین آپ کیونکر آئے۔

خان۔ وہ ایک اخبار کے نامہ نگار ہین۔

آزاد۔ ہندوستان کی کوئی خبر کہیے۔

خان۔ ہندوستان مین آج کل گھر گھر یہی ذکر ہے کہ میان آزاد نامے ایک صاحب حسب مقتضاے حمیت اسلام ترکی گئے ہین اور وہان شریک جنگ ہوے ہین۔ اگر سرخرو واپس آئینگے تو ایک نوجوان بیگم انکو عقد نکاح مین لائینگی۔ میان آزاد کی جو طرفہ دھوم ہے جھوٹے بڑے سب مداح ہین اور والدہ ہم تو اُن بیگم صاحب کی حمیت کے قائل ہین آفرین۔

آزاد۔ وہ بیگم کون ہین۔

خان۔ حسن آرا نام ہے۔

آزاد۔ خوبصورت ہونگی۔

خان۔ ہمنے تو اُنکے حسن وجمال کی بڑی تعریف سُنی ہے اور حسینہ تو ہین تو میان آزاد یہ زحمت کیون اُٹھاتے۔ حسن بھی عجب نعمت خداداد ہے۔

آزاد۔ ہمنے آزاد کا ذکر یہان نہین سُنا۔

خان۔ ہمنے سُنا کہ کسی شخص نے اُن بیگم صاحب سے جاکر جڑدی تھی کہ میان آزاد نے ترکی مین ایک سائیس کو قتل کرڈالا اور سائیس سے شادی کرلی۔ تو بیگم صاحب کی حالت کمال ردی ہوگئی اور اس درجہ صدمہ قلب پر پہونچا کہ نبض ساقط ہوگئی۔ آدھ گھنٹے کامل لوگون کو شک کے عوض یقین تھا کہ خدانخواستہ چل بسین۔ اعزا و اقربا نے زار زار رونا شروع کیا شہر بھر مین خبر مشہور ہوگئی کہ حسن آرا بیگم رحمۃ اللہ علیہ ہوگئین۔

گو میان آزاد ضعیف الاعتقاد نہ تھے مگر اس فقرے پر بیساختہ اُنکی زبان سے نکل گیا کہ (خدا نہ کرے) اور یہ حال سُنکر آبدیدہ ہوگئے۔ خانصاحب نے کہا آپ کی آنکھون سے کیون آنسو نکلے۔ آزاد نے بات ٹالنے کے لیے کہا۔ یون ہی۔ غم کا بیان سُنکر مجھے رونا آتا ہے اس مین جسکا ذکر ہو۔

خان۔ لوگ تجہیز وتکفین کی فکر مین تھے۔

آزاد۔ (رو کر) افسوس۔

خان۔ اُنکے بہنوئی ایک نواب صاحب ہین وہ فوراً ڈاکٹر صاحب کو بلالائے۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا ابھی جان باقی ہے معاً دوا پلائی گئی۔ چند منٹ کے بعد بیگم نے آنکھین کھول دین تو خوشی کے شادیانے بجنے لگے۔

آزاد۔ شکر ہے شکر ہے۔

خان۔ سُنا کوئی اُنکے اعزہ مین سے ہین وہ چاہتے ہین کہ اُنھین کے ساتھ نکاح ہو اور حسن آرا کہتی ہین کہ شادی ہوگی

تو آزاد کے ساتھ یا عمر بھر کنواری ہی رہونگی حشر تک شادی نہ کرونگی۔

آزاد۔ آفرین صد آفرین۔

خان۔ تو اُس عزیز نے ایک اخبار مین یہ جھوٹی خبر چھپوادی تھی کہ آزاد نے سائیس کی جورو کو گھر مین ڈال لیا ہی بس حسن آرا ضبط نہ کرسکین۔

آزاد۔ اُس مردک کا نام بھی معلوم ہی آپ کو؟۔

خان۔ جی نہین۔ نام تو نہین سنا۔

آزاد۔ کیسے کیسے بے ایمان دنیا مین ہین۔

خان۔ مگر وہ آزادی کا دم بھرتی ہین۔

آزاد۔ واہ ری بیگم۔ خدا اُسکو فائز برام کرے۔

راوی۔ کیا خوب اچھی دعا ہی مگر (مین) ہم بھی کہتے ہین۔ آمین آمین ثم آمین۔

خان۔ سنتا ہی کوئی اور نوجوان عورت جوگن ہوگئی ہین وہ کہتی ہین جبتک آزاد نہ آجینگے تب تک مین جوگن ہی کے بھیس مین رہونگی۔

آزاد۔ (متحیر ہوکر) وہ کون ہین۔

خان۔ دیکھیے ——— اُنکا نام ——— شاید اللہ رکھی ہی۔

آزاد۔ ہان ہونگی۔

راوی۔ (ہونگی) کی ایک ہی کہی ہی۔ کیا بھولے بنے جاتے ہین۔

خان۔ کوئی شہر ایسا نہین جہان آزاد کا چرچا نہ ہو۔

آزاد۔ قابل ملاقات ہین۔

تماشے کی تیاریان

وہی بیگم صاحب جنھون نے تماشے مین جانیکا قصد کیا تھا تماشے کے دن وقت پر سج دھج کے تیار ہوئین کمرے کی سجاوٹ کا حال کچھ نہ پوچھیے دلھن کی طرح آراستہ تھا عمدہ نین سکھ کی فیروزی چھت گیری ہمرنگ جھالر لگی ہوئی اردگرد گوٹے کی چمک دی ہوئی۔ کمر از نگاری خوشنما استرکاری۔ چوطرفہ دیوارگیریان۔ سبز رنگ کنول بیش بہا مومی شمع ندرت انتما۔ بیچون بیچ مین سبز جھاڑ۔ دائین بائین ایک ایک جھابا اُسکا بھی سبز رنگ اور سبز ہی رنگ کی ایک ایک ہنڈیا۔ دری پر چاندنی شفاف اُسپر قالین چین ایک طرف بیگم صاحب کی مسہری بھی گنگا جمنی پائے۔ ململ کی پوشش چھتری مین جھالر لگی ہوئی بیس ٹکی ہوئی۔ ہوائی تکیے ادھر اُدھر رکھے ہوئے ہین کمرے کے سامان اور سبز رنگ سے مسہری کی رنگت بھی دھانی نظر آتی ہی۔ ایک طرف گلدستہ۔ ایک چنگیر مین جوہی کے ہار چنبیلی بھینی بھینی خوشبو سے تمام کمرہ بسا ہوا تھا دوسری چنگیر مین بیلے چنبیلی کے پھول کرن پھول بدھیان۔ طوق۔ کنگن۔ بجلی۔ چھپکا کسی طاق پر مربے کی اچاری۔ کسی مین سیب اور دلایتی انار کسی مین کنٹر کیوڑا۔ کسی مین گلاب۔

بیگم صاحب نے پانچ بجے سے سنورنا شروع کیا۔ مغلانیان چاندی کی سنفچیان اور آفتابہ لائین بیس سے بیگم صاحب نے مُنھ ہاتھ دھویا۔ پھول والی گلی کی خوشبودار مسی لگائی۔ اُسپر مزے دار گلوری کھائی۔ کتھا کیوڑے کا بسا ہوا۔ چکنی ڈلی الایچی پڑی ہوئی ایک زعفرانی

گرنٹ کا پاجامہ اٹھارہ گز کا۔ اسپر آٹھ گز سبز گرنٹ کی گوٹ۔ گوٹ پر چنکی کا لہریا۔ بیچ مین تھل تکے ہوے گوٹ کے آگے نبت لچکا۔ اور پھنسا ہوا سلوکا آستینون دار دھاکے کی ململ کا دوپٹہ۔ ہلکا پیازی رنگا ہوا زرد گرنٹ کی توتو کی ہوئی گوٹ۔ پانون مین بلدار بیریان اور بانے پڑے ہوے ہاتھون مین کڑے اور جوڑیان گلے مین چمپاکلی کانون مین انیان۔ ناک مین تلکڑی کی کیل اسپر خوشرنگ فیروزہ جڑا ہوا سیس پھول چوٹی پر لگا ہوا پیاری پیاری آنکھیون مین سیرے کی انگوٹھیان۔

مغلانی۔ حضور کے مزاج مین سادگی بہت ہی۔

مہری۔ حضور عقیق نیمی کی انگوٹھیان دو دو تین تین لین۔

بیگم۔ ادھنہ کیا ضرورت ہی کیا ہی۔

مہری۔ اچھا تو فیروزے ہی کی انگوٹھی پہنیے۔

بیگم۔ نہین بس اب کچھ ضرورت نہین ہی۔

مغلانی۔ اے بیگم صاحب گلے مین تلکڑی کا طوق پہن لیجیے جڑاؤ۔

پیش خدمت۔ اچھا تو جگنو تو پہنیے۔

مغلانی۔ کانون مین خالی خولی انیان ہین حضور جھمکے تو ہم ضرور پہنائینگے۔

بیگم۔ (مسکراکر) اچھا خیر لاؤ۔

مغلانی نے جھمکے پہنائے اور ساتھ ہی اُسکے پتے بالیان بھی پہنا دین۔

بیگم۔ اے لو اور سنو۔

مغلانی۔ حضور اللہ کا دیا سب کچھ ہی اور یہی پہننے کے دن ہین۔

بیگم۔ دیکھو ایسا نہو وہان بگڑ ہو جائے اور ہمکو جگہ نہ ملے۔

مہری۔ پالکی نکلواؤ۔

داروغہ۔ این! ابھی سے نکلوا کے کیا کروگی۔ تم تو اودھی ہلڑ مچائے دیتی ہو لاؤ۔

مہری۔ لاؤ کیا کرے۔ بیگم صاحب کا حکم ہی۔

داروغہ۔ (ڈیوڑھی پر آکر) حضور ابھی تو سر شام ہی آٹھ بجے کے بعد تماشا شروع ہوتا ہی۔

بیگم۔ اچھا خیر۔

داروغہ۔ اور فرش پر تشریف لیچلیے گا۔

بیگم۔ اچھا تو پھر بھی نہ نکلواؤ۔

سات بجے کے وقت فرش دروازے پر آئی بارہ کہار۔ بانی وردیان رانٹے۔ گول پگڑیان انپر چاندی کی مچھلیان وردی پر زردوزی کام کیا ہوا۔ ہاتھون مین چاندی کے موٹے کڑے۔ فرش کے اندر سبز مخملی گچھے اور سبز ہی مخمل کے تکیے۔ چین کی طلس کی چھت گیری گرنٹ کی محراب مقیش کے پھندنے لٹکے ہوے۔ زربفت کا چھکا۔ اردگرد سبز فیتہ ٹکا ہوا۔ بیگم صاحب جھم جھم کرتی ہوئی اتریں۔ دو مغلانیان آگے ہوئین ایک داہنی ایک بائین۔ محلدار نے کہا فرش دروازے کے برابر لگاؤ۔ چپراسی نے چلاکر کہا جلد فرش لاؤ۔ حضور برآمد ہوتی ہین کہار دن نے دن سے فرش اٹھائی اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کہکر دروازے کے پاس لگائی مغلانی نے مقابہ فرش مین رکھا اور ایکطرف مسند و تکیہ لگا دیا مسند و تکیے پر زربفت کا غلاف اور مقابے پر گرنٹ کا غلاف دست پاک مسند و تکیے پر رکھا ہوا۔ بیگم صاحب تشریف لاکر موتیے کے عطر مین بسی ہوئی تھین۔

بیگم۔ مغلانیان پیش خدمتین جلد سوار ہون۔

مغلانی - بہت خوب حضور۔

بیگم - پردہ ہو جائے۔

چپراسی - حضور پردہ ہو گیا۔

بیگم صاحب قنس مین بصد ناز و ادا بائی بیٹھین مغلانیون نے چھنکا چھوڑا اور ریشمی ڈوریون سے کس دیا دو مہریان قنس کے ادھر اُدھر آگے لیے ہوے دائین بائین سا تھ بیٹھین اور دو مہریان قنس کا کونا دبائے تھین - دو مشعلچی بھی دستی کُپی لیے ہوے آگے آگے جاتے تھے مشعلچیون کے آگے دو چوبدار اور چار خاص بردار چوبلے پر مغلانی اور پیش خدمت سوار - سواری اس ٹھسّے سے چلی اندرے ٹھاٹھ راہ مین فقیر دوڑے اور سوال کرنے لگے -

چنا سائین - خدا بیگم صاحب کو زندہ رکھے - مراتب اعلیٰ ہون دے ڈالیے چنا سائین کو ایک روپیہ پرانا دعا گو ہی -

ضعیفہ - اللہ میری بیگم صاحب کو صد برس سال کی عمر عطا کرے یہ بڑھیا سردی کھاتی ہی -

فقیر - حضور یہ محتاج بیکس کئی دن کا بھوکا پیاسا ہی نظر رحم کیجیے -

فقیر دن کو انعام ملتا جاتا تھا -

الغرض تماشا گاہ کے دروازے پر سواری پہونچی جیسے ہی قنس اندر جانیلگی صاحب نے کہا (ٹکٹ) مہری نے بیگم صاحب کا ٹکٹ دکھایا اور اپنے ٹکٹ دکھائے قنس دن سے اندر گئی گرد یسے ہی صاحب نے کہا روک لو - کہا رونکا ٹکٹ فوراً دیکھا گیا خاص بردارونکے پاس ٹکٹ موجود تھے -

مہری - پہلے تو پانچ ہی ٹکٹ منگوائے تھے -

لاڈو - واہ - صبح ہی کو تو داروغہ صاحب دلوائے گئے تھے کہ سب کے واسطے ٹکٹ لاؤ -

پیش خدمت اور مغلانی کا چوبلا بھی قنس کے برابر بائین پر لگایا گیا -

بیگم - ای مغلانی -

مغلانی - حضور ارشاد -

بیگم - تماشا کیا طلسمات ہی - یہ خیمہ کیونکر کھڑا ہوا ہوگا -

مغلانی - بیگم صاحب عقل کام نہین کرتی -

بیگم - اور نہ سمع ہی نہ جھاڑ نہ فانوس - بیچ مین ایک موا گیند یہ اتنی روشنی کہان سے آئی -

مغلانی - حضور سب جادو کا کھیل ہی -

لاڈو - بڑے جادوگر ہین -

بیگم - دیکھو یہ فرنگنین کس طرح ڈٹی بیٹھی ہوئی ہین -

لاڈو - حضور انکے یہان پردہ کہان ہی -

بیگم - یہ لال لال دردی پہنے ہوے کون ہندوستانی بیٹھے ہین -

مہری - حضور یہ باجا بجانیوالے -

بیگم - ای کیا باجا بھی بجیگا - ای تو وہ ہندوستانی رئیس آنے لگے یہ مرزا سکندر شکوہ ہین - وہ نواب ہمایون سلطنت آئے - اُف جان مین جان آئی - ہم تو سمجھے تھے یہان صاحب لوگ اور گورے ہی ہین ہمارے ہمارے شہر کے رئیس بھی آنے لگے -

مغلانی - حضور سب آئے ہین مرزا جعفر بیگ وہ بیٹھے ہین اور یہ دیکھیے اس کونے پر چھوٹے صاحب ہین - ہندوستانی اور فرنگی سب ہی آئے ہین - جلسہ دیکھنے کے لائق ہی ای یہ روشنی کس چیز کی ہی ہماری سمجھ مین نہین آتا

یہ ہر کیا بھید اور سارے مجمے مین اُجالا ہو گیا۔

مہری۔ سب جادو کا زور ہی۔

مغلانی۔ ہان ہی تو ایسا ہی۔

بیگم۔ اور وہ شیرا در بندر اور بن مانس کہان ہین۔

مغلانی۔ اللہ جانے کہان ہین۔

مہری۔ ابھی تماشا تو شروع ہی نہین ہوا۔

بیگم۔ یا اللہ کب تک تماشہ شروع ہوگا۔ بی مغلانی یہ انگریز کا لونڈا کیون سامنے کھڑا ہی۔ کالے کالے کپڑے پہن کے۔

مغلانی۔ خدا جانے حضور۔

بیگم۔ اس سے کہدو کہ سامنے سے ہٹ جائے۔ آڑ ہوتی ہی۔

اتنے مین داروغہ صاحب نے چق کے قریب آکر کہا آداب بجالاتا ہون۔

بیگم۔ اس وحشت کے صدقے آداب عرض کرنے کا کون موقع تھا کہو اب تماشا کب تک شروع ہوگا بڑی دیر ہوگئی چلو بھی۔

داروغہ۔ تماشا شروع ہوا ہی چاہتا ہی۔

بیگم۔ مین تو اُکتا گئی۔

داروغہ۔ بس شروع ہوا ہی چاہتا ہی۔

بیگم۔ ادھی جب سے یہی کہہ رہے ہین کہ شروع ہوا ہی چاہتا ہی۔ اچھا فرش منگواؤ۔ ہم اب جائینگے مجھے بیٹھے اُکتا گئے۔

داروغہ۔ ناحضور۔ اب کوئی دم مین شروع ہوا داخل ہی۔

بیگم۔ ایسے تماشے سے ہم درگذرے۔

داروغہ۔ اچھا دس منٹ اور بیٹھیے۔

مغلانی سہان ہان بیٹھینگی کیون نہین۔

داروغہ۔ وہ لیجیے تیاریان ہونے لگین۔

تماشا تو ابھی شروع نہین ہوا جب شروع ہوگا تو اسکا بیان ناظرین کیا جائیگا بالفعل لگے ہاتھون ایک خدمتگار کی حاضر جوابی کا حال سنیے۔ مگر ذرا غور سے۔

خواجہ اور بندہ۔ آقا اور نوکر تو بہت دیکھے لیکن میان سلارد کے سے شریر اور زبان دراز کم کسی بات مین چوکتا ہی نہ تھا۔ میان نے کچھ کہا اور سلارد نے بات کاٹ دی۔ آقا نے ایک بات کہی اور سلارد نے ٹیٹو الیا گالیان دینا بُرا بھلا کہنا بات بات مین آقا نہانا ان کے بائین ہاتھ کا کرتب تھا اور میان بھی ایسے گو کھے ملے کہ خدا کی پناہ۔ ؎

خواجہ با بندہ پری رخسار	چون درآید بہ بازی دخندہ
چہ عجب گر چو خواجہ حکم کند	دین کشد بار ناز چون بندہ

یہ البتہ سُنا کرتے تھے مگر اب سنا کہ میان سلارد سانھ برس کا مکوسٹ اور آقا کو بات بات مین ڈپٹ دیتے اب سنیے کہ میان سلارد آدمی تھے چالاک اور شریر آقا نے ہیوتوف اور گو کھے۔ بس ان کی چاندی تھی پانچون گھی مین اور سر کڑھائی مین ادھر اُدھر سے تقدے دالون کو پھانس پھونس کے لے آتے تھے اور انھین کی بدولت رونیو ایجنٹ صاحب کی رویٹان چلتی تھین لہذا خواہ مخواہ دبتے تھے۔

ایک روز رونیو ایجنٹ نے دروازے پر باہر سے لاٹ ماری اور کہا کھولدو دروازے - جب تک سلارو جائے جائے اُنھون نے آسمان سر پر اُٹھایا اور اسقدر غل مچایا کہ الامان -

آقا - کھول - جلدی کھول - جلدی کھول -

سلارو - تو گڑبڑائے کیون جاتے ہو -

آقا - کھولتا ہی یا باتین بناتا ہی -

سلارو - معلوم ہوتا ہی آج بارہ تیرہ گنڈے پیسے کہین سے مل گئے ہین -

آقا - کھول -

سلارو - (دروازہ کھول کر) لو کھولا -

آقا - اتنی دیر لگاتا ہی -

سلارو - کیا ماجرا کیا ہی - گھبرائے ہوے کیون ہو -

آقا - ہم گھبرائے ہوے ہین کیون صاحب -

سلارو - اجی گھبرائے نہین بوکھلائے سہی -

راوی - سبحان اللہ اچھی تعریف کی -

آقا - سلارو تماشا دیکھنے چلو گے ؟ -

سلارو - کیسا تماشہ -

آقا - کیسا تماشا ہوتا ہی -

سلارو - بندر والے کا تماشہ ریچھ کا تماشا پتلیون کا تماشہ نٹ کا تماشہ - بھان متی کا تماشہ ناچ ھلاڑی دھنک دھنّا - ہی کہ نہین -

آقا - ارے نادان صاحب کا تماشہ -

سلارو - ہمنے آجتک نام بھی نہین سنا -

آقا - ایک روپیہ ٹکٹ ہی -

سلارو - اجی ہم روز آپکا تماشہ دیکھتے ہین اور بن کوڑی بن دام جب تماشہ دیکھنا ہوا ایک بات چھیڑدی آپ پر کوئی پھبتی کہدی - کوئی فقرہ چست کیا - کوئی آوازہ کسا آپ جھلائے چلے تماشہ ہوگیا -

آقا - کیون پٹوگے -

سلارو - آپ بھی اتنے ہوے -

آقا - تماشا قابل دید ہی -

سلارو - بھلا ان تماشے والون کو کچھ مل رہیگا -

آقا - محوب پیدا کرتے ہین -

سلارو - تو پھر ہم آپکو بندر بنا کے ادھر اُدھر لیچلا کرین دکالت مین تو آپ کو ٹکا نہ ملیگا پورے وکیل آپ ہین نہین ایجنٹی مین آپکو کوئی پوچھتا نہین ہم تو جانتے ہین اور کچھ نہ کیجیے دو بندریان لیجیے اور ایک بکرا - ہم اور آپ شہر بھر مین چکر لگایا کرین - کھانے بھر کو مل ہی جائیگا -

آقا - بھئی کوئی پیشہ بتاؤ -

سلارو - ایک کام کیجیے - دو تین ٹٹیان نوکر رکھ لیجیے - سارنگی آپ کے ہاتھ مین ہو - اور آگے آگے وہ چھم چھم کرتی جاتی ہون بگڑے دل آوازے کسین آپ ہنسین چھ گنڈے پانچ گنڈے روز پیٹ لیا کیجیے اور دل لگی کی دل لگی -

آقا - روپیہ پیدا کرنے کی کوئی تدبیر سوچو -

سلارو - کیا بتائین آپ تو کچھ سمجھتے ہی نہین -

سلارو نے کہا اب بتاؤ کہان تماشہ ہی -

آقا - بھئی انگریز آئے ہین اُنکے ساتھ چالیس گھوڑے ہین ایک سے ایک بڑھا ہوا پری کی صورت پیش و پس بھاری

ننھو ننھی چھوٹی پیشانی چوڑی عضو عضو سانچے کا ڈھلا ہوا اور تین شیر ہیں اُنسے ایک آدمی جا کے لڑتا ہے۔

سلارو۔ چلو بس گپ نہ اُڑاؤ۔ سوائے ڈینگ کے دوسری بات ہی نہیں جب دیکھو گپ ہی اُڑاتا ہے ڈینگیا زمانے بھر کا۔

آقا۔ (دھول لگا کر) یہ کیا تقریر تھی۔ کیوں جی یہ کیا گفتگو تھی (اور جھاڑ کر) ہائیں! بدتمیز۔ پھر کیگا۔

سلارو۔ قصور ہوا مگر دھوکے دھوکے میں پھنس گیا۔ سمجھا تھا کچھ اور ہوئی کچھ اور۔

آقا۔ سمجھا کیا تھا آخر یہ تو سمجھا کیا تھا۔

سلارو۔ اسوقت کچھ خیال نہ رہا۔ یہ تو یاد نہ آیا کہ ہمارے آقا سے اور ہمسے گفتگو ہوتی ہے۔ سمجھا کہ مدی لکڑہارے کا لونڈا باتیں کر رہا ہے۔

آقا۔ تو غلطی کی نہ۔ پھر غلطی کا خمیازہ کھینچو۔

سلارو۔ پھر جو تک بھی تو نہیں کیا۔ چپ چاپ پٹا کیا خاموش ہو رہا۔

آقا۔ شاباش مگر کڑی بات ہم نہیں سہ سکتے چاہے کہ کے دیکھ لو۔ ادھر کسی نے کڑی بات کہی اور اُدھر ہم پیٹ چلے اسمیں ہاتھ کا کیا ہو۔

سلارو۔ ہاں میاں ہاں یہی بات ہے۔

آقا۔ بس اب تو یہ کرو کہ آج سے نہ کہنگے۔

سلارو۔ کان پکڑکے توبہ کی۔ آج سے نہیں تو جو جو کی [illegible] وہ ہماری۔

آقا۔ بس اب ہم تم سے خوش ہوئے

سلارو۔ ہونہہ ہمسے خوش نہ تو بھیک بھی مانگنے لگو۔

آقا۔ پھر وہی بات۔

سلارو۔ کیا کچھ جھوٹ ہے۔

آقا۔ تو ہم تیری بدولت جیتے ہیں۔ کیوں بے۔

سلارو۔ موقوف کر کے دیکھ لو۔ دوسرے ہی دن چوری کرا دوں اول تو آپکے پتے کیا ہے مگر مورا اسنیم طوفان۔ آقا اور رضائی اور دو جوڑے کپڑے اور دست پناہ اور آبخورہ اور کٹورہ اور تپیلی اور اگالدان اور بچھونا یہی اگر کوئی سمیٹ لیجائے تو رو دو۔ ہونہہ۔ ہم سے سیانا سو دونا۔

آقا کو جو غصہ آیا تو لکڑی لے کر دوڑے اور سلارو نے کوٹھری کا دروازہ بند کر لیا۔

آقا۔ (دروازے پر لات مار کر) او نابکارا اپنے باپ کی قسم کھا۔

سلارو۔ میرا باپ ہی مرجائے جو جھوٹ کہتا ہوں۔

آقا۔ تیرا باپ کہاں ہے۔

سلارو۔ یہاں سے بڑی دور ہے۔

آقا۔ آخر کچھ نام بھی ہے اُس مقام کا کہ نہیں۔

سلارو۔ خدا گنج۔

آقا۔ تو پھر اُسکے مرنے کی قسم کیسی اپنے لڑکے کی قسم کھا

سلارو۔ واہ اپنے لڑکے کا تو نمک کھاتا ہوں۔

آقا۔ [illegible] کا نمک کھاتا ہے یہ تو نے کہا کیا۔

سلارو۔ [illegible] کا نمک کھاتا ہوں نہ پھر جب حضور میرے [illegible] ہوئے یا نہیں ہوئے۔

[illegible] بس اب [illegible] نہ مارو۔

سلارو۔ بہت بہتر۔

آقا۔ سنو ہم ایک شرط سے دروازہ نہ کھلوائیں کہ اس شعر کے معنے بتا دو۔

سلارو - تو مین کچھ پڑھا لکھا ہون بھلا -
آقا - شعر کے معنی بتا دو تو لوگ ہماری تعریف کرین کہ نوکر تک پڑھے لکھے ہین -
سلارو - اچھا فرمائیے -
آقا رمت گدھے - ابے فرمائیے کہا کر - فرمائو نہین کہتے -
سلارو - بہت خوب - اب وہ شعر تو فرمائیے -
آقا - ہان یہ صحیح ہی - سن ؎

چھپا چھپا کر کبھی جو پی لی تو اس سے کیا فائدہ ہی قاضی
نہ میکدے مین جگہ ملیگی نہ میکشون مین شمار ہوگا

سلارو - اسکے معنی یہ کہ مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہی
آقا - اچھا اور آگے -
سلارو - اجی کوئی چھوٹا سا شعر پڑھو - یہ تو شیطان کی آنت ہی -
آقا - اچھا سنو - ؎

ہو گیا دل بھی نہین کمبخت ہمارا نہ ہوا | یہ بھی کمبخت ہمارا نہ ہوا

سلارو - ہمارا دل بھی ہمارا یار نہوا -
آقا - (مسکرا کر) بڑا مسخرہ ہی - ہر بات مین مسخرہ پن -
سلارو - آپ تو مین ناحق کانٹون مین گھسیٹتے ہین - بڑے حضور ہین یا مین ہون -
آقا - ہان اچھی کہی - انعام کے قابل کہی - مگر اسوقت کچھ ہی نہین -
سلارو - ہونہہ اسوقت کیا معنی - اور ہوتا کسوقت ہی -
آقا - ہمارے پاس دولت نہین ہی - مگر ایک بہت بڑی دولت ہی وہ کیا ؟ -
سلارو - اجی ہم جانتے ہین ہمسے کچھ چھپا نہین ہی -
آقا - واہ - اچھا کیا ہی - بتاؤ تو -
سلارو - وہ دولت میان سلاربخش ہین -
آقا - دُت پاگل ہماری دولت استغنا ہی -
سلارو - واہ جب ملے اور نہ تو تب البتہ کہین کہ پرواہی نہین اور جو ملے ہی نہین تو کیا عصمت بی بی از بے چادری -
آقا - اگر چاہون تو خدا کی قسم دس ہزار روپیہ دو دن مین جمع کر لون -
سلارو - مگر دس برس کو بھیجے بھی جاؤ کاہے پانی (دروازہ بکھو لکر)
آقا - اِس سے کیا مطلب -
سلارو - دس ہزار آپ دو دن مین کیونکر جمع کر سکتے ہین - سوائے اِسکے کہ چوری کیجیے یا دغابازی -
آقا - چوٹے کوئی اور ہوتے ہونگے -
سلارو - صورت تو ایسی ہی ہوتی ہی -
آقا - (لکڑی تان کر) کسکی -
سلارو - ہماری اور چور کی - اور کسکی -
آقا - ہان یہ مانا -
سلارو - (پیچھے ہٹ کر) تو مین نے فقط اپنی ہی صورت کا ذکر تھوڑا ہی کیا تھا - مین نے تو آپ کو بھی شامل کر لیا تھا جی حضرت -
آقا - مسخرے ہو پورے -
سلارو - حضور سے کم ہی کم -
آقا - ارے یار شبّو کا پتا لگاؤ -
راوی - یار کی ایک ہی کہی - نوکر سے اب یار بچے ہوے -
آقا - اگر کوشش کرو تو پتا لگا ہی چھوڑو - تم بڑے چالاک اور فقرہ باز آدمی ہو - مگر غریب کوشش کرو نہ -

مصیبت تو یہی ہے کہ تم کوشش نہیں کرتے ورنہ تباضرور لگ جائے۔ ؎

ہر چیز کہ دل بداں گرایدہ	اگر جہد کنی بدست آید

یعنی اگر دل مائل ہو کہ فلاں چیز ملے تو کوشش سے وہ ہاتھ آسکتی ہے۔

سلارو۔ تو آپ کوشش کرکے کہیں سے عقل تو لے لیجیے۔

آقا۔ ہمکو عقل کی ضرورت ہی کیا ہے۔

سلارو۔ (مسکراکر) ہاں گدھے پن کی سلامتی سے عقل کیا کیجیے گا جیسے تو نہ ہوگے جو بات کہتے ہو ہونڈی بے تکی واہیات یوں کہنا تھا کہ ہم کو تو عقل کا ہیضہ ہوا ہے کیوں کتنا بڑھ کے فقرہ ہوتا۔

آقا۔ چلو اب تماشے کا ذکر کرو۔

سلارو۔ کہ چلیے۔ میں سُنتا ہوں۔

آقا۔ درجۂ اول کے چار روپے ہیں۔

سلارو۔ اُف۔ الٰہی توبہ۔

آقا۔ درجۂ دوم کے دو روپے۔

سلارو۔ الٰہی توبہ۔

آقا۔ درجۂ سوم کا فقط ایک چہرہ شاہی ہے۔

سلارو۔ مور را شبنم طوفان۔ یہ بھی بہت ہے۔

آقا۔ ہم تو ایک روز ضرور جائینگے۔

سلارو۔ ایک دن دکھا لائینگے۔

آقا۔ شرارت سے نہیں چوکتے تم۔ کیوں؟

سلارو۔ پیٹھ پیچھے کہیں تو چور بدمعاش۔ چغلخور۔ ہم تو منہ کے سامنے کہتے ہیں صاف صاف بے لگاؤ۔

آقا۔ شاباش بڑے کہنے والے ہو۔ ع

عمرت دراز باد کہ این ہم غنیمت ست	

سلارو۔ فارسی ہم نہیں پڑھے ہیں۔ گلستان پڑھی تھی وہ بھی بھول گئے۔

آقا۔ پھر بڑی تمھاری عقل پر۔ بڑے کم فہم ہو۔

سلارو۔ بیش باد۔ ہم خوش ہمارا خدا خوش۔

آقا۔ کل سے ایک گھنٹے پڑھا کرو۔ ہم پڑھایا کرینگے۔

سلارو۔ واہ کچھ پڑھ کے آپ نے بنا لیا کچھ ہم بنا لینگے اجی بس جاؤ بھی پڑھیں فارسی اور بیچیں تیل۔ یہ دیکھو قسمت کے کھیل۔

آقا۔ تو ہم تیل بیچتے ہیں۔ کیوں بے۔

سلارو۔ آپ پڑھے لکھے ہوکر بے بے کرتے ہیں۔ کیوں صاحب

آقا۔ (مسکراکر) تم پرلے سرے کے بدمعاش ہو۔

سلارو۔ خیر ہی سہی۔ جو کہیے بجا ہے۔

آقا۔ کل سے گلستان پڑھا کرو۔

سلارو۔ اور آیتوں کے معنی کون بتائیگا۔

آقا۔ ہم۔ ؎

بلغ العلےٰ بکمالہ	کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ	صلوا علیہ وآلہ

سلارو۔ ہاں عربی بھی پڑھے ہو۔ واہ وکیل صاحب۔

آقا۔ اجی ہمیں کیا نہیں آتا۔

سلارو۔ مگر قسمت پھوٹی ہوئی ہے۔

آقا۔ قسمت تمھاری خود پھوٹی ہے۔ بدمعاش کوستا ہے۔

اس پر آقا بہت جھلائے اور سلارو دوڑ کے بھاگ گئے۔

خاتمۃ الطبع سابق مع تاریخ طبع بطریق تقریظ از حقیر ناچیز اضعف البنیان ابو ناظم محمد حامد علی حامد شاہ آبادی مصحح مطبع عفا عنہ الہادی تلمیذ امیر مینائی

حمد اور نعت سرور منقبت آل اطہر مدحت اصحاب اکبر کے بعد ہیچمیرز ہیچمدان سراپا عصیان احقر العباد ابو ناظم المدعو بمحمد حامد علی حامد خلف حافظ غلام علیخان متوطن شاہ آباد ضلع ہردوئی غفر ذنوبہ و ستر عیوبہ خدمتی مطبع ارباب خبرت و اصحاب فطنت و ذکا و طالبان اسمار و شایقان اسرار قصص کی خدمات عالی درجات مین بنوید جدید جانفزا و مژدۂ تازہ فرحت افزا ملتمس ہی کہ فی زمانہ بوجہ کسادبازاری علوم متدارسہ و متداولہ معائنہ کتب عربی و فارسی سے عموماً بلکہ خصوصاً لوگون کو مجبوری و دوری ہوگئی ہی علی الخصوص اذہان عوام اور نیز انکے افہام مفہومات اعلیٰ کتب مذکورۂ بالا کے مفہوم سے مزیح قاصر و متعذر ہین بنا علیہ سخنوران عالی وقار اور نکتہ سنجان دالا تبار نے محض بغرض رعایت عام بہ نحوے کہ کلموا الناس علی قدر عقولہم بزبان اردوے معلی قدیم مین بعبارت سلیس و بیضا مین نفیس نہایت لطیف اور بغایت الطف عجائب عجائب قصے اور غرائب غرائب داستانین تحریر فرمائین اکثر کتب قصص بکمال دلچسپی و دقتاً فوقتاً شعراے دہلی و فصحاے لکھنو نے تالیف و تصنیف کین جنکے ملاحظہ و معائنہ کا عموماً یوماً فیوماً شوق زیادہ ہوا ہر شخص دل و جان سے انکے دیکھنے سننے پر آمادہ ہوا گو متقدمین و سلف نے کوئی دقیقہ اس فن کی فروگذاشت نہین فرمائے ایسے ایسے صنائع بدائع انکی تصانیف و تالیف کے اندر دیکھنے مین آئے کہ سبحان اللہ سو وجہ سے وہ حضرات بابرکات نقاش اول ہین ہر طرح افضل ہین مگر غور سے جو دیکھا تو بمصداق ع یہ بحر سخن ہمدا ہی باقی ہی کسی کمال کسی فن کسی ہنر کا کسی پر خاتمہ نہین ہوا متاخرین باشرف نے بھی وہ داستانین نظم فرمائین کہ مثل انکے دیکھنے مین نہ آئین بلکہ اکثر تو ایسی دلچسپ و انتخاب ہین کہ عدیم النظیر و لاجواب ہین چنانچہ ہمارے محب قلبی دوست دلی فارس مضمار سخندانی یگانۂ عرصۂ خوش بیانی موجد جادۂ طرازی سرمایۂ خوش کلامی علامۂ فہامی سخنور نامی گرامی فخر شعراے نامی حال استاد عدیم المثال جناب پنڈت رتن ناتھ صاحب سرشار در کاکشمیری لکھنوی سلمہ اللہ الغفار نے فسانہ آزاد کو چار جلدین تصنیف فرمایا کیسی کیسی داد سخنوری دی ہی کیا کیا شاعری کی ہی ممدوح کا یہ وہ ناول ہی جو سب ناولون مین درجۂ اول اور سب سے افضل ہی شوخی مضامین رنگین عبارت جسنے مطالب درستی بنا دش مین بے نظیر ہی مدحت سرائی اسکی خارج از تحریر و تقریر ہی جس جگہ جو زبان ہی ویسی ہی اسکی بول چال ہی اسی طرح کی قیل و قال ہی۔ واللہ بہت بڑا کمال کیا ہی کہ مضامین تہذیب و اخلاق کو ناول کے پیرایہ مین بیان فرمایا ہی یہ آپ ہی کی ایجاد ہی یہ بات خداداد ہی۔ موصوف کی جو تصنیف ہی وہ بفضل خدا ایسی ہی کمالون سے بھری ہی آپ پر اس کمال کا خاتمہ ہی گویا یہ فن آپ ہی کا ایجاد کیا ہوا ہی آپ بہت بڑے شاعر ہین اور کل علوم و فنون سے ماہر زبان اردو کو بھی آپ نے ایسا صاف کیا ہی کہ یہ بھی آپ ہی کا حصہ ہی اکثر ناول آپکے تصنیف فرمودہ اس مطبع عالم مرجع مین چھپے ہین ہزارہا جلد فروخت ہو رہی ہین یہ فسانہ آزاد کی جلد دوسری ہی پہلی اور تیسری اور چوتھی جلد بھی اسی مطبع مین چھپی ہی یہ فسانہ کامل چار جلدون مین علیحدہ علیحدہ

بارہا اس مطبع میں چھپکر نذر شائقین ہو چکا ہے اس فسانۂ لاجواب کی تعریف جو کچھ لکھیے مختصر ہے خوبی اسکی دیکھنے پر رائے منحصر ہے یہ فسانہ مشہور آفاق ہے کل جلد مدلل مذہب کا مصداق ہے المختصر یہ جلد دوم فسانۂ آزاد کی جو اس سے پہلے چند بار مطبع ہذا میں طبع ہو چکی ہے اور اب پھر بحسب مرار شائقین طالبین اس مطبع فیض نفع مشہور نزدیک و دور مطبع منشی نولکشور جس کا آقائے نامدار بیشتر از بیشتر نثار شہر مصدار و دیار عالیجناب معلی القاب رائے بہادر منشی پراگ نرائن صاحب دام اقبالہ و اجلالہ مالک مطبع ہذا بماہ ستمبر ۱۹۱۶ء باہتمام تمام عالی طبع و نازک خیال جناب بابو نمود لال صاحب منیجر مطبع ہذا بتصحیح تمام و تنقیح ما الکلام چہار بار بصد حسن و خوبی زیور طبع سے آراستہ و پیراستہ ہو کر نذر ناظرین ہوئی خداوند کریم جبتک چرخ دوار بر سر زمین گردان ہے یہ مطبع اور یہ آقائے ذیشان رہے۔ آمین ثم آمین

قطعات تاریخ طبع سابق

از عذب البیان مولانا محمد حامد علی خان حامد شاہ آبادی مصحح مطبع ہذا

کیون نہ اہل ذوق کو ہون خوبیان اسکی پسند
خوب یہ قصہ کیا سرشار نے نادر بیان

ہے اگر حامد تمہین تاریخ ہجری کا خیال
لکھدو تم ۔ زیبا نکو راحت فزا یہ داستان

از سخنور بیدیل موزخ کامل منشی بھگوان داس صاحب عاقل ایجنٹ مطبع

رقم نمود رتن ناتھ در بصد تزئین
عجیب قصۂ دلچسپ و راحت آگینے

نوشت مصرعۂ تاریخ ہجریش عاقل
ببین فسانۂ آزاد عشرت آئینے

۱۳۲۴ھ

ولہ

بہتر افسانہ لکھا سرشار نے نام خدا
ایک عالم جان و دل سے مشتری اسکا ہوا

گر ہو س عاقل ہے تاریخ مسیحی کی تمہین
لکھو ۔ خوب افسانۂ آزاد کیا عشرت فزا

۱۹۰۶ء

از سخنور ذیوقار منشی مدنموہن لال صاحب سرشار خیر آبادی اعلی محاسب مطبع

بخدا جانفزا یہ افسانہ
لکھا سرشار نے نہایت خوب

سال ہجری کی گر ہو دلمیں ہوس
لکھو سرشار تم ۔ نکو مرغوب

۱۳۲۴ھ

اعلان ۔ حق تصنیف اس فسانۂ آزاد جلد دوم کا حق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہے

نام کتاب	قیمت
فسانہ آزاد۔ کامل ہر چہار جلد مصنفہ پنڈت رتن ناتھ صاحب در لکھنوی یہ تمام ہندوستانی ناولون مین ایک دلچسپ اور مشہور افسانہ ہے۔ اور متفرق جلدین بھی بنا بر فروخت ذیل مین درج ہین۔	عہ/ پ
۱۔ جلد اول	۷/ پ
۲۔ جلد دوم	للہ/ پ
۳۔ جلد سوم	للہ/ پ
۴۔ جلد چہارم	للہ/ پ
سیر کوہسار۔ کامل در دو جلد از پنڈت رتن ناتھ صاحب در لکھنوی اس کتاب مین مضامین نصیحت کو افسانہ کے پیرایہ مین لائق مصنف نے ظاہر فرمایا ہی اور رئیسان خام کار اور انکے رفقاے غدار و مکار کا نمونہ ناظرین کے پیش کش کیا ہی ایکسیس کی بیوقوفیان و مصاحبین کی ابلہ فریبیان نہایت خوبی سے لکھی ہین۔	صہ/ پ
جذبۂ عشق۔ ایک ناول انگریزی کا ترجمہ۔	۸/
جام سرشار۔ باتصویر اس کا پہلے نام فسانۂ جدید تھا مصنفہ پنڈت رتن ناتھ صاحب در لکھنوی شہنا ول ہی	عہ/
فریب حسن۔ ترجمۂ ناول فوسٹ از آنلڈر صاحب	
مترجم جناب خواجہ اکبر حسین صاحب ساکن یاست ہینگن ٹپی	عہ/ پ
ارنسٹ مالٹریورس۔ اسی نام کے انگریزی ناول کا	
عام فہم و سلیس یا محاورہ ترجمہ۔	عہ/ پ
حور عین۔ ایک تاریخی واقعہ۔ غدر ۵۷ء کا	۸/
اختر آسیہ مصنفہ مولوی محمد احسن صاحب نگرامی۔	۵/ پ

نام کتاب	قیمت
ناول روز الیمبرٹ۔ مترجمہ منشی امراؤ مرزا صاحب حیرت دہلوی حصۂ اول۔	عہ/ پ
ایضاً حصۂ دوم	عہ/ پ
خون ناحق۔ مترجمہ منشی خلیل الرحمن صاحب اسمین علاوہ دیگر مفید مطالب ہونیکے سراغ رسانی پولیس قابل ملاحظہ ہے۔	۱۰/ پ
دلستان۔ مترجمہ بابو راجی داس صاحب بھارگو اسکی ہر دلعزیزی دیکھنے پر منحصر ہے۔	عہ پ
شہید جفا۔ عاشقانہ قصہ نہایت درد انگیز	عہ پ
ناول سیتا۔ در دو جلد غدر کے واقعات	۷/ پ
فسانۂ لارنس و روتھ۔ کامل فوجی افسرون کی	
بیباکیون کا نوٹ	عہ/ پ
الف لیلۂ اردو۔ شرر بطرز ناول مصنفہ پنڈت رتن ناتھ صاحب	
اسمین قصص اتون کی ترتیب سے ممتاز درج ہین جلد اول	عہ/ پ
ایضاً جلد دوم	۱۲/ پ
کامنی۔ مصنفہ پنڈت رتن ناتھ۔ موصوف صدر	عہ/ پ
بچھڑی دلھن۔ مصنفہ پنڈت صاحب موصوف	۱۰/ پ
کرم دھرم 〃 〃 〃	۸/ پ
پی کہان 〃 〃 〃	۸/ پ
خوشو۔ مصنفہ پنڈت صاحب موصوف	۶/ پ
طلسم خیالات افسانہ نیگ و چنتا۔	۸/
ناول اسرار کامل۔ نیکر وینسر کا ترجمہ	عہ/
مفید خاص و عام علوم و فنون کے متعلق ایک زبردست بحث۔	۱۲/ پ

نام کتاب	قیمت
سبز باغ - مسلمانوں کی فضول خرچی کے نتائج	۸ر
کرشن کانتا - حصۂ اول -	۱۲ر
" حصۂ دوم "	۴ر
مجموعۂ افسانہ دلپذیر - ترجمۂ کتاب ٹیلس فرام اس قصہ سے بہت نتائج سود مند نکلتے ہیں مولوی احسان اللہ صاحب وکیل عدالت منصفی بالن گاؤں ضلع گورکھپور نے بڑی قابلیت سے ترجمہ کیا ہے لطف یہ کہ ہر ایک قصہ کی لوح و ہندسہ و خاتمہ جداگانہ ہے کاغذ سفید و حنائی -	۱ر
رنگے سیار - مولفہ محمد رضا صاحب یہ کتاب فسانۂ آزاد سے منتخب کیا ہوا ایک نہایت دلچسپ مختصر حصہ ہے - جدید الطبع -	۶ پائی
خوبی قسمت - ایک مصیبت زدہ کی داستان	۱ر
بوالہوس - مروجہ سلف کی عمدگی پر بحث -	۱ر
جوشش خون - ایک بدکار عورت کی بیوفائی کا انجام	۳ر
بادشاہ سلامت - لانگ لیوڈی کنگ کا ترجمہ	۸ر
اسرار ہند - اہل ہند کے گذشتہ حالات -	۱۲ر
گناہ بے لذت - مترجمہ منشی خلیل الرحمن صاحب	۸ر
نئے بگڑے - ایک احمق نوابصاحب کا حال ظریفانہ عبارت	۸ر
اردو شیکسپیر یعنی اردو ترجمہ کنگ لیر مترجمہ لالہ سیتا رام صاحب - بی - اے - مجلد	۱۲ر پ

نام کتاب
ویلس کی ایک شہزادی - یہ ناول بھی بڑا دلچسپ ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے تصنیف کے وقت ہندوستانی مذاق کا خیال رکھا تھا -
لعبت فرنگ - مسمی بہ افسانۂ نادر التحقیقات اس فسانۂ ہر دل عزیز کو کتاب ورنر اسٹیجو باذر جہ کس سے منشی عدیم النظیر خوش تقریر بابو شیام نرائن صاحب نے ترجمہ فرمایا عجب دلچسپ قصہ اور عبارت ہے اگر اسکے عنوان کو بھی کوئی صاحب ملاحظہ فرمالیں تو پھر کیا ممکن ہے بغیر تمام کیے کتاب دل کو چین پڑے -
قصۂ حاجی بابا اصفہانی - مترجمہ کتاب ایڈونچرز آف دی حاجی بابا آف اصفہان مصنفہ کپتان موریر صاحب مشہور سیاح ممالک ایران مترجمہ منشی مولانا مرزا حیرت دہلوی
ناول رقیب - انگریزی ناول کا ترجمہ
جنگ ہفت روزہ - مصنفہ [illegible] سیہ ولایت حسین صاحب
اکبر و جودھا بائی - دلکش تواریخی ناول
آسمان کے عجائبات
اسرار حسن - بیحد دلچسپ و دلکش
پدماوت - مشہور قصہ ہے -
انجمن آرا - قابل دید ہے